لغات القرآن

فہرست الفاظ

مولانا محمد عبدالرشید نعمانی

دارالاشاعت
اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان فون: 32631861

Presented by Ziaraat.Com

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ

مکمل

لغات القرآن

مع فہرستِ الفاظ

جلد پنجم - غ تا م

تالیف

مولانا سید عبید الدائم الجلالی

دار الاشاعت

اردو بازار، ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 2213768

Presented by Ziaraat.Com

جملہ حقوق ملکیت بحق دارالاشاعت کراچی محفوظ ہیں

کاپی رائٹس رجسٹریشن نمبر

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی

طباعت : اپریل ۲۰۰۷ء علمی گرافکس

قارئین سے گزارش

اپنی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمدللہ اس بات کی نگرانی کے لئے ادارہ میں مستقل ایک عالم موجود رہتے ہیں۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاک اللہ

www.ziaraat.com
Waleed-e-Sarim

ملنے کے پتے

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی

بیت القرآن اردو بازار کراچی

بیت القلم مقابل اشرف المدارس گلشن اقبال بلاک ۲ کراچی

بیت الکتب بالمقابل اشرف المدارس گلشن اقبال کراچی

مکتبہ اسلامیہ امین پور بازار۔ فیصل آباد

مکتبۃ المعارف محلہ جنگی۔ پشاور

ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور

بیت العلوم 20 نابھہ روڈ لاہور

مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور

یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار پشاور

مکتبہ اسلامیہ گامی اڈا۔ ایبٹ آباد

کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی

انگلینڈ میں ملنے کے پتے

ISLAMIC BOOKS CENTRE
119-121, HALLI WELL ROAD
BOLTON BL 3NE, U.K.

AZHAR ACADEMY LTD.
54-68 LITTLE ILFORD LANE
MANOR PARK, LONDON E12 5QA

امریکہ میں ملنے کے پتے

DARUL-ULOOM AL-MADANIA
182 SOBIESKI STREET,
BUFFALO, NY 14212, U.S.A.

Presented by Ziaraat.Com

فہرست

نمبر شمار		صفحہ
۱	**باب الغین**	۶
۲	فصل الالف	۶
۳	فصل الباء الموحدہ	۱۱
۴	فصل الثاء المثلثہ	۱۱
۵	فصل الدال المہملہ	۱۱
۶	فصل الراء المہملہ	۱۱
۷	فصل الزاء المعجمہ	۱۵
۸	فصل السین المہملہ	۱۵
۹	فصل الشین المعجمہ	۱۶
۱۰	فصل الصاد المہملہ	۱۶
۱۱	فصل الضاد المعجمہ	۱۶
۱۲	فصل الطاء المہملہ	۱۷
۱۳	فصل الغاء	۱۷
۱۴	فصل اللام	۱۸
۱۵	فصل المیم	۲۱
۱۶	فصل النون	۲۲
۱۷	فصل الواو	۲۲
۱۸	فصل الیاء المثناۃ	۲۴
۱۹	**باب الفاء**	۲۸
۲۰	فصل الالف	۳۱
۲۱	فصل التاء المثناۃ	۳۶
۲۲	فصل الجیم المعجمہ	۳۹
۲۳	فصل الحاء المعجمہ	۴۰
۲۴	فصل الراء المہملہ	۴۱
۲۵	فصل الزاء المعجمہ	۴۶
۲۶	فصل السین المہملہ	۴۶
۲۷	فصل الشین المعجمہ	۴۷
۲۸	فصل الصاد المہملہ	۴۷
۲۹	فصل الضاد المعجمہ	۴۹
۳۰	فصل الطاء المہملہ	۵۱
۳۱	فصل الظاء المعجمہ	۵۱
۳۲	فصل العین المہملہ	۵۱
۳۳	فصل القاف	۵۳
۳۴	فصل الکاف	۵۴

Presented by Ziaraat.Com

۳۵	فصل اللام	۵۴
۳۶	فصل الواو	۵۵
۳۷	فصل الہا	۵۸
۳۸	فصل الیاء المثناۃ	۵۸
۳۹	**باب القاف**	۵۹
۴۰	فصل الالف	۶۰
۴۱	فصل الباء الموحدہ	۷۱
۴۲	فصل الثاء المثناۃ	۷۶
۴۳	فصل الثاء المثلثہ	۷۹
۴۴	فصل الدال المہملہ	۸۱
۴۵	فصل الذال المہملہ	۸۶
۴۶	فصل الراء المہملہ	۸۶
۴۷	فصل السین المہملہ	۹۷
۴۸	فصل الصاد المہملہ	۹۹
۴۹	فصل الضاد المعجمہ	۱۰۰
۵۰	فصل الطاء المہملہ	۱۰۱
۵۱	فصل العین المہملہ	۱۰۲
۵۲	فصل الغین	۱۰۴
۵۳	فصل اللام	۱۰۵
۵۴	فصل المیم	۱۰۹
۵۵	فصل النون	۱۱۱
۵۶	فصل الواو	۱۱۲
۵۷	فصل الہاء المہملہ	۱۲۰
۵۸	فصل الیاء المثناۃ	۱۲۰
۵۹	**باب الکاف**	۱۲۲
۶۰	فصل الالف	۱۲۳
۶۱	فصل الباء الموحدہ	۱۳۷
۶۲	فصل الثاء المثناۃ	۱۴۰
۶۳	فصل الثاء المثلثہ	۱۴۳
۶۴	فصل الدال المہملہ	۱۴۴
۶۵	فصل الذال المعجمہ	۱۴۴
۶۶	فصل الراء المہملہ	۱۴۷
۶۷	فصل السین المہملہ	۱۴۹
۶۸	فصل الشین المعجمہ	۱۵۱
۶۹	فصل الظاء المعجمہ	۱۵۱
۷۰	فصل العین المہملہ	۱۵۱
۷۱	فصل الفا	۱۵۴
۷۲	فصل اللام	۱۶۰
۷۳	فصل المیم	۱۷۱
۷۴	فصل النون	۱۷۲
۷۵	فصل الواو	۱۷۳
۷۶	فصل الہاء	۱۷۴
۷۷	فصل الیاء المثناۃ	۱۷۵
۷۸	**باب اللام**	
۷۹	فصل الالف	۱۷۸
۸۰	فصل الباء الموحدہ	۱۹۹

Presented by Ziaraat.Com

۸۱	فصل الجیم المعجمہ	۲۰۳
۸۲	فصل الحاء المہملہ	۲۰۳
۸۳	فصل الدال المہملہ	۲۰۵
۸۴	فصل الذال المعجمہ	۲۰۷
۸۵	فصل الزاء المعجمہ	۲۰۷
۸۶	فصل السین المہملہ	۲۰۸
۸۷	فصل الظاء المہملہ	۲۱۰
۸۸	فصل الظاء المعجمہ	۲۱۱
۸۹	فصل العین المہملہ	۲۱۱
۹۰	فصل الغین المعجمہ	۲۱۵
۹۱	فصل الفاء	۲۱۶
۹۲	فصل القاف	۲۱۷
۹۳	فصل الکاف	۲۱۸
۹۴	فصل المیم	۲۲۳
۹۵	فصل النون	۲۲۹
۹۶	فصل الواو	۲۲۹
۹۷	فصل الہاء المہملہ	۲۴۵
۹۸	فصل الیاء المثناۃ	۲۴۷
۹۹	**باب المیم**	
۱۰۰	فصل الالف	۲۵۱
۱۰۱	فصل الباء الموحدۃ	۲۷۳
۱۰۲	فصل الثاء المثناۃ	۲۸۵
۱۰۳	فصل الثاء المثلثہ	۳۰۸
۱۰۴	فصل الجیم المعجمہ	۳۱۷
۱۰۵	فصل الحاء المہملہ	۳۲۲
۱۰۶	فصل الخاء المعجمہ	۳۳۳
۱۰۷	فصل الدال المہملہ	۳۴۰
۱۰۸	فصل الذال المعجمہ	۳۴۶
۱۰۹	فصل الراء المہملہ	۳۴۷
۱۱۰	فصل الزاء المعجمہ	۳۶۳
۱۱۱	فصل السین المہملہ	۳۶۵
۱۱۲	فصل الشین المعجمہ	۳۸۵
۱۱۳	فصل الصاد المہملہ	۳۹۲
۱۱۴	فصل الضاد المعجمہ	۳۹۸
۱۱۵	فصل الطاء المہملہ	۴۰۰
۱۱۶	فصل الظاء المعجمہ	۴۰۳
۱۱۷	فصل العین المہملہ	۴۰۴
۱۱۸	فصل الغین المعجمہ	۴۱۸
۱۱۹	فصل الفاء	۴۲۰
۱۲۰	فصل القاف	۴۲۲
۱۲۱	فصل الکاف	۴۲۹
۱۲۲	فصل اللام	۴۳۴
۱۲۳	فصل المیم	۴۴۲
۱۲۴	فصل النون	۴۴۵
۱۲۵	فصل الواو	۴۶۶
۱۲۶	فصل الہاء المہملہ	۴۸۳
۱۲۷	فصل الیاء	۴۹۰

Presented by Ziaraat.Com

باسمہٖ تقدس تعالیٰ

باب الغین

اَلْغَابِرِیْن: باقی رہنے والے، پیچھے رہ جانے والے، نجات سے رہ جانے والے، ہلاک ہونیوالے، اسم فاعل جمع مذکر قیاسی بحالتِ نصب و جر، اَلْغَابِرُ واحد، بحیرۂ مردار کے ساحل پر سدوم بستی کے رہنے والوں نے حضرتِ لوط کی نصیحت نہیں مانی، امرد پرستی اور بعض دوسری اخلاقی و سماجی خباثتوں میں الودہ رہے، حضرتِ لوط اپنے ساتھیوں کو لیکر بحکمِ الٰہی بستی سے نکل کھڑے ہوئے آپ کی بیوی دل سے سدوم والوں کی طرفدار تھی اس لئے اس نے ساتھ نہیں دیا، حضرتِ لوط کو جھوٹا سمجھنے والے کافر سدوم میں باقی رہے تو وہ عورت بھی انہیں کے ساتھ رہی اور بستی والوں کی طرح وہ بھی عذابِ الٰہی سے تباہ ہوئی۔

محقق عبدالرؤف مصری نے لکھا ہے کہ اصل چیز کے گزر جانے کے بعد جو چیز باقی رہ جاتی ہے اس کو لغت میں غابر کہتے ہیں اس لئے غبار اس خاک کو کہتے ہیں جو قافلہ کے گزر جانے کے بعد اڑ کر پیچھے رہ جاتی ہے۔

(معجم القرآن حصہ دوم)

اہلِ لغت نے مادۂ غَبَرَ کو اضداد میں سے شمار کیا ہے شیخ فیروزآبادی نے لکھا ہے غَبَرَ غُبُوْرًا مکث و ذھب ضدوھا غابرٌ من غُبُرٍ یعنی غَبَرَ غُبُوْرًا کے معنی ہیں رہ گیا اور چلا گیا، یہ لفظ متضاد المعنی ہے اسم فاعل غابر ہے جس کی جمع غُبُر ہے (القاموس باب الراء فصل الغین)

صاحب منتہی الارب نے مؤلف قاموس سے کسی قدر اختلاف کیا ہے، لغات اضداد میں سے اس لفظ کا ہونا تسلیم کیا ہے لیکن اسی کے ساتھ لکھا ہے غَبَرَ غُبُوْرًا (ن) درنگ کرد و باقی ماند و غَبَرَ غَبْرًا بالفتح رفت و درگزشت و علی الوجھین یفسر قولہ

تعالیٰ الا عجوزا فی الغابرین یعنی باب نصر سے غَبَرَ غُبُورًا کے معنی ہیں توقف کیا، باقی رہا، اور غَبَرَ غَبْرًا کے معنی ہیں، چلا گیا، گزر گیا، آیت اِلّا عَجُوزًا فِی الغَابِرِیْن کی تفسیر دونوں طرح کی گئی ہے۔

مجمع البحار میں ہے وفی حدیث اویس اکون فی غبر الناس احب الیّ ای اکون مع المتأخرین لا المتقدمین المشهورین من الغابر الباقی الکوکب الدری الغابر ای الذاهب الماضی (مجمع البحار جلد ثالث صـ۳) یعنی حدیث اویس میں جو لفظ غُبَّرُ الناس آیا ہے وہ غابر کی جمع ہے اور غَابِر کا معنی ہے باقی یعنی پیچھے رہنے والے لوگ پیش رو اور مشہور نہیں اور الکواکب الدری الغابر میں لفظِ غابر کا معنی ہے چلا جانے والا، گزرا ہوا، زمخشری نے آیت من الغابرین کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے من الذین غبروا فی دیارهم ای بقوا فهلکوا یعنی وہ لوگ جو اپنی بستیوں میں رہ گئے اور ہلاک ہو گئے (کشاف جزء اول صـ۴۹۴)

تفسیر کبیر میں امام رازی نے غبور کے معنی بقاء لکھ کر نجات نہ پانے کا مفہوم مراد لیا ہے، لکھا ہے:۔

غبر الشیٔ غبورا اذا مکث وبقی قال الهذلی فغبرت بعدهم بعیش ناصب، واخال انی لاحق مستتبع یعنی بقیت فمعنی الآیة انها کانت من الغابرین عن النجاة ای من الذین بقوا عنها ولم یدرکوا النجاة یقال فلان غبر هذا الامر ای لم یدرکه انتهیٰ یعنی غبر الشیٔ غبورا کا معنی ہے رک گیا، باقی رہا ہذلی شاعر کا قول ہے، دوستوں کے جانے کے بعد میں دکھ کے ساتھ جینے کے لئے رہ گیا اور مجھے خیال ہوتا ہے کہ اب میں بھی ان کے پیچھے جانے ہی والا ہوں، اس صورت میں آیت کا معنی یہ ہوا کہ وہ عورت رہ جانے والے اور نجات نہ پانے والوں کے ساتھ رہ گئی، محاورے میں بولا جاتا ہے فلان غبر هذا الامر یعنی فلاں شخص اس امر کو نہ پا سکا، انتہیٰ۔

امام راغب اصفہانی نے تضادِ معنوی کو نقل کرنے کے بعد ایک لطیف توجیہ کی ہے جس سے دونوں میں حقیقی فرق باقی نہیں رہتا، صرف اعتباری تضاد رہ جاتا ہے، فرماتے ہیں:۔

کہا جاتا ہے کہ غابر ماضی کو بھی کہتے ہیں اور مستقبل کو بھی، اگر یہ صحیح ہے تو وجہ یہ ہے کہ غبار زمین سے اٹھ کر اوپر کو چڑھ جاتا ہے لیکن قافلہ گزر جاتا ہے اور غبار پیچھے رہ جاتا ہے، اول معنی

Presented by Ziaraat.Com

کی مناسبت سے غابر بمعنی ماضی اور دوسرے معنی کے لحاظ سے بمعنی مستقبل ہے (مفردات القرآن)

۵/۱۷ ۲۰/۱۶ ۱۴/۴ ۱۳/۱۹ ۱۹/۲۳ ۸

اَلْغَارِ: الف لام عہدی، کوہِ ثور والا غار، مکہ سے سیدھی جانب تقریباً تین میل دور کوہ ثور کے بالائی حصہ میں ایک غار ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق نے مکہ سے ہجرت کرنے کے بعد سب سے پہلے قیام فرمایا تھا۔ اس کا منہ اتنا تنگ تھا کہ ایک آدمی لیٹ کر مشکل سینہ کے بل اندر گھس سکتا تھا، ۱۹۹۹ء میں شریف عون کے حکم سے کشادہ کر دیا گیا، اب پورا دروازہ لگا ہوا ہے (معجم القرآن لعبدالرؤف المصری) ۱۰/۱۲

اَلْغَارِمِیْنَ: غارم کی جمع، اسم فاعل جمع مذکر، بحالتِ جر، قرضدار، ایسے قرضدار جو مسلمانوں کی اندرونی اصلاحات کے سلسلے میں قرض لیکر صرف کرنے پر مجبور ہو گئے ہوں یا خود اپنے صرف کے سبب قرضدار ہوں بشرطیکہ گناہ کے کام میں خرچ نہ کیا ہو یا بدچلنی ہی کے سبب قرضدار ہوں لیکن سچی توبہ کر لی ہو۔ (سیوطی وجمل برحاشیہ جلالین)

غارم کا مادہ غُرم ہے، غُرم قرض تاوان اور ہر اس چیز کو کہتے ہیں جس کو ادا کرنا لازم ہو (قاموس، منتہی الارب) غریم قرضدار اور قرضخواہ دونوں کو کہتے ہیں۔ (منتہی الارب) ۱۰/۱۴

غَاسِقٍ: غسق سے اسم فاعل واحد مذکر، تاریک رات، گرہن کے سبب سیاہ پڑ جانے والا چاند (معجم القرآن) صراح میں ہے غاسق تاریکی بعد از غروبِ شفق، یا غروبِ آفتاب کے بعد آنیوالی تاریک رات (بغوی) یا ڈوبنے والا چاند، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا استعیذ باللہ من القمر فانہ الغاسق (ترمذی) حضرت عائشہ فرماتی ہیں رسول اللہ نے میرا ہاتھ پکڑ کر چاند کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا تعوذی باللہ من شر ھذا فانہ الغاسق اذا وقب (ابوالسعود) یا مراد حوادث شب (المفردات و معجم القرآن) رات کو آنے والی مصیبتوں سے بچاؤ دشوار ہوتا ہے، دشمن کا شب خون چوری، نقب زنی، ڈاکہ اور طرح طرح کے حوادث عموماً رات کی تاریکی میں ہوتے ہیں، اسی لئے عربی مثل ہے اللیل اخفی للویل رات اپنے اندر ہلاکتوں کو چھپائے رکھتی ہے، (معجم القرآن) ۳۰/۳۸

اَلْغَاشِیَۃِ: غَشِیَ یَغْشَیٰ سے اسم فاعل

واحد مؤنث، ہر چھپا لینے والی ڈھانک دینے والی، چھا جانے والی چیز، یہ اصل وصفی معنی ہے لیکن مراد قیامت ہے اس لئے کہ اس کی ہولناکیاں سب پر چھا جائیں گی (معجم المفردات، جلالین)

حاصل مطلب یہ کہ لغوی اعتبار سے وصفی معنی تھا کسی چیز کا نام نہ تھا لیکن قرآنی اصطلاح میں قیامت کا علم بن گیا، ۳۰/۱۳

غَاشِيَةٌ: اسم فاعل واحد مؤنث، ہر طرف سے گھیر لینے والی عقوبت اور چھا جانے والا عذاب (جلالین) ۱۳/۶

غَافِرِ الذَّنْبِ: اسم فاعل واحد مذکر مضاف الذنب مضاف الیہ، بخشنے والا، معاف کرنیوالا، ۲۴/۶ مزید تشریح آئندہ غفر کے ذیل میں آئے گی۔

اَلْغَافِرِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر بحالت جر، غافر واحد، معاف کرنے والے، بخشنے والے، درگذر کرنے والے، ۹/۹

بِغَافِلٍ: با حرف جر، غافل اسم فاعل مذکر مجرور، مادہ غفل، بے خبر، لاعلم، ۹/۱۰۶، ۱/۱۲، ۴/۱، ۸/۳، ۱۰۲/۱۲، ۳۶/۳

غَافِلًا: اسم فاعل واحد مذکر بحالت نصب، بے خبر، ۱۳/۱۹

اَلْغَافِلَاتِ: اسم فاعل جمع مؤنث معرف باللام اَلْغَافِلَةُ واحد، ناتجربہ کار، بھولی عورتیں۔ ۱۸/۴

غَافِلُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، حالت رفع، غافل واحد، غفلت کرنے والے، بے خبر ہونیوالے، ۵/۳، ۹/۱۲

۱۱/۱۴۶، ۱۲/۱۲، ۱۴/۲۰، ۲۱/۴، ۲۲/۱۸، ۲۶/۱

غَافِلِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، حالت نصب وجر، غَافِل واحد، بے خبر ہونیوالا، نادان، ۸/۷

۹/۶، ۱۱/۱۲۷، ۱۱/۱۴۲، ۱۲/۸، ۱۸/۱۱

غَالِبٌ: اسم فاعل واحد مذکر، غَلَبَ وغَلَبَةٌ مصدر، باب ضَرَبَ، قابو رکھنے والا، مزید تشریح غَلَبَهُمْ میں آئے گی، ۱۲/۱۳

لَاغَالِبَ: لا نافیہ، غالب اسم فاعل نکرہ (حالت نصب) تم پر کوئی غلبہ پانیوالا نہیں، ۴/۸، ۱/۲

اَلْغَالِبُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، حالت رفع، غالب آنے والے، قابو پانے والے، ۹/۷، ۶/۸، ۱۲/۸

۱۷/۴، ۲۰/۷، ۲۳/۴

اَلْغَالِبِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، حالت نصب، غالب واحد، غلبہ پانے والے، ۹/۴، ۹/۷، ۲۳/۸

اَلْغَاوُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر معرفہ، حالت رفع غَوَايَةٌ مصدر، گمراہ اور کج راہ، یہ لفظ دو جگہ آیا ہے ۹۵/۲۶ میں بت پرست مراد ہیں، یعنی بت اور

بت پرست اوندھے منہ جہنم میں ڈالے جائیں گے،
۱۹/۱۵ میں شاعروں کے کج راہ پیرو مراد ہیں مبالغہ
آمیز مدح، بیجا مذمت، جھوٹا تغزل، جذباتِ محبت کی
فحش اور غلط تصویر کشی، رندی، مے نوشی، بے حیائی
عریانی، نسبی فخر، شخصی اور قومی شیخی، غرض اخلاقِ
ذمیمہ کا انبار عموماً شعراء (باستثناءِ اہلِ حق و صداقت)
کے کلام میں ہوتا ہے، کج راہ، بیوقوف، سبک سر،
پڑھے لکھے اور جاہل پرستارانِ ادب ایسے کلام
کو مزے لے لے کر پڑھتے گاتے سنتے سر دھنتے اور
جولانِ فکر کا سیر گاہ بناتے ہیں، اسی جگہ ایسے ہی
غلط رو، گمراہ، گمراہ مراد ہیں ۱۹/۱۵ (معجم القرآن)

اَلْغَاوِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، غاوی واحد،
حالتِ نصب، گمراہ، کج راہ، مراد بتوں کے پجاری
۹/۱۲ ۱۴/۳ ۱۹/۹۹ ۲۳/۶

غَائِبَۃٌ: اسم فاعل واحد مذکر، تاء آخر میں
مبالغہ کی ہے مؤنث کی نہیں ہے (محلی) یعنی بہت
ہی چھپنے والی اور زیادہ سے زیادہ پوشیدہ رہنے
والی چیز، (روح المعانی) سمین میں اس قول کو نقل
کرنے کے بعد لکھا ہے کہ بعض اقوال کے موافق اس
میں تاء مصدری ہے جیسے عَاقِبَۃٌ اور عَافِیَۃٌ،
زمخشری نے کشاف میں مصدری تاء کی نظیر پیش
کرتے ہوئے لکھا ہے جیسے ذَبِیْحَۃٌ نَطِیْحَۃٌ اور
رَمِیَّۃٌ اسم مصدر ہیں، صفت کے صیغے نہیں
ہیں، ۲۰/۲

غَائِبِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالتِ جر، غائب
واحد، چھپنے والے، غیر حاضر، غائب ہونے والے،
۸/۵ ۱۹/۱۷ ۳۰/۷

اَلْغَائِطِ: نشیبی وسیع میدان، مراد قضاءِ حاجت
کا مقام یا قضاءِ حاجت، عمرو بن معدی کرب کا
شعر ہے ؎ وَکَمْ مِنْ غَائِطٍ مِنْ دُوْنِ سَلْمٰی
(سلمٰی سے ادھر بہت وسیع میدان ہیں)
عرب قضاءِ حاجت کے لئے نشیبی وسیع میدانوں
میں جاتے تھے اس لئے بطورِ کنایہ براز یا قضاءِ
حاجت کا مقام مراد ہے (معجم القرآن) ۵/۴ ۶/۶

لَغَائِظُوْنَ: لام تاکید، غَائِظُوْن اسم فاعل
جمع مذکر (حالتِ رفع) غَائِظٌ واحد غَائِظٌ کا معنی
غصہ دلانے والا، غضب پیدا کرنیوالا (معجم القرآن)
اس لفظ کا مادہ غیظ ہے، غیظ انتہائی غضب کو
کہتے ہیں، اگر اللہ کی طرف غیظ کی نسبت کی جاتی
ہے جیسا اس جگہ ہے تو انتقام مراد ہوتا ہے،
یعنی وہ اپنی حرکتوں سے ہم کو انتقام پر آمادہ کرتے
ہیں۔ (المفردات للراغب) ۱۹/۸

Presented by Ziaraat.Com

غَبَرَةٌ: خاک اور وہ اثر جو کسی چیز پر جمی ہوئی خاک دور ہونے کے بعد بھی باقی رہ جاتا ہے، مراد یہ کہ غم کے سبب چہروں کا رنگ بگڑ جائیگا (راغب) ۳۰/۵

غُثَاءً: سیلاب کا کوڑا اور جھاگ، ہانڈی کے جھاگ، سوکھے سڑے گلے پتے، مراد بے سود، تباہ، غُثَّاءٌ تشدید کے ساتھ بھی اسی معنی میں مستعمل ہے (تاج، قاموس، منتہی الارب، مجمع البحار، المفردات) اس سے غَثَا یَغْثُو غَثْوًا (نصر) اور غَثَا یَغْثِیْ غَثْیًا (ضرب) آتا ہے، مؤخر الذکر کا معنی ہے، خبثِ نفس، بد باطنی، غَثَتْ نَفْسُہٗ محاورہ ہے، (المفردات) ۱۸/۳ ۳۰/۱۲

لِغَدٍ: لام حرفِ جر، غدٍ مجرور، اصل میں غَدْوٌ تھا، آنے والا کل، فردا، آئندہ زمانہ جو جلد آنیوالا ہو، ۲۸/۶

غَدًا: غَدٌ کا ہم معنی، حالتِ نصب، اگرچہ لفظ غد میں غَدْوٌ کا واؤ بلا عوض حذف کر دیا گیا ہے لیکن شعر میں غَدْوٌ بھی آیا ہے، اصحابِ فیل کے کعبہ پر حملہ کرنے کے وقت عبد المطلب نے جو شعر پڑھے تھے، ان میں یہ شعر بھی ہے،

وَمَحَالُھُمْ غَدْوًا مَحَالَكَ (مجمع البحار)

۳۲/۱۲ ۱۵/۱۶ ۲۱/۱۳ ۲۷/۹

بِالْغَدَاۃِ: باء حرف جر الغَدَاۃ مجرور، اَلْغَدَاۃُ تڑکا یا طلوعِ فجر اور طلوعِ آفتاب کا درمیانی وقت (تاج، منتہی الارب) ۷/۱۲ ۱۵/۱۶

اَلْغُدُوُّ: صبح صبح کو نکلنا، صبح کو پہنچنا یا فجر اور طلوعِ آفتاب کا درمیانی وقت (مجمع البحار) یا دن کا ابتدائی حصہ (المفردات) یا دن کے ابتدائی حصہ میں چلنا (مجمع البحار) اَلْغُدُوُّ اَلْغَدَاۃُ کی جمع بھی ہے اور آیت بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ میں جمع ہی مراد ہے (منتہی الارب) ۹/۱۴ ۱۳/۸ ۱۸/۱۱ ۲۲/۸

غُدُوًّا: تڑکا اَلْغُدُوُّ کا ہم معنی، ۲۴/۱

غَدَوْتَ: غُدُوٌّ سے واحد مذکر حاضر ماضی معروف یعنی جب آپ مدینے سے سویرے نکلے تھے اس آیت میں گھر والوں کے پاس سے نکل کر جانے سے مراد ہے مدینہ سے باہر نکلنا (معالم، خازن، مدارک) ۴/۴

غَدَوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، غُدُوٌّ مصدر غَدَا یَغْدُوْ ماضی اور مضارع باب نصر، جب وہ تڑکے سے نکلے، ۲۹/۳

غَدَاءَنَا: غداء مضاف نا مضاف الیہ، ہمارا صبح کے دن کا کھانا، دن کے ابتدائی حصے کے

کھانے کو غَدَاء کہتے ہیں اسی کو سحور بھی کہا جاتا ہے (زبدۃ عین الشفار) غداء کے غین کو فتحہ ہے (کرمانی شرح بخاری، قاموس، صحاح) آخر میں مدّ ہے (نہایہ) تغدّی اسی سے بنا ہے یعنی ناشتہ کرنا حضرت ابن عباس نے تَغَدّی کو سحری کھانے کے لئے بھی استعمال کیا ہے فرمایا ہے کُنْتُ اَتَغَدّٰی عِنْدَ عُمَرَ فِیْ رَمَضَانَ میں حضرت عمر کے پاس سحری کھاتا تھا) (مجمع البحار) ۱۵/۲۱

غَدَقًا: بارش کا کثیر پانی (معجم المفردات) موسلا دھار بارش کا کثیر پانی جو سات برس کی خشک سالی کے بعد برسا تھا (معجم) مراد وسعتِ رزق (ابن جریر طبری) مالِ کثیر (مجاہد) اس سے فعل باب سَمِعَ سے آتا ہے غَدِقَتْ عَیْنُہٗ (اس کی آنکھ سے خوب پانی بہا) غَیْدَاق سیال پانی کی طرح گفتگو کی روانی، پیہم دوڑ (راغب) ۱۹/۱۱

غُرَابًا: حالتِ نصب، کوا۔ حدیث میں غراب کو فاسق بھی فرمایا ہے (مجمع البحار) ۶/۴

اَلْغُرَاب: الف لام تعریف کا ہے مغراب کی جمع اَغْرُبٌ اور اَغْرِبَۃٌ اور غِرْبَانٌ اور غُرُبٌ آتی ہے اور جمع الجمع غَرَابِیْنُ ہے (قاموس) غَرَبَتْ کا معنی چونکہ تیزی ہے اور کوا چالاک جانور ہوتا ہے، غالباً اسی وجہ سے اس کو غراب کہا گیا، مثل مشہور ہے فُلَانٌ اَحْذَرُ مِنَ الْغُرَابِ (فلاں شخص کوے سے زیادہ چالاک ہے) ممکن ہے وجہ تسمیہ یہ ہو کہ کوّے کی آواز سے کسی مسافر یا مہمان کے آنے کا شگون لیا جاتا ہے اور غریب اجنبی مسافر کو کہتے ہیں۔

غَرَابِیْبُ: جمع، غربیب واحد، گہرے سیاہ، مراد کالے پہاڑ (المفردات، خازن، بیضاوی) غربیب اس بوڑھے آدمی کو بھی کہتے ہیں جو خضاب سے ہمیشہ بال سیاہ رکھے (منتہی الارب) اس جگہ غرابیب سُوْدٌ کی صفت نہیں ہے، عربی میں کسی رنگ کی تاکیدی صفت کو موصوف سے پہلے نہیں ذکر کیا جاتا ہے (کشاف، کبیر، روح المعانی) لیکن غریب سجستانی میں ہے کہ اصل میں یہ لفظ سُوْدٌ غَرَابِیْبُ تھا۔ سُود موصوف غرابیب صفت، استعمال میں الٹ کر غرابیب سُود کر دیا۔ علامہ نسفی نے لکھا ہے کہ اَصْفَرُ فَاقِعٌ (خالص زرد) کی طرح اَسْوَدُ غِرْبِیْبٌ کہا جاتا ہے یعنی اگر اسود کی تاکیدی صفت ذکر کرنی ہوتی ہے تو غربیب کو اسود کے بعد لاتے ہیں۔ (معجم القرآن) ۲۲/۱۶

غَرَبَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف۔ غروب اور غرب مصدر، ڈوبنا، چھپنا، عربی زبان میں سورج

Presented by Ziaraat.Com

مؤنث استعمال ہوتا ہے اسی سے تَغْرُبُ مضارع واحد مؤنث غائب بنا ہے، ۱۵/۱۴ (دیکھو باب التاء فصل غین)

اَلْغَرْبِیِّ: غربی جانب، مغرب کی طرف والا، صاحب منتہی الارب نے غربی کا معنی لکھا ہے وہ درخت جس پر غروب کے وقت سورج کی گرمی پہنچتی ہو، ۲۰/۸

غَرْبِیَّۃٍ: یہ غربی کا مؤنث ہے (منتہی الارب) جلال محلی نے لکھا ہے بَلْ بَیْنَهُمَا فَلَا یَتَمَكَّنُ حر ولا برد مضرّین (وہ درخت نہ شرقی ہے نہ غربی بلکہ دونوں کے درمیان واقع ہے، اس لئے اس کو نہ ضرر رساں گرمی ستاتی ہے نہ سردی) گویا شیخ محلی کے نزدیک غربیہ کا معنی ہوا واقع بجانب غرب، قاضی بیضاوی نے اس کی عجیب تفسیر کی ہے فرماتے ہیں وہ ایسا نہیں کہ کبھی اس پر دھوپ پڑے کبھی نہ پڑے بلکہ پورے دن پڑتی رہتی ہے یعنی وہ درخت کسی ٹیلے پر ہے یا کھلے میدان میں ایسے درخت کے پھل نہایت پختہ اور تیل بہت صاف ہوتا ہے یا یہ مطلب کہ وہ درخت نہ ہمیشہ دھوپ میں رہتا ہے کہ سورج کی گرمی سے جل جائے نہ ہمیشہ سائے میں کہ اس کے پھل کچے رہ جائیں یا یہ مطلب کہ وہ درخت نہ آبادی کے غربی حصہ میں واقع ہے نہ غربی جانب بلکہ وسط میں ہے، یہ آخری مطلب ہی اکثر اہل تفسیر نے پسند کیا ہے، ۱۸/۱۱

غَرَّتْكُمْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف کُمْ ضمیر مفعول، غرور مصدر، حیات دنیوی نے تم کو فریب دے رکھا تھا اور باطل آرزوؤں نے، ۲۵/۲ ۳۷/۱۸

غَرَّتْهُمْ: واحد مؤنث غائب ماضی، هُمْ ضمیر مفعول، دنیوی زندگی نے ان کو بہکا رکھا ہے۔

۷/۱۴ ۹/۱۳ ۱۳/۱۳

غُرْفَۃً: ایک چلو پانی، اس آیت میں لفظ اِغْتَرَفَ بھی آیا ہے جو باب افتعال سے واحد مذکر غائب ہے اس کا مادہ غَرْفٌ ہے غرف کا معنی کسی چیز کو اٹھانا، ہاتھ سے لینا (المفردات) اِغْتَرَفَ کا معنی ہوا، چلو بھر کر پانی لیا، اس صورت میں غرفۃ کا ترجمہ ہوا ایک چلو یعنی جس نے نہر میں سے ایک چلو پانی لے لیا تو کوئی حرج نہیں، ۲/۱۷

اَلْغُرْفَۃِ: مکان کی بالائی منزل یا اونچا مکان (کشاف) مراد جنت میں خاص منزل (محلی بروایت عطاء خراسانی) ۱۹/۴

غُرَفًا: جمع غرفۃٌ واحد حالت نصب، اونچے مکان، جنت کے اندر شاندار منزلیں، ۲۱/۲

غُرَفٌ: جمع غُرْفَۃٌ واحد، حالت رفع، جنت کی

Presented by Ziaraat.Com

منازل، ۲۳/۱۶

اَلْغُرُفَاتِ: جمع اَلْغُرْفَۃُ واحد، اہل لغت نے بضم راء بسکون راء اور بفتحہ راء، تینوں طرح سے جائز لکھا ہے (قاموس منتہی الارب) اونچے مکان، منازلِ عالیہ، ۲۲/۱۱

اَلْغَرَقُ: اسم فعل، پانی یا مصیبت یا نعمت میں ڈوب جانا (معجم القرآن) اس جگہ مراد پانی میں ڈوبنا ہے، ۱۱/۱۴

غَرْقًا: مصدر حالتِ نصب ڈوبنا، گہرائی کے اندر سے شدت کے ساتھ کھینچنا، مراد کافروں کی جانیں کھینچنا (محلی) یعنی ان فرشتوں کی قسم جو کافروں کی جانیں شدت اور سختی کے ساتھ کھینچتے ہیں، اس جگہ غرق بمعنی اغراق ہے (روح المعانی) کذا روی عن علی اخرجہ سعید بن منصور (کرخی) ۳۵/۳

غَرَامًا: اسم فعل، پیہم تکلیف، ہلاکت، بشر بن جازم کا شعر ہے ؎

ویوم الجفار ویوم النسار کان عذابا وکان غراما

جفار اور نسار کی لڑائیاں سراسر دکھ اور پیہم تکلیف کا سبب تھیں (معجم القرآن) اسی لئے تکلیف دہ محبت کو بھی غرام کہا جاتا ہے (المفردات) ۱۹/۴

غُرُورًا: مصدر اور اسم فعل، جھوٹی امید، دھوکہ دینا، غِرٌّ بھولا فریب خوردہ، ناتجربہ کار، غَرِیْرٌ فریب خوردہ، جھوٹے لالچ میں آجانے والا، ڈرانے والا، (قاموس) ۵/۱۵ ۲۱/۱۸ ۲۲/۱۷ ۸/۱ ۱۵/۷

اَلْغُرُوْرِ: اسم فعل بمعنی غرور، ۴۲/۱۰ ۵/۹ ۲۷/۱۹ ۲۹/۲

غَرَّ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، غرور مصدر دھوکہ دیا، فریب دیا، ۳/۱۱ ۱۰/۳ ۲۷/۱۸ ۳۰/۷

اَلْغُرُوْب: مصدر اور اسم فعل، سورج ڈوبنے وقتِ غروب (مدارک، معالم) غُرُوْبٌ غَرْبٌ کی جمع بھی ہے جس کے معنی ہیں تیز تلوار، تیر بلکہ ہر چیز کی تیزی شباب، آنسو اور آبِ دہن وغیرہ کا تیزی سے بہنا، غَرَبَ غُرُوْبًا چھپ گیا، دور ہوگیا، غائب ہوگیا، غَرَبَ غُرُوْبًا (نصر) کے معنی ہیں چاند یا سورج چھپ گیا، غَرِبَ غَرَبًا (سمع) سخت سیاہ ہوگیا غَرُبَ (کرم) چھپ گیا، تارک ہوگیا (قاموس، محیط) ۲۶/۱۷

غُرُوْبِہَا: مصدر مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ، ڈوبنا، چھپنا، غائب ہوجانا، ۱۶/۱۷

اَلْغَرُوْر: صیغہ صفت، دھوکہ دینے والا، جھوٹی امید دلانے والا (معجم) مال ہو یا دنیا یا خواہشِ نفس یا شیطان (المفردات وزبدۃ عین الشعار) صاحبِ نہایہ نے شیطان مراد لیا ہے کیونکہ شیطان

انسان سے پیہم گناہ کراتا ہے اور مغفرت الٰہی کا امیدوار بنائے رکھتا ہے، گویا مغفرت کی امید کو سامنے لاکر وہ متواتر گناہ کرنے کی جرأت پیدا کرتا ہے مغفرت اگرچہ ممکن ہے لیکن اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص اس اعتماد پر زہر کھالے کہ زہر کے اثر کو طبیعت خود رفع کردے گی۔ (نہایہ) ۲۱/۱۳ ۲۲/۱۳

غَزْلَہَا: مصدر اور اسم فعل مضاف، ہا ضمیر مضاف الیہ، سوت کاتنا، سوت، تاگہ، غَزَلَ ماضی باب ضَرَبَ (قاموس) اس جگہ مصدر بمعنی اسم مفعول ہے یعنی کاتا ہوا سوت (جلالین) مکہ میں ایک بے وقوف قریشی عورت تھی جو صبح سے دوپہر تک یا دن بھر باندیوں کو ساتھ لیکر سوت کاتتی تھی اور آخر میں تمام کاتا ہوا سوت توڑ ڈالتی تھی، اس کا نام ریطہ بنت عمرو بن سعد تھا (بغوی) یا رائطہ یا جعواء یا خرقاء تھا، (خطیب فی السراج المنیر) یہ اسد بن عبدالعزیٰ کی ماں اور سعد کی بیٹی تھی (بلاذری) آیت کی مراد یہ ہے کہ تم نے جو معاہدہ اللہ سے کر رکھا ہے اس کو نہ توڑو، کی کرائی محنت برباد نہ کرو، اس عورت کی طرح نہ کرو جو (دن بھر) کاتنے کے بعد (آخر میں کاتا ہوا سوت) توڑ ڈالتی تھی، ۱۴/۱۹

غُزًّی: جمع، غازی واحد، غزاۃ بھی جمع ہے دشمن سے لڑنے والے، جہاد کے لئے نکلنے والے غَزْوٌ مصدر غَزَا ماضی یَغْزُوْ مضارع (باب نصر) (مجمع البحار)

غَسَقِ اللَّیْلِ: رات کی سخت تاریکی (معجم و مفردات) اول رات کی تاریکی (قاموس و منتہی الارب) غَسَقَ اللَّیْلُ غَسْقًا (رات خوب تاریک ہوگئی) غَسَقَتْ عَیْنُہٗ غُسُوْقًا (آنکھ متحیر ہوگئی، آنکھوں میں اندھیرا چھاگیا) (منتہی الارب) آیت میں نمازِ عشاء مراد ہے (معجم) ۷۸/۱۵

غَسَّاقًا: ٹھنڈا بدبودار پانی (معجم القرآن عبدالرؤف و غریب القرآن) یا دوزخیوں سے بہنے والا لہو (جلالین، صاوی، معجم القرآن، المفردات) ایک حدیث ہے کہ اگر غساق کا ایک ڈول دنیا میں بہادیا جائے تو دنیا والوں کے دماغ سڑ جائیں (مجمع البحار) صاحب مجمع البحار نے غساق کے معنی لکھے ہیں دوزخیوں سے بہنے والا لہو یا ان کا دھووں یا آنسو یا انتہائی ٹھنڈ تک ب قاموس نے ترجمہ میں زہریلا (سخ بنا دینے والی بری) لکھا ہے، حضرت ابن عباس اور حضرت ابن مسعود کا بھی یہی قول ہے، تاج میں بھی یہی تشریح ہے اور بخاری نے بھی اسی کی طرح کی ہے، پروفیسر عبدالرؤف مصری نے اپنی

Presented by Ziaraat.Com

کتاب معجم القرآن کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ غساق ترکی لفظ ہے جس کے اصل معنی ہیں بدبودار ٹھنڈا پانی (شرح ادب الکاتب للجوالیقی، الاشتقاق و التعریب. ترجمۃ القاموس لعاصم آفندی المعرب من الکلام الاعجمی) میرا خیال ہے کہ اگر قرآن میں ایسے الفاظ آئے ہیں جو دوسری زبانوں میں مستعمل ہیں اور ان کا ماخوذ عنہ عربی یا سریانی یا عبرانی یا حبشی دیا میں ہیں تو ان کو اصلاً عربی کہا جائے گا ورنہ توافق پر محمول کیا جائے گا بہر حال معرب نہیں کہا جائے گا۔ ۳/۱

غَسَّاقٌ: دوزخیوں سے بہنے والا لہو (جلالین، المفردات) ۲۳/۱۳

غِسْلِيْنٌ: انتہائی گرم ابلتا ہوا پانی (تاج) یہ لغت صرف قبیلۂ ازد کا ہے یا زخموں کا دھوون یعنی کافر دوزخیوں کے زخموں سے نکلنے والا پانی (راغب) دوزخ کے ایک درخت کا نام بھی ہے (جلالین) ۲۹/۶۹

غِشَاوَةٌ: سرپوش، ڈھکنا، پردہ، یہ مصدر بھی ہے مگر اس جگہ ڈھانکنے والی چیز مراد ہے یعنی آنکھوں پر پڑ جانے والا پردہ (معالم) ۷/۱

غِشَاوَةٌ: تاریکی کا پردہ کہ جب آنکھوں پر اللہ نے ڈال دیا تو پھر راہِ حق نہیں سوجھتی، ۲۵/۱۹

غَشِيَهُمْ: واحد مذکر غائب ماضی معروف غِشْيَانٌ غِشَاءٌ وَغِشَاوَةٌ مصدر (قاموس) ڈھانک لیا، چھا گیا، اوپر آپڑا، ۱۶/۱۳ ۲۱/۱۳

غَشَّاهَا مَا غَشّٰى: غَشَّا واحد مذکر غائب ماضی معروف، تَغْشِيَةٌ مصدر باب تفعیل، چھا گیا، چھپا لیا اڑھا دیا، ڈھانک دیا، یہاں چھا جانے اور چھپا لینے کے معنی ہیں، ہا ضمیر اول غَشّٰى کا مفعول ہے اور دوسرے غَشّٰى کا مفعول محذوف ہے۔ ۲۷/۷

غَصْبًا: مصدر، حالتِ نصب، چھیننا، جبر، ظلم، ۱۶/۴

غُصَّةٌ: حلق میں کسی چیز کا پھنسنا، پھندہ لگنا، وہ ہڈی جو حلق میں پھنس جائے (المفردات) مراد دوزخ زقوم یا ضریع جو دوزخیوں کی خوراک ہوگی یا غسلین یا دوزخ کے کانٹے (جلالین) ۲۹/۱۳

غَضَبٌ: ہم فعل، سخت غصہ، بہت غصہ ہونا، انتقام کے لئے دل کے خون میں جوش اگر گردن کی رگیں پھول جانا اور آنکھیں سرخ ہو جانا، گویا بدن کے اندر ایک آگ بھڑک جانا لیکن اللہ کے غضب سے مراد ہوتا ہے انتقام سخت عذاب دینا (المفردات و بیضاوی) ۱۴/۲ ۹/۹ ۲۵/۳ ۵/۱۶ ۱۶/۱۳

Presented by Ziaraat.Com

بِغَضَبٍ: با حرفِ جر، غضب مجرور، ناراضگی، عذاب، ۲/۳ ۹/۱۶ ۷/۱۱

علیٰ غَضَبٍ: علیٰ حرفِ جر، غضب مجرور، غضب بالائے غضب یا دوہرا عذاب، ۱/۱۱

غَضَبَ اللّٰہِ: اسم فعل مضاف، حالتِ نصب، اللہ مضاف۔ اللہ کا غضب، اللہ کی ناراضگی۔ اللہ کا عذاب۔ ۱۸/۷

غَضَبِیْ: اسم فعل مضاف، یاء متکلم مضاف الیہ، میرا غضب، میرا عذاب، ۱۶/۱۳

غَضْبَانَ: صیغہ مبالغہ، سخت غضبناک (حالتِ نصب) امام راغب نے لکھا ہے، غضبان وہ شخص جس کے غصہ میں شدت ہو اور غضوب وہ شخص جس کو غصہ بہت آتا ہو اور غُضْبَۃٌ وہ شخص جس کو غصہ جلد آئے (المفردات) ۹/۸ ۱۶/۱۳

غَضِبَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، غَضَبٌ مصدر، وہ ناراض ہوا وہ غضبناک ہوا، امام راغب نے المفردات میں لکھا ہے کہ غَضِبَ لَہٗ کے معنی ہیں، کسی زندہ کے سبب سے غضب ناک ہوا اور غَضِبَ بِہٖ کے معنی ہیں کسی مردہ کے سبب سے غضبناک ہوا اور غَضِبَ عَلَیْہِ کے معنی ہیں اس پر غضبناک ہوا۔ ۵/۱۰ ۶/۱۳ ۲۶/۹ ۲۸/۸،۳

غَضِبُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، وہ ناراض ہوئے، وہ غضبناک ہوئے، ۲۵/۵

غِطَاءٍ: (حالتِ جر) ڈھکنا یعنی وہ سرپوش جو طباق کی قسم میں سے ہو، کپڑے وغیرہ کا نہ ہو، مراد غفلت، موٹا پردہ (المفردات و معجم) ۱۶/۲

غِطَاءَکَ: حالتِ نصب، غِطَاء مضاف ک ضمیر مضاف الیہ، تیری جہالت یا غفلت کا پردہ، ۲۶/۱۶

غَفَرَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف غُفْرَانٌ اور مَغْفِرَۃٌ مصدر غَفْرٌ مادہ، باب ضرب، اس نے معاف کر دیا، مغفرت کے معنی ہیں ڈھانکنا، مٹانا، رد کرنا، (معجم و منتہی الارب) امام راغب نے لکھا ہے کہ غَفْرٌ کے معنی ہیں کسی چیز کو محفوظ رکھنے کے لئے کسی چیز میں چھپانا عربی محاورہ ہے اِغْفِرْ ثَوْبَکَ فِی الْوِعَاءِ اپنے کپڑے محفوظ رکھنے کے لئے کسی برتن میں چھپا دو دوسرا قول ہے اُصْبُغْ ثَوْبَکَ فَاِنَّہٗ اَغْفَرُ لِلْوَسَخِ کپڑے رنگ لو اس سے میل سے کپڑا محفوظ رہتا ہے یا رنگ کپڑے کے میل کو چھپا لیتا ہے مَغْفِرَۃُ اللّٰہِ کے معنی ہیں بندہ کو عذاب سے محفوظ رکھنا، بچانا، کبھی ظاہری طور پر درگزر کرنے کے معنی بھی مراد لے لئے جاتے ہیں خواہ دل سے معاف نہ کیا جائے جیسے قُلْ لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یَغْفِرُوْا لِلَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ

لِقَاءَ اللّٰہِ اہلِ ایمان سے کہہ دو کہ منکرین قیامت سے ظاہری درگزر کریں (المفردات) ۵/۲۰ ۱/۲۳ ۵/۲۵

غَفَرْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، مَغْفِرَۃٌ مصدر، ہم نے بخشدیئے، ہم نے معاف کردیا، ۱۱/۲۳

غُفْرَانَکَ: غفران مصدر، کَ ضمیر مضاف الیہ، تیری بخشش، تیری پناہ، ۸/۳

غَفَّارًا: صیغہ مبالغہ، حالتِ نصب، بہت بخشنے والا، بکثرت معاف کرنے والا، ۹/۲۹

لَغَفَّارٌ: صیغہ مبالغہ، حالتِ رفع، لامِ تاکید بڑا معاف کرنے والا، ۱۳/۱۶

اَلْغَفَّارُ: صیغہ مبالغہ، حالتِ رفع، الف لام تعریف کا، بڑا معاف کرنے والا، ۱۴/۲۳ ۱۵/۱۴

اَلْغَفَّارَ: صیغہ مبالغہ، حالتِ نصب، الف لام تعریف کا، بڑا معاف کرنے والا، ۱۰/۱۴

اَلْغَفُوْرُ: صیغہ مبالغہ معرف باللام، خوب بخشنے والا، بڑا معاف کرنے والا، ۱۶/۱۱ ۵/۱۳ ۴/۱۴ ۲۰/۱۵ ۵/۲۰ ۷/۲۲ ۲/۲۵ ۳/۲۴ ۱/۲۶

غَفُوْرًا: صیغہ مبالغہ نکرہ، حالتِ نصب، بڑا معاف کرنے والا، ۳/۱۵ ۱۶/۱۸ ۵/۴ ۱۰و۱۱/۱۶ ۱/۶ ۱۰/۲۶ ۴/۱۹ ۱۷/۲۱ ۳و۵و۶/۲۲ ۱۸/۲۴

غَفُوْرٍ: صیغہ مبالغہ نکرہ، حالتِ جر، ترجمہ سابق، ۱۸/۲۴

غَفُوْرٌ: صیغہ مبالغہ نکرہ، حالتِ رفع، ترجمہ سابق ۶/۲ ۸و۹/۱۱ ۱۲/۱۴ ۵/۴ ۱۴/۶ ۳/۷ ۱۲/۴ ۵/۱۰ ۱۸/۱۱ ۷/۱۲ ۱/۱۱ ۴/۱۲ ۸/۱۳ ۱/۱۴ ۸/۱۵ ۱۵/۱۷ ۹/۱۸ ۱۶/۱۹ ۱۶/۲۲ ۱۶/۱۶ ۱۶/۱۶ ۱۳/۲۶ ۱۴/۲۷ ۲۰/۲۸ ۱/۲

غَلَّ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، غُلول مصدر (باب نصر) خیانت کی، کچھ مالِ غنیمت تقسیم سے پہلے چھپالیا، چرالیا، ابوعبیدہ لغوی کا قول ہے کہ صرف مال غنیمت میں ہی خیانت کرنے کو غلول کہتے ہیں، (تاج) ۴/۸

غِلًّا: اسم فعل، کینہ، دل میں چھپی ہوئی دشمنی، کدورتِ قلبی، غَلَّ ماضی یَغِلُّ مضارع، باب ضرب، ۲۸/۴

غِلِّ: اسم فعل، دلی کدورت، قلبی عداوت، ۱۵/۱۲ ۱۴/۴

غُلُّوْہُ: جمع مذکر حاضر امر، ہُ ضمیر مفعول غُلٌّ مصدر، باندھ دو، جکڑ دو، ہاتھ پاؤں گردن میں قید ڈال دو، ۲۹/۶

غُلَّتْ: واحد مؤنث غائب ماضی مجہول، مادہ غُلٌّ باب نصر، ان کے ہاتھ گردن سے بندھے ہوئے ہیں یعنی سخت کنجوس ہیں، ہاتھ بالکل نہیں پھیلتے، یا ان کے ہاتھ بندھ جائیں (بددعائیہ) غُلٌّ کے معنی ہیں باندھنا، جکڑنا، طوق، ہتھکڑی، بیڑی، تپش، پیاس کی سوزش، پیٹ کی جلن، بدخلق عورت وغیرہ

(قاموس) یہاں اول معنی مراد ہے بطورِ کنایہ انتہائی کنجوسی مراد ہے (جلالین، مدارک) یا بددعائیہ جملہ ہے، ۶/۲

غِلَاظٌ: جمع غلیظ واحد، سخت دل، بے رحم (محلی) ۲۹/۱۹

غِلْظَةٌ: اسم مصدر، سختی، دل کی سختی، قوت، محنت، امام راغب نے صراحت کی ہے کہ غِلْظَتْ کا مفہوم رِقّۃ کی ضد ہے، کسی سیّال قوام والی چیز کے گاڑھے ہونے کو غِلْظَۃ کہتے ہیں مثلاً شربت، سرکہ، شراب وغیرہ کا گاڑھا ہونا، بطورِ استعارہ صفات میں اس کا استعمال ہوتا ہے، مزاج میں غلظت، اخلاق میں غلظت، دل میں غلظت، (المفردات) غلظت کا ہم معنی غِلَاظَۃ اور غِلْظ بھی آتا ہے، اس سے فعل باب کَرُمَ اور ضَرَبَ سے آتا ہے، ۹/۵

غُلَامٌ: لڑکا، بچہ، ۳/۱۲ ۱۲/۱۲ ۱۶/۴، ۵

بِغُلَامٍ: ب حرفِ جر، غلام مجرور، لڑکا، ۱۴/۴ ۲۳/۷ ۲۶/۱۹

غُلَامًا: بچہ اور جوان، اس کی جمع غِلْمَانٌ ہے (راغب، رازی) اَغْلِمَۃٌ و غِلْمَۃٌ بھی جمع ہے، (قاموس) حضرتِ موسیٰ اور حضرتِ خضر کے قصہ میں غلام سے مراد جوان ہے (رازی فی الکبیر) ۱۵/۲۲ ۱۶/۵

اَلْغُلَامُ: الف لام تعریف، لڑکا مراد جوان، (رازی) ۱۶/۱

لِغُلَامَيْنِ: لام حرفِ جر، غلامین مجرور، تثنیہ غلام واحد، دو بچوں کی، دو لڑکوں کی، ۱۶/۱

غِلْمَانٌ: جمع، غلام واحد، بہت لڑکے، بہشت کی ایک خاص نعمت جو حسین لڑکوں کی شکل میں ہوگی، ۲۷/۳

غُلْبًا: جمع، غُلباء واحد، حالتِ نصب، موٹی گردن والی، مراد وہ باغ جن میں درخت بہت ہوں (جلال محلی) گھنے درختوں والے باغ، (بیضاوی) ۳۰/۵

غَلَبِهِمْ: مصدر مضاف (حالتِ جر) ہِمْ ضمیر مضاف الیہ، قوت کے ساتھ غالب آنا یا مغلوب ہونا، اس جگہ مغلوب ہونا مراد ہے یعنی مصدر مجہول، غَلَبَۃٌ غَلَبَۃٌ اور غَلَبٌ بھی مصدر ہیں (قاموس) اصلی لغت میں غَلَبٌ موٹی گردن کو اور اَغْلَبُ موٹی گردن والے آدمی اور شیر کو کہتے ہیں اس لئے لغوی اعتبار سے غَلَبَۃٌ کے معنی ہوئے کسی کی موٹی گردن کو اپنی گرفت میں لے لینا (راغب) عمرو بن معدی کرب کا شعر ہے:

يَمْشِي بِهَا غُلْبُ الرِّقَابِ كَأَنَّهُمْ

Presented by Ziaraat.Com

بُزُلٌ كُسِيُونَ مِنَ الكَحِيلِ جِلَالًا

ایسی موٹی گردنوں والے وہاں پھرتے ہیں جیسے تارکول کی جھولیں پہنے ہوئے موٹی گردنوں والے طاقتور اونٹ (معجم) غالب آنے اور قابو پانے کے معنی بھی اسی مناسبت سے لئے ہیں، مؤلفِ قاموس نے لکھا ہے غَلِبَ بروزن فَرِحَ گردن موٹی ہوگئی۔

اگر غَلَبَہٗ یا اس کے کسی مشتق کے بعد لام آتا ہے تو غالب آنے کا مفہوم ہوتا ہے اور علیٰ آتا ہے تو قابو پانے کا، دونوں میں بہت نازک فرق ہے ۲۱/۴

غَلَبَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف غَلَبَۃٌ مصدر، غالب ہوگئی، ۲/۱۷ ۱۸/۶

غُلِبَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی مجہول، مغلوب ہوگئی، ۲۱/۴

غَلَبُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف غَلَبَۃٌ مصدر انہوں نے قابو پالیا، وہ غالب آگئے، ۱۵/۱۵

غُلِبُوْا: جمع مذکر غائب ماضی مجہول، غَلَبَۃٌ مصدر وہ مغلوب ہوگئے۔ ۹/۴

غُلْفٌ: جمع، اَغْلَفُ واحد، اصل میں لام پر ضمہ تھا جو تخفیفاً ساقط کردیا گیا، اَغْلَف وہ چیز جو کسی غلاف میں بند ہو (تاج) یعنی یہودی کہتے ہیں کہ ہمارے دل غلافوں کے اندر بند ہیں، تمہاری نصیحت کی رسائی ہمارے دلوں تک ناممکن ہے (بیضاوی) مؤلفِ قاموس نے لکھا ہے کہ غُلْفٌ کا واحد غِلَافٌ بھی ہے اور غلاف کے معنی مخزن (قاموس) یعنی یہودی کہتے ہیں کہ ہمارے دل علوم کے خزانے ہیں، تمہاری نصیحت کی ہم کو ضرورت نہیں (راغب و بیضاوی) ۱/۱۱ ۶/۲

غَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف، مصدر تَغْلِیْقٌ باب تفعیل، خوب بند کرنا، غَلْقٌ مادہ، غَلَقٌ بھی متعدی ہے غَلَقْتُ الْبَابَ غَلْقًا میں نے دروازہ بند کردیا، باب تفعیل میں پہنچکر معنی میں کثرت یا قوت ہوگئی یعنی بہت بند کرنا یا مضبوطی کے ساتھ بند کرنا (قاموس و منتہی الارب) مطلب یہ کہ عزیزِ مصر کی بیوی نے بہت دروازے بند کردئے یا مضبوطی کے ساتھ بند کردئے۔

امام راغب نے لکھا ہے کہ غَلَقٌ متضاد المعنی لفظ ہے، وہ جس چیز سے کھولا جائے یا بند کیا جائے دونوں پر اس کا اطلاق ہوتا ہے، بندش کا لحاظ کیا جائے تو اسمِ آلہ مِغْلَقٌ اور مِغْلَاقٌ آتا ہے اور کھولنے کے مفہوم کے اعتبار سے اسمِ آلہ مِفْتَحٌ اور مِفْتَاحٌ آتا ہے (المفردات) ۱۲/۱۳

Presented by Ziaraat.Com

غَلَی الْحَمِیْم : مصدر، گرم پانی کا جوش مارنا، کھولانا غَلٰی ماضی یَغْلِیْ اور یَغْلُوْ مضارع، امام راغب نے لکھا ہے کہ غَلَاء کے معنی ہیں کسی چیز کا حد سے آگے بڑھ جانا، اگر چیزوں کا نرخ حدِ اعتدال سے آگے بڑھ جائے تو اس کو غَلَاءٌ (گرانی، مہنگائی) کہتے ہیں اگر کسی کے بیانِ مرتبہ اور تعریف میں زیادتی کر دی جائے تو غُلُوٌّ (حد سے بڑھ کر مبالغہ) کہتے ہیں، اگر تیر حدِ مقرر سے آگے بڑھ جائے تو غَلْوٌ کہا جاتا ہے ان تینوں صورتوں میں ماضی و مضارع باب نصر سے آتا ہے لیکن اگر یہ لفظ ہانڈی وغیرہ کے جوش کے لئے استعمال کیا جائے تو بابِ ضرب سے آتا ہے (المفردات) ۲۵/۱۶

غَلِیْظٌ : غِلْظَۃٌ سے صفتِ مشبہ، سخت، شدید (حالتِ رفع) جمع غِلَاظٌ، ۱۳/۱۵

غَلِیْظٍ : صفت مشبہ، سخت، شدید (حالتِ جر) جمع غِلَاظٌ، ۱۲/۵ ۲۱/۱۲ ۲۵/۱

غَلِیْظًا : صفتِ مشبہ، سخت (حالتِ نصب) جمع غِلَاظٌ ۴/۱۴ ۶/۲ ۲۱/۱۷

غَلِیْظَ الْقَلْبِ : غلیظ مضاف (حالتِ نصب) القلب، مضاف الیہ، سخت دل والا یعنی بداخلاق، بدخُو، ۴/۸

غَمٌّ : اسم فعل، رنج، اندوہ، لفظ کی اصل وضع، تاریکی اور گرمی کے لئے ہے اسی لئے یَوْمٌ غَمٌّ کے معنی ہیں تاریک اور دم گھوٹنے والی گرمی کا دن، لَیْلَۃٌ غَمَّۃٌ تاریک اور دم گھوٹنے والی گرمی کی رات، جس رنج سے دل گھٹتا ہے اور سینہ کے اندر اندھیرا محسوس ہوتا ہے اس کو غم اسی مناسبت سے کہا جاتا ہے، لفظ غَمَّ لازم بھی ہے اور متعدی بھی غَمَّ یَوْمُنَا ہمارا دن تاریک اور گھٹن والا ہو گیا، غَمَّہٗ غَمًّا فلاں نے فلاں کو رنجیدہ اور غمگین کر دیا۔

غَمَّ کے معنی چھپانا بھی ہیں غَمَّ الشَّیْءَ اس چیز کو چھپا دیا، غَمَّ الْھِلَالُ ابر میں چاند چھپا رہا دیکھا نہ گیا، غَمَّ عَلَیْہِ الْخَبَرُ اس کو خبر معلوم نہ ہو سکی چھپی رہی (قاموس، تاج، منتہی الارب) رنج بھی دل کو چھپا لیتا ہے، چھپا جاتا ہے اس لئے اس کو غم کہا جاتا ہے یعنی دل پر چھا جانے والا اندوہ، ۱۷/۹

غَمًّا بِغَمٍّ : رنج کے سبب سے رنج، تم نے نافرمانی کر کے رسول اللہ کو رنج پہنچایا، اللہ نے اس کے عوض تم کو شکست کا رنج دیا یا رنج بالائے رنج ساتھیوں کے مارے جانے اور نتیجہ میں شکست کا رنج، ۴/۴

اَلْغَمِّ : الف لام تعریف، حالتِ جر، رنج، اندوہ، ۴/۷ ۱۶/۱۱ ۱۷/۶

Presented by Ziaraat.Com

غُمَّةً: تاریک، مشتبہ، پوشیدہ، دشوار، ۱۱/۱۳

اَلْغَمَامَ: جمع ابر، سفید ابر، غَمَامَةٌ واحد غَمَامَةٌ کی جمع غَمَائِم بھی ہے (منتہی الارب) ۹/۲

اَلْغَمَامِ: جمع ابر، سفید ابر، غَمَامَةٌ واحد غَمَامَةٌ کی جمع غَمَائِم بھی ہے (منتہی الارب) ۱۹/۲

غَمْرَةٍ: وہ کثیر پانی جس کی تہ نظر نہ آئے، بطورِ تشبیہ مراد جہالت، چھا جانے والی غفلت، غَمْرٌ کے اصلی معنی ہیں کسی چیز کے اثر کو زائل کر دینا، اسی لئے غَمْرٌ اور غَامِرٌ اس کثیر پانی کو کہتے ہیں جو سیلاب کے اثر کو دور کر دیتا ہے، فیاض آدمی اور تیز رو گھوڑے کو بھی اسی مناسبت سے غَمْرٌ کہا جاتا ہے جو جہالت آدمی پر چھا جائے وہ غَمْرَةٌ کہلاتی ہے (المفردات ومعجم) ۱۸/۴ ۲۶/۱۸

غَمْرَتِهِمْ: غَمْرَةٌ مضاف (حالتِ جر) ہِمْ ضمیر مضاف الیہ، سخت جہالت اور غفلت، ۱۸/۴

غَمَرَاتِ الْمَوْتِ: جمع غَمْرَةٌ واحد، حالتِ جر، موت کی سختیاں جو سارے اعضاء پر چھا جائیں، ۷/۱۷

اَلْغَنَمِ: اسم جنس معرف باللام بکری بکریاں، ۵/۵

غَنَمُ الْقَوْمِ: غنم حالتِ رفع، مضاف اَلْقَوْمِ مضاف الیہ، قوم کی بکریاں، ۱۷/۶

غَنَمِي: غنم مضاف یٓ متکلم مضاف الیہ، میری بکریاں

۱۶/۱۰

غَنِمْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف (باب سمع) غَنْمٌ اور غَنِيمَةٌ مصدر غَنْمٌ کے اصلی معنی کامیابی، فتح، استعمالی معنی فتح کے بعد دشمن سے چھینا ہوا مال تم نے دشمن سے چھینا اور پایا۔ ۱۰/۵ ۱/۸

غَنِيٌّ: بے نیاز، غیر محتاج، کم محتاج، قانع، مال دار، غنی، صفتِ مشبہ کا صیغہ ہے، اَغْنِيَاءُ جمع غِنًا اسم فعل۔

امام راغب نے لکھا ہے کہ غِنًا کے تین معنی ہیں:

۱ بالکل محتاج اور ضرورتمند نہ ہونا بے نیاز ہونا، ایسا غنی سوائے خدا کے کوئی نہیں ۲ کم ضرورتمند ہونا، قانع ہونا، یہ صفت ہر قانع کی ہے آیت وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَاَغْنٰى میں یہی غِنًا مراد ہے یعنی اے نبی ہم نے تم کو مفلس پایا تو قانع بنا دیا ۳ مالدار ہونا (المفردات) ۳/۹۳ ۴/۱۵

۱۳/۴ ۱۹/۱۸ ۳۰/۱۲ ۲۱/۱۱ ۲۸/۱۵

اَلْغَنِيُّ: صفتِ مشبہ، الف لام تعریف، غنی کا ہم معنی،

۸/۳ ۱۱/۱۲ ۱۷/۱۵ ۲۱/۱۲ ۲۲/۱۵ ۲۶/۸ ۲۷/۱۹ ۲۸/۷

غَنِيًّا: غنی (حالتِ نصب) نکرہ تفصیل کے لئے پڑھو سطورِ بالا، ۴/۱۲ ۵/۱۶ ۱۷

غَوَاشٍ: جمع غَاشِيَةٌ واحد (حالتِ رفع) اصل میں غَوَاشِي تھا، حالتِ رفع کے سبب یاء کو ساقط کر دیا،

Presented by Ziaraat.Com

مراد آگ کے پردے، ہر طرف سے ڈھانک لینے والی آگ (مدارک، بیضاوی) دیکھو غاشیۃ باب الغین مع الف، ۸/۱۲

غَوَّاصٍ: مبالغہ کا صیغہ، حالتِ جر، غَوصٌ مصدر، غوطہ خور، غوص کے معنی پانی میں غوطہ مار کر کچھ نکالنا، علم کی گہرائی میں جا کر باریک نکتے حل کرنا، کوئی نادر چیز نکالنا، بنانا اور عجیب عجیب کام کرنا (المفردات) امام راغب کے نزدیک آیت میں موتی نکالنے والے غوطہ خور ہی مراد نہیں ہیں بلکہ نادر کام اور عجیب صنعتوں کے ماہر بھی مراد ہیں، ۲۳/۱۲

غَوْرًا: نشیبی جگہ، گڑھا، پانی کا زمین کے اندر گھس جانا، کسی چیز کا اندر کی طرف چلا جانا، غَوْرٌ اور غُؤُوْرٌ مصدر ہے، غار ماضی ہے، غَارَ الرَّجُلُ فلاں شخص نیچے گھس گیا، غَارَتْ عَيْنُهُ اس کی آنکھ اندر کو گھس گئی، غِيار بھی مصدری معنی میں مستعمل ہے یعنی سورج کا غروب ہو جانا، افق سے نیچے آفتاب کا چلا جانا (المفردات) ایک شاعر کا قول ہے:

هَلِ الدَّهْرُ اِلَّا لَيْلَةٌ وَنَهَارُهَا
وَاِلَّا طُلُوْعُ الشَّمْسِ ثُمَّ غِيَارُهَا

زمانہ نام ہے صرف رات دن اور آفتاب کے طلوع و غروب کا (معجم)

آیت میں مصدر بمعنی اسم فاعل ہے یعنی زمین میں گھس کر خشک ہو جانے والا پانی (بیضاوی، مدارک، معالم) ۱۵/۱۷ ۲۹/۲

غَوْلٌ: اسم فعل اور مصدر، نشہ، دردِ سر، مستی، بگاڑ، اچانک ہلاک کر دینا (باب نصر) یعنی جنت کی شراب میں دردِ سر اور بدمستی نہ ہوگی (نہایۃ الایجاز و خازن) صاحبِ منتہی الارب نے لکھا ہے: لَا فِيْهَا غَوْلٌ اى لَيْسَ فِيْهَا غَائِلَةُ الصُّدَاعِ یعنی جنت کی شراب میں سر چکرانے کا اثر نہ ہوگا۔

غَوْلٌ کے معنی ہلاک، بلا سختی، ناگہاں ہلاک کر دینے والی چیز، عقل کو زائل کر دینے والی ہر چیز (قاموس و منتہی الارب) ۲۳/۶

غَوٰى: واحد مذکر غائب ماضی معروف مثبت غَيٌّ اور غَوَايَةٌ مصدر غَوَايَةٌ کے معنی ہیں بہک جانا، بے راہ ہو جانا (قاموس) نادان ہونا (راغب) ناکام ہونا (تاج، لسان، راغب) امام راغب نے آخری معنی کے ثبوت میں کسی شاعر کا یہ مصرعہ لکھا ہے:

وَمَنْ يَغْوِ لَا يُعْدَمْ عَلَى الْغَيِّ لَائِمًا

ناکام ہونے والے کو ناکامی پر ملامت کرنے والا بھی ضرور ملتا ہے یعنی ایک تو ناکامی دوسرے ناکامی پر ملامت دوہری تکلیف ہوتی ہے، مطلب یہ کہ وہ بہک گیا، بے راہ ہو گیا یا نادان ہو گیا، یا ناکام ہو گیا، یا مراد ہے

Presented by Ziaraat.Com

اس کی زندگی کا مزہ جاتا رہا، عیش چھن گیا (راغب لسان) ۱۶/۱۶

مَا غَوٰی: واحد مذکر غائب ماضی معروف منفی، وہ نہیں بہکا، وہ نہیں بھٹکا (جلالین، صاوی) ۱۷/۵

غَوَيْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، غوایۃ مصدر، ہم برباد ہوئے، ہم ہلاک ہوئے، ہم بدراہ ہوئے، ہم ناکام ہوئے، ہم بھٹک گئے ۲۰/۱

غَوِیٌّ: صفتِ مشبہ بروزن نَبِیٌّ غَیٌّ مصدر بے راہ، برباد، ناکام، ہلاک، ۲۰/۵

غَيًّا: اسم فعل، گمراہی، بدراہی، امام راغب نے لکھا ہے کہ لفظِ غَیٌّ سے کبھی عذاب مراد ہوتا ہے کیونکہ گمراہی عذاب کا سبب ہے اور سبب کا اطلاق مسبب پر ہوجاتا ہے جیسے فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا کچھ مدت کے بعد وہ عذاب پائیں گے، یا اس آیت میں مضاف محذوف ہے یعنی يَلْقَوْنَ اَثَرَ الْغَيِّ وہ گمراہی کا نتیجہ پائیں گے (المفردات) ۱۹/۷

اَلْغَيِّ: اسم فعل، گمراہی، بدراہی، ۳/۲، ۹/۱۴۳

غَيَابَةِ الْجُبِّ: تاریک کنواں، کنوئیں کی اندھیری گہرائی اسی طرح غَيَابَةُ الْوَادِي پہاڑی وادی کی گہرائی اور تاریک گڑھا مثل ہے وَهُمْ فِي غَيَابَةِ ہم زمین کی ایسی گہرائی میں پہنچ گئے کہ اوپر والی ہر چیز اوجھل ہوگئی (منتہی الارب) ۱۲/۱۲

غَيْبٌ: پوشیدہ ہونا، غیر حاضر ہونا، انسان کے علم و احساس سے بالاتر ہونا، وہ چیزیں جو آدمی کی حسی اور عقلی رسائی سے خارج ہیں اور جن کا علم انبیاء کی اطلاع کے بغیر نہیں ہوسکتا، انبیاء پر آنے والی وحی، اندرون اور باطن، غیب کا استعمال قرآنِ مجید میں ان تمام معانی میں ہوا ہے، لفظِ غیب پورے قرآنِ مجید میں بصورت نکرہ کہیں نہیں آیا، مضموم بھی آیا ہے مفتوح بھی اور مکسور بھی مگر ہر جگہ معرفہ ہے کل ۴۹ مقامات پر لفظ غیب آیا ہے۔ ایک جگہ ضمیر کی طرف اضافت کی گئی ہے یعنی غیبہ فرمایا ہے، باقی ۴۸ مقامات میں یا الف لام کے ساتھ آیا ہے یا اسم ظاہر کی طرف اضافت کی شکل میں ہم ہر پارے اور رکوع کے حوالے سے تفصیل کے ساتھ آخر میں لکھیں گے لیکن چونکہ ہر جگہ آیت میں ایک ہی معنی مراد نہیں ہے اس لئے امام راغب کی تشریح کے موافق اول چند آیات کی تفسیری مراد بیان کرنا ضروری سمجھتے ہیں عَالِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ یعنی جن چیزوں کو تم دیکھتے اور جانتے ہو اور جن چیزوں کو نہیں جانتے ان سب کو اللہ جانتا ہے (الحشر آیت ۲۲) اَطَّلَعَ الْغَيْبَ (مریم ۷۸) یعنی جو چیزیں بصر اور بصیرت کی حدود سے

Presented by Ziaraat.Com

بالا ہیں اور وہاں تک کسی نظر اور تصور کی رسائی نہیں کیا
اس نے ان کو جھانک کر دیکھ لیا ہے، کیا ان کا علم
اس کو ہو گیا ہے لَا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰہُ (النمل ۶۵) جو چیزیں
مخلوق کی حس اور علمی رسائی سے خارج ہیں ان کو
آسمان و زمین کی کل کائنات سوا خدا کے نہیں جانتی
مَا کَانَ اللّٰہُ لِیُطْلِعَکُمْ عَلَی الْغَیْبِ (آل عمران ۱۷۹)
جو چیزیں تم پر ظاہر کرنے کی نہیں اور تمہاری نظر و فہم
سے ماورا ہیں ان پر تم کو اللہ اطلاع نہیں دے گا
(یا اس جگہ غیب کے معنی وحی ہیں) یعنی اللہ ایسا نہیں
کہ براہِ راست تمہارے پاس وحی بھیجکر تم کو مطلع کر دے
اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ (المائدہ ۱۰۹) یہ
حقیقت ہے ناقابلِ شک کہ مخلوق کی علمی رسائی سے
جو چیزیں پوشیدہ ہیں ان سے تو ہی بخوبی واقف
ہے وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ (الانعام ۵۹) جو
راز کائنات سربستہ ہیں اور مخلوق کا علم وہاں تک
نہیں پہنچ سکتا، اللہ ہی کے پاس ان کے کھولنے کی
کنجیاں ہیں لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا ھُوَ کا بھی یہی
مطلب ہے رَجْمًا بِالْغَیْبِ (الکہف ۲۲) بے جانے
بن دیکھے پر وہ تیر چلاتے تھے یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ (البقرہ
۲) جن چیزوں کا صحیح علم بغیر وحی کے نہیں ہو سکتا
حس اور بداہت عقل کی رسائی وہاں تک نہیں
ہو سکتی اور انبیاء وحی کے ذریعہ سے ان کی اطلاع
دیتے ہیں مثلاً اللہ کی ذات صفات قیامت حشر
نشر جنت دوزخ وغیرہ ان کو انبیاء کے بتانے
سے وہ مانتے اور یقین رکھتے ہیں، یا یہ مطلب کہ
جب وہ مسلمانوں سے الگ ہوتے ہیں کسی کے
سامنے نہیں ہوتے اس وقت بھی وہ مومن ہی
ہوتے ہیں یعنی ان کا ایمان مخلصانہ ہے دکھاوٹ
کا نہیں اَلَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّھُمْ بِالْغَیْبِ (الانبیاء
۴۹) وہ جو تنہائی میں اللہ سے ڈرتے ہیں لِلّٰہِ
غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ آسمان و زمین میں جو
چیزیں تم سے پوشیدہ ہیں اللہ ہی کو ان کا علم ہے
یا اللہ ہی ان کا خالق مالک اور متصرف ہے
حَافِظٰتٌ لِّلْغَیْبِ (النساء ۳۴) شوہروں کی غیبت
میں اپنی عزت اور ان کے مالوں کی حفاظت رکھتی
ہیں یا غیب سے مراد ہیں، وہ اعضاء جن کو لوگوں
کے سامنے ظاہر کرنا ممنوع ہے مَنْ یَّخَافُہٗ
بِالْغَیْبِ (المائدہ ۹۴) جو تنہائی میں اللہ سے ڈرتا
ہے لَمْ اَخُنْہُ بِالْغَیْبِ (یوسف ۵۲) میں نے
اس کی غیر حاضری میں اس کی امانت میں خیانت
نہیں کی فَلَا یُظْھِرُ عَلٰی غَیْبِہٖٓ اَحَدًا (الجن ۲۶)

Presented by Ziaraat.Com

اللہ اپنی وحی کی اطلاع سوائے پیغمبروں کے کسی کو نہیں دیتا، وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ (التکویر ۲۴) اللہ کا رسول وحی کے معاملے میں بخل نہیں کرتا یعنی اللہ کی بھیجی ہوئی وحی چھپا کر نہیں رکھتا مزید پہنچاتا ہے ذٰلِكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْغَيْبِ (آلِ عمران ۴۴) گذشتہ خبریں جو تمہارے زمانہ میں نہیں تھیں اور نہ تمہیں معلوم تھیں، یہ خبر انہیں میں سے ہے وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِينَ (یوسف ۶۱) ہم غیبی مصیبت سے بچا نہیں سکتے تھے یا ہم کو آنے والی چھپی بات کا علم نہیں تھا، مذکورہ بالا حوالجات سے معلوم ہوتا ہے کہ آیاتِ مصرحہ میں غیب کا استعمال پانچ معانی کے لئے ہوا ہے ۱ غیب وہ چیز ہے جہاں تک احساس اور بداہتِ عقل کی رسائی نہ ہو سکے اور انبیاء کی اطلاع کے بغیر اس کا علم ہونا ممکن نہ ہو ۲ تنہائی کا وقت لوگوں سے الگ ہو کر ۳ وحی ۴ بعض گذشتہ واقعات ۵ آئندہ واقعات، ان معانی کے علاوہ اگر کسی آیت میں استعمال ہوا ہے تو خفیف غور کرنے کے بعد اس کو انہیں معانی کی طرف لوٹایا جا سکتا ہے، کوئی جدید نوع پیدا نہیں ہو سکتی اب ہم لفظِ غیب کے محل استعمال نمبروار بیان کرتے ہیں

۱/۱ ۲/۴ ۳/۱۳ ۴/۹ ۵/۳ ۶/۳ ۷/۱۱ ۸/۱۲ ۹/۱۳ ۱۰/۱۲ ۱۱/۷

۱۲/۳ ۱۳/۴ ۱۴/۱۰ ۱۵/۱۷ ۱۶/۱۵ ۱۷/۸ ۱۸/۵ ۱۹/۱۵ ۲۰/۱۶ ۲۱/۸ ۲۲/۴ ۲۳/۷

۲۴/۱ ۲۵/۱۴ ۲۶/۷ ۲۷/۸ ۲۸/۱۲ ۲۹/۱۵ ۳۰/۱۷ ۳۱/۱۸ ۳۲/۲ ۳۳/۱۴ ۳۴/۱۷ ۳۵/۴ ۳۶/۷

۳۷/۱۹ ۳۸/۶ ۳۹/۱۱ ۴۰/۱۶ ۴۱/۱ ۴۲/۴ ۴۳/۱۲ ۴۴/۶

غُيُوبٌ: غیب کی جمع، معرفہ غَيْبٌ ۱

۴۵/۵ ۴۶/۶ ۴۷/۱۰ ۴۸/۱۶ ۴۹/۱۲ ۵۰/۱۲

غَيْثٌ: بارش، غَاثَ يَغِيثُ ماضی مضارع یہ فعل متعدی ہے کہا جاتا ہے غَاثَنِي مجھ پر بارش کی، غَيْثٌ اجوف یائی ہے اس کے مشابہ لفظِ غَوْثٌ (مددگار) ہے جو اجوف واوی ہے، غوث سے اَغَاثَ يُغِيثُ (باب افعال) ماضی مضارع آتا ہے باب استفعال میں پہنچ کر غیث اور غوث دونوں کی شکل ظاہری ایک طرح کی ہو جاتی ہے۔

امام راغب نے لکھا ہے کہ آیت وَإِنْ يَسْتَغِيثُوا يُغَاثُوا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ میں دونوں معنی کا استعمال ہے یعنی جب دوزخی مدد طلب کریں گے یا پانی مانگیں گے تو پگھلے ہوئے تانبے کا پانی ان کو دیا جائے گا یا پگھلے ہوئے تانبے کا پانی دے کر ان کی فریاد رسی کی جائے گی (المفردات)

۴۵/۱۳ ۴۶/۴ ۴۷/۱۹

غَيْرٌ: لفظِ غیر قرآنِ مجید میں ۱۱۳ جگہ آیا ہے جس کی

تفصیل ہم آخر میں لکھیں گے، اول یہ ظاہر کرنا ضروری ہے کہ ہر جگہ غیر کا استعمال ایک طرح نہیں ہے نہ ہر آیت میں ایک ہی معنی ہیں، امام راغب نے اس کی کچھ توضیح کی ہے، توضیح بجائے خود اگرچہ ناکافی ہے تاہم اس میں کسی قدر زیادتی کر کے ہم نقل کرتے ہیں۔ قرآنِ مجید میں غیر کا استعمال چار طور پر ہوا ہے، ۱ صرف نفی کے لئے جیسے بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ (القصص ۵۰) یعنی اللہ کی طرف سے ہدایت نہ ہونے کی صورت میں وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ (الزخرف ۱۸) دلیل پیش کرنے کے وقت، مناظرہ کے وقت وہ کھول کر نہیں بیان کر سکتا ۲ لفظِ اِلّا کی طرح صرف استثناء کے لئے جیسے مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ إِلٰهٍ غَيْرِي (القصص ۳۸) مجھے تمہارے لئے کوئی اِلٰہ معلوم نہیں، ہاں میں اِلٰہ ہوں مَا لَكُمْ مِّنْ إِلٰهٍ غَيْرُهُ (الاعراف ۵۹) سوا اس کے تمہارا کوئی اِلٰہ نہیں ہے هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ (الفاطر ۳) اللہ کے سوا کوئی خالق نہیں۔ ۳ اصل چیز کو باقی رکھتے ہوئے صرف ظاہری شکل وصورت کی نفی کے لئے جیسے كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُودُهُم بَدَّلْنَاهُمْ جُلُودًا غَيْرَهَا (النساء ۵۶) جب دوزخیوں کے بدن کی کھال پک جائے گی تو اللہ ان کی کھال کی صورت از سرِ نو بدل دے گا، کھال وہی ہو گی، صورت نئی پیدا ہو جائے گی ۴ صورت اور اصل شے سب کی نفی یعنی کسی چیز کی مکمل نفی کر کے دوسری چیز کو اس جگہ قائم کرنا جیسے بِمَا كُنتُمْ تَقُولُونَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ (الانعام ۹۴) تم اللہ پر ناحق بات کہتے یعنی باطل بہتان بندی کرتے تھے وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُودُهُ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ (القصص ۳۹) اس نے اور اس کی جماعت نے ملک میں باطل پر غرور کیا وَيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ (التوبہ ۳۹) تمہاری جگہ اللہ دوسری قوم کو لے آئے گا یا لے آئے ۴ أَغَيْرَ اللّٰهِ أَبْغِي رَبًّا (الانعام ۱۶۵) کیا اللہ کو چھوڑ کر میں کوئی اور رب ڈھونڈوں ائْتِ بِقُرْآنٍ غَيْرِ هٰذَا (الرعد ۱۲) یہ نہیں کوئی دوسرا قرآن پیش کرو۔

ضروری تنقیح: اگر غیر منفی کے معنی میں مستعمل ہو تو منفوب ہوتا ہے، اگر اس سے پہلے کوئی اور عامل نہ ہو اگر غیر استثنائی ہو تو مضاف الیہ کا ہونا ضروری ہے لیکن اگر بغیر مضاف الیہ کے ذکر کئے کلام کے معنی پورے طور پر سمجھ میں آجاتے ہوں اور لفظِ غیر سے پہلے لفظ لَيْسَ مذکور ہو تو مضاف الیہ کو لفظاً حذف

Presented by Ziaraat.Com

کیا جاسکتا ہے مگر معنیٔ اضافت بہر حال قائم رہے گی

سیرافی کا قول ہے کہ:

اگر اِلّا اور غیر سے پہلے لَیْسَ مذکور ہو تو مضاف الیہ کو حذف کرنا جائز ہے، اگر لَیْسَ نہ ہو بلکہ لَیْسَ کا ہم معنی کوئی دوسرا حرفِ نفی ہو تو مضاف الیہ کو حذف نہیں کیا جاسکتا، اس لئے لَاغَیْرَ کہنا غلط ہے البتہ اگر کوئی مثال کلام عربی میں ایسی مل جائے تو اس قسم کا استعمال اسی مثال پر محصور رکھا جائے گا، قیاس نہیں کیا جاسکتا۔ ابنِ مالک نے شرح تسہیل میں سیرافی کے قول کی تنقیح کے سلسلے میں ایک شعر نقل کیا ہے:

جَوَابًا بِہٖ تَنْجُوا عَتِمْ ذَوَ رَبِّنَا
لَعَنْ عَمَلٍ اَسْلَفْتَ لَاغَیْرُ تُسْاَلِ

گویا ابنِ مالک کی نظر میں لَاغَیْرُ کو غلط کہنے والے غلطی پر ہیں، لفظِ غیر مندرجہ ذیل مقامات میں استعمال کیا گیا ہے:

۱/۴ ۷، ۵ و ۱۲، ۱۵ — ۲ — ۱۱ و ۱۲، ۱۷ — ۳ — ۳ و ۷ و ۱۳ — ۴ — ۱ و ۴ و ۵ و ۸ و ۱۰ و ۱۴ و ۱۷ — ۵

۲/۵ و ۶ و ۱۴ و ۴ و ۸ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۴ و ۱۷ و ۱۹ و ۱ و ۳ و ۴ و ۵ و ۷ و ۱۱ و ۱۳ — ۶ — ۸

۸/۱۵ و ۱۶ و ۱۷ و ۱۸ و ۶ و ۷ و ۱۰ و ۱۵ — ۹ — ۷ و ۱۲ — ۱۰ — ۷ و ۸ — ۱۱ — ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ — ۱۲

۱۳/۷ و ۱۸ و ۱۹ — ۱۴/۸ و ۹ و ۱۳ و ۱ و ۲۱ — ۱۵/۸ و ۲۲ و ۱۰ — ۱۶/۸ و ۱۱ و ۱۳ — ۱۷/۲ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۴ — ۱۸

۱۹/۶ و ۱۶ و ۱۷ — ۲۰/۷ و ۸ و ۱۰ — ۲۱/۴ و ۱۲ و ۱۷ و ۹ و ۱۱ — ۲۲/۴ و ۱۳ و ۱۶ — ۲۳/۱۲ و ۱۶ و ۱۷

۲۴/۴ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۵ و ۱۶ — ۲۵/۵ و ۸ — ۲۶/۲ و ۸ و ۱۱ و ۱۷ — ۲۷/۱ و ۶ و ۱۶

۲۹/۳ و ۷ و ۱۵ — ۳۰/۹ و ۲۰

غِیْضَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول، غَیْضٌ مصدر اور اسم فعل، پانی کو زمین میں جذب کر دیا گیا، پانی خشک کر دیا گیا (باب ضرب) ۱۱/۴۴

اَلْغَیْظِ: اسم فعل معرف باللام (حالتِ جر) سخت غصہ، وہ گرمی جو انتہائی غضب کے وقت دل میں محسوس ہوتی ہے (المفردات و معجم) ۴/۳

اَلْغَیْظَ: اسم فعل معرف باللام (حالتِ نصب) ۴/۵

غَیْظَ: اسم فعل۔ حالتِ نصب۔ ۱۰۰/۸

بِغَیْظِکُمْ: با حرفِ جر، غَیْظ مضاف، کُمْ ضمیر مضاف الیہ، اپنے غصہ میں مرجاؤ، ۴/۳

بِغَیْظِهِمْ: با حرفِ جر، غَیْظ مضاف، ہِمْ ضمیر مضاف الیہ، ۲۱/۱۹

باب الفاء

ف: حرفِ فَ قرآنِ مجید میں ۲۳۶۱ مرتبہ سے بھی زیادہ آیا ہے لیکن سب مقامات پر ایک ہی معنی کے لئے استعمال کیا گیا، سیاق و سباق کو دیکھ کر اہلِ تفسیر نے ہر جگہ فَ کا خصوصی فائدہ بیان کیا ہے

Presented by Ziaraat.Com

جو جامع البیان، روح المعانی، کبیر اور دوسری بڑی بڑی تفسیروں میں ہر آیت اور آیت کے ہر ٹکڑے کے ذیل میں آتا ہے، تئیس چوبیس مقامات میں استعمال کئے ہوئے حرف کا الگ الگ بیان تو اس مختصر رسالے کی وسعت سے خارج ہے تاہم اتنا بالاجمال جان لینا ضروری ہے کہ اکثر مقامات پر قرآنِ مجید میں ف کو عطف کے لئے استعمال کیا ہے تعقیب ہو یا نہ ہو، سببی ہو یا غیر سببی۔

ہم بطور تمثیل چند آیات نقل کر کے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ قرآنِ مجید میں ف کو کس کس معنی کے لئے استعمال کیا گیا ہے جو طالب قرآن پوری توضیح چاہتا ہے اس کو طویل الذیل تفسیروں کی طرف رجوع کرنا چاہیئے یا کم سے کم ہماری تفسیر بیان السبحان کا ہی مطالعہ کر لینا چاہیئے ف کا استعمال مختلف معانی کے لئے ہوا ہے۔

۱۔ عاطفہ مع ترتیب یعنی جس طرح کسی واقعہ کی ترتیب حقیقت میں تھی اسی ترتیب کے ساتھ اس کو بیان بھی کیا جیسے فَرَاغَ اِلٰٓی اَھْلِہٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِیْنٍ فَقَرَّبَہٗٓ اِلَیْھِمْ یعنی ابراہیم کے گھر انجان مہمان آئے تو وہ اپنے گھر گئے پھر ایک (بھنا ہوا) موٹا بچھڑا لے کر آئے پھر مہمان کے سامنے رکھا (الذاریات، آیت ۲۶-۲۷) فراء نحوی ترتیب کا منکر ہے کہتا ہے ف مطلق عطف کے لئے آتا ہے ترتیب کے لئے نہیں، جمہور علماء نحو کی تنقیح فراء کے خلاف ہے ان کے نزدیک ف کا واؤ سے اصلی وضعی فرق ہی یہ ہے کہ واؤ مطلق عطف کے لئے آتا ہے اور ف کے عاطفہ ہونے میں ترتیبِ ذکری کا ترتیبِ واقعی کے موافق ہونا ضروری ہے۔

ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَۃَ عَلَقَۃً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَۃَ مُضْغَۃً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَۃَ عِظٰمًا یعنی ہم نے نطفہ بنایا پھر نطفہ کو خون کا لوتھڑا بنایا پھر لوتھڑے کو بوٹی بنایا پھر بوٹی کو ہڈیاں دیں (المؤمنون آیت ۱۴)

۲۔ عطف مع تعقیب یعنی مابعد ف کا ماقبل ف سے اتنی دیر پیچھے آنا جتنی تاخیر ضروری ہو جیسے حضرتِ مریم کے واقعہ میں ہے اور سورہ مریم کی آیت ۲۱ سے شروع ہو کر آیت ۲۸ پر ختم ہوا ہے۔

فَحَمَلَتْہُ فَانْتَبَذَتْ بِہٖ ------ فَاَجَآءَھَا الْمَخَاضُ ------ فَنَادٰىھَا ------ فَکُلِیْ وَاشْرَبِیْ ------ فَاِمَّا تَرَیِنَّ ------ فَقُوْلِیْٓ ------ فَاَتَتْ بِہٖ قَوْمَھَا ------ فَاَشَارَتْ

ہم نے وسط میں نقطے لگا کر بتایا ہے کہ پہلے

Presented by Ziaraat.Com

اور دوسرے ٹکڑے میں جتنا فصل واقع ہیں ہوا تھا، قرآنِ مجید نے طرزِ بیان میں اس فصل کو پیشِ نظر نہ رکھا اور تذکرہ میں بھی اول کے بعد دوسرے کو اور دوسرے کے بعد تیسرے کو اور تیسرے کے بعد چوتھے کو اور چوتھے کے بعد پانچویں کو پھر چھٹے کو پھر ساتویں کو پھر آٹھویں ٹکڑے کو فصل دے کر بیان کیا۔ پورا قصہ اس طرح ہے: جبرئیل کے پھونکنے کے بعد مریم حاملہ ہوگئیں، حاملہ ہونے کے کچھ وقت یا دنوں کے بعد سب لوگوں سے الگ ایک دور جگہ پر چلی گئیں اور گوشہ گیر ہوگئیں جب حمل کی مقررہ مدت گزر گئی تو دردِ زہ سے مجبور ہوکر درخت کے ایک تنے کے نیچے آگئیں، درد کی تکلیف سے مجبور ہوکر موت کی تمنا کرنے لگیں، اتنے میں غیبی: آئی، غمگین اور رنجیدہ نہ ہو اللہ نے تیرے نیچے چشمہ جاری کر دیا ہے، کھجور کے (خشک) تنے کو ہلا، تازہ کھجوریں گریں گی مریم نے تنے کو ہلایا کھجوریں گریں اللہ نے فرمایا کھجوریں کھا، چشمہ کا پانی پی، بچے سے آنکھوں کو ٹھنڈا کر، بچے کو اٹھا کر لے جا، اگر کوئی پوچھے تو (اشارہ سے) کہہ دینا میں نے روزے کی منت مانی ہے میرا روزہ ہے کسی شخص سے بات نہیں کروں گی۔ مریم بچے کو اٹھا کر آبادی کی طرف لائیں، لوگوں نے دیکھا کہا مریم تو نے برا کام کیا تیرا باپ برا آدمی نہ تھا اور تیری ماں بھی بدکار نہ تھی، مریم نے بچے کی طرف اشارہ کیا کہ ۔۔۔ سے پوچھو قصہ مزید تفصیل طلب ہے ہم نے مختصر طور پر ذکر کیا ہے، دیکھو ف کہاں کہاں اور کتنے فاصلے سے آئی ہے پس وہ حاملہ ہوگئی پھر حمل کو لیکر گوشہ گیر ہوگئی ۔۔۔۔۔ پھر دردِ زہ اس کو کھجور کے تنے کے پاس لے گیا ۔۔۔۔۔ پھر اس کو ندا آئی ۔۔۔۔ پھر کہا اور پی ۔۔۔۔ پھر اگر تو کسی کو دیکھے ۔۔۔۔۔ پس کہہ دینا ۔۔۔۔۔ پھر وہ بچے کو لے کر قوم کے پاس آئی ۔۔۔۔ پھر بچے کی طرف اس نے اشارہ کیا۔

۳ عطف سببی کے لئے یعنی ف کا ماقبل مابعد کے لئے سبب ہو جیسے فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ آدم نے اپنے رب سے چند (دعائیہ) الفاظ سیکھ لئے (اور دعا کی) تو اللہ نے ان کی توبہ قبول کر لی، الفاظ سیکھنا اور دعا کرنا توبہ قبول ہونے کا سبب ہے۔ (البقرہ ۳۷)

۴ سببیت محض بلا عطف جیسے فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ (کوثر ۲) عطیۂ کوثر شکریہ کا سبب ہے جس کا مظاہرہ نماز اور قربانی سے ہوتا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

۵ محض جواب کے لئے جیسے اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ (المائدہ ۱۱۸)

۶ بالکل زائد جیسے بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ (الزمر ۶۶)

۷ استیناف یعنی آغازِ کلام کے لئے جیسے كُنْ فَيَكُوْنُ (البقرہ ۱۱۷)

اَفَ: یہ لفظ اصل میں فَ اُفَ تھا، فَ حرفِ عطف اور ہمزہ سوالیہ ہے۔ پس کیا، پھر کیا، اُفَ پورے قرآن میں تقریباً ۱۱۴ جگہ آیا ہے۔

فَاءَتْ: واحد مؤنث غائب، ماضی معروف فَيْءٌ مصدر، لوٹ گئی، باب افعال میں پہنچکر یہ لفظ متعدی ہو جاتا ہے (دیکھو اَفَاءَ باب الالف فصل الفاء) ۲۶/۱۳

فَاءُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف فَيْءٌ مصدر، اگر وہ قسم سے لوٹ جائیں۔ ۲/۱۲

اَلْفَاتِحِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر (حالتِ جر) فَتْحٌ ماضی يَفْتَحُ مضارع، فَتْحٌ مصدر واسم فعل، فیصلہ کرنے والے، حق و باطل کو الگ الگ کر دینے والے، ۹/۱

فَاتَكُمْ: واحد مذکر غائب ماضی معروف كُمْ مفعول فَوْتٌ مصدر واسم فعل، تم سے فوت ہو جائے، تمہارے ہاتھ سے نکل جائے، تم سے چھوٹ جائے، تم سے بچ کر نکل جائے، ۴/۷ ۲۷/۱۹ ۲۸/۸

بِفَاتِنِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، حالتِ جر، فِتْنَةٌ مصدر واسم فعل فُتُوْنٌ مصدر، باب ضرب، تم بہکا نہیں سکتے، ۲۳/۹

فَاجِرًا: اسم فاعل واحد مذکر، حالتِ نصب، فُجُوْرٌ مصدر، باب نصر۔ دین کا پردہ پھاڑنے والا، علی الاعلان گناہ کرنے والا، حق سے انحراف کرنے والا، ۲۹/۱۰

فَاحِشَةً: اسم، حد سے بڑھی ہوئی بدی، (قاموس) ایسی بے حیائی جس کا اثر دوسروں پر پڑے (مرزا ابوالفضل) ہر وہ چیز جس کی ممانعت اللہ نے کر دی ہے (منتہی الارب) بُرا قول یا عمل (النور ۲۹) زنا۔ ابنِ عباس (النساء ۱۴) برہنہ ہو کر کعبہ کا طواف کرنا (الاعراف ۲۷) ۴/۱۴ ۵/۱ ۸/۱۰ ۱۵/۴ ۱۸/۸ ۱۹/۱۹ ۲۰/۵ ۲۱/۲۰ ۲۸/۱۷

فَارَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف فَوْرٌ فُوْرٌ اور فَوَرَانٌ مصدر، جوش مارا، ابلا (باب نصر) کبھی یہ فعل متعدی بھی آتا ہے جیسے فَارَتْ اَنَا میں اس کو جوش میں لایا، ۱۲/۴ ۱۸/۲

فَارِضٌ: اسم فاعل واحد مذکر، مادہ فَرْضٌ، فرض کے معنی کسی ٹھوس چیز کو کاٹ دینا (راغب) فارض سے مراد وہ بیل یا گائے جس نے اپنی جوانی کی عمر کاٹ دی ہو، اور عمر رسیدہ ہو گئی ہو (جلالین) یا زمین کو کاٹنے یعنی جوتنے والا بیل یا سخت کاموں کو کاٹنے والا اور برداشت کرنیوالا بیل (راغب) ۲/۸

فَارِغًا: اسم فاعل واحد مذکر، حالتِ نصب، فَرَاغَتْ اسم مصدر، بے صبر، صبر سے خالی یا خوف سے خالی ۲۸/۱۰

اَلْفَارِقَاتِ: اسم فاعل جمع مؤنث (حالتِ جر) اَلْفَارِقَةُ واحد فَرْقٌ مصدر، قرآنِ مجید کی آیات جو حق کو باطل سے جدا کرتی ہیں (محلی، کذا رواہ ابن جریر عن قتادۃ) یا اللہ کے حکم کے مطابق اشیاء کو الگ الگ کرنے والے فرشتے (راغب) یا حق کو باطل سے جدا کرنے والے فرشتے (منتہی الارب وروی ابن المنذر عن ابن عباس ہکذا ونقل ابن کثیر الاجماع علیہ) یا بادلوں کو الگ الگ کر دینے والی ہوائیں (مجاہد) ۲۹/۲۱

فَارِقُوْا: جمع مذکر امر حاضر معروف، مُفَارَقَةٌ مصدر، باب مُفَاعَلَةٌ، فرق مادہ، چھوڑ دو، الگ کر دو یعنی ارادۂ طلاق رکھتے ہوئے رجوع مت کرو بلکہ اس حد تک ان کو چھوڑ دو کہ ان کی عدت کا زمانہ ختم ہو جائے (محلی) ۲۵/۱۷

فَارِهِيْنَ: جمع مذکر اسم فاعل، حالتِ نصب، فَارِهٌ واحد، مہارت کے ساتھ یا غرور کے ساتھ اترانے ہوئے (راغب) محلی نے لکھا ہے کہ فَارِهِيْنَ کی قراءت پر ترجمہ ہوگا، مہارت اور ہنر کے کمال کے ساتھ اور فَرِهِيْنَ کی قراءت پر ترجمہ ہوگا اترانے ہوئے (جلالین) امام راغب اور محلی دونوں کی تشریح اس جگہ مجمل ہے، اہلِ لغت نے لکھا ہے کہ فَرُهَ فَرَاهَةً وَفَرَاهِيَةً (باب کَرُمَ) کے معنی ہیں دانا ہو گیا، ماہر ہو گیا، اس سے اسم فاعل فَارِهٌ آتا ہے جس کی جمع فَارِهِيْنَ فَرِهَ فَرَهًا (باب سَمِعَ) کے معنی ہیں اترایا، مٹک کر چلا، اس سے صفتِ مشبہ کا صیغہ فَرِهٌ بروزن کَتِفٌ آتا ہے جس کی جمع فَرِهِيْنَ ہے یعنی اترانے والے (قاموس)

پروفیسر عبدالرؤف مصری نے لکھا ہے کہ فَرِهِيْنَ یا فَارِهِيْنَ میں ھا ہوز حاء حطی کے عوض آئی ہے اصل میں فَرِحِيْنَ یا فَارِحِيْنَ تھا جیسے مَدَحْتُهُ مَدَهْتُهُ پڑھنا جائز ہے (معجم القرآن) اور چونکہ فرحین اور فارحین دونوں کے معنی ہیں اترانے والے غرور کے ساتھ خوش ہونیوالے، اس لئے حاذق اور ماہر کا ترجمہ کسی صورت میں نہ ہوگا۔ ۱۹/۱۲

Presented by Ziaraat.Com

فَازَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، فَوْزٌ مصدر واسم فعل، مَفَازَۃٌ بھی مصدر ہے، کامیاب ہوا، فتح پائی، مصیبت سے نجات پائی۔

امام راغب نے لکھا ہے کہ فَوْزٌ کے معنی ہیں حصولِ سلامتی کے ساتھ خیر کو پالینا (المفردات) جلال الدین سیوطی اور محلی نے لکھا ہے فَازَ غَایَۃَ مَطْلُوْبِہٖ اپنا انتہائی مقصد پالیا، ۴/۱۰ ۲۲/۶

فَاسِقٌ: اسم فاعل واحد مذکر فِسْقٌ اور فُسُوْقٌ مصدر فَسِیْقٌ بدکردار، راستی سے نکل جانے والا۔ فُسَّقٌ ہمیشہ اللہ کی نافرمانی کرنے والا، بدچلن مرد، فَسَاقٌ نافرمان، بدچلن عورت فُسُوْقٌ کا لغوی ترجمہ ہے کھجور کا اپنے چھلکے کے اندر سے باہر نکل آنا (قاموس) اصطلاح شریعت میں فسق کے معنی ہیں حدودِ شریعت سے نکل جانا، گناہ کرنا یا کفر عمداً عملی گناہ کو فسق کہا جاتا ہے اور ضروریاتِ دین کے انکار کو کفر، فاسق کے معنی ہوئے اللہ کی طاعت سے خارج ہونے والا، قاموس میں ہے فَسَقَ کے معنی میں جَارَ (جور کیا) اور فَسَقَتِ الرُّطَبَۃُ عَنْ قِشْرِھَا کھجور اپنے چھلکے سے باہر نکل آئی اسی سے فاسق بنایا گیا کیونکہ فاسق بھی خیر سے باہر نکل آتا ہے عرب جاہلیت کے کلام یا شعر میں یہ لفظ نہیں آیا

مختار میں ہے کہ ابن اعرابی کا جو یہ قول ہے کہ جاہلیت کے کلام یا شعر میں لفظِ فاسق نہیں آیا، عجیب قول ہے لفظِ فاسق تو عربی لفظ ہے۔

صاحبِ مصباح نے لکھا ہے یہ لفظ فصیح عربی ہے اور قرآن میں بھی آیا ہے (حکاہ السرقسطی) تاج، لسان اور محیط المحیط میں بھی اسی طرح مذکور ہے، حاصل یہ کہ ابن اعرابی کے قول کو نقل کرنے والوں کی روایت میں اختلاف ہے، راغب کی روایت کے بموجب ابن اعرابی کے نزدیک عربی زبان میں لفظ فاسق کا اطلاق کسی انسان پر نہیں سنا گیا یعنی لفظ اگرچہ عربی ہے لیکن انسان پر اس کا اطلاق سننے میں نہیں آیا، مختار، تاج، لسان وغیرہ کی روایات کے بموجب ابن اعرابی لفظِ فاسق کے جاہلی ہونے کا منکر ہے بہرحال قرآن میں یہ لفظ آیا ہے، اس لئے فصیح عربی ہے، ۲۶/۱۳

فَاسِقًا: اسم فاعل واحد مذکر، حالتِ نصب، (دیکھو لفظِ فاسق) ۲۱/۱۵

فَاسِقُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، حالتِ رفع، فَاسِقٌ واحد (دیکھو لفظِ فَاسِقٌ) ۱/۱۲ ۳/۱۷ ۴/۳ ۶/۱۳ و ۱۵ ۸/۱۵ و ۱۷ ۱۰/۷ ۱۸/۱۳ ۲۶/۴ ۲۷/۱۸ و ۲۰ ۲۸/۶

فَاسِقِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، حالتِ نصب و جر،

Presented by Ziaraat.Com

فاسق واحد، نافرمانِ خدا (دیکھو لفظِ فَاسِقٌ) ۱/۳ ۶/۸ ۷/۴ ۹/۳ ۱۰/۹ ۱۱/۱ ۱۷/۵ ۲۰/۷ ۲۵/۱۱ ۲۷/۱ ۲۸/۴ ۹/۱۳

اَلْفَاصِلِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، حالتِ جر، فَصْلٌ مصدر، فَاصِلٌ واحد، فیصلہ کرنے والے، حق کو باطل سے الگ کرنے والے، ۷/۱۳

فَاطِرُ: اسم فاعل واحد مذکر، فَطْرٌ مصدر (باب نصر وضرب) عدم کو پھاڑ کر وجود میں لانے والا، نیست سے ہست کرنے والا، اہلِ تفاسیر نے اس کا ترجمہ مُبدِع کیا ہے یعنی بغیر نظر و مثال کے عدم محض سے عالمِ وجود میں لانے والا، لغت میں فَطْرٌ کے معنی ہیں پھاڑنا (قاموس وصحاح) اللہ بھی کائنات کو عدم کا پردہ پھاڑ کر وجود میں لایا ہے اس لئے ان کو فاطر کہا جاتا ہے، ۷/۸ ۱۳/۱۵ ۱۶ ۲۲/۱۳ ۲۴/۲ ۲۵/۳

فَاعِلٌ: اسم فعل واحد مذکر، فَعْلٌ مصدر، فِعْلٌ اسم مصدر یعنی کردار اور عمل، فَعِلَةٌ خصلت، عادت، فَعَلَ ماضی یَفْعَلُ مضارع (باب فتح) کرنے والا، ۱۵/۱۶

فَاعِلِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر (حالتِ نصب) فَاعِلٌ واحد، کرنے والے۔ سورۃ الحجر رکوع ۵ پارہ ۱۴ میں جو یہ لفظ آیا ہے اس سے مراد ہے نکاح کرنے والے (سیوطی) یا ضمانت میں مکفول کرنے والے، (معجم القرآن) ۱۲/۱۲ ۱۴/۵ ۲/۱۶ ۵/۱۶ ۷/۱۷

فَاعِلُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر (حالتِ رفع) کرنے والے، یہ لفظ جو پارہ ۱۸ رکوع ۱ میں آیا ہے اس سے مراد ہے ادائے زکوٰۃ کرنیوالے، (بیضاوی) ۱۳/۲ ۱۸/۱

فَاقِرَةٌ: اسم فاعل واحد مؤنث، یہ اگرچہ اسم فاعل مؤنث ہے لیکن غالباً ان اسماء کی جگہ اس کا استعمال ہوتا ہے جو موصوف سے بے نیاز ہیں اور بغیر کسی ذات کے ان کا استعمال ہوتا ہے جیسے دَاهِيَةٌ حَادِثَةٌ اسی لئے منتہی الارب میں اس کا ترجمہ بلاء وسختی لکھا ہے اور محلی نے فقراتِ ظہر یعنی پشت کے مہرے (کُبے) توڑ دینے والی مصیبت کہا ہے۔ ۲۹/۱۷

فَاقِعٌ: اسم فاعل واحد مذکر فَقْعٌ فَقَعٌ فُقُوْعٌ تینوں مصدر ہیں (باب فتح ونصر وسمع) گہرا زرد یا خالص زرد (جلالین، بیضاوی، مدارک، معجم القرآن، خازن) قاموس اور تاج وغیرہ میں گہرا زرد، خالص زرد، گہرا سرخ اور خالص سرخ بھی فاقع کی تشریح میں لکھا ہے بلکہ مادہ فَقْعٌ سے دوسرے صفت کے صیغے بیشتر سرخ رنگ کے لئے ہی استعمال ہوتے ہیں جیسے نَقِعٌ سرخ فُقَاعٌ سرخ رنگ والا،

Presented by Ziaraat.Com

لیکن اَفقع بہت زیادہ سفید کو کہتے ہیں اگر زردی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے تو فَقَعَ فَقْعًا (باب فتح) اور فَقَعَ فُقُوْعًا (باب نصر) سے آتا ہے اور سرخی کے لئے مستعمل ہو تو فَقِعَ فَقَعًا سے آتا ہے اس جگہ زرد مراد ہے اس کے تمام افعال باب فتح یا نصر سے آئیں گے (تاج قاموس وغیرہ) ۸/۱

فَاكِهَةٌ: ہر قسم کا میوہ سیب انگور انار وغیرہ، یہ اسم فاعل کا صیغہ بھی ہے بروزن فَاعِلٌ تاء آخر میں مبالغہ کی ہے، فَاكِهَةٌ ظریف اور ہنس ہنس کے باتیں کرنے والے کو کہتے ہیں اور فَارِكَةٌ بہت زیادہ ہنس مکھ ظریف دوستوں سے ہنسی کرنیوالے اور چوب ٹھٹے لگانے والے کو کہتے ہیں (قاموس) بعض نے انگور اور انار کو فواکہ میں شمار نہیں کیا ہے (معجم) آیات میں مراد پھل اور میوے ہیں (خازن)

۲۳/۳۳ ۲۵/۱۳ ۲۷/۳ ۳۰/۵
۱۳ ۱۶ ۱۱ و ۱۳ و ۱۵

فَاكِهِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، فَاكِهَةٌ واحد (حالت نصب) فُكَاهَةٌ اسم مصدر، محلی نے اس کا ترجمہ کیا ہے نَاعِمِيْنَ یعنی آرام پانے والے یا مزہ اڑانے والے، صاوی نے اس کی تائید کے بعد یہ بھی لکھا ہے کہ فٰكِهِيْنَ کے معنی ہیں استہزاء کرنے والے، صاحب معجم القرآن نے لکھا ہے کہ فٰكِهِيْنَ اور فَاكِهِيْنَ کے معنی ہیں مسلمانوں کا مذاق بنا کر مزے اڑانے والے یا دل لگی کرنیوالے، ۲۵/۱۴ ۲۷/۳

فَاكِهُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، فَاكِهَةٌ واحد، (حالت رفع) آرام پانیوالے یا راحت پانیوالے، ۲۳/۳

فَالِقُ: اسم فاعل واحد مذکر، فَلْقٌ مصدر، پھاڑنے والا، بیج اور گٹھلی کو پھاڑ کر سبزہ نکالنے والا، تاریکی کو پھاڑ کر صبح نکالنے والا۔ ۷/۱۳

فَانٍ: اسم فاعل واحد مذکر، اصل میں فَانِیٌ تھا، فنا ہونے والا، بالکل معدوم ہو جانے والا، ماضی فَنِیَ مضارع یَفْنٰی (باب سمع) محلی نے فانی کا ترجمہ ہالک لکھا ہے لیکن علامہ تفتازانی کا جو قول عقائد نسفی کی شرح میں جنت و نار کی بحث میں ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ ہالک فانی سے جدا چیز ہے جس چیز کی ہیئت ترکیبی زائل ہو جائے جو اجزاء الگ الگ باقی رہیں اس کو ہالک کہتے ہیں، كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ کا یہی مطلب ہے اور فانی وہ ہے جو معدوم ہو جائے۔ ۲۷/۱۱

فَاهُ: فَا مضاف هُ ضمیر مضاف الیہ (حالت نصب) اس کے منہ کو، اس کے منہ تک، فَاهٌ بھی منہ کو کہتے ہیں، اس وقت هُ ضمیر کی نہیں ہے اور نہ حالت نصبی ہے اس طرح فِيْهِ، فُوْهَةٌ فَمٌ سب کے معنی

Presented by Ziaraat.Com

منہ کے ہیں، اَفْوَاہٌ جمع ہے (قاموس، صحاح) ۱۳/۸

فَائِزُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر (حالت رفع) فَائِزٌ، واحد، کامیاب، انتہائی مقصود پانیوالے (دیکھو فَازَ)

۱۰/۹ ۱۸/۶ ۲۸/۱۳

فَتْحٌ: مصدر اور اسم فعل، فتح کا استعمال قرآنِ مجید میں تین طرح ہوا ہے ۱ اس ظاہری بندش کو جو آنکھوں سے دیکھ سکتی ہو، دور کر دینا، کھول دینا ۲ مصائب کو دور کر دینا، زائل کر دینا ۳ علمی بندش کھول دینا، شبہات دور کر دینا، جہالت کے پردے ہٹا دینا، تفصیل و توضیح ابھی آتی ہے، ۵/۱۷ ۲۸/۱۰

اَلْفَتْحُ: اسم فعل (حالتِ جر) کامیابی وغیرہ، ۶/۱۲ ۲۷/۱۷ ۲۱/۱۶

فَتْحًا مُّبِيْنًا: اسم فعل نکرہ (حالتِ نصب) کھلی فتح مراد فتح مکہ یا علم و ہدایت کا دروازہ کھول دینا (راغب) ۲۶/۹

فَتْحًا قَرِيْبًا: اسم فعل نکرہ (حالتِ نصب) مراد فتح خیبر (محلی) جو حدیبیہ سے چھ مہینے بعد ۷ھ میں ہوئی (رواہ عکرمۃ والشعبی) ۲۶/۱۱ (۱۲)

فَتْحًا: مصدر نکرہ (مفعول مطلق) فیصلہ کر دینا۔ ۱۹/۷

اَلْفَتْحُ: اسم فعل (حالتِ رفع) یہ لفظ تین جگہ آیا ہے، ۹/۱۶ ۲۱/۱۶ ۳۰/۳۵

پارہ ۹ رکوع ۱۶ میں فیصلۂ ہلاکت مراد ہے یعنی جن کافروں نے دعا کی تھی ان کی ہلاکت کا فیصلہ آپہنچا (سیوطی)، پارہ ۲۱ رکوع ۱۶ میں بھی آخری فیصلہ مراد ہے اور پارہ ۳۰ رکوع ۳۵ میں فتح مکہ مراد ہے (محلی) امام راغب کے نزدیک حکم اور عملی بھی مراد ہونا جائز ہے۔

اَلْفَتَّاحُ: اسم فعل (حالتِ جر) ۱۶/۱۲ ۲۷/۱۷ ۲۱/۱۶

پارہ ۱۶ اور ۲۷ میں کامیابی نصرت اور فتح مراد ہے اور پارہ ۲۱ میں فیصلہ اور حکم (محلی) امام راغب نے کہا یا شبہات کو زائل کرنے کا دن یا عذاب کھول دینے کا دن (المفردات)

فَتَحَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، فَتْحٌ، مصدر، علم دیا (سیوطی) کھول کر بیان کر دیا (عباسی) ۱۰/۹

فُتِحَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی مجہول، کھول دیا گیا، پھاڑ دیا جائے گا، ۱۷/۷ ۲۴/۵ ۳۰/۱

پارہ ۱۷ اور ۲۴/۵ میں مراد ہے کھولدیا گیا اور پارہ ۳۰/۱ میں مراد ہے پھاڑ دیا جائے گا (محلی) یعنی ۳۰/۱ میں آسمان کے دروازے کھول دینا مراد نہیں ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ آسمان پھاڑ دیا جائے گا (صاوی)

فَتَحْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، فَتْحٌ، مصدر ۷/۱۱

۹/۲ ۱۴/۱ ۱۵/۴ ۲۶/۹ ۲۷/۸

پارہ ۷/۱۱ میں توسیعِ رزق مراد ہے، پارہ ۹/۲ میں بھی یہی مراد ہے ۱۴/۱ میں محسوس طور پر کھول دینا

Presented by Ziaraat.Com

مراد ہے، ۱۸/۴ میں غیر محسوس دروازہ کھولنا مراد ہے یعنی بدر کی شکست اور کافروں کا قتل، ۲۶/۹ میں فتحِ مکہ کا فیصلہ کرنا مراد ہے اور ۲۷/۸ میں بکثرت پانی برسانا، (معالم، مدارک و خازن)

فَتَحُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف فتح، انہوں نے کھولا، ۱۳/۲

اَلْفَتَّاحُ: صیغہ مبالغہ، بہت بڑا فیصلہ کرنیوالا، ۲۲/۹

فَتْرَةٍ: اسم فعل مصدر، دھیما ہو جانا، سست ہو جانا کسی نبی کی شریعت کا دھیما پڑ جانا اور آئندہ نبی کا اس وقت تک مبعوث نہ ہونا، دونوں کے درمیانی وقفہ کو فترۃ کہتے ہیں، (راغب) سیوطی نے فترۃ کا ترجمہ کیا ہے، منقطع ہونا (جلالین) ۶/۷

فَتَقْنٰهُمَا: جمع متکلم ماضی معروف، فَتْقٌ مصدر، فتق کے معنی ہیں پھاڑ دینا، جڑی ہوئی چسپاں چیز کو الگ الگ کر دینا، عطاء، قتادہ اور ابنِ عباس کے ایک قول سے معلوم ہوتا ہے کہ زمین آسمان پہلے باہم جڑے ہوئے تھے پھر اللہ نے ان کو جدا جدا کر دیا (کمالین) محلی کے ایک قول سے بھی یہی مستفاد ہوتا ہے، محلی کا دوسرا قول یہ ہے کہ آسمان کا فتق ہے پانی برسانا اور زمین کا فتق ہے سبزہ اگانا پہلے آسمان سے پانی نہیں برستا تھا نہ زمین سے سبزہ اگتا تھا، پھر اللہ نے ان میں یہ قابلیت پیدا کی، قاضی بیضاوی نے اس قول کو نقل کیا ہے مگر اس کے ضعف کو اشارۃً ظاہر بھی کیا ہے حقیقت میں یہ قول عطیہ اور عکرمہ کا ہے اور حاکم کی روایت کے بموجب حضرت ابنِ عباس سے بھی یہ تفسیر مروی ہے، ۱۷/۳

فِتْنَةً: ۹/۱۷ ۱۷/۱۴،۳ ۱۸/۱۷ ۲۳/۷ ۲۷/۹ ۲۵/۷ ۲۹/۱۵

فِتْنَةٌ: ۱/۱۱ ۲/۷ ۶/۱۴ ۹/۱۹ ۱۰/۶ ۱۷/۹،۷ ۱۸/۱۵ ۲۴/۲ ۲۸/۱۶

اَلْفِتْنَةُ: ۲/۱۱

اَلْفِتْنَةَ: ۱۰/۱۳ ۲۱/۱۸

اَلْفِتْنَةِ: ۳/۷ ۵/۹

فِتْنَةً لِّلنَّاسِ: ۲/۱۳

لغت میں فتن کے معنی ہیں سونے کو آگ میں تپا کر کھرا کھوٹا جانچنا یا آگ میں ڈالنا (تاج) قرآن مجید میں لفظِ فتنہ اور اس کے مشتقات کو مختلف معانی کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔

۱۔ آزمائش اور آزمائش کرنا، ۱/۱۱ ۱۷/۷ ۲۴/۲ ۲۸/۱۶ ۱۷/۱۴،۳ ۱۸/۱۷ ۲۷/۹ ۲۹/۱۵ ۹/۹

۲۔ آفت، مصیبت، ۶/۱۴ ۱۷/۹ ۱۸/۱۵ ۹/۱۷

۳۔ فساد، ۳/۷

Presented by Ziaraat.Com

۴ فساد انگیزی، فساد ڈالنا، ۲/۱۱ ۹/۵ ۱۰/۱۳

۵ باہم فساد، خانہ جنگی، ۲۱/۱۸

۶ کفر، ۹/۱۹

۷ بدنظمی، خرابی، ۲/۲

۸ تختۂ مشق، عبرت، یعنی ہم کو ان کا تختۂ مشق نہ بنا، ابنِ عباس نے فرمایا ان کو ہم پر مسلط نہ کر کہ وہ ہم کو دکھ دے سکیں، بیضاوی میں ہے ہم کو آزمائش کا مقام نہ بنا، ۲۸/۷

۹ ایذاء، ۲/۱۳

۱۰ دکھ، عذاب، ۲۳/۷ ۲۶/۱۸

۱۱ عذر، ۷/۹

فِتْنَتُكَ: فِتْنَۃٌ مضاف، كَ ضمیر مضاف الیہ تیری آزمائش، ۹/۹

فِتْنَتَكُمْ: فِتْنَۃٌ مضاف كُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ، تمہارا عذاب، تم پر عذاب ۲۶/۱۸

فِتْنَتَهُمْ: فِتْنَۃٌ مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، مضاف الیہ، ان کا عذر (ابن عباس) ۷/۹

فَتَنَّا: جمع متکلم ماضی معروف، ہم نے آزمائش میں ڈالا، ہم نے آزمائش کی، ہم نے سزا دی، ہم نے مصیبت سے بچایا، ۷/۱۲ ۱۶/۱۱ ۱۳/۱۱ ۲۰/۱۳ ۲۳/۱۲ ۲۵/۱۴

پارہ ۱۶/۱۱ میں متواتر تکلیفوں اور دکھوں سے بچا لینے کے معنی ہیں (ابن عباس) اور ۷/۱۲ میں سزا دینے کے معنی ہیں باقی مقامات پر آزمائش کے۔

فُتِنْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی مجہول، تمہاری آزمائش کی گئی، ۲۷/۱۸

فُتِنُوا: جمع مذکر غائب ماضی مجہول، ان کو ایذاء دی گئی، ان کو دکھ دیا گیا، ۱۴/۲

فَتَنُوا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، انہوں نے ایذا دی، دکھ دیا۔ ۳۰/۱۰

فُتُونًا: اسم فعل، مصدر، آزمائش اور آزمانا، یہ لفظ جمع بھی ہے فَتْنٌ واحد، آزمائشیں، طرح طرح کی تکلیفیں، ہم نے تمہاری طرح طرح کی آزمائشیں کیں، یا بقول ابنِ عباس طرح طرح کی تکلیفوں سے بچایا، ۱۶/۱۱

فَتًى: لڑکا، جوان، بوڑھا، عربی میں سب کے لئے بولا جاتا ہے، خادم کے لئے بھی کہا جاتا ہے اور غلام کو بھی کبھی فتیٰ کہہ دیتے ہیں، اس جگہ نوجوان مراد ہے، ۱۷/۵

فَتَاهُ: فَتًا مضاف هُ ضمیر واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، اس کا خادم، ۱۵/۲۱

فَتَاهَا: فَتًا مضاف هَا ضمیر واحد مؤنث غائب، مضاف الیہ، اس کا غلام خادم، ۱۲/۱۴

Presented by Ziaraat.Com

فَتَيَانِ: تثنیہ، فتیٰ واحد (حالتِ رفع) دو جوان آدمی، ۱۲/۱۵

فَتَيَاتِ: نوجوان عورتیں، باندیاں، خواہ لڑکی ہوں یا جوان یا بوڑھی، یہ لفظ جمع ہے، فَتَاةٌ واحد، یہاں مراد باندیاں ہیں، ۵/۱۸

اَلْفِتْيَةُ: جمع، فتیٰ واحد معرف باللام، چند آدمی، چند جوان، ۱۵/۱۳

فِتْيَةٌ: جمع، نکرہ، فتیٰ واحد۔ چند جوان، ۱۵/۱۴

لِفِتْيَانِهٖ: جمع، فتیٰ واحد، لام حرفِ جر، فِتْيَان مضاف (حالتِ جر) ہٖ ضمیر مضاف الیہ، اپنے خادموں سے، ۱۳/۲

فَتِيْلًا: باریک تاگہ، ڈورہ جو دو انگلیوں میں پکڑ کر بٹا جاتا ہے، کھجور کی گٹھلی کے شگاف میں جو ڈورا یا سوتا ہوتا ہے وہ بھی فتیل کہلاتا ہے، مراد حقیر، قلیل، ۵/۴۹ ۱۵/۸

فَجٍّ: دو پہاڑوں یا پہاڑ کے دو حصوں کے درمیان چوڑا راستہ، ۱۷/۱۱ فجاج کے بھی یہی معنی ہیں۔

فِجَاجًا: جمع، فَجٌّ واحد، حالتِ نصب، دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستے، ۱۷/۳ ۲۹/۹

اَلْفَجْرِ: اسم فعل، مصدر، پو پھٹنا، صبح کی روشنی، نمودار ہونا، پھاڑ کر بہانا، وقتِ فجر، گناہ کرنا، فجر، بخشش، سخاوت، مروت، احسان، مال، مال کی کثرت، ۲/۷ ۱۵/۹ ۱۸/۱۴ ۳۰/۲۲،۱۴ قرآنِ مجید میں صرف وقتِ فجر اور طلوعِ سحر کے لئے اس کا استعمال ہوا ہے۔

فُجِّرَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی مجہول، تَفْجِيْر مصدر، باب تفعیل، پھاڑ دئے جائیں گے یعنی ایک کا دہانہ دوسرے کی طرف کھول دیا جائیگا، سب سمندر آپس میں مل جائیں گے۔ ۳۰/۴

فَجَّرْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، تَفْجِيْر مصدر، باب تفعیل، ہم نے پھاڑا، ہم نے بہایا ہم نے پھاڑ کر بہایا، ۱۵/۹۰ ۲۳/۲ ۲۷/۸

اَلْفَجَرَةُ: جمع، فَاجِرٌ واحد، سخت نافرمان، شریعت کا پردہ پھاڑنے والے، دیکھو فَاجِرٌ ۳۰/۵

اَلْفُجَّارِ: جمع، فَاجِرٌ واحد، بدکار، نافرمان، کافر (دیکھو فاجر) ۲۳/۱۲ ۳۰/۸

اَلْفُجَّارَ: جمع، فَاجِرٌ واحد، بدکار، کافر، (دیکھو فاجر) ۳۰/۷

فُجُوْرَهَا: مصدر، مضاف، ہا ضمیر مضاف الیہ لغوی معنی سوار کا زین سے ایک طرف کو جھک جانا، جھوٹ بولنا، کسی کو جھوٹا قرار دینا، نافرمانی کرنا،

Presented by Ziaraat.Com

تباہ ہو جانا، بینائی کا کمزور ہو جانا، مراد ہے معنی دین کا پردہ پھاڑنا، علی الاعلان گناہ کرنا، اس سے ماضی فجر اور مضارع یفجر جو (نصر) آتا ہے، فَجَرَ عَنِ الْحَقِّ حق سے روگردانی کی، فَجَرَ الْمَاءَ پانی بہا دیا۔ فَجَرَ مِنَ الْمَرَضِ بیماری سے اچھا ہو گیا، آیت میں بدکاری اور شریعت کی نافرمانی مراد ہے، ۳۰/۱۶

فَجْوَةٍ: وسیع میدان (راغب) غار کے اندر کشادہ زمین (غریب القرآن میرزا ابو الفضل) دو پہاڑوں کے درمیان فسگاف اور وسیع زمین (قاموس) ۱۵/۱۴

اَلْفَحْشَاءِ: اسم تفضیل، واحد مؤنث، اس سے مذکر اَفْحَشُ آتا ہے، مادہ فُحْش برا کام (صحاح)، وہ قول و عمل جس کی برائی کھلی ہوئی ہو اور اس سے سننا یا کرنا بُرا لگے، (تاج) بخل (قاموس) ۲/۵ ۳/۵ ۸/۱۰

اَلْفَحْشَاءَ: برا کام، بے حیائی کا کام، زنا، ۱۲/۱۳ ۱۴/۱۹ ۱۸/۹ ۲۱/۱

قرآن مجید میں یہ لفظ مختلف معانی میں مستعمل ہے، ۲/۵ میں وہ کلام مراد ہے جو شرعاً بُرا ہو، ۳/۵ میں بخل اور زکوٰۃ دینا مراد ہے، ۸/۱۰ میں بے حیائی، ۲/۱۳ اور ۱۴/۱۹ میں زنا مراد ہے، ۱۸/۹ ۲۱/۱ میں امر قبیح مراد ہے، (سیوطی و محلی)

اَلْفَخَّارِ: جمع، اَلْفَخَّارُ واحد، ٹھیکرے، ۲۷/۱۱

فَخُوْرٌ: صیغہ مبالغہ (حالت رفع) فَخْرٌ، مصدر، (اسم فعل، امام راغب نے لکھا ہے کہ ظاہری چیزوں پر اترانا (مثلاً مال، عزت، جاہ، حکومت وغیرہ) فخر کہلاتا ہے، بہت زیادہ فخر کرنے والا، ۱۲/۲

فَخُوْرٍ: صیغہ مبالغہ (حالت جر) اترانے والا، بڑا شیخی خورا، ۲۱/۱۱ ۲۷/۱۹

فِدَاءً: وہ چیز جو جان کے بدلے دی جاتی ہے اسی کو فِدیٰ بھی کہتے ہیں، فَدٰی یَفْدِیْ (ضرب) ماضی اور مضارع کے صیغے ہیں، ۲۶/۵

فَدَيْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، ہم نے اس کو بچا لیا اور اس کے عوض دوسری چیز دیدی، ۳۷/۳

فِدْيَةٌ: وہ چیز جو جان بچانے کے لئے لی یا دی جاتی ہے ایک مثل ہے خُذْ عَلٰی هَدْيَتِكَ وَ فِدْيَتِكَ اس سے مراد یہ ہے کہ اپنی پہلی چال پر چلو، ۲/۸۷ ۲۷/۱۸

فُرَاتٌ: بہت شیریں پانی، مصدر فُرُوْتَةٌ شیریں ہونا، ماضی فَرُتَ شیریں ہو گیا، مضارع یَفْرُتُ شیریں ہو رہا ہے یا ہوگا (باب کرُم) لیکن اگر

باب نَصَرَ سے اس کے مشتقات بنائے جائیں تو فَرَتَ فَرْوًا کہا جائے گا اور معنی ہوں گے زناکار اور بدچلن ہونے کے اور باب سَمِعَ میں اس کے معنی ہوں گے بیوقوف ہو جانے کے (قاموس) ۱۹/۱۳ ۲۲/۱۴

فُرَاتًا: آبِ شیریں، خوش مزہ (حالتِ نصب) (دیکھو سطورِ بالا) ۲۹/۲۱

فُرَادٰی: جمع غیر قیاسی فَرْدٌ واحد، اکیلے اکیلے، ایک ایک، عربی محاورہ ہے جَاءُوْا فُرَادٰی وہ اکیلے اکیلے آئے، ۷/۱۷ ۲۲/۱۲

۱۷/۷ میں مال و عیال سے تنہا ہونا مراد ہے اور ۲۲/۱۲ میں ایک ایک ہونا یعنی دو دو نہ ہونا، (بیضاوی)

اَلْفِرَارُ: خوف سے بھاگنا، مصدر (باب ضَرَبَ) ماضی و مضارع فَرَّ یَفِرُّ۔ فرار لازم ہے لیکن کبھی متعدی بھی آتا ہے فَرَّ الدَّابَّةَ عمر معلوم کرنے کے لئے گھوڑے کے دانت دیکھنے ایک مثل ہے اَلْجَوَادُ عَیْنُهٗ فَرَارُهٗ گھوڑے کی آنکھ ہی عمر بتا دیتی ہے، اس معنی میں یہ لفظ باب ضَرَبَ اور نَصَرَ دونوں سے آتا ہے، ۲۱/۱۸

فِرَارًا: مصدر، حالتِ نصب، ڈر کر بھاگنا، مزید تحقیق سطورِ بالا میں دیکھو، ۱۵/۱۵ ۲۱/۱۸ ۲۹/۹

فَرَّتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف، مصدر فِرَارٌ اور مَفَرٌّ، وہ بھاگی، ۲۹/۱۶

فَرَرْتُ: واحد متکلم ماضی معروف، مصدر فِرَارٌ اور مَفَرٌّ، میں بھاگا، ۱۹/۱۶

فَرَرْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، مصدر فِرَارٌ اور مَفَرٌّ، تم بھاگے، ۲۱/۱۸

فَفِرُّوْا: جمع مذکر حاضر امر، فا حرفِ تعقیب، مصدر فِرَارٌ اور مَفَرٌّ، بھاگ چلو، ۲۷/۲

(چاروں لفظوں کی مزید تحقیق کے لئے اَنفِرار دیکھو)

اَلْفَرَاشِ: جمع، فَرَاشَةٌ واحد، پروانے، چست اور سبک آدمی، یہاں مراد اول معنی ہے، آیت میں اَلْفَرَاش کو بطور اسم جنس استعمال کیا گیا ہے اسی لئے اس کی صفت کو مفرد لایا گیا، اور بجائے اَلْمَبْثُوْثَةِ کے اَلْمَبْثُوْث فرمایا جس طرح السحاب اگرچہ سَحَابَةٌ کی جمع ہے (قاموس) لیکن اسم جنس بھی ہے اسی لئے سَحَابٌ تَمْرُکُوْمٌ کہا جاتا ہے، ۳۰/۲۶

فِرَاشًا: فرش جس کو بچھایا جاتا ہے یعنی بستر اس کی جمع فُرُشٌ ہے، ۱/۳

فُرُشٍ: جمع، فِرَاش واحد، فرش، بستر، ۲۷/۱۳ ۲۷/۱۴

فَرَشْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، ہم نے بچھایا، فَرْشٌ و فِرَاشٌ مصدر، فَرَشَہٗ اس کو بچھایا، اس کے لئے فرش بچھایا، فَرَشَ فُلَانًا اس سے جھوٹی بات کہی (قاموس) ۲۷/۲

فَرْشًا: فَرْشٌ مصدر بھی ہے لیکن اس جگہ ایسے چھوٹے چوپائے مراد ہیں جن پر بوجھ نہیں لادا جاتا (رازی فی الکبیر) جیسے بکریاں اور چھوٹے چھوٹے اونٹ (ابنِ عباس) ۶/۴

فَرْثٍ: واحد، وہ گوبر جو جانور کی آنتوں کے اندر ہو، فُرُوث جمع، اسی کو فُرَاثَۃٌ بھی کہتے ہیں فَرِثَ فَرْثًا سیر ہوگیا فَرِثَ الْقَوْمُ قوم منتشر ہوگئی، ۱۴/۱۴

فُرُوجَهَا: فرج مضاف (حالت نصب) ہا ضمیر مضاف الیہ، فَرْجٌ واحد، فُرُوجٌ جمع، فرج کے معنی پھاڑنا، چیرنا، شق کرنا (مصدر) شگاف (حاصل مصدر) عورت اور مرد کی شرمگاہ، آیت میں آخری معنی مراد ہے، ۱۷/۶ ۲۸/۲

فُرُوجٍ: اسم فعل، شگاف (راغب) ۲۶/۱۵

فُرُوجِهِمْ: جمع، فَرْج واحد، فروج مضاف (حالتِ جر) ہِمْ ضمیر مضاف الیہ، ان مردوں کی شرمگاہیں، ۱۸/۱ ۲۹/۷

فُرُوجَهُمْ: جمع، فرج واحد، فروج مضاف (حالتِ نصب) ہُمْ مضاف الیہ، اپنی شرمگاہوں کو، ۱۸/۱۰ ۲۲/۲

فُرُوجَهُنَّ: جمع، فرج واحد، فروج مضاف (حالتِ نصب) ہُنَّ مضاف الیہ، ان عورتوں کی شرمگاہیں، ۱۸/۱۰

فُرِجَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی مجہول، فَرْجٌ مصدر، آسمان پھاڑ دیا جائے گا۔ ۲۹/۲۱

عربی میں آسمان (سَمَاءٌ) مؤنث استعمال کیا جاتا ہے۔

فَرِحَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، فَرَحٌ مصدر، وہ خوش ہوا، فَرَحٌ کا استعمال پسندیدہ اچھی خوشی کے لئے بھی ہوا ہے اور بُری مذموم خوشی کے لئے بھی جس کے معنی ہیں اِترانا، بدمست ہونا، عموماً اس کا اطلاق دنیوی جسمانی لذتوں سے حاصل شدہ خوشی پر ہوا ہے اور کہیں علمی شئی پر بھی، ۱۰/۷ ۲۵/۶

فَرِحُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، وہ خوش ہوئے وہ اِترا گئے، ۷/۱۱ ۱۱/۸ ۱۳/۹ ۲۱/۷ ۲۴/۱۴

فَرِحٌ: صیغہ صفت مشبہ واحد، خوش، اِترانے والا، ۱۲/۱

فَرِحُوْنَ: جمع (حالتِ رفع) فَرِحٌ واحد، خوش

اِترانے والے، ۱۰/۱۳ ۱۸/۴

فَرِحِیْنَ: جمع (حالتِ نصب) فَرِحٌ واحد، خوش، اِترانے والے، ۴/۸ ۲۰/۱۱

فَرَدًا: واحد (حالتِ نصب) فُرَادٰی جمع غیر قیاسی، اکیلا، تنہا جو کسی غیر کے ساتھ مخلوط نہ ہو لفظِ فَرد، وِتر (طاق) سے عام ہے اور واحد سے خاص (راغب) اللہ کے فرد ہونے کے معنی ہیں اس کا جوڑا نہ ہونا، ماسوا سے بے نیاز ہونا، (المفردات) ۱۶/۹ ۱۸/۸ ۱۷/۶

اَلْفِرْدَوْسَ: لفظ فارسی ہے یا قبطی، فارسی میں فردوس اس باغ کو کہتے ہیں جس کے درخت پھیلتے جائیں اور قبطی زبان میں انگور کی ٹٹیوں کو کہتے تھے (معجم القرآن لعبد الرؤف) صاحب قاموس و منتہی الارب نے لکھا ہے، فردوس پانی کی وہ چھوٹی نہر جس میں ہر طرح کا سبزہ اگا ہوا ہو وہ باغ جس کے اندر انگور اور ہر طرح کے پھل اور پھول ہوں اور جنت، یہ لفظ یا عربی ہے یا رومی یا سریانی، جمع فرادیس، محلی نے کہا فردوس اعلیٰ درجہ کی جنت، جو وسط میں واقع ہے، میرے خیال میں یہ لفظ عربی ہے کیونکہ اس کے ہم مادہ دوسرے الفاظ عربی میں مستعمل ہیں مثلاً فُرْدُوس مہمان کے سامنے رکھا جانے والا کھانا، صَدْرٌ مُفَرْدَسٌ چوڑا سینہ، فَرْدَسَۃٌ کشادگی، فراخی، زمین پر کسی کو پٹک دینا، گرا دینا (قاموس) ۱۵/۱ ۱۶/۳

اَلْفِرْدَوْسَ: دیکھو اَلْفِردوس، ۱۶/۳

فَرَضَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، فَرْضٌ مصدر، لغت میں فرض کے معنی ہیں کسی حجم والی چیز کو جس میں صلابت ہو، کاٹ دینا، قرآنی اصطلاح میں اس کے کئی معنی ہیں:-

۱ مقرر اور معین کرنا،

۲ عزم کرنا، اپنے اوپر لازم کر لینا،

۳ واجب کرنا اگر مفعول دوم پر علیٰ آئے،

۴ اجازت یعنی روک اور بندش نہ ہونا بشرطیکہ اس کے بعد لام آئے (المفردات و غریب القرآن)

فَرَضَ کا ترجمہ ہوا اس نے واجب کر دیا، مقرر کر دیا، اجازت دیدی، عزم کر لیا، (دیکھو تَفْرِضُوْا) ۲/۹ ۲۰/۱۲ ۲۲/۳ ۲۸/۱۹ ۲/۹ عزم ۲۰/۱۲ واجب کر دینا ۲۲/۳ اجازت دیدی ۲۸/۱۹)

فَرَضْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، فَرْضٌ مصدر، تم نے مقرر کیا، تم نے معین کیا، ۲/۱۵

فَرَضْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، فَرْضٌ مصدر، ہم نے واجب کیا، ہم نے عمل کرنا ضروری قرار دیدیا

Presented by Ziaraat.Com

ہم نے مقرر کیا، ۱۸/۷ ۲۲/۳

فُرُطًا: حد سے بڑھا ہوا یا ضائع (راغب) فُرُطٌ ظلم اور حد سے بڑھ جانے کو بھی کہتے ہیں، لیکن اس جگہ اول معنی ہی مراد ہے، فَرَطٌ پیش رو پہلے سے کام کو درست کرنے کے لئے چلا جانے والا، پہلے سے بھیجا ہوا سامان، ۱۵/۱۶

فَرَّطْتُ: واحد متکلم ماضی معروف، تَفْرِیطٌ مصدر باب تفعیل فَرَطٌ مادہ، میں نے کمی کی، میں نے کوتاہی کی، ۳۴/۳

مَا فَرَّطْنَا: جمع متکلم ماضی معروف منفی، تفریط مصدر، باب تفعیل، ہم نے کمی کوتاہی نہیں لی، ہم نے کسی (ضروری) چیز کو نہیں چھوڑا، ۸/۶

فَرَّطْتُمْ: جمع مذکر حاضر معروف، تَفْرِیطٌ مصدر، بابِ تفعیل، تم نے قصور کیا، تم نے کوتاہی کی، ۱۳/۴

فِرْعَوْنَ: اصل میں یہ لفظ فارا، اوہ تھا، مصری زبان میں فارا کے معنی محل اور اوہ کے معنی اونچا بڑا تھا فارا اوہ محل کبیر عالی، اس سے مراد شاہ مصر کی ذات ہوتی تھی جیسے خلافتِ عثمانی کے زمانہ میں باب عالی سے مراد خلیفہ کی ذات ہوتی تھی، یورپ کی زبانوں میں بھی لفظ فرعون آیا ہے (مؤلفاتِ بروکسن)، حضرت یوسف کے زمانے میں فرعون کا نام ایوفس تھا، حضرت موسیٰ کو جس فرعون نے پرورش کیا تھا اس کا نام رعمیس دوئم یا رعمسیس تھا، یونانی اس کو سوسترلس کہتے تھے اور عبرانی فرعون التمخیر، رعمسیس کے بیٹے، منفتاح کے زمانہ میں حضرت موسیٰ کی بعثت ہوئی، اسی سے مقابلہ ہوا اور یہ ہی ۱۴۹۱ء قبل مسیح میں غرق ہوا:

(معجم القرآن) ۱/۶ ۳/۱۰ ۹/۳ ۱۰/۳ ۱۱/۱۳ ۱۲/۹ ۱۳/۱۳ ۱۵/۱۲ ۱۶/۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ ۱۸/۳ ۱۹/۶ و ۷ و ۸ و ۱۶ ۲۰/۶ و ۷ و ۱۶ ۲۳/۱۰ ۲۴/۸ و ۹ و ۱۰ ۲۵/۱۱ و ۱۴ و ۱۵ ۲۶/۱۵ ۲۵/۱ و ۱۰ ۲۸/۲۰ ۲۹/۵ و ۱۳ ۳۰/۳ و ۱۰ و ۱۴

فَرْعُهَا: واحد، جمع فروع، شاخ، فرع مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ، اس کی شاخ، فَرْعٌ ہر چیز کا بالائی حصہ، فَرْعُ الْقَوْمِ قوم کا سردار، فَرْعُ الْمَالِ مال کا نفع، ۱۳/۱۶

فَرَغْتَ: واحد مذکر حاضر معروف، جب تم فارغ ہو جاؤ (نماز سے) محلی، یا (جہاد سے) حسن بصری، یا (تبلیغ سے) بعض اہل تفسیر، ۳۰/۹۴ (دیکھو اَفْرِغْ)

فِرَاقُ: اسم فعل، جدائی، ۱۶/۱ ۲۹/۱۷ پارہ میں موت مراد ہے۔

فِرْقٍ: اسم فعل، مجموعہ میں سے کاٹ کر الگ کیا ہوا ایک ٹکڑا (تاج، لسان) ۱۹/۸

Presented by Ziaraat.Com

فِرْقَۃٌ: واحد، آدمیوں کا گروہ، جماعت، جمع فِرَقٌ شعر میں اَفَارِقَۃٌ بھی جمع کے لئے استعمال کیا گیا ہے اَفْرَاقٌ جمع الجمع اَفَارِیْقُ جمع الجمع کی جمع (قاموس) ۱۱/۴

فَرْقًا: مصدر، حالتِ نصب، الگ الگ کر دینا، پھاڑ کر جدا جدا کر دینا (دیکھو الفارقات) ۲۹/۲۱

اَلْفُرْقَانَ: فرقان مصدر بھی ہے یعنی الگ الگ کرنا، حق کو باطل سے جدا کرنا اور صیغۂ صفت بھی، یعنی حق کو باطل سے الگ کر دینے والی شے، قرآن مجید، تورات، دلیل وحجت، وہ نور جس سے حق و باطل میں امتیاز ہو جائے، جنگِ بدر کا دن مندرجہ ذیل آیات میں بقول امام راغب وہ معانی مراد ہیں جو ان کے ساتھ ہم نے لکھے ہیں، ۱/۶ معجزات، ۳/۹ قرآن، ۱۸/۱۶ قرآن، ۱۷/۴ تورات یا دلیل وحجت یا وہ نور جو حق و باطل میں امتیاز کرنیوالا ہے یا معجزات۔

اَلْفُرْقَانُ: ۲/۷ میں وہ دلائل مراد ہیں جو حق کو باطل سے الگ کر دینے والی ہیں اور ۱/۸ میں جنگِ بدر کا دن جو حق و باطل میں فیصلہ کر دینے کا دن تھا۔

فُرْقَانًا: وہ نور جو حق و باطل سے الگ کرنے والا ہے، ۹/۱۸

فَرَّقْتَ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف، مصدر تفریق، بابِ تفعیل۔ تو نے ٹکڑے ٹکڑے کر دئے، تو نے پھوٹ ڈال دی، ۱۶/۱۴

فَرَّقْنَا: جمع متکلم واحد مذکر غائب، مصدر فَرق، یہ لفظ دو جگہ آیا ہے، ۱/۶ میں ترجمہ ہے ہم نے پھاڑ دیا، ہم نے پانی کو الگ الگ کر دیا، ۱۵/۱۲ میں مراد ہے ہم نے الگ الگ حکم بیان کیا، تفصیل کی الگ الگ کر کے بتا دیا (راغب) یا ہم نے تھوڑا تھوڑا نازل کیا (سیوطی)

فَرَّقُوْا: جمع مذکر غائب، ماضی معروف، مصدر تفریق، انہوں نے ٹکڑے کر دئے، ۸/۲۱

فَرِیْقٌ: آدمیوں کی جماعت، گروہ، فِرْقَۃٌ بھی گروہ کو کہتے ہیں لیکن فریق (گروہ) فِرْقَۃٌ (گروہ) سے بڑا ہوتا ہے اس کی جمع اَفْرِقَۃٌ۔ فُرُوْقٌ اور فُرُوْقٌ ہے (قاموس) ۹/۱۲ ۱/۳ ۱۱/۳ ۵/۸ ۱۴/۱۳ ۱۸/۶ ۱۲/۷ ۲۱/۱۸ ۲۵/۲

فَرِیْقٍ: دیکھو فَرِیْقٌ، ۱۱/۳ (حالتِ جر)

فَرِیْقًا: دیکھو فَرِیْقٌ (حالتِ نصب) ۱/۱ ۱۱/۱۰ ۲/۷ ۳/۱۶ ۴/۱ ۶/۱۴ ۸/۱۰ ۱/۱۵ ۲۱/۱۹ ۲۲/۸

فَرِیْقَانِ: تثنیہ (حالتِ رفع) فَرِیْقٌ واحد، دو گروہ، ۱۹/۱۹

فَرِیْقَیْنِ: تثنیہ (حالتِ جر) فَرِیْقٌ واحد، دو گروہ مشرک اور مومن، پ ۷ ع ۱۵ ع ۱۲

فَرِیْضَۃً: صیغہ صفت مشبہ واحد مؤنث، مادہ فرض، لازم کیا ہوا حکم، مقرر کیا ہوا مہر، پ ۲ ع ۱۵ ع ۴ پ ۵ ع ۱ ع ۱۰، پارہ ۲ ع ۱۵ و پ ۵ ع ۱ میں مقرر کیا ہوا مہر مراد ہے اور پ ۴ ع ۱۳ و پ ۱۰ ع ۱۴ میں اللہ کی طرف سے لازم کیا ہوا حکم۔

فَزِعَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، فَزَعٌ مصدر واسم فعل، ڈر گیا، گھبرا گیا۔ یہ باب سَمِعَ سے بھی آتا ہے اور فَتَحَ سے بھی (قاموس) قرآنِ مجید میں باب سَمِعَ سے آیا ہے۔ پ ۲۰ ع ۳ پ ۲۳ ع ۱۱

پارہ ۲۰ ع ۲ میں اگرچہ ماضی کا صیغہ ہے لیکن معنی مضارع کے ہیں یعنی گھبرا جائیں گے، ڈر جائیں گے۔

فُزِّعَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول مصدر تَفْزِیْعٌ باب تفعیل، تَفْزِیْعٌ کے معنی ڈرانا اور خوف دور کرنا (لغاتِ اضداد میں سے ہے) یہاں آخری معنی مراد ہے، محلی نے ترجمہ کیا ہے کُشِفَ عَنْھَا الْفَزَعُ دلوں سے خوف دور کر دیا گیا، پ ۲۲ ع ۹

فَزِعُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، مصدر واسم فعل فَزَعٌ، وہ ڈر گئے، گھبرا گئے (باب افعال میں اس کے معنی ڈرانے، بے خوف کرنے اور آگاہ کر دینے کے ہو جاتے ہیں)

اَلْفَزَعُ: اسم فعل، گھبراہٹ، خوف، رسول اللہ نے انصار سے فرمایا تھا اِنَّکُمْ لَتَکْثُرُوْنَ عِنْدَ الْفَزَعِ تَقِلُّوْنَ عِنْدَ الطَّمَعِ تم خوف کے وقت کثیر ہو جاتے ہو اور مال کی طمع کے وقت تمہاری تعداد کم ہو جاتی ہے یعنی کسی کی مدد کی ضرورت ہوتی ہے اور دشمن سے مقابلے کا وقت ہوتا ہے تو بلا خوف و خطر باہم مدد کرنے کیلئے سب جان کی بازی لگا دیتے ہو اور مالِ غنیمت کی تقسیم کا وقت آتا ہے تو لالچ نہیں کرتے اِدھر اُدھر منتشر ہو جاتے ہو، مال لینے والوں کی تعداد کم رہ جاتی ہے (مجمع البحار) پ ۱۷ ع ۷

فَزَعٍ: اسم فعل (حالتِ جر) گھبراہٹ، ڈر، پ ۲۰ ع ۳

اَلْفَسَادُ: اسم فعل و مصدر، بگاڑ، خرابی، تباہی بگڑ جانا، خراب ہو جانا، پ ۲۱ ع ۲

اَلْفَسَادِ: اسم فعل و مصدر، بگاڑ، خرابی، تباہی، بگڑ جانا، خراب ہو جانا، پ ۲ ع ۱۲۔

اَلْفَسَادَ: اسم فعل و مصدر، بگاڑ، خرابی، تباہی، بگڑ جانا، خراب ہو جانا، پ ۲ ع ۱۲ پ ۲۰ ع ۱۱ پ ۲۲ ع ۸ پ ۳ ع ۱۴

فَسَادٍ: اسم فعل نکرہ، حالتِ جر، بگاڑ، خرابی، تباہی، بگڑ جانا، خراب ہو جانا، پ ۶ ع ۹

فَسَادٌ: اسم فعل نکرہ، حالتِ رفع، بگاڑ، خرابی، تباہی

Presented by Ziaraat.Com

بگڑ جانا، خراب ہو جانا، پ ۲

فَسَادًا: اسم فعل مکہ، حالتِ نصب، بگاڑ، خرابی، تباہی، بگڑ جانا، خراب ہو جانا، پ ۶ ع ۱۲ ۹ ۱۳ پ ۲۰ ع ۱۲

فَسَدَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف، زمین تباہ ہو جاتی، ملک برباد ہو جاتا، پ ۲ ع ۱۷ پ ۸ ع ۱

فَسَدَتَا: تثنیہ مؤنث غائب ماضی معروف، فساد مصدر (زمین آسمان) دونوں تباہ ہو جاتے، پ ۱۷ ع ۲

فَسَقَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، فسق مصدر اس نے نافرمانی کی حدودِ اطاعت سے نکل گیا (دیکھو فَاسِقًا وَالْفَاسِقُوْنَ) پ ۱۵ ع ۱۹

فِسْقٌ: اسم فعل اور مصدر، گناہ، نافرمانی کرنی، حدودِ شریعت سے نکل جانا، گناہ کبیرہ کرنا وغیرہ (دیکھو فَاسِقًا) پ ۶ ع ۵ پ ۸ ع ۱

فِسْقًا: اسم فعل، حالتِ نصب، گناہ کی چیز، پ ۸ ع ۵

فُسُوْقٌ: اسم فعل، گناہ، نیز مصدر، گناہ کرنا، پ ۳ ع ۷

فُسُوْقَ: اسم فعل، گناہ، نیز مصدر، گناہ کرنا مراد گالی گلوچ، (ابن عباسؓ و مجاہد معجم القرآن) پ ۲ ع ۹

اَلْفُسُوْقُ: الف لام تعریف، اسم فعل، گناہ یا کبیرہ گناہ یا گناہ والا کام، پ ۲۶ ع ۱۴

اَلْفُسُوْقَ: معرف باللام تعریف، گناہ، پ ۲۶ ع ۱۳ (فُسُوْقٌ و فِسْقٌ کی تنقیح کے لئے دیکھو فَاسِقًا)

فَشِلْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، مصدر فَشَلٌ (باب سمع) فَشَلٌ کے معنی ہیں پست ہمت ہو جانا (معجم القرآن) بزدلی کے ساتھ کمزور ہو جانا (راغب فی المفردات) تم پست ہمت ہو گئے یا ہو جاؤ گے، تم بزدلی کے ساتھ کمزور ہو گئے یا ہو جاؤ گے۔

صاحب قاموس نے لکھا ہے فَشِلَ فَشَلًا سست ہو گیا، کاہل ہو گیا، پست ہمت ہو گیا، دیر کی، فَشِلٌ صیغہ صفت بھی ہے، ڈرنے والا، سست، فَشِلٌ بھی صفت مشبہ ہے سست، پ ۴ ع ۱۰

فِصَالًا: اسم فعل، بچہ کا دودھ چھڑانا، یہ باب مفاعلہ کا مصدر بھی ہے یعنی باہم جدا ہونا، آیت میں اول معنی مراد ہے، پ ۲ ع ۱۴

فِصٰلُهٗ: اسم فعل، بچہ کا دودھ چھڑانا، فِصَالٌ مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ، اس کا دودھ چھڑانا، پ ۲۱ ع ۱۱ پ ۲۶ ع ۲

فَصَلَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، مصدر فُصُوْلٌ باب ضرب، جدا ہونا، نکلنا، آیت میں یہی مراد ہے لیکن اگر مصدر فَصْلٌ ہو تو معنی ہوتے ہیں کاٹنا، جدا کرنا، ٹکڑے کر دینا، بچہ کا دودھ چھڑانا، یعنی متعدی آتا ہے (قاموس) یعنی اہلِ لغت نے فَصَلَ فُصُوْلًا کو لازم بھی کہا ہے (منتہی الارب) پ ۲ ع ۱۷

فَصَلَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف، مزید توضیح

Presented by Ziaraat.Com

کے لئے دیکھو فصل، ۱۳/۵

فَصَّلَ: واحد مذکر غائب، ماضی معروف، مصدر تفصیل، باب تفعیل، الگ الگ بیان کر دیا، تفصیل وار بیان کر دیا، ۸/۶

فُصِّلَتْ: واحد مؤنث غائب، ماضی مجہول، مصدر تفصیل، باب تفعیل، کھول کر بیان کر دی گئیں، وضاحت کر دی گئی، تفصیل وار بیان کر دی گئیں، ۱۱/۱۷ ۲۴/۱۵ و ۱۹

فَصَّلْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، مصدر تفصیل، باب تفعیل، ہم نے کھول کر بیان کر دیا، الگ الگ تفصیل کر دی، وضاحت کر دی، ۷/۱۸ ۸/۱۳ و ۲ ۱۵/۲

فَصْلٌ: حق و باطل کی تمیز، حق بات، سچا فیصلہ کرنیوالا قول، حق کو باطل سے الگ کرنیوالا کلام، ہڈیوں کا اور اعضاء کا جوڑ، دو چیزوں کو ملنے سے روکنے والا اور دونوں کو جدا جدا رکھنے والا پردہ، آیت میں اول الذکر تینوں معنی مراد ہیں، ۳۰/۱۱

فَصْلُ الْخِطَابِ: فَصْل مضاف، الخطاب مضاف الیہ، اصل میں الخطاب موصوف اور فصل صفت تھا فصل الخطاب میں صفت کی اضافت موصوف کی جانب کر دی گئی ہے۔

صاحب منتہی الارب نے اس لفظ کی تشریح کے ذیل میں لکھا ہے کہ اس سے مراد اَمَّا بَعْدُ کا لفظ ہے یا اَلْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِي وَالْيَمِينُ عَلَى مَنْ اَنْكَرَ ہے، اس کلام کا مطلب شاید یہ ہے کہ سب سے پہلے رسول اللہ نے لفظ اَمَّا بَعْدُ فرمایا، کسی عربی شاعر یا خطیب نے حضور سے پہلے یہ لفظ نہیں بولا تھا، اسی طرح البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر اتنا بلیغ کلام ہے کہ اس بلاغت و ایجاز کے ساتھ عدالتی مقدمات کا فیصلہ کرنے کیلئے کسی شخص نے کوئی ضابطہ نہیں بنایا اور اس جملہ کے موجد بھی حضور اقدس ہی ہیں لیکن یہ مؤلف منتہی الارب کا صرف دعویٰ ہی ہے ثبوت دشوار ہے، لغت میں فصل الخطاب کے معنی ہیں حق کو باطل سے جدا کرنیوالا کلام، قول فیصل اور بیان شافی (معجم القرآن) آیت میں بھی یہی مراد ہے، ۲۳/۱۱

الفَصْل: قیامت کا دن، فیصلے کا دن، حق و باطل سے جدا کرنے کا دن (معجم القرآن اور المفردات)

۳۳/۵ ۲۵/۱۵ و ۴ ۲۹/۲۱ ۳۰/۱

فَصِيلَتِهِ: فصیلۃ (حالت جر) مضاف، ۵/۱ ضمیر مضاف الیہ، مرد کے اقارب اور اعزہ (منتہی الارب) قبیلہ (عملی) ماں، باپ، لڑکا والدین سے ہی جدا ہوتا ہے یعنی ان سے پیدا ہوتا ہے، ماں باپ بھی اس سے الگ ہوتے ہیں یعنی اپنے بدن سے

Presented by Ziaraat.Com

اولاد کو قطع کر کے جدا ہو جاتے ہیں (کبیر) یک جدی افراد خاندان (معجم) ۲۹/۷

فَضْلُ اللّٰهِ: اللہ کی مہربانی۔ اسم فعل۔ فضل کے معنی ہیں برتری، بڑھوتری، مال، قوت، حسن۔ مرتبہ۔ عزت۔ حکومت، عقل، علم اور حلم وغیرہ میں زیادتی، مہربانی، اپنی طرف سے بغیر استحقاق کے کسی کو کچھ دینا۔

فضل یعنی زیادتی کی دو صورتیں ہیں ۱ اچھی اور پسندیدہ زیادتی جیسے علم، حلم، حیا وغیرہ کی زیادتی، ۲ بری زیادتی جیسے غضب وغیرہ کی زیادتی۔ لفظ فضل کا زیادہ استعمال اچھی زیادتی کے لئے ہوتا ہے اور بُری زیادتی کے لئے لفظ فضول مستعمل ہے اگرچہ وضع لغت کے لحاظ سے لفظ فضل دونوں کو شامل ہے۔

فضل یعنی برتری کی تین صورتیں ہیں ۱ ایک جنس کا دوسری جنس سے برتر ہونا جیسے جنس حیوان کا افضل ہونا ۲ ایک نوع کا دوسری نوع سے اعلیٰ ہونا جیسے نوع انسان کا حیوان کی ہر نوع سے اشرف ہونا ۳ ایک شخص کا دوسرے شخص سے برتر ہونا جیسے زید کا خالد سے افضل ہونا۔ اول الذکر دونوں صورتوں میں ادنیٰ کا ترقی کر کے اعلیٰ کی صف میں داخل ہونا ناممکن ہے، صرف تیسری صورت کی بعض شقوں میں امکان ہے (قرآن میں فضل بمعنی برتری سے تیسری ہی صورت مراد ہوتی ہے اگرچہ کسی جگہ نوعی برتری بھی مراد ہے (راغب فی المفردات) ۱/۸ ۵/۱۴،۸ ۶/۱۲ ۱۸/۸،۷ ۲۷/۱۹ ۲۸/۱۱ (دیکھو تفضیلاً)

فَضْلِ اللّٰهِ: اسم فعل، حالتِ جر، مضاف۔ اللہ مضاف الیہ، اللہ کی مہربانی، فضل، ۱۱/۱۱ ۱۲/۱۵ ۱۹/۱۸ ۲۷/۲۰ ۲۸/۱۲ ۲۹/۱۴

اَلْفَضْلُ: اسم فعل، ۵/۶ اہلِ طاعت کا جنت میں انبیاء، شہداء اور صدیقوں کے ساتھ ہونا، ۱۹/۱۷ سلیمان کا پرندوں کی بولی سمجھنا اور شاندار سلطنت پانا، ۲۲/۱۶ نیکیوں میں سب سے بڑھ جانا، ۲۵/۴ نیک عمل والے اہلِ ایمان کو جنت میں مرضی کے موافق ہر چیز ملنا۔

اَلْفَضْلَ: اسم فعل، ۲/۱۵ آپس کے تعلقات کی بھلائی، میاں بی بی کے سلوک میں خوشگواری، پاسداری، لحاظ، مروت۔ ۳/۱۶ اللہ کی طرف سے ہدایت اور کتاب اور شریعت۔

اَلْفَضْلِ: اسم فعل، ۱/۱۳ خیر، برکت، ہدایت، شریعت، وحی، ۳/۱۶ مہربانی، عطاء، شریعت، ہدایت، ۹/۱۸ مغفرت، امتیاز۔ ۱۵/۹ مال، ۲۷/۱۹ مہربانی، کرم، ۲۸/۱۱

Presented by Ziaraat.Com

مہربانی، نبوتِ عامہ الی یوم القیامہ۔

فَضْلٍ: اسم فعل ۲/۱۶ مہربانی، موت کے بعد زندگی ۲/۱۷ مہربانی، بعض آدمیوں کو بعض پر حملہ نہ کرنے دینا، امن قائم رکھنا، ۴/۷ معافی، ۴/۸ انعام، شہداء کو عطاءِ درجات، ۴/۹ ۴/۲۰ مہربانی، مدد، ۶/۴ مغفرت، جنت، ۸/۱۱ فضیلت، برتری، ۱۱/۱۷ نیکی، مرتبہ، ۱۲/۳ برتری، فضیلت، ۲۰/۲ مہربانی، قیامت کا فوراً نہ آجانا، ۲۴/۱۲ مہربانی، دن کو روشن اور رات کو آرام کے لئے بنانا، ۱۱/۱۱ مہربانی، عطاء رزق۔

فَضْلٌ: اسم فعل، اللہ کی طرف سے فضل، فتح، کامیابی، مالِ غنیمت، ۵/۴

فَضْلًا: اسم فعل (حالتِ نصب) ۲/۹ تجارت کے ذریعہ سے رزق، ۳/۵ رحمت، شاید اس جگہ رحمت سے مراد مالی وسعت ہو، ۶/۵ مغفرت۔ ۱۵/۲ روزی ۲۲/۳ فضل، رتبہ، جنت۔ ۲۲/۸ فضیلت، برتری، ۲۵/۱۶ عنایت، مہربانی۔ ۲۶/۱۲ مغفرت، رحمت، ۲۶/۱۳ مہربانی، ۲۸/۴ رحمت، مغفرت۔

فَضْلِهٖ: فضل مجرور مضاف، ہٖ ضمیر مضاف الیہ ۱/۱۱ رحمت، وحی ۴/۸ رحمت، مہربانی، خاص رزق، ۴/۹ مہربانی بلا استحقاق، ۲و۳/۵ رحمت، مہربانی، مال، ۶/۴ ۱۰و۱۳/۱۶ فضل و کرم ۱۱/۱۶ خیر، بھلائی ۱۴/۸ معاش، مال ۱۵/۷ روزی ۱۵/۱۸ عنایت، مہربانی، ۱۸/۱۱و۱۹ مہربانی، ۲۰/۱۰ معاش، ۲۱/۶ معاش، ۲۱/۸ معاش، ۲۲/۱۴ معاش، ۲۲/۱۶ عنایت، مہربانی، ۲۵/۴ مہربانی، ۲۵/۱۸ معاش۔

فَضَّلَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، مصدر تفضیل باب تفعیل ۲و۳/۵ ۱۰، اس نے فضیلت دی، برتری دی، ۱۴/۱۶ اس نے زیادتی کی، زیادہ دیا۔

فَضَّلَكُمْ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، کُمْ ضمیر مفعول، اس نے تم کو فضیلت بخشی، بزرگی عطا کی ۹/۶

فَضَّلَنَا: واحد مذکر غائب ماضی معروف، نَا ضمیر مفعول، اس نے ہم کو برتری عطا کی، فضیلت بخشی ۱۹/۱۷

فَضَّلْتُكُمْ: واحد متکلم ماضی معروف، کُمْ ضمیر مفعول، میں نے تم کو بزرگی عطا کی ۱/۶ و ۱۵/۲

فَضَّلْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، ہم نے فضیلت دی، ہم نے بزرگی عطا کی، ۳/۱ ۷/۱۶ ۱۵/۲ ۲۵/۱۸

فُضِّلُوْا: جمع مذکر غائب ماضی مجہول، مصدر تفضیل، باب تفعیل، ان کو رزق زیادہ دیا گیا، ان کی معاش بڑھائی گئی۔ ۱۴/۱۶

Presented by Ziaraat.Com

فِضَّۃٍ: اسم جنس نکرہ، چاندی، پ ۲۵ ع ۹ پ ۲۹ ع ۱۹

اَلْفِضَّۃَ: اسم جنس معرف باللام، حالتِ نصب، چاندی۔ پ ۱۰ ع ۱۱

اَلْفِضَّۃِ: اسم جنس معرفہ (حالتِ جر) چاندی پ ۳ ع ۱۰

فَطَرَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، مصدر فَطْرٌ، اس نے نیست سے ہست کیا، وہ عدم سے وجود میں لایا، اس نے پیدا کیا، لغوی لحاظ سے فَطْرٌ کے مفہوم میں پھاڑنے کے معنی ضرور ہونا چاہیے کیونکہ لغت میں فَطْرٌ کے معنی ہیں پھاڑنا، عدم کے پردے کو پھاڑ کر وجود میں لانا یعنی پیدا کرنا، اسی مناسبت سے اس کا مفہوم قرار پایا، پ ۷ ع ۱۵ پ ۲۱ ع ۷

فَطَرَنِیْ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، نِیْ مفعول اس نے مجھے پیدا کیا، پ ۱۲ ع ۵ پ ۱۳ ع ۱ پ ۲۵ ع ۹

فَطَرَکُمْ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، کُمْ ضمیر مفعول، اس نے تم کو پیدا کیا، پ ۱۵ ع ۵

فَطَرَنَا: واحد مذکر غائب ماضی معروف، نَا ضمیر مفعول، اس نے ہم کو پیدا کیا، پ ۱۶ ع ۱۲

فَطَرَهُنَّ: واحد مذکر غائب ماضی معروف هُنَّ ضمیر مفعول، اس نے ان کو پیدا کیا، پ ۱۷ ع ۵

فِطْرَۃَ اللّٰہِ: اسم فعل، فِطْرَۃَ مضاف اللہ مضاف الیہ، تخلیق، بناوٹ، بنائی ہوئی چیز، پ ۲۱ ع ۷

پروفیسر عبدالرؤف مصری نے لکھا ہے کہ فطرۃ ان خصوصی صفات کو کہتے ہیں جن سے کسی قوم یا فرد کی اچھی بری شخصیت بنتی ہے مثلاً شجاعت قوت، ذہانت، محنت، دانشمندی، مکاری وغیرہ فطرۃ کے اصلی معنی ہیں، آٹا گوندھ کر فوراً بغیر خمیر کے روٹی پکانا، خُبْزٌ فَطِیْرٌ (چپاتی) رَأْیٌ فَطِیْرٌ (بے سوچی رائے) اصل لغت میں توسیع ہوئی تو ایجاد و اختراع کے معنی ہو گئے (معجم القرآن)

امام راغب نے لکھا ہے فطرۃ اللہ سے مراد ہے انسان کی وہ پیدائشی (تخلیقی) قوت جس سے ایمان کا حصول ہوتا ہے (المفردات)

فُطُوْرٍ: اسم فعل، رخنہ، شگاف، عیب، پ ۲۹ ع ۱

فَظًّا: بدکلام، بدخو، بداخلاق، لفظ کی اصل وضع اس گندے پانی کے لئے ہے جو غلاظت سے بھری ہوئی آنتوں کے اندر ہوتا ہے (معجم القرآن و مفردات) پ ۴ ع ۸

فَعَلَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، کیا۔

امام راغب نے لکھا ہے ہر قسم کی تاثیر کو فعل کہتے ہیں ناقص ہو یا کامل، دانستہ ہو یا نادانستہ، ارادے کے ساتھ ہو یا بلا ارادہ، انسان کی طرف سے ہو یا حیوان

Presented by Ziaraat.Com

کی طرف سے یا کسی اور کی طرف سے فعل اور عمل دونوں کے ایک ہی معنی ہیں البتہ صُنْع کا مفہوم خاص ہے یعنی بنانا۔

لفظ فعل اسم فعل بھی ہے، مصدر بھی ہے اور اس کام کو بھی کہتے ہیں جو کیا گیا ہو، مفعول اور منفعل میں کوئی فرق نہیں، بعض اہلِ لغت کا قول ہے کہ فاعل کے فعل سے جو چیز بطور نتیجہ بلا ارادہ ظاہر ہو جاتی ہے وہ انفعال ہے جیسے محبوب کو دیکھنے سے چہرے کی شگفتگی اور دل میں سرور گانا سننے سے دل میں ہوک اور طرب، لیکن مفعول میں یہ شرط نہیں ہے (المفردات) ۹/۱۲/۹ ۱۴/۱۰/۱۱ ۱۷/۵ ۱۴/۳۰/۳۰ (دیکھو افعل)

فُعِلَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول، کیا گیا یعنی ان کو عذاب دیا گیا، ۲۲/۱۳

فَعَلْتَ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف، تو نے کیا، ۱۱/۱۶ یعنی شرک کیا، خدا کو چھوڑ کر دوسرے کو پکارا، ۱۷/۵ یعنی کیا تو نے ہمارے معبودوں کو توڑا ۱۹/۱۶ یعنی تو نے قتل کیا۔

فَعَلْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف۔ تم نے کیا ۱۳/۴ یعنی تم نے کیا سلوک کیا، ۲۶/۱۳ یعنی، دانی سے کسی قوم کو نقصان پہنچا دیا۔

فَعَلْنَا: جمع متکلم ماضی معروف ہم نے کیا، ۳/۱۹ یعنی ہم نے ان کو برباد کر دیا، ہلاک کر دیا۔

فَعَلُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف انہوں نے کیا ۴/۵ یعنی کھلا گناہ کیا، ۵/۵ یعنی وہ تعمیلِ حکم (نہیں) کرتے ۶/۱۵ یعنی بدی ۸/۳۱ یعنی نہ گمراہ ہوتے نہ اغوا کرتے ۵/۳ یعنی کھلا گناہ کیا، بے حیائی کا کام کیا، ۲۷/۱۰ یعنی جو کام انہوں نے کیا۔

فَعَلْنَ: جمع مؤنث غائب ماضی معروف ان عورتوں نے کیا ۱۴/۱۵ ۲/۱۵ یعنی نکاح۔

فَعَلْتُهٗ: واحد متکلم ماضی معروف، ہٗ ضمیر مفعول ۱۶/۱ یعنی میں نے خود اپنی رائے سے نہیں کیا۔ (ابنِ عباس)

فَعَلْتُهَا: واحد متکلم ماضی معروف ھَا ضمیر مفعول میں نے وہ حرکت کی، ۱۹/۱۶ یعنی قتل۔

فَعَلَهٗ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، ہٗ ضمیر مفعول، ۱۷/۵ ہاں کسی نے تو کیا (کسائی و رازی) یعنی اس جگہ فَعَلَهٗ کا فاعل غیر معین اور نامعلوم ہے اس لئے حذف کر دیا گیا، رازی کی یہ تشریح اس بنا پر ہے کہ فَعَلَهٗ پر وقف ہے، کَبِیْرُهُمْ جو اس کے بعد آیا ہے وہ اس کا فاعل نہیں ہے، عام اہلِ تفسیر نے کَبِیْرُهُمْ کو فاعل قرار دیا ہے اور یہ مطلب

Presented by Ziaraat.Com

لکھا ہے کہ حضرت ابراہیم نے فرمایا میں نے یہ کام نہیں کیا بلکہ بڑے بت نے کیا ہے یعنی ان لوگوں کو قائل کرنے اور ان کے عقیدے کا مذاق اڑانے کے لئے حضرت نے انکار کر دیا اور اپنے فعل کو بڑے بت کی طرف منسوب کر دیا۔

فَعَلْتَكَ: اسم فعل مضاف، ک ضمیر مخاطب مضاف الیہ، فَعْلَةٌ بمعنی فعل یعنی تو نے اپنی ایک اور حرکت کی تھی۔ ۱۹/۶

فَعَّالٌ: صیغہ مبالغہ، زبردست کام کرنے والا، خود مختاری سے کرنے والا، ۱۲/۹ ب ۳۰/۱۰

اَلْفَقْرُ: اسم فعل اور مصدر، تنگ دستی، ناداری، مفلس ہو جانا، محتاج ہو جانا، ۳/۵

پروفیسر عبدالرؤف نے لکھا ہے کہ اگر صرف اہل و عیال کی کفالت کے لئے رزق ہو زائد نہ ہو تو ایسا شخص فقیر ہے، اتنا بھی نہ ہو تو مسکین ہے اصل میں فقیر اس شخص کو کہتے تھے جس کے فِقَارُ الظَّهر (پشت کے مہرے، کریے) ٹوٹ گئے ہوں اس کے بعد ہر کمزور کو کہنے لگے، استعمال میں مزید توسیع کی گئی تو اس شخص پر اطلاق ہونے لگا جس کے پاس روزی زائد نہ ہو، مشہور راعی کا قول ہے،

لما تفقر الذی کانت حلوبته ۔ وفق العیال فلم یترک له سبد

یعنی میں وہ فقیر ہوں جس کے پاس دودھ دینے والی اونٹنی صرف اہل و عیال کی ضرورت کے لائق دودھ دیتی ہے (معجم القرآن)

امام راغب نے لکھا ہے فقر کا استعمال چار طور پر ہوا ہے:۔

۱۔ ضرورت کے لائق روزی نہ ہونا۔

۲۔ صرف ضرورت کے لائق ہونا، اندوختہ نہ ہونا آیۃ اِنْ یَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ یُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ میں یہی مفہوم مراد ہے۔

۳۔ فقر نفس، کتنا ہی مال ہو مگر نفس حریص رہے۔

۴۔ اللہ کی طرف احتیاج، ایسا فقر ہر آدمی، ہر جانور بلکہ کائنات کی ہر چیز میں ہے سب اللہ کے محتاج ہیں، آیت رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ میں یہی معنی مراد ہیں (المفردات) (دیکھو فاقرۃ)

فَقِیْرًا: صفت مشبہ نکرہ واحد (حالت نصب) فُقَرَاءُ جمع، محتاج، ۴/۵ ب ۲/۱۰

فَقِیْرٌ: صفت مشبہ نکرہ واحد (حالت رفع) فُقَرَاءُ جمع، ۴/۱۰ محتاج، ۲/۱۰ ضرورت مند۔

اَلْفَقِیْرُ: صفت مشبہ معرف باللام (حالت نصب) محتاج، ۱۷/۱۱

اَلْفُقَرَآءُ: صفت مشبہ جمع معرفہ حالت رفع، اَلْفَقِیْرُ واحد

ضرورتمند (بے نیاز نہیں ہو) ۲۲/۱۵ ۲۶/۸

اَلْفُقَرَآءَ: صفت مشبہ جمع معرفہ، حالتِ نصب، اَلْفَقِیْر واحد، محتاج، ۳/۵

لِلْفُقَرَآءِ: لام حرفِ جر، اَلْفُقَرَآءِ مجرور صفتِ مشبہ جمع، حالتِ جر، محتاج۔ ۳/۵ ۱۰/۱۴ ۲۸/۴

فُقَرَآءَ: صفتِ مشبہ نکرہ، جمع (حالتِ نصب) محتاج، ۱۸/۱۰

فَكُّ رَقَبَةٍ: مصدر (باب نصر) مضاف رَقَبَةٍ مضاف الیہ، غلامی سے آزاد کرنا۔

امام راغب نے لکھا ہے بعض کا قول ہے کہ گردن کی آزادی سے مراد ہے، اللہ کے عذاب سے اپنی اور دوسروں کی گردنوں کو آزاد کرنا، (المفردات) ۳۰/۱۵

فَكَّرَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، مصدر تَفْكِیْر باب تفعیل، اس نے سوچا۔ فِكْرٌ فَكْرٌ فِكْرَةٌ فِكْرٰی اسم مصدر بمعنی سوچ وچار فِكْرٌ اور فَكْرٌ کے معنی حاجت بھی ہیں، محاورے میں کہتے ہیں مَالِیْ فِیْہِ فِكْرٌ یا مَالِیْ فِیْہِ فَكْرٌ مجھے اس کی حاجت نہیں (قاموس ولسان)

امام راغب نے لکھا ہے کسی چیز میں تفکر اسی وقت ہو سکتا ہے جب اس کی صورت دماغ میں آسکے جیسے آسمان زمین سارا جہان، اگر دماغ میں صورت نہ آسکے تو ایسے مقام میں تفکر کا استعمال صحیح نہیں اس لئے کہا گیا ہے، اللہ کی آیات اور نعمتوں پر غور کرو، اس کی ذات کو نہ سوچو (المفردات) ۲۹/۱۵

فَكِهِيْنَ: جمع، حالتِ نصب، فَكِہٌ واحد، باتیں بناتے ہوئے، اِتراتے ہوئے، مذاق اڑاتے ہوئے۔ (دیکھو فَاكِهِيْنَ وَفَاكِهُوْنَ وَتَفَكَّهُوْنَ) ۳۰/۸

فُلَانًا: فلاں شخص کو، اگرچہ کسی کا نام نہ لیا جائے اور اسمی تعیین نہ کی جائے تو نام کی جگہ لفظِ فلاں آتا ہے۔

پروفیسر عبدالرؤف مصری نے لکھا ہے کسی شخص یا چیز کے نام کی طرف کنایہ کرنے کے لئے لفظِ فلاں بولا جاتا ہے بلکہ شرفیوں کی جماعت کی طرف کنایہ کرنے کے لئے بھی اس لفظ کا استعمال ہوا ہے، ابوالنجم کا شعر ہے:

تَدَافَعَ الشَّيْبُ وَلَمْ تُقْتَلِ
فِيْ لُجَّةٍ اَمْسَكَ فُلَانٌ عَنْ فُلٍ

(معجم القرآن)

راغب نے المفردات میں لکھا ہے کہ فُلَانٌ اور

فُلَانَۃٌ کا استعمال انسان (مرد و عورت) کے لئے ہوتا ہے اور اَلْفُلَانُ اور اَلْفُلَانَۃُ کا استعمال حیوان (مذکر و مؤنث) کے لئے ہوتا ہے۔ ۱۹/۱

اَلْفَلَقِ: اسم فعل، تڑکا، اول صبح (صحاح، قاموس، زجاج، راغب) یا مخلوق (ابن عباس) لفظی ساخت کے اصل معنی ہیں پھاڑنا، صبح کا نور، سیاہی کے پردے کو پھاڑ کر نکلتا ہے مخلوق عدم کے پردے کو چاک کر کے آئی ہے اسی مناسبت سے اول صبح یا مخلوق مراد ہوئی۔ (دیکھو فَالِقُ) ۳۰/۳۸

فَلَكٍ: واحد فُلْكٌ و اَفْلَاكٌ جمع، گھیرا دائرہ، لفظ کی اصل وضع اس پانی کے لئے ہے جس پر ہوا لگنے سے گول گول دائرے پیدا ہو جاتے ہیں (معجم القرآن) ۱۷/۳ ۲۳/۲

اَلْفُلْكِ: یہ لفظ مذکر بھی ہے اور مؤنث بھی جمع بھی ہے اور واحد بھی یا جمع بصورت واحد ہے اگر جمع ہو گا تو اس کا واحد فَلَكٌ ہو گا جیسے اُسُدٌ (قاموس) کشتی، جہاز۔ ۲/۴ ۵/۱۵ ۱۱/۸ ۱۳ ۱۸/۲ ۱۹/۱۰ ۲۱/۳ ۲۳/۲ ۲۴/۱۴ ۲۵/۷

اَلْفُلْكَ: حالتِ نصب (دیکھو اَلْفُلْكِ) ۱۲/۴ ۱۳/۱۷ ۱۴/۸ ۱۵/۷ ۱۷/۱۶ ۱۸/۲ ۲۲/۱۴

اَلْفُلْكُ: حالتِ رفع (دیکھو اَلْفُلْكِ) ۲۱/۸ ۲۵/۱۸

فَوَاحِشَ: جمع، واحد فَاحِشَۃٌ، بے حیائی کے کام، کھلے گناہ (دیکھو فَاحِشَۃَ) ۵/۱۱۹ ۲۵/۲ ۲۷/۶

فَوَاقٍ: اسم فعل، واحد، اس کی جمع اَفْوِقَۃٌ اور اِفِقَۃٌ ہے درمیانی وقفہ، وہ وقفہ جو دو مرتبہ دودھ دوہنے کے درمیان ہوتا ہے، دوہنے والا ایک مرتبہ دودھ چکتا ہے پھر بچے کو پینے کے لئے چھوڑ دیتا ہے، بچے کے پینے سے جانور کے تھنوں میں دوبارہ دودھ اترآتا ہے، دوہنے والا بچے کو ہٹا کر خود دوبارہ دودھ لیتا ہے۔ اس درمیانی وقفے کا نام اصل لغت میں فواق ہے (قاموس) یہاں مراد سکون اور مرض کا افاقہ (منتہی الارب، لسان، ابو عبیدہ) یا رجوع (محلی، راغب اور معجم) یا راحت (راغب و منتہی الارب) ۲۳/۱۱

فَوَاكِهُ: جمع فَاكِهَۃٌ واحد، پھل، میوہ (دیکھو فَاكِهَۃٌ) ۱۸/۱ ۲۳/۶ ۲۹/۲۲

فَوْتَ: اسم فعل، آگے بڑھ جانا، گرفت سے باہر ہو جانا، رسائی سے نکل جانا، هُوَ فَوْتُ رَاْسِهٖ وہ اس کے نیزے کی رسائی سے آگے ہے هُوَ فَوْتُ يَدِهٖ وہ ہاتھ کی پہنچ سے باہر ہے هُوَ فَوْتُ فِيْهِ وہ اس کے منہ کی رسائی سے باہر ہے یعنی منہ

Presented by Ziaraat.Com

وہاں تک نہیں پہنچ سکتا، بددعا کے وقت کہا جاتا ہے جَعَلَ اللّٰہُ رِزْقَہٗ فَوْتَ فِیْہِ اللہ اس کے رزق کو اس کے منہ کی رسائی سے باہر کردے یعنی رزق سامنے ہو مگر منہ وہاں تک نہ پہنچ سکے (تاج لسان) دیکھو فَاتَکُمْ ۲۲/۱۲

فَوْجٌ: واحد، حالتِ رفع، اَفْوَاجٌ جمع، گروہ، جماعت فُوْدٌ بھی جمع ہے اَفَادِجُ اور اَفَادِیْجُ جمع الجمع ہے۔ ۲۳/۱۳ ۲۹/۱

فَوْجًا: واحد، حالتِ نصب، گروہ، ۲۰/۳

فَوْرٌ: اسم فعل، جوش، ابال، عجلت، فوراً۔ اور آجائیں تم پر اپنے جوش سے (ترجمہ شاہ رفیع الدین) اور وہ آویں تم پر اسی دم (شاہ عبدالقادر) (دیکھو فارَ) ۴/۴

اَلْفَوْزُ: اسم فعل و مصدر، فتح۔ کامیابی۔ کامیاب ہونا (باب نصر) (دیکھو فازَ) ۴/۱۳ ۷/۸،۶ ۱۰/۱۵ ۱۱/۲،۳،۱۲ ۲۳/۶ ۲۴/۶ ۲۵/۲۰،۱۶ ۲۷/۱۸ ۲۸/۱۵،۱۰ ۳۰/۱۰

فَوْزًا: اسم فعل و مصدر، حالتِ نصب، دیکھو اَلْفَوْزُ ۵/۷ ۲۲/۶ ۲۶/۲۹

فَوْقَ: ظرف، مکان، اوپر، اونچا جیسے رَفَعْنَا فَوْقَکُمُ الطُّوْرَ۔

مرتبہ میں زیادتی، برتری، جیسے رَفَعْنَا بَعْضَھُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ۔ فَوْقَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَالَّذِیْنَ اتَّقَوْا فَوْقَھُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔

بلندی بلحاظ غلبہ جیسے وَھُوَ الْقَاھِرُ فَوْقَ عِبَادِہٖ وَاِنَّا فَوْقَھُمْ قٰھِرُوْنَ۔

جسمانیت کے لحاظ سے بڑا یا چھوٹا ہونا جیسے بَعُوْضَۃً فَمَا فَوْقَھَا یعنی مچھر اور مچھر سے کوئی بڑی چیز (مثلاً مکڑی) یا چھوٹی چیز (مثلاً مچھر کی ٹانگ)

حقارت اور ذلت میں زیادتی جیسے بَعُوْضَۃً فَمَا فَوْقَھَا یعنی مچھر اور مچھر سے بھی زیادہ حقیر چیز۔

تعداد میں زیادتی فَاِنْ کُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَیْنِ ۳/۱۴ ۴/۱۳،۸ ۷/۱۴،۸ ۸/۷ ۹/۱۶ ۱۲/۱۵ ۱۳/۳ ۱۴/۱۸ ۲۵/۱۶،۹ ۲۶/۱۳،۹

فَوْقٍ: ظرفِ مکان مجرور، اوپر سے، اونچائی سے۔ حالتِ جر میں فوق کے عموماً یہی معنی ہوتے ہیں جیسے وَجَعَلَ فِیْھَا رَوَاسِیَ مِنْ فَوْقِھَا۔ عَلَیْکُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِکُمْ۔ اِذْ جَآءُوْکُمْ مِّنْ فَوْقِکُمْ۔ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ۔ یُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِھِمُ۔ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ مَوْجٌ۔ ۱۳/۱۶ ۱۷/۹ ۱۸/۱۱۔

فَوْقَکُمْ: فَوْقَ منصوب، مضاف کُمْ ضمیر مضاف الیہ، تمہارے اوپر، ۱/۱۱،۸ ۱۵/۱ ۳۰/۱

فَوْقِکُمْ: فَوْقَ مجرور مضاف کُمْ ضمیر مضاف الیہ

تمہارے اوپر سے، ۷/۱۴ ب ۲۱/۱۸ ۔

فَوْقَهَا: فوق ظرف منصوب مضاف ھا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ، اس کے اوپر، ب ۱/۳

فَوْقِهَا: فوق ظرف مجرور مضاف ھا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ، اس کے اوپر سے۔ ب ۲۳/۱۲ ب ۲۴/۱۶

فَوْقَهُمْ: فوق ظرف منصوب مضاف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ان کے اوپر۔ ان سے بڑھ کر۔ ان سے زیادہ۔ ان پر غالب۔ ب ۲/۱۰ ب ۶/۲ ب ۹/۱۱ر۵ ب ۲۶/۱۵ ب ۲۹/۲ر۵

فَوْقِهِمْ: فوق ظرف مجرور مضاف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ان کے اوپر سے، ب ۶/۱۳

ب ۸/۱۲ ب ۱۴/۱۲ر۱۰ ب ۲۱/۲ ب ۲۳/۱۶

فَوْقِهٖ: فوق ظرف مجرور مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، اس کے اوپر سے، ب ۱۸/۱۱

فَوْقِهِنَّ: فوق ظرف مجرور مضاف ھِنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مضاف الیہ، ان کے اوپر سے ب ۲۵/۲

فُوْمِهَا: فوم مضاف ھا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ، گیہوں (راغب) یا لہسن (عام اہلِ تفسیر) حضرت ابنِ مسعودؓ اور حضرت ابنِ عباسؓ کی قراءت میں یہ لفظ ثُوْمِهَا ہے۔

ابنِ قتیبہ نے لکھا ہے کہ فُوم اصل میں ثُوم تھا ثاء کو فاء سے بدل دیا اور یہ جائز ہے جیسے جَدَثٌ کو جَدَفٌ اور مَغَاثِیْرُ کو مَغَافِیْرُ کہا جاتا ہے (القرطین لابن قتیبہ) ب ۱/۲

فُؤَادُ: واحد، معرفہ۔ اَفْئِدَةٌ جمع، دل۔ لغت میں تَفَؤُّدٌ کے معنی ہیں روشن ہونا۔ علمی ادراکی اور عرفانی نور کا مرکز بھی دل ہے اسی لحاظ سے اس کو فُؤَاد کہا جاتا ہے۔ ب ۲۰/۴

اَلْفُؤَادُ: واحد، معرف باللام اَلْاَفْئِدَةُ جمع، دل۔ ب ۲۷/۵

اَلْفُؤَادَ: واحد، حالتِ نصب، دل، ب ۱۵/۴

فُؤَادَكَ: فؤاد منصوب، مضاف ک ضمیر واحد مذکر حاضر، مضاف الیہ، تیرے دل کو، ب ۱۲/۱۱ ب ۱۶/۱

فِئَةٌ: واحد، حالتِ رفع، گروہ اور بقول امام راغب وہ گروہ جو باہم مددگار ہو اور ایک دوسرے کی طرف مدد کرنے کے لئے لوٹے (المفردات) ب ۳/۱۰ ب ۱۵/۱۷

فِئَةً: واحد، حالتِ نصب، گروہ (دیکھو فِئَةٌ) ب ۲/۱۷ ب ۱۰/۲

فِئَةٍ: واحد، حالتِ جر، گروہ (دیکھو فِئَةٌ) ب ۲/۱۷ ب ۹/۱۶ ب ۲۰/۱۱

Presented by Ziaraat.Com

فِتْنَتُكُمْ: فِتْنَۃٌ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ، تمہارا گروہ۔ ۹/۱۶

فِئَتَانِ: تثنیہ فِئَۃٌ واحد، حالتِ رفع، دو گروہ، ۱/۲

فِئَتَيْنِ: تثنیہ فِئَۃٌ واحد، حالتِ جر و حالتِ نصب، دو گروہ۔ ۳/۱۰ ۵/۹

فَهَّمْنَاهَا: جمع متکلم ماضی معروف مصدر تَفْهِيمٌ باب تفعیل، اس کا مجرد باب سمع سے مستعمل ہے ہم نے سمجھا دیا۔ ۱۷/۶

اَلْفِيْلِ: اسم جنس، مذکر و مؤنث واحد و جمع، اگر اس کو واحد قرار دیا جائے تو فُيُوْلٌ اور فِيْلَۃٌ جمع آتی ہے، ہاتھی اصحاب الفیل سے مراد ہیں ابرہۃ حبشی شاہ یمن اور اس کا لشکر جس نے کعبہ ڈھانے کے لئے چڑھائی کی تھی اور اللہ نے اس کو غیبی حوادث بھیجکر تباہ کیا، قصہ اس سورت میں مذکور ہے۔ ۳۰/۳۰

فِيْ: حرف جر ہے اس کا استعمال قرآن مجید میں مختلف طور پر ہوا ہے۔

۱ ظرفیت کے لئے ایسا استعمال قرآن مجید میں زیادہ ہے ظرف مکان جیسے اَنْتُمْ عَاكِفُوْنَ فِي الْمَسٰجِدِ، ظرف زمان جیسے وَفِيْ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدَاتٍ۔

۲ بمعنی مع یعنی شمول الخ اور مصاحبت کے لئے جیسے اُدْخُلُوْا فِيْ اُمَمٍ قوموں کے ساتھ شامل ہو جاؤ۔

۳ بمعنی باء سببیت بابت متعلق فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ یہی وہ ہے جس کے سبب جس کے متعلق تم نے مجھے برا کہا تھا۔ ۴ بمعنی لام (واسطے) اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا اگر تم ان کے لئے بھلائی سمجھو (ابن عباس)

۵ بمعنی علیٰ (اوپر) لَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ کھجور کے تنوں پر میں تم کو صلیب دوں گا۔

۶ بمعنی الیٰ (طرف) فَرَدُّوْا اَيْدِيَهُمْ فِيْ اَفْوَاهِهِمْ اَيْ اِلٰى اَفْوَاهِهِمْ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ایک نظر ستاروں کی طرف دیکھا۔ (ابن عباس)

۷ بمعنی عَنْ (سے، عوض) فَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى۔

۸ بمعنی مِنْ (سے) وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا جس روز ہم ہر امت میں سے ایک گواہ اٹھائیں گے۔

۹ باہم اندازہ کرنا، مقابلہ اور موازنہ کرنا فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ آخرت کے مقابلے میں دنیوی زندگانی کا سامان حقیر ہے۔

۱۰ تاکید یا زائد وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا عربی میں باب رَكِبَ متعدی ہے رَكِبَ الْفَرَسَ گھوڑے پر سوار ہوا، اس لئے آیت میں فِيْ زائد ہے، اردو میں کشتی پر یا کشتی میں سوار ہونا بولا جاتا ہے اس لئے

Presented by Ziaraat.Com

ترجمہ میں فی کو زائد نہیں قرار دیا جا سکتا) قرآن پاک میں حرف فی ۱۲۹۱ مرتبہ سے بھی زیادہ آیا ہے کل آیات یا حوالجات کو نقل کرنا غیر مفید طوالت ہے ذیل میں ان مقامات کے حوالے لکھے جاتے ہیں جہاں ضمیروں پر فی آیا ہے۔

فِیْہِ : فی حرف جر ہ ضمیر واحد مذکر غائب مجرور

اس میں ۱ / ۱ ۲ ر ۴ ر ۸ ر ۱۴ ۲ / ۷ ر ۸ ر ۱۰ ر ۱۱ ر ۱۶ ۳ / ۲ ر ۴ ر ۵ ر ۶ و ۹ ر ۱۱ ر ۱۳ ر ۱۴ ۴ / ۱ ر ۱۴ ۵ / ۸ ۶ / ۲ ر ۱۱ ۷ / ۳ ر ۵ ۸ / ۶ و ۱۱ ۹ / ۲ ر ۷ ر ۹ ر ۱۲ ر ۱۵ ۱۱ / ۱۰ ر ۱۲ ر ۱۴ ۱۲ / ۱۷ ر ۱۹ ۱۳ / ۳ ر ۸ ر ۱۱ ر ۱۴ ۱۴ / ۱۵ ر ۱۶ ر ۱۹ ر ۲۲ ۱۵ / ۷ ر ۱۱ ر ۱۳ ر ۱۸ ۱۶ / ۲ ر ۵ ر ۱۲ ر ۱۳ ر ۱۴ ر ۱۷ ۱۷ / ۱ ر ۲ ر ۶ ر ۱۰ ر ۱۶ ۱۸ / ۴ ر ۸ ر ۱۱ ۱۹ / ۲ ر ۳ ر ۱۰ ۲۰ / ۷ ر ۱۴ ر ۱۶ ۲۱ / ۱۴ ر ۱۶ ۲۲ / ۱۴ ر ۱۵ ر ۱۷ ۲۳ / ۱۲ ر ۴ ر ۱۳ ۲۴ / ۴ ر ۱۲ ر ۱۸ ر ۲۰ ۲۵ / ۲ ر ۳ ر ۱۲ ر ۱۳ ر ۱۵ ر ۱۸ ر ۱۹ ۲۶ / ۱ و ۲ ۲۷ / ۴ ر ۸ ر ۱۷ ر ۱۸ ر ۱۹ ۲۸ / ۲۰ ۲۹ / ۱۱ ر ۴ ۳۰ / ۱

فِیْہَا : فی حرف جر ہا ضمیر واحد مؤنث غائب مجرور

اس میں ۱ / ۲ ر ۴ ر ۸ ر ۹ ر ۱۴ ۲ / ۳ ر ۴ ر ۹ ر ۱۱ ۳ / ۲ ر ۴ ر ۶ ر ۱۰ ر ۱۷ ۴ / ۲ ر ۳ ر ۵ ر ۱۱ ر ۱۲ ر ۱۳ ۵ / ۹ ر ۱۰ ر ۱۱ ر ۱۵ ۶ / ۳ ر ۸ ر ۱۰ ر ۱۱ ۷ / ۱ ر ۵ ر ۶ ر ۱۰ ۸ / ۲ ر ۸ ر ۹ ر ۱۱ ر ۱۲ ۹ / ۱ ر ۶ ۱۰ / ۹ ر ۱۴ ر ۱۵ ر ۱۷ ۱۱ / ۲ ر ۴ ر ۶ ر ۸ ر ۹ ۱۲ / ۱۴ ر ۱۶ ر ۱۷ ۱۳ / ۶ ر ۷ ر ۱۶ ۱۴ / ۲ ر ۴ ر ۷ ر ۱۰ ۱۵ / ۱ ر ۳ ر ۷ ر ۸ ر ۱۰ ر ۱۱ ر ۱۲ ر ۱۵ ر ۱۶ ۱۶ / ۱ ر ۲ ر ۱۵ ر ۱۶ ر ۱۷

۱۷ / ۳ ر ۵ ر ۶ ر ۷ ر ۸ ر ۹ ر ۱۰ ر ۱۱ ر ۱۲ ر ۱۳ ۱۸ / ۱ ر ۲ ر ۵ ر ۶ ر ۷ ر ۱۰ ر ۱۱ ر ۱۲ ر ۱۷ ۱۹ / ۴ ۲۰ / ۵ ر ۹ ر ۱۰ ر ۱۱ ر ۱۵ ۲۱ / ۲ ر ۱۰ ر ۱۵ ۲۲ / ۵ ر ۷ ر ۸ ر ۱۵ ر ۱۶ ۲۳ / ۲ ر ۴ ر ۱۳ ۲۴ / ۵ ر ۱۰ ر ۱۱ ر ۱۳ ر ۱۴ ر ۱۶ ر ۱۸ ۲۵ / ۲ ر ۷ ر ۱۴ ر ۱۶ ر ۲۰ ۲۶ / ۲ ر ۳ ر ۶ ر ۷ ر ۹ ر ۱۵ ر ۱۷ ۲۷ / ۱ ر ۳ ر ۱۱ ر ۱۴ ر ۱۷ ر ۱۸ ۲۸ / ۳ ر ۵ ر ۱۵ ر ۱۸ ۲۹ / ۱ ر ۵ ر ۹ ر ۱۲ ر ۱۹ ر ۲۱ ۳۰ / ۱ ر ۲ ر ۵ ر ۹ ر ۱۲ ر ۱۳ ر ۱۱ ر ۲۲ ر ۲۳

فِیْہِمَا : فی حرف جر ہما ضمیر تثنیہ مذکر و مؤنث غائب مجرور، ان دونوں میں ۲ / ۱۱ ۱۷ / ۲ ۲۴ / ۹ ۲۵ / ۴ ۲۷ / ۱۳

فِیْہِمْ : فی حرف جر ہم ضمیر جمع مذکر غائب مجرور ان سب میں ۱ / ۱۵ ۴ / ۸ ۵ / ۱۲ ۶ / ۱۲ ۷ / ۶ ۹ / ۱۸ ۱۴ / ۱۰ ۱۵ / ۱۵ ۱۶ / ۲ ۱۸ / ۲ ر ۱۰ ۲۰ / ۱۴ ۲۳ / ۶ ۲۸ / ۷

فِیْہِنَّ : فی حرف جر ہن ضمیر جمع مؤنث غائب مجرور، ان سب میں ۲ / ۹ ۵ / ۱۶ ۶ / ۶ ۱۰ / ۱۱ ۱۵ / ۵ ۱۸ / ۴ ۲۷ / ۱۳ ۲۹ / ۹

فِیْکُمْ : فی حرف جر کم ضمیر جمع مذکر حاضر مجرور۔ تم میں ۲ / ۲ ۴ / ۱ ۶ / ۸ ۷ / ۱۲ ۱۰ / ۱۳ ۱۱ / ۷ ر ۵ ۲۱ / ۱۸ ۲۶ / ۱۳ ۲۸ / ۵

فِیْنَا : فی حرف جر نا ضمیر جمع متکلم مجرور۔ ہم میں ۱۲ / ۸ ۱۹ / ۶ ۲۱ / ۳

باب القاف

ق : چھبیسویں پارہ میں سورۃ ۵۰ کا نام، حروف ۲۶

ہجا رہیں سے ایک حرف، حروفِ مقطعات میں سے ایک حرف جس کا صحیح علم امت میں کسی کو نہیں، اللہ ہی کو اصلی مراد معلوم ہے۔ ۲۶/۱۵

قَابَ: اندازہ، مقدار یا کمان کے قبضہ سے نوک تک کا فاصلہ یعنی آدھی کمان کی لمبائی (تاج، صحاح، راغب، معجم)

اہل عرب کسی مسافت کا اندازہ کرنے کے لئے مختلف الفاظ بولتے تھے مثلاً کمان برابر، ایک نیزے کے برابر، ایک کوڑے کے برابر، ہاتھ برابر، بانہہ برابر، بالشت بھر، انگل برابر وغیرہ۔ آیت میں لفظی قلب کر دیا گیا ہے، اصل میں قَابَیْ قَوْسٍ تھا یعنی کمان کے دو قاب کی برابر۔ ایک کمان کے دو قاب ہوتے ہیں یعنی وسطی قبضہ سے دونوں طرف کے حصے برابر ہوتے ہیں، دو قاب پوری کمان کی برابر ہو گئے (معجم القرآن) صاحبِ منتہی الارب نے بھی آیت میں لفظی قلب مکانی نقل کیا ہے لیکن قَابَ کے معنی (عام) اندازہ و مقدار بھی لکھا ہے۔ عملی نے بھی مقدار ترجمہ کیا ہے یعنی جبریل رسول اللہ کے اتنے قریب آ گئے کہ دونوں کے درمیان دو کمانوں کے برابر فاصلہ رہ گیا بلکہ اس سے بھی کم۔ بات یہ تھی کہ حضورِ والا نے حضرتِ جبریل سے خواہش کی تھی کہ اپنی اصلی صورت مجھے دکھائیے۔ جبریل اصلی شکل میں مشرقی افق میں نمودار ہوئے اور سارے آسمان پر چھا گئے، حضورِ والا پر اتنا خوف طاری ہوا کہ بے ہوش ہو گئے، جبریل انسانی صورت میں قریب آئے اتنے کہ دو کمان برابر یا اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا اور حضور کو تسلی دی اور خوف دور کیا۔

لیکن عام اہلِ تفسیر نے لکھا ہے کہ نہ قلب مکانی کہنے کی ضرورت ہے نہ دو کمانوں کے برابر فاصلہ قرار دینے کی کیونکہ اس جگہ کلام کی بنا عرب کے رواج اور دستور پر ہے، عرب میں جب دو شخص گہری دوستی اور ایک روح دو قالب ہونے کا پیمان باندھتے تھے تو ہر ایک اپنی کمان نکالکر لاتا تھا، پھر دونوں کمانوں کو اس طرح ملا دیا جاتا تھا کہ دونوں کے قبضے مل جاتے تھے، گوشے مل جاتے تھے، تانت مل جاتی تھی گویا دونوں کمانیں جڑ کر ایک ہو جاتی تھیں پھر دونوں سے ملا کر ایک تیر پھینکا جاتا تھا مطلب یہ ہوتا تھا کہ ہم دونوں ان دونوں کمانوں کی طرح ایک ہو گئے اور دونوں یک ذات ہو کر دشمن کا مقابلہ کریں گے ایک کسی سے صلح کرے گا تو دوسرے کی بھی صلح

Presented by Ziaraat.Com

مانی جائے گی اور ایک کی کسی سے جنگ ہوگی تو دوسرے کی بھی جنگ سمجھی جائے گی (کذا نقل عن مجاہد) اس صورت میں جبرئیل اور رسول اللہ کے درمیان فاصلہ ثابت ہوگا جتنا دو کمانوں کو جوڑنے کے بعد دونوں کے درمیان ہوتا ہے یعنی بالکل فاصلہ نہ رہے گا، دونوں کا بالکل متصل ہونا سمجھا جائیگا واللہ اعلم ۲۷/۵

قَابِلِ التَّوْبِ: اسم فاعل (حالتِ جر) مضاف اَلتَّوْب مضاف الیہ، توبہ قبول کرنے والا، اس کا ماضی مضارع باب نصر سے بھی آتا ہے اور ضرب سے بھی اور سمع سے بھی، سب کے معنی قبول کرنے کے ہوتے ہیں بشرطیکہ متعدی بالباء ہو جیسے قَبِلَ بِہٖ۔ یَقْبَلُ بِہٖ۔ قَبَلَ بِہٖ۔ یَقْبِلُ بِہٖ۔ قَبُلَ بِہٖ یَقْبُلُ بِہٖ، سب کا مصدر قَبَالَۃٌ آتا ہے۔

اگر متعدی بالباء نہ ہو تو کبھی لازم آتا ہے اس وقت سامنے سے آنے کے معنی ہوتے ہیں اور باب سَمِعَ سے آتا ہے جیسے قَبِلَتِ اللَّیْلَۃُ رات سامنے آگئی اور کبھی بغیر حرف جر کی وساطت کے خود متعدی آتا ہے اس وقت بھی باب سمع سے ہی آتا ہے جیسے قَبِلَہٗ اس کو قبول کیا، اس وقت مصدر قَبُوْلٌ اور قُبُوْلٌ آتا ہے، آیت میں صیغہ اسم فاعل اسی سے آیا ہے۔

اگر قَبِلَ کے بعد عَلٰی آئے تو چمٹنے اور شروع کرنے کے معنی ہوتے ہیں جیسے قَبِلَ عَلَی الشَّیْءِ اس چیز پر چمٹ گیا یا اس کو شروع کیا اس وقت بھی باب سمع سے آتا ہے (لسان و قاموس، ۱۲ ج) (باقی تتمیم کے لئے دیکھو اَقْبَلَ اور تَقَبَّلَ)

قَاتَلَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف مُقَاتَلَۃٌ مصدر، باب مُفَاعَلَۃٌ، جنگ کی، نیکی سے دور کر دیا، رحمت سے دور کر دیا، اس جگہ آخری معنی مراد ہے یعنی خدا ان پر لعنت کرے۔

(ابن عباس)

امام راغب نے ایک دقیق معنی لکھے ہیں جس کا حاصل یہ ہے کہ خدا نے ان کو مغلوب کر دیا اس لئے کہ وہ خداوندی احکام کی مخالفت کر کے گویا خدا سے لڑائی پر تلے ہوئے ہیں، پس اللہ نے ان کو مغلوب کر دیا (اس وقت جملہ بددعائیہ نہ ہوگا) یا خدا ان کو مغلوب کرے (اس وقت جملہ بددعائیہ ہوگا) انتہی کلامہ۔ لیکن جس کلام کا قائل خدا ہے اس میں بددعا کے کوئی معنی نہیں، اللہ کس سے بددعا کرتا ہے اس لئے کلام کو محاورہ عرب پر محمول کیا جائے گا کہ جملہ بددعائیہ ہے مگر معنی میں صرف ذم کے

یعنی یہ لوگ مستحق لعنت ہیں یا مؤلف معجم القرآن کے موافق یہ بددعا کی تعلیم ہے یعنی لوگوں کو کافروں کے متعلق بددعا کرنی چاہیے کہ اے اللہ ان کو رحمت سے دور کردے۔ ۴/۲۷

قَاتِلْ: واحد مذکر حاضر امر معروف مُقَاتَلَۃٌ مصدر باب مُفَاعَلَۃٌ، لڑ، قتال کر، یعنی اگر منافق پیچھے ہٹتے ہیں کافروں سے جہاد نہیں کرتے تو تنہا تم جہاد کرو، کافروں سے جنگ کرو، یہ خطاب رسول اللہ کو ہے (روح المعانی و سیوطی) ۵/۸

قَاتِلَا: تثنیہ امر حاضر معروف قَاتِلْ واحد مُقَاتَلَۃٌ مصدر، باب مُقَاتَلَۃٌ، تم دونوں لڑو، جنگ کرو، یعنی یہودیوں نے حضرت موسیٰ سے کہا تم اور تمہارا رب جاکر کافروں سے لڑو ہم تو یہیں بیٹھے رہیں گے، ہم نہیں لڑیں گے، شاید یہودی خدا کی جسمانیت کے قائل تھے حقیقت یہ ہے کہ یہودی جاہل تھے، اللہ کی ذات اور صفات سے ناواقف تھے اسی لئے ایسی بدتمیزی کی بات کہی تھی۔ (خازن) ۶/۸

قَاتَلَكُمْ: واحد مذکر غائب ماضی معروف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مفعول، مُقَاتَلَۃٌ مصدر، باب مُفَاعَلَۃٌ یعنی اگر وہ کلیتہ میں کافر تم سے لڑتے (ملی و خازن) ۲۶/۱۱

قَاتَلَهُمْ: واحد مذکر غائب ماضی معروف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مفعول۔ ۱۰/۱۱ ۳۰/۱۳ دونوں جگہ بددعائیہ جملے ہیں، ان پر اللہ کی لعنت ہو، اللہ کی مار ہو۔ (دیکھو قَاتَلَ)

قَاتَلُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، مقاتلۃ مصدر، باب مُفَاعَلَۃٌ ۲/۸ اگر وہ حرم کے اندر تم سے لڑیں، ۴/۱۱ وہ کافروں سے لڑے۔ ۵/۹ وہ ضرور تم سے لڑتے۔ ۲۱/۱۸ اگر وہ تمہارے ساتھ موجود ہوتے اور مدینے کو نہ چلے گئے ہوتے تب بھی نہیں لڑتے (بیضاوی) ۲۷/۱۷ اور کافروں سے لڑے۔ ۲۸/۸ جو تم سے لڑے تھے۔

قَاتِلُوْا: جمع مذکر حاضر امر معروف، مُقَاتَلَۃٌ مصدر باب مُفَاعَلَۃٌ لڑو۔ ۲/۸ ۴/۸ ۵/۹ ۹/۱۰ ۱۲/۱۰ ۱۹/۱۰ ۲۶/۱۳

بِقَادِرٍ: ب حرف جر، قَادِرٍ اسم فاعل واحد مذکر مجرور، قَادِرُوْنَ اور قَادِرِیْنَ جمع، طاقت رکھنے والا۔ قابو پانے والا۔ غالب، گرفت کرنے والا۔ ۲۳/۴ ۲۶/۴ ۲۹/۱۷

قَادِرٌ: اسم فاعل واحد مذکر نکرہ حالت رفع، قابو پانے والا۔ طاقت رکھنے والا۔ گرفت کرنیوالا، غالب

Presented by Ziaraat.Com

ب ۱۵ ع ۱۱ ب ۳۰ ع ۱۱

اَلْقَادِرُ: اسم فاعل معرفہ، باقی معانی مذکورہ بدستورِ سابق۔ ب ۷ ع ۱۴

اَلْقَادِرُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر معرفہ، اَلْقَادِرُ واحد، اندازہ کرنے والے۔ ب ۲۹ ع ۲۱

قَادِرُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر نکرہ حالتِ رفع قَادِرٌ واحد، قابو پانے والے۔ گرفت کرنے والے، غالب۔ ب ۱۱ ع ۸ ب ۱۸ ع ۱۱ ب ۲۹ ع ۸

قَادِرِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر نکرہ، حالتِ نصب قدرت رکھنے والے، قابو پانیوالے، ب ۲۹ ع ۱۷ (تنقیح کے لئے دیکھو تَقْدِیْرًا)

قَارِعَةٌ: اسم فاعل واحد مؤنث، قَارِعَاتٌ اور قَوَارِعُ جمع، مصیبت، بلا۔ حادثہ یا اچانک آجانے والی مصیبت قَارِعَةُ الدَّارِ مکان کا صحن قَارِعَةُ الطَّرِیْقِ وسطِ راہ قَوَارِعُ الْقُرْاٰنِ وہ آیات جن کے پڑھنے سے آدمی خبیث جنات سے محفوظ رہتا ہے اصل مادہ قَرْعٌ ہے، بابِ فتح میں اس کے معنی ہیں کھٹکھٹانا مثلاً قَرَعَ الْبَابَ دروازہ کھٹکھٹایا قَرَعَ رَأْسَہٗ بِالْعَصَا لاٹھی سے اس کے سر کو کھٹکھٹایا یعنی لاٹھی سر پر ماری قَرَعَ الشَّابُّ جَبْهَتَهٗ بِالْاِنَاءِ جوان نے اپنی پیشانی برتن سے کھٹکھٹائی یعنی برتن میں جو کچھ تھا سب پی لیا، قَرَعَ زَیْدٌ سِنَّهٗ زید نے اپنے دانت پیسے یعنی پشیمان ہوا۔ قَرَعَ سے اسم فاعل مؤنث قَارِعَةٌ ہے اصل معنی سے مناسبت ظاہر ہے، ساعتِ قیامت بھی ناگہاں آجانیوالی مصیبت اور حادثۂ عظیم ہے اسی لئے اس کو اَلْقَارِعَةُ کہا گیا ہے۔ ب ۱۳ ع ۱۰

اَلْقَارِعَةِ: روزِ قیامت یا ساعتِ ہلاکت، (دیکھو قَارِعَةٌ) ب ۲۹ ع ۵

اَلْقَارِعَةُ: ساعتِ قیامت، اصل میں یہ لفظ صیغۂ صفت تھا، پھر قیامت کا وصفی نام بنا دیا گیا، ب ۳۰ ع ۳۶

قَارُوْنَ: بنی اسرائیل میں حضرتِ موسےٰ کے زمانہ میں ایک مالدار سردار تھا، تورات اور قاموس مقدس میں اس کا نام قورح بن یصہار لکھا ہے لیکن روڈول نے کورا (Korah) نقل کیا ہے اس نے ۲۵۰ سرداروں کو ملا کر حضرتِ موسیٰ کے کوہِ طور پر جانے کے بعد حضرتِ ہارون پر چڑھائی کی تھی اور عہدۂ کہانت یعنی بنی اسرائیل کی مذہبی سیادت کا خواستگار تھا، حضرتِ موسیٰ کی بددعا سے زمین میں مکان سمیت دھنس گیا، لیکن ایک عیسائی مذہبی مؤرخ بوت بوست نے تورات کے سفر خروج

Presented by Ziaraat.Com

سے نقل کر کے لکھا ہے کہ :

" آسمان سے ایک آگ اتری جس سے قارون اور اس کے ساتھی سب جل گئے (معجم القرآن)

۲۴/۸ ۲۰/۱۶ ۱۱

اَلْقَاسِطُوْنَ : اسم فاعل جمع مذکر حالتِ رفع، قَاسِطٌ واحد، ناانصافی کرنے والے، انصاف نہ کرنے والے، قِسْطٌ دوسرے کا حق لے لینا **قَسَطَ الرَّجُلُ غَيْرَهٗ** اس آدمی نے دوسرے کا حق لے لیا (المفردات) مراد راہِ حق سے مڑ جانے والے کافر (معجم القرآن) محلی اور دوسرے اہلِ تفسیر نے بھی یہی لکھا ہے، ۲۹/۱۱ (دیکھو اقسطوا)

قَاسَمَهُمَا : قَاسَمَ واحد مذکر غائب ماضی معروف هُمَا ضمیر تثنیہ مفعول، مُقَاسَمَةٌ مصدر باب مُفَاعَلَةٌ، پختہ قسم کھائی (معجم) (دیکھو اَقْسَمَ و اقسموا باب الالف مع القاف) ۵/۹

قَاسِيَةً : اسم فاعل واحد مؤنث، قَاسِيَاتٌ جمع قَسَا يَقْسُوْ قَسْوَةً اور قَسَاوَةً مصدر، سخت دل، سنگدل ایسے کہ ایمان کے لئے نرم نہیں پڑتے (محلی، خازن) ۶/۷

لِلْقَاسِيَةِ : لام حرفِ جر، القاسیۃ مجرور سخت۔ ۲۳/۱۷

قَاصِدًا : متوسط یا قریب، اس کا مادہ قَصْدٌ ہے جس کے معنی ہیں وسطی راستے پر چلنا، درمیانی راستہ قریب ہی ہوتا ہے اس لئے سَفَرًا قَاصِدًا کے معنی ہوئے قریبی سفر۔ ۱۰/۱۲

قَاصِرَاتُ : اسم فاعل جمع مؤنث قَاصِرَةٌ واحد نظر کو روکنے والیاں، پاک دامن عورتیں، وہ عورتیں جن کی نظر اپنے شوہروں سے ہٹ کر دوسروں پر نہ پڑے (راغب و معجم و لسان و محلی و خازن) قَصَرَ الْبَصَرَ کے معنی ہیں نظر کو روکا، سمیٹا (معجم) ۲۳/۱۳ ۲۷/۱۳ (دیکھو تَقْصُرُوا)

قَاصِفًا : اسم فاعل واحد مذکر (حالتِ نصب) طوفان ہوا۔ ایسی تیز سخت آندھی کہ جو چیز اس کی زد میں آجائے اس کو توڑ دے (بیضاوی و جلالین) لغت میں قَصْفٌ کے معنی ہیں توڑ دینا بشرطیکہ بابِ ضرب سے آئے جس طرح اس آیت میں ہے، باب سَمِعَ سے یہ لفظ لازم آیا ہے جیسے قَصِفَ الْعُوْدُ لکڑی اتنی نرم ہوگئی کہ ٹوٹنے کے قابل بن گئی۔ قَصِفَ النَّبْتُ سبزی کی شاخ لمبی ہو کر جھک گئی کہ ٹوٹنے کا اندیشہ ہوگیا۔ قَصِفَتِ الشَّجَرَةُ درخت اتنا بوسیدہ ہوگیا کہ ٹوٹ جانے کا خطرہ ہوگیا، باب ضرب سے

Presented by Ziaraat.Com

ثور کرنے اور گر جنے کے معنی بھی ہوتے ہیں اسی لئے رَعْدٌ قَاصِفٌ کہا جاتا ہے (قاموس و تاج) ۱۵/۷

قَاضٍ: اسم فاعل واحد مذکر، اصل میں قَاضِیٌ تھا یاء کو حذف کر دیا گیا۔ قَاضُوْنَ قَاضِیِیْنَ اور قُضَاۃٌ جمع، قَضَاءٌ مصدر، قضاء کے معنی ہیں آخری قطعی حکم اور قطعی عمل، اسی لئے اہلِ تفسیر نے اس جگہ فَاقْضِ کی تفسیر کی ہے عملی قضاء اور قَاضٍ کی تشریح کی ہے قُوْلِیْ قَضَاءً یعنی جو کچھ تو نے آخری بات کہی تھی وہی کر گزر، فَاصْنَعْ مَا قُلْتَ (عملی و خازن و بیضاوی و راغب و کبیر) (لفظِ قضاء کے لئے دیکھو اقض اور قضی) ۱۶/۱۲

اَلْقَاضِیَۃَ: اسم فاعل واحد مؤنث، اس جگہ عملی قضاء مراد ہے یعنی ختم کر دینے والی ایسی موت جس کے بعد زندگی نہ ہو، کام تمام ہو جائے (عملی و خازن) ۲۹/۵

قَاطِعَۃً: اسم فاعل واحد مؤنث، اس کا مذکر قَاطِعٌ ہے، قطعی فیصلہ کرنے والی قولی اور عملی یعنی آخری حکم اور اس کا نفاذ کرنے والی، امام راغب نے اس آیت کی تشریح میں لکھا ہے کہ:

"قَطْعُ الْاَمْرِ کے معنی ہیں کسی امر کا آخری فیصلہ کر دینا (المفردات) حقیقت میں قَطْعٌ کے معنی ہیں کاٹ دینا محسوس طور پر ہو یا صرف عقلی طور پر اول کی مثال ہے ہاتھ پاؤں قطع کرنا۔ دوسرے کی مثال میں آیتِ مذکورہ کو پیش کیا جا سکتا ہے، ہر رائے اور امر کو چھوڑ کر ایک رائے مقرر کر لینا اور ہر عمل کو چھوڑ کر صرف ایک ہی آخری حکم نافذ کرنا یہ ہی قطع امر ہے۔" ۱۹/۱۸

قَاعًا: نرم ہموار نشیبی میدان جو پہاڑوں اور ٹیلوں سے دور واقع ہو (قاموس) اس کی جمع قِیْعٌ قِیْعَۃٌ قِیْعَانٌ اَقْوَاءٌ اَقْوُعٌ ہے، قیامت کے دن پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر زمین پر پھیل جائیں گے اور سب چٹیل میدان کی شکل اختیار کر لیں گے۔ ۱۶/۱۵

قَاعِدًا: اسم فاعل واحد مذکر، قُعُوْدٌ جمع، کھڑے سے بیٹھنے والا، بیٹھا رہنے والا، سستی کرنے والا، کام میں نہ شریک ہونے والا، کام سے پیچھے ہٹنے والا، ۱۱/۴

اَلْقَاعِدُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالتِ رفع، اَلْقَاعِدُ واحد، بیٹھا رہنے والے، جنگِ بدر میں شریک نہ ہونے والے۔ (بخاری) ۵/۱۰

قَاعِدُوْنَ: یعنی بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ سے کہا ہم یہیں بیٹھے رہیں گے ملک شام کو لڑنے کے لئے تمہارے ساتھ نہیں جائیں گے (سیوطی) ہم یہیں انتظار کریں گے۔ (راغب) ۶/۸

Presented by Ziaraat.Com

اَلْقَاعِدِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالت جر، ۱ کسی جسمانی عذر اور بیماری کی وجہ سے بیٹھے رہنے والے، جہاد میں شریک نہ ہونے والے ۵/۱۰ ۲ بغیر بیماری کے جہاد میں شریک نہ ہونے والے، بیٹھ رہنے والے (یعنی) ۱۰/۱۳/۱۷ جہاد میں شریک نہ ہونے والے اور گھروں پر رہ جانے والے بیمار عورتیں اور بچے۔

قَالَ: واحد مذکر ماضی معروف، قَوْلٌ مصدر عربی میں قول کے معانی اتنے زیادہ ہیں کہ ان کا احاطہ دشوار ہے، عموماً مندرجہ ذیل معانی کے لئے اس کا استعمال ہوا ہے:

۱ بولنا یا لفظ خواہ مفرد ہو یا مرکب، ایک ہو یا چند اس معنی پر عموماً اطلاق ہوا ہے، ۲ دل کی بات یا دل میں باتیں کرنا ۳ رائے، نظریہ ۴ زبانِ حال سے کسی بات کو ظاہر کرنا ۵ کسی چیز کی طرف صحیح توجہ کرنا ۶ کسی کو کوئی بات الہام کرنا ۷ حکم دینا ۸ اللہ کا علم ۹ وہ امر جس کے متعلق کوئی بات کہی گئی ہو ۱۰ نقل اور روایت کرنا ۱۱ کسی کی طرف کسی بات کو غلط طور پر منسوب کر دینا یعنی کسی بات کا قائل یا کسی امر کا آمر کسی کو قرار دینا باوجودیکہ وہ اس کا قائل ہو نہ آمر، اس صورت میں مفعول دوئم پر علیٰ ضرور آتا ہے ۱۲ اشارہ کرنا ۱۳ دل سے کسی بات کو صحیح جاننا اور پھر زبان سے اقرار کرنا۔

۱: ۴/۶/۷/۸/۱۴/۱۵/۱۶ — ۲: ۴/۱۶/۱۷

۳: ۳/۱۲/۱۳/۱۴/۱۷ — ۴: ۹/۱۴ — ۵: ۷/۱۵ — ۶: ۷/۸/۹/۱۴

۷: ۵/۶/۷/۹/۱۵/۱۷ — ۸: ۳/۹/۱۱/۱۵/۱۶/۱۷/۱۸

۹: ۱/۳/۴/۵/۶/۷/۸/۱۳ — ۱۰: ۲ — ۱۱: ۶/۷/۸/۱۳/۱۴

۱۲: ۳/۴/۵/۶/۷/۸/۱۱/۱۲/۱۳/۱۴/۱۵/۱۶/۱۷

۱۳: ۱/۲/۳/۴/۵/۱۳/۱۴/۱۵/۱۶/۱۸

۱۴: ۳/۴/۵/۱۰/۱۱/۱۳ — ۱۵: ۷/۱۲/۱۵/۱۷/۲۱/۲۲

۱۶: ۱/۲/۴/۵/۶/۸/۱۰/۱۱/۱۲/۱۳/۱۴/۱۶

۱۷: ۱/۵/۷ — ۱۸: ۲/۳/۵/۶/۱۶

۱۹: ۱/۶/۷/۸/۹/۱۱/۱۲/۱۳/۱۴/۱۶/۱۷/۱۸/۱۹

۲۰: ۲/۳/۵/۶/۷/۱۰/۱۱/۱۳/۱۴/۱۵/۱۶

۲۱: ۹/۱۱ — ۲۲: ۷/۹/۱۰/۱۱/۱۹ — ۲۳: ۱/۲/۴/۶/۷/۹/۱۰/۱۱/۱۲/۱۴

۲۴: ۲/۵/۸/۹/۱۰/۱۱/۱۶/۱۸/۱۹ — ۲۵: ۸/۹/۱۰/۱۱/۱۲/۱۳

۲۶: ۱/۲/۳/۴/۶/۱۰/۱۵/۱۶/۱۹ — ۲۷: ۱ — ۲۸: ۵/۹/۱۰/۱۹

۲۹: ۳/۹/۱۰/۱۵ — ۳۰: ۲/۳/۸/۱۶/۲۴

قَالَا: تثنیہ مذکر غائب ماضی معروف، ان دونوں نے کہا۔ ۵/۹ ۱۶/۱۱ ۱۹/۷

قَالَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف، اس نے کہا۔ ۱/۱۴ ۳/۱۲/۱۳/۱۶ ۶/۷/۱۳ ۵/۱۱ ۹/۱۱ ۱۰/۱۱

۱۲/۷/۱۳/۱۴/۱۷ ۱۳/۱۴ ۱۶/۵ ۱۹/۱۷/۱۸ ۲۰/۶/۴ ۲۱/۱۸ ۲۶/۱۹/۱۴ ۲۸/۲۰/۱۹

Presented by Ziaraat.Com

قَالَتَا: تثنیہ مؤنث غائب ماضی معروف، ان دونوں (عورتوں) نے کہا۔ پ۲۰ ع۴ ۲۴/۱۶

قَالُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، انہوں نے کہا۔

۱	۲	۳
۲، ۳، ۴، ۸، ۹، ۱۱، ۱۳، ۱۴، ۱۶	۳، ۵، ۱۶، ۱۷	۳، ۶، ۸، ۱۱، ۱۶، ۱۷

۴	۵	۶
۳، ۶، ۸، ۹، ۱۰	۴، ۸، ۱۱، ۱۷	۱، ۷، ۸، ۱۰، ۱۳، ۱۴، ۱۵

۷	۸	۹
۱، ۴، ۵، ۷، ۹، ۱۰، ۱۷	۳، ۸، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۷	۲، ۴، ۵، ۶، ۸، ۱۱، ۱۲، ۱۴، ۱۷، ۱۸

۱۰	۱۱	۱۲
۱۲، ۱۳، ۱۷	۱۲، ۱۳، ۱۴	۳، ۵، ۶، ۷، ۸، ۱۲، ۱۶

۱۳	۱۴	۱۵
۳، ۴، ۵، ۱۴، ۱۵	۱، ۴، ۵، ۹، ۱۰، ۱۸، ۲۰	۲، ۵، ۹، ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۷

۱۶	۱۷	۱۸
۱، ۲، ۵	۳، ۵، ۶، ۸، ۱۶، ۱۷	

۱۹	۲۰	۲۱
۴، ۷، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۶، ۱۸، ۱۹	۸، ۹، ۱۵، ۱۶	۱، ۱۲، ۱۴، ۱۹

۲۲	۲۳	۲۴
۶، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۶، ۱۹	۳، ۵، ۶، ۷، ۱۱، ۱۳	۷، ۸، ۱۰، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹

۲۵	۲۶	۲۷
۸، ۹، ۱۱، ۱۲، ۱۴، ۱۹	۲، ۳، ۴، ۶، ۷، ۱۹	۲، ۳، ۸، ۹، ۱۸

۲۸	۲۹
۱، ۷، ۹، ۱۳، ۱۵	۱، ۳، ۱۱، ۱۶

پ۳۰ ع۸/۲

قَالَهَا: قَالَ فعل ماضی هَا ضمیر مفعول، وہ بات ... یعنی پچھلے لوگ بھی یہی بات کہتے تھے کہ دولت و مال ... حصول کا سبب ہمارا علم و دانش ہے ہم نے اپنے فہم و عقل سے دولت کمائی ہے۔ پ۲۴ ع۲

اَلْقَالِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالت جر، اَلْقَالِیْ واحد قَلْیٌ مادہ۔ بیزار ہونے والے، سخت نفرت کرنے والے، چھوڑنے والے، اصل میں اس کا مادہ واو (قَلْوٌ) ہے یا یائی (قَلْیٌ) اگر واوی ہے تو اصل معنی ہوگا پھینکنا، محاورہ ہے قَلَتِ النَّاقَةُ بِرَاكِبِهَا اونٹنی نے سوار کو پھینک دیا، نفرت اور بیزار ہونے کا مفہوم بھی پھینک دینے کے مفہوم سے خالی نہیں، نفرت والی چیز کو دل قبول نہیں کرتا، باہر پھینک دیتا ہے۔ اور اگر مادہ یائی قرار دیا جائے تو بھوننے کے معنی ہوں گے، محاورہ ہے قَلَيْتُ السَّوِيْقَ بِالْمِقْلَاةِ میں نے کڑھائی میں ستو بھونے آیت میں اول معنی مراد ہیں (از باب ضرب و سمع)

پ۱۹ ع۱۳

قَامَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، مادہ قَوْمٌ مصدر قِيَامٌ (باب نصر) کھڑا ہوا، کلام عربی اور قرآن مجید میں مادۂ قیام کو مختلف معانی کے لئے استعمال کیا گیا ہے: ۱ کھڑا ہونا یا کھڑا رہ جانا ۲ ایک جگہ گڑ جانا یا جم جانا ۳ اگر اس کے بعد علیٰ آئے گا تو نگرانی رکھنے کے معنی ہوں گے ۴ اگر لام آئیگا تو تعظیم اور لحاظ رکھنے کا مفہوم ہوگا ۵ اگر باء ہوگی

تواد اکرنے کا مطلب ہوگا ۶ اگر الی ہوگا تو
ارادہ اور استقبال مراد ہوگا ۷ اگر عن ہوگا
تو ہٹ جانے کی غرض ہوگی، کبھی قیام کے معنی
قیام عمل ہوتے ہیں اور کبھی قیام بمعنی قوام ہوتا ہے
یعنی وہ چیز جس سے کسی چیز کا بقاء یا درستی
ہوتی ہو وغیرہ۔ ۲۹/۱۱

قَامُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، قِیَام
مصدر، وہ کھڑے ہوئے ۱/۲ ۵/۱۸ ۱۵/۱۴

قَانِتٌ: اسم فاعل واحد مذکر، قُنُوت سے،
خضوع اور عاجزی کرنے والا (معجم القرآن) خضوع
کے ساتھ اطاعت کرنے والا (راغب) فرمانبردار
نماز میں باتیں کرنے والا، خاموش کھڑا ہونے
والا (قاموس) فرائض طاعت کو ادا کرنے والا
(محلی) ۲۳/۱۵

قَانِتًا: قنوت سے اسم فاعل، حالتِ نصب،
فرمانبردار، اطاعت گزار۔ ۱۲۰/۲۲

اَلْقَانِتَاتِ: اسم فاعل جمع مؤنث، حالتِ
نصب، اَلْقَانِتَۃُ واحد۔ فرمانبردار، اطاعت
گزار عورتیں، ۳۴/۲

قَانِتَاتٍ: بہ تفصیلِ مذکور۔ ۲۸/۱۹

قَانِتَاتٌ: بہ تفصیلِ مذکور حالتِ رفع۔ ۵/۶۶

قَانِتُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالتِ رفع، قَانِتٌ
واحد۔ اطاعت کرنے والے یعنی زندگی موت او
حشر قیامت میں تو کافر بھی اللہ سے سرکشی نہیں
کر سکتے، سب اس کے مطیع ہیں اگرچہ عبادت میں
نافرمان ہیں دوسروں کو بھی معبود بناتے ہیں (ابن
عباس) آیت میں مراد صرف فرمانبردار اور عبادت
گذار ہیں (کلبی) حاصل یہ کہ حضرت ابن عباس
کے نزدیک اطاعت سے مراد ہے اطاعتِ تسخیری
کیونکہ پیدائش اور موت اور پھر حشر کے متعلق اللہ
کا فرمان جاری ہے بفطرۃً کافر بھی اس کا انکار نہیں
کر سکتے نہ سرتابی کی مجال رکھتے ہیں، کلبی کی نظر میں
اطاعت کرنے سے مراد ہے عبادت کرنا او
چونکہ کافر اللہ کی عبادت نہیں کرتے اس لئے کافر
کو چھوڑ کر دوسرے عبادت گزار بندے مراد ہونگے
۲۱/۶ لیکن ۱/۱۴ میں اسی لفظ سے مراد ہے ربوبیت
کا اقرار کرنا (کمالین) لیکن یہ اقرار بھی فطری اور تسخیری
ہے ارادۃً اقرارِ ربوبیت مراد نہیں ہے۔

قَانِتِيْنَ: اسم فاعل مذکر جمع، حالتِ نصب
قَانِتٌ واحد، اطاعت گزاری کی حالت میں
خاموش۔ حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت زید
بن ارقم نے آخری ترجمہ کیا ہے (کبیر) زید بن ارقم

Presented by Ziaraat.Com

نے یہ بھی فرمایا کہ پہلے ہم نماز میں بات کر لیتے تھے
اس آیت میں ہم کو کلام کرنے سے روک دیا
یا (بخاری و مسلم) ۲/۱۵

لْقَانِتِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر معرف باللام،
اعت گزار (خطیب فی السراج المنیر) ۳/۱۰ ۲۲/۲
۲۸/۲ ۱۱

لْقَانِطِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر اَلْقَانِطُ واحد
نُوط مصدر (باب ضرب و سمع) خیر سے ناامید ہونے
الے (راغب) امام راغب نے صرف ضرب اور
مع سے باب قنوط کا استعمال لکھا ہے۔
" صاحب تاج المصادر نے جو تنقیح کی ہے وہ
اسی کتاب کی جلد دوئم میں لفظ تَقْنَطُوْا کے
تحت میں پڑھو "
ولف قاموس نے لکھا ہے کہ:
"قنوط مصدر سے افعال باب نَصَرَ کَرُمَ ضَرَبَ حَسِبَ
سب سے آتے ہیں البتہ باب سمع کے وزن پر
اس مادہ سے جو افعال آتے ہیں ان کا مصدر
قُنُوْط نہیں بلکہ قَنَطٌ اور قَنَاطَةٌ آتا ہے بہر حال
قرآن مجید میں اس کا مضارع مفتوح العین مستعمل

ہوا ہے اس لئے یا باب فتح سے ہے یا سمع سے
نَصَرَ کَرُمَ ضَرَبَ اور حَسِبَ سے نہیں ہے اس لئے
معلوم ہوتا ہے یہی لغت فصیح ہے۔"
مولف مجمع البحار نے قنوط کا ترجمہ کیا ہے کسی چیز
سے سخت مایوسی یعنی سخت کی قید بڑھا دی اور خیر
کی شرط ساقط کر دی، آیت میں خیر سے ناامید ہونے
والے ہی مراد ہیں۔ ۳۰/۳۶

اَلْقَانِعَ: اسم فاعل واحد مذکر، امام راغب نے
لکھا ہے بعض لوگوں کا قول ہے کہ:
"قناع اس کپڑے کو کہتے ہیں جو سر چھپانے کے لئے
سر پر ڈالا جاتا ہے اس سے باب سمع کے وزن پر
بھی افعال آتے ہیں اور فتح سے بھی قَنَعَ (سمع)
کے معنی ہیں فلاں چھپانے کے لئے سر ڈھانکا
اس وقت مصدر قِنَاعَةٌ آتا ہے اور قنع (فتح)
کے معنی ہیں سر کھولا، بھیک مانگی، سوال کیا اس
وقت مصدر قُنُوْعٌ آتا ہے۔"
امام راغب نے یہ بھی لکھا ہے کہ:
"بعض لوگوں کے نزدیک قانع اس سائل کو کہتے
ہیں جو بھیک پر اصرار نہ کرے بلکہ جو کچھ مل جائے

ل حدیث، نوع ہے کل قنوت فی القرآن فھو طاعۃ (رواہ احمد فی مسندہ) قرآن مجید میں ہر قنوت (سے مراد) طاعت ہے اس لئے
عت ہو یا قانتات یا قانتون یا اس کا ماضی یا مضارع، اس کے معنی میں اطاعت کا مفہوم ضرور ہوگا خواہ قرینے کو دیکھ کر یا شان نزول کے تحت کوئی بھی ترجمہ
ل جائے، اسی لئے امام راغب نے المفردات میں لکھا ہے کہ قنوت کے معنی میں اطاعت مع الخضوع۔

Presented by Ziaraat.Com

اس پر بس کرے۔" (المفردات)

پروفیسر عبدالرؤف مصری نے لکھا ہے کہ:

"قانع وہ شخص ہے جس کو جو کچھ دیدیا جائے اس پر راضی ہو جائے۔ یہ قَنَعَ قُنُوعًا سے مشتق ہے اس کا مصدر قناعت نہیں ہے" اس کے بعد لکھا ہے، قنوع کے معنی ہیں عاجزی اور خضوع جس سے اسم فاعل ہے قانع یعنی جو کچھ مل جائے اس پر راضی ہو جانے والا، اور قناعت کے معنی بھی یہی ہیں یعنی جو کچھ مل جائے اس پر راضی ہو جانا، اس سے صیغہ صفت قَنِعٌ آتا ہے یعنی بغیر سوال اور خضوع کے جو کچھ مل جائے اس پر راضی ہو جانے والا۔ اس کے بعد لکھا ہے "میرے نزدیک قُنُوعٌ ہو یا قَنَاعَۃٌ دونوں سے قانع کا اشتقاق صحیح ہے" (معجم القرآن)

صاحب قاموس نے لکھا ہے:-

"باب سمع سے مصدر قَنِعٌ بھی آتا ہے اور قَنَاعَۃٌ بھی جس کے معنی ہیں نصیب میں جو کچھ مل جائے اس پر راضی ہو جانا، محاورہ ہے نَسْأَلُ اللّٰہَ الْقَنَاعَۃَ وَنَعُوْذُ بِہٖ مِنَ الْقُنُوْعِ ہم اللہ سے قناعت کے طالب ہیں اور قنوع سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں البتہ باب فتح سے مصدر قُنُوْعٌ آتا ہے جس کے معنی ہیں بھیک میں عاجزی اور اصرار کرنا اور جو کچھ مل جائے بغیر اصرار کے اس پر راضی ہو جانا، یہ لغاتِ اضداد میں سے ہے محاورے میں بولا جاتا ہے خَیْرُ الْغِنٰی الْقُنُوْعُ وَشَرُّ الْفَقْرِ الْخُضُوْعُ بہترین دولت قنوع ہے اور بدترین فقر خضوع (مذکورہ بالا مثل میں، قنوع برے معنی میں استعمال کیا گیا ہے اور اس محاورے میں اچھے معنی ہیں، اس لئے لفظِ قنوع لغاتِ اضداد میں سے ہو گیا) پس قانع کے دونوں معنی ہیں (بشرطیکہ اس کو فتح سے کہا جائے اور مصدر قُنُوْعٌ قرار دیا جائے) بھیک میں عاجزی اور اصرار کرنے والا اور بغیر عجز و خضوع کے جو کچھ مل جائے اس پر راضی ہو جانے والا (ہاں اگر سمع سے کہا جائے تو مصدر قَنَاعَۃٌ ہو گا اور معنی ہوں گے سوال میں خضوع و اصرار نہ کرنے والا" ۱۲/۱۷

اَلْقَاهِرُ، اسم فاعل واحد مذکر، قَهْرٌ مصدر، امام راغب نے لکھا ہے:

"قَهْرٌ کے معنی ہیں غالب ہونا اور ذلیل کرنا اور

دونوں معنی کا مجموعہ القاہر میں اول معنی مراد ہے یعنی غالب (المفردات) (دیکھو تقہر باب التاء مع القاف جلد دوئم) ۸ رکوع ۱۴

قَاهِرُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، قَاهِرٌ واحد غالب ہونے والے زبردست۔ ۹/۵

قَائِلٌ: اسم فاعل واحد مذکر، قِیْلٌ و قَوْلٌ مصدر کہنے والا (دیکھو قَالَ) ۱۲/۱۲ ۱۵/۱۵ ۲۳/۶

قَائِلُهَا: اسم فاعل واحد مذکر مضاف، ہا ضمیر واحد مؤنث مضاف الیہ، زبان سے کہنے والا، ۱۸/۶

اَلْقَائِلِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، حالتِ نصب، مصدر قَوْلٌ، کہنے والے۔ ۲۱/۱۸

قَائِلُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، مصدر قَیْلُوْلَۃٌ، دوپہر میں سونے والے، قیلولہ۔ دوپہر میں آرام کرنے کو کہتے ہیں، نیند ہو یا نہ ہو (معجم القرآن) اس جگہ دوپہر میں سونا مراد ہے۔ ۸/۷

قَائِمٌ: اسم فاعل واحد مذکر قَائِمُوْنَ قَائِمِیْنَ جمع قِیَامٌ مصدر، ۳/۱۲ کھڑا ہونے والا، ۱۲/۹ اپنی جگہ کھڑا رہ جانے والا، باقی رہنے والا۔ ۱۳/۱۱ نگراں (دیکھو قَامَ)

قَائِمًا: اسم فاعل واحد مذکر، حالتِ نصب، ۳/۱۰ ادا کرنیوالا، ۳/۱۶ کھڑا ہونے والا یا نگراں۔ ۱۱/۷

۲۳/۱۵ ۲۸/۱۲ کھڑا۔

قَائِمُوْنَ، اسم فاعل جمع مذکر حالتِ رفع، قَائِمٌ واحد، ادا کرنیوالے یا جمے رہنے والے، ۲۹/۷

قَائِمَۃٌ: اسم فاعل، واحد، مؤنث حالتِ رفع، قَائِمَاتٌ جمع، ۴۲/۳ سچائی اور حقانیت پر جمی رہنے والی (سیوطی)، ۱۲/۷ کھڑی ہی۔

قَائِمَۃً: اسم فاعل واحد مؤنث، حالتِ نصب، ۱۵/۱۷ ۲۵/۱ برپا ۲۸/۴ جمی رہنے والی اپنی جگہ ثابت برپا۔

اَلْقَائِمِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالتِ جر اَلْقَائِمٌ واحد، اور ۱۷/۱۱ قیام کرنے والے۔

قَبَائِلَ: جمع، قَبِیْلَۃٌ واحد، قبیلہ اس گروہ کو کہتے ہیں جو ایک ہی باپ کی نسل سے ہو (قاموس) عربی میں کنبہ اور خاندان کے معنی کے لئے چھ الفاظ ہیں: شَعْبٌ، قَبِیْلَۃٌ، عِمَارَۃٌ، بَطْنٌ، فَخِذٌ، فَصِیْلَۃٌ، سب سے اونچا اور بڑا شعب ہوتا ہے اس سے نیچے قبیلہ اس سے نیچے عمارہ، اس سے نیچے فخذ اس سے نیچے فصیلہ، توضیح کیلئے یوں سمجھو کہ خزیمہ شعب تھا، اس کی ایک شاخ کنانہ ہوئی جس کو قبیلہ کہہ سکتے ہیں، کنانہ کی ایک شاخ قریش ہوئی جس کو عمارہ کہہ سکتے ہیں،

Presented by Ziaraat.Com

قریش کی ایک شاخ قُصَیّ ہوئی جس کو بطن قرار دیا جا سکتا ہے۔
پھر قُصَیّ کی ایک شاخ ہاشم ہوئی جس کو فخذ کہہ سکتے ہیں۔ ہاشم کی ایک شاخ بنی عباس ہوئے جس پر فصیلہ کا اطلاق ہوگا (معجم القرآن)
یہ بھی یاد رکھو کہ ہر ماتحت مافوق کے اعتبار سے الگ نام رکھتا ہے اور اپنے ماتحت کے اعتبار سے الگ نام، مثلاً مافوق پانچ اصول کا لحاظ کیا جائے تو علویہ پر فصیلہ کا اطلاق ہوگا لیکن حسنی اور حسینی کا اعتبار کیا جائے تو علویہ کو فخذ کہہ سکتے ہیں۔ ۲۶/۱۴

قَبْرَہٗ: قبر مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ، میت کے دفن ہونے کی جگہ، قَبْرٌ، مصدر بھی ہے اس سے فعل قَبَرَ آتا ہے (نصر۔ضرب) قَبْرًا میں نے اس کو دفن کر دیا، رکھ دیا، باب افعال میں پہنچ کر کبھی یہ متعدی بدو مفعول ہو جاتا ہے جیسے اَقْبَرْتُہٗ میں نے اس کو قبر میں رکھوا دیا، دفن کرا دیا۔ کبھی قبر کے لئے جگہ دینے کے معنی ہوتے ہیں یعنی میں نے اس کو قبر کے لئے جگہ دے دی۔ (دیکھو اَقْبَرَ) ۱۰/۱۷

اَلْقُبُوْرِ: جمع، اَلْقَبْرُ واحد، قبریں ہونے کے حقیقی معنی تو مدفون ہونا اور مٹی کے اندر میت کا ہونا ہی ہے لیکن مجازاً دو معنی اور بھی مراد لئے جاتے ہیں ۱ پوشیدہ رہنا ۲ قعرِ جہالت و ضلالت میں پڑا رہنا۔ اسی بنا پر مَا فِی الْقُبُوْرِ سے اشارہ یا تو حالتِ بعثت کی طرف ہے یعنی قبروں سے مردوں کے اٹھنے کی حالت (یہ معنی حقیقی ہیں) یا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ جب تک آدمی دنیا میں تھے ان کی حالت چھپی ہوئی تھی، عذاب ثواب کچھ ظاہر نہ تھا۔ قیامت کے دن ظاہر کر دیا جائے گا، اس وقت مَا فِی الْقُبُوْرِ کا مطلب ہوگا دنیوی حالات اور بعثت کا مطلب ہوگا کھول دینا (یہ معنی مجازی ہے) یا یہ مراد کہ کافر جب تک دنیا میں تھا جہالت کے گڑھے میں پڑا ہوا تھا، مرنے کے بعد جہالت دور ہو جائے گی، سب کچھ دیکھ جائے گا۔ مَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ کا مطلب بھی بعض اہل حق نے یہی بیان کیا ہے کہ آپ (پیام حق) جاہل کافروں کو نہیں سنا سکتے جو قعرِ جہالت میں پڑے ہوئے ہیں (یہ معنی مجازی ہے) (المفردات)

۱۷/۸ ۲۲/۱۵ ۲۸/۸ ۳۰/۲۵

اَلْقُبُوْرُ: قبروں والے اٹھائے جائیں گے صاحب

قاموس نے لکھا ہے :

"قبروں سے مراد ہیں قبروں والے" ۳/۷

قَبَسٍ: آگ کا شعلہ، جلتی ہوئی لکڑی کا شعلہ، بُجھٹی۔ قَبَس مصدر بھی ہے، بُجھٹی کا طلب کرنا، اسی کے ہم معنی اقتباس بھی ہے۔ مجازاً علم و ہدایت کی طلب کو کہتے ہیں۔ ۱۶/۱۰ ۱۹/۱۶

قَبْضًا: مصدر۔ کسی چیز کو پانچوں انگلیوں سے مٹھی بھر کر پکڑنا، اس کے دوسرے مفعول پر علیٰ بھی آتا ہے اور عَنْ بھی، اول صورت میں معنی ہوں گے بھرپور پکڑنا۔ دوسری صورت میں معنی ہوں گے سمیٹنا سکوڑنا۔ ہاتھ کو کسی چیز کی طرف سے کھینچ لینا۔ اسی مفہوم کے لحاظ سے خرچ سے ہاتھ روکنے کو قبض کہا جاتا ہے یہ مفہوم حقیقی قبض کا ہے لیکن کسی چیز کو اپنے تصرف میں لے لینے اور اپنے قابو میں رکھنے کو بھی قبض کہتے ہیں اگرچہ ہاتھ سے نہ پکڑا جائے جیسے مکان وغیرہ کا قبضہ، آیت مندرجہ میں قبض کے معنی میں کھینچ لینا۔ ۱۹/۳

قَبْضَةً: تھوڑا سا لے لینا قَبْضَةً میں تنوین قِلّت کو ظاہر کر رہی ہے، مٹھی بھر۔ ۱۶/۱۴

قَبَضْتُ: واحد متکلم ماضی معروف، میں نے لی عام مفسرین نے اس کی تفسیر کی ہے۔ میں نے جبرئیل کے گھوڑے کے قدم کے نیچے کی مٹھی بھر خاک لے لی یعنی رسول سے مراد ہیں جبرئیل اور اثر سے مراد نقشِ قدم، امام رازی نے کبیر میں لکھا ہے "قَبَضْتُ سے مراد عہد و سنت اور رسول سے مراد موسیٰ، یعنی میں نے حضرتِ موسیٰ کی سنت کسی قدر لے لی، اختیار کر لی"

صاحبِ معجم القرآن نے اس تفسیر کو جمہور کی تفسیر پر ترجیح دی ہے، ابو مسلم اصفہانی نے لکھا ہے "وقد کنت قبضت قبضۃً من اثر ایھا الرسول ای شیئاً من سنتک و دینک فقد یقول الرجل فلان یقفو اثر فلان ویقبض اثر فلان اذا کان یمتثل اسمہ انتہیٰ۔ یعنی سامری نے کہا اے موسیٰ میں نے آپ کے دین اور طریقے کا کسی قدر اتباع کیا، محاورے میں کسی کے نقشِ قدم پر چلنے اور نقشِ قدم کو پکڑنے کے معنی ہوتے ہیں اس کے طریقہ کو اختیار کرنا، اس سے بھی امام رازی کے قول کی تائید ہوتی ہے" ۱۶/۱۴

قَبْضَتُهٗ: قبضۃ مضاف، ہٗ مضاف الیہ، اس کا تصرف اس کا اختیار کامل (ارغب) جیسے مٹھی میں بند چیز پر آدمی کا اختیار ہوتا ہے گویا مٹھی میں بند سے مراد ہے

Presented by Ziaraat.Com

تصرف کامل اور اختیار۔

صاحب کشاف نے لکھا ہے:

"قیل قَبْضَتُہٗ مِلْکُہٗ بِلَا مُدَافِعٍ وَّمُنَازِعٍ،

قَبْضَتُہٗ کی تفسیر میں کہا گیا ہے کہ بغیر مقابل اور

منازع کے (خالص اللہ ہی کی) ملک یعنی قیامت

کے دن کوئی شخص ظاہری طور پر بھی زمین کو اپنی

ملک قرار دینے کا مدعی نہ ہوگا، خالص خدا ہی

کی ملک ہوگی۔" ۲۴/۴

قَبَضْنَاہُ: جمع متکلم ماضی معروف، ہٗ ضمیر مفعول،

ہم اس کو اپنی طرف سمیٹ لیتے ہیں، کھینچ لیتے

ہیں۔ ۱۹/۳

قَبْلُ: ظرف زمان بھی ہے اور ظرف مکان بھی،

اس کا استعمال چار طور پر ہوتا ہے ۱ تقدم زمانی،

جیسے قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِہَا سورج۔

کے طلوع و غروب سے پہلے، ۲ تقدم مکانی یعنی

کسی مقام کا دورانِ رفتار میں پہلے واقع ہونا اور

دوسرے مقام کا بعد کو واقع ہونا جیسے دہلی سے

مراد آباد کو جانے میں شاہدرہ غازی آباد سے قبل

آتا ہے یا مراد آباد سے دہلی کو جانے میں غازی آباد

پہلے آتا ہے ۳ مرتبہ میں تقدم جیسے عبدالملک حجاج

سے پہلے آتا ہے یعنی مرتبہ میں بڑا ہے ۴ ترتیب

فنی و تعلیمی میں تقدم جیسے الف بار سے اور بار جیم

سے اور جیم دال سے پہلے آتا ہے (راغب)

قرآن مجید میں لفظ قبل عموماً تقدم زمانی کے لئے

استعمال ہوا ہے۔ س ۱/۱ ب ۳/۹ ک ۵/۸ ک ۵/۱۷، ۳/۱۱ دو جگہ، ۱۴، ۱۰

س ۶/۳، ۱۳، ۱۴، ۷/۹، ۱۶، ۸/۱۳، ۹/۳، ۹/۱۲، ۱۰/۶، ۱۱/۱۳، ۱۱/۲، ۱۳، ۱۴

س ۱۲/۷، ۹، ۱۱، ۲/۲، ۳، ۴، ۱۳/۵، ۱۶، ۱۹، ۱۴/۳، ۲۱، ۴، ۸، ۱۴، ۱۶/۱۵

س ۱۷/۵، ۳۱، ۱۷، ۱۸/۵، ۲۰/۲، ۴، ۸، ۲۱/۴، ۸، ۱۸، ۲۲/۲، ۵، ۱۲ دو جگہ

س ۲۳/۱۵، ۹، ۱۲، ۱۳، ۲۴/۱۰، ۱۱، ۲۶/۱، ۳، ۱۷، ۱۸، ۲۷/۱۵، ۱۸، ۲۸

قَبْلَ: ظرف زمان، پہلے ب ۶/۴، ۹/۹، ۱۲/۱۵، ۱۳/۷

ب ۱۵/۶، ۳، ۱۵، ۱۶/۱۷ دو جگہ، ۱۸، ۱۹/۱۹، ۲۳/۱۱، ۲۶/۱۷، ۱۸، ۲۷/۱۵

قَبْلُ: پہلے۔ ب ۲/۱۵، ۳/۲، ۴/۵، ۱، ۵/۴، ۶/۹، ۹/۵، ۱۲/۴

ب ۱۳/۱۷، ۱۶/۱۵، ۱۷، ۱۸/۱۴، ۲۲/۳، ۲۴/۳ دو جگہ، ۲۵/۶، ۲۶/۱، ۲۷/۱۹، ۱۷

ب ۲۸/۱ دو جگہ، ۱۴، ۲۹/۹

قَبْلِہٖ: قبل مضاف ہٖ ضمیر غائب مضاف الیہ، اس سے

پہلے۔ ب ۴/۶، ۶/۱۴، ۱۱/۷، ۱۲/۱۱، ۲، ۱۵/۱۲، ۱۶/۷، ۳۰/۹، ۱۱، ۲۱/۸

ب ۲۵/۸، ۲۶/۲

قَبْلَہٗ: قبل مضاف ہٗ ضمیر غائب مضاف الیہ،

اس سے پہلے۔ ۲۹/۵

قَبْلِہَا: قبل مضاف ہا ضمیر واحد مؤنث غائب،

مضاف الیہ، اس سے پہلے، ب ۱۳/۱۰، ۱۹/۱۸

قَبْلِہِمْ: قبلِ مضاف ہم ضمیر جمع مذکر غائب

Presented by Ziaraat.Com

مضاف الیہ، ان سے پہلے۔ ب ۱/۱۴ ب ۳/۱۰ ب ۷/۵ ب ۸/۵

س ۱۰/۳ ر ۱۵ س ۱۱/۹ ر ۱۵ س ۱۳/۶ ر ۷ ر ۱۵ س ۱۴/۱۰ ر ۱۱ ب ۱۸/۱۳ ر ۱۴ ب ۲۰/۱۳ ب ۲۱/۱۶ ر ۴

س ۲۲/۱۱ ر ۱۶ ر ۱۷ س ۲۳/۱۰ ر ۱۷ س ۲۴/۲ ر ۸ ر ۱۴ ر ۱۷ ب ۲۵/۱۵ ب ۲۶/۵ ر ۲ ب ۲۷/۲

ب ۲۸/۱ ر ۴ ر ۵ ب ۲۹/۲

قَبْلَهُمْ: قبلَ مضاف، ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ان سے پہلے ب ۶/۹ ر ۸ ر ۱۶ ب ۱۵/۱۳ ر ۱ ب ۲۳/۶ ر ۱

ب ۲۴/۶ ب ۲۵/۱۴ س ۲۶/۱۵ ر ۱۷ س ۲۷/۸ ر ۱۳

قَبْلَكَ: قبلَ مضاف، کَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ، تجھ سے پہلے۔ ب ۱/۱ ب ۴/۱۰ ب ۵/۶ ب ۶/۲

س ۷/۱۰ ر ۱۱ س ۱۳/۶ ر ۱۱ ر ۱۲ س ۱۴/۱ ر ۱۲ ر ۱۴ ب ۱۷/۲ ر ۳ ر ۴ ب ۲۰/۸

ب ۲۱/۴ ر ۸ ب ۲۲/۱۳ س ۲۴/۴ ر ۱۳ ر ۱۹ ب ۲۵/۲ ر ۸ ر ۱۰

قَبْلَكَ: قبل مضاف کَ ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ، تجھ سے پہلے۔ ب ۱۵/۸ ب ۱۷/۱ ب ۱۸/۱۷ ب ۲۲/۱۱

قَبْلَكُمْ: قبل مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ، تم سے پہلے۔ ب ۱/۳ ب ۲/۱۰ ر ۷ ب ۴/۱۰ ر ۵ ب ۵/۱۶ ر ۲ ب ۶/۱۳ ر ۵

ب ۷/۴ ب ۸/۱۱ ب ۱۰/۱۵ ب ۱۱/۷ ب ۱۲/۱۰ ب ۱۳/۱۴ ب ۱۸/۱۰ ب ۲۰/۱۴

قَبْلِي: قبل مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ، مجھ سے پہلے۔ ب ۴/۱۰ ب ۱۷/۲ ب ۲۶/۲

قَبْلَنَا: قبل مضاف، نَا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ، ہم سے پہلے۔ ب ۳/۸ ب ۵/۷

قِبْلَةً: کعبہ کا رُخ جو نماز میں سامنے ہوتا ہے سامنے کا رخ، محاورہ ہے اَیْنَ قِبْلَتُكَ تمہارا رخ کدھر کو ہے۔ جو چیز منہ کے سامنے ہو اس کو بھی قبلہ کہتے ہیں، نماز پڑھنے والے کے منہ کے سامنے کعبہ ہوتا ہے اس لئے کعبہ کو بھی قبلہ کہتے ہیں۔

امام راغب نے المفردات میں اور پروفیسر عبد الرؤف مصری نے معجم القرآن میں لکھا ہے کہ:

"اصل لغت میں سامنے والے (مقابل) آدمی کی حالت کو قبلہ کہا جاتا تھا، مجازاً سامنے والے آدمی اور سامنے کی جہت میں اس کا استعمال ہونے لگا، ب ۲/۱ لیکن ب ۱۱/۱۴ سورۂ یونس میں قبلۃً سے مراد ہے نماز کا مقام، فرعون نے چونکہ نماز پڑھنے کی ممانعت کر دی تھی اس لئے بنی اسرائیل کو حکم دیا گیا کہ گھروں کو ہی مقامِ نماز بنا لو اور چھپ کر گھروں میں ہی نماز پڑھا کرو (سیوطی و خازن و معجم القرآن) لیکن بعض غیر معتبر مفسرین لغاتِ قرآن نے اس آیت میں قبلۃً کا ترجمہ کیا ہے آمنے سامنے یعنی اپنے مکان آمنے سامنے بناؤ تاکہ ضرورت کے وقت باہم شریک ہو سکو۔ یہ تشریح سیاقِ قرآنی کے بھی خلاف ہے نہ قدماء مفسرین میں سے کسی نے اس کی صراحت کی ہے نہ شہادت

Presented by Ziaraat.Com

لغت اس کی اجازت دیتی ہے نہ قرینہ اس کا مقتضی ہے نہ واقعہ ہی اس کی تائید کرتا ہے۔"

قِبْلَتَكَ: قبلہ مضاف + ک ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ۔ تیرا قبلہ، وہ مکان جس کی طرف رُخ کر کے تو نماز پڑھتا تھا۔ ۲/۱

قِبْلَتَهُمْ: قبلہ مضاف + هم ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ان کا قبلہ یعنی وہ مکان جس کی طرف یہودی رخ کر کے نماز پڑھتے ہیں۔ ۲/۱

قِبَلَ: جانب، طرف، مقابلہ کی طاقت۔ ۲/۱۹ ۶/۱۱۱

قِبَلَكَ: قبل مضاف + ک ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ، تیری جانب۔ ۲۹/۸

قِبَلِهِ: قِبَل مضاف + ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ۔ اس سے آگے کی جانب، اس کے سامنے، ادھر۔ ۲۷/۱۸

قُبُلًا: جمع قَبِیْلٌ واحد۔ جماعت جماعت، گروہ گروہ (مجاہد) بعض کے نزدیک قَابِلٌ کی جمع ہے یعنی آنکھوں کے سامنے، آگے۔ ۱۵/۲ ۸/۱

قُبُلٍ: آگے۔ سامنے۔ ۱۲/۱۳

قَبُوْلٍ: مصدر۔ پسندیدگی سے قبول کرنا۔ قبول پردا ہوا کو بھی کہتے ہیں لیکن اس جگہ اول معنی ہی مراد ہیں۔ سامنے سے لینا پسندیدگی پر دلالت کرتا ہے اور پیچھے کو ہاتھ کر کے لینے سے بے پروائی اور ناپسندیدگی کا ظہور ہوتا ہے اسی لئے قبول کے معنی ہوئے پسندیدگی سے لینا۔ ۳/۱۲ (دیکھو قابل)

قَبِيْلًا: جمع، قَبِیْلَۃٌ واحد۔ جماعت جماعت (مزید تشریح کے لئے دیکھو لفظ قبائل) امام رازی نے لکھا ہے:

"آگے، سامنے (کبیر) امام راغب نے بعض کے قول پر ترجمہ کیا ہے کَفِیْلًا یعنی ذمہ دار۔" ۱۵/۱۷

قَبِيْلُهُ: قَبِیْلٌ مضاف + ہٗ ضمیر مضاف الیہ اس کی جماعت، گروہ۔ ۷/۲۷

قَتْرٌ: اسم فعل اور مصدر، خرچ بہت ہی کم کرنا کنجوسی بخل، اسراف کی ضد۔ (المفردات و قاموس) قَتْرٌ لکون تاء بھی اس معنی میں مستعمل ہے (تاج) قَتَرَ کے معنی اہل و عیال کو کم خرچ دینا (نصر و ضرب) قَتُوْرٌ صفت مشبہ، کنجوس طبیعت والا آدمی۔ قَاتِرٌ جو اہل و عیال کو کم خرچ دے۔ قَتَرٌ اور قُتَارٌ کے اصل معنی ہیں کسی لکڑی کا اٹھتا ہوا دھواں، کنجوس آدمی بھی کسی کو مال دینے کی جگہ گویا دھواں دے کر بہلا دیتا ہے (راغب) ۱۱/۸

قَتَرَةٌ: غبار (قاموس) دھویں کی طرح غبار نما بدرد لفی جو چہرے پر چھا جاتی ہے (المفردات) ۳/۵

Presented by Ziaraat.Com

قِتَالٌ: باب مُفَاعَلَۃٌ کا مصدر مُقَاتَلَۃٌ اور قِیْتَالٌ بھی باب مُفَاعَلَۃٌ سے مصدر آئے ہیں، باہم کشت وخوں مراد جہاد۔ قصداً قتل کرنا (راغب) ۲/۱۱

قِتَالٍ: مصدر باب مفاعلۃ، حالتِ جر، باہم کشت وخوں کرنا، مراد جہاد۔ ۲/۱۱ ۹/۱۶

قِتَالًا: بہ تفصیل مذکور، حالتِ نصب، باہم ایک کا دوسرے کو قتل کرنا مراد جہاد۔ ۴/۸

اَلْقِتَالُ: مصدر، باب مفاعلۃ، حالتِ رفع، جنگ، جہاد۔ ۲/۱۰ ۲/۱۶ دو جگہ ۵/۸ ۲۶/۴

اَلْقِتَالَ: مصدر، باب مفاعلۃ، حالتِ نصب، جنگ، جہاد۔ ۵/۸ ۲۱/۱۹

اَلْقِتَالِ: مصدر، باب مفاعلۃ۔ حالتِ جر، جنگ، جہاد۔ ۴/۴ ۱/۵

قَتَلَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف قَتْلٌ مصدر، اس نے مار ڈالا۔ قَتْلٌ کے حقیقی معنی (موت لطری کے علاوہ کسی اور طریقے سے) روح کو جسم سے جدا کر دینا خواہ ذبح کی صورت میں ہو یا کسی اور طریقہ سے۔ مجازی معنی ہیں غالب آنا، ذلیل کرنا۔ مطیع بنالینا۔ کسی چیز کا علمی احاطہ کر لینا۔ اس کے تمام جزئیات کا ماہر ہو جانا (معجم القرآن) قرآن میں قَتْلٌ کا صرف حقیقی استعمال ہوا ہے۔ ۲/۱۷ ۵/۱ ۶/۹ ۳/۵

قُتِلَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول ۴/۹۴ ۱۵/۴ مارا گیا یعنی مارا جائے، اس جگہ ماضی بمعنی مستقبل ہے، ۲۶/۱۸ ۲۹/۱۵ دو جگہ ۳۰/۱۰ بددعائیہ جملے ہیں، مارا جائے لیکن اللہ کے کلام میں بددعا کے معنی حقیقی نہیں، بددعا سے کلامِ الٰہی میں مراد ہوتا ہے ایجادِ قتل، یعنی اللہ نے ان کے لئے قتل کیا جانا مقرر کر دیا یا رحمتِ خدا سے ان کو دور کر دیا گیا (مفردات) (مزید تشریح کے لئے دیکھو لفظ قَاتَلَ) ۳۰/۵ خندقوں والے قتل کر دئے گئے یا رحمتِ خدا سے دور کر دئے گئے۔

اَلْقَتْلِ: ۲/۱۱۸ ۲۱/۱۸ اَلْقَتْلُ ۴/۴۷ قَتَلَ ۶/۹ ۵/۳ سب جگہ لفظ قتل مصدری معنی میں مستعمل ہے اول الذکر چاروں مقامات میں معرف باللام ہے اور آخری دونوں آیات میں معرفہ باضافت، مار ڈالنا۔

قَتَلْتَ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف تو نے مار ڈالا۔ ۱۵/۲۲ ۱۶/۱۱ ۲۰/۵

قَتَلْتُ: واحد متکلم ماضی معروف، میں نے مار ڈالا۔ ۲۰/۷

قُتِلَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف، وہ ماری گئی۔ ۳۰/۶

قَتَلْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، تم نے قتل کیا۔

Presented by Ziaraat.Com

رسول اللہ کے زمانے کے یہودیوں کو خطاب ہے، حقیقت میں وہ لوگ قاتل نہ تھے بلکہ ان کے اسلاف قاتل تھے لیکن دورِ رسالت کے یہودی اپنے اسلاف کے اس فعل سے ناراض نہ تھے، ناپسندیدہ نظر سے نہ دیکھتے تھے اس لئے ان کو بھی قاتل قرار دیا گیا۔ ۱/۹

قُتِلْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی مجہول، اگر تم مارے گئے یعنی اگر تم قتل کئے جاؤ، شرط کی وجہ سے اس جگہ ماضی بمعنی مستقبل ہے۔ ۴/۸

قَتَلْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، ہم نے قتل کیا، ہم نے مار ڈالا۔ ۶/۲

(ما) قَتَلُوْهُ: ما حرفِ نفی قَتَلُوْا جمع مذکر غائب ماضی معروف منفی۔ ہٗ ضمیر مفعول، انہوں نے اس کو قتل نہیں کیا، ۶/۲ بمزادل، وہ یقین کے ساتھ نہیں جانتے کہ انہوں نے مسیح کو قتل کر دیا (المفردات و معجم القرآن) ۶/۲ نمبر دوم۔

قَتَلُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف مثبت، وہ جنہوں نے قتل کیا۔ ۵/۳

مَا قُتِلُوْا: جمع مذکر غائب ماضی مجہول منفی، وہ نہیں مارے جاتے۔ ۴/۸

قُتِلُوْا: جمع مذکر غائب ماضی مجہول مثبت، وہ مارے گئے، قتل کئے گئے۔ ۴/۱۱ ۱۷/۱۵

قَتَلَهٗ: واحد مذکر غائب ماضی معروف ہٗ ضمیر مفعول اس نے اس کو مار ڈالا۔ ۶/۹ ۷/۳ ۱۵/۲۲

قَتَلَهُمْ: واحد مذکر غائب ماضی معروف ھُمْ ضمیر مفعول، اللہ نے ان کو قتل کیا، کوئی آدمی کسی کی جان نہیں نکال سکتا، کتنا ہی زخمی کر دے مگر روح کو بدن سے الگ کر دینا انسان کے بس کی بات نہیں، انسان کو قاتل صرف اس وجہ سے قرار دیا جاتا ہے کہ وہ اسبابِ قتل فراہم کر دیتا ہے یعنی گھائل کر دیتا ہے یا زہر کھلا دیتا ہے یا پانی میں غرق کر دیتا ہے ورنہ قتل کا اصل حقیقی فاعل اللہ ہی ہے، آیت میں اسی کی طرف اشارہ ہے۔ ۹/۱۴

قَتَلْتُمُوْهُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، ھُمْ ضمیر جمع مفعول، تم نے ان کو قتل کیا۔ ۴/۱۰

قَتْلَهُمْ: قَتْل مصدر مضاف، حالتِ نصب، ھُمْ ضمیر جمع مضاف الیہ، ان کے قتل کرنے کو، ان کو قتل کرنا۔ ۱۵/۴ ۴/۱۰

قَتْلِهِمْ: قَتْلِ مصدر مضاف حالتِ جر، ھُمْ ضمیر جمع مضاف الیہ، ان کے قتل کرنے کے سبب، ۶/۲

اَلْقَتْلٰى: جمع اَلْقَتِیْلُ واحد بمعنی مقتول، وہ لوگ جنکو قتل کیا گیا ہو۔ ۲/۶ قتل کے حقیقی اور مجازی معنی کی مزید تشریح کے لئے دیکھو اقتلوا تقتلوا

قَتُوْرًا: صیغہ صفت مشبہ، کنجوس طبیعت والا بخیل، دیکھو لفظ قَتَرٌ ۱۵ ۱۱

قِتَآئِهَا: قِثَّاءٌ اسم مجرور مضاف هَا ضمیر واحد مؤنث مضاف الیہ، قِثَّاءٌ اسم جنس ہے اس کی جمع نہیں آتی واحد اور جمع سب پر اطلاق ہوتا ہے، ککڑی یا ککڑیاں، یا قِثَّارَۃٌ کی جمع ہے (قاموس) لغت میں قُثَّآءٌ قاف کے پیش کے ساتھ بھی آیا ہے۔ ۱۲

قَدْ: قَدْ اسم بھی ہے اسم فعل بھی حرف بھی ۱ حَسْبُ کا ہم معنی عموماً سکون پر مبنی جیسے قَدْ زَیْدٍ دِرْهَمٌ زید کو ایک درہم بس ہے اور کبھی معرب جیسے قَدْ زَیْدٍ دِرْهَمٍ ۲ یَکْفِی کا ہم معنی قَدِیْ دِرْهَمٌ یا قَدْنِیْ دِرْهَمٌ مجھے ایک درہم کفایت کرتا ہے قَدْ زَیْدًا دِرْهَمٌ زید کو ایک درہم کفایت کرتا ہے، یہ دونوں قسمیں قرآنِ مجید میں مستعمل نہیں ہوئیں ۳ اس فعل کے ساتھ مخصوص ہے جو متصرف ہو، خبری ہو مثبت ہو، حرفِ جازم و ناصب اور حرفِ تنفیس سے خالی ہو، یہ ماضی پر بھی آتا ہے اور مضارع پر بھی، ماضی پر داخل ہو تو تین معانی میں سے کسی ایک معنی کے لئے مفید ہوتا ہے ۱ ماضی مطلق کو ماضی قریب بنا دیتا ہے قَدْ قَامَ زَیْدٌ ابھی کھڑا ہوا زید ۲ شک کو دور کرنے اور مضمون کلام کو پختہ کرنے کے لئے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰهَا جس نے اپنے نفس کو پاک کیا اس نے بلاشبہ فلاح پائی ۳ کبھی نفی کے لئے قَدْ کُنْتُ فِیْ خَیْرٍ فَتَعْرِفُهٗ تو خیر میں نہیں تھا کہ اس کو پہچانتا مضارع پر داخل ہو تو تکثیر کے معنی پیدا ہو جائیں گے جیسے قَدْ اَتْرُکُ الْقِرْنَ مُصْفَرًّا اَنَامِلُهٗ میں اپنے حریف جنگ کو اکثر ایسی حالت میں چھوڑتا ہوں کہ اس کی انگلیاں زرد ہوتی ہیں یا جس طرح آیہ قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ میں بقولِ زمخشری کثرتِ رویت مراد ہے یا تقلیل کے معنی پیدا ہونگے جیسے قَدْ یَصْدُقُ الْکَذُوْبُ جھوٹا کبھی سچ بول دیتا ہے۔ یا توقع کے معنی پیدا ہونگے جیسے قَدْ یَقْدُمُ الْغَائِبُ توقع ہے کہ مسافر آجائے۔

یاد رکھو کہ جو قَدْ مفیدِ توقع ہوتا ہے وہ کبھی ماضی پر بھی آتا ہے، خلیل اور اکثر اہلِ لغت کا یہی قول ہے، بعض منکر ہیں کیونکہ ماضی تو اسی کو کہتے ہیں جس کا وقوع ہو چکا ہو، وقوع کے بعد توقع کے معنی ہی کیا ہیں۔ ابنِ مالک نے صراحت کی کہ جس ماضی کا وقوع سے پہلے انتظار اور توقع ہو اس پر قَدْ آتا ہے جیسے قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُكَ جو عورت تم سے اپنے شوہر کے بارے میں گفتگو کر رہی تھی (اور امیدوار فیصلہ تھی) اللہ نے اس کی

Presented by Ziaraat.Com

بات سن لی۔

جو قَدْ ماضی مطلق کو ماضی قریب بنانے کے لئے آتا ہے وہ لَیْسَ، عَسٰی، نِعْمَ اور بِئْسَ پر داخل نہیں ہوتا، یہ افعال متصرف نہیں ہیں۔

جو ماضی بمعنی حال ہو سوا اَخْفَش کے باقی تمام ادبائے بصرہ کے نزدیک اس پر قَدْ کا آنا ضروری ہے، اگر قَدْ مذکور نہ ہوگا تو مقدر مانا جائیگا۔ اخفش اور تمام علمائے کوفہ نہ وجوب کے قائل ہیں نہ تقدیر کے۔

ابنِ عصفور کا قول ہے کہ:

"اگر قسم کے جواب میں ماضی مثبت متصرف آئے اور ماضی بعید ہو تو جواب پر صرف لام تاکید آتا ہے جیسے حَلَفْتُ لَهَا بِاللّٰهِ حَلْفَةَ فَاجِرٍ لَنَامُوْا میں نے اس سے جھوٹی قسم کھا کر کہا کہ وہ لوگ سو گئے تھے اور اگر ماضی قریب ہو تو لام اور قَدْ دونوں کو لانا لازم ہے جیسے تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا خدا کی قسم اللہ نے تجھے ہم پر فضیلت بخشی ہے۔ علامہ ابنِ ہشام انصاری مؤلف مغنی اللبیب کی رائے اس کے خلاف ہے ان کے نزدیک دونوں مثالوں میں سے اول ماضی قریب ہے اور دوسری ماضی بعید، زمخشری نے آیت وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا کی تفسیر میں جو صراحت کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جواب قسم میں لَقَدْ تقریب کے لئے سرے سے ہوتا ہی نہیں ہے بلکہ توقع کے لئے ہوتا ہے۔"

اگر قَدْ مضارع پر داخل ہونے کے بعد مفید تقلیل ہو تو اس کی دو صورتیں ہوتی ہیں ۱۔ وقوع فعل کی تقلیل جیسے اَلْكَذُوْبُ قَدْ يَصْدُقُ جھوٹا کبھی سچ بول دیتا ہے ۲۔ فعل کے متعلق کی تقلیل جیسے قَدْ يَعْلَمُ مَا اَنْتُمْ عَلَيْهِ یعنی جس حال میں تم ہو وہ اللہ کی معلومات کا قلیل حصہ ہے، یہ مطلب نہیں کہ تمہارے حال کو خدا کبھی جانتا ہے کبھی نہیں جانتا۔ (مغنی اللبیب)

قَدْ حرفی قرآنِ مجید میں فا کے ساتھ ۵۰ جگہ آیا ہے جو کہیں تحقیق کے لئے ہے کہیں تقلیل و تکثیر کے لئے کہیں تقریب کے لئے اور لام تاکید کے ساتھ ۱۳۹ جگہ آیا ہے جو صرف تحقیق کے لئے ہے، تقلیل تکثیر وغیرہ کے لئے نہیں ہے باقی صرف قَدْ یا واؤ کے ساتھ قَدْ علاوہ نفی کے پانچوں معانی کے لئے آیا ہے، نفی کے لئے مطلقاً نہیں آیا اور توقع کے لئے بہت ہی کم، تقریب تحقیق تقلیل اور تکثیر کے لئے بکثرت۔

Presented by Ziaraat.Com

قُدَّ: واحد مذکر غائب، ماضی مجہول، پھاڑا گیا۔ چیرا گیا، قَدٌّ کے معنی لمبا شگاف، لمبائی میں پھاڑنا، بیابان کو طے کرنا، بات کو کاٹ دینا (نصر) قُدَّ اس لمبے تسمہ کو بھی کہتے ہیں جس کا کوڑا بنایا جاتا ہے، ایک حدیث میں آیا ہے لَسَوْطُ اَحَدِکُمْ وَمَوْضِعُ قِدِّہٖ فِی الْجَنَّۃِ خَیْرٌ مِّنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْھَا آدھی کمان کے برابر اور کوڑے کے تسمہ کے برابر جنت میں جگہ دنیا اور مَا فِیْھَا سے بہتر ہے (مجمع البحار) قَدِیْدٌ گوشت کا خشک لمبا پارچہ (قاموس) ۱۲/۱۳

قَدَّتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف اس عورت نے پھاڑ دیا۔ ۱۲/۱۳

قِدَدًا: جمع، قِدَّۃٌ واحد مختلف راہ و روش اور جدا جدا ارادے رکھنے والے گروہ، ۲۹/۱۱

قَدْحًا: مصدر، چقماق کو مار کر آگ نکالنا، پتھر پر پتھر کو یا لوہے کو مار کر آگ نکالنا قَدَحَ بِالزَّنْدِ چقماق کو رگڑ کر آگ نکالی، نیز نکتہ چینی کرنا بشرطیکہ اس کے بعد فِیْ آئے قَدَحَ فِیْہِ اس پر نکتہ چینی کی (نفر) آیت میں صلہ یعنی کوئی حرف جو لفظ قَدْحًا کے بعد مذکور نہیں مراد ہے گھوڑوں کا نعلدار ٹاپوں کو پتھریلی زمین پر مارنا۔ ۳۰/۲۵

قَدْرٍ: اللہ کا حکم، اندازہ، مقدار، طاقت، وسعت۔ کمی کرنا (قاموس) اللہ کا علمی اندازہ، تقدیر (معجم و محلی، خازن) ۱۲/۲ مقدار مقرر ۱۶/۱۱ عمر کی مقدار جو نبوت کے لئے علم الٰہی میں مقرر تھی (محلی) یا مقرر وقت (تاج) ۱۸/۱ اندازہ، مقدار معین (خازن) ۲۵/۴ اندازہ ۲۵/۷ مقررہ اندازہ یا بقدر حاجت (محلی) ۲۷/۱۰ اللہ کا علمی اندازہ، تقدیر ۲۹/۴۱ مقدارِ وقت (محلی)

قَدْرًا: ازلی فیصلہ، لوح محفوظ میں لکھا ہوا یعنی اللہ کا حکم ایک ازلی فیصلہ ہے اور دنیا میں وقتاً فوقتاً اس کے موافق ہوتا رہتا ہے۔ (راغب فی المفردات) ۲۲/۲

قَدْرُہٗ: قَدْرٌ مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ، اس کی مالی وسعت، گنجائش ۲/۱۵ دو جگہ

قَدَرِھَا: قَدَرٍ مجرور مضاف ھَا ضمیر مضاف الیہ یعنی نالے اپنی مقدار کے موافق یا زمین کی حاجت کے مطابق بہہ نکلتے ہیں۔ ۱۳/۸

قَدْرًا: قَدْرٌ کے معنی اندازہ، طاقت، مالی گنجائش، فراخی (قاموس) آیت میں وقتی اندازہ یعنی مقرر وقت مراد ہے (محلی و بیضاوی) ۲۸/۱۷

قَدْرِہٖ: قَدْرٍ مضاف، ہٖ ضمیر مضاف الیہ،

Presented by Ziaraat.Com

عظمت و مرتبہ یا معرفت۔ ۹۷/۱ ۱۷/۱ ۲۴/۴

اَلْقَدْرِ: یعنی برکت و عظمت کی رات، (کبیر) یا ایسی رات جس میں بڑے بڑے کاموں کا تقدیری فیصلہ کیا جاتا ہے (راغب) ۳۰/۲۲ دو جگہ

قَدَرَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، اگر قدرۃ کا موصوف انسان ہو تو ایسی صفت اور قوت مراد ہوتی ہے جس سے آدمی کوئی کام کر سکتا ہے اگر قدرت کی نسبت اللہ کی طرف کی جائے تو مراد ہوتا ہے عاجز نہ ہونا، اللہ ہر چیز پر قادر ہے یعنی کسی چیز کو کرنے یا نہ کرنے سے عاجز نہیں، انسان کی قدرت ناقص ہے اسی لئے مطلقاً قادر الانسان کو نہیں کہہ سکتے جب تک اس چیز کا ذکر نہ کر دیا جائے جس چیز پر انسان کی قدرت ظاہر کرنی مقصود ہے۔

مثلاً یوں کہا جا سکتا ہے کہ زید چلنے پھرنے پر قادر ہے لیکن بغیر کسی قید مخصوص کے اس طرح نہیں کہہ سکتے کہ زید قادر ہے یا قدیر ہے ہاں اللہ کی قدرت کاملہ ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے اس لئے بغیر کسی خاص مفعول کے تذکرے کے اس کو علی الاطلاق قادر اور قدیر کہا جا سکتا ہے (راغب)

قَدَرَ لازم بھی ہے اور متعدی بھی، بصورت اول معنی ہوں گے طاقت رکھی غالب ہوا، قادر ہوا، قابو والا ہے (ضرب، سمع، نصر) اس وقت اس کا مصدر قَدْرًا ہوگا، قُدْرَۃً مَقْدُرَۃً، مِقْدَارًا، قَدَرًا، قِدَارًا، قَدَارَۃً، قُدُوْرًا، قُدُوْرَۃً اور قِدْرَانًا بھی مصادر آئے ہیں۔

اگر قَدَرَ کو بصورت متعدی استعمال کیا جائے تو معنی ہوں گے علمی اندازہ کیا، روزی تنگ کی، تعظیم کی، اللہ نے حکم دیا، پہچانا، آمادہ کیا، وقت مقرر کیا، مقرر کر دیا (ضرب، نصر) (قاموس) قرآن مجید میں یہ لفظ متعدی استعمال کیا گیا ہے جس کے معنی ہیں روزی تنگ کی۔ ۳۰/۱۴

(ما) قَدَرُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف منفی، انہوں نے تعظیم نہیں کی، انہوں نے نہیں پہچانا (خازن) ۹۷/۱ ۱۷/۱ ۲۴/۴

قُدِرَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول ۲۷/۸ مقرر کر دیا گیا، ازل میں مقرر کر دیا گیا۔ ۲۸/۱۷ روزی تنگ کر دی گئی۔

قَدَرْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، ہم اس پر قدرت رکھتے ہیں (عملی) ہم نے حکم دیا ہم نے اندازہ کیا، مقدار مقرر کی (راغب) ۲۹/۲۱

قَدَّرَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف تقدیرًا مصدر

باب تفعیل، سوچ کر غور کر کے اندازہ کیا، رزق بخشا، روزی تنگ کی، اگر مفعول درمیں پر علیٰ یا لام ہو جیسے قَدَّرَہٗ عَلَیْہِ وَ لَہٗ، تو معنی ہوں گے کسی چیز کو کسی شخص کے لئے اندازہ کرنے کے بعد مقرر کر دیا اور حکم دے دیا کہ فلاں چیز فلاں کو مل جائے (مزید تشریح کے لئے تَقْدِیْرًا دیکھو باب النار مع القاف) ۱۱/۶ رفتار کی مقدار مقرر کر دی۔ ۱۵/۱۶ بنا وٹ اور تخلیق کو درست کیا (محلی) یا اس کو مقررہ قوتیں عطا فرمائیں (راغب) یا اس کو مصلحت کے موافق ٹھیک ٹھیک بنایا (کشاف) بعض علماء نے اس طرح ترجمہ کیا ہے پھر اس کے باقی رہنے کی ایک خاص تقسیم کر دی ۲۴/۱۶ (محلی) حضرت ابن مسعود کی قراءت میں اس جگہ قَدَّرَ کی جگہ قَسَّمَ ہے (کشاف) دونوں کے معنی ایک ہیں۔ ۲۹/۱۵ دو جگہ۔ دل میں اندازہ کیا، سوچا ۳۰/۵ قوتیں عطا فرمائیں جن کے موافق وقتاً فوقتاً ظہور ہوتا ہے (راغب) شکل، صورت، حجم، مقدار اور ہر چیز کا اندازہ مقرر کر دیا (جمل) ۳۰/۱۲ مصلحت کے موافق ہر چیز عطا فرمائی پھر فطری طور پر یا تعلیم کے ذریعہ سے نجات کا راستہ بتایا (راغب)

قَدِّرْ: واحد مذکر حاضر امر معروف، تقدیر مصدر باب تفعیل، مناسب اندازہ کے ساتھ بناؤ، کڑیوں کو حساب کے ساتھ بناؤ اور جوڑو۔ ۲۲/۸

قَدَّرُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، تقدیر مصدر، پینے والوں کی خواہش کے بقدر وہ دینگے (محلی) یا اہل جنت دلوں میں برتنوں کا جو پیمانہ مقرر کر لیں گے اسی ناپ کے مطابق ان کو ملے گا۔ (کما لین) ۲۹/۱۹

قَدَّرْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، تقدیر مصدر ۱۴/۴ ہم نے (ازل میں) حکم دیدیا (راغب) یا مقرر کر دیا (تاج) ۱۹/۱۹ ہم نے مقدر کر دیا تھا۔ ازل میں حکم دے دیا تھا ۲۲/۸ ہم نے منزلیں مقرر کر دیں (مولانا محمد حسن) ۲۳/۲ ہم نے حساب سے چاند کی منزلیں مقرر کر دیں ۲۷/۱۵ حساب کے ساتھ مقرر کر دی۔

قَدِیْرٌ: صفت مشبہ، قدیر اس کو کہتے ہیں جو حکمت کے مطابق جو کچھ چاہے کرے، اسی لئے اللہ کے سوا کسی مخلوق کو قدیر نہیں کہہ سکتے، البتہ قادر عام ہے (راغب) علامہ محمود آلوسی نے روح المعانی میں آیت اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر کی تشریح میں لکھا ہے:

"قادر وہ ہے کہ اگر چاہے تو کرے نہ چاہے تو نہ کرے اور قدیر وہ ہے جو اقتضاء حکمت کے موافق جو کچھ چاہے کرے اللہ کے علاوہ کسی غیر کی

Presented by Ziaraat.Com

صفت میں لفظِ قدیر بہت کم آتا ہے۔" (روح المعانی)

علامہ آلوسی کے بیان سے معلوم ہوا کہ غیر خدا کی صفت بھی لفظِ قدیر سے کی جا سکتی ہے مگر بہت ہی کم، اور امام راغب نے غیرِ خدا کے اتصاف کی مطلق نفی کر دی ہے، میری نظر میں یہ اختلاف ہی بیکار ہے، لغتِ عرب میں اگر لفظِ قدیر کا غیر اللہ پر اطلاق ہو بھی تب بھی امام راغب کی تردید نہیں ہو سکتی، امام راغب نے صرف شرعی اصطلاحی معنی بیان کئے ہیں اور اصطلاح شرع میں لفظِ قدیر کا اطلاق غیر اللہ پر نہیں ہوتا، قرآن یا حدیث میں کسی جگہ کسی انسان یا فرشتے یا جن یا کسی مخلوق پر اس کا اطلاق نہیں ہوا۔ ۱/۱۳/۲ ۲/۲ ۳/۳ ۳/۸ و ۱۱ ۴/۱۰/۸ ۵/۷/۱۰ ۶/۸/۶ ۷/۱۲/۱ ۸/۱۷ ۹/۱۷/۱۵ ۱۰/۱۳/۸ ۱۲ ۱۱/۱۴/۸ و ۹ ۱۲/۱۳ ۱۳/۹/۸ ۱۴/۱۹ ۱۵/۱۳ ۱۶/۶ ۱۷/۴/۶ ۱۸/۲ ۱۹/۸/۴ و ۱۵ ۲۰/۱۸ ۲۱/۱ ۲۲/۱۷ ۲۳/۱۱

قَدِیرًا: (دیکھو قَدِیْرٌ) ۵/۱۶ ۶/۱ ۱۹/۳ ۲۱/۱۹ ۲۲/۱۷ ۲۶/۱۱

اَلْقُدُّوْسِ: اسم فعل اور مصدر، پاکی اور پاک ہونا، آیات میں صیغہ صفت کے معنی میں ہے، موصوف کو صفت کی طرف شدتِ لزوم کے سبب مضاف کر دیا گیا ہے یعنی روحِ مقدس، مراد جبرئیل، صلاح قاموس میں اَلتَّقْدِیْسُ بھی آیا ہے، لسان العرب میں صفائی برکت اور پاکیزگی ترجمہ کیا ہے، صاحب تاج نے رحمت اور فضل سے تعبیر کی ہے ۱/۱۱ ۳/۱ ۵/۱۶ ۱۴/۲۰

قَدَّمَ: (صِدْقٍ) قَدَّمَ اسم مصدر مضاف صِدْقٍ مضاف الیہ، گذشتہ نیک کام (راغب) ہر نیک کام جو پہلے کر لیا گیا ہو یا ہو گیا ہو (قاموس) مراد اچھا اجر (سیوطی) یعنی آیت میں سبب بول کر نتیجہ مراد لیا ہے (خازن) قَدَّمَ کے معنی سَلَفَ یعنی گذرا ہوا نیک عمل) (رواہ الحاکم عن ابی بن کعب) ۱۱/۶

قَدَمٌ: واحد اَقْدَامٌ جمع یعنی قدم پاؤں تَقَدُّمٌ قَدَمٌ سے ہی بنایا گیا ہے (راغب) قَدَمٌ اسم مصدر بھی ہے یعنی نیکی میں تقدم، صیغہ صفت بھی ہے، مذکر مؤنث واحد جمع سب پر اس کا اطلاق ہوتا ہے، نیکی میں آگے بڑھنے والا، قَدَمٌ کے معنی تقدم بھی ہے اور قدامت بھی۔ قدم سے مشتقات باب سَمِعَ سے بھی آتے ہیں اور نَصَرَ و کَرُمَ سے بھی، باب سَمِعَ سے آنے کی صورت میں اگر مصدر قُدُوْمٌ یا قُدُمَانٌ ہو تو سفر سے واپسی کے معنی ہونگے اگر مصدر قَدَمٌ ہو تو بہت آگے بڑھ جانے

Presented by Ziaraat.Com

کے معنی ہوں گے، باب نصر سے آنے کی صورت میں اگر مصدر قُدُوْمٌ ہو تو متعدی ہوگا اور آگے بڑھانے کے معنی ہوں گے اور اگر مصدر قَدْمٌ ہو تو لازم و متعدی دونوں طرح آئے گا۔ باب کرم سے آنے کی صورت میں مصدر قَدَمٌ بھی آتا ہے اور قَدَامَۃٌ بھی اور قدیم ہونے کے معنی بھی ہوتے ہیں۔ آیت میں صرف اسمی صورت میں مستعمل ہے۔ ۱۴/۱۹

قَدَمَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، مصدر تَقْدِیْمٌ، باب تفعیل، آگے لایا، سامنے لایا (دیکھو تقدموا) ۲۳/۱۳

قَدَّمْتُ: واحد متکلم ماضی معروف، تقدیم مصدر، اگر تقدیم کے بعد بار آجائے تو وقت سے پہلے کسی کام کا حکم دینے یا وقت سے پہلے اطلاع دیدینے کے معنی ہوتے ہیں تاکہ وقت آنے سے پہلے اطلاع پانے والا کام کرلے۔ ۲۶/۱۶ میں یہی مراد ہے کہ میں نے یوم جزاء آنے سے پہلے دنیا میں ہی تمہارے پاس خوف آگیں اطلاع بھیجدی تھی اور پہلے ہی حکم دے دیا تھا کہ تیاری کرلو۔ اگر تقدیم کے بعد بار نہ آئے تو پہلے سے کرنے، پہلے سے بھیجنے، پیش کرنے اور پہلے زمانے میں کر چکنے کے معنی ہوتے ہیں ۳۰/۱۴ میں پہلے سے بھیجدینے کے معنی ہیں۔

قَدَّمَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف، تقدیم مصدر، پہلے کر چکے یا پہلے بھیج چکے، ۱/۱۱ ۴/۱۰ ۵/۶ ۶/۱۵ ۱۰/۳ ۱۵/۲ ۱۷/۸ ۲۰/۸ ۲۱/۷ ۲۵/۶ ۲۸/۱۱ ۳۰/۲

قَدَّمْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی (جو کچھ) تم نے پہلے سے رکھ چھوڑا ہوگا۔ ۱۲/۱۶

قَدَّمْتُمُوْهُ: قَدَّمْتُمْ جمع مذکر حاضر + ہٗ ضمیر مفعول، تم اس کو سامنے لائے، ۲۳/۱۳

قَدَّمُوْا: جمع مذکر غائب ماضی، انہوں نے پہلے بھیجدیئے۔ ۲۲/۱۸

قَدِّمُوْا: جمع مذکر حاضر امر معروف ۲/۱۲ پہلے بھیجدو، ۲۸/۲ پہلے دیدیا کرو۔

قَدِمْنَا: جمع متکلم ماضی باب سَمِعَ، ہم آگے بڑھیں گے، ہم متوجہ ہوں گے (ماضی بمعنی مستقبل) ۱۹/۱۔

اَلْقَدِیْمِ: صفت مشبہ معرفہ، قِدَمٌ و قَدَامَۃٌ مصدر و اسم مصدر، گذشتہ زمانے میں موجود ہونیوالا پہلے زمانے میں پایا جانے والا، قرآن و حدیث میں لفظ قدیم کا اطلاق اللہ پر کہیں نہیں آیا نہ اللہ کے صفاتی ناموں میں اس کا شمار ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

البتہ علمائے اسلام میں سے متکلمین اس کا اطلاق اللہ پر کرتے ہیں (راغب) عموماً قدیم پرانے زمانے کو یا پرانے زمانے کی چیز کو کہتے ہیں ۱۳/۵ اور ۲۳/۲ میں مراد ہے پرانی۔

قَدِیْمٌ: صفت مشبہ نکرہ پرانا، قدیمی ۲۶/۲

قُدُوْرٍ: جمع قِدْرٌ واحد، ہانڈیاں دیگیں، لفظ قِدْرٌ استعمال میں عموماً مؤنث آتا ہے اور بہت کم مذکر۔ ۲۲/۸

اَلْقُدُّوْسُ: صیغہ مبالغہ بہت پاک، برکت والا، وزن فُعُّوْلٌ (بضم فا) پر کلام عربی میں صرف چار لفظ آئے ہیں قُدُّوْسٌ سُبُّوْحٌ ذُرُّوْحٌ فُرُّوْجٌ اور ان کو بھی بفتحہ فا پڑھنا جائز، باقی اس وزن پر جتنے لفظ آئے ہیں سب بفتحہ فا آئے ہیں، ۲۸/۶

اَلْقُدُّوْسِ: بہت پاک ذات مبارک صیغہ مبالغہ، ۲۸/۱

قَذَفَ: واحد مذکر غائب ماضی، قَذْفٌ مصدر قَذْفٌ کے اصلی معنی تیر کو دور پھینکنا پھر تیر کی شرط کو ساقط کر کے مطلق پھینکنے اور ڈالنے اور مارنے کے معنی میں استعمال کیا جائے گا اور مجازاً گالی دینا اور تہمتِ زنا لگانا اور کسی چیز کو عیب کی طرف منسوب کرنا بھی مراد لیا جاتا ہے آیت میں مراد ہے ڈال دیا۔ ۲۱/۱۹ ۲۸/۴

فَقَذَفْنَاهَا: فا حرفِ تعقیب، قَذَفْنَا جمع متکلم ماضی، ہا ضمیر مفعول، پھر ہم نے اس کو ڈال دیا۔ ۱۶/۱۲

قَرَارًا: اسم مصدر اور مصدر، ٹھیراؤ اور ٹھیرنا، سردی، سکون اور جمود چاہتی ہے اسی لئے اس کو قُرٌّ کہتے ہیں (راغب) آیات میں مراد ہے ٹھیرنے کی جگہ (راغب) یا قرار والی، نہ لرزنے والی جگہ (عملی) ۲۰/۱ ۲۴/۱۲

قَرَارٍ: قرار کے معنی اہلِ لغت نے آرام کی جگہ بھی لکھا ہے (تاج) ۱۳/۱۶ جماؤ اور استقرار (سیوطی) ۱۸/۱ ٹھیرنے کی جگہ، آرام کی جگہ (روح المعانی وصحاح) ۱۸/۳ سرسبز، شاداب زمین (ابن عباس) ہموار زمین (عملی) ۲۹/۲۱ پانی ٹھیرنے کی جگہ (تاج یعنی رحم۔

اَلْقَرَارُ: ۱۳/۱۷ ۲۳/۱۳ قرارگاہ، ٹھکانا۔

اَلْقَرَارِ: ۲۴/۱۰ ٹھیرنا، رہنا مراد ہمیشہ رہنا۔

فَقَرَءَ: فا حرفِ تعقیب، واحد مذکر غائب ماضی قَرْءٌ، قِرَاءَةٌ اور قُرْآنٌ مصدر (باب نصر و فتح) خود فعل متعدی ہے کبھی مفعول پر با بھی آتا ہے قَرَءَ الْقُرْآنَ اور قَرَءَ بِالْقُرْآنِ، دونوں طرح

Presented by Ziaraat.Com

استعمال صحیح ہے، قرء ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ ملا کر جمع کرنے کو بھی کہتے ہیں، پڑھنے کے معنی بھی اس مناسبت سے خالی نہیں، ایک حرف کو دوسرے حرف کے ساتھ ملا کر تلفظ کرنے کو قرارت کہتے ہیں (راغب) صاحب قاموس نے اگرچہ قَرَءَ الشَّیْءَ قُرْاناً کے معنی ایک چیز کو دوسری چیز سے ملا کر جمع کرنا لکھا ہے اور کسی خاص شرط کے ساتھ مشروط نہیں کیا لیکن راغب نے لکھا ہے کہ:

"ہر جمع کرنے کو قرء نہیں کہتے، اسی لئے قَرَأْتُ الْقَوْمَ بجائے جَمَعْتُ کے کہنا صحیح نہیں ہے"

شاید راغب کی مراد یہ ہے کہ ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا اور جوڑ کر جمع کرنا۔ لفظ قرء کے مفہوم کو ظاہر کرنے کے لئے ضروری ہے، قرء کے معنی صرف اکٹھا کرنا کافی نہیں ہے اور صاحب قاموس کی عبارت سے بھی یہ مترشح ہے، آیت میں ہٗ ضمیر مفعول بغیر ہار کے موجود ہے، پھر وہ اس کو پڑھنا۔ ۱۹/۱۵

قَرَأْتَ: واحد مذکر حاضر، ماضی، ۱۴/۱۹ جب تم قرآن پڑھو، یعنی پڑھنا چاہو (سیوطی) اکثر فقہاء اسلام اور محدثین کا یہی قول ہے کہ قرآن پڑھنے سے پہلے جب پڑھنے کا ارادہ کیا جائے تو تعوذ پڑھا جائے، سیوطی نے اسی بناء پر قراءۃ قرآن کی تفسیر ارادۂ قرارت سے کی ہے۔ امام مالک اور بعض صحابہ و تابعین کی نظر میں قرارت کے حقیقی معنی مراد ہیں اور قرارت کے بعد تعوذ کرنا چاہیئے (جمل) ۱۵/۵ جب تم قرآن پڑھتے ہو یا جب تم نے قرآن پڑھا۔

قُرِءَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول، جب قرآن پڑھا جائے، ۹/۱۴ جب قرآن پڑھا جاتا ہے۔ ۳۰/۹

قَرَأْنَاهُ: جمع متکلم ماضی ہٗ ضمیر مفعول، جب ہم قرآن تمہارے سینہ میں جمع کر دیں تو تم اس پر عمل کرو، ابن عباس (راغب) جب ہم (بوساطت قرارت جبرئیل) قرآن پڑھیں تو تم اس کو کان لگا کر سنو (محلی و محمود آلوسی) صاحب منتہی الارب نے بحوالہ حضرت ابن عباس اس طرح ترجمہ کیا ہے، جب ہم قرآن کو بیان کر دیں تو ہمارے بیان کے موافق تم عمل کرو، محلی اور آلوسی کا ترجمہ اکثر مفسرین نے لکھا ہے۔ ۲۹/۱۷

قُرْاٰن: مصدر ہے پڑھنا، اللہ کی کتاب کا خاص نام جو محمد رسول اللہ پر نازل کی گئی، کسی دوسری آسمانی کتاب کا نام قرآن نہیں ہے جس طرح

Presented by Ziaraat.Com

جزء بول کر کل مراد لے لیا جاتا ہے جیسے گردن سے ذاتِ انسانی، اسی طرح رکوع، سجود، قیام اور قرآن بول کر مجازاً پوری نماز بھی مراد لے لی جاتی ہے۔ قرآن کی وجہ تسمیہ کے متعلق علماء کے متعدد اقوال ہیں، کسی نے کہا قَرءٌ کا معنی جمع کرنا ہے، قرآن، کتبِ سابقہ الٰہیہ کا حاصل اور مجموعہ ہے، راغب نے اتنا اور بڑھا دیا کہ قرآن تمام علوم کا مجموعہ ہے، ابو عبیدہ نے کہا سورتوں کا مجموعہ ہے، بہر حال سب نے قرآن کی وجہ تسمیہ بیان کرنے میں جمع کا مفہوم پیشِ نظر رکھا، پروفیسر عبدالرؤف نے کہا یہ وجہ تسمیہ غلط ہے، قرآن کا نام سب سے پہلے سورت مزمل میں آیا ہے جو ترتیبِ نزول کے اعتبار سے تیسری سورت ہے، اس وقت تک نہ سورتوں کا مجموعہ تھا نہ کتبِ سابقہ کا نچوڑ، اور خلاصہ بلکہ قرآن کہنے کی وجہ صرف قرأت اور تلاوت ہے اللہ کی کتاب عموماً جہر کے ساتھ نماز میں، دینی محافل میں، مدارس میں اور دوسری تقریبات میں پڑھی جاتی ہے، حضرتِ عثمان کے مرثیہ میں ایک شاعر نے کہا تھا:

ضحوا باشمط عنوان السجود به
یقطع اللیل تسبیحا و قرآنا

لوگوں نے ایک ایسے پکی عمر والے سردار کو ذبح کر دیا جس کی پیشانی پر سجدے کا نشان تھا جو راتیں تسبیح و تلاوت میں کاٹ دیتا تھا۔ عبرانی یہودی بھی توراۃ کو (Mikra) یعنی قرأت کہتے تھے اس کے بعد سریانی عیسائیوں نے کتاب مقدس کے بعض حصوں کا نام قریانا رکھا۔ اب تک شام، عراق، حجاز، فلسطین میں اس لفظ کو وہ استعمال کرتے ہیں، آیت اِنَّ عَلَیْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ سے تو یہ بھی صاف ظاہر ہے کہ جمع قرآن سے قرأتِ قرآن الگ چیز ہے (معجم القرآن) قرآن کا کچھ حصہ مکی ہے کچھ مدنی، ۱۷ رمضان ۴۱ھ میلادِ نبوی سے ۵۳ھ یا بقول صاحبِ معجم القرآن ۵۴ھ میلادِ نبوی تک نازل شدہ حصہ مکی کہلاتا ہے جس کی مقدار مجموعہ کے لحاظ سے ۱۹/۳۰ کی ہے، باقی حصہ ۱۱/۳۰ مدنی ہے جو آخر عمر تک نازل ہوا، کل آیات (قطع نظر از اختلافِ روایات) ۶۲۳۶ اور کل الفاظ ۷۶۴۴۰ اور کل حروف ۳۲۳۶۷۱ ہیں۔

قرآن چونکہ مکمل درسِ حیات ہے اس لئے تمام ضروریاتِ زندگی کو واضح طور پر بیان کیا گیا ہے انسانی زندگی کی چند در چند شاخوں کو سامنے رکھتے ہوئے ہم کو قرآنی مضامین کے تنوع کے آٹھ مظاہر

Presented by Ziaraat.Com

نظر آتے ہیں، جو کتابیں انسانی دماغ کی زائیدہ ہیں خصوصاً وسطی دور کی کتابیں، ان کی طرح فصل بندی اور تبویب قرآن کی نہیں ہے، قرآن کا رنگ خطابی بھی ہے برہانی بھی، جدلی بھی آئینی اور تشریعی بھی اور واعظانہ بھی لیکن ہر رنگ دوسرے رنگ سے اور ہر بیان دوسرے بیان سے مخلوط ہے جس طرح انسان کی ضروریاتِ زندگی مخلوط ہیں اور بغیر تجزیہ و تحلیل کے ان کی باہمی وابستگی کو جدا جدا نہیں کیا جا سکتا اسی طرح قرآن کا تنوعِ بیان بھی محتاجِ تفصیل و تحلیل ہے، ہم تحلیل کے بعد آٹھ قسم کے مضامین قرآن میں پاتے ہیں:

۱ عقائد یعنی توحیدِ ذات و صفات، ایمان بالرسالۃ والملائکۃ والبعث بعد الموت وغیرہ ۲ دینی فرائض نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ وغیرہ ۳ اخلاقی احکام صدق، عدل، احسان، جود، عدمِ ایذاء وغیرہ ۴ دنیوی اور اخروی وعد و وعید ۵ قرآن کو پیش کر کے دعوتِ مقابلہ و مناظرہ ۶ گذشتہ قصص و حکایات عبرت آفرینی کے لئے ۷ وعظ و ارشاد، دانش آفرین حکمت اور اقوام کے عروج و زوال کے ضوابط ۸ آئین و تشریع، تشریعات کے چار حصے ہیں مدنی سیاسی و نظمی جیسے حکام کی اطاعت عہد و میثاق کی پابندی ۲ ضوابطِ فوجداری حدود و قصاص وغیرہ ۳ تمدنی قوانین، سود، میراث، وصیت، قرض وغیرہ کی دستاویز ۴ جنگی ضوابط، جنگ کی تیاری، آلاتِ جنگ کی فراہمی، فوجی اسرار کی رازداری، صلح اور صلح کی پابندی، قیدیوں کا معاملہ، جاسوسوں سے احتیاط، دشمنوں سے موالات کی ممانعت وغیرہ۔

یاد رکھو کہ قرآن جس طرح مجموعے کا نام ہے اسی طرح اجزاءِ قرآن کو بھی اس وقت قرآن کہہ سکتے ہیں، اور نزول کے زمانے میں تو جتنا حصہ نازل ہو چکتا تھا اس کو قرآن ہی کہا جاتا تھا، پورے قرآن کے نزول کا انتظار نہیں رکھا جاتا تھا، اب چونکہ پورا قرآن ہمارے ہاتھوں میں ہے اس لئے پوری کتاب کا نام قرآن ہے لیکن کل کا اطلاق جزء پر مجازاً کیا جا سکتا ہے۔ ب ۲ ع ۷ ب ۵ ع ۸ ب ۷ ع ۸ ب ۹ ع ۱۴

ب ۱۱ ع ۱۲ ب ۱۲ ع ۱۱ ب ۱۳ ع ۲۰ ب ۱۴ ع ۱۹ ب ۱۵ ع ۱ ر ۵ ر ۶ ر ۹ ر ۱۰ ر ۲۰

ب ۱۶ ع ۱۵ ر ۱۰ ب ۱۹ ع ۱ ر ۱۶ ب ۲۰ ع ۲ ر ۳ ر ۱۲ ب ۲۱ ع ۹ ب ۲۲ ع ۱۰ ر ۱۸ ب ۲۳ ع ۱۰ ر ۱۷ ب ۲۴ ع ۱۸

ب ۲۵ ع ۹ ب ۲۶ ع ۴ ر ۷ ر ۱۵ ر ۱۷ ب ۲۷ ع ۸ ر ۹ ر ۱۱ ر ۱۶ ب ۲۸ ع ۶ ب ۲۹ ع ۱۳ ر ۱۴ ر ۲۰

ب ۳۰ ع ۹ ر ۱۰

قرآناً: ب ۱۱ ع ۱۲ ب ۱۰ ع ۱۳ ب ۱۲ ع ۱۵ ب ۱۵ ع ۱۶ ب ۱۷ ع ۲۳ ب ۱۹ ع ۱ ر ۵ ع ۲۴ ب ۱۷ ع ۲ ر ۲۵

ب ۲۹ ع ۱۱ ر ۱۷ - قرآنِ مجید

Presented by Ziaraat.Com

قُرْاٰنَ: قرآن مصدر، مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ، پڑھنا۔ اس کے پڑھنے پر عمل کر دیا، اس کے پڑھنے کو کان لگا کر سنو۔ ۲۹/۱۷

قَرَّبَا قُرْبَانًا: تثنیہ مذکر غائب، ماضی معروف، تقریب مصدر، باب تفعیل، پیش کرنا، نزدیک لانا، قرب حاصل ہونے کی امید پر بھینٹ دینا، تقریب کا مادہ قُرْبٌ ہے۔ قرب کا استعمال، مکان، زمان، رشتہ داری، مرتبہ، حفاظت و نگرانی اور قدرت سب لحاظ سے ہوتا ہے۔ قربان لغت میں اس چیز کو کہتے ہیں جو قربِ خداوندی کے حصول کا ذریعہ ہو (خواہ کوئی چیز ہو جاندار یا بے جان یا اعمالِ صالحہ) اسلامی عرف میں اس ذبیحہ کو قربان کہا جاتا ہے جو اللہ کا قرب حاصل کرنے کے لئے ذبح کیا جاتا ہے، اس کی جمع قَرَابِیْن ہے (راغب)

دنیا میں پہلی بھینٹ حضرتِ آدم کے دونوں لڑکوں ہابیل اور قابیل نے پیش کی، ہابیل نے کچھ بھیڑیں اور قابیل نے کچھ غلہ کی سوختنی قربانی دی پھر حضرتِ نوح نے ایک قربان گاہ بنائی اور بہت جانوروں کی سوختنی قربانی دی پھر حضرتِ ابراہیم نے (بقولِ یہود) روٹی اور شراب قربانی میں پیش کی پھر حسبِ وحی بچھیا۔ بکرا۔ مینڈھا اور کبوتر ذبح کیا (سفر التکوین ۹، ۱۷) پھر حسب الحکم بیٹے کو قربانی کے لئے پیش کیا لیکن اللہ نے بیٹے کو محفوظ رکھا اور مینڈھے کی قربانی کا حکم دیا، اسلام سے پہلے ہی عرب میں یہ سنتِ ابراہیمی جاری تھی، قربانیاں کی جاتی تھیں اور گوشت فقراء کو بانٹ دیا جاتا تھا، سوختنی قربانی کا دستور نہ تھا، سوختنی قربانی صرف یہودیوں میں جاری تھی، حضرتِ موسیٰ دونوں قسم کی قربانیاں دیتے تھے، جاندار اور بے جان، لیکن سب قربانیاں سوختنی ہوتی تھیں، عیسائیوں میں قربانی کا دستور نہ تھا، ان کے عقیدے میں مسیح نے اپنی قربانی کر کے سارے عالم کے گناہوں کا کفارہ ادا کر دیا تھا مسیح کے خون کے عوض شراب اور گوشت کے عوض روٹی دینے کا ان میں دستور تھا، پرانے یونانی قربانی میں نمک اور جَو دیتے تھے، دونوں چیزیں ایک ٹوکرے میں رکھ کر تھوڑا تھوڑا حاضرین کو تقسیم کر دیتے تھے ممالکِ عربیہ میں میلادِ مبارک کے جلسوں میں نمک اور جَو تقسیم کرنے کا مسلمانوں میں اب بھی رواج ہے (معجم القرآن برحاشیہ) ممالکِ اسلامیہ اور ہندوستان میں مساجد، مزارات اور متبرک محفلوں میں اگر، لوبان اور بعض دوسری چیزیں سلگانے کا اب بھی دستور ہے اور یہ سب ستارہ پرستوں اور بت پرستوں کی نقل ہے (الرحلۃ)

Presented by Ziaraat.Com

فینقی، کنعانی، سوری، فارسی، عرب قدیم، رومن، مصری اور اکثر مغربی اقوام آدمی کی قربانی کو باعثِ تقریب جانتی تھیں۔ ۶۵۷ء میں اس کی ممانعت کے لیئے رومن قانون بنا لیکن ۸۲۴ء تک جرمنی اور پرتگال کے بعض حصوں میں برابر انسانی قربانی ہوتی رہی۔ آیتِ مذکورہ میں قربانی کی نوعیت نہیں بیان کی صرف اتنا فرمایا کہ آدم کے دونوں بیٹوں نے قربانی پیش کی۔ ۶/۹

قُرْبَانًا: مصدر، مفعول لہ، تقریب حاصل کرنے کے لئے دوسروں کو پوجتے تھے اللہ کا تقرب حاصل کرنے کے لئے۔ امام راغب نے اس جگہ قربان کو صیغۂ صفت کے معنی لیا ہے اور صراحت کی ہے کہ قربان کا اطلاق جمع پر بھی ہوتا ہے یعنی ایسی چیز جو اللہ کی مقرب ہو، ۲۶/۴

بِقُرْبَانٍ: با، حرفِ جر، قُربانٍ مجرور، کوئی ایسی چیز جو قربانی میں پیش کی جائے (اور آگ غیبی آگ اس کو کھا جائے) ۵/۱۰

قَرَّبْنَاهُ: جمع متکلم ماضی، مصدر تقریب، ہٗ ضمیر مفعول، ہم نے اس کو قریب کر لیا، قریب بلا لیا، امام راغب نے لکھا ہے:

"کسی بندے کے مقرب مقربِ الٰہی ہونے کے معنی ہیں قربِ روحانی کا بڑھ جانا، بدنی مادی قوتوں کا مغلوب ہو جانا، جہالت کا میل دور ہو جانا، علم، حلم، حکمت، فہم، رحمت اور دوسری صفاتِ الٰہیہ کی جھلک اس میں خصوصی طور پر نمودار ہو جانا۔" (المفردات) ۱۶/۷

قَرَّبَهٗ: قَرَّبَ واحد مذکر غائب، مصدر تقریب، ہٗ ضمیر مفعول۔ اس (کھانے) کو ان (فرشتوں) کے سامنے رکھا۔ اگر قَرَّبَ کے بعد اِلٰی آئے تو سامنے لانے کے معنی ہوتے ہیں، یہی اس جگہ ہے۔ ۲۶/۱۹

اَلْقُرْبٰی: اسم مصدر، رشتہ داری، قرابت، قَرُبَ (باب نصر) مصدر قَرَابَۃٌ، قَرُبَ منہ (باب کرم) مصدر قُرْبٌ و قُرْبَانٌ، قَرِبَہٗ (باب سمع) مصدر قُرْبٌ و قُرْبَانٌ۔ نزدیک ہو گیا (قاموس) ۱/۱۰ ۲/۶ ۴/۱۲ ۵/۳ دو جگہ ۱/۲ ۱۴/۱۹ ۱۵/۳ ۱۸/۹ ۲۱/۷ ۲۵/۴ ۲۸/۴

قُرْبٰی: اسم مصدر نکرہ، رشتہ داری، قرابت، ۴/۷ ۸/۶ ۱۱/۳ ۲۲/۱۵

قُرْبَۃٌ: اسم مصدر، مرتبہ کا قرب، خوشنودی، رضا (راغب) مراد خوشنودی حاصل ہونے کا ذریعہ، ۱۱/۱

قُرُبَاتٍ: جمع، قُرْبَۃٌ واحد، قُرْبَۃٌ کو قُرُبَۃٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔ (تاج) ۱۱/۱

قَرِیْبٌ: صفت مشبہ ہے، واحد و جمع سب کے

لئے آتا ہے، لفظ مذکر ہے لیکن مؤنث غیر حقیقی پر بھی اس کا اطلاق صحیح ہے، جیسے اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ، فراء کا قول ہے اگر قَرِيْبٌ سے قریب مسافت یا قریب جگہ مراد لی جائے تو لفظ قریب کا مذکر و مؤنث دونوں پر اطلاق ہوتا ہے اور اگر قرابت نسبت مراد ہو تو مذکر کے لئے قَرِيْبٌ اور مؤنث کے لئے قَرِيْبَةٌ آتا ہے۔ ۲/۷ ۸/۱۴ ۱۲/۶ ۲/۱۰ ۱۷/۷ ۲۵/۳ ۲۸/۱۰ ۲۹/۱۲ اول الذکر تینوں آیات میں نگرانی اور نگہداشت کے اعتبار سے قریب ہونا مراد ہے اور آخر الذکر پانچوں جگہ زمانے کے اعتبار سے قرب مقصود ہے۔

قَرِيْبٌ: ۴/۱۴ ۵/۸ ۱۲/۷ ۱۳/۱۹ ۲۲/۱۲ ۲۶/۱۷ ۲۸/۱۴ صرف ۲۲/۱۲ اور ۲۹/۱۷ میں قربِ مکانی مراد ہے اور باقی سب میں قربِ زمانی۔

قَرِيْبًا: ۱۵/۵ ۲۲/۵ ۲۶/۱۲ ۲۹/۷ ۳۰/۲ سب میں زمانے کا قریب ہونا، کچھ ہی مدت کے بعد ہو جانا مراد ہے، ۱۳/۱۰ میں قربِ مکانی مراد ہے، ۲۸/۵ میں بھی قربِ زمانی مراد ہے اور ترجمہ ہے کچھ ہی پیشتر ۱۰/۱۲ میں سہل الحصول ہونا مراد ہے، یعنی مالِ غنیمت سہل الحصول ہو، جلد اور آسانی سے ملنے والا۔

قُرَّةُ: آنکھ کی ٹھنڈک، مراد سرورِ قلب، یہ لفظ قَرَّ سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں ٹھنڈک، بعض کا قول ہے:

"خوشی کے آنسو قارّہ (ٹھنڈے) اور غم کے آنسو حارّہ (گرم) ہوتے ہیں اسی لئے آنکھوں کی ٹھنڈک سے مراد ہوتا ہے سرورِ قلب"

بعض کا قول ہے:

"یہ لفظ قرار سے نکلا ہے یعنی سکون" ۱۹/۴ ۲۰/۴

قُرَّةَ اَعْيُنٍ: آنکھوں کی ٹھنڈک۔ ۲۱/۱۵

قَرْحٌ: کسی بیرونی چیز سے پہنچنے والا زخم، مثلاً تلوار کا زخم اور اَلْقَرْحُ اندر سے پیدا ہونے والا زخم، جیسے پھنسی کا زخم، اول متعدی ہے اور باب فتح سے آتا ہے دوسرا لازم ہے اور باب سمع سے آتا ہے کبھی باب فتح سے بھی لازم آیا ہے جیسے قَرِحَ قَلْبُهٗ اس کا دل زخمی ہو گیا، قَرْحٌ مصدر بھی ہے یعنی زخمی کرنا اور قُرْحٌ اس دکھ اور تکلیف کو بھی کہتے ہیں جو کسی زخم سے پیدا ہو، آیت میں زخمی ہونا اور دکھ پانا مراد ہے (راغب) ۴/۵ دو جگہ

اَلْقَرْحُ: دکھ، زخم۔ ۴/۹

قِرَدَةً: جمع، قِرْدٌ واحد، بندر، لنگور، ایلہ ملک شام میں ایک ساحلی بستی تھی عموماً مچھیرے اس میں

رہتے تھے، سنیچر کے دن شکار کرنے کی اللہ نے ان کو ممانعت کر دی تھی، نافرمانی کرنے کی پاداش میں ان کی صورتیں بندروں کی طرح بنا دی گئیں، جو کچھ دن یا گھنٹے زندہ رہے پھر تڑپ تڑپ کر مر گئے۔ یہ تشریح عام طور پر جمہور مفسرین نے کی ہے اور ان کا واقعی طور پر بندروں کی صورت پر بن جانے کا ذکر کیا ہے لیکن امام راغب نے بعض علماء کا قول نقل کیا ہے کہ:

"ان کے اخلاق و عادات بندروں ایسے ہو گئے تھے بندروں کی صورت نہیں بنی تھی"

پروفیسر عبدالرؤف نے معجم القرآن میں اسی تاویل کو پسند کیا ہے، مجاہد تابعی کا قول ہے:

"ان کی صورتیں مسخ نہیں ہوئیں بلکہ دلوں کو بندروں کے دلوں کی طرح کر دیا گیا" (بیضاوی)

۸ ب ۹/۱۱

اَلْقِرَدَةَ: جمع، معرف باللام، بندر، لنگور، ۶/۱۳

قَرْضًا: مصدر۔ کترنا۔ کاٹنا (دیکھو تقرضهم) وہ چیز جو کسی کو اس کی ضرورت پوری کرنے کے لئے) دی جائے اور اس کا بدلہ اور واپسی لازم ہو (تاج) قرضِ حسن وہ قرض جو خالص لوجہ اللہ دیا جائے بنا اس کی واپسی کی خواہش ہو نہ بدلے کا لالچ، نہ شکریے کی طمع نہ دینے کے بعد احسان رکھا جائے (دیکھو اقرضتموہ) ۲/۱۹ دل کی خوشی سے ۶/۷ زکوٰۃ کے علاوہ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے دینا ۲۷/۱۸ اللہ کے راستہ میں لوجہ اللہ دینا ۲۸/۱۶ دل کی خوشی سے خیرات دینی ۲۹/۱۴ فرضی زکوٰۃ کے علاوہ دل کی خوشی سے راہِ خیر میں خرچ کرنا۔

قَرَاطِيْسَ: واحد، قرطاس جمع جس پر لکھا جائے (راغب) لکھنے کی جھلی (سیوطی) جھلی ہو یا کاغذ بہر حال جس پر لکھا جائے۔ (معجم القرآن) ۷/۹۱

قَرَاطِيْسَ: جمع قرطاس واحد الگ الگ اوراق (محلی) ۷/۹۱

وَقَرْنَ: واؤ عاطفہ جمع مونث حاضر امر معروف اصل میں اِقْرِرْنَ تھا، قَرَارٌ مصدر (باب علم) یا اصل میں اِقْرِرْنَ تھا (باب ضرب) ٹھیری رہو۔

بیضاوی، زمخشری اور نیشاپوری نے لکھا ہے کہ یہ صیغہ قَارَ یَقَارُ بروزن خَافَ یَخَافُ سے بنا ہے اس وقت ترجمہ ہوگا، جمع رہو۔ بعض نے واؤ کو اصلی قرار دیکر وَقَرَ یَقِرُّ وَقَارًا سے مشتق قرار دیا ہے یعنی سکون اور وقار سے رہو (لسان۔ قاموس)

قَرْنٍ: سینگ، عورت کے گیسو اور بالوں کا بٹا ہوا حصہ (پٹی) زمانہ۔ ایک زمانے کے آدمی، قوم کا سردار، قرن الشمس، آفتاب کا کنارہ، عمر، سن

هُوَ عَلَى قَرْنِيْ وہ میرا ہم عمر ہے دس یا بیس یا تیس

Presented by Ziaraat.Com

یا چالیس یا پچاس یا ساٹھ یا ستر یا اسی یا سو یا اکیسو
بیس سال کو بھی قرن کہتے ہیں۔ سو سال کو قرن
کہنا زیادہ صحیح ہے ایک حدیث میں آیا ہے کہ
رسول اللہ نے ایک لڑکے کو دعا دی تھی تیری
عمر ایک قرن ہو چنانچہ اس کی عمر سو سال کی ہوئی
(مجمع البحار) قَرْنٌ کی جمع قُرُوْنٌ ہے۔ آیات میں
وہ قوم مراد ہے جو ایک زمانے میں ہو۔ ۷ ۱۶ ۲۳ ۲۶
۸، ۹ ۱۰ ۱۷

قَرْنًا: حالتِ نصب ایک زمانے کے لوگ، ۷ ۱۸
۲

اَلْقَرْنَيْنِ: تثنیہ، قَرْنٌ واحد، دو کنارے، دو
سینگ، ذوالقرنین، ایک نیک عادل، پر جلال
وسیع الملک بااقتدار بادشاہ تھا (دیکھو ذوالقرنین
باب الذال) ۱۶
۲

اَلْقُرُوْنُ: جمع، حالتِ رفع، اَلْقَرْنُ واحد، قومیں
الگ الگ زمانے والی۔ ۲۶
۲

اَلْقُرُوْنَ: جمع، حالتِ نصب، اَلْقَرْنُ واحد،
قوموں کو۔ ۷ ۲۰
۸

اَلْقُرُوْنِ: جمع، حالتِ جر، اَلْقَرْنُ واحد، وہ
قومیں جن میں سے ہر ایک کا زمانہ دوسری سے
جدا ہو۔ ۱۲ ۱۵ ۱۶ ۲۰ ۲۳
۱۰ ۲ ۱۱ و ۱۶ ۱۱ ۱

قُرُوْنًا: جمع، نکرہ، حالتِ نصب قَرْنٌ واحد،
قوموں کو۔ ۱۸ ۱۹ ۲۰
۳ ۲ ۸

قُرَنَآءَ: جمع، قَرِيْنٌ واحد، ساتھ رہنے والے
ہم نشین، قَرْنٌ کے مفہوم میں اجتماعیت اور قرب کا
مفہوم ضرور ہوتا ہے دیکھو قرین وہ آدمی جو دوسرے کا
ہم عمر ہو، ایک زمانے میں دونوں جمع ہوں،
وہ اونٹ جو دوسرے اونٹ کے ساتھ ایک رسی
میں بندھا ہو وہ بھی قرین ہے، ہم نشین بھی قرین
ہے، قوت بہادری اور دوسرے اوصاف میں
اگر کوئی آدمی دوسرے کی مثل ہو تو وہ بھی دوسرے
کا قرین ہے، انسان کا نفس بھی قرین ہے جو زندگی
بھر آدمی سے جدا نہیں ہوتا، وہ فرشتہ بھی قرین
ہے جو ہر وقت آدمی کے ساتھ رہتا ہے، وہ
شیطان بھی قرین ہے جو بہکانے کے لئے ہر وقت
ساتھ لگا رہتا ہے (راغب، قاموس، اقرب الموارد
مع بعض کمی بیشی) ۲۴
۱۷

قَرِيْنٌ: واحد، قُرَنَاءُ جمع، ۲۳
۶ ساتھی، دوست
۲۵
۱۰ ساتھی، شیطان۔

قَرِيْنًا: حالتِ نصب، واحد، قُرَنَاءُ جمع ۵
۳ دو جگہ۔ ساتھی جس کے مشورے پر عمل کرتا تھا۔

قَرِيْنَهٗ: قَرِيْنٌ مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ، ۲۶
۱۶ نمبر اول۔ ساتھی۔ فرشتہ، ۲۶ نمبر دوم ساتھی شیطان

Presented by Ziaraat.Com

قُرُوْءٍ: جمع، قَرْءٌ واحد، لفظ قَرْءٌ لغاتِ اضداد میں سے ہے: اہلِ حجاز کی زبان میں طُہر (حیض سے پاکی) اور اہلِ عراق کی زبان میں حیض کو کہتے ہیں (احناف کے نزدیک حیض اور شوافع کے نزدیک طہر مراد ہے) اصل میں قرء کے معنی ہیں ایک حال یا شے سے دوسرے حال یا شے کی طرف منتقل ہونا حیض سے طہر کی طرف اور طہر سے حیض کی طرف منتقل ہونے کو قرء کہتے ہیں اسی لئے جس عورت کو حیض نہ ہوتا ہو، زیادہ عمر رسیدہ ہو، یا صغیر السن ہو اس کے طہر کو قرء نہیں کہتے (راغب) قَرَرٌ کے معنی وقت بھی ہے، ابن قتیبہ نے القرطین میں اس کے لئے مختلف شواہد پیش کئے ہیں جن میں سے ایک شعر یہ ہے ؎

وَصَاحِبٍ مُکَاشِحٍ مُبَاغِضٍ
لَہٗ قُرُوْءٌ کَقُرُوْءِ الْحَائِضِ

بہت ساتھی ایسے بھی ہیں جن کے دلوں میں دشمنی اور بغض چھپا رہتا ہے ان کے (بغض و عداوت کے ظہور کے) مقررہ اوقات ہیں جیسے حیض والی عورت کے ایام۔ ۲/۲۲۸

قَرِّیْ: واحد مؤنث حاضر امر معروف بروزن فَرِّی توٹھنڈی کر، قُرَّۃٌ سے جس کے معنی ہیں خنکی، ۱۹/۲۶

قَرْیَۃٌ: واحد، قُرًی جمع بستی اور بستی کے رہنے والے، قُرًی جمع قیاسی نہیں صرف سماعی ہے کیونکہ فَعْلَۃٌ کی قیاسی جمع فِعَالٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے ظَبْیَۃٌ کی جمع ظِبَاءٌ۔ بعض اہلِ لغت نے کہا ہے کہ اہلِ یمن قَرْیَۃٌ بولتے ہیں اس کی جمع قُرًی قیاسی ہے جیسے ذِرْوَۃٌ کی جمع ذُرًی (قاموس) بہرحال قرآن میں قَرْیَۃٌ آیا ہے اور یہی فصیح ہے، اس کے مقابلے میں یمنی استعمال فصیح نہیں لغت میں قَرَیْتُ کے معنی ہیں جمع کرنا قَرَیْتُ الْمَاءَ فِی الْحَوْضِ میں نے حوض میں پانی جمع کر دیا، بستی میں بھی آدمی جمع ہوتے ہیں۔

قرآن میں یہ لفظ دونوں معانی کے لئے مستعمل ہے بستی اور باشندے، جہاں اہل یا اس کا ہم معنی لفظ موجود ہے وہاں قَرْیَۃٌ یا قُرًی سے مراد ہے بستی اور جہاں اہل کا لفظ موجود نہیں وہاں قریۃ اور قریٰ سے مراد ہوں گے باشندے، عور کرو وَاسْئَلِ الْقَرْیَۃَ اور ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا قَرْیَۃً اور کَاَیِّنْ مِّنْ قَرْیَۃٍ، ہر جگہ قریۃ سے قریہ کے باشندے مراد ہیں اور نُوْحِیْ اِلَیْھِمْ مِنْ اَھْلِ الْقُرٰی اور مِنْ ھٰذِہِ الْقَرْیَۃِ الظَّالِمِ اَھْلُھَا میں قُرًی اور قریہ سے بستی مراد

Presented by Ziaraat.Com

ہے ۳/۳ ۵/۲ ۹/۲ ۱۴/۱ ۱۵/۶ ۱۶/۱ اور ۱۷/۲، ۱۷/۱۳

۱۹/۱۳، ۱۵ ۲۰/۹ ۲۲/۱۰ ۲۵/۸ ۲۶/۶ ۲۸/۱۸ قَرْیَۃٌ ۱۱/۱۵ قَرْیَۃٌ

۱۴/۲۱ ۱۵/۲ ۱۹/۱۸

اَلْقَرْیَۃَ: معرف باللام، اَلْقُرٰی جمع ۱۳/۶، ۱۳/۴

اَلْقَرْیَۃِ ۵/۷ ۹/۱۱ ۱۷/۵ ۱۹/۲ ۲۰/۱۶ ۲۲/۱۸

قَرْیَتِکَ: قَرْیَۃِ مضاف مجرور، کَ مضاف الیہ، تیری بستی سے یعنی بستی والوں سے مراد اہلِ مکہ ۲۶/۶

قَرْیَتِکُمْ: قَرْیَۃِ مضاف کُمْ ضمیر جمع مضاف الیہ، مراد سدوم یعنی قومِ لوط نے کہا، لوط کو اور ان کے گھر والوں کو اپنی بستی (سدوم) سے نکال دو۔ ۱۹/۱۹ ۵/۱۷

قَرْیَتِنَا: یعنی قومِ مدین نے حضرت شعیب سے کہا کہ ہم تم کو اپنی بستی سے نکال دیں گے۔ ۹/۱

اَلْقَرْیَتَیْنِ: تثنیہ، القریہ واحد، دو بستیاں یعنی مکہ اور طائف، مراد یہ کہ مکہ اور طائف کے کسی بڑے آدمی پر وحی کیوں نہیں اتری، مکہ کے بڑے آدمی ولید بن مغیرہ اور طائف کے بڑے آدمی سے مراد عروہ بن مسعود ثقفی تھا۔ ۲۵/۹

قُرَیْشٍ: یعنی عدنان کے قبیلہ کنانہ کی ایک شاخ تھی جو دنیا میں خاندانِ قریش کے نام سے مشہور ہوئی۔ اسلام سے پہلے تمام قبائلِ عدنان پر اس کو برتری حاصل تھی اور طلوعِ اسلام کے بعد تمام امتِ اسلامیہ نے اس کی عظمت تسلیم کر لی حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے قریش کے مورثِ اعلیٰ تک تیرہ پشت ہیں اور اس سے اوپر عدنان تک سات پشت ہیں، عبداللہ، عبدالمطلب، ہاشم، عبدمناف، قصی، کلاب، مُرّہ، کعب، لُوَی، غالب، فہر، مالک، نضر، قریش کا مورثِ اعلیٰ یہی نضر ہے، اسی کو قریش کہا جاتا ہے اس سے اوپر کا سلسلہ کنانہ، خزیمہ، مدرکہ، الیاس، مضر، نزار، معد۔ عدنان ہے۔

قبائل قریش کی تین شاخیں تھیں کچھ قبائل تو وادی کے اندر آباد تھے جن کو قریش اباطح یا قریش بطحاء کہا جاتا تھا ان میں مندرجہ ذیل قبائل شامل تھے، بنی عبدمناف، بنی اسد بن عبدالعزیٰ، بنی زہرہ، بنی تیم، بنی مخزوم، کچھ وادی کے باہر بالائی حصوں میں آباد تھے، ان کو قریش ظواہر کہا جاتا تھا، ان میں بنی ادرم بن غالب بنی محارب، بنی فہر اور بنی مصیص شامل تھے۔ تیسری شاخ نے مکہ کی سکونت ترک کر دی تھی بنی اسامہ بن لوی عمان میں جا کر بس گئے تھے

اور بنی چشم یمامہ میں۔

مکہ کا محلِ وقوع کچھ ایسا تھا کہ خواہ مخواہ اس کو مرکزی حیثیت حاصل ہو گئی، شمالی جانب شام، عراق اور ایران کو سڑک جاتی تھی اور جنوبی جانب یمن، حبش اور مصر کو، مکہ دونوں سڑکوں کے وسط میں واقع تھا (پروفیسر جمعہ از آلوسی و ازرقی و مویر وغیرہ) مکہ کے چار حصے تھے ہر حصہ کا حکمران اس کا شیخ تھا، پوری بستی پر حکومت کسی ایک آدمی کی بھی۔ ام القریٰ کے اندر بنی کعب بن لوئی رہتے تھے، ان کے برابر بنی عامر بن لوئی آباد تھے۔ تجارتی غرض سے یہ لوگ شام کو بھی جاتے تھے وہاں رومن اور یونانی تمدن دیکھنے کا بھی ان کو موقع ملتا تھا اور کسی قدر مغربی تہذیب سے روشناس بھی ہوتے تھے۔ آس پاس والے محض بدوی اور صحرائی تھے۔ ادھر مدینے والے محض زراعت پیشہ تھے۔ انہیں وجوہ نے مکہ کو تجارتی مرکز بنا دیا تھا۔ دوسری قوموں کو دیکھنے کے بعد انہوں نے کسی قدر اپنے اندر نظامِ اجتماعیت بھی پیدا کر لیا تھا، اگرچہ کسی ایک شخص یا مجلسِ شوریٰ کی اندرونی طور پر حکومتِ عامہ نہ تھی پھر بھی قریش کی ہر شاخ کی ایک اجتماعی ہیئت ضروری تھی جو دوسری شاخ کی اجتماعیت سے ٹکراتی نہ تھی، اور بیرونی دفاع کے وقت سب مجتمع ہو جاتے تھے (سلسلۃ الثقافۃ الاسلامیۃ للاستاذ جمعہ) قریش کے ایلاف کا یہی مطلب ہے۔

اَلْقُرٰی: جمع، اَلْقَرْیَۃ واحد، ۷/۲ اُمُّ الْقُرٰی مکہ، ۸/۳ باشندے، ۹/۲ بستیاں، ۹/۳ باشندے، ۱۲/۹ دو جگہ باشندے، ۱۲/۱۰ باشندے، ۱۳/۶ بستیاں ۱۵/۲، ۲۰/۹ دو جگہ باشندے، ۲۲/۸ شام کی بستیاں ۲۵/۲ ام القریٰ مکہ، ۲۶/۴ باشندے، ۲۸/۴ بستیاں۔

قُرًی: جمع قَرْیَۃٌ، واحد ۲۲/۸ کھلے ہوئے دیہات جو میدانوں میں بالکل سامنے دکھتے تھے، ۲۵/۵ دیہات۔

قَسَتْ: واحد مؤنث غائب، قَسْوَۃٌ مصدر دل سخت پڑ گئے، خشک ہو گئے، حق کو قبول نہیں کرتے (دیکھو قَاسِیَۃٌ) ۱/۹ ۷/۱۱ ۲۷/۱۸

اَلْقِسْطِ: اسم مصدر، انصاف ۳/۱۱ ۱۰ ۵/۱۶ ۱۷ ۶/۱۰ ۸/۱۰ ۶ ۱۱/۱۱ ۱۲/۸ ۲۷/۱۹ ۱۱ اَلْقِسْطَ ۱۷/۴ (دیکھو اَلْقَاسِطُوْنَ)

اَلْقِسْطَاسِ: انصاف کی ترازو یا ہر ترازو مراد انصاف، قاف کا ضمہ بھی صحیح ہے اول سین

Presented by Ziaraat.Com

کی جگہ صاد بھی صحیح ہے (قاموس) بعض کے نزدیک یہ لفظ رومی ہے۔ ۱۵/۴ ۱۹/۱۴

قَسَمٌ: اسم مصدر، قسم، (دیکھو اَقْسَمَ وَاَقْسَمُوْا) ۲۷/۱۶ ۳۰/۱۴

قَسَمْنَا: جمع متکلم، ماضی معروف، قَسْمٌ اور قِسْمَةٌ مصدر، ہم نے بانٹا، ہم نے حصہ دیا (دیکھو اقسموا واقسم) ۲۵/۹

قِسْمَةٌ: اسم مصدر و مصدر، حصہ بانٹنا، ہر ایک کا حصہ جدا کر دینا۔ ۲۷/۹ ۷/۵

اَلْقِسْمَةَ: مصدر، تقسیم کرنا مراد تقسیم میراث کے وقت۔ ۴/۱۲

قَسْوَةً: اسم مصدر و مصدر، سختی، سخت ہونا (دیکھو قَاسِيَةً) ۱۰/۹

قَسْوَرَةٍ: شیر (صحاح) یا اسم جمع ہے بمعنی شکاری تیر انداز (فراء، قاموس، صحاح) ۲۹/۱۶

قِسِّيْسِيْنَ: جمع، حالتِ نصب، قِسِّيْسٌ واحد حالتِ رفع میں جمع قِسِّيْسُوْنَ آتی ہے قِسٌّ اور قِسِّيْسٌ عیسائی عالم اور درویش کو کہتے ہیں یہ لفظ سریانی ہے (معجم القرآن) اُسْقُفْ سب سے بڑا دینی ذمہ دار ہوتا ہے، اس سے نیچا قِسِّيْسٌ اور اس سے نیچے شمامس اس کی جمع قِسَّان اَقِسَّةٌ اور قَسَاوِسَةٌ بھی آتی ہے۔ اگر اس کو عربی لفظ قرار دیا جائے جیسا کہ اہلِ لغت کی صراحت اور امام راغب کے کلام سے مترشح ہے تو اس کا مادہ قَسٌّ ہوگا جس کے معنی ہیں رات میں کسی چیز کو ڈھونڈنا، تَقَسَّسْتُ اَصْوَاتَهُمْ بِاللَّيْلِ رات میں میں ان کی آوازوں پر چلا یا میں نے ان کی آوازوں کو طلب کیا، قَسْقَاسٌ اور قَسْقَسٌ اس رہبر کو کہتے ہیں جو رات کے وقت رہنمائی کرتا ہے (راغب) یا قَسَّ الْاِبِلَ سے ماخوذ ہوگا جس کے معنی ہیں اونٹوں کو اچھی طرح چرایا۔ قِيْسَ راتوں کے اندھیرے میں اپنے معبود کا طالب بھی ہوتا ہے، لوگوں کا رہنما بھی ہوتا ہے اور عوام کی مذہبی نگرانی بھی کرتا ہے۔ ۶/۱۵

قَصَّ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، قَصَصٌ مصدر، اگر اس کے بعد عَلٰی آئے تو قصہ بیان کرنے کے معنی ہوں گے جس طرح اس آیت میں ہے ورنہ اس کے معنی ہوں گے نقشِ قدم پر چلنا، پیروی کرنا، نشانِ قدم تلاش کرنا، قصہ بیان کرنے والا بھی ویسا ہی بیان کرتا ہے جیسا واقعہ ہوتا ہے، گویا اصل واقعہ کی پیروی اپنے بیان میں کرتا ہے، قصاص

Presented by Ziaraat.Com

بھی اس بدلہ کو کہتے ہیں جو اصل جرم کے برابر ہو جیسا جرم ویسا ہی اس کا عوض کسی نے مار ڈالا، اس کو قتل کر دیا جائے، ہاتھ توڑ دیا، اس کا ہاتھ توڑ دیا جائے۔ آنکھ پھوڑ دی۔ اس کی آنکھ پھوڑ دی جائے۔ جتنا اس نے کیا اتنا ہی اس کے ساتھ کیا جائے، گویا اصلی جرم کے نقشِ قدم پر چلا جائے ۲/۶

قِصَاصٌ: بدلہ، قتل کا بدلہ قتلِ قاتل، ہر عضو کا بدلہ عضو، ہر چوٹ کا بدلہ ویسی ہی چوٹ، ۶/۱۱۔ ادب کی چیزوں کے احترام میں مساوات یعنی ماہِ حرام میں اگر دشمن قتال کرے اور اس کی حرمت کا لحاظ نہ کرے تم بھی دفاعی جنگ کرو۔ ۲/۸

اَلْقِصَاصُ: اور اَلْقِصَاص ۲/۶ خون کا بدلہ خون

اَلْقَصَصُ: اسم مصدر و مصدر، قصہ، بیان قصہ بیان کرنا۔ ۳/۱۴

اَلْقَصَصَ: اسم مصدر، قصہ، ۹/۱۲ ۲۰/۶

اَلْقَصَصِ: اسم مصدر، قصہ، ۱۲/۱۱

قَصَصًا: مصدر، حالتِ نصب، نشانِ قدم تلاش کرتے ہوئے۔ ۱۵/۲۱

قَصَصِهٖ: اسم مصدر مضاف، ہٗ ضمیر مضاف الیہ، ان کا قصہ۔ ۱۳/۶

قَصَصْنَا: جمع متکلم ماضی معروف (باب نصر) ہم نے قصہ بیان کیا ۶/۳، ہم نے بیان کیا، ۲۴/۲۱ ۲۴/۱۳

قُصِّيْهِ: واحد مؤنث حاضر امر معروف (باب نصر) بروزن مُدِّيْهِ، حضرت موسیٰ کی بہن کو خطاب ہے اس کے پیچھے پیچھے جا۔ ۲۰/۴

قَصْدُ: اسم مصدر اور مصدر، راستے کا سیدھا ہونا (دیکھو اَقْصَدَ) مراد سیدھا راستہ جس میں کوئی پیچ و خم نہ ہو، اسی کو صراطِ مستقیم کہا گیا ہے، اقتصاد میانہ روی، خرچ کرنے میں اعتدال، نہ اسراف، نہ بخل، نیکی اور بدی میں توسط، نہ بالکل نیک نہ بدترین گناہگار۔ ۱۴/۷

قَصْرٍ اور اَلْقَصْرِ: محل، قِصَرٌ چھوٹا ہونا، طول کا ضد، یہاں اول مراد ہے، اس کی جمع قُصُوْرٌ ہے، اس سے فعل متعدی بنا لیا جاتا ہے، قَصَّرْتُهٗ، میں نے اس کو محل میں داخل کر دیا یا ساکن کر دیا یا بند کر دیا حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ محلوں کے اندر رہنے والی حوریں (مزید تنقیح کے لئے دیکھو تقصروا اور قاصرات) ۱۷/۱۳ اَلْقَصْرِ ۲۹/۲۱

قُصُوْرًا: جمع، قَصْرٌ واحد، محل۔ ۱۸/۱۷ ۱۸/۱۷

قَصَمْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، ہم نے توڑ دیا ہم نے ریزہ ریزہ کر دیا، مراد ہم نے ہلاک کر دیا۔

Presented by Ziaraat.Com

(خازن و راغب) قَاصِمَۃُ الظَّھْرِ (پشت کو توڑ دینے والی مصیبت) سے مراد ہوتی ہے ہلاکت، ۱۷/۲

اَلْقُصْوٰی: اسم تفضیل مؤنث، اَلْاَقْصٰی مذکر، دور والا کنارہ یعنی مدینہ سے دور مکہ کی طرف والا کنارہ، اس کے مقابلہ میں اَلْعُدْوَۃُ الدُّنْیَا (مدینہ کے طرف والا کنارہ) فرمایا ہے، قَصَا کے معنی دوری، قاصر دور، قَصِیَ (باب سمع) دور ہو گیا کنارے پر ہو گیا (المفردات و قاموس) صاحب معجم القرآن نے قُصْوٰی کا ترجمہ کیا ہے عُلْیَا یعنی اونچا کنارہ۔ ۱۰/۱

قَصِیًّا: صفتِ مشبہ، قَصَا مادہ، دور، الگ ۱۶/۵

قَضْبًا: کھرا یا عام سبز ترکاری (معجم القرآن) قَضِیْبٌ اور قَضْبٌ دونوں کے معنی تر و تازہ لیکن درخت کی تر و تازہ شاخوں کو قضیب، اور سبز ترکاری کو قَضْب کہا جاتا ہے (المفردات) قَضْبٌ کے معنی کاٹنا بھی ہے اس لئے تلوار کو قَاضِبٌ اور قَضِیْبٌ کہتے ہیں (قاموس) ۳۰/۵

قَضَوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، قَضَا اور قَضَاءٌ مصدر، جب انہوں نے حاجت پوری کرلی، بے تعلق ہو گئے یعنی طلاق دیدی۔ ۲۳/۲

قَضٰی: واحد مذکر غائب ماضی معروف، قَضَا اور قَضَاءٌ مصدر، قَضَاء قولی ہو یا عملی، بشری ہو یا الٰہی، بہر حال فیصلہ کر دینا یا کر لینا، کسی بات کے متعلق آخری ارادہ یا حکم یا عمل کو ختم کر دینا ضرور مفہوم قضاء کے اندر ماخوذ ہے۔ صلات کے اختلاف اور سیاق کی مناسبت سے مختلف معانی مراد ہوتے ہیں، بنانا، پورا کرنا، عزم کرنا، فیصلہ کرنا، حکم جاری کرنا، حکم دینا، مقدر کرنا قطعی وحی بھیج کر اطلاع دینا، مقرر کرنا، حاجت پوری کر کے قطع تعلق کر لینا، فارغ ہونا، مر جانا، مار ڈالنا، ان سب معانی کے لئے قضاء کا استعمال قرآن مجید میں ہوا ہے، دیکھو ۱۰/۱۴ ۳/۱۳ ۱۶/۵ ۲۴/۱۲ چاروں آیات میں مراد ہے عزم کیا، علمی فیصلہ کر دیا۔ ۷/۱ مقرر کر دی ۱۵/۲ حکم دے دیا، ۲/۵ مار ڈالا (اس جگہ قضٰی کے بعد عَلٰی آیا ہے، ۲۰/۷ پوری کر لی ختم کر دی، ۲۱/۱۹ نذ سے فارغ ہو گیا یعنی مر گیا، ۲۲/۲ زید نے اپنی بیوی سے اپنی حاجت پوری کر لی، بے تعلق ہو گیا، قطع تعلق کر لیا یعنی طلاق دے دی، ۲۴/۲ موت کا حکم دے دیا، (اس جگہ قضٰی کے بعد عَلٰی آیا ہے) ۲۴/۱۶ بنا دیا

Presented by Ziaraat.Com

قُضِیَ: واحد مذکر غائب، ماضی مجہول، پ۹ کام تمام کر دیا جائے پ۱۳ فیصلہ ہو چکا ہوتا، پ۱۱ عمر کی میعاد پوری کر دی گئی ہوتی، پ۱۱ فیصلہ کر دیا جاتا ہے (اس جگہ قُضِیَ کے بعد لفظِ بَیْنَ آیا ہے) اسی طرح پ۱۱ میں لفظِ بَیْنَ آیا ہے، فیصلہ کر دیا جائے گا۔ اسی طرح پ۴، پ۱۵، پ۲۴ میں لفظِ بَیْنَ آیا ہے، ان کا فیصلہ کیا جائے گا، اسی طرح پ۱۲ پ۲۴ پ۲۵ کا ترجمہ ہے ان کا فیصلہ کر دیا گیا ہوتا پ۱۲ کام کا فیصلہ کر دیا گیا، پ۱۳ جب فیصلہ ہو چکے گا، پ۲۶ جب قرارت ختم کر دی گئی (مزید تشریح کے لئے دیکھو اِقْضِ)

قَضَیْتَ: واحد مذکر حاضر، ماضی معروف، قَضَا مصدر، تو نے فیصلہ کیا، تو نے حکم دیا پ۵

قَضَیْتُ: واحد متکلم ماضی معروف، میں پوری کر دوں۔ پ۲

قُضِیَتِ: واحد مؤنث غائب ماضی مجہول قَضَا مصدر، اصل میں قُضِیَتْ تھا، اَلصَّلٰوۃُ سے ملا کر پڑھنے میں قُضِیَتِ الصَّلٰوۃُ ہو گیا (جب) نماز ختم کر دی جائے، پوری کر دیجائے (ہو چکے) پ۲۸

قَضَیْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، قَضَا مصدر پ۲ جب تم پورے کر چکو، پ۵ جب تم خانہ پوری کر چکو، نماز سے فارغ ہو جاؤ۔

قَضَیْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، قَضَا مصدر پ۱۴ وحی بھیجکر اطلاع دی، پ۱۵ ہم نے قطعی فیصلے کی اطلاع دے دی تھی، پ۲۰ ہم نے حکم بھیجا: وحی بھیجی، پ۲۲ موت کا حکم دیا۔

قَضَاھَا: واحد مذکر غائب ماضی معروف، ہا ضمیر مفعول، یعقوب نے خواہش پوری کر لی، پ۱۳

قَضَاھُنَّ: واحد مذکر غائب ماضی معروف ھُنَّ ضمیر جمع مفعول، اللہ نے ان کو بنایا پ۲۴

اَلْقِطْرِ: پگھلا ہوا تانبا، (قاموس المفردات) یہ صرف حمیری لغت ہے، دوسرے قبائل عرب کی زبان میں مستعمل نہیں، حضرت ابن عباس نے اس کا ترجمہ الصفر یعنی پیتل کیا ہے۔ پ۲۲

قِطْرًا: حالتِ نصب، پگھلا ہوا تانبا۔ پ۱۶

قَطِرَانٍ: رال، تارکول، گندھک (غریب القرآن میرزا ابی الفضل) ابو الفضل کا یہ ترجمہ اہلِ لغت کے موافق نہیں، صاحبِ معجم القرآن نے لکھا ہے:

"تیل کی طرح ایک سیال مادہ ہوتا ہے جو اَبہل یا صنوبر وغیرہ کے درختوں سے نکلتا ہے اور خارشتی اونٹ کے لگایا جاتا ہے۔

قاموس وغیرہ میں درخت ابہل وغیرہ سے

نکلنے والے سیال مادے کو قطران کہا گیا ہے"

امام راغب نے لکھا ہے کہ:

"بعض قراءتوں میں قِطْرٍ آنٍ آیا ہے یعنی پگھلا ہوا تانبا کھولتا ہوا" ۱۳/۱۹

قُطِعَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول، قطعٌ مصدر کاٹنا، کاٹ دینا حسی طور پر ہو یا معنوی طور پر، کاٹنے کا مفہوم تمام استعمالات میں مشترک ہے ۱ قطع السبیل راستہ طے کرنا، ۲ نیز گزرنے والوں کو گزرنے سے روک دینا اور ان کا مال چھین لینا۔ ۳ قطع الرحم، رشتہ کاٹ لینا، تعلق قطع کر لینا ۴ زندگی کو کاٹ دینا یعنی مار ڈالنا، ۵ دل کا کٹ جانا یعنی مر جانا یا ندامت کے مارے کٹ کٹ جانا ۶ قطع الامر کسی بات کا فیصلہ کر دینا، جھگڑا کاٹ دینا۔ ۷ قطع الدابر نسل کاٹ دینا، ختم کر دینا، آیت میں مراد ہے جڑ کاٹ دی گئی، نسل ختم کر دی گئی، ۷/۱۱

قَطَّعَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول، تقطیع مصدر، باب تفعیل کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ ۲۶/۶

قِطْعٍ: واحد، درخت سے کٹا ہوا لکڑی کا ٹکڑا، اَقْطَعٌ اَقْطَاعٌ اور قِطَاعٌ جمع، آخر رات کی تاریکی یا آخر رات کی تاریکی کا ایک حصہ یا اول رات کی تاریکی یا اول رات کا ایک تہائی حصہ اور زمین کے نیچے کا عرق گیر، قُطُوْعٌ اور اَقْطَاعٌ جمع ۱۲/۷ ۱۴/۵ دونوں جگہ، رات کا آخری حصہ مراد ہے۔

قِطَعٌ: جمع، قِطْعَةٌ واحد، ٹکڑے ۱۳/۷ مراد زمین کے مختلف الخواص اور مختلف الاحوال ٹکڑے (سیوطی و خازن)

قِطَعًا: جمع، قِطْعَةٌ واحد ٹکڑے، ۱۱/۸ مراد رات کے سیاہ ٹکڑے۔

قُطِّعَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی مجہول، تَقْطِیْعٌ مصدر باب تفعیل، ۱۳/۱۰ پھاڑ دی جاتی، ٹکڑے کر دی جاتی ۱۷/۹ دو رخیوں کے بدن کے اندازے کے موافق تراش کر آگ کے کپڑے بنائے جائیں گے (روح المعانی) یعنی کپڑوں کی طرح آگ ہر طرف سے لپیٹ لے گی۔ (محلی)

قَطَعْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف (جو کھجور کے درخت) تم نے کاٹ ڈالے۔ ۲۸/۴

قَطَّعْنَ: جمع مؤنث غائب ماضی معروف، تَقْطِیْعٌ مصدر، ۱۲/۱۴ ان عورتوں نے (ہاتھ) کاٹ لئے، ۱۲/۱۲ (جن) عورتوں نے (ہاتھ) کاٹ لئے تھے۔

قَطَّعْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، قَطْعٌ مصدر ۵/۱۶ ہم نے جڑ کاٹ دی یعنی نسل ختم کر دی، ۲۹/۶ ہم کاٹ دیتے

Presented by Ziaraat.Com

قَطَّعْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، تقطیع مصدر ۹/۷ ہم نے ان کی (جماعت کو) کاٹ کر الگ الگ (بارہ قبیلے) بنادیے، ۹/۱۱ ہم نے ان کو (جماعت جماعت کرکے ملک میں) پھیلا دیا۔

قِطْمِیْرٍ: وہ باریک چھلکا جو گٹھلی پر ہوتا ہے یا وہ باریک ڈورا جو کھجور کی گٹھلی کے شگاف میں ہوتا ہے (معجم القرآن) مراد حقیر بے مقدار چیز (المفردات) ۲۲/۱۴

قِطَّنَا: قِطّ مضاف نا ضمیر مضاف الیہ، قطّ اصل لغت میں اس چیز کو کہتے ہیں جس کو عرض میں کاٹا جائے اور قدّ وہ چیز جس کو طول میں کاٹا جائے تو سیع محاورے کے بعد جدا کردہ حصے کو کہنے لگے۔ آیت میں حضرت ابن عباس کے نزدیک یہی مراد ہے یعنی ہمارا حصہ ہم کو جلدی دیدے (پھر) اس کاغذ کے ٹکڑے کو کہنے لگے جس پر کچھ (فیصلہ حکم یا اور کچھ) لکھا ہوا ہو (پھر) اس (فیصلے حکم وغیرہ) کو جو کسی کاغذ کے ٹکڑے پر لکھا گیا ہو کہنے لگے (پھر) اس چیز (حکم فیصلہ وغیرہ) کا نام قِطّ ہوگیا جو لکھا جاتا ہے خواہ لکھا نہ گیا ہو (المفردات مع بعض تغیر) عام اہل تفسیر کے نزدیک آیت میں اعمال نامہ مراد ہے (روح المعانی) ابن عباس سے قوی روایت اور مجاہد کا بھی یہی قول ہے۔ قتادہ کے نزدیک عذاب کا حصہ (رواہ عبدالرزاق) اور سعید بن جبیر کے نزدیک جنت کا حصہ مراد ہے (رواہ ابن جریر) ۲۳/۱۱

قُطُوْفُهَا: جمع قِطْفٌ واحد، قُطُوْفٌ مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ، قِطْفٌ درخت سے پھل توڑنا۔ قِطْفٌ وہ پھل جو درخت سے توڑے جائیں (خواہ توڑ لیے گئے ہوں یا توڑے نہ گئے ہوں توڑے جانے کے قابل ہوں) آیت میں پھل مراد ہیں جو اہل جنت کھڑے بیٹھے توڑ سکیں گے۔ ۲۹/۱۹،۵

قَعَدَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، قَعْدَةٌ ایک بار بیٹھنا۔ قِعْدَةٌ بیٹھنے کی حالت۔ قُعُوْدٌ مصدر، بیٹھنا۔ قُعُوْدٌ قَاعِدٌ کی جمع بھی ہے بیٹھنے والے جس طرح قیام مصدر بھی ہے اور قائم کی جمع بھی، قُعُوْدٌ (مصدری) کے معنی بیٹھنا بھی ہے اور گھات میں بیٹھنا بھی (لاقعدن لهم صراطك المستقيم) اور انتظار کرنا بھی (انا ههنا قاعدون) اور اعمال واقوال کی نگرانی کرنا بھی (عن اليمين وعن الشمال قعيد) اور عاجز ہو کر

کسی کام سے بیٹھ رہنا بھی اور کھڑا نہ ہو سکنا بھی وغیرہ آیت میں مراد ہے بیٹھ رہے اٹھ کر جہاد کو نہیں گئے، ۹/۱۸

قَعَدُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، وہ بیٹھ رہے تھے۔ ۴/۸

بِالْقُعُوْدِ: باحرفِ جر، القعود مجرود، مصدر، بیٹھ رہنے سے، قعود لغات اضداد میں سے ہے بیٹھنا اور اٹھنا دونوں کے لئے مستعمل ہے (قاموس) (باب نصر) جلوس، تو سجدہ سے اٹھ کر بیٹھنے کو، یا سونے کے بعد اٹھ کر بیٹھنے کو کہتے ہیں اور قعود کھڑے سے بیٹھنے کو، یہ فرق اصل وضع کے اعتبار سے ہے۔ استعمال میں کبھی ایک دوسرے کی جگہ آجاتا ہے (تاج و منتہی الارب)

قُعُوْدٌ: جمع، قَاعِدٌ واحد، بیٹھنے والے، بیٹھے ہوئے ۳/۱۰۱

قُعُوْدًا: جمع، قَاعِدٌ واحد، حالت نصب، بیٹھے ہوئے، امام راغب نے اس آیت میں قُعُوْدًا کو جمع کہا ہے (المفردات) ۴/۱۱ ۵/۱۲

قَعِيْدٌ: صیغہ واحد کا ہے، اطلاق جمع پر بھی ہوتا ہے وہ فرشتہ جو ہر وقت اعمال کا نگراں ہے، آدمی جو کچھ کرتا ہے فرشتہ اعمال نامہ میں درج کر لیتا ہے (راغب) ۵۰/۱۷ ۵۰/۱۸

قَعُوْا: جمع مذکر حاضر امر معروف، وقوع مصدر اصل میں اِوْقَعُوْا تھا، وقوع کے معنی ہیں ثابت اور واجب ہونا، عدم سے وجود میں آجانا، گر پڑنا، اس جگہ آخری معنی مراد ہیں یعنی تم گر پڑنا، مقصد یہ کہ سجدہ کرنے میں دیر نہ کرنا (راغب) وَاقِعَةٌ کا لفظ اگرچہ عام ہے لیکن اس کا استعمال صرف حادثے اور مصیبت کے لئے ہوتا ہے بلکہ وقوع سے جتنے مشتقات قرآنِ مجید میں استعمال کئے گئے ہیں، دو تین کے علاوہ سب شدت، عذاب اور ہولناکیوں کو ظاہر کرنے کے موقع پر استعمال کئے گئے ہیں۔ ۲۳/۱۴

قِفُوْا: جمع مذکر حاضر امر معروف، وَقْفٌ اور وُقُوْفٌ مصدر، باب ضرب، اصل میں اِوْقِفُوْا تھا، متعدی بھی اور لازم بھی، کھڑا کرنا اور کھڑا ہونا، اس جگہ متعدی مستعمل ہے، ان کو کھڑا کرو (المفردات) ۲۳/۶

قَفَّيْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، تَقْفِيَةٌ مصدر، باب تفعیل پیچھے بھیجنا، پیچھے کر دینا، اس کا مادہ قَفَا ہے، قَفَا کے معنی گردن اور سر کا پچھلا حصہ (گدی) قَفْوًا اور قُفُوٌّ کے معنی کسی چیز کے پیچھے چلنا، پیروی کرنا

Presented by Ziaraat.Com

اس معنی میں مجرد باب نصر سے مستعمل ہے، تَقْفِیَۃٌ دو مفعول چاہتا ہے، دونوں مفعولوں پر کبھی حرفِ جر نہیں ہوتا جیسے قَفَّیْتُ زَیْدًا عَمْرًا میں نے زید کو عمرو کے پیچھے بھیجا۔ کبھی مفعولِ دوئم پر بِ آتا ہے، قرآنِ مجید میں اسی طرح مستعمل ہے، ۱/۱۱ ہم نے اس کے پیچھے رسول بھیجے۔ ۶/۱۱ ہم نے ان کے نشانِ قدموں پر رسول بھیجے، ۲۷/۲ ہم نے ان کے قدموں کے نشان پر یعنی بالکل ان کے پیچھے پیچھے اپنے رسول بھیجے۔ کبھی مفعول اول حذف کر دیا جاتا ہے جیسے وَقَفَّیْنَا بِعِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ ہم نے (پیغمبروں کے پیچھے) عیسیٰ بن مریم کو بھیجا۔ ۲۷/۲۰

قُلْ: واحد مذکر حاضر امر معروف، قَوْلٌ مصدر، کہدے، (تفصیل کے لئے دیکھو قَالَ) اصل میں اُقْوُلْ تھا، (باب نصر)

۱: ۹، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۶
۲: ۱، ۴، ۱۰، ۱۱، ۱۲
۳: ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۴، ۱۵، ۱۶، ۱۷
۴: ۳، ۷، ۸، ۱۰
۵: ۶، ۸، ۱۶
۶: ۴، ۵، ۷، ۱۳، ۱۴
۷: ۳، ۸، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۹
۸: ۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۱۰، ۱۱
۹: ۱۰، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۹
۱۰: ۶، ۹، ۱۳، ۱۴، ۱۷
۱۱: ۱، ۲، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۵، ۱۶
۱۲: ۲، ۳، ۱۰
۱۳: ۶، ۸، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۷
۱۴: ۶، ۲۰
۱۵: ۳، ۵، ۶، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۵، ۱۶
۱۶: ۲، ۳، ۱۵، ۱۷
۱۷: ۲، ۴، ۷، ۱۴، ۱۶
۱۸: ۲، ۵، ۶، ۱۰، ۱۳، ۱۶، ۱۷
۱۹: ۳، ۴، ۱۵، ۲
۲۰: ۱، ۲، ۳، ۸، ۱۲، ۱۴
۲۱: ۱، ۲، ۸، ۱۲، ۱۴، ۱۶، ۱۸، ۲۰
۲۲: ۵، ۷، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲
۲۳: ۴، ۵، ۱۴، ۱۵، ۱۶
۲۴: ۱، ۲، ۳، ۴، ۱۲، ۱۵، ۱۶، ۱۹
۲۵: ۱، ۳، ۴، ۱۳، ۱۸، ۱۹
۲۶: ۱، ۱۰، ۱۴
۲۷: ۴، ۱۵
۲۸: ۱۱، ۱۲، ۱۵
۲۹: ۲، ۱۱، ۱۲
۳۰: ۳، ۳۴، ۳۷، ۳۸، ۳۹

قَلَّ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، قِلَّۃٌ اسم مصدر اور مصدر، کمی اور کم ہونا، کَثْرَۃٌ کی ضد، قِلَّۃٌ اور کَثْرَۃٌ کی اصل وضع عدد کی کمی اور بیشی کے لئے ہے جس طرح صِغَرٌ اور عِظَمٌ جسمانیت کے لحاظ سے چھوٹے اور بڑے ہونے کو کہتے ہیں مجازاً ہر فریق کا استعمال دوسرے کی جگہ ہوتا ہے چھوٹے کو قلیل اور کم کو صغیر کہتے ہیں۔ قِلَّۃٌ کا استعمال مندرجہ ذیل چار معنی کے لئے بھی ہوا ہے:

۱: کمزوری اور ضعف لَا یُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِیْلًا ای اِیْمَانًا ضَعِیْفًا (معجم) ۲: عدم اور نفی قَلِیْلُ التَّشَکِّیْ لِلْمُهِمِّ یُصِیْبُهٗ (حماسی) جو حادثہ بھی اس پر آتا ہے وہ شکایت نہیں کرتا۔ ایک آیت میں آیا ہے قَلِیْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ تم بالکل ایمان نہیں لاتے، کسی چیز کو نہیں مانتے۔ بعض کے نزدیک ایمان قلیل مراد ہے یعنی ظاہری طور پر عامیانہ اقرار اور

Presented by Ziaraat.Com

دل میں شرک (راغب) ۳ کبھی تعداد کی کمی دکھا کر ذلت اور حقارت کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہوتا ہے وَاذْكُرُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا یاد کرو جب تم کم یعنی حقیر و ذلیل تھے، قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ کہہ دو متاعِ دنیا حقیر ہے ۴ کبھی قلتِ تعداد سے عزت کی طرف ایما ہوتا ہے وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ وہ بہت ہی کم ہیں یعنی عزت والے ہیں (عزت والے کم ہی ہوتے ہیں) (المفردات) قِلَّةٌ سے افعال باب ضرب سے آتے ہیں، قَلَّ لازم بھی ہے اور متعدی بھی، اول کے معنی ہیں کم ہوا - بیماری سے اٹھا - دوسرے کے معنی ہیں اٹھایا - آیت میں کم ہونا مراد ہے - ۴/۱۲

قَلِيْلٌ: صفت مشبہ واحد لیکن اطلاق جمع پر بھی ہوتا ہے ۴/۱۱ ۵/۸ ۱۰/۱۲ ۱۴/۲۱ تھوڑا حقیر، ۹/۱۷ ۱۲/۴ تھوڑے ۵/۶ ان میں سے تھوڑے، ۱۵/۱۵ ۲۷/۱۴ تھوڑے آدمی، ۲۲/۸ تھوڑے (عزت والے) ۲۳/۱۱ بہت تھوڑے ہیں (عزت والے)

قَلِيْلًا: صفتِ مشبہ حالتِ نصب، ۱/۹،۵ ۲/۵ ۳/۱۶ ۴/۱۰،۱۱ ۵/۸ ۱۰/۸ ۱۴/۱۹ تھوڑی، حقیر، ۱/۱۰ ۴/۱۷ ۵/۶ تھوڑے آدمیوں نے، ۱/۱۱ وہ بالکل ایمان نہیں لاتے، ۶/۱۵ ۷/۴ تھوڑے آدمیوں کے علاوہ ۲/۱۶ ۵/۴ ۶/۲ ۱۲/۱۰ تھوڑے آدمی، ۱۵/۸،۵ ۲۰/۹ ۲۱/۱۴،۱۲ ۲۵/۱۳،۲۲ تھوڑی مدت - ۲۳/۱۵ ۲۷/۷ ۲۵/۱۴ ۲۶/۱۸ تھوڑا، ۵/۱۸ ۸/۸ ۱۵/۱۰ ۲۴/۱۱ ۲۶/۱۰ ۲۹/۶،۲ بہت کم، ۸/۱۸ ۱۰/۱۷ ۱۲/۱۶ ۲۰/۱ ۲۱/۱۸،۱۴،۱۲ کم -

قَلِيْلٍ: صفتِ مشبہ، حالتِ جر، تھوڑی مدت کے بعد، ۱۸/۳

قَلِيْلَةٍ: صفتِ مشبہ مؤنث واحد، تھوڑی، کم تعداد والی - ۲/۱۷

قَلِيْلُوْنَ: صفتِ مشبہ جمع، قَلِيْلٌ واحد، چھوٹی جماعت - ۱۹/۸

قَلَائِدَ: جمع قِلَادَةٌ واحد، وہ چیز جو گردن میں لٹکائی جائے، ہار، رسّی، پٹہ وغیرہ - اصل لغت میں قَلَدٌ کے معنی ہیں بٹنا - قَلَدْتُ الْحَبْلَ میں نے رسّی بٹی - قَلِيْدٌ اور مَقْلُوْدٌ بٹی ہوئی چیز اس صورت میں قِلَادَةٌ کے معنی ہوئے وہ بٹی ہوئی چیز جو گردن میں ڈالی جاتی ہے جیسے ڈورا یا چاندی وغیرہ کی زنجیر، توسیع محاورہ کے بعد بٹنے کا مفہوم ساقط کر دیا گیا بلکہ جو چیز گردن میں ڈال دی جائے خواہ وہ بٹی ہوئی نہ ہو، اس کو قلادہ کہنے لگے، ۶/۵ ۷/۳

قَلَبَ: مصدر، پلٹنا، الٹنا، موڑنا، پھیر دینا

دل اس لئے کہ تا مدتِ حیات اس میں بھی حرکت اور الٹ پلٹ رہتی ہے، وہ اوصاف جو قلب سے خصوصیت رکھتے ہیں جیسے علم، فہم، عقل، جبان، شجاعت وغیرہ (راغب) اس کی جمع قُلُوبٌ ہے

۲۶/۱۷ اس جگہ عقل مراد ہے کذا قال الفراء۔

قَلْبٌ: دل ۱۹/۹ ۲۳/۷ ۲۶/۱۷

قَلْبٍ: دل، ۲۴/۹

اَلْقَلْبُ: دل ۴/۸

قُلُوْبٌ: جمع، قلب واحد، دل، قوت علم، ۱۹/۱۲ ۱۷/۱۳ ۳۰/۳

قُلُوْبُ: مرفوع مضاف، دل، ۱۱/۳ ۲۴/۲

قُلُوْبِ: جمع، مجرور مضاف، ۴/۷ ۹/۱۶،۳ ۱۱/۱۳ ۱۴/۱ ۱۹/۱۵ ۲۱/۹ ۲۶/۹،۷ ۲۷/۲۰

اَلْقُلُوْبُ: جمع معرف باللام مرفوع ۱۳/۱۰ ۱۷/۱۳ ۱۸/۱۱ ۲۴/۷

اَلْقُلُوْبِ: جمع مجرور، ۱۷/۱۱

قُلُوْبُهُمْ: جمع، مرفوع مضاف، هُمْ ضمیر مضاف الیہ، ان کے دل۔ ۱۴/۱ ۶/۱۰،۷ ۷/۱۱ ۹/۱۵ ۱۰/۱۳،۱۴ ۱۳/۱۰ ۱۴/۹ ۱۷/۱۲،۱ ۲۳/۱۷ ۲۷/۱۸ ۲۸/۹

قُلُوْبُهُمُ: جمع منصوب مضاف، هُمْ مضاف الیہ، ان کے دلوں کو، ۶/۷ ۲۶/۱۳ ۲۸/۹

قُلُوْبِهِمْ: جمع مجرور مضاف، ۱/۲،۱۱ ۱/۳ ۳/۹ ۴/۸ ۵/۶ ۶/۱۲ ۷/۹ ۹/۳ ۱۰/۱۸،۱۷،۱۶،۸،۴،۱ ۱۱/۲،۵،۱۴ ۱۴/۲۰ ۱۵/۲۰،۱۴،۵ ۱۷/۱۴ ۲۱/۱۹،۱۸ ۲۲/۷ ۲۶/۶،۷،۸،۱۰،۱۱ ۲۸/۱۳،۴،۳ ۲۹/۱۵ ۳۰/۸

قُلُوْبُنَا: قُلُوْبُ مضاف مرفوع، نا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ، ہمارے دل، ۱/۱۱ ۶/۲ ۷/۵

قُلُوْبَنَا: قُلُوْبَ مضاف منصوب، نا ضمیر مضاف الیہ، ہمارے دلوں کو، ۲۴/۱۵ ۳/۹

قُلُوْبِنَا: قلوبِ مجرور مضاف، نا ضمیر مضاف الیہ ہمارے دلوں میں۔ ۲۸/۴

قُلُوْبِكُمْ: قلوبِ جمع مجرور مضاف، کُمْ ضمیر جمع مذکر مخاطب مضاف الیہ، ۴/۷،۲ تمہارے دلوں میں، ۱۰/۶ ۲۶/۱۴،۱۳،۱۰ تمہارے دلوں میں، ۷/۱۱ ۹/۱۶ تمہارے دلوں پر، ۲۲/۴،۳ تمہارے دلوں کو۔

قُلُوْبُكُمْ: قلوبُ جمع مرفوع مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر مخاطب مضاف الیہ ۹/۴ ۹/۵ تمہارے دل، ۲/۱۲ ۲۱/۱۷ تمہارے دلوں نے۔

قُلُوْبُكُمَا: قلوب جمع مضاف مرفوع کما ضمیر تثنیہ مخاطب مضاف الیہ، تم دونوں کی نیتیں، ارادے، خیالات (معجم القرآن) عام مفسرین کے

Presented by Ziaraat.Com

نزدیک اس جگہ دل ہی مراد ہیں لیکن دو آدمیوں کے دل دو ہی ہوتے ہیں زیادہ نہیں ہوتے اور قلوب کا لفظ جمع ہے اس لئے ان کو تاویل کرنی پڑی مثلاً ۱ ایک سے زیادہ پر جمع کا اطلاق ہوتا ہے ۲ اگر جمع کی جگہ تثنیہ ذکر کیا جاتا اور قَلْبَاکُمَا کہا جاتا تو لفظ میں ثقل پیدا ہو جاتا ۳ بعض اعضاء ایک انسان کو دو یا دو سے زائد دئے گئے ہیں جیسے ہاتھ پاؤں انگلیاں پسلیاں بعض اعضاء ایک آدمی کو ایک ایک ہی دئے گئے ہیں جیسے دل، جگر، دماغ جو عضو ایک ایک ہی دیا گیا ہے اس میں تثنیہ اور جمع کا کوئی فرق نہیں اس لئے تثنیہ کے لئے جمع کا لفظ بولا جا سکتا ہے اس کی تاویلیں تسلی بخش نتیجے کی حامل نہیں اس لئے صاحب معجم القرآن کی تشریح زیادہ اچھی ہے آدمی ایک ہو دو ہوں یا زیادہ ہوں خیالات اور نیتیں اور عزائم گوناگوں اور چند در چند ہو سکتے ہیں اس صورت میں کسی تاویل کی ضرورت نہیں اگرچہ عام اہل تفسیر کی تشریح پر بھی کلام فصاحت کے درجہ سے نہیں گرتا اور اہل بلاغت کا استعمال اس کی تائید کرتا ہے ایک جاہلی شاعر کا شعر ہے

يَا صَاحِبَيَّ فَدَتْ نَفْسِي نُفُوسَكُمَا
وَحَيْثُمَا سِرْتُمَا لَاقَيْتُمَا رُشْدَا

"اے میرے دونوں ساتھیو میری جان تمہاری جانوں پر قربان ہو، تم جہاں جاؤ کامیابی حاصل کرو"

تثنیہ کے لئے تثنیہ کا استعمال بھی غیر فصیح نہیں جیسے ضمرہ بن طفیل جاہلی اپنے نفس کو خطاب کرتے ہوئے کہتا ہے ؎

حَنَنْتَ إِلَى رَيَّا وَنَفْسُكَ بَاعَدَتْ
مَزَارَكَ مِنْ رَيَّا وَشَعْبَا كِلَاهُمَا

تو ریا کا مشتاق ہے مگر باوجودیکہ تیری اور ریا کی گھاٹیاں ایک ہیں پھر بھی تو نے ریا کی ملاقات کو خود بعید کر دیا مگر فصیح ترین استعمال اول ہے، ۲۸/۱۹

قَلْبِكَ: قلب مجرور مضاف، ک ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ، تیرے دل پر، ۱۲/۱ ۱۹/۱۵ ۲۵/۴

قَلْبُهُ: قلب مفرد مضاف مرفوع ہ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، اس کا دل، ۳/۴ ۱۴/۱

قَلْبِهِ: قلب مجرور مضاف، ہ ضمیر مضاف الیہ ۲/۹ ۲۲/۱ اس کے دل میں، ۹/۱۷ اس کے دل کے۔

قَلْبَهُ: قلب منصوب مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ

۱۵/۱۶ ۲۸/۱۶ اس کے دل کو۔

قَلْبِهَا: قلب مجرور مضاف ھا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ، اس کے دل پر، ۲۰/۴

قُلُوبِهِنَّ: قلوب جمع مجرور مضاف ھِنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب، مضاف الیہ، ان کے دلوں کو، ۲۲/۴

قَلْبِي: قلب مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ، میرا دل، ۳/۳

قَلْبَيْنِ: تثنیہ حالتِ نصب، قلب واحد، دو دل۔ ۲۱/۱۷

قُلْتُ: واحد متکلم ماضی معروف، قول مصدر، میں نے کہا، ۲۹/۹ (دیکھو قَالَ)

قُلْتَ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف، ۶/۷ تو نے کہا تھا، ۱۸/۱۰۱ ۱۵/۱۷ تو نے کہا۔

قُلْتُهُ: واحد متکلم ماضی معروف، ہ ضمیر مفعول، میں نے کہا ہوگا یا میں نے کہا ہوتا، ۶/۷

قُلْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، تم نے کہا ۶/۷ ۱۰۸/۶ ۴/۶ ۵/۶ ۱۵/۸ ۲۴/۹ ۲۵/۲۰

قُلْنَ: جمع مؤنث غائب ماضی معروف، ان عورتوں نے کہا۔ ۱۳/۱۴ ۱۷

قُلْنَ: جمع مؤنث حاضر امر معروف، تم بات کیا کرو۔ ۳۲/۱

قُلْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، ہم نے کہا، ہم نے حکم دیا، ۴/۶ ۷/۸ ۹/۱۱ ۶/۲ ۸/۹ ۹/۱۸ ۱۲/۴ ۱۵/۶ ۷/۱۲ ۱۴/۱۹ ۱۲/۲ ۱۶/۱۲ ۱۶/۵ ۱۷/۲ ۱۹/۱۰ ۲۰/۱ (دیکھو قَالَ)

قُلِّيَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، اسم مصدر، قِلًی صفت نفرت، انتہائی بغض، باب ضرب قَلٰی یَقْلِیْ باب نصر قَلٰی یَقْلُوْ قَلْوًا کے معنی ہیں پھینک دینا، قابلِ نفرت چیز یا دشمن کو دل اپنے اندر جگہ نہیں دیتا باہر نکال کر پھینک دیتا ہے، اس نے تجھ سے نفرت (نہیں) کی (دیکھو اَلْقَالِیْنَ) ۳۰/۱۸

اَلْقَلَمِ: واحد قلم اور فال نکالنے کا تیر، اَقْلَام جمع قِلْم، تراشہ، قلم، کسی سخت چیز کو تراشنا، آیات میں قلم (لکھنے کا آلہ) مراد ہے، ۲۹/۳ ۳۰/۲۱

قُمْ: واحد مذکر حاضر امر معروف، کھڑا ہو جا، تیار ہو جا ۲۹/۱۳ ۱۵/۱۷ (دیکھو قائم و قَائِمًا)

قُمْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، تم کھڑے ہوئے جب تم نماز کو کھڑے ہو یعنی نماز ادا کرنے کا ارادہ کرو۔ (دیکھو قَائِم اور قَائِمًا) ۶/۶

اَلْقَمَرَ: واحد حالتِ نصب، اَقْمَار جمع، تیسری تاریخ سے (قاموس) یا تیسری تاریخ کے بعد والی رات سے

آخر ماہ تک کا چاند (راغب) قَمَرٌ: چاندنی جو ئے میں غالب آنا، جیت جانا (باب نصر وضرب) چاند کی روشنی بھی ستاروں کی روشنی پر غالب ہوتی ہے، شاید قمر کی وجہ تسمیہ یہی ہو (المفردات) باب سَمِعَ سے قَمِرَ السَّقَاءُ کے معنی ہیں مشکیزہ چاندنی کی وجہ سے خراب ہوگیا قَمِرَ الْکَلَأُ گھاس بہت ہوگئی قَمِرَ الرَّجُلُ چاندنی کی وجہ سے آنکھوں سے نیند اڑ گئی، برف کی سفیدی کی وجہ سے آنکھیں خیرہ ہوگئیں۔ ۷/۱۵،۱۸ ۸/۱۴ ۱۱/۶ ۱۲/۱۱ ۱۳/۱۷،۷ ۱۴/۸ ۱۷/۳ ۲۱/۱۲ ۲۲/۱۴ ۲۳/۱۵،۲ ۲۹/۹

اَلْقَمَرُ: معرفہ، حالتِ رفع، تیسری تاریخ سے آخر ماہ تک کا چاند، ۱۷/۹ ۲۴/۱۹ ۲۷/۲۱،۸ ۲۹/۷ دو جگہ

اَلْقَمَرِ: معرفہ، حالتِ جر، ۲۹/۱۶ ۳۰/۱۶

قَمَرًا: نکرہ، حالتِ نصب، چاند، ۱۹/۶

قَمْطَرِیْرًا: مصیبت اور رنج کا بہت طویل دن (یعنی روزِ قیامت) اصل محاورے میں قَمْطَرَتِ النَّاقَةُ اس وقت بولا جاتا ہے، جب اونٹنی دم اٹھا کر ناک چڑھا کر منہ بنا کر مکروہ شکل اختیار کرلے، اس معنی کی مناسبت سے ہر مکروہ بڑے رنج دہ دن کے لئے استعمال ہونے لگا، اسد بن ناعصہ کا قول ہے ؎

وَاصْطَلَیْتُ الْحُرُوْبَ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ
بَاسِلِ الشَّرِّ قَمْطَرِیْرِ الصَّبَاحِ

اصل مادہ قطر ہے میم زائد ہے (معجم القرآن) ۲۹/۱۹

اَلْقُمَّلُ: غلہ کو کھا جانے والا کیڑا، چیونٹی جانور کے بدن میں گھس جانے والی کیلی (چیچڑی) معجم، مختار الصحاح میں ہے کہ قُمَّل چیچڑی ہی کی جنس میں سے ہوتی ہے لیکن چیچڑی سے چھوٹی ہوتی ہے، امام راغب نے قُمَّل کے معنی لکھے ہیں، چھوٹی مکھیاں اور قُمَّل کے معنی جوئیں، رَجُلٌ قُمِلٌ وہ آدمی جس کے جوئیں پڑ جائیں، صاحب قاموس نے لکھا ہے:

"چیونٹی، بے پر کی ٹڈی، سرخ پَر والا کیڑا، چیچڑی کی طرح ایک کیڑا، بدبودار ٹڈی"

صاحب منتہی الارب نے لکھا ہے قُمَّل کو جوئیں کہنا غلط ہے۔ ۹/۶

قَمِیْصُہٗ: قمیص مفرد مضاف ہٗ مضاف الیہ قُمُصٌ، اَقْمِصَةٌ اور قُمْصَانٌ جمع، سوتی کرتہ اونی کپڑے کے کرتہ کو قمیص نہیں کہا جاتا (قاموس) قمیص عموماً مذکر ہے کبھی مؤنث بھی مستعمل ہے قمیص اور قموص اس گھوڑے کو بھی کہتے ہیں جس کا سوار ہلتا جلتا رہے جم کر نہ بیٹھ سکے، قمیص سے

Presented by Ziaraat.Com

افعال باب ضرب اور نصر سے آتے ہیں جس کے معنی ہوتے ہیں کرتہ پہننا اور باب تفعیل سے قمیص پہنانے کے معنی ہوتے ہیں، ایک حدیث میں آیا ہے اِنَّ اللّٰہَ سَیُقَمِّصُکَ قَمِیْصًا اللہ تجھے ایک کرتہ پہنائے گا (خلافت دے گا) مجمع البحار ۱۲/۱۳ دو جگہ

قَمِیْصَہٗ: اس کے قمیص کو، ۱۲/۱۳ دو جگہ

قَمِیْصِہٖ: قمیص مجرور مضاف، اس کے قمیص پر، ۱۲/۱۲

قَمِیْصِیْ: قمیص مضاف ی مضاف الیہ، میرا کرتہ۔ ۱۳/۴

قِنَا: قِ نَا، قِ واحد مذکر حاضر امر معروف، نا ضمیر جمع متکلم مفعول، وِقَایَۃٌ اور وِقَارٌ مصدر، ہم کو بچا محفوظ، وِقَایَۃٌ کے معنی ہیں دکھ دینے والی، ضرر رساں چیز سے بچانا (باب ضرب) ماضی مضارع وَقٰی یَقِیْ۔ قِ اصل میں اِوْقِ تھا۔ ب ۲/۹ ب ۳/۱۰ ع ۴/۱۱

قُوْا: جمع مذکر حاضر امر معروف، اصل میں اِوْقِیُوْا تھا، بچاؤ، ایسے اعمال اختیار کرو کہ دوزخ سے اپنے کو بھی بچالو اور اپنے متعلقین کو بھی۔ ۲۸/۱۹

اَلْقَنَاطِیْرِ: جمع، اَلْقِنْطَارُ واحد ڈھیروں، انبار، کثیر مال، قنطار کی لفظی ساخت بلندی کے مفہوم کو چاہتی ہے اسی لئے بڑے پل اور اونچی عمارت کو قَنْطَرَۃٌ کہتے ہیں (قاموس) مال کو ایک جگہ جمع کر کے اگر ڈھیر لگا دیا جائے تو وہ بھی اونچا ہو جائے گا، اسی مناسبت سے قنطار کے معنی کثیر مال ہو گئے لیکن کثرتِ مال کی حدود کیا ہونی چاہئیں جس کو قنطار کہا جا سکے، اس میں گزشتہ اہلِ لغت کا اختلاف ہے مختلف اقوال ہیں اور ہر ایک کا کوئی نہ کوئی ماخذ ہے مثلاً ۱ اوقیہ سونا یا ہزار اوقیہ سونا یا ہزار دینار یا بارہ سو دینار یا ستر ہزار دینار یا اسی ہزار دینار یا سو رطل سونا یا سو رطل چاندی یا گائے کی کھال بھر سونا یا چاندی۔ یہ سب اقوال قدیمہ ہیں، آجکل عربی اوزان میں سو رطل وزن کا نام قنطار ہے (معجم) آیت میں علمائے تفسیر نے مالِ کثیر مراد لیا ہے۔ ۳/۳

قِنْطَارٍ: واحد، حالت جر، قَنَاطِیْرُ جمع، مالِ کثیر، ۳/۱۶

قِنْطَارًا: واحد، حالتِ نصب، قَنَاطِیْرُ جمع مالِ کثیر، ۴/۱۴

قَنَطُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، قُنُوْطٌ مصدر وہ ناامید ہو گئے۔ صاحب تاج المصادر نے

اگرچہ صراحت کی کہ قنوط سے وزنِ فعل علاوہ کَرُمَ کے تمام ابوابِ مجرد سے آتا ہے (دیکھو تَقْنَطُوْا) لیکن دوسرے عام اہلِ لغت کے نزدیک باب کَرُمَ سے بھی اس کے افعال کا استعمال ثابت ہے قَنِطَ اور قَنُوْطٌ صفت کے صیغے ہیں اور قَانِطٌ اسم فاعل ہے (دیکھو مزید القانطین) ۵/۴

قَنُوْطٌ: صیغہ مبالغہ۔ بالکل ناامید، بے آس، ۲۵/۱

قِنْوَانٌ: جمع قِنْوٌ مفرد۔ قِنْوَانِ تثنیہ، کھجوروں کے گچھے۔ امرء القیس کا قول ہے وَمَالَتْ بِقِنْوَانٍ مِنَ الْبُسْرِ اَحْمَرَا شاخیں کھجوروں کے گچھوں کے بوجھ سے جھک گئیں۔

قِنْوَۃٌ اور قُنْوَۃٌ اور قِنْیٌ بھی خوشے کو کہتے ہیں۔ اَقْنَارٌ جمع، قِنْوَۃٌ کی جمع قِنْوَانٌ اور قِنْیَانٌ بھی آئی ہے، عرب کے مالدار ہونے کی علامت کھجوروں کی کثرت تھی، نخلستان انکی مال داری کا جزءِ اعظم تھے، اس مناسبت سے قِنْیٌ کے معنی مال دار ہونے اور خوش ہونے کے ہوگئے خواہ کسی ذریعے سے مال و مسرت کا حصول ہو، ایک کہاوت مشہور تھی مَنْ اُعْطِیَ مِائَۃً مِنَ الْمَعْزِ فَقَدْ اُعْطِیَ الْقِنْیَ وَمَنْ اُعْطِیَ مِائَۃً مِنَ الْاِبِلِ فَقَدْ اُعْطِیَ الْمُنٰی جس کو سو بکریاں مل گئیں، اس کو دولت مل گئی اور جس کو سو اونٹ مل گئے اس کی تو سب مرادیں ہی پوری ہوگئیں (لسان) ۷/۱۸

قَوَارِیْرَ: جمع قَارُوْرَۃٌ واحد، شیشہ، شیشے کا برتن گلاس ہو یا صراحی یا کچھ اور، چاندی کے قواریر ہونے کا یہ مطلب ہے کہ چاندی کی طرح سفیدی اور شیشے کی طرح صفائی ان برتنوں میں ہوگی، ۱۹/۱۸ میں شیشے مراد ہیں اور ۲۹/۱۹ میں دونوں جگہ شیشے کے برتن چاندی کی طرح سفید۔

اَلْقَوَاعِدُ: جمع، اَلْقَاعِدُ واحد، وہ عمر رسیدہ عورتیں جو نکاح حمل اور حیض کے قابل نہ رہی ہوں۔ امام راغب نے المفردات میں اس معنی میں قواعد کو قَاعِدَۃٌ کی جمع قرار دیا ہے مگر یہ صراحتِ لغت اور نظائر کے خلاف ہے، قاموس، تاج، صحاح وغیرہ میں قواعد بمعنی مذکور کو قَاعِدٌ کی جمع لکھا ہے جس طرح حوامل حامل کی۔ جمع ہے حاملۃ کی نہیں، اسی طرح عورت کیلئے حائض بولتے ہیں جو صفات عورتوں کے لئے مخصوص ہیں ان میں تاء ذکر کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ مرد سے اشتباہ ہی نہیں ہوتا جو تاء کو ذکر کرکے

Presented by Ziaraat.Com

رفعِ اشتباہ کیا جائے، شاید امام کو اس لفظ قواعد سے التباس ہو گیا ہے جس کے معنی بنیادوں کے یا ہودے کی لکڑیوں کے ہیں اس کا مفرد ضرور قَاعِدَۃٌ ہے، صاحبِ معجم القرآن نے بھی اس کو اَلْقَاعِدُ کی جمع لکھا ہے۔ ۱۸/۱۴

اَلْقَوَاعِدَ ۱۵/۱ } جمع، اَلْقَاعِدَۃُ واحد۔
اَلْقَوَاعِدِ ۱۴/۱۰ } بنیادیں یعنی دیوار کا وہ ابتدائی حصہ جو سطح زمین سے شروع ہو کر کچھ اوپر آجاتا ہے جس پر پوری عمارت قائم ہوتی ہے، جس چیز پر کسی چیز کا قعود یعنی قیام ہو وہ قاعدہ ہے مثلاً قاعدۃ الملک تخت گاہ قاعدۃ الھودج ہودے کی چوطرفہ لکڑیاں جن پر ہودج قائم ہوتا ہے۔

قَوَامًا: اسراف اور بخل کے درمیان حدِ اوسط معتدل، جس سے نہ اپنی تباہی ہو نہ دوسروں کی قوام اور قیام، اس چیز کو کہتے ہیں جس سے کسی شے کی بقاء اور درستگی ہو یعنی درستی اور بقاء کا سہارا۔ ۱۹/۴

قَوَّامُوْنَ: جمع، مرفوع، قَوَّامٌ مفرد صیغہ مبالغہ سرپرست، مصلح، برتر، عورتوں پر مردوں کو برتری حاصل ہے عقل، علم، فہم، طاقت، نظم سب ہی لحاظ سے عموماً مرد عورتوں سے برتر ہیں الّا ماشاء اللہ اتفاق سے کوئی عورت اچھی تربیت اور تعلیم کی وجہ سے پہلوان ہو جائے یا روشن دماغ، تو بعض مردوں پر اس کو عارضی برتری حاصل ہو جاتی ہے پھر بھی سب مردوں سے کسی عورت کا افضل ہونا ممکن نہیں فطری عقلی اور جسمی کمزوری میدان مسابقت میں اس کو پیچھے رکھتی ہے پھر عوارض فطریہ بھی عورت ہی کو ہوتے ہیں۔ حمل، وضع حمل، حیض وغیرہ، اسی وجہ سے نبوت، خلافت، امامت اور دینی و دنیوی قیادت کی چیزیں مردوں سے وابستہ کی گئیں، خلیفہ مامون عباسی کا شعر ہے ؎

فَاِنَّمَا اُمَّھَاتُ النَّاسِ اَوْعِیَۃٌ
مُسْتَوْدَعَاتٌ وَلِلْاٰبَاءِ اَبْنَاءُ

مائیں تو صرف ظروف ہیں جن کے اندر نطفہ کو اَمانۃً رکھ دیا جاتا ہے اولاد تو باپ کی ہوتی ہے، مفسر مدارک نے قوامون کا ترجمہ کیا ہے۔ مسلط، حاکم، آمر، ناہی، خازن، بیضاوی، معالم، مدارک وغیرہ میں مرد کی برتری کے لئے وجوہِ ذیل ائمہ اجتہاد کے اقوال سے نقل کی ہیں عزم، دانش، طاقت، نماز روزہ کی تکمیل، نبوت

Presented by Ziaraat.Com

خلافت، امامت، اذان، خطبہ، جماعت اور جمعہ کا وجوب، حدود و قصاص میں شہادت، میراث کا دوگنا ہونا، میراث کا عصبہ ہونا، نکاح و طلاق کا مالک ہونا، نسب وغیرہ امام ابوحنیفہ کے قول پر تکبیراتِ تشریق کا وجوب بھی مردوں ہی کے لئے ہے۔ ۵/۲

قَوَّامِیْنَ: جمع منصوب، قَوَّامٌ مفرد، اگرچہ صیغہ مبالغہ کا ہے لیکن اسم فاعل کے معنی ہیں، (سیوطی و خازن) ۵/۱۷ انصاف کے لئے کھڑے ہونے والے، ۵/۱۰۶ اللہ کے حقوق ادا کرنے کے لئے کھڑے ہونے والے (خازن) (مزید تشریح کے لئے دیکھو قَامَ)

قُوَّتِکُمْ: مفرد مجرد مضاف، کُمْ ضمیر جمع مخاطب مضاف الیہ، قُوًی جمع۔ تمہاری طاقت، قوت، رسّی کے بل کو بھی کہتے ہیں، اگر اس کے مشتقات بابِ نصر سے آتے ہیں تو غالب آنے کے معنی ہوتے ہیں، قَوِیَتْہٗ میں لڑائی میں اس پر غالب آیا، اگر بابِ سمع سے آتے ہیں تو طاقتور ہونا سخت بھوکا ہونا، مکان کا خالی ہونا، بارش کا رک جانا مراد ہوتا ہے، قَوِیَ وہ طاقتور ہو گیا یا سخت بھوکا ہو گیا، قَوِیَ الدَّارُ مکان خالی ہو گیا قَوِیَ الْمَطَرُ بارش رُک گئی، کلامِ عرب میں قوت کا استعمال مختلف معانی کے لئے ہوتا ہے جن میں سے بعض کے لئے قرآنِ مجید میں بھی استعمال کیا گیا ہے، ۱ قدرت مضبوطی جیسے خُذُوْا مَآ اٰتَیْنٰکُمْ بِقُوَّۃٍ جو کچھ ہم نے تم کو دیا ہے اس کو مضبوطی اور کوشش کے ساتھ لے لو، ۲ بدن کی اندرونی طاقت جیسے مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّۃً ہم سے زیادہ طاقتور کون ہے فَاَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّۃٍ جسمانی طاقت سے میری مدد کرو (راغب) ۳ اندرونی قلبی طاقت جیسے یٰیَحْیٰی خُذِ الْکِتٰبَ بِقُوَّۃٍ اے یحییٰ قلبی طاقت کے ساتھ کتاب کو لے یعنی اس پر عمل کر، ۴ جسم کے باہر سے حاصل کی ہوئی طاقت جیسے لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّۃً کاش تمہارے مقابلہ کے لئے مجھے کوئی بیرونی طاقت حاصل ہوتی، بعض اہلِ تفسیر نے اس جگہ قوت سے مراد لی ہے فوجی یا مالی طاقت (راغب) دوسری آیت میں آیا ہے نَحْنُ اُولُوْا قُوَّۃٍ ہم طاقت والے ہیں یعنی (جسمانی طاقت کے علاوہ) ہم کو فوجی جماعتی مالی ہر طرح کی طاقت حاصل ہے۔ ۵ الٰہی طاقت اللہ کی قدرت اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ اور کَانَ اللّٰہُ قَوِیًّا عَزِیْزًا اور اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ

Presented by Ziaraat.Com

قوت کے ایک معنی استعدادِ صلاحیت اور قابلیت بھی ہے، قرآنِ مجید میں اس معنی کے لئے استعمال نہیں کیا گیا، اس کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ ایک شخص میں قابلیت ہے صلاحیت ہے اگر چاہے تو کر سکتا ہے لیکن بالفعل اس کام میں مشغول نہیں ہے جیسے زَیْدٌ کَاتِبٌ بِالْقُوَّۃِ یعنی زید کو کتابت آتی ہے جب چاہے لکھ سکتا ہے، لکھنے پر قادر ہے لیکن اس وقت لکھنے میں مشغول نہیں ہے، دوسرے یہ کہ کسی کام کو صرف سیکھنے کی صلاحیت ہے، قابلیت ہے، بالفعل کسی کام کو کر نہیں سکتا، نہ کرنا جانتا ہے لیکن سیکھ سکتا ہے جیسے اَلْاِنْسَانُ کَاتِبٌ بِالْقُوَّۃِ یعنی اگرچہ ہر آدمی اس وقت لکھنے پر قادر نہیں، نہ ہر شخص لکھنا جانتا ہے نہ لکھ سکتا ہے لیکن دوسرے جانوروں کے مقابلے میں اس کو امتیازی حیثیت یہ حاصل ہے کہ اگر کتابت سیکھنا چاہے تو سیکھ سکتا ہے، سیکھنے کی استعداد اور صلاحیت ہر آدمی کو حاصل ہے، دوسرے جانور اس صلاحیت سے محروم ہیں۔ ۱۲/۵

قُوَّۃٍ: مجرور نکرہ، طاقت ۱/۸ ۱۱/۷ ۹/۱۱ ۱۰/۴ ۱۴/۱۹ ۱۶/۲ ۱۹/۴ ۱۸ ۲۱/۹ ۴ ۳۰/۱۱ ۶

قُوَّۃً: منصوب نکرہ، طاقت ۱۰/۱۵ ۱۲/۷ ۱۵/۱۷ ۲۰/۱۱ ۲۱/۴ ۲۲/۱۷ ۲۴/۸ ۱۴/۱۶ ۲۶/۶

اَلْقُوَّۃَ: منصوب معرف باللام۔ طاقت ۲/۴

اَلْقُوَّۃِ: مجرور معرف باللام، طاقت ۲۷/۲

اَلْقُوٰی: جمع، اَلْقُوَّۃُ واحد، طاقتیں۔ ۲۷/۵

قَوِیٌّ: صفتِ مشبہ نکرہ واحد مرفوع اَقْوِیَاءُ جمع، طاقتور، ۱۰/۳ ۱۷/۱۳ ۱۹/۱۸ ۲۴/۸ ۲۷/۱۹ ۲۸/۳

قَوِیًّا: صفتِ مشبہ منصوب نکرہ مفرد، قوت والا۔ ۲۱/۱۹

اَلْقَوِیُّ: صفتِ مشبہ مرفوع معرفہ طاقتور: ۱۲/۶ ۲۰/۶

قُوْتِلْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی مجہول، مُقَاتَلَۃٌ مصدر باب مُفَاعَلَۃٌ (اگر) تم سے لڑائی کی گئی۔ ۲۸/۵

قُوْتِلُوْا: جمع مذکر غائب ماضی مجہول مُقَاتَلَۃٌ مصدر باب مُفَاعَلَۃٌ (اگر) ان سے لڑائی کی گئی ۲۸/۵

(دیکھو قَاتَلُوْا اور قتل)

قَوْسَیْنِ: تثنیہ، قَوْسٌ واحد۔ دو کمانیں قوس اگرچہ جامد ہے لیکن اس سے مصدر اور مصدر سے افعال بنا لئے گئے ہیں۔ باب تفعیل اور تفعل سے عموماً اس کے مشتقات آتے ہیں، تَقَوَّسَ جھک جانا، کھڑا ہو جانا قَوَّسَ الشَّیْخُ وَتَقَوَّسَ بوڑھا کھڑا ہو گیا قَوَّسْتُ الْخَطَّ میں نے منحنی لکیر کھینچی ثلاثی مجرد میں باب سَمِعَ سے اس کا استعمال ہوا ہے

Presented by Ziaraat.Com

قَوِیَ وہ کھڑا ہو گیا۔ ۳۷/۵

اَلْقَوْلُ: مصدر اور حاصل مصدر، حکم، وعدہ، بات (مفصل تشریح کے لئے دیکھو قَالَ) ۱۲/۴ ۱۵/۲ ۱۸/۲ ۲۲/۱۰ حکم، ۲۰/۱۰،۲۳ ۲۱/۱۵ وعدہ، حکم، ۲۳/۴ بات، حکم، ۲۴/۱۷ ۲۶/۲ حکم مراد عذاب۔

اَلْقَوْلِ: ۵/۱۳ ۶/۱ ۸/۱ ۹/۱۴ ۱۳/۱۱،۱۶ ۱۶/۱۰ ۱۷/۱۰،۲۷ ۲۸/۱ بات، ۲۲/۱ ۲۶/۸،۱۳ بات کہنا۔

اَلْقَوْلَ: ۱۳/۸ ۱۴/۱۸ ۲۲/۱۰ ۲۳/۱۶ بات، ۱۷/۱ ۱۸/۴ بات یا واقعہ۔ ۲۰/۹ حکم۔

قَوْلٌ: ۳/۴ ۲۶/۷ بات، ۳۰/۱۱ حکم۔

قَوْلٍ: ۲۶/۱۶،۱۸ بات۔

قَوْلًا: ۲/۱۴ ۴/۱۲ ۵/۶ ۱۵/۳،۴ ۱۶/۱۳،۱۵ ۲۲/۶ ۲۳/۳ ۲۴/۱۹ بات، کلام، ۱/۶ ۹/۱۰ لفظ، ۲۹/۱۳ حکم۔

قَوْلُ: ۲۳/۶ بات، حکم۔ ۲۹/۱۵ کلام۔ ۲۹/۶ ۳۰/۶ ادائے کلام۔

قَوْلَ: ۴/۱۰ ۱۰/۱۱ ۱۶/۵ ۱۸/۱۳ ۲۸/۴ بات، ۱۷/۱۱ (جھوٹی) بات کہنے (سے)

قَوْلِ: ۲۹/۶ دو جگہ، ۳۰/۶ کلام۔

قَوْلِكَ: قولِ مجرور مضاف لۂ ضمیر خطاب مضاف الیہ، تیرے حکم ۱۲/۵

قَوْلُهٗ: قَوْلُ مرفوع مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، اس کی بات، ۲/۹ اس کا حکم ۷/۱۵۔

قَوْلُكُمْ: قَوْلُ مضاف مرفوع کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ۔ تمہاری بات۔ ۲۱/۱۷

قَوْلَكُمْ: قَوْلَ منصوب مضاف کُمْ مضاف الیہ تم اپنی بات کو۔ ۲۹/۱

قَوْلُهُمْ: قَوْلُ مرفوع مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ان کی بات ۱۰/۱۱ ۱۱/۱۲ ۱۳/۷ ۱۳/۴

قَوْلَهُمْ: قَوْلَ منصوب مضاف هُمْ مضاف الیہ ان کا کہنا ۴/۶۔

قَوْلِهِمْ: قَوْلِ مجرور مضاف هِمْ مضاف الیہ ۱/۱۴ ۶/۲ دو جگہ ۲۸/۱۲ کلام، ۶/۲ یعنی وَقَوْلِهِمْ عَلٰی مَرْیَمَ میں مراد افترا، ۶/۱۳ کہنا۔

قَوْلِهَا: قَوْلِ مجرور مضاف هَا ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کی بات (سے) ۱۹/۱۷۔

قَوْلُنَا: قَوْلُ مضاف نَا مضاف الیہ، ہمارا قول ۱۴/۱۱

قَوْلِیْ: قَوْلِ مضاف یْ ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ، میرا قول، ۱۶/۱۱،۱۴

قَوْلُوْا: جمع مذکر حاضر امر معروف، کہو ۴/۸،۱۰،۱۳،۱۶ ۱/۱۰ ۳/۱۵ ۴/۱۲ ۹/۱۰ ۱۳/۴ ۲۱/۱ ۲۲/۶ ۲۶/۱۵

قُوْلِیْ: واحد مؤنث حاضر امر معروف، تو کہہ دینا ۱۶/۵

اَلْقَوْمُ: اسم، جمع، صرف مردوں کا گروہ، ایک شاعر کا

قول ہے اَقَوْمٌ اٰلُ حِصْنٍ اَمْ نِسَاءٌ یعنی خاندان حصن والے کیا مرد ہیں یا عورتیں۔ عورتوں کی جماعت کو قوم نہیں کہتے (راغب) قرآنِ مجید میں بھی اس کا ثبوت موجود ہے، آیت میں آیا ہے لَا یَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓی اَنْ یَّکُوْنُوْا خَیْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓی اَنْ یَّکُنَّ خَیْرًا مِّنْهُنَّ مردمردوں سے مذاق نہ کریں، ہوسکتا ہے کہ وہ ان سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں عورتوں کا مذاق بنائیں، ہوسکتا ہے کہ وہ ان سے بہتر ہوں۔ لیکن اگر ذیلی طور پر عورتوں کو قوم میں داخل کردیا جائے تو بعض اہلِ لغت نے اس کی اجازت دی ہے۔ آیتِ مذکورہ میں چونکہ نساء کے مقابلے میں لفظِ قوم آیا ہے اس لئے قوم سے مرد مراد ہیں، دوسری آیات میں عموماً قرآنی سیاق سے ثابت ہوتا ہے کہ عورتیں بھی ذیلی طور پر لفظِ قوم میں داخل ہیں۔ ہر پیغمبر نے یا قوم کہہ کر براہِ راست مردوں کو خطاب کیا اور بالواسطہ عورتوں کو اور نزولِ عذاب جس طرح نافرمان منکر مردوں پر ہوا اسی طرح عورتوں پر بھی (مؤلف) جو اسم جمع آدمیوں کی جماعت کے لئے ہو اس کا استعمال بطورِ تذکیر بھی جائز ہے اور بطورِ تانیث بھی اس لئے قوم مذکر بھی مستعمل ہے اور مؤنث بھی (قاموس و لسان) قرآنِ مجید میں کَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ (کذب فعل مذکر) بھی آیا ہے اور کَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ بھی، (مؤلف)

قوم کی جمع اقوام ہیں اور جمع الجمع اَقَاوِم اَقَاوِیْم اور اَقَاوِیْم ہے (قاموس)

لفظِ قوم کی تصغیر قُوَیْمٌ ہے اس کے آخر میں تا نہیں آتی کیونکہ آدمی کے علاوہ دوسروں کے لئے جو الفاظ آتے ہیں صرف ان کی تصغیر میں تا کا لانا جائز ہوتا ہے (مفصل زمخشری و شافیہ ابن حاجب)

قِیَامٌ اور قَامَةٌ کی طرح قَوْمٌ مصدر بھی ہے (باب نصر) کھڑا ہونا۔ قَوْمَةٌ ایک بار کھڑا ہونا قَوْمَةُ الْاِنْسَانِ قد اسی طرح قَوْمِیَّةُ الْاِنْسَانِ قد قَدِیْمٌ سیدھا۔ درست، خوش قامت آدمی، لفظِ قام کے مختلف استعمال دکھا کر مختلف معانی کی تشریح ہم باب القاف فصل الف میں بہت کچھ کرچکے ہیں اس جگہ چند استعمال مزید نقل کرتے ہیں قَامَتِ الْمَرْاَةُ نَوْحٌ عورت نے نوحہ کرنا شروع کیا۔ قَامَ الْاَمْرُ کام ٹھیک ہوگیا قَامَ الرَّجُلُ الْمَرْاَةَ یَا عَلَی الْمَرْاَةِ مرد نے عورت کی ضروریات

Presented by Ziaraat.Com

پوری کرنے کا ذمہ لے لیا۔ قَامَتِ السُّوْقُ بازار پُر رونق ہوگیا، خوب بھر گیا یا نیچے گر گیا، قَامَ الشَّیْئُ بِکَذَا فلاں چیز مجھے اتنے میں پڑی، ان سب کا مادہ قَوْمٌ ہے (تاج وصحاح)

قرآن مجید میں قوم کا استعمال دو معنی کے لئے ہوا ہے ۱؎ عام گروہ اور جماعت۔ لوگ۔ ایک نسل اور ایک وطن سے تعلق رکھنے والی ہو یا نہ ہو عموماً ایسا استعمال اس وقت ہوا ہے جب خطابی طور پر قوم کا لفظ نہ استعمال کیا گیا ہو، یہ استعمال بہت زیادہ ہے۔ ۲؎ ایک نسب یا وطن سے تعلق رکھنے والی جماعت۔ ایسا صرف اس وقت ہوا ہے جہاں پیغمبروں نے اپنے ہم وطنوں یا نسلی اشتراک رکھنے والوں کو خطاب کیا یا بغیر حرفِ ندا کے ان سے کچھ کہا ہے مثلاً یَا قَوْمِ یا قَالَ لِقَوْمِہٖ وغیرہ۔ ۹/۱۲/۲ ۱۳/۴ ۲۶/۴۔

اَلْقَوْمَ: حالتِ نصب، ۳/۴/۸ ۳/۵ ۴/۱۲ ۶/۴ ۵/۴ ۶/۶ ۹/۱۱/۱۶ ۱۰/۷/۲ ۱۴/۲۰ ۱۹/۸ ۲۶/۳ ۲۸/۹ دو جگہ ۲۸/۱۳/۱۱ ۲۹/۵

اَلْقَوْمِ: مجرور معرفہ، ۲/۱۷ ۳/۸ ۴/۶ ۵/۱۲/۸ ۶/۸ دو جگہ ۷/۱/۱۴/۱۵ ۸/۱۲/۵ ۹/۸ دو جگہ ۱۱/۴/۱ ۱۲/۴ ۱۳/۶ ۱۴/۱۳ ۱۶/۱۳ ۱۷/۶ ۱۸/۲/۵ ۱۹/۲ ۲۰/۱۵/۶ ۲۸/۲۰/۱۱

قَوْمٌ: مرفوع نکرہ، ۶/۱۳/۶ ۸/۱۷ ۹/۶ ۱۰/۱۳/۷ ۵ ۱۱/۵ ۱۴/۵/۱ ۱۸/۱۶ ۱۹/۱۹ دو جگہ ۲۰/۱ ۲۲/۱۹ ۲۵/۱۴/۱۳/۱۲ ۲۶/۱۴ ۱۹/۲/۴ ۲۷/۴ ۲۸/۵ دو جگہ۔

قَوْمٍ: مجرور نکرہ۔ ۲/۱۳/۴ ۴/۳ ۵/۹/۱۰ دو جگہ ۶/۱۰/۵ ۷/۱۸/۱۹/۲/۳/۱۱ ۸/۱۳/۶/۱۳/۱۲ ۹/۱۴/۳ دو جگہ ۱۰/۶ ۱۱/۱۵/۷ دو جگہ ۱۲/۸/۶ ۱۳/۸ دو جگہ ۱۴/۸/۴ دو جگہ ۱۴/۱۷/۵ دو جگہ ۱۶/۲ ۱۸/۳ ۱۹/۱۸/۳ ۲۰/۱۶/۴/۳ ۲۱/۷/۶/۱ ۲۴/۱۵/۲ ۲۵/۱۷/۱۸ دو جگہ ۲۶/۱۴/۱۰ ۲۷/۱

قَوْمًا: منصوب نکرہ، ۳/۱۷ ۶/۸ ۷/۱۶ ۸/۱۵ ۹/۱۱/۶ ۱۰/۱۳/۸/۱۲ ۱۱/۱۳/۳ ۱۲/۵/۱۲/۲ دو جگہ ۱۶/۹/۲ ۱۷/۶/۳/۱۷ ۱۸/۱۴/۱۱/۷ ۱۹/۱۶ ۲۰/۸/۷ ۲۱/۱۴ ۲۲/۱۸ ۲۳/۶ ۲۵/۲۰/۱۸/۱۴/۱۱/۷ ۲۶/۸/۳/۲۰/۱۰/۱۳ ۲۷/۱ ۲۸/۸ دو جگہ

قَوْمُ: مضاف مرفوع معرفہ، ۹/۸ ۱۲/۸ ۱۷/۱۳ تین جگہ ۱۹/۱۳/۱۰ ۲۳/۱۰ دو جگہ ۲۴/۶ ۲۵/۱۵ ۲۷/۹/۸

قَوْمِ: منصوب بصورتِ جر، معرفہ، یہ لفظ اصل میں قَوْمِیْ تھا اور اس سے پہلے حرفِ ندا محذوف ہے یعنی یَا قَوْمِیْ اے میری قوم، ۱/۶/۸ ۶/۱۵ ۷/۱۵/۳ ۸/۱۶ تین جگہ ۸/۱۷ دو جگہ ۸/۱۸ ۹/۱ ۱۱/۱۳ ۱۲/۳ تین جگہ ۵ تین جگہ ۶ تین جگہ ۷، ۸، ۳، چھ جگہ ۱۶/۱۳/۱۴ ۱۸/۲ ۱/۹/۱۰ ۲۴/۲، ۳، ۱۰، ۱ تین جگہ ۲۷/۹ ۲۸/۹ ۲۹/۹

Presented by Ziaraat.Com

قَوْم : مجرور مضاف سان تمام آیات میں قوم حالتِ جر میں ہے اور اسمِ ظاہر کی طرف مضاف ہے

۹/۴ ۱۰/۵ ۱۰/۱۵ دو جگہ ۱۲/۵ ۱۲/۷ ۱۳/۱۴ ۲۰/۱۱ ۲۴/۹ ۳/۳

قَوْمَ : منصوب مضاف، ۱۱/۱۵ ۱۲/۸ تین جگہ ۱۷/۶ ۱۹/۲ ۲۵/۱۴ ۲۷/۱۱

قَوْمُكَ : مرفوع مضاف لہٗ ضمیر مخاطب مذکر، مضاف الیہ تیری قوم ۷/۱۴ ۱۲/۴ ۲۵/۱۲

قَوْمَكَ : منصوب مضاف لہٗ ضمیر مخاطب مذکر، مضاف الیہ تیری قوم کو۔ ۷/۱۵ ۹/۷ ۱۳/۱۳ ۱۶/۱۳ ۲۹/۹

قَوْمِكَ : مجرور مضاف لہٗ ضمیر مخاطب مذکر مضاف الیہ تیری قوم (سے) ۱۲/۴ ۱۶/۱۳، تیری قوم کیلئے ۲۵/۱

قَوْمِكُمَا : مجرور مضاف کُما ضمیر تثنیہ مخاطب مضاف الیہ، تم دونوں کی قوم۔ ۱۱/۱۴

قَوْمُنَا : مرفوع مضاف، نا ضمیر متکلم مضاف الیہ ۱۵/۱۴

(یا) **قَوْمَنَا** : منادیٰ مضاف منصوب نا ضمیر متکلم مضاف الیہ۔ اے ہماری قوم۔ ۳۶/۴

قَوْمِنَا : مجرور مضاف نا ضمیر متکلم مضاف الیہ، (ہمارے اور) ہماری قوم کے (درمیان) ۹/۱

قَوْمُهٗ : مرفوع مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، اس کی قوم۔ ۷/۱۵ ۹/۶ ۱۰/۷ ۱۲/۷

قَوْمَهٗ : منصوب مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، ۹/۹ (اس نے اپنی) قوم میں سے ۱۲/۹ اپنی قوم کا، ۱۶/۱۳ ۲۵/۱۱ ۲۶/۳ اس کی قوم کو۔

قَوْمِهٖ : مجرور مضاف ہٖ ضمیر واحد مذکر مضاف الیہ ۱/۱ ۶/۸ ۸/۷ ۸/۱۷ ۱۱/۱۳ ۱۳/۱۳ ۱۷/۵ ۱۹/۹ ۱۹/۱۹ ۲۰/۱۴ ۲۳/۸ ۲۵/۹ ۲۸/۹ سے۔

۸/۱۵ ۸/۱۶ ۸/۱۷ ۹/۱ دو جگہ ۹/۵ ۱۱/۱۴ ۱۲/۲ ۱۲/۴ ۱۸/۲ ۱۸/۳ ۲۵/۱۱، قوم میں سے۔

۹/۸ ۱۲/۳ ۱۲/۱۷ ۱۸/۱۶ ۱۹/۱۶ ۲۹/۹ قوم کی جانب۔

۱۸/۱۷ اس کی قوم کا (جواب)، ۲۰/۱۵ اس کی قوم کا۔

۷/۱۶ ۱۶/۴ ۲۰/۱۱، ۲۳/۱ اس کی قوم پر

قَوْمِهَا : منصوب مضاف ہا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ، اس کی قوم کو ۱۶/۵ ۱۹/۱۷

قَوْمَهُمْ : منصوب مضاف ہُم ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ان کی قوم کو ۵/۹ دو جگہ ۱۱/۴ ۱۳/۱۷ ۱۹/۱۹

قَوْمِهِمْ : مجرور مضاف ہم ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ان کی قوم (سے) ۱۱/۱۳ ۲۱/۸

قَوْمُهُمَا : مرفوع مضاف ہُما ضمیر تثنیہ غائب مضاف الیہ، ان دونوں کی قوم، ۱۸/۳

قَوْمَهُمَا : منصوب مضاف ہُما ضمیر تثنیہ غائب مضاف الیہ، ان دونوں کی قوم کو ۲۳/۸

Presented by Ziaraat.Com

قَوْمِی: قوم مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ، میری قوم ۹/۷ ۱۹/۱۰،۱۱ ۲۳/۱ ۲۹/۹

قَهْرٌ: قِ ھِمْ، قِ واحد مذکر حاضر امر معروف، ھم ضمیر جمع مذکر غائب، مصدر وِقَایَۃٌ۔ قِ اصل میں اِوْقِ تھا۔ (دیکھو قِنَا) ان کو بچا، ان کو محفوظ رکھ، ۲۴/۶

اَلْقَهَّارُ: صیغہ مبالغہ مرفوع، ایسا زبردست غالب جس کے مقابلے میں سب ذلیل ہیں، مصدر قَهْرٌ ماضی قَهَرَ مضارع تَقْهَرُ (باب فتح) (دیکھو تَقْهَرْ اور الْقَاهِرُ قاھرون) ۱۲/۱۵ ۱۳/۸ ۲۳/۱۴،۱۵

اَلْقَهَّارِ: صیغہ مبالغہ مجرور بمعنی مذکور ۱۳/۱۹ ۲۴/۷

قَبَضْنَا: جمع متکلم ماضی معروف تَقْبِیْضٌ مصدر باب تفعیل قَبْضٌ مادہ، قبض کے معنی ہیں انڈے کا بالائی چھلکا، چھلکا انڈے کے ساتھ چسپاں ہوتا ہے اس مناسبت سے تَقْبِیْضٌ کے معنی ہوئے ساتھ لگا دینا، پیچھے لگا دینا، لازم کر دینا، چمٹا دینا، مسلط کر دینا یعنی ہم نے ان کے ساتھ لگا دیا، چمٹا دیا، لازم کر دیا، مسلط کر دیا، قَبْضٌ بدل اور عوض کو بھی کہتے ہیں، بیع مُقَایَضَہ اسی سے ہے یعنی سامان کا سامان سے تبادلہ، قیمت کسی طرف سے نہ ہو، ۲۴/۱۷

قِیْعَۃٍ: جمع قَاعٌ واحد، قِیْعٌ اور قَاعٌ ہموار زمین (راغب) ہموار، نرم، وسیع میدان (قاموس) ایسا وسیع میدان جس پر سورج کی کرنیں پڑتی ہیں تو ریت کے ذرے پانی کی طرح معلوم ہوتے ہیں۔ (معجم) بعض نے قِیْعَۃٌ کو مفرد کہا ہے (منتہی الارب) (دیکھو قَاعًا) ۱۸/۱۱

قِیْلَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول، اصل میں قُوِلَ تھا۔ قَوْلٌ مصدر، ماضی معروف قَالَ (دیکھو قَالَ) یہ صیغہ ماضی کا ہے لیکن جس جگہ حرف شرط کے بعد آیا ہے وہاں مضارع کا ترجمہ کیا جائے گا، کہیں حال کا، کہیں استقبال کا، کہا گیا، کہا جاتا ہے، کہا جائے گا۔ ۵/۷،۶ ۴/۸ ۲/۹،۵ ۱/۱۱،۶،۲ ۷/۴ ۹/۱۰ ۱۲/۴ ۱۱/۱۰ ۱۰/۱۳،۱۲ ۱۴/۱۰،۹ ۱۸/۱۰ ۱۹/۱۷،۳ ۱۹/۱۸،۹ ۲۰/۱۰ ۲۱/۱۵،۱۲ ۲۳/۱،۲،۶،۱۷ ۲۴/۱۹،۱۲،۵ ۲۵/۲۰ ۲۷/۱۳،۱ ۲۸/۱۳،۲،۲۰ ۲۹/۲۲،۱۷،۲۔

قِیْلًا: اسم مصدر، قِیْل قَوْل کا ہم معنی ہے کلام بات (راغب) بعض اہل لغت نے دونوں میں فرق قائم کیا ہے ۱۔ قَوْلٌ کلمہ خیر کو اور قَالٌ قِیْلٌ اور قَالَۃٌ کلمہ شر کو کہتے ہیں۔ ۲۔ قَوْلٌ مصدر ہے اور قِیْلٌ اسم مصدر، ایک محاورہ ہے کَثُرَ الْقِیْلُ وَ الْقَالُ، بات چیت بہت ہوگئی۔ قرآنی استعمال کے لحاظ سے دونوں میں کوئی فرق نہیں قِیْل کا

Presented by Ziaraat.Com

استعمال مقام خیر میں بھی کیا ہے جیسے اِلَّا قِیۡلًا سَلَامًا سَلَامًا اور قَوۡمٌ قِیۡلًا اور قول کا استعمال بمعنی اسم مصدر (بات اور کلمہ) بھی بکثرت کیا ہے جیسے قَوۡلُ الۡحَقِّ الَّذِیۡ فِیۡهِ تَمۡتَرُوۡنَ ۵/۱۵ ۲۷/۱۴ ۲۹/۱۳

قِیۡلِهٖ : قیل مصدر مجرور مضاف ہٗ مضاف الیہ (قراءتِ حمزہ و عاصم) قیل کے معنی قول، اس صورت میں مطلب دو طرح ہوگا، ۱۔ اللہ ہی کو علمِ قیامت ہے اور رسول اللہ کے قول کا بھی علم اللہ کو ہے۔ ۲۔ واؤ قسم کے لئے ہے اور جوابِ قسم محذوف ہے یعنی قسم ہے رسول اللہ کے اس قول کی میں ان لوگوں کے ساتھ جو چاہوں گا کروں گا، یا قسم ہے رسول اللہ کے یارب کہہ کر پکارنے کی یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے۔ اس صورت میں جوابِ قسم مذکور ہوگا یعنی یہی آخری جملہ۔ مؤخر الذکر قول زمخشری کا ہے (کشاف) بعض قراءتوں میں قِیۡلَهٗ لام کے نصب کے ساتھ آیا ہے اس صورت میں قِیۡلَهٗ مفعول مطلق ہوگا اور فعل ناصب محذوف ہوگا (محلی فی الجلالین و خطیب فی سراج المنیر) ۲۵/۱۳

قِیَامٌ : جمع مرفوع، قَائِمٌ واحد، کھڑے ہونیوالے، (راغب) ۲۴/۴

قِیَامًا : مصدر بھی ہے (باب نصر) جس کے معنی ہیں کھڑا ہونا، بیٹھے سے اٹھنا، اور اس چیز کو بھی قِیَامٌ اور قِوَامٌ کہتے ہیں جس سے کسی شے کی بقا، وابستہ ہو یا درستی ہوتی ہو (مال کو قیام آخری معنی کے لحاظ سے کہا گیا ہے) اور قَائِمٌ کی جمع بھی ہے، کھڑے ہونیوالے، ۴/۱۱ ۵/۱۲ ۱۹/۴ کھڑے ہونے والے، کھڑے ہونے کی حالت میں، ۴/۱۲ ۷/۳ درستی کا ذریعہ۔

قِیَامِ : مصدر مجرور کھڑا ہونا، بیٹھے سے اٹھنا۔ ۲۷/۱

اَلۡقَیِّمُ : صیغہ صفت مفرد مذکر مرفوع، عام طور پر اہلِ تفسیر نے اس کا ترجمہ کیا ہے، درست، ٹھیک، سیدھا لیکن راغب نے لطیف توجیہ کی ہے یعنی ایسا دین جو معاش و معاد اور دنیا و آخرت کو درست کرنیوالا ہے، گویا امام راغب کے نزدیک قَیِّم بمعنی مُقَوِّم ہے۔ ۱۱/۱۰ ۱۲/۱۵ ۲۱/۷

اَلۡقَیِّمِ : صیغہ صفت مجرور مذکر، درست، ٹھیک یا درست کرنے والا۔ امورِ معاش و معاد کو ٹھیک کرنے والا۔ ۲۱/۸

قِیَمًا : مفرد منصوب نکرہ، مستقیم، یا درست کرنیوالا۔ ۱۵/۱۳

قِیۡمًا : یہ لفظ یا صیغہ صفت یا قَیِّمٌ کا مخفف ہے

Presented by Ziaraat.Com

(راغب) یعنی درست، ثابت یا صلاح و بقاء کا مدار، اور احوالِ دنیا و آخرت کو درست کرنے والا، ۵/۷

قَيِّمَةٌ: صیغۂ صفت مرفوع مؤنث نکرہ، درست، سچی، ٹھیک یا معاش و معاد کو درست کرنیوالی، مطلب یہ کہ گذشتہ آسمانی صحیفے اور کتابیں، درست اور مستقیم تھیں اور انسانی زندگی کی اصلاح کرنے والی تھیں اور قرآن مجید ان کا نچوڑ ہے، ان کے مضامین کو حاوی ہے۔ ۳۰/۲۲

اَلْقَيِّمَةِ: مجرد معرفہ، امتِ مستقیمہ، عادلہ، صالحہ یعنی امتِ اسلامیہ کا دین ہے (راغب و معجم)

۳۰/۲۲

اَلْقِيَامَةِ: مصدر، ایک بار کھڑا ہونا، قیامت کے دن سب لوگ یکبارگی اٹھ کھڑے ہوں گے دوبارہ صور پھونکا جائے گا تو سب زندہ ہو کر قبروں سے نکل آئیں گے (معجم القرآن) قیام کے معنی ثبوت بھی ہے (یعنی عدم زوال) مراد یہ کہ روزِ قیامت ثابت ہے اٹل ہے، اس کو کوئی ٹال نہیں سکتا۔

۱/۱۰	۲/۱۰	۳/۱۶	۴/۸	۵/۸	۶/۲	۷/۱۳	۸/۱۱	۹/۱۲	۱۰/۱۱
۱۱/۱۵	۱۲/۵	۱۳/۹	۱۴/۹	۱۵/۲۲	۱۶/۹	۱۷/۱۶	۱۸/۱	۱۹/۴	۲۰/۱۵
۲۱/۱۶	۲۲/۱۴	۲۳/۱۶	۲۴/۲	۲۵/۶	۲۶/۱	۲۷/۲	۲۸/۴	۲۹/۴	

۳۰/۲۲

اَلْقَيُّوْمُ: صیغہ مبالغہ مرفوع قائمٌ سے قیامٌ (بروزن فیعال) اور قَيُّوْمٌ (بروزن فَيْعُوْلٌ) مبالغہ کے صیغے ہیں یعنی وہ ذات جو خود رہنے والی اور دوسروں کو رکھنے والی ہے، خود موجود و باقی ہے اور دوسروں کو ضروریاتِ ہستی و درستی عطا کرنے والی ہے (المفردات) ۳/۲

اَلْقَيُّوْمِ: صیغہ مبالغہ مجرور، ۱۶/۱۵

باب الکاف

كَ: حرف بھی ہے اور اسم بھی اور ہر صورت میں اپنے بعد والے کلمہ کو کبھی جر دیتا ہے کبھی نہیں دیتا۔

(الف) حرفِ جر، اس کا استعمال پانچ معانی کے لئے ہوتا ہے ۱ تشبیہ جیسے اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ وہ چوپایوں کی طرح ہیں ۲ تعلیل کے لئے یعنی کاف کا مابعد ماقبل کے لئے سبب ہو جیسے وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ تعجب ہے کہ کافر فلاح (کیوں) نہیں پاتے۔ کافروں کا فلاح نہ پانا تعجب کا سبب ہے، یا جیسے كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا

چونکہ میں نے پیغمبر بھیجد یا اس لئے میری یاد کرو۔ ارسالِ رسول ذکر الٰہی کی علت ہے یا جیسے وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدَاكُمْ چونکہ اللہ نے تم کو ہدایت کردی اور ذکر کا طریقہ بتادیا اس لئے اس کی یاد کرو۔ ہدایت ذکر کی علت ہے، کاف کو تعلیل کے لئے اخفش اور بعض کوفیوں نے قرار دیا ہے اکثر اہلِ عربیت نے انکار کیا ہے ۳ زائد تاکید کے لئے جیسے لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ، ابن جنی، (ذکرہ ابن ہشام فی مغنی اللبیب) ۴ عَلٰی کا ہم معنی یعنی استعلاء کے لئے (پر) جیسے اگر کوئی محض مزاج پرسی کرے تو جواب میں کہا جائے كَخَيْرٍ یعنی عَلٰی خَيْرٍ، یہ قول صرف اخفش کا ہے قرآن مجید میں ایسا استعمال نہیں ہوا، ۵ فعل کی طرف عجلت کے ساتھ پیش قدمی کرنے کے لئے صَلِّ كَمَا دَخَلَ الْوَقْتُ وقت ہوتے ہی نماز پڑھ لے سَلِّمْ كَمَا تَدْخُلُ داخل ہوتے ہی سلام کرنا، ذکرہ ابن الخباز فی النہایۃ وابو سعید السیرافی، یہ استعمال عربی میں بہت ہی کم ہے اور قرآن مجید میں کہیں نہیں۔

(ب) ك اسمی، مِثْلُ کا ہم معنی، جر کے لئے جیسے وَاَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ میں مٹی سے پرندے کی شکل جیسا بناتا ہوں اور اس میں پھونک مارتا ہوں۔ اس میں کاف اسمی ہے مِثْلُ کا ہم معنی اور فِيْهِ کی ضمیر کاف کی طرف راجع ہے (زمخشری فی الکشاف) اخفش اور فارسی وغیرہ كَ اسمی جارہ کے استعمال کو عموماً جائز قرار دیتے ہیں اور سیبویہ کے نزدیک ضرورۃً جائز ہے

(ج) كَ حرف غیر جار ایسا کاف، ۱ اسم اشارہ کے آخر میں آتا ہے ذَاكَ۔ ذٰلِكَ۔ تِلْكَ ۲ ضمیر منصوب منفصل کے آخر میں آتا ہے جیسے اِيَّاكَ ۳ اَرَاَيْتَكَ کے بعد متصل آتا ہے جیسے اَرَاَيْتَكَ (مجھے بتا) سیبویہ کے نزدیک اَرَاَيْتَكَ میں کاف حرف خطاب ہے اور تاء فاعل ہے۔ فراء کے قول پر کاف فاعل ہے اور تاء علامت خطاب ہے ۴ بعض اسماء افعال کے آخر میں آتا ہے جیسے حَيَّهَلْكَ۔ رُوَيْدَكَ۔ اَلنَّجَاءَكَ چوتھے نمبر کے علاوہ اول الذکر تینوں نمبر قرآن مجید میں مستعمل ہیں۔

(د) اسم غیر جار، یہ یا اسم مضمر منصوب ہوگا جیسے مَا وَدَّعَكَ یا ضمیر مجرور متصل جیسے رَبُّكَ۔

كَاتِبٌ: اسم فاعل مفرد مرفوع كُتَّابٌ جمع۔

Presented by Ziaraat.Com

کَتَبَ اور کِتَابَۃٌ مصدر (باب نصر) لکھنے والا۔ کاتب جاننے والے کو بھی کہتے ہیں، آیت میں اول معنی مراد ہیں کتب قرآن مجید میں مختلف معانی کے لئے مستعمل ہوا ہے۔ لکھنا، فرض کرنا۔ واجب کرنا۔ وحی بھیجنا۔ اندازہ کرنا۔ جما دینا، مقرر کرنا، حکم دینا، ارادہ کرنا وغیرہ مثلاً کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ، لِمَ کَتَبْتَ عَلَیْنَا الْقِتَالَ۔ مَا کَتَبْنَاهَا عَلَیْهِمْ، لَوْلَا اَنْ کَتَبَ اللّٰهُ عَلَیْهِمُ الْجَلَاءَ۔ کُتِبَ عَلَیْکُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَکُمُ الْمَوْتُ۔ ان سب آیات میں واجب کرنے اور فرض کرنے کے معنی ہیں کَتَبْنَا عَلَیْهِمْ فِیْهَا اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ میں وحی بھیجنے اور حکم دینے کے معنی ہیں لَنْ یُّصِیْبَنَا اِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰهُ لَنَا۔ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ میں مقرر کرنے اور مقدر کرنے کے معنی ہیں کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْاِیْمَانَ میں جما دینے کے معنی ہیں مزید تشریح کَتَبَ اور کِتَابٌ وغیرہ کے ذیل میں آئے گی۔ ۳/۷ تین جگہ

کَاتِبًا: اسم فاعل منصوب مفرد، لکھنے والے کو، ۳/۷

کَاتِبُوْنَ: جمع مذکر قیاسی مرفوع کَاتِبٌ واحد لکھنے والے، ثبت کر لینے والے جما رکھنے والے، (راغب) ۱۷/

کَاتِبِیْنَ: جمع مذکر قیاسی منصوب کَاتِبٌ واحد، لکھنے والے اعمالِ بشری کو لوحِ مقرر پر ثبت کر لینے والے، صحیفۂ اعمال میں درج کر لینے والے ۳۰/۷

کَادَ: ماضی واحد مذکر غائب کَوْدٌ مصدر (باب سَمِعَ) اصل میں کَوِدَ تھا، مَکَادٌ، مَکَادَۃٌ بھی مصدر ہیں (راغب) نَصَرَ اور سَمِعَ دونوں بابوں سے آتا ہے، سیبویہ کا قول ہے:

"میں نے ایک عرب کو کُدْتُ کہتے سنا (بزرگ) قُلْتُ، باب نصر، میں نے بعض لوگوں کو کَادَ کی جگہ کِدْتُ (فعل معروف) کہتے سنا جو اصل میں کَوِدَ تھا (باب سَمِعَ) واؤ کا کسرہ کاف کو دینے کے بعد واؤ کو یا سے بدل دیا۔" (قاموس)

کَادَ افعالِ مقاربہ میں سے ہے فعلِ مضارع پر داخل ہوتا ہے، اس کے بعد اَنْ بہت کم آتا ہے، راغب کے نزدیک سوا شعر کے اور جگہ کَادَ کی خبر پر اَنْ آتا ہی نہیں۔

کَادَ اگر بصورتِ اثبات مذکور ہو تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعد کو آنے والا فعل واقع نہیں ہوا قریب الوقوع ضرور تھا جیسے کَادَ یَزِیْغُ قُلُوْبُهُمْ ان کے دل کج نہیں ہوئے لیکن کجی کے قریب پہنچ گئے تھے۔

Presented by Ziaraat.Com

اگر بصورتِ نفی مذکور ہو تو معلوم ہوتا ہے کہ بعد کو آنے والا فعل واقع ہو گیا لیکن عدمِ وقوع کے قریب تھا جیسے مَا کَادُوْا یَفْعَلُوْنَ وہ (گائے ذبح) کو گزرے لیکن ذبح نہ کرنے کی حد تک پہنچ گئے تھے (مفصل) لیکن آیت لَمْ یَکَدْ یَرَاهَا میں یَکَدْ زائد ہے صرف وصلِ کلام کے لئے آیا ہے، قربِ نفی رؤیت اور وقوعِ رؤیت کے لئے مستعمل نہیں، اس جگہ مراد نفیِ رؤیت کا وقوع ہے (کشاف) کَوَدَّ کے معنی ارادہ اور خواہش بھی ہے، اخفش نے اس کے ثبوت میں یہ شعر پیش کیا تھا ؎

کَادَتْ وَکِدْتُ وَتِلْکَ خَیْرُ اِرَادَةٍ
لَوْ عَادَ مِنْ لَهْوِ الصَّبَابَةِ مَا مَضٰی

وہ بھی چاہتی ہے میں بھی چاہتا ہوں اور ہے بھی یہ بڑی اچھی تمنا کہ کاش گذشتہ نوجوانی کی دلفریبیاں لوٹ آئیں (لسان) قرآنِ مجید میں آیا ہے اَکَادُ اُخْفِیْهَا میں اس کو چھپانا چاہتا ہوں۔ (المفردات) ۱۱/۳

کَادَتْ: واحد مؤنث غائب۔ قریب تھا (کہ ظاہر کر دے) ۲/۴

کَادُوْا: جمع مذکر غائب ۹/۸ قریب تھے کہ مجھے قتل کر دیں ۱۵/۸ قریب تھے کہ تم کو بہکا لیں، دشواری میں ڈال دیں ۲۹/۱۱ قریب تھے کہ اس پر ہجوم کر لیں ۱/۸ قریب تھے کہ ذبح نہ کریں۔

کَادِحٌ: اسم فاعل واحد مذکر، کَدْحٌ مصدر و اسم مصدر (باب فتح) لفظِ کَدَحَ لازم بھی ہے اور متعدی بھی، اول صورت میں کوشش کرنے اور مشقت اٹھانے کے معنی ہوں گے کَدَحَ فِی الْعَمَلِ اس نے کام کرنے میں کوشش کی، مشقت اٹھائی۔ کَدَحَ لِعِیَالِهٖ اہل و عیال کے لئے کوشش کی، اگر متعدی ہو تو چھیلنے اور خراش پیدا کرنے کے معنی ہوں گے، کَدَحَ وَجْهَهٗ اس کے چہرے کو چھیل دیا، آیت میں اول معنی مراد ہے دوڑنے والا۔ کوشش کرنے والا۔ ۳/۹

کَاذِبٌ: اسم فاعل واحد مذکر کُذَّبٌ جمع، جھوٹا کِذْبٌ۔ کَذِبٌ۔ کُذْبٰی۔ کُذْبَانٌ۔ کَذَّابٌ اَکْذُوْبَةٌ۔ مَکْذَبَةٌ اور مَکْذُبَةٌ اسم مصدر و مصدر، جھوٹ (باب ضرب) اور جھوٹ بولنا صدق کی بحث میں امام راغب کا مفصل قول نقل کیا جا چکا ہے جس سے واضح ہو جاتا ہے کہ کذب قول میں بھی ہوتا ہے فعل میں بھی اور عقیدے میں بھی، کلام واقع کے مطابق نہ ہو تب بھی کاذب ہے اور عقیدے کے مطابق نہ ہو خواہ واقع کے مطابق ہو

Presented by Ziaraat.Com

تب بھی کاذب کہلایا جاسکتا ہے اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ لَکٰذِبُوْنَ میں اسی معنی کے لحاظ سے منافقوں کو کاذب قرار دیا۔ اگرچہ کلام واقع کے مطابق تھا کسی چیز کے عدمِ وقوع کو بھی کذب کہتے ہیں لَیْسَ لِوَقْعَتِہَا کَاذِبَۃٌ وقوعِ قیامت میں کوئی جھوٹ نہیں (راغب) کَذَبَ کے بعد عَلٰی آتا ہے تو کبھی وجوب کے معنی ہوتے ہیں جیسے کَذَبَ عَلَیْکَ الْغُسْلُ تم پر غسل واجب ہوگیا، حضرت عمر نے فرمایا تھا ثَلٰثَۃٌ اَسْفَارٍ کَذَبْنَ عَلَیْکُمُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَۃَ وَالْجِہَادَ تین سفر تم پر واجب ہیں حج، عمرہ، جہاد اور کبھی افترا اور بہتان کے معنی ہوتے ہیں جیسے مَنْ کَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا الحدیث جس نے مجھ پر قصداً جھوٹ باندھا (مجمع البحار وصحاح)

اگر کسی چیز کے التزام کا حکم دیا جائے تو ایسے موقع پر بھی محاورے میں کَذَبَ کا لفظ استعمال کر لیتے ہیں لیکن اس وقت کَذَبَ کے بعد عَلٰی نہیں آتا جیسے کَذَبَکَ الْعَسَلُ مشہد استعمال کرو ایک شخص نے حضرت عمر سے دردِ نقرس کی شکایت کی ارشاد فرمایا کَذَبَتْکَ الظَّہَائِرُ دوپہر کو پیادہ چلا کرو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں آیا ہے ارشادِ نبوی ہے فَیَوْمُ الْخَمِیْسِ وَالْاَحَدِ

کَذَّبَکَ جمعرات اور اتوار کو پچھنے لگوایا کرو (مجمع البحار)

تَکْذِیْبٌ (باب تفعیل) کے معنی میں جھوٹا قرار دینا، رُک جانا۔ دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ ٹوٹ جانا کَذَّبَ الْوَحْشِیُّ وحشی جانور بھاگتے بھاگتے ٹھیر گیا اور پیچھے کو دیکھنے لگا۔ کَذَّبَ عَنْ اَمْرِہٖ کام کے ارادے سے رک گیا اور لوٹ گیا۔ مَا کَذَّبَ عَنْ فِعْلٍ کام کرنے میں دیر نہیں کی، توقف نہیں کیا، جھوٹا قرار دینے والا بھی ماننے سے رک جاتا ہے لوٹ جاتا ہے آگے کی بجائے پیچھے کی طرف دیکھنے لگتا ہے تکذیب بمعنی اول متعدی ہے باقی لازم

اِکْذَابٌ (باب افعال) دروغ گو پانا، دروغ گوئی پر آمادہ کرنا، کسی کا جھوٹ ظاہر کرنا، جھوٹے ہونے کی خبر دینا۔

تَکَذُّبٌ (باب تفعّل) جھوٹا سمجھنا (قاموس، اقرب الموارد، بیضاوی، تفسیر احمدی، ابوسعود مع زیادۃ وحذف) ۱۲/۸ ۲۳/۱۵

کَاذِبًا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب، کَذَّبَ جمع، جھوٹا۔ ۲۴/۹

کَاذِبُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع نکرہ، کَاذِبٌ واحد، جھوٹے ۶/۹ ۱۰/۱۲ ۱۱/۲ ۱۴/۱۸ ۱۸/۵ ۱۹/۱۵ ۳۳/۹ ۳۳/۱۲

۲۸/۵ ۲۸/۱۳ عقیدے کے خلاف کہنے والے جھوٹے

Presented by Ziaraat.Com

اَلْكَاذِبُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع معرفہ
اَلْكَاذِبُ واحد، جھوٹے۔ ب ۱۴/۲ ۱۸/۸

كَاذِبِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر نکرہ بحالتِ نصب وجر
كَاذِبٌ واحد۔ جھوٹے۔ ب ۱۲/۳ ۱۳/۳ ۱۴/۱۱

اَلْكَاذِبِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر معرفہ بحالتِ نصب وجر
اَلْكَاذِبُ واحد، جھوٹے، ب ۳/۱۴ ۵/۱۶ ۱۰/۱۳ ۱۲/۱۳ ۱۵/۷ ۱۹/۱۴ ۱۹/۱۷

كَاذِبَةٌ: اسم فاعل واحد مؤنث نکرہ بمعنی حاصل مصدر
جھوٹ۔ ب ۱۷/۱۴ ۲۰/۱۳/۷

كَاذِبَةٍ: اسم فاعل واحد مؤنث نکرہ، بمعنی فاعل
جھوٹی۔ ب ۳۰/۲۱۔

كَارِهُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالتِ رفع مدل سے
نفرت کرنے والے۔ کراہت کرنے والے، بیزار
كُرْهٌ۔ كُرْهٌ۔ كَرَاهَةٌ۔ كَرَاهِيَةٌ۔ مَكْرُوْهَةٌ۔
مَكْرُوْهَةٌ مصدر و حاصل مصدر، كَرِهَ ماضی، باب
سَمِعَ سے متعدی ہے، مفعول کی ضرورت ہے ناپسند
کیا، كَرُهَ ماضی، باب نَصَرَ سے لازم ہے ناپسند ہوا
(تاج المصادر و قاموس) كَرِهَ اور كَرُهَ دونوں ہم معنی
ہیں، ناخوشی۔ ناپسندیدگی یا دونوں میں یہ فرق ہے
کہ جس چیز کو دل گوارہ نہ کرے اور خود بخود بیرونی
دباؤ کے بغیر آدمی امر ناگوار کو برداشت کر رہا ہو
تو ایسی کراہت کو كُرْهٌ کہتے ہیں اور اگر بیرونی
دباؤ سے مجبور ہو کر امرِ ناگوار کو برداشت کر رہا ہو تو
ایسی ناگواری کو كُرْهٌ کہتے ہیں گویا جابر کے جبر سے
كُرْهٌ پیدا ہوتا ہے اور دلی نفرت سے كُرْهٌ۔
(المفردات و قاموس)
کراہت طبعی بھی ہوتی ہے اور عقلی بھی اور شرعی
بھی، ہو سکتا ہے کہ کسی چیز سے طبعی کراہت ہو لیکن
اس میں عقلی یا شرعی کراہت نہ ہو جیسے عموماً احکامِ
شرع، ناخن غافل قلب رکھنے والوں کے لئے یا
عقلی اور شرعی کراہت ہو اور طبعی کراہت نہ ہو جیسے
ممنوعہ لذائذِ دنیا اہلِ دنیا کے لئے۔ كَارِهُوْنَ
سے ہر آیت میں طبعی نفرت کرنے والے ہی مراد
ہیں۔ ب ۹/۱۵ ۱۰/۱۴ ۱۲/۳ ۱۸/۴ ۲۵/۱۳

كَارِهِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب كَارِهٌ واحد
دل سے نفرت کرنیوالے۔ برا جاننے والے۔ ب ۹/۱

كَاْسًا: مفرد مؤنث سماعی، حالتِ نصب اَكْوَابٌ
كُوْبٌ۔ كِيَاسٌ۔ كُؤُسَاتٌ جمع، شراب یا شربت
سے بھرا ہوا پیالہ۔ گلاس، اصل لغت کے اعتبار سے
اگر جام میں شراب یا شربت نہ ہو تو اس کو كَاْسٌ
نہیں کہا جاتا بلکہ كُوْبٌ یا اِبْرِيْقٌ کہا جاتا ہے لیکن
توسیع استعمال کے بعد كَاْسٌ کا اطلاق دونوں
چیزوں پر ہونے لگا، ظرف پر بھی اور مظروف پر بھی،

Presented by Ziaraat.Com

(راغب) آیات میں شراب مراد ہے۔ ۲۷/۳ ۲۹/۱۹

کَاْسٍ: مفرد مجرور، جام شراب، شراب، شراب سے بھرا ہوا جام۔ آیات میں شراب مراد ہے، ۲۳/۶ ۲۷/۱۴ ۲۹/۱۹

(لَا) کَاشِفَ: اسم فاعل مفرد مذکر، کَاشِفُوْنَ اور کَاشِفِیْنَ جمع قیاسی، کوئی ضرر کو دفع کرنے والا نہیں، کَشْفٌ کھولنا، ظاہر کرنا، برہنہ کرنا، ضرر کو دفع کرنا۔ (باب ضرب) آیت میں آخری معنی مراد ہے یہ باب متعدی ہے لیکن باب سَمِعَ سے لازم ہے جس کا معنی ہے شکست کھانا۔ ۱۱/۸ ۱۱/۱۶

کَاشِفَاتُ: جمع مؤنث مضاف، کَاشِفَۃٌ مفرد (ضرر کو) دفع کرنے والیاں۔ ۲۴/۱

کَاشِفُوْا (الْعَذَابِ) جمع مذکر قیاسی مضاف مرفوع اَلْعَذَاب مضاف الیہ۔ کَاشِفٌ مفرد۔ اصل میں کَاشِفُوْنَ تھا، اضافت کی وجہ سے نون اعرابی گرا دیا گیا (عذاب کو) دور کرنیوالے۔ دفع کرنیوالے۔ ۲۵/۱۴

کَاشِفَۃٌ: اسم فاعل مفرد مؤنث، کَاشِفَاتٌ جمع، کھولنے والی حالت یا شخصیت یعنی کوئی حالت یا شخصیت قیامت کے چہرے سے پردہ نہیں اٹھا سکتی اور نہیں بتا سکتی کہ اس کی حقیقت کیا ہے اور کب آئیگی (جلالین وصاوی) یا اس کے شدائد کو کوئی دور نہیں کر سکتا (صاوی وجمل) کَاشِفَۃٌ بمعنی مصدری (کشف) بھی مستعمل ہے (قاموس) اگر آیت میں بمعنی مصدر قرار دیا جائے تو یہ معنی ہوں گے کہ اللہ کے علاوہ کسی کی طرف سے قیامت کا کشف نہیں ہو سکتا۔ (جمل) ۲۷/۷

اَلْکَاظِمِیْنَ: جمع مذکر قیاسی معرفہ حالت نصب اَلْکَاظِمُ مفرد کَظْمٌ اور کَظْمٌ مصدر (باب ضرب) غصہ روکنے والے، غصہ پی جانیوالے۔ کَظْمٌ کے اصل معنی ہیں سانس رکنا۔ اس سے مراد ہوتا ہے خاموش ہونا۔ بَعِیْرٌ کَاظِمٌ اور اِبِلٌ کَظُوْمٌ وہ اونٹ جس نے جگالی کرنی چھوڑ دی ہو کَظَمَ السِّقَاءَ پانی بھر کر مشک کا منہ باندھ دیا کَظَمَ الْبَابَ دروازے میں قفل لگا دیا کَظَمَ النَّہْرَ نہر کا منہ بند کر دیا کَظَمَ الْخَوْخَۃَ کھڑکی یا روزن بند کر دیا کَظَمَ الرَّجُلُ وہ آدمی خاموش ہو گیا۔ کَظْمٌ سانس کے نکلنے کا راستہ (المفردات وقاموس) ۴۳/۵

کَاظِمِیْنَ: جمع مذکر نکرہ منصوب غصہ پی جانے والے، غصہ کو ضبط کرنے والے، ۲۴/۷

کَافِرٌ: اسم فاعل مذکر مفرد نکرہ۔ کَفَرَۃٌ اور کُفَّارٌ جمع۔ کُفْرٌ مادہ۔ کفر کے لغوی معنی کُفْرٌ۔ کُفْرَانٌ اور کُفُوْرٌ کا فرق (المفردات سے) کفر شرعی کی حقیقت اور اس کے اقسام (مجالس الابرار سے)

Presented by Ziaraat.Com

نقل کرکے اَکْفُرُ، تَکْفُرُ اور تَکْفُرُوْا کے ذیل میں لکھے جا چکے ہیں، یہاں صرف اتنی بات جان لینا چاہیے کہ کافر کافرِ نعمت (ناشکرا) کو بھی کہتے ہیں اور کافرِ دین کو بھی، کافرِ دین میں کافرِ التزامی بھی داخل ہے اور کافرِ لزومی بھی، کفرِ حقیقی کو بھی یہ لفظ حاوی ہے اور کفرِ تنبیہی کو بھی، لیکن ان آیات میں کافرِ دین حقیقی التزامی مراد ہے یعنی منکرِ شریعت و نبوت۔

اگرچہ وضع لغوی کے اعتبار سے کافرِ دین ہو یا کافرِ نعمت، دونوں کی جمع کَفَرَۃٌ بھی آتی ہے اور کُفَّارٌ بھی لیکن قرآنی استعمال میں بیشتر کُفَّار سے منکرِ دین اور کَفَرَۃٌ سے کافرانِ نعمت مراد ہوتے ہیں (صرح بہ الراغب) البتہ آیت یُعْجِبُ الْکُفَّارَ میں (بعض اہلِ تحقیق کی نظر میں) کاشتکار مراد ہیں، کیونکہ لہلہاتا سبزہ اور شاداب سرسبز کھیت اس کے لئے دلآویز ہوتے ہیں۔ یہ دلفریبی کافر ہی کے ساتھ مخصوص نہیں ہے، مسلمان کاشتکار بھی اپنی کھیتی کو ہرا بھرا دیکھ کر باغ باغ ہوتا ہے۔ ب ۲ / ۱۱ / ۲۸ / ۱۵

کَافِرِیْنَ: اسم فاعل مذکر مجرور نکرہ منکرِ دین کافرِ شریعت و نبوت۔ ب ۱ / ۵

اَلْکَافِرُ: اسم فاعل مذکر مرفوع معرفہ، منکرِ دین، کافرِ اسلام۔ ب ۳ / ۱۹ / ۳۰ / ۲

اَلْکَافِرُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر معرفہ، حالتِ رفع، الکافر مفرد، شریعت و نبوت یا توحیدِ الوہیت کو نہ ماننے والے۔ ب ۲ / ۳ ب ۶ / ۱۱ ب ۱۰ / ۱۱ ب ۱۱ / ۶ ب ۱۲ / ۴ ب ۲۰ / ۱۱ ب ۲۱ / ۱

ب ۱۳ / ۱۰ ب ۲۴ / ۱۴، ۷ ب ۲۶ / ۱۵ ب ۲۷ / ۸ ب ۲۸ / ۹ ب ۲۹ / ۱۵، ۲ ب ۳۰ / ۳۴

کَافِرُوْنَ: جمع مذکر مرفوع نکرہ، کافرٌ واحد، شریعت، نبوت اور وحدتِ الوہیت کا انکار کرنیوالے

ب ۸ / ۱۷، ۱۲ ب ۱۰ / ۱۷، ۱۳ ب ۱۱ / ۵ ب ۱۲ / ۱۵، ۲ ب ۱۷ / ۳ ب ۲۰ / ۸ ب ۲۱ / ۱۴، ۴

ب ۲۲ / ۱۰ ب ۲۴ / ۱۶، ۱۵، ۸ ب ۲۵ / ۹، ۸۔

کَافِرِیْنَ: جمع مذکر منصوب و مجرور نکرہ کافر واحد دینی کافر، ب ۱ / ۴ ب ۷ / ۱۶، ۴، ۳ ب ۸ / ۱۱، ۳ ب ۹ / ۱ ب ۱۹ / ۸ ب ۲۰ / ۵

ب ۲۶ / ۱۔

اَلْکَافِرِیْنَ: جمع مذکر منصوب و مجرور معرفہ اَلْکَافِرُ واحد، دینی کافر۔ ب ۱ / ۲، ۳ ب ۱ / ۱۱، ۱۲، ۱۳ ب ۲ / ۸، ۷ ب ۳ / ۴، ۸، ۱۱، ۱۲

ب ۴ / ۶، ۵ ب ۵ / ۱۸، ۱۷، ۱۲ ب ۶ / ۱۴، ۱۲، ۲، ۱ ب ۸ / ۱۳، ۲ ب ۹ / ۱۶، ۱۵، ۳

ب ۱۰ / ۷، ۱ ب ۱۱ / ۱۳، ۱۴ ب ۱۲ / ۴ ب ۱۳ / ۱۳، ۸، ۱۱ ب ۱۴ / ۲۰، ۱۰ ب ۱۵ / ۱

ب ۱۶ / ۹، ۳، ۲ ب ۱۷ / ۱۳ ب ۱۹ / ۶، ۳ ب ۲۰ / ۱۲ ب ۲۱ / ۱۷، ۸، ۳، ۲ ب ۲۲ / ۱۷، ۵، ۳

ب ۲۳ / ۱۴، ۴ ب ۲۴ / ۱۳، ۱۰، ۸، ۵، ۱ ب ۲۵ / ۱۰، ۵ ب ۲۸ / ۱

ب ۲۹ / ۱۹، ۱۵، ۱۰، ۷، ۶، ۲ ب ۳۰ / ۱۱

کَافِرَۃٌ: اسم فاعل مفرد مؤنث نکرہ، کافرات و کوافر جمع، شریعت و نبوت اور وحدتِ الوہیت کا انکار کرنیوالی (جماعت) ب ۳ / ۱۰

Presented by Ziaraat.Com

کَافُوْرًا: ہر قسم کا شگوفہ جو پھل کے دانوں کو اپنے اندر چھپائے ہوتا ہے، ایک خوشبودار گھاس جس کا پھول بالونہ کی طرح ہوتا ہے، ایک بہت بڑے درخت کا گوند بھی ہوتا ہے، بحرِ ہند کے بعض جزیروں میں کافور کا درخت پیدا ہوتا ہے، ہمیشہ سرسبز رہتا ہے، خزاں سے محفوظ، پھل نہیں آتا، لکڑی کا رنگ سفید ہوتا ہے، رباحی، قیصوری اور مولی تین قسم کا کافور ہوتا ہے، اول کا رنگ سفید مائل بہ سرخی ہوتا ہے، اوسطاً بہت سفید صاف ہوتا ہے۔ آخر الذکر ردّی قسم ہے، لکڑی کو جوش دیکر عرق کو جما لیتے ہیں، اس کا رنگ بھی میلا ہوتا ہے، صاحبِ معجم القرآن نے لکھا ہے کہ درخت کافور سے رِس کر سفید شفاف تیز خوشبودار تلخ مادہ نکل کر جم جاتا ہے، اس کو کافور کہتے ہیں۔ عرب گرم ملک کے رہنے والے کافور کی خوشبو صفائی اور خنکی کو بہت پسند کرتے ہیں، آیت میں سرد لطیف شفاف پانی مراد ہے۔

کَافَّۃً: اسم فاعل مفرد مؤنث منصوب، کَافٌّ مذکر کَافَّاتٌ جمع، کَفٌّ مادہ و مصدر، دفع کرنا، یا اسم فاعل مفرد مذکر منصوب اور تاء علامتِ مبالغہ، یہ تنقیح لفظی ساخت کی ہے، استعمال میں کَافَّۃً ہمیشہ حال منصوب اور نکرہ ہوتا ہے جس کے معنی ہیں سب کے سب پورے پورے، آیت ۲۸/۳۴ میں یہی ترجمہ ہے آیت ۹/۳۶ میں دو طرح مطلب بیان کیا گیا ہے ۱ دفع کرنے والے، یعنی اسلام میں داخل ہو جاؤ دشمنوں کو دفع کرتے ہوئے، ۲ پورے پورے۔ اسی طرح آیت ۳۶/۱۱ کا مطلب دو طرح ہے، ۱ مشرکوں کو دفع کرتے ہوئے لڑو جس طرح وہ تم کو دفع کرتے ہوئے لڑتے ہیں۔ یہ مطلب ضعیف ہے اگرچہ بعض نے لکھا ہے ۲ سب مشرکوں سے (ہر جگہ ہر حال میں) لڑو جس طرح وہ تم سے (ہر حال میں ہر جگہ) لڑتے ہیں (نہ حدودِ حرم کا لحاظ کرتے ہیں نہ ماہِ حرام کا) آیت ۲۲/۹ کا ایک مطلب تو ظاہر ہی ہے جو عام اہلِ تفسیر نے لکھا ہے اور یہ بھی ایسا صحیح کہ کسی عالم نے اس کی تغلیط نہیں کی یعنی سب لوگوں کے لئے بشیر و نذیر بنا کر ہم نے آپ کو بھیجا ہے۔ دوسرا مطلب یہ بھی امام راغب نے لکھا ہے کہ ہم نے آپ کو لوگوں کے لئے گناہوں سے روکنے والا بنا کر بھیجا ہے، اس صورت میں کَافَّۃً اسم فاعل مذکر ہوگا اور تاء مبالغہ کے لئے ہوگی (المفردات)

کَافٍ: اسم فاعل واحد مذکر، کُفَاۃٌ جمع۔ کَفٰی یَکْفِیْ ماضی مضارع، کِفَایَۃٌ مصدر (باب ضرب) اصل میں کافی تھا۔ بس۔ پورا حاجت روا۔ ایسا کام پورا

کرنے والا کہ اس کے بعد کسی دوسرے کی ضرورت نہ رہے اگرچہ اس کی جمع آتی ہے لیکن بصورتِ واحد اس کو تثنیہ اور جمع کے لئے استعمال کیا جاتا ہے رَجُلٌ کَافِیْکَ۔ رَجُلَانِ کَافِیْکَ۔ رِجَالٌ کَافِیْکَ، تینوں صورتوں میں لفظِ کافی میں کوئی فرق نہیں آتا۔ (تاج و قاموس) ۲۴/۱

کَالِحُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع۔ کَالِحٌ واحد، کَلَحٌ ماضی، کُلُوْحٌ و کُلُوْحٌ مصدر، باب فتح، منہ بگاڑنے والے۔ منہ بنا کر دانت نکال دینے والے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا کَالِحٌ وہ شخص ہے جو ہونٹوں کو سکیڑ کر دانت باہر نکال دے۔ کَلُوْحٌ منہ کے گول حلقے کو کہتے ہیں اسی لئے اشتقاق کیا گیا ہے دَھْرٌ کَالِحٌ سخت زمانہ اِکْلَاحٌ (بابِ افعال) کسی کو ترش رو بنا دینا اور خود ترش رو ہو جانا، لازم بھی ہے اور متعدی بھی۔ ۱۸/۶

کَالُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، کَیْلٌ مصدر متعدی (باب ضرب) (جب پیمانے سے ناپ کر دیتے ہیں۔ اس آیت میں مفعول محذوف ہے اور ھُمْ سے پہلے لام مقدر ہے، اصل میں لَھُمْ تھا یعنی جب کوئی چیز (غلہ وغیرہ) لوگوں کو پیمانے سے ناپ کر دیتے ہیں۔ اِکْتِیَالٌ (افتعال) ناپ کر لے لینا اِکْتَالَ عَلَیْہِ پیمانے سے ناپ کر اس سے لے لیا۔ ۳۰/۸

کَامِلَۃٌ: اسم فاعل واحد مؤنث مرفوع، کَامِلٌ مذکر، کمال کسی چیز کا پورا ہونا، ناقص نہ ہونا (نصر و کرم و سمع) یعنی قربانی کی جگہ پورے دس روزے ہوتے ہیں اس سے کم نہیں (راغب) ۲/۸

کَامِلَۃً: اسم فاعل واحد مؤنث منصوب پورا یعنی اپنے اعمال کا پورا بوجھ اٹھائیں گے۔ ۱۴/۹

کَامِلَیْنِ: اسم فاعل تثنیہ مذکر منصوب، کَامِلٌ مفرد (دو سال) پورے۔ ۲/۱۴

کَانَ: فعل ماضی، یَکُوْنُ مضارع، کَوْنٌ مصدر، (باب نصر) کَانَ فعل ناقص بھی ہے اور فعل تام بھی، فعل ناقص اپنے بعد دو اسموں کو لانا چاہتا ہے ایک مرفوع یعنی کَانَ کا اسم، دوسرا منصوب یعنی کان کی خبر، فعلِ تام خبر کو نہیں چاہتا بلکہ اس کے معنی تنہا اسم (یعنی فاعل) کو ذکر کرنے سے پورا ہو جاتا ہے، مؤخر الذکر (فعلِ تام) مندرجہ ذیل معانی کے لئے مستعمل ہے:

۱ بمعنی ثَبَتَ: کَانَ اللّٰہُ وَلَا شَیْءَ مَعَہُ اللّٰہ موجود تھا، اس وقت کوئی چیز بھی نہ تھی۔

۲ بمعنی حَدَثَ۔

Presented by Ziaraat.Com

إِذَا كَانَ الشِّتَاءُ وَأَدْفِئُونِي
فَإِنَّ الشَّيْخَ يُهْدِمُهُ الشِّتَاءُ

جب سردی کا موسم پیدا ہو جائے تو مجھے گرم کپڑے پہنانا، بوڑھے کو جاڑا ہلاک کر دیتا ہے۔

۳ بمعنی حضر و وجد: وَإِنْ كَانَ ذُو عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلَى مَيْسَرَةٍ اگر کوئی تنگدست ہو تو فراخ دست ہونے تک اس کو مہلت دی جائے۔

۴ بمعنی وقع: مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ اللہ جو کچھ چاہتا ہے وہی واقع ہوتا ہے۔

اول الذکر (فعل ناقص) معانی ذیل کے لئے مستعمل ہے

۱ دوام: یعنی ماضی حال استقبال بلکہ ماورا زمانہ کو بھی حاوی ہوتا ہے ایسے معنی اللہ کی ازلی صفات کے بیان کرنے کے موقع پر ہوتے ہیں كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا اللہ ہر چیز سے ازلاً ابداً خوب واقف ہے كَانَ اللّٰهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرًا اللہ کی ازلی ابدی قدرت ہر چیز کو محیط ہے۔

۲ لزوم غیر منفک: مگر ازلی ابدی نہ ہو بلکہ حادث ہو۔ ایسے معنی شیطان کی کسی صفت کو بیان کرنے کے وقت ہوتے ہیں كَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهِ كَفُورًا شیطان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے، كَانَ الشَّيْطَانُ لِلْإِنْسَانِ خَذُولًا شیطان انسان کو بے سہارا چھوڑنے والا ہے یا کسی امر ناحق کی حالت بیان کرنے کے وقت ہوتے ہیں إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا بلاشبہ امر باطل مٹنے والا ہے۔

۳ لزوم اکثری: ایسے معنی اس وقت ہوتے ہیں جب کسی انسان وغیرہ کی کسی موجودہ حالت کو بیان کیا جائے كَانَ الْإِنْسَانُ كَفُورًا (اکثر) انسان ناشکرے ہیں كَانَ الْإِنْسَانُ قَتُورًا (اکثر) انسان بخیل ہیں۔

۴ ماضی مطلق: إِنَّ إِبْرَاهِيمَ كَانَ أُمَّةً بلاشبہ ابراہیم ہادی تھے۔

۵ ماضی بعید: كَانَ النَّاسُ أُمَّةً پہلے لوگ ایک ہی گروہ تھے۔

۶ ماضی قریب: كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا ہم کیسے گفتگو کریں اس سے جو ایک سیکنڈ پہلے جھولے میں بچہ تھا (راغب) بعض لوگوں کے نزدیک اس جگہ كَانَ بمعنی حال ہے مطلب یہ کہ جو جھولنے میں ابھی تک بچہ ہے اس سے ہم کیسے بات کریں اکثر مفسرین کا یہی قول ہے بعض نے اس جگہ كَانَ کو زائد اور بعض نے بمعنی وقع کے قرار دیا ہے (قاموس واقرب الموارد)

۷ ماضی استمراری: جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ دنیا

میں عمر بھر جو کام کیا کرتے تھے اس کی سزا۔ اس وقت کان کا مضارع پر داخل ہونا ضروری ہے بعض علماء نے اس آیت میں کان کو زائد قرار دیا ہے۔

۸ ماضی غیر منقطع: جو حال کو بھی شامل ہے کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ ای فی علم اللہ، تم (اللہ کے علم میں پہلے ہی سے) بہترین امت تھے اور اب بھی (راغب) اکثر مفسرین نے اس آیت میں کان کو بمعنی حال لکھا ہے۔

۹ بمعنی استقبال: یَوْمًا کَانَ شَرُّہٗ مُسْتَطِیْرًا وہ دن جس میں شر عمومی ہوگا (قیامت کا دن)

۱۰ انتقال حالت اور تغیر صفت کے لئے۔ کَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ ابلیس نے انکار اور تکبر کیا اور کافروں میں سے ہوگیا۔

۱۱ قدرت اور طاقت: مَا کَانَ لَکُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَہَا اس کا درخت اگانے کی تم میں طاقت نہیں ہے تم کو قدرت نہیں ہے۔

۱۲ جواز: مَا کَانَ لِیْ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَیْسَ لِیْ بِحَقٍّ جس بات کا مجھے حق نہ تھا اس کا کہنا میرے لئے جائز نہیں۔

۱۳ محض تاکید: مَا کَانَ یَنْۢبَغِیْ لَنَا ہمارے لئے سزاوار نہیں، جو مفہوم کان کا ہے وہی یَنْۢبَغِیْ کا، اس لئے کان زائد ہے اور صرف تاکید کے لئے مفید ہے۔

۱
۴ر۹ر۱۲ر۱۳ر۱۴ر۱۶

۲
۱ر۵ر۷ر۸ر۱۰ر۱۴

۳
۶ر۷ر۱۰ر۱۵ر۱۶

۴
۱ر۳ر۵ر۶ر۷ر۸ر۹ر۱۲ر۱۳ر۱۴ر۱۵

۵
۱ر۲ر۳ر۴ر۵ر۶ر۷ر۸ر۱۰ر۱۲ر۱۳ر۱۴ر۱۵ر۱۶ر۱۷ر۱۸

۶ ۷ ۸
۱ر۲ر۳ ۴ر۸ر۱۰ ۲ر۳ر۶ر۷ر۸ر۱۰ر۱۶ر۱۷ر۱۸

۹
۳ر۶ر۱۲ر۱۸

۱۰
۱ر۵ر۹ر۱۲ر۱۵

۱۱
۳ر۴ر۶ر۷ر۹ر۱۰ر۱۳ر۱۵

۱۲
۱ر۲ر۳ر۴ر۱۰ر۱۲ر۱۳ر۱۵

۱۳
۲ر۳ر۶ر۱۱ر۱۲ر۱۴ر۱۶ر۱۹

۵ر۱۱ر۱۳

۱۵
۱ر۲ر۳ر۴ر۵ر۶ر۷ر۸ر۹ر۱۰ر۱۱ر۱۲ر۱۶ر۱۷ر۱۸ر۱۹ر۲۰

۱۶
۱ر۲ر۳ر۴ر۵ر۶ر۷ر۸ر۱۷

۱۷
۲ر۴ر۷ر۹ر۱۳

۱۸
۵ر۶ر۷ر۱۳ر۱۶ر۱۷

۱۹
۱ر۳ر۴ر۵ر۸ر۹ر۱۰ر۱۱ر۱۲ر۱۳ر۱۴ر۱۶ر۱۷ر۱۹

۲۰
۱ر۲ر۴ر۷ر۹ر۱۰ر۱۱ر۱۳ر۱۵ر۱۶

۲۲
۱ر۲ر۳ر۴ر۵ر۶ر۸ر۱۱ر۱۴ر۱۵ر۱۷

۲۳
۴ر۶ر۹ر۱۴ر۱۵

۲۴
۶ر۸ر۱۳ر۱۴

۲۵
۱ر۴ر۶ر۸ر۱۰ر۱۳ر۱۵ر۱۹

۲۶
۱ر۲ر۵ر۶ر۷ر۹ر۱۰ر۱۱ر۱۳ر۱۶ر۱۷

۲۷
۱ر۵ر۸ر۹ر۱۶

۲۸
۴ر۵ر۷ر۱۷ر۱۸

۲۹
۲ر۳ر۵ر۷ر۹ر۱۱ر۱۳ر۱۵ر۱۸ر۱۹ر۲۰ر۲۱

۳۰
۱ر۹ر۱۵ر۲۱ر۳۵

کَانَا: تثنیہ مذکر غائب ماضی وہ دونوں تھے: ۱/۴ ۶/۱۲

Presented by Ziaraat.Com

کَانَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی، یاد رکھو کہ عربی میں واحد مؤنث کا ترجمہ کبھی جمع مؤنث کا اور کبھی جمع مذکر کا ہوتا ہے اس لئے ذیل میں ترجمہ جدا جدا ہے شرط وغیرہ کے موقع پر ماضی بمعنی مضارع ہو جاتی ہے اس لئے ذیل میں ترجمہ کے اندر ماضی و مضارع کا اختلاف ہے۔ جو چیز آئندہ یقینی آنے والی ہے مثلاً قیامت، جنت، جنت کی نعمتیں، دوزخ، دوزخ کی تکلیفیں قرآن مجید نے اس کی تعبیر کبھی ماضی سے کی ہے، گویا وہ آچکی مگر ہم نے ترجمہ میں زمانے کے اختلاف کو نظر کے سامنے رکھا ہے۔ ب ۱/۱۱ ب ۲/۱ ب ۴/۱۳ ب ۵/۱۲ ب ۱۶/۴ ب ۲۸/۷ ہے۔ ب ۸/۱۷ ب ۹/۱۱ ب ۱۴/۲۱ ب ۱۶/۵ ب ۱۷/۵ ب ۱۹/۱۸ ب ۲۰/۱۶ ب ۲۳/۲۱ ب ۲۸/۲۰ تھی۔ ب ۱۶/۲ ب ۱۸/۴ تھیں۔ ب ۲۴/۸ ب ۲۸/۱۵ تھے۔ ب ۲۷/۱۲ ب ۳۰/۱ ہو جائے گا۔ ب ۱۱/۵ ہوئی (بمعنے حدثت) ب ۲۷/۱۴ ب ۲۹/۱۳ ب ۳۰/۱ ہو جائیں گے۔ ب ۲۹/۱۹ ہونگے ب ۱۸/۱۷ ہو گی۔ ب ۲۹/۵ ہوتی۔

کَانَتَا: تثنیہ مؤنث غائب ماضی (ہم ۲۸) ہوں، ب ۱۷/۳ تھے۔ ب ۲۸/۲ تھیں۔

کَانُوْا: جمع مذکر غائب ماضی تھے۔ ہیں۔ ہوتے۔ (بصورتِ تمنا یا بمقام شرط)

۱	۲	۳	۴	۵
۲ر۶ر۷ر۱۱ر۱۲ر۱۴ر۱۶	ب ۱/۱	ب ۲/۱	ب ۳/۱۱	ب ۴/۱۳ و ۸	ب ۵/۱۲

۶	۷
۴ر۷ر۱۱ر۱۳ر۱۵	۷ر۹ر۱۱ر۱۴ر۱۶ر۱۹

۸
۱ر۲ر۳ر۵ر۸ر۱۱ر۱۳ر۱۵ر۱۶

۹
۱و۲ر۳و۴ر۶و۷ر۸ر۱۰ر۱۱ر۱۲ر۹۸

۱۰	۱۱
۳ر۸ر۴ر۱۵ر۱۶ر۱۷	۱ر۳ر۴ر۶ر۷ر۸ر۱۰ر۱۱ر۱۲ر۱۳

۱۱/۱۵	۱۲	۱۳/۱۵
	۱ر۲ر۴ر۷ر۱۰ر۱۲	۱ و ۸

۱۴
۱ر۵ر۶ر۱۰ر۱۱ر۱۲ر۱۸ر۱۹ر۲۱ر۲۲

۱۵/۳ر۱۲	۱۶/۲	۱۷/۱ر۳ر۵ر۶	۱۸/۳ر۹ر۱۵ر۱۷

۱۹	۲۰
۲ر۵ر۷ر۱۰ر۱۵ر۱۶ر۱۹	۲ر۴ر۷ر۱۰ر۱۲ر۱۳ر۱۶

۲۱	۲۲
۲ر۴ر۵ر۷ر۸ر۹ر۱۵ر۱۶ر۱۸	۸ر۱۰ر۱۱ر۱۲ر۱۷

۲۳	۲۴
۱و۲ر۳ر۶ر۸ر۹ر۱۷	۱ر۲ر۸ر۱۴ر۱۶ر۱۷ر۱۸

۲۵	۲۶
۱ر۷ر۱۱ر۱۳ر۱۴ر۱۵ر۱۸ر۲۰	۱و۳ر۴ر۱۰ر۱۱ر۱۸۰

۲۷	۲۸	۲۹	۳۰
۱ر۴ر۷ر۹ر۱۴ر۱۵	۲و۳ر۱۱ر۱۳	۳ر۸ر۱۱ر۱۲	۱ر۸

کَاَنَّ: حرف مشابہ بفعل۔ اس کا اسم منصوب اور خبر مرفوع ہوتا ہے۔ اگر دونوں چیزوں میں گہری مشابہت ہوتی ہے تو اس حرف کو پہلی چیز (مشبہ) پر لاکر شدت مشابہت کو ظاہر کیا جاتا ہے حرفِ تشبیہ ہمیشہ مشبہ بہ پر آتا ہے اس لئے کَاَنَّ کا مقام بھی مشبہ بہ ہی تھا کَاَنَّ زَیْدًا اَسَدٌ اِنَّ زَیْدًا کَالْاَسَدِ تھا۔

کَاَنَّ حرفِ مرکب ہے کَ اور اَنَّ سے ابن ہشام اور ابن الخباز نے اس کو اہلِ ادب کا اجتماعی

کہا ہے اس میں کاف حرفِ جر ہے اور بعد کو آنے والا کلام محل مجرور میں ہوتا ہے لیکن بقول ابن جنی باوجود حرف ہونے کے اس کا تعلق کسی سے نہیں ہوتا۔ ابو الحسن نے بھی اسی کی تائید کی ہے۔ کَاَنَّ چار معانی کے لئے مستعمل ہے۔

۱ عموماً تشبیہ کے لئے بکثرت یہی استعمال ہے اور قرآن مجید میں بھی صرف اسی معنی کیلئے استعمال کیا گیا ہے۔ ابن السید البطلیوسی نے کہا اگر کَاَنَّ تشبیہ کے لئے ہو تو خبر کا جامد ہونا ضروری ہے جیسے کَاَنَّہٗ ھُوَ اگر خبر جامد نہ ہو مشتق ہو یا کچھ اور جیسے کَاَنَّ زَیْدًا فِی الدَّارِ یا کَاَنَّ زَیْدًا یَقُوْمُ یا کَاَنَّ زَیْدًا قَائِمٌ تو تشبیہ کے لئے نہ ہوگا، ظن کے لئے ہوگا جو متکلم کے گمان کو ظاہر کرے گا۔

۲ شک اور ظن کو ظاہر کرنے کے لئے یعنی متکلم اپنا گمان ظاہر کرنا چاہتا ہے جیسے کَاَنَّکَ بِالشِّتَاءِ مُقْبِلٌ میرا گمان ہے کہ تم جاڑا ساتھ لیکر آؤ گے یعنی سردی کے زمانے میں آؤ گے (ہکذا قال ابن الانباری)

۳ تحقیق کے لئے جیسے کَاَنَّ الْاَمْرَ عَنْ لَیْسَ بِھَا ھِشَامٌ یعنی اِنَّ الْاَمْرَ لَیْسَ بِھَا ھِشَامٌ (ہکذا قال الزجاج واہل الکوفۃ)

۴ تقریب کے لئے کَاَنَّکَ بِالدُّنْیَا لَمْ تَکُنْ عنقریب تم دنیا سے چلے جاؤ گے گویا دنیا میں موجود ہی نہیں ہو۔ ب ۲۱ (نوٹ) (مغنی اللبیب و مفصل)

کَاَنَّمَا: کَاَنَّ حرف مشبہ بفعل، مَا زائدہ کافہ مَا کے آنے سے کوئی فرق پیدا نہیں ہوتا البتہ کَاَنَّ کا لفظی تصرف باطل ہو جاتا ہے اس وقت یہ اپنے مابعد کو نہ منصوب کر سکتا ہے مرفوع ۶/۹ ۸/۲ ۹/۱۵ ۱۱/۸ ۱۷/۱۱

کَاَنَّکَ: کَاَنَّ حرف مشابہ بفعل ک ضمیر واحد مذکر حاضر کَاَنَّ کا اسم، گویا تو۔ ۹/۱۳

کَاَنَّہٗ: کَاَنَّ حرف مشابہ بفعل ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب، کَاَنَّ کا اسم، گویا وہ۔ ۹/۱۱ ۱۹/۱۸ ۲۳/۶ ۲۴/۱۹ ۲۹/۲۱۔

کَاَنَّھَا: کَاَنَّ حرف مشابہ بفعل ھَا ضمیر واحد مونث غائب کَاَنَّ کا اسم۔ گویا وہ۔ ۱۸/۱۱ ۱۹/۱۶ ۲۰/۷۔

کَاَنَّھُمْ: کَاَنَّ حرف مشابہ بفعل، ھُمْ ضمیر

(نوٹ) اسم کے ساتھ کَاَنَّ کی خبر بھی ابو نخیلہ شاعر کے ایک شعر میں منصوب آئی ہے جو ہارون رشید کے سامنے پڑھا گیا تھا اور کسی نے اس پر اعتراض نہیں کیا علماء ادب نے اس کی توجیہ کی ہے لیکن حق بات یہ ہے کہ ایسا استعمال شاذ ہے والشاذ کالمعدوم (مؤلف)

Presented by Ziaraat.Com

جمع مذکر غائب کَانَ کا اسم، گویا وہ سب۔ ۲/۱ ۲۶/۴
۲۷/۳ ۲۸/۹،۱۳ ۲۹/۵،۸،۱۶ ۳۰/۴

كَاَنَّهُنَّ: كَاَنَّ حرف مشابہ بفعل، هُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب، كَاَنَّ کا اسم، گویا وہ سب،
۲۳/۶ ۲۷/۱۳

كَاَنْ: اصل میں یہ لفظ كَاَنَّ ہی تھا، اسی کی طرح اس کا معنوی فائدہ بھی ہے لیکن تخفیفِ نون کے بعد عمل اور لفظی تصرف ساقط ہوگیا۔ اب نہ اسم کو نصب دے سکتا ہے نہ خبر کو رفع۔ گویا کہ۔ ۹/۱
۱۱/۷،۸،۱۰ ۱۲/۶،۸ ۲۱/۱۰ ۲۵/۱۷۔

كَاَيِّنْ: یہ لفظ اصل میں كَاَيٍّ تھا، قرآنی املا میں تنوین کو بصورتِ نون لکھا گیا، کبھی كَاَيٍّ کی جگہ كَاَنٍّ آتا ہے (ابنِ کثیر) كَاَيِّنْ ہمیشہ خبری صورت میں مستعمل ہے، مبہم کثیر تعداد پر دلالت کرتا ہے، ابہام کو دور کرنے کے لئے اس کے بعد بطور تمیز کوئی لفظ مذکور ضرور ہوتا ہے عموماً تمیز لفظِ مِنْ کے ساتھ آتا ہے جیسے وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ بکثرت پیغمبروں کی معیت میں بہت اللہ والوں نے (کافروں سے) جہاد کیا۔ اس مثال میں كَاَيِّنْ نے کثیر تعداد کو ظاہر کیا لیکن کس کی؟ یہ بات مبہم تھی، جب اس کے بعد مِنْ نَّبِيٍّ آیا تو ابہام دور ہوگیا اور معلوم ہوگیا کہ کثیر تعداد پیغمبروں کی تھی۔ اگرچہ ابنِ عصفور کے خیال میں كَاَيِّنْ کی تمیز پر مِنْ ضرور ہونا چاہیے لیکن ایسی مثالیں موجود ہیں جن میں تمیز منصوب بغیر مِنْ کے آئی ہے۔

كَاَيِّنْ ہمیشہ آغازِ کلام میں آتا ہے اس سے پہلے حرفِ جر نہیں آتا، اس کی خبر ہمیشہ مرکب ہوتی ہے مفرد کبھی نہیں آتی۔ بعض لوگوں نے بِكَاَيِّنْ شَيْءٍ کہنا جائز قرار دیا ہے۔

ابنِ قتیبہ، ابنِ عصفور اور ابنِ مالک کا قول ہے کہ:

"كَاَيِّنْ استفہام کے لئے بھی آتا ہے"

حضرت ابی بن کعب نے حضرت عبداللہ بن مسعود سے پوچھا تھا كَاَيِّنْ تَقْرَءُ سُوْرَةَ الْاَحْزَابِ اٰيَةً آپ سورۂ احزاب کی کتنی آیات پڑھتے ہیں؟ حضرت ابنِ مسعود نے جواب دیا ثَلَاثًا وَسَبْعِيْنَ بَيِّنٌ۔ (قاموس و تاج)

قرآنِ مجید میں كَاَيِّنْ ہر جگہ بصورتِ خبر آیا ہے بہت بکثرت۔ ۴/۶ ۱۳/۶ ۱۷/۱۳ ۲۱/۲ ۲۶/۶ ۲۸/۱۸

كَاهِنٍ: اسم فاعل واحد مذکر كُهَّانٌ، اور كَهَنَةٌ جمع كِهَانَةٌ اور كَهَانَةٌ مصدر (باب فتح و

نصر و کرم) صاحب قاموس نے لکھا ہے کہ کہانت فال نکالنا، کاہن فال نکالنے والا۔ امام راغب نے المفردات میں صراحت کی ہے کہ جو شخص اپنے ظن سے گزری ہوئی باتیں بتاتا ہو وہ کاہن ہے اور جو اپنے ظن سے آئندہ ہونے والی باتوں کی اطلاع دے اسے عراف کہتے ہیں حدیث میں آیا ہے مَنْ اَتٰی عَرَّافًا اَوْ کَاهِنًا مُصَدِّقًا بِمَا قَالَ فَقَدْ کَفَرَ بِمَا اُنْزِلَ عَلٰی اَبِی الْقَاسِمِ (صلی اللہ علیہ) جو عراف یا کاہن کے پاس جاتا اور اس کے قول کو سچ جانتا ہے وہ اس قرآن کا منکر ہے جس کا نزول مجھ پر ہوا۔ صاحب مجمع البحار نے لکھا ہے کہ کاہن وہ شخص ہے جو معرفت اسرار کا مدعی ہو اور آنیوالی باتوں کی اطلاع دے، عرب میں کشف اور سطیح وغیرہ کاہن تھے جن میں سے بعض کا دعویٰ تھا کہ کچھ جن ہمارے تابع ہیں ہم کو (غیب کی باتیں) بتلاتے ہیں۔ بعض لوگ قرائن احوال اور ماحول کو دیکھ کر رائے قائم کر لیتے تھے اور غیب دانی کے مدعی بن بیٹھتے تھے کسی کی چوری اور گم شدہ چیز کا پتہ دیتے تھے ایسے لوگوں کو عراف کہا جاتا تھا میری رائے میں مجمع البحار کی صراحت ہی صحیح ہے، بعض احادیث سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ ۲۷/۴ ۲۹/۶۔

کُبِتَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی مجہول، اوندھے منہ ڈالے جائیں گے۔ کَبَّ اوندھے منہ گرانا (باب نصر) ۲۰/۳

کُبِتَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول، کَبْتٌ مصدر، لوٹا دینا، زمین پر گرا دینا۔ دشمن کو خوار و ذلیل کرنا (باب ضرب) ذلیل کئے گئے، ذلت کے ساتھ لوٹا دئے گئے۔ ۲۸/۱

کُبِتُوْا: جمع مذکر غائب ماضی مجہول کَبْتٌ مصدر وہ ذلیل کئے جائیں گے۔ ۲۸/۱

کُبْکِبُوْا: جمع مذکر غائب ماضی مجہول، منہ کے بل گرا دئے گئے، گرا دئے جائیں گے، کَبْکَبَةٌ منہ کے بل گرا دینا (قاموس) کسی چیز کو لڑھکا کر کسی غار یا گڑھے میں گرا دینا۔ (المفردات) ۲۹/۹

کَبَدٍ: دشواری، سختی، مشقت، کَبَدٌ۔ کِبْدٌ، کَبِدٌ جگر کَبَادٌ و کُبُوْدٌ جمع کُبَادٌ جگر کا درد یا درد ہونا کَابِدٌ محنت کش، مشقت اٹھانے والا۔ کَبِدٌ جگر پر مارنا (ضرب و نصر) کَبِدٌ جگر میں درد ہونا (سمع) (قاموس و اقرب الموارد) سُوْدُ الْاَکْبَادِ کالی کلیجی والے یعنی دشمن (منتہی الارب) ۳۰/۱۵

کَبَسَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف (کرم) تحقیق

لغت سے پہلے اتنا جان لینا ضروری ہے کہ عربی زبان میں جس لفظ کا اصلی مادہ ک۔ب۔ر سے مرکب ہوتا ہے اس کے مفہوم میں بڑائی کے معنی ضرور ہوتے ہیں، اسی لئے کبیر بڑے کو کہتے ہیں۔ لیکن بڑائی کی نوعیت جدا جدا ہوتی ہے:

۱ مرتبہ اور عظمت میں بڑائی جیسے اَلْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ ۲ جسمانیت میں بڑائی جیسے بَلْ فَعَلَهٗ کَبِیْرُهُمْ (اگر اس جگہ بڑے سے قدوالا بت مراد لیا جائے) ۳ صرف خیالی بڑائی جس کو عقیدۃً مان لیا گیا ہو واقع میں نہ ہو جیسے بَلْ فَعَلَهٗ کَبِیْرُهُمْ (اگر قد میں بڑائی مراد نہ ہو بلکہ عظمت اعتقادی مراد ہو) ۴ دنیوی مرتبہ میں بڑائی یعنی قومی سیادت جیسے جَعَلْنَا فِیْ کُلِّ قَرْیَةٍ اَکَابِرَ ۵ عمر میں بڑائی۔ پیری۔ بڑھاپا، جیسے اَصَابَهُ الْکِبَرُ اور بَلَغَنِیَ الْکِبَرُ ۶ علم میں بڑائی جیسے اِنَّهٗ لَکَبِیْرُکُمُ الَّذِیْ عَلَّمَکُمُ السِّحْرَ ۷ تکلیف میں بڑائی یعنی دشواری، سختی، جیسے اِنَّهَا لَکَبِیْرَةٌ ۸ بڑائی اور گناہ میں بڑائی جیسے فِیْهِمَا اِثْمٌ کَبِیْرٌ اور خِطْاً کَبِیْرًا ۹ سزا کے اعتبار سے بڑائی جیسے: کَبُرَتْ کَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۱۰ اچھی یا بری مقدار میں۔ بڑائی جیسے لَا یُغَادِرُ صَغِیْرَةً وَّلَا کَبِیْرَةً ۱۱ ذمہ داری کی بڑائی جیسے وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَهٗ

یہ بھی یاد رکھو کہ کبیر کے مقابلہ میں صغیر آتا ہے جیسے کثرت کے مقابلے میں قلت، لیکن کبھی کثرت کی جگہ کبیر کو اور کبیر کی جگہ کثرت کو مجازاً استعمال کر لیا جاتا ہے۔

باب کَرُمَ سے کِبَرٌ کا مصدر کِبَرٌ، کُبْرٌ اور کِبَارَةٌ آتا ہے جسکے معنی ہیں بڑا ہونا اور جسامت میں زیادہ ہونا۔ باب نصر اور سمع سے معنی ہیں عمر میں زیادہ ہونا، بوڑھا ہو جانا۔ مصدر کِبَرٌ بھی ہے اور مَکْبَرٌ بھی۔ ب ۷ شاق ہے، دشوار ہے۔ ب ۱۱/۱۳ ناگوار ہے۔ ب ۲۹/۴ (آیاتِ الٰہیہ میں جھگڑا) سخت مبغوض ہے۔ ب ۲۵/۳ دشوار ہے، شاق ہے۔ ب ۲۸/۹ سخت مبغوض ہے۔

کَبُرَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف، کِبَرٌ مصدر سخت سزا کی بات ہے۔ ب ۱۵/۱۳

کَبِّرْ: واحد مذکر حاضر امر معروف، تکبیر مصدر بڑا سمجھنا، بڑے ہونے کا اقرار کرنا، بڑا کہنا، تعظیم کرنا، عبادت کرنا، ب ۱۵/۱۲ اللہ کو بڑا سمجھو، اس کی بڑائی بیان کرو۔ اس کی تعظیم کرو، ب ۲۹/۱۵ اپنے رب کی ہی عبادت کرو، اسی کی

Presented by Ziaraat.Com

بڑائی کا اقرار کرو۔

اَلْکِبَرُ: جمع مؤنث اَلْکُبْریٰ واحد مؤنث اَلْاَکْبَرُ واحد مذکر، بڑی مصیبتیں، سخت آفتیں۔ ۲۹/۱۶

اَلْکُبْریٰ: واحد مؤنث اَلْکُبَرُ جمع مؤنث ۱۶/۱۰ ۲۷/۲۵

۳۰/۲ بڑی عظمت والی، ۳۰/۴ سخت ہولناک ۳۰/۱۲ سخت عذاب والی۔

کِبَرَہٗ: کِبْرٌ اسم مصدر مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ اس کی بڑی ذمہ داری، اس کا بڑا بوجھ۔ ۱۸/۸

کِبْرٌ: اسم مصدر، غرور، باوجود بڑا نہ ہونے کے اپنے آپ کو بڑا سمجھنا۔ ۲۴/۱۱

اَلْکِبَرُ: اسم مصدر و مصدر مرفوع، عمر زیادہ ہو جانا۔ بڑھاپا۔ ۳/۱۲،۴ ۱۴/۴

اَلْکِبَرِ: اسم مصدر مجرور، پیرانہ سالی بڑھاپا۔ ۱۳/۱۸

اَلْکِبَرَ: اسم مصدر منصوب۔ بڑھاپا۔ ۱۵/۳

کُبَرَاءَنَا: کُبَرَاءُ جمع مضاف نَا مضاف الیہ کَبِیْرٌ مفرد، ہمارے سردار، بڑے لوگ، دنیوی لحاظ سے بڑے (ہم نے اپنے سرداروں اور بڑے لوگوں کا کہنا مانا) ۲۲/۵

اَلْکِبْرِیَاءُ: اسم مصدر، ہر ایک کی اطاعت سے بالاتر ہونا، سب پر فوقیت اور بزرگی۔ ۱۱/۱۳ ۲۵/۲۰

اَلْکَبِیْرُ: صفت مشبہ مفرد مرفوع معرفہ۔ اَلْکِبَارُ اور اَلْکُبَرَاءُ جمع۔ بڑا۔ ۱۳/۸ ۱۷/۱۵ ۲۱/۱۲ ۲۲/۹ عظمت اور مرتبہ میں بڑا۔ ۲۲/۱۶ ۲۵/۴ ۳۰/۱۰ مقدار میں بڑا۔

اَلْکَبِیْرَ: صفت مشبہ مفرد منصوب معرفہ عظمت و مرتبہ میں بڑا۔ ۲۴/۷

کَبِیْرٌ: صفت مشبہ مفرد مرفوع نکرہ، بڑا ۲/۱۱ گناہ ہونے کے لحاظ سے بڑا، ۱۰/۶ بگاڑ اور تباہی میں بڑا۔ ۲۰/۶ عمر میں بوڑھا۔ ۱۲/۲ ۲۲/۱۳ ۲۷/۱۷ ۲۹/۱ مقدار میں بڑا۔

کَبِیْرًا: صفت مشبہ مفرد مجرور نکرہ، ۱۱/۱۷ تکلیفوں اور ہولناکیوں میں بڑا۔ ۲۷/۱۰ مقدار میں بڑا۔

کَبِیْرًا: صفت مشبہ مفرد منصوب نکرہ۔ ۳/۷ ۱۵/۱۰ ۲۲/۳ مقدار میں بڑا۔ ۱۴/۱۲ ۱۵/۶،۴ گناہ کے لحاظ سے بڑا ۵/۲ ۱۵/۵ عظمت و مرتبہ میں بڑا۔ ۲۲/۵ عذاب اور دکھ کے لحاظ سے بڑا ۱۸/۷ دکھ اور مقدار میں بڑا۔ ۱۹/۶ برائی اور مقدار میں بڑا ۱۳/۳ عمر میں بوڑھا ۱۹/۳ محنت و اجر میں بڑا ۱۷/۵ جسمانیت یا خیالی غیر واقعی عظمت میں بڑا۔ ۲۹/۹ عظمت، وسعت اور مقدار میں بڑا۔

کَبِیْرُھُمْ: کَبِیْرٌ صفت مشبہ مرفوع، مضاف ھُمْ مضاف الیہ، ۱۳/۴ ان میں سب سے زیادہ عمر والے نے۔ ۱۷/۵ جسمانیت یا خیالی عظمت میں بڑا۔

Presented by Ziaraat.Com

کَبِیْرُکُمْ: صفت مشبہ مرفوع مضاف کم مضاف الیہ تم سب سے علم میں بڑا ۱۶/۱۲ ۱۹/۷

کَبِیْرَۃٌ: صفت مشبہ واحد مونث مرفوع، کبار جمع ب ۱/۵ دشوار، شاق

کَبِیْرَۃً: صفت مشبہ واحد مونث منصوب ۲/۱ شاق، گراں۔ ۱۱/۴ ۱۵/۱۸ مقدار میں بڑی۔

کَبَائِرَ: صفت مشبہ جمع مونث منصوب مضاف کَبِیْرَۃٌ واحد۔ ۵/۲ ۲۵/۵ ۲۷/۶ بڑے گناہ۔

کُبَّارًا: صیغہ مبالغہ کُبَّارٌ کے معنی میں کُبَارًا کے معنی سے زیادتی ہے اور کُبَارٌ کے معنی میں کَبِیْرًا کے معنی سے زیادتی ہے۔ بہت ہی بڑا۔ ۲۹/۱۰

کَتَبَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف کَتْبٌ اور کِتَابَۃٌ مصدر، کَاتِبٌ کی تشریح میں ہم کَتْبٌ اور کِتَابَۃٌ کے معانی لکھ چکے ہیں۔ اس جگہ وضع اور استعمال کی ترتیب سمجھ لینی چاہیئے۔ صاحب معجم القرآن نے صراحت کی ہے اور امام راغب کی تحریر بھی اسی کے موافق ہے کہ کَتْبٌ کے اصلی وضعی معنی تھے جمع کرنا اور کھال کے دو ٹکڑوں کو ملا کر سی دینا ثانوی استعمال میں حرفوں کو ملا کر لکھنے اور بعض الفاظ کو بعض کے ساتھ جوڑ کر تحریر کرنے کو کہنے لگے اور چونکہ حرفوں کو لکھنا بغیر جانے، نقش کرنے، ثبت کرنے اور کاغذ کے ساتھ پیوست کیے کے ممکن نہیں اس لئے تیسرے نمبر پر کَتْبٌ کے معنی ہوئے جمانا، نقش کرنا، ثبت کرنا، لازم کر دینا اور چونکہ اللہ کا حکم اور وحی اور قضاء و قدر اور مقرر کردہ فرائض اٹل ہیں ثابت ہیں، لازم ہیں، ناقابل زوال ہیں اس لئے چوتھے نمبر پر کَتْبٌ کے معنی ہوئے اللہ کا حکم دینا، وحی بھیجنا اور مقرر اور مقدر کرنا، واجب کر دینا، فرض کر دینا اور چونکہ کسی حکم کا ایجاب و فرض و واجب کرنا اپنے کے پختہ ارادے اور عزم کو ظاہر کرتا ہے اس لئے پانچویں نمبر پر عزم کے معنی ہو گئے اور اس کے بعد اس چیز کو کہنے لگے جس کا عزم کیا جائے۔ ۱/۲ مقرر کیا، مقدر کیا ۶/۸ حکم دیا ۷/۱۲ و ۸ لازم کر دیا ۱۳/۱ مقرر کیا۔ مقدر کر دیا، ۲۸/۳ حکم قطعی دے دیا، قطعی فیصلہ کر دیا، ۲۸/۴ مقدر کر دیا۔

کُتِبَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول ۲/۲ واجب کر دیا گیا۔ ۲/۴ فرض کر دیئے گئے، دو جگہ ۲/۱۶ فرض کر دیا گیا ۴/۷ مقدر کر دیا گیا ۵/۸ فرض کیا گیا ۵/۱۶ مقرر کیا گیا ۱۱/۴ لکھا جاتا ہے ۱۷/۸ ازل میں مقدر کر دیا گیا ہے۔

کَتَبَتْ: واحد مونث غائب ماضی معروف لکھا ۱/۶

Presented by Ziaraat.Com

کَتَبْتَ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف تو نے فرض کیا۔ ۵/۸

کَتَبْنَا: جمع متکلم ماضی معروف ۵/۶ ہم فرض کر دیتے ۶/۹،۱۱ ہم نے فرض کر دیا تھا ۵/۸ ہم نے لکھ دیا ثبت کر دیا، ۱۷/۴ ہم نے مقرر کر دیا۔ لکھ دیا، وحی بھیجدی ۲۷/۲ ہم نے حکم (نہیں) دیا۔ ہم نے فرض (نہیں کیا)

اَلْکِتَابُ: لکھنا۔ لکھی ہوئی تحریر۔ خط، وہ عبارت مع مضمون جو لکھی ہوئی نہ ہو۔ آئندہ لکھی جانیوالی ہو آسمانی صحیفے، تورات، انجیل، قرآنِ مجید۔ لوحِ محفوظ۔ صحیفۂ فطرت، تجویزِ الٰہی، علمِ الٰہی، حکمِ ازلی، اعمالنامے۔ فریضہ۔ خدا داد دلیل و احکام۔ غلام کو مکاتب بنا دینا۔

قرآن مجید میں قرآنِ پاک کے مختلف نام درج کئے گئے ہیں۔ قرآن۔ کتاب۔ ذکر۔ تنزیل، فرقان سب سے پہلا نام قرآن بیان کیا گیا یعنی پڑھا جانیوالا کلام، پھر قرآن کے مقصد پر تنبیہ کرنے کے لئے سورتِ تکویر میں جو نزول کے اعتبار سے چھٹی سورت ہے ذکر (یادداشت نصیحت) کہا گیا اس کے بعد تنزیل (اتارا ہوا کلام) پھر سورتِ اعراف کی آیت ۱ اور ۵۱ میں جو نزول کے اعتبار سے ۱۷ ویں سورت ہے کتاب فرمایا کیونکہ آیات اور سورتوں کی کثرت اتنی ہو گئی تھی جس کے مجموعہ کو کتاب کہا جا سکتا تھا۔ آخر میں اس کا نام فرقان (حق و باطل میں جدائی کر دینے والا دستور) ہوا۔ (محقق، استاذ علی نصوح طاہر ۱/۴ قرآن ۲/۱۴ اللہ کا فریضہ مراد عدت ۸/۴ انجیل و تورات ۱۵/۱۸ اعمالنامے ۲۰/۱۲ قرآن ۲۴/۴ اعمالنامے ۲۵/۶ قرآن۔

اَلْکِتَابُ: ۱/۶،۵ تورات ۹/۱ کتاب اللہ ۲ خود ساختہ کتاب ۱/۱۱،۱۲ تورات ۱/۱۴ دو جگہ۔ تورات و انجیل ۱/۱۵ قرآن ۲/۱ دو جگہ تورات و انجیل ۲/۱ ۲ تورات ۲/۲ قرآن ۲/۱۰ اللہ کی کتاب ۳/۹ دو جگہ قرآن ۳/۱۰ توریت و انجیل ۳/۱۱ ۱ تورات ۲ قرآن ۳/۱۳ لکھنا ۳/۱۶ تورات ۴/۱ تورات ۴/۸ قرآن ۴/۱۰ تورات ۵/۴ تورات و انجیل ۵/۵ تورات ۵/۱۲،۱۴ قرآن ۶/۵ ۱ ۲ تورات و انجیل ۶/۱۱ قرآن ۶/۱۳ تورات و انجیل ۷/۵ لکھنا ۷/۸ تورات ۷/۱۶ اللہ کی کتاب ۸/۱۷ تورات ۹/۱ ۱ قرآن ۲ تورات و انجیل ۹/۶ تورات ۹/۱۱ تورات ۹/۱۴ قرآن ۱۰/۱ تورات و انجیل ۱۱/۱۵ تورات و انجیل ۱۲/۱۰ تورات ۱۳/۱۱ تورات و انجیل ۱۴/۱۴،۱۸ قرآن ۱۵/۱ تورات ۱۵/۱۳ قرآن ۱۶/۴ تورات ۱۶/۵ انجیل۔

Presented by Ziaraat.Com

۱۸/۳ تورات ب ۱۸/۱ مکاتب ہونا یعنی غلام کا اپنے آقا سے یہ معاہدہ کر لینا کہ اتنی مدت کے اندر میں اپنی مقررہ قیمت ادا کر کے غلامی سے آزادی حاصل کر لوں گا اور آقا کا اقرار کر لینا کہ اگر تم نے اپنی قیمت اتنی مدت میں ادا کر دی تو تم آزاد ہو ۱۹/۲ تورات ب ۲۰/۸ تورات ۲۰/۹ تورات و انجیل ب ۲۰/۱۵ اللہ کی کتاب ب ۲۱/۱ ۱ قرآن ۲ تورات و انجیل ب ۲۱/۱۶ تورات ب ۲۲/۱۶ اللہ کی کتاب ب ۲۳/۸ تورات ۲۳/۱۵ قرآن ب ۲۴/۱ قرآن ۲۴/۱۱،۲۰ تورات ب ۲۵/۳ ۱ اللہ کی کتاب ۲ قرآن ب ۲۵/۱۸ تورات ب ۲۷/۱۸ تورات و انجیل ب ۲۷/۲ اللہ کی کتاب ب ۲۸/۱۱ قرآن ۲۹/۱۵ دو جگہ تورات و انجیل ب ۳۰/۲۲ تورات و انجیل

اَلْکِتَابِ: ب ۱/۱۰ تورات ۱/۱۳ دو جگہ، تورات ب ۲/۱۳،۵ دو جگہ تورات ب ۲/۶ اللہ کی ہر کتاب ۲/۱۳ قرآن ۳/۹ ام الکتاب یعنی لوحِ محفوظ ب ۳/۱۵ ۱ و ۲ تورات و انجیل ۳ و ۴ و ۵ تورات ب ۳/۱۶ پانچ جگہ، تورات ب ۴/۱ دو جگہ، تورات ۴/۳ ۱ و ۲ تورات و انجیل ۳ اللہ کی ہر کتاب ب ۴/۱۱ تورات ب ۵/۱۵ تورات و انجیل ۵/۱۶ قرآن ب ۵/۱۷ ۱ و ۳ قرآن ۲ گزشتہ آسمانی کتابیں ب ۶/۲ ۱ و ۲ تورات ب ۶/۳ انجیل ب ۶/۳ ۱ و ۲ تورات ب ۶/۱۱ تورات و انجیل ۶/۱۲ تورات ب ۶/۱۴ دو جگہ تورات و انجیل ب ۷/۱ لوحِ محفوظ ۸/۱۲ تقدیرِ خداوندی ب ۹/۱۱ تورات ب ۱۱/۶ قرآن ۱۱/۹ گزشتہ کتبِ الٰہیہ ۱۲/۱۱ قرآن ب ۱۳/۷ قرآن ۱۳/۱۲ لوحِ محفوظ ۱۴/۱ قرآن ب ۱۵/۶ لوحِ محفوظ ب ۱۵/۱۸ اعمال نامہ ب ۱۶/۵، ۶، ۷ تین جگہ قرآن ب ۱۹/۵ قرآن ۱۹/۱۸ کتابِ الٰہی ب ۲۰/۴ قرآن ب ۲۱/۱ ۱ قرآن ۲ تورات و انجیل ب ۲۱/۱۰، ۱۴ قرآن ب ۲۱/۱۹ تورات ب ۲۲/۱۵ اللہ کی کتاب ب ۲۶/۱۶ قرآن ب ۲۳/۱۵ قرآن ب ۲۴/۶ قرآن ب ۲۴/۱۳ اللہ کی کتاب ب ۲۵/۷ ۱ قرآن ۲ لوحِ محفوظ ب ۲۵/۱۴، ۱۸ قرآن ب ۲۶/۱ قرآن ب ۲۷/۲ تورات و انجیل ب ۲۸/۴، ۵ تورات ب ۳۰/۲۲ دو جگہ تورات و انجیل۔

کِتَاب: ب ۱/۱۱ قرآن ۶ قرآن ۷/۱۲ قرآن ۸/۸، ۹ قرآن ب ۱/۵ حکمِ ازلی ۱۱/۱۷ قرآن ۱۲/۱۲ حکم مقرر ازلی ۱۳/۱۳ قرآن ب ۱۴/۱ مدت ۱۹/۴ اعمال نامے ۱۹/۱۷ خط ۲۳/۱۲ ۲۴/۱۹، ۱۵ ۲۶/۲ قرآن ۲۶/۱۵ لوحِ محفوظ ۲۹/۴ اللہ کی کوئی کتاب۔ ۳۰/۸ بڑا رجسٹر۔

کِتَاب: ۳/۱۷ اللہ کی کتاب ۷/۱۳ لوحِ محفوظ ۸/۱۳ قرآن ۱۱/۱۲ ۳/۱ ۱۶/۱۱ لوحِ محفوظ ۱۹/۱۶ قرآن ب ۲۰/۲ لوحِ محفوظ ۲۰/۸ اللہ کی کوئی اور کتاب ب ۲۱/۱ لکھی ہوئی تحریر ۲۱/۱۲ اللہ کی کتاب ۲۲/۷ ۲۲/۱۴ لوحِ محفوظ ۲۵/۳ قرآن یا اللہ کی ہر کتاب ۲۷/۲ قرآن ۲۷/۱۹،۱۶ لوحِ محفوظ۔

کِتَابًا: ۴/۶ حکمِ ازلی ۵/۱۲ فریضہ ۶/۲ اللہ کی کوئی کتاب ۷/۲ لکھی ہوئی کتاب یعنی قرآن ۱۵/۲ اعمال نامہ ۱۵/۱۰ لکھی ہوئی کتاب ۱۷/۱ قرآن ۲۲/۱۷ اللہ کی کتاب ۲۳/۱۷ قرآن ۲۵/۸ کوئی کتابِ الٰہی ۲۶/۴ قرآن ب ۳۰/۱ تحریر یا لوحِ محفوظ۔

کِتَابُ: ۱۲/۲ ب ۲۶/۲ تورات۔

Presented by Ziaraat.Com

کِتَابٍ: ۱/۱۱ تورات ۱/۱۰ حکمِ خدا، قرآن ۱/۱۱ صحیفۂ فطرت ۱۵/۱۶ قرآن ۲۱/۹ تحریرِ ازلی یا کتاب اللہ ۲۱/۱۷ قرآن ۳۰/۸ دو جگہ اعمالنامہ۔

کِتَابَ: ۱/۱۲ قرآن ۵/۱ حکمِ الٰہی

کِتَابَہٗ: کِتَابَ منصوب مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ ۱۵/۸ ۲۹/۵ دو جگہ ۳۰/۹ دو جگہ، اس کا اعمال نامہ۔

کِتَابِهَا: کِتَابِ مجرور مضاف ہَا ضمیر مضاف الیہ ۲۵/۲۰ اس کا اعمالنامہ۔

کِتَابُنَا: کِتَابُ مرفوع مضاف نَا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ ۲۵/۲۰ ہمارا اعمال نامہ۔

کِتَابَکَ: کِتَابِ منصوب مضاف کَ ضمیر خطاب مضاف الیہ ۱۵/۲ تیرا اعمالنامہ۔

کِتَابِکُمْ: کِتَابِ مجرور مضاف کُمْ ضمیر مضاف الیہ ۲۳/۹ تم کو اللہ کی طرف سے بھیجی ہوئی کتاب۔

کِتَابِیَہْ: کِتَابِ منصوب مضاف یَ ضمیر متکلم مضاف الیہ ہٗ علامتِ سکتہ ۲۹/۵ میرا اعمالنامہ۔

کِتَابَهُمْ: کِتَابَ منصوب مضاف هُمْ ضمیر مضاف الیہ ۱۵/۸۔

کُتُبٍ: جمع، کِتَاب واحد، اللہ کی بھیجی ہوئی کتابیں اور صحیفے۔ ۲۲/۱۱

کُتُبٌ: جمع، کتاب واحد لکھے ہوئے احکام ۳۰/۲۳

اَلْکُتُبَ: جمع، اَلْکِتَابُ واحد، اعمالنامے، ۱۷/۱۰

کُتُبِہٖ: کُتُبِ جمع مضاف ہٖ مضاف الیہ، اللہ کی کتابیں اور صحیفے ۳/۸ ۵/۱۷ ۲۸/۲۰

کَتَمَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، اس نے چھپایا

کَتْمٌ اور **کِتْمَانٌ** مصدر (باب نصر) **کَتَّمَ** باب تفعیل چھپانے والا **کَاتِمٌ** چھپانے والا لیکن **سِرٌّ کَاتِمٌ** چھپے ہوئے راز کو کہتے ہیں، ۱۶/۱۰ (دیکھو تکتموا)

کَثُرَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف **کَثْرَۃٌ** مصدر (باب کَرُمَ) بہت ہو گیا، باب نصر سے متعدی ہے اور مصدر **کَثْرٌ** ہے جس کے معنی ہیں تعداد میں مقابلے کے وقت غالب آجانا۔ کثرۃ اسم مصدر بھی ہے تعداد میں بیشی اور **کُثْرٌ** بمعنے کثیر بھی ہے، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى الْقُلِّ وَالْكُثْرِ تھوڑے بہت ہر حال میں اللہ کا شکر ہے (قاموس) اصل میں لفظ کثرۃ قلۃ کے خلاف تعداد (کلام۔ مال۔ اولاد۔ شمار وغیرہ) میں بیشی کے لئے وضع کیا گیا ہے لیکن کبھی اس کا استعمال فضل و مرتبہ کی بیشی کے لئے بھی ہوتا ہے (المفردات) ۴/۱۲ (مزید تشریح کے لئے دیکھو استکثرتم)

کَثُرَتْ: واحد مؤنث غائب **کَثْرَۃٌ** مصدر

Presented by Ziaraat.Com

(باب کرم) (اگرچہ) کثیر ہو۔ ۹/۱۶

کَثَّرَ: واحد مذکر غائب تکثیر، مصدر باب تفعیل (اللہ نے تمہاری جماعت) بہت کر دی۔ ۸/۸

کَثْرَۃٌ: اسم مصدر، زیادتی، بیشی، افزونی ۳/ب ۱۰

کَثِیْرٌ: صفت مشبہ باب کرم سے، اس کا لفظ مفرد ہے معنی میں کثرت ہے اس لئے مفرد کی بھی صفت واقع ہوتا ہے اور جمع کی بھی معنوی اعتبار سے علاوہ جمع ہونے کے کوئی لفظی شناخت نہیں۔ بہت ۱/۱۳

۴/۱۶ ۳/۱۴ ۶/۱۴ ۱۷/۹ ۲۷/۱۸ ۲۰ دو جگہ۔

کَثِیْرٍ: بکثرت، بہت۔ ۵/۱۴ ۶/۱۷ ۱۹/۷ ۲۵/۵ ۲۶/۱۳

کَثِیْرًا: بہت۔ ۳/ب ۱/۳ ۳/۵ ۴/۱۴ ۱۲ ۱۰ ۵/۱۱ ۸

۶ ۷/ب ۸/۱ ۹/۱۲ ۱۰/ب ۱۷ ۲ ۱ ۱۱ ۱۴ ۱۳ ۱۵ ۱۷ ۲ ۹ ۷

۱۱/۱۴ ۱۲/۸ ۱۳/۱۸ ۱۶/۱۱ ۱۷/۱۳ ۱۸/۱۷ ۱۹/۱۵ ۳ ۲ ۲۱/۴ ۱۹ ۲۲/۳

۲۳/۳ ۱۱ ۱۷ ۲۴/ب ۲۶/۱۴ ۲۸/۱۲ ۲۹/۱۰۔

کَثِیْرَۃٌ: بہت۔ واحد مؤنث لیکن اطلاق جمع مؤنث کے موقع پر بھی ہوتا ہے (باب کرم) ۵/ب ۱۰

۱۸/۱ ۲۵/۱۳

کَثِیْرَۃٍ: بہت۔ ۱۰/ب ۲۳/۱۳ ۲۷/۱۴۔

کَثِیْرَۃً: بہت۔ ۲/ب ۲۶/۱۱ ۱۶/۱۷ دو جگہ۔

کِدْتَّ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف، کَیْدٌ مصدر و اسم مصدر (باب ضرب) کَیْدٌ کے معنی ہیں پوشیدہ تدبیر عموماً کَیْدٌ کو مقام ذم میں استعمال کیا جاتا ہے جس کا معنی ہوتا ہے فریب، مکر، دھوکہ لیکن کبھی اس کا معنی اچھی پوشیدہ تدبیر بھی ہوتا ہے جیسے اِنَّ کَیْدِیْ مَتِیْنٌ میری تدبیر مضبوط ہے بعض مفسرین نے اس جگہ کَیْدٌ کو بمعنی عذاب قرار دیا ہے (راغب) کَیْدٌ کے معنی کو دیکھا بھی آتے ہیں یعنی کسی فعل کے وقوع یا عدم وقوع کے قریب پہنچ جانا (تفصیل کے لئے دیکھو کَادَ) قریب تھا کہ تو (مائل ہو جاتا) ۱۵/۸ قریب تھا کہ تو مجھے ہلاک کر دیتا) ۲۳/۶

کِدْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، کَیْدٌ مصدر (باب ضرب) ہم نے خفیہ تدبیر کی۔ ۱۳/۳

کَدْحًا: مصدر۔ کوشش کرنا مشقت اٹھانا (دیکھو کَادِحٌ) ۳۰/۹

کَذَّابٌ: کَاذِبٌ سے مبالغہ کا صیغہ ہے لیکن صرف فاعلی معنی میں بھی مستعمل ہے یعنی دروغ گو، جھوٹا (قاموس) کَذَبَ کی کافی تشریح ہم کاذب کے ذیل میں کر چکے ہیں۔ ۲۳/ب ۱۰ ۲۴/۹ ۸ ۲۷/۹

کِذَّابًا: مصدر منصوب مفعول مطلق (باب تفعیل) کسی کو جھوٹا قرار دینا، جھوٹا سمجھنا۔ نہ ماننا۔ ۳۰/ب ۲۱

کَذَبَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، کِذْبٌ مصدر، اس نے جھوٹ باندھا۔ افترا کیا ۲۴/ب ۱ جھوٹ

Presented by Ziaraat.Com

(نہیں) جانا۔ جھوٹ (نہیں) سمجھا ۲۷/۵ (دیکھو کَاذِبٌ)

کَذَّبَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، تکذیبٌ و کِذَّابٌ مصدر۔ باب تفعیل۔ جھوٹ جانا۔ نہ مانا۔ انکار کیا۔ کَذَّبَ بِالْاَمْرِ اس بات کو نہ مانا۔ انکار کیا۔ کَذَّبَ فُلَانًا اس شخص کو جھوٹا قرار دیا۔ جھوٹا جانا، جھٹلایا کَذَّبَ عَنْ اَمْرٍ اس کام کے ارادے سے باز رہا یا لوٹا دیا (قاموس و تاج) قرآنِ مجید میں عموماً کَذَّبَ کے معنی ہیں انکار کیا۔ جھوٹا قرار دیا۔ نہ مانا۔ (باقی تشریح کے لئے دیکھو کَاذِبٌ) ۷/۹ ر ۱۴

۸/۵ ر ۷ ر ۱۱ ر ۹ ر ۷ ر ۱۱ ر ۱۴/۴ ر ۱۱ ر ۱۵/۶ ر ۱۱ ر ۱۲ ر ۱۶ ر ۱۸/۱۷ ر ۱۹/۱۴ ر ۱ ر ۱۴ ر ۲۰/۱۴ ر ۲۱/۳

۲۲/۱۱ ر ۱۰ ر ۱۷ ر ۲۳/۱ ر ۲۴/۱۵ ر ۲۶/۲ ر ۱۸ ر ۲۹/۳ ر ۱۷ ر ۳۰/۲ ر ۱

کُذِّبَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول، تکذیبٌ مصدر۔ جھوٹا قرار دیا گیا۔ جھٹلایا گیا۔ جھوٹ سمجھ کر نہ مانا گیا۔ ۴/۱۰ ر ۱۷/۱۳۔

کَذَبَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف، کِذْبٌ مصدر۔ وہ جھوٹ بولی۔ ۱۲/۱۳

کَذَّبَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف، تکذیبٌ مصدر، انکار کیا۔ نہ مانا۔ جھوٹا قرار دیا۔ ۱۷/۱۳ ر ۱۰ ر ۱۱ ر ۱۲ ر ۱۲ ر ۱۹/۱۳

۲۳/۱۰ ر ۲۴/۶ ر ۲۶/۱۵ ر ۲۷/۹ ر ۸ ر ۲۸/۵ ر ۳۰/۱۶

کُذِّبَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی مجہول، تکذیبٌ مصدر، اس کو جھٹلایا گیا۔ نہیں مانا گیا، انکار کیا گیا۔ جھوٹا قرار دیا گیا۔ ۷/۱۰ ر ۲۲/۱۳۔

کَذَّبْتَ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف، تکذیبٌ مصدر۔ تو نے جھوٹ جانا۔ نہ مانا۔ جھٹلایا۔ ۲۴/۳

کَذَّبْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، تکذیبٌ مصدر، تم نے جھٹلایا۔ تم نے نہ مانا۔ ۱/۱۱ ر ۷/۱۳ ر ۱۹/۴ ر ۳۰/۳

کَذَّبْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، تکذیبٌ مصدر، ہم نے نہ مانا۔ ہم نے جھٹلایا۔ ۲۹/۱

کَذَّبُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، تکذیبٌ مصدر، انہوں نے جھٹلایا۔ جھوٹا سمجھے۔ نہ مانے۔

۱/۴ ر ۳/۱۰ ر ۴/۱۰ ر ۶/۱۴ ر ۶ ر ۷/۱۱ ر ۱۰ ر ۹ ر ۷ ر ۱ ر ۱۱ ر ۵ ر ۱۱ ر ۱۲ ر ۱۵ ر ۱۶/۸

۱ ر ۲ ر ۳ ر ۶ ر ۷ ر ۱۲ ر ۱۳/۹ ر ۱۰/۳ ر ۹ ر ۱۰ ر ۱۳ ر ۱۵/۱۱ ر ۱۴/۲۱

۱۷/۱۴ ر ۶ ر ۱۸/۱۷ ر ۳ ر ۱۹/۱۴ ر ۱ ر ۱۵ ر ۲۰/۱۶ ر ۴ ر ۲۱/۵ ر ۱۱ ر ۱۹ ر ۲۲/۸

۲۴/۱۳ ر ۲۶/۱۵ ر ۲۷/۱۸ ر ۱۰ ر ۸ ر ۲۸/۱۵ ر ۱ ر ۳۰/۱۶ ر ۱

کُذِّبُوْا: جمع مذکر غائب ماضی مجہول، تکذیبٌ مصدر۔ ان کو جھٹلایا۔ ان کو جھوٹا سمجھا گیا۔ ۷/۱۰

کَذَّبُوْنِ: جمع مذکر غائب ماضی معروف، اصل میں کَذَّبُوْنِیْ تھا۔ انہوں نے مجھے جھٹلایا، جھوٹا قرار دیا۔ ۲ ر ۱۳/۵ ر ۱۹/۱۰

کَذَبُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، کِذْبٌ مصدر ۹/۲ ر ۱۲/۳ جھوٹ باندھا اللہ اور رسول سے جھوٹ بولا۔

کُذِبُوْا: جمع مذکر غائب ماضی مجہول، کِذْبٌ مصدر

Presented by Ziaraat.Com

وہ سچے نہ نکلے، ان کی بات سچی نہ نکلی۔ ۱۳/۶

اَلْکَذِبَ: جھوٹ۔ جھوٹی بات۔ ۳/۱۶ ۴/۱ ۵/۴ ۷/۴

۱۱/۱۲ ۱۴/۲۰، ۲۱ تین جگہ ۲۸/۹

اَلْکَذِبِ: جھوٹ۔ جھوٹی بات ۶/۱۰ ۲۸/۳

کَذِبٍ: مصنوعی، غیر واقعی، جھوٹا (خون) ۱۲/۱۲

کَذِبًا: جھوٹ، جھوٹی بات ۷/۹، ۱۷ ۸/۴، ۱۱ ۹/۱ ۱۱/۷

۱۲/۲ ۱۵/۱۳، ۱۴ ۱۶/۱۲ ۱۸/۳ ۲۱/۳ ۲۲/۷ ۲۵/۴ ۲۹/۱۱۔

کِذْبُہٗ: کِذْبٌ اسم مضاف، ہٗ ضمیر مضاف الیہ

اس کا جھوٹ، ۲۴/۹

کَذٰلِکَ: اول کاف حرف تشبیہ ذَا اسم اشارہ

(یہ۔ اس) لَ علامت اشارۂ بعید، آخر کاف حرف

خطاب (حسب صراحتِ ابنِ حاجب رضی) واحد مذکر

کے لئے (شرح کافیہ مولانا جامی) کَذٰلِکَ سے

اشارہ مذکورہ سابق کی طرف ہوتا ہے جس کا ترجمہ

ہے ایسے ہی۔ اسی کی طرح۔ واحد مؤنث کے لئے

کَذٰلِکِ جمع مذکر کے لئے کَذٰلِکُمْ اور جمع مؤنث

کے لئے کَذٰلِکُنَّ آتا ہے۔ ۱/۹ ۱۴ ۲/۱ ۴، ۷، ۸، ۱۱، ۱۵

۳/۴ ۱۲ ۴/۲ ۵/۱۰ ۷/۲ ۱۲، ۱۵، ۱۶، ۱۹ ۸/۱ ۲، ۳، ۵، ۱۱ و ۱۲، ۱۴

۹/۱، ۱۱ و ۱۲ ۷، ۸، ۹، ۱۳، ۱۵ ۱۱/۹ و ۱۱، ۱۳ ۱۳/۱ و ۳، ۸، ۱۰ و ۱۱

۱۴/۱۰ و ۱۱، ۱۷ ۱۵/۱۵ ۱۶/۲، ۴، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶ ۱۷/۲ ۶، ۱۲ ۱۸/۱۴

۱۹/۱ ۸، ۹، ۱۵، ۱۸ ۲۰/۵ ۱ و ۵، ۷، ۹ ۲۱/۶، ۷، ۸ ۲۲/۴، ۱۶ ۲۳/۶، ۷، ۸

۲۴/۶، ۹، ۱۲، ۱۳ ۲۵/۲، ۶، ۷، ۸، ۱۴، ۱۶ ۲۶/۳، ۵، ۱۵ ۲۷/۲ ۹

۲۹/۳، ۵، ۲۱، ۲۲

کَذٰلِکَ: ایسے ہی، اسی کی طرح (حسبِ تفصیل

مذکورہ بالا) ۳/۱۳ ۱۶/۵ ۲۶/۱۹

کَذٰلِکُمْ: انہی کی طرح، ایسے ہی۔ کاف حرف

تشبیہ، ذٰلِکُم اسم اشارہ بعید جمع مذکر ۲۶/۱۰

کَرْبٍ: اسم مصدر نکرہ۔ سخت غم (راغب) دم

گھونٹنے والا غم (قاموس) مراد غم کا سبب یعنی

بڑی مصیبت **کَرْبَ الْاَرْضِ** زمین کو کھودنا، جوتنا

غم بھی دل میں ہیجانی بے چینی پیدا کر دیتا ہے گویا

دل کی زمین کو کھود ڈالتا ہے۔ **کُرْبَۃٌ** وہ گانٹھ جو رسی

کے سر پر بندھی ہوتی ہے، غم بھی دل کی گانٹھ ہوتا

ہے (راغب فی المفردات) کَرَبَ کے معنی قریب ہونا

بھی ہے (اسی لئے کَرَبَ کو کَادَ کی طرح افعالِ مقاربہ

میں شمار کیا جاتا ہے۔ **کَرَبَتِ الشَّمْسُ** سورج

ڈوبنے کے قریب ہو گیا، ڈوبنے لگا۔ زیادتی غم سے

بھی دل ڈوبنے لگتا ہے پژمردہ۔ افسردہ ہو کر زندگی

کی تازگی ختم یا کم ہو جاتی ہے۔ ۷/۱۴

اَلْکَرْبِ: اسم مصدر معرفہ، بڑی مصیبت ۱۷/۶ ۲۳/۷، ۸

کَرَّۃً: کَرَّ کسی طرف مڑ جانا، جھک جانا، لوٹ جانا

(راغب) کَرَّ کے بعد ۃ وحدت کی ہے جس کے معنی ہے

Presented by Ziaraat.Com

ایک بار، گویا کَرَّۃٌ کے معنی ہوئے ایک بار لوٹنا، ایک پھیرا۔ ایک مرتبہ واپسی، دشمن پر (لوٹ کر) یکبارگی حملہ کرنے کو بھی (اسی مناسبت سے) کہتے ہیں (تاج) آیات میں مراد ہے عالمِ آخرت سے لوٹ کر ایک بار پھر دنیا میں جانا۔ ۲/۴ ۱۹/۹ ۲۴/۳

کَرَّۃٌ: اس جگہ مراد دنیا سے لوٹ کر عالمِ آخرت میں جانا، ایک بار پھر زندہ ہونا۔ ۳۰/۲

اَلْکَرَّۃَ: دشمن پر یکبارگی حملہ غلبہ حاصل کرنے کے لئے کیا جاتا ہے اس لئے کَرَّۃٌ کے معنی غلبہ بھی آتا ہے، اس جگہ غلبہ مراد ہے (سیوطی)

کَرَّتَیْنِ: تثنیہ کَرَّۃٌ واحد، دو مرتبہ، دو بار۔ ۲۹/۱

کُرْسِیُّہٗ: کرسیٌ مضاف ہٗ مضاف الیہ، اسکی کرسی۔ اصحاب الظواہر (علامہ ابنِ تیمیہ امام ابن قیم و ابن حزم اندلسی وغیرہم) کے نزدیک کرسی سے حقیقی معنی مراد ہے یعنی یہی بیٹھنے کی کرسی لیکن کیفیت مجہول ہے معلوم نہیں کیسی، کس چیز کی، غرض جیسی اللہ کے لئے سزاوار ہے بعض علماء کے نزدیک وہ جسم محیط مراد ہے جس کے اندر سارا جہان سمایا ہوا ہے، بعض نے انصاف و حکومت کی کرسی مراد لی ہے حضرت ابن عباس کے نزدیک کرسی سے علم مراد ہے۔ ۳/۲

کُرْسِیِّہٖ: کرسی اسم مضاف ہٖ مضاف الیہ، اسکی کرسی

(پر) اسجگہ کرسی سے متعارف کرسی مراد ہے۔ ۲۳/۱۲

کِرَامٌ: جمع، کَرِیْمٌ واحد، باعزت، بزرگ (فرشتے) امام راغب نے لکھا ہے کَرَّمَ اللّٰہُ کی صفت بھی ہے انسان کی بھی، فرشتے کی بھی، قرآن کی بھی اور دوسری چیزوں کی بھی، اور سب کے معانی میں اختلاف ہے۔

۱ اللہ کے کرم سے مراد ہے مخلوق پر اس کا احسان و انعام۔ اللہ کریم ہے یعنی مخلوق پر احسان کرتا ہے بیش بہا نعمتوں سے نوازتا ہے ۲ آدمی کے کرم سے مراد ہے اخلاقِ پسندیدہ، خصائل حمیدہ، کردار کی ہر خوبی اور ہر ذاتی شرف۔ آدمی کریم ہے یعنی اچھے کردار کا مالک ہے، اس کے اندر محاسن ہیں، شرف ہے، بزرگی ہے۔ بعض علماء کا قول ہے حریت اور کرم دونوں ہم معنی ہیں لیکن استعمال میں فرق ہے، حر، اس آدمی کو کہتے ہیں جس میں خوبیاں ہوں اس کے اعمال میں حسن ہو خواہ محاسن چھوٹی ہوں یا بڑی لیکن کریم صرف اسی آدمی کو کہتے ہیں جس میں بہت اونچی خوبیاں ہوں ۳ ملائکہ کے کریم ہونے کے معنی ہے، دربارِ الٰہی میں ان کی عزت و بزرگی۔ کراماً کاتبین عزت والے فرشتے جو انسان کے اعمالنامے لکھتے ہیں ۴ قرآنِ کریم یا کتابِ کریم، عزت و شرف والا بزرگ قرآن اور کتاب ۵ رسولِ کریم عزت و بزرگی والا

پیغام بر (جبرئیل) ۷۰ قولِ کریم ۷۱ اچھی بات ۷۲ عاجزانہ کلام ۷۳ باقی اشیاء میں سے جس چیز کی صفت کریم ہوگی تو اس سے مراد ہوگا اس چیز کا اچھی صفات سے متصف ہونا، عمدہ ہونا جیسے زَوْجٍ کَرِیْمٍ ہر عمدہ قسم مَقَامٍ کَرِیْمٍ عمدہ مقام۔ ۳۰/۵

کِرَامًا: جمع کَرِیْمٌ واحد، ۱۹/۸۲ بزرگانہ انداز سے شریفانہ ۳۰/۸۰ عزت والے بزرگ (فرشتے)

کَرِیْمٌ: صفت مشبہ واحد، کِرَام جمع، عزت والا، ۹/۱۵ ۱۰/۶ ۱۲/۱۴ ۱۷/۱۴ ۱۸/۹ ۱۹/۱۸،۱۷ ۲۲/۷ ۲۷/۱۶،۱۸ ۲۵/۱۴۔

کَرِیْمٍ: صفت مشبہ واحد، کِرَام جمع عزت والا عمدہ، ۱۹/۸،۵ ۲۱/۱۰ ۲۲/۱۸ ۲۵/۱۴ ۲۷/۱۵ ۲۹/۶ ۳۰/۶۔

کَرِیْمًا: صفت مشبہ واحد، کِرَام جمع ۵/۲ عزت کا مقام ۱۵/۳ عاجزانہ باادب ۲۲/۱ عزت والا، عمدہ، ۲۲/۳ عزت والا۔ بڑا۔

اَلْکَرِیْمُ: صفت مشبہ واحد، کِرَام جمع ۲۵/۱۲ بزرگ۔

اَلْکَرِیْمِ: صفت مشبہ واحد، کِرَام جمع ۱۸/۶ بزرگ ۳۰/۸۰ بزرگ

کَرَّمْتَ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف تکریم و تکرمۃ مصدر، باب تفعیل عزت دینا تعظیم کرنا، عیب سے پاک قرار دینا، کسی کو کریم کہنا (تاج قاموس) تکریم للزم بھی آتا ہے کَرَّمَ السَّحَابُ ابر برسا پُرآب ہوگیا۔ آیت میں اول معنی مراد ہے تو نے عزت دی۔ ۱۵/۷

کَرَّمْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، تکریم مصدر، ہم نے عزت دی۔ ۱۷/۷۰

کَرِہَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف (باب سمع) ۹/۱۵ ۱۰/۱۱ ۱۱/۱۳ ۲۴/۷ ۲۸/۹ (اگرچہ) ناپسند کریں ۱۰/۱۳ ناپسند کیا، کَرِہَ صفت کا صیغہ ہے کَرِیْہٌ کے ہم معنی یعنی مکروہ، ناپسندیدہ (مزید تشریح کے لئے کارِ ہُوْنَ)

کَرَّہَ: واحد مذکر ماضی معروف، تکریہٌ مصدر باب تفعیل (دوسرے مفعول پر الی آنا ضروری ہے) تمہارے لئے ناگوار بنا دیا، ناپسند قرار دیا۔ تمہاری نظر میں مکروہ کر دیا۔ ۲۶/۱۳

کَرِہْتُمُوْہُ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف (اگر) تم ناپسند کرو (شرط کی وجہ سے ماضی بمعنی مضارع) ۴/۱۴ تم ناپسند کرو گے۔ ۲۶/۱۴

کَرِہُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، انہوں نے ناپسند کیا ۱/۱۲ ۲۶/۵،۷

کُرْہٌ: اسم، ناپسند، ناگوار (کَرْہٌ اور کُرْہٌ کے فرق کے لئے دیکھو کارِ ہُوْنَ) ۲/۱

کُرْھًا: تکلیف سے ناگواری کے ساتھ برداشت

Presented by Ziaraat.Com

کر کے۔ ۲۶/۲

کَرْہًا: مصدر و اسم مصدر، ناگوار ہونا، ناخوشی، مجبوری، زبردستی ۳/۱۷ اس آیت کا مطلب علماء تفسیر نے الگ الگ بیان کیا ہے ۱ کسی نے کہا کَرْہًا اسلام کا مطلب ہے ہر فطری دلائل سے مجبور ہو کر اللہ کی ذات صفات کو مان لینا ۲ بعض کا قول ہے مسلمان بخوشی مانتا ہے اور کافر قضاء الٰہی کے سامنے مجبوراً ہتھیار ڈال دیتا ہے ۳ قتادہ نے کہا مسلمان بخوشی مانتا ہے اور کافر مرنے کے وقت مجبور ہو کر ۴ ابو العالیہ اور مجاہد نے کہا کافر بھی اللہ کے خالقِ کل ہونے کا اقرار کرتا ہے اگرچہ معبود دوسروں کو بھی جانتا ہے ۵ حضرت ابن عباس نے فرمایا مسلم ہو یا غیر مسلم (فطری) احوال کے لحاظ سے سب فرمانبردار ہیں (یعنی تخلیقی حدود سے کوئی باہر نہیں نکل سکتا) اگرچہ زبان سے کافر انکار کرتا ہے ۶ اہل تصوف نے لطیف نکتہ بیان کیا ہے، کہتے ہیں جس نے سزا جزا دینے والے کی ذات کا مطالعہ کیا اور صرف مطالعۂ ذات کے پیشِ نظر اطاعت کی وہ اول گروہ میں داخل ہے اور جس نے ثواب کے لالچ یا عذاب کے خوف سے اطاعت کی وہ دوسرے گروہ میں شامل ہے یعنی رضاءِ ذات کے پیشِ نظر ایمان و اطاعت ہو تو اس کو طوعًا کہا جائے گا اور جاہ و خوف کے جذبہ کے تحت ہو تو کرہًا ہوگا (راغب) ۱۳/۸ اس آیت کی توضیح بھی ۳/۱۷ کی طرح ہے، ۴/۱۴ زبردستی، عورتوں کی ناگواری کی حالت میں ۱۰/۱۳ خوشی ناخوشی ۲۴/۱۶ خوشی ناخوشی یا بالارادہ اور بالاضطرار۔

کَسَادَھَا: کَسَدٌ مصدر مفعول مضاف، ھا ضمیر واحد مؤنث مضاف الیہ، تجارت نہ چلنا، سودا نہ بکنا، خریدار نہ ملنا۔ کُسُوْدٌ کا بھی یہی معنی ہے (باب نصر و کرم) سُوْقٌ کَاسِدٌ وہ بازار جس میں خریدار کم ہوں، مَتَاعٌ کَاسِدٌ وہ سامان جس کے خریدار کم ہوں، کَسِیْدٌ بھی اسی کا ہم معنی ہے۔ ۱۰/۹

کُسَالٰی: جمع، کَسْلَانٌ واحد سست کاہل جس کام میں سستی نہ کرنی چاہئے اس میں سستی کرنے کو کُسل کہتے ہیں (راغب قاموس) کَسِلٌ سستی کرنے والا مرد، کَسُوْلٌ سست عورت (باب سَمِعَ) ۵/۱۸ ۱۰/۱۳

کَسَبَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف اکْتَسَبَ کمائی کرنا، نفع کے لئے کوئی کام کرنا خواہ نتیجہ اچھا نکلے یا برا۔ کسب و اکتساب کا فرق اور پوری تشریح حسب صراحت امام راغب اِکْتَسَبَ کے ذیل میں بیان

کی جا چکی ہے اس جگہ اتنا سمجھ لینا چاہیئے کہ قرآن مجید میں کسب کا استعمال چھ طرح کیا گیا ہے ۱ قلبی ارادہ اور نیت کی پختگی جیسے وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ۲ اچھا برا قول یا فعل جیسے ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ۳ نیک کام کرنا جیسے لَهَا مَا كَسَبَتْ ۴ برے کام کرنا جیسے وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَيْهَا ۔ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا ۔ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌ بِمَا كَسَبَتْ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۵ مال کمانا جیسے اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ ۶ اولاد جیسے وَمَا كَسَبَ ۔ مَكْسِبٌ مَكْسَبٌ اور مِكْسَبَةٌ بھی مصدر ہے (باب ضرب متعدی بیک مفعول و دو مفعول) ۱ برا کام کیا ۲ اچھا یا برا کوئی کام کیا ۳ اولاد ۔

كَسَبَا: تثنیہ مذکر غائب ماضی معروف، یہ لفظ اگرچہ تثنیہ مذکر کے لئے موضوع ہے لیکن اس جگہ ایک مرد اور ایک عورت مراد ہے، استعمالِ عرب میں ایسا جائز ہے۔ دونوں نے برا کام کیا ۱

كَسَبَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف ۱ اچھے کام کئے ۲ برے کام کئے ۔

كَسَبْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف ۱ تم نے اچھے کام کئے ۲ تم نے جو مال کمایا ۔

كَسَبُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف ۱ انہوں نے برے کام کئے ۲ انہوں نے اچھے کام کئے ۳ ظاہر میں اچھے کام کئے ۔

كِسَفًا: جمع کِسْفَةٌ مفرد۔ اَلْكِسَافُ وَالْكُسُوْفُ جمع الجمع، ٹکڑے۔ كَسَفَ (باب ضرب) متعدی بھی ہے اور لازم بھی كَسَفَ الثَّوْبَ کپڑا کاٹ دیا پھاڑ دیا كَسَفَتِ الشَّمْسُ سورج گرہن ہو گیا كَسَفَ اللّٰهُ الشَّمْسَ اللہ نے سورج گرہن کر دیا كَسَفَ حَالُهٗ اس کا حال برا ہو گیا كَسَفَ طَرْفَهٗ اس نے اپنی آنکھیں نیچی کر لیں ۱ ٹکڑے ۲ ٹکڑے ۳ اوجھ کا ایک پارہ دوسرے کے اوپر تہ بہ تہ ۴ ٹکڑے ۔

كِسْفًا جمع كِسْفَةٌ مفرد، بعض اہل لغت نے كِسَفٌ کو بھی مفرد کہا ہے۔ اخفش نے صراحت کی ہے کہ آیت ۲۶ میں جس کے نزدیک كِسْفًا کی روایت صحیح ہے اس کے نزدیک كِسَفًا مفرد ہے اور جس کے نزدیک اس جگہ كِسْفًا مروی ہے اس کے نزدیک (بہر حال) جمع ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

کِسْوَتُہُمْ: مفرد مضاف، کِسَاءٌ جمع، لباس کُسْوَۃٌ بھی اسی کے ہم معنی ہے، اس کی جمع کُسًی ہے، کِسَاءٌ نسلی، بزرگی اور مرتبے کی بلندی، کِسَاءٌ کمبل

اَکْسِیَۃٌ جمع، کاسِیٌ لباس پہنے ہوئے آدمی، مَکْسُوٌّ وہ لباس جو پہنا گیا ہو۔ کَسِیَ (سَمِعَ) متعدی بیک مفعول (کُسْوَۃٌ مصدر) پہننا۔ کَسَا (نصر) متعدی بدو مفعول کسی کو لباس پہنایا یا پہننے کو دیا۔ آیت میں کُم مضاف الیہ ہے ان مردوں کا لباس ۷/۲

کِسْوَتُہُنَّ: ان عورتوں کا لباس۔ ۲/۱۴

کَسَوْنَا: جمع متکلم ماضی معروف (باب نصر) ہم نے پہنایا۔ ۱۸/۱

کُشِطَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی مجہول کَشْطٌ مصدر (باب نصر) کَشْطٌ کے معنی برہنہ کر دینا جگہ سے ہٹا دینا۔ گھوڑے کے اوپر سے جھول الگ کر دینا۔ اونٹ وغیرہ کی کھال اتار دینا، کِشَاطٌ برہنہ ہونا (تاج و قاموس) کسی چیز کو ہٹا کر لپیٹ دینا، آسمانوں کو جگہ سے لپیٹ دیا جائے گا۔ ۳۰/۶

(معجم القرآن)

کَشَفَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، دور کر دیتا ہے، زائل کر دیتا ہے۔ ۱۴/۱۲ (دیکھو مزید تنقیح کے لئے کاشِفَ)

کَشْفَ الضُّرِّ: مصدر منصوب مضاف، اَلضُّرِّ مضاف الیہ تکلیف کو دور کرنا۔ ۱۵/۶

کَشَفَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف۔ اس نے کھولا۔ اس نے کپڑا ہٹایا) ۱۹/۱۸

کَشَفْتَ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف (اگر) تو دور کر دے (اگر) تو ٹال دے (شرط کیونکہ سے ماضی بمعنی مضارع) ۹/۶

کَشَفْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، ہم نے دور کر دیا، ٹال دیا ۹/۶، ۱۱/۱۵، ہم نے دور کر دی، زائل کر دی ۱۷/۶ (اگر) ہم دور کر دیں ۱۸/۴۴ ہم نے دور کر دیا۔ ہٹا دیا۔ ۲۵/۱۱ ہم نے کھول دیا، پردہ ہٹا دیا۔ ۲۲/۱۶

کَظِیْمٌ: صفت مشبہ مفرد، کَظْمٌ اور کَظُوْمٌ (دیکھو اَلْکَاظِمِیْنَ) سخت غمگین جو اپنے غم کو گھونٹ کر رکھے ظاہر نہ کرے (بیضاوی، خازن) ۱۳/۴۰ ۲۵/۸

اَلْکَعْبَۃَ / **اَلْکَعْبَۃِ**: چوکور مربع مکان جو سطح سے اونچا ہو یعنی کرسی پر بنا ہو، مراد مسلمانوں کا قبلہ۔ ۷/۳

دنیا میں سب سے اول عبادت خانہ جس کی تعمیر ابتدائی دور انسانی میں کی گئی کعبہ ہے، حضرت ابراہیم سے بھی پہلے لوگ اس کی تعظیم کرتے تھے سیلاب اور امتدادِ زمانہ کے سبب عمارت گر گئی، نشان

Presented by Ziaraat.Com

مٹ گئے تو حضرت ابراہیم نے از سرِ نو مربع عمارت بنائی جس کی شکل چوکور تھی لیکن ہر چہار اطراف میں بجائے اضلاع کے زاوئے قائم کئے، زاویہ غربی زاویہ شرقی، زاویہ شمالی۔ زاویہ جنوبی۔ چاروں اضلاع کا رُخ اس طرح تھا، ایک ضلع جنوبی شرقی، دوسرا جنوبی غربی، تیسرا شمالی شرقی، چوتھا شمالی غربی، اس شکل کی عمارت بنانے کی وجہ صرف یہ تھی کہ کسی رخ کی طوفانی ہواؤں سے ٹکراؤ نہ ہو۔ حضرت ابراہیم کے زمانۂ دراز کے بعد عمالقہ نے تعمیر کی، پھر قبیلۂ جرہم نے اپنے زمانے میں اس کی عمارت بنائی، سیلاب کے سبب جرہم کی بنائی ہوئی عمارت بھی گر گئی تو قریش نے تعمیر کی لیکن روپے کی کمی کے سبب اصل عمارت سے یہ عمارت تنگ رہی۔ اصل بنیادوں پر نہ بن سکی حضورِ اقدس کی بعثت سے پانچ سال پہلے کا یہ واقعہ ہے، سرکارِ دوالا بھی تعمیر میں شریک تھے، پھر حضرت عبداللہ بن زبیر نے اپنے دورِ خلافت میں ۶۳ھ سے ذی الحج ۶۴ھ تک ابراہیمی بنیادوں پر از سرِ نو تعمیر کی اور قریش کی بنائی ہوئی عمارت ڈھا دی جب حجاج کی فوج کی سنگ باری سے کعبہ کی دیواریں ٹوٹ گئیں اور حضرت عبداللہ کو شکست ہو گئی تو عبدالملک بن مروان کے حکم سے ابنِ زبیر کی بنوائی ہوئی عمارت گرا دی گئی اور قریش کی قائم کردہ بنیادوں پر تعمیر کی گئی۔ عمارت قریش کی بلندی ۱۵ میٹر تھی، حضرت ابنِ زبیر نے ۱۷ میٹر بلندی رکھی میزاب والا ضلع اور اس کے سامنے والا ضلع دس دس میٹر سے کچھ زائد رکھا اور دروازہ والا ضلع اور اس کے سامنے والا ضلع بارہ بارہ میٹر طویل بنایا۔

اسلام سے ستائیس سو برس پہلے عرب کعبہ کی تعظیم کرتے تھے، اس میں بت پرست اور اہلِ کتاب کی کوئی تفریق نہ تھی بلکہ حضرت ابراہیم سے بھی پہلے اقوامِ عرب (عاربہ اور متعربہ) کی نظر میں یہ عبادت خانہ مقدس مانا جاتا تھا۔ ایک اسلامی شاعر کے اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ ساسان بن بابک (شاہِ فارس) بھی کعبہ کے حج کو آیا تھا، شاعر کہتا ہے ؎

وَمَازِلْنَا نَحُجُّ الْبَيْتَ قَدْمًا وَنَلْقٰى بِالْاَبَاطِحِ اٰمِنِيْنَا
وَسَاسَانُ بْنُ بَابَكَ سَارَ حَتّٰى اَتَى الْبَيْتَ الْعَتِيْقَ يَطُوْفُ دِيْنَا

ہم پرانے زمانے سے کعبہ کا حج کرتے رہے ہیں اور امن کے ساتھ وادیٔ بطحا میں رہتے رہے، ساسان بن بابک بھی چل کر آیا تھا اور اس نے بھی اس مکانِ قدیم کا مذہبی طواف کیا تھا (معجم القرآن)

مروج الذہب میں لکھا ہے کہ صابی فرقہ (یعنی

Presented by Ziaraat.Com

صابی فرقوں میں سے وہ گروہ جو ستارہ پرست تھا) کعبہ کی تعظیم کرتا تھا اور کہتا تھا کہ کعبہ بیت زحل ہے۔ مشرک صابی سیاروں کو ابدی ازلی کہتے اور عالم عناصر کا مؤثر حقیقی اور الٰہ معبود جانتے تھے (رحلہ حجازیہ) شہر سبا (علاقہ یمن) کے رہنے والے قبائل حمیر سب سے پہلے صابی مذہب کے علمبردار بنے اور سیلِ عرم کے بعد یا کچھ پہلے باقی بلادِ عرب میں جب یہ قبائل پھیل گئے تو شام و حبش تک یہ مذہب پھیل گیا۔ صابیوں کی نظر میں سات محترم مکان تھے جن میں سے ایک کعبہ بھی تھا اور سب مٹ گئے، کعبہ باقی رہا اور چونکہ ستارہ پرستی قدیم سے عموماً شرقی ممالک میں پھیلی ہوئی تھی خصوصاً ہندوستان، ایران اور عراق (کلدانی) اس لئے ان ملکوں کے باشندے کعبہ کی تعظیم کرتے تھے، بقول پروفیسر عبدالرؤف (معجم القرآن) ہندو مکہ کو مکشیشا یا مکوشیشان کہتے تھے یعنی شیش یا شیشان والا مکہ شیش یا شیشان ہندوؤں کے کسی دیوتا کا نام تھا، ہندو یہ بھی کہتے تھے کہ الوہیت کے تیسرے رکن (اقنومِ ثالث) یعنی شیو جب مکہ کی زیارت کو اپنی بیوی سمیت گیا تو مجسمۂ الوہیت کا ایک پتھر توڑ کر لیتا گیا جس کو کعبہ میں لگا دیا، اسی کو حجرِ اسود کہا جاتا ہے ہم نہیں کہہ سکتے کہ صاحب معجم القرآن کی تحقیق کہاں تک صحیح ہے اور قدیم ہندوستانی کعبہ کو محترم جانتے تھے یا نہیں لیکن موجودہ ہندوؤں کے آرین قدماء کی بعض تصریحاتِ ضروریہ پتہ دیتی ہیں کہ ان کی نظر میں مکہ ضرور واجب التعظیم مقام تھا آرین تاریخ (اگر صحیح ہے) تو یہ رائے قائم کی جا سکتی ہے کہ ایران کے مذہبی عقائد قدیم آریہ پر ضرور اثر انداز تھے اور ایرانی صابی مکے کی تعظیم و تقدیس کرتے تھے اس لئے یہ یقین کر لینے کی وجوہ ہیں کہ قدیم آریہ بھی مکہ کی تقدیس کرتے ہوں گے۔

اسلام سے پہلے عرب نے کچھ کعبے دوسرے بھی بنا رکھے تھے جن کی تقدیس کرتے تھے لیکن کعبہ کی عظمت سب سے زیادہ تھی، اسلام کے بعد ایک کعبہ کے علاوہ کوئی کعبہ باقی نہیں رہا۔

اَلْكَعْبَيْنِ: تثنیہ، اَلْكَعْبُ مفرد، دونوں ٹخنے ایڑی سے اوپر پیر قدم اور ٹانگ کے ملنے کے مقام پر، دائیں اور بائیں ابھری ہوئی دو ہڈیوں، جوتہ کا تسمہ باندھنے کی جگہ میں پشتِ قدم پر سامنے کی طرف جو ہڈی کسی قدر ابھری ہوئی ہے اسکو بھی

Presented by Ziaraat.Com

کعب کہا جاتا ہے (قاموس) لیکن باجماعِ اہلِ سنت آیت میں ہر پاؤں کے دونوں ٹخنے ہی مراد ہیں۔ پ ۶

کِفَاتًا: سب کو سمیٹنے کی جگہ، زندہ انسانوں کو اپنے اوپر اور مردوں کو اپنے اندر زمین سمیٹے ہوئے ہے مثل مشہور ہے اَلْمَنَازِلُ کِفَاتُ الْاَحْیَاءِ وَالْمَقَابِرُ کِفَاتُ الْاَمْوَاتِ مکان زندوں کو سمیٹنے کے مقام ہیں اور قبریں مردوں کو۔ اگر کِفَات کو مصدر قرار دیا جائے تو کِفَات سے مراد مقامِ کِفَات ہوگا اور اگر کِفَات کو کِفْتٌ کی جمع کہا جائے اور کِفْتٌ کا معنی ہے ظرف، برتن، تو زمین کو مردوں زندوں کی بھرتی کا برتن کہا جائے گا، دونوں صورتوں میں مطلب ایک ہی ہے (معجم القرآن مع بعض زیادۃ) صاحب قاموس نے لکھا ہے کہ:

"کِفَات جمع کرنے کے مقام کو بھی کہتے ہیں اس صورت میں مطلب بغیر کسی توجیہ کے بالکل واضح ہے"

"لغت میں کِفْتٌ کے معنی ہیں کسی چیز کا رخ پھیر دینا، پنجے میں دبوچ لینا، جمع کرنا، حفاظت کرنا، تیز ہنکانا، اڑنے کے ارادے سے پرندہ کا بازو سمیٹنا روکے رکھنا صحاح کی حدیث میں آیا ہے اِکْفِتُوْا صِبْیَانَکُمْ بِاللَّیْلِ رات میں اپنے بچوں کو روکے رکھو۔ زمین بھی سب کو اپنے اندر روکے ہوئے ہے اس لئے کِفَات کہا گیا

(وَالْفِعْلُ مِنْ ضَرَبَ) کِفْتٌ کے معنی مار ڈالنا اور ہلاک کرنا بھی ہے اور گھما کر کسی چیز کے دونوں کناروں کو ملا دینے کو بھی کِفْتٌ کہتے ہیں (تاج) ایک حدیث میں آیا ہے، اللہ کریم کاتبین سے فرماتا ہے اِذَا مَرِضَ عَبْدِیْ فَاکْتُبُوْا لَہٗ مِثْلَ مَا کَانَ یَعْمَلُ فِیْ صِحَّتِہٖ حَتّٰی اُعَافِیَہٗ اَوْ اَکْفِتَہٗ میرا بندہ بیمار ہو جائے تو جیسے اعمال وہ صحت کی حالت میں کرتا تھا ویسے ہی اس کے اعمال لکھتے رہو یہاں تک کہ میں اس کو تندرست یا ہلاک کر دوں۔ شاید ہلاک کرنے کو اس وجہ سے کِفْتٌ کہتے ہیں کہ مرنے کے بعد آدمی اپنی اصل یعنی عدم سے جا ملتا ہے، انجام کا سرا آغاز سے مل جاتا ہے، اس کے اندر بھی سمٹنے اور جمع ہونے کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ ۲۹/۲۱

کَفَّارٌ: صیغہ مبالغہ مرفوع نکرہ، زبردست کافر، بڑا ناشکرا کُفْرٌ، کُفْرَانٌ اور کُفُوْرٌ کی مکمل تشریح اَکْفُرُ۔ تَکْفُرُ۔ تَکْفُرُوْنِ اور کَافِرٌ کے ذیل میں کی جا چکی ہے ۱۳/۱۷ بڑا ناشکرا ۲۲/۱۵ کافر۔

کَفَّارٍ: مبالغہ مجرور نکرہ ۳/۶ بڑا ناشکرا ۲۶/۱۶ کافر۔

کَفَّارًا: مبالغہ منصوب نکرہ۔ ۲۹/۱۰

کُفَّارٌ: جمع مرفوع کَافِرٌ واحد۔ کُفَّارٌ مفرد بھی ہے جس کے معنی ہیں تاریک رات، سیاہ ابر، دریا

Presented by Ziaraat.Com

بڑی ندی، کاشتکار، ہموار میدان۔ تاریکی، ہتھیار بند آدمی۔ لیکن ان میں سے کسی معنی کے لئے قرآنِ مجید میں استعمال نہیں کیا گیا، قرآنِ مجید نے اس لفظ کو بصورت جمع استعمال کیا ہے اور صرف کافر کے معنی مراد لئے ہیں یعنی نبوت، شریعت اور قیامت وغیرہ کے منکر۔ ۲/۳ ۳/۱۷ ۴/۱۴ ۲۶/۸۔

كُفَّارًا: جمع منصوب، کافر واحد۔ ۱/۱۲۔

اَلْكُفَّارُ: جمع مرفوع معرفہ الکافر واحد، منکرینِ اسلام۔ ۱۳/۱۲ ۲۸/۸

اَلْكُفَّارِ: جمع مجرور معرفہ، الکافر واحد، منکرینِ اسلام۔ ۱۱/۵ ۲۶/۱۲ ۲۸/۸ ۳۰/۸

اَلْكُفَّارَ: جمع منصوب معرفہ الکافر واحد ۶/۱۳ ۱۰/۱۵ ۱۰/۱۶

۱۱/۴ ۲۸/۲۰ منکرینِ دین ۲۷/۱۹ کاشتکار

كُفَّارُكُمْ: کُفَّار جمع مضاف، کُمْ مضاف الیہ تمہارے کافر۔ تم میں کے کافر ۲۷/۱۰

كَفَرَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، وہ کافر ہوا، اس نے کفر کیا۔ ۱/۱۳ ۳/۱۵ ۴/۱ ۶/۱۴ ۱۴/۲۰ ۱۶/۸ ۱۸/۱۳ ۲۱/۱۲ ۲۲/۱۷ ۲۸/۵ ۳۰/۱۳ اس نے ناشکری کی، ۱۹/۱۸ ۲۱/۱۱

كُفِرَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول، اس کا انکار کیا گیا، اس کی رسالت نہیں مانی گئی ۲۷/۸

كُفْرٌ: مصدر و اسم مصدر نکرہ، اسلام سے انکار، رسالت کا انکار، قیامت کا انکار، وحدانیتِ ذاتی وصفاتی کا انکار، فرائضِ دین کی فرضیت کا انکار وغیرہ۔ ۲/۱۱

اَلْكُفْرَ: مصدر معرفہ منصوب (حسب معنی مذکور) ۱/۱۳ ۳/۱۳ ۴/۹ ۱۰/۹ ۲۶/۱۳

اَلْكُفْرِ: مصدر معرفہ مجرور (حسب معنی مذکور) ۳/۱۶ ۴/۸ ۶/۱۳ ۸/۹ و ۱۰ ۸/۱۰ و ۹ و ۱۱ و ۱۶ ۱۰/۱۶ ۱۴/۲۰

كُفْرُهٗ: مصدر مرفوع مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ اس کا کفر۔ ۲۱/۸ ۲۲/۱۷

كُفْرُهُمْ: مصدر مرفوع مضاف ہُم ضمیر جمع مذکر مضاف الیہ، ان کا کفر۔ ۲۲/۱۷ دو جگہ۔

كُفْرِهِمْ: مصدر مجرور مضاف ہِم ضمیر مضاف الیہ ان کے کفر کی وجہ سے۔ ۱/۱۱ ۵/۴ ۶/۲

كُفْرِكَ: مصدر مجرور مضاف کَ ضمیر خطاب مضاف الیہ، تیری ناشکری کی وجہ سے ۲۳/۱۵

كُفْرًا: مصدر منصوب نکرہ، انکارِ شریعت (وغیرہ) ۳/۱۷ ۱۵/۱۷ ۱۳/۱۳ و ۱۴ ۶/۱۴ ۱۱/۲ و ۱ ۱۶/۱ ناشکری ۱۳/۱۷

كُفْرَانَ: مصدر منصوب، ناقدردانی۔ ۱۷/۷

كَفَرْتُ: واحد متکلم ماضی معروف، مصدر کُفْرٌ، میں نے انکار کیا، میں انکار کرتا ہوں۔ ۱۳/۱۶

Presented by Ziaraat.Com

كَفَرْتَ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف، کُفْرٌ مصدر
تو نے انکار کیا۔ تو نے نہیں مانا۔ ۱۵/۱۷

كَفَرْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، کُفْرٌ مصدر
۴/۲ ۱۰/۱۴ ۱۳/۱۴ ۱۵/۷ ۲۴/۷ ۲۵/۱ ۲۶/۱

كَفَرَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف، کُفْرٌ
مصدر، اس نے انکار کیا۔ نہ مانی ۲۵/۱۰ کُفْرَانٌ مصدر
اس نے ناشکری کی ۲۴/۲۱

كَفَرْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، کُفْرٌ مصدر، ہم نے
انکار کیا۔ کفر کیا ۲۴/۱۴ ۲۸/۷

كَفَرُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، کُفْرٌ مصدر
انہوں نے اسلام کا انکار کیا، انہوں نے تکذیب
کی، انہوں نے نہ مانا۔

۱	۲	۳
۳، ۴، ۱۱، ۱۲، ۱۳	۳، ۱۰	۲، ۹، ۱۰، ۱۴، ۱۷
۴	۵	۶
۳، ۴، ۷، ۸، ۹، ۱۱	۳، ۷، ۸، ۹، ۱۲، ۱۷	۳، ۵، ۶، ۱۰، ۱۴، ۱۵
۷	۸	۹
۱، ۴، ۵، ۷، ۹	۱۶	۱، ۱۶، ۱۸، ۱۹
۱۰		
۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۷، ۱۸		۶
۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
۱، ۳، ۵، ۶	۷، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۵	۱، ۱۸	۱۱، ۲۰
۱۶	۱۷	۱۸
۳، ۵، ۸	۳، ۷، ۹، ۱۰، ۱۴، ۱۶	۲، ۳، ۱۱، ۱۳، ۱۶
۱۹	۲۰	۲۱
۱	۲، ۳، ۱۵	۲، ۵، ۹، ۱۶، ۱۹
۲۲		۲۳
۷، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۵، ۱۶		۲، ۹، ۱۰، ۱۲
۲۴		۲۵
۲، ۵، ۶، ۷، ۸، ۱۸، ۱۹		۱، ۱۷، ۲۰
۲۶	۲۷	۲۸
۱، ۲، ۴، ۵، ۶، ۸، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۱۹	۲، ۴، ۱۸	۴، ۵، ۷، ۱۳، ۱۵، ۱۶، ۱۹
۲۹	۳۰	
۱، ۲، ۴، ۸، ۱۵	۹، ۱۰، ۱۴، ۲۳	

۲۲/۸

اَلْكَفَرَةُ: جمع اَلْكَافِرُ واحد، ناشکرے۔ ۳۰/۵

كَفُوْرٌ: صفت مشبہ مرفوع نکرہ، ناشکرہ ۱۷/۱۲ ۱۲/۱۶

۲۵/۷، ۱۶

كَفُوْرٍ: صفت مشبہ مجرور نکرہ، ناشکرہ ۱۷/۱۲ ۲۱/۱۳ ۲۲/۱۶

كَفُوْرًا: صفت مشبہ منصوب نکرہ، ناشکرہ ۱۵/۳، ۷

۲۹/۱۹ کافر ۲۹/۲

اَلْكَفُوْرَ: صفت مشبہ منصوب معرفہ، کافر یا ناشکرہ ۲۲/۸

كُفُوْرًا: مصدر، منصوب، کفر ۱۵/۱۷ ۱۹/۳

كَفَّرَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، تکفیر، مصدر
باب تفعیل، دور کردے، معاف کردے، ساقط کردے۔ تکفیر
کے معنی کسی چیز کو چھپانا (متعدی بغیر حرف) گناہ مٹا دینا
معاف کر دینا (مفعول دوئم پر عَنْ) ۲۶/۵

كَفِّرْ: واحد مذکر حاضر امر معروف، تکفیر، مصدر، مٹا دے
معاف کردے، دور کردے ۴/۱۱

كَفَّرْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، تکفیر، مصدر، ہم نے
دور کردیے، مٹا دیے ۶/۱۳

كَفَّارَةٌ: اسم، گناہ کا شرعی اتار، شریعت نے گناہ
کی سزا سے محفوظ رہنے کے لئے جو بدلہ (بصورت صوم

یا صدقہ یا باندی یا غلام کی آزادی تجویز کر دیا ہے، اس کو کفارہ کہا جاتا ہے۔ پ ۶ ع ۱۱ پ ۳

کَفَّارَۃٌ: اسم مضاف (قسموں کا) بدلہ۔ پ ۲

کَفَّارَتُہٗ: کَفَّارَۃٌ مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ اس کا کفارہ۔ پ ۲

کَفَّ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، کَفٌّ مصدر متعدی و لازم (باب نصر) روک دیا۔ کَفٌّ کے (اصلی وضعی معنی ہتھیلی سے کسی چیز کو روک دینا دفع کر دینا لیکن توسع استعمال کے بعد (عرف عام میں) اس کے معنی ہو گئے کسی طور پر کسی چیز کو روک دینا خواہ ہاتھ سے نہ ہو جیسے کُفَّ بَصَرُہٗ اور کَفَّ بَصَرُہٗ اس کی نگاہ روک دی گئی یا رک گئی یعنی نابینا ہو گیا کَفَفْتُہٗ عَنْہُ میں نے اس کو روک دیا فَکَفَّ پس وہ رک گیا۔

کَفٌّ ہتھیلی (راغب) پورا پنجہ (قاموس) اَکُفٌّ اور کُفُوْفٌ جمع لِقِیْتُہٗ کَفَّۃً کَفَّۃً میں اس سے دست بدست ملا۔ کَفَافٌ بقدرِ ضرورت روزی، حدیث میں آیا ہے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ کَفَافًا الٰہی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں کو بسر اوقات کے قابل روزی عطا فرما۔ تَکَفَّفَ (باب تفعل لازم) مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلایا اِسْتَکَفَّ (باب استفعال لازم) مانگنے کے لئے یا کسی چیز کو روک دینے کے لئے ہتھیلی پھیلائی اِسْتَکَفَّ الشَّمْسَ (باب استفعال متعدی) کسی چیز کی طرف بآسانی دیکھنے کیواسطے دھوپ کی شعاعوں کو روکنے کیلئے آنکھوں پر بطور سایہ ترچھی شکل میں ہاتھ کی آڑ کر لی۔ پ ۶ ع ۱۱ پ ۲۶

کَفَفْتُ: واحد متکلم ماضی معروف (باب نصر) امام راغب نے اس لفظ کے دو معنی لکھے ہیں ۱ میں نے اس کی ہتھیلی کو پکڑ لیا یا اس کے ہاتھ پر مارا۔ ۲ میں نے اس کو اپنے ہاتھ سے یا ہتھیلی سے روکا، دفع کیا لیکن یہ دونوں معانی اصل وضع کے اعتبار سے ہیں اس جگہ مراد بنی اسرائیل کو روک دینا اور حضرت عیسٰی کی طرف سے دفع کرنا ہے۔ پ ۵

کُفُّوْا: جمع مذکر حاضر امر حاضر، اصل میں اُکْفُفُوْا بروزن اُنْصُرُوْا تھا، روکو۔ پ ۵

کَفَّیْہِ: کَفَّیْ تثنیہ ہے، اصل میں کَفَّیْنِ تھا، مضاف ہونے کی وجہ سے تثنیہ کا نون حذف کر دیا۔ ہٗ ضمیر مضاف الیہ، ہتھیلی سے ہتھیلی ملنا (ہاتھ ملنا) پشیمان ہونے کی علامت ہے اس لئے تَقْلِیْبُ الْکَفَّیْنِ سے لغوی معنی مراد نہیں ہوتے بلکہ ندامت مراد ہوتی ہے (راغب) پ ۱۳ ع ۸ پ ۱۵ ع ۱۷

کَفَّلَہَا: کَفَّلَ واحد مذکر غائب ماضی معروف، تَکْفِیْلٌ

Presented by Ziaraat.Com

مصدر (باب تفعیل) ھا ضمیر واحد مؤنث مفعول، یعنی اللہ نے زکریا کو مریم کا کفیل بنا دیا۔ اس صورت میں ھا ضمیر مفعول اول اور زکریا مفعول دوم ہوگا لیکن تکفیل کے معنی کسی کو اپنی ذمہ داری میں لے لینا بھی ہے اس لئے زکریا فاعل بھی ہو سکتا ہے یعنی زکریا نے مریم کو اپنی ذمہ داری میں لے لیا۔

کَفَلَہٗ کَفْلًا (نصر) کسی کو اپنی ذمہ داری میں لینا، کَفَلْتُہٗ عَنْہُ بِالْمَالِ کسی قرضدار کی طرف سے قرضخواہ کو مال ادا کرنے کی ضمانت کی کَفَلَ بِالرَّجُلِ کَفْلًا (ضرب نصر کرم سمع) اس آدمی کی ضمانت کی الخ کِفْلٌ حصہ، کسی کا مثل، مساوی کَفِیْلٌ مثل اور ضامن کُفَلَاءُ جمع، کَافِلٌ ضامن، ذمہ دار تیماردار کُفَّلٌ اور کُفَلَاءُ جمع (اقرب الموارد و منتہی الارب) ۳/۱۲

کِفْلٌ: ذمہ، حصہ یا بمعنی کفیل، پورا پورا حصہ، (راغب) مراد گناہ کا حصہ، ردی حصہ (معجم القرآن) ۵/۸

کَفِیْلًا: ذمہ دار، مثل، جس کا ذمہ لیا جائے، اس جگہ اول معنی مراد ہے۔ ۱۴/۱۹

(ذَا) الْکِفْلِ: حضرت ذوالکفل کا نام بشر تھا حضرت ایوب کے بیٹے تھے (صادی) حضرت ایوب کے جانشین ہوئے، کنعان کے رہنے والے اسرائیلیوں کی ہدایت کے لئے آپ کو پیغمبر بنا کر بھیجا گیا (قاموس) لقب ذوالکفل تھا کیونکہ آپ نے قائم اللیل اور صائم الدہر ہونے کا عہد کیا تھا اور اللہ سے یہ بھی وعدہ کیا تھا کہ معاملے کا فیصلہ کرتے وقت کسی فریق پر (خواہ وہ کیسی ہی گستاخی کرے) غصہ نہیں کریں گے۔ محلی نے ذوالکفل کہنے کی یہ وجہ لکھی ہے کہ سو انبیاء نے آپ کے پاس پناہ لی تھی، کافروں نے انبیاء کو قتل کرنا چاہا تھا، ذوالکفل نے ان کی ضمانت کی، اپنی پناہ میں لیا اور بچا لیا اول توجیہ لقب زیادہ قرین صحت اور موافق لغت ہے کیونکہ کافل اس شخص کو بھی کہتے ہیں جو صیام روزے رکھنے کا عہد کر چکا ہو اور یہ بھی اس نے پیمان باندھ لیا ہو کہ روزے میں کسی سے بات نہیں کریگا (قاموس) اور یہ ظاہر ہے کہ کافل (صاحب کفل) اور ذوالکفل (صاحب کفل) کے معنی میں کوئی فرق نہیں، فرق صرف لفظی ہے، ایک جگہ ذو فاعلی معنی کو ظاہر کر رہا ہے اور دوسری جگہ ہیئت صیغہ کو، لفظ کفل دونوں میں مشترک ہے۔

جمہور کے قول پر حضرت ذوالکفل پیغمبر تھے حضرت ابو موسیٰ اشعری صحابی اور مجاہد تابعی کے نزدیک پیغمبر نہ تھے۔ ۱۷/۶، ۲۳/۳۔

کِفْلَیْنِ: تثنیہ منصوب، کِفْلٌ واحد، دو حصے، دوگونہ، ایک دنیا میں رحمت دوسری آخرت میں،

Presented by Ziaraat.Com

(معجم) بعض کا قول ہے کہ دو نعمتیں مراد نہیں ہیں بلکہ (دو ہری نعمت یعنی) ہیم نعمت مراد ہے جو پوری پوری ہو اس کے بعد کسی زیادتی کی ضرورت نہ پڑے (وہذا مراد الراغب بما اجمل فی بیانہ) ب ۲۷/۲

کُفُوًا: کُفُوٌ کَفْوٌ کِفَاءٌ کَفْوٌ کَفِیٌّ کَفِیئَۃٌ کُفْوٌ کُفْیٌ کَفَاءٌ مرتبہ میں برابر مساوی القدر قرآن مجید میں یہ لفظ مہموز بصورت واؤ ہے کَفَاءٌ اور کُفُوٌ کی جمع کِفَاءٌ اور کُفُوٌ اور کُفْوٌ کی جمع اَکْفَاءٌ آتی ہے۔

کَفِیُّ اللَّوْنِ اور مَکْفُوءُ اللَّوْنِ جس کا رنگ الٹ گیا ہو، بگڑ گیا ہو، اِنَاءٌ مَکْفُوءٌ ایک طرف سے جھکا ہوا اور بالکل الٹا ہوا برتن۔

کَفَأَہٗ (باب فتح متعدی) اس کو الٹا کر دیا، ایک طرف کو جھکا دیا، کسی کے رخ کو پھیر دیا، پیروی کی۔ کَفَأَ (باب فتح لازم) شکست کھائی، منہ موڑ کر پشت پھیر کر بھاگا، کَفَأَ عَنْ قَصْدِہٖ ارادے سے رک گیا، باز رہا اِکْفَاءٌ (باب افعال) الٹا کر دینا، مکافاۃ (باب مفاعلۃ) برابر بدلہ دینا مُکَافِئٌ برابر، عقیقہ والی حدیث میں ایک ہے شَاتَانِ مُکَافِئَتَانِ برابر کی دونوں بکریاں (المفردات وقاموس وتاج واقرب الموارد) ب ۳۰/۳۷

کَفٰی: واحد مذکر غائب ماضی معروف (ضرب) صیغہ ماضی کا ہے لیکن مراد استمرار ہے، کِفَایَۃٌ مصدر بھی ہے اور اسم مصدر بھی، بقولِ امام راغب کِفَایَۃٌ اس چیز کو کہتے ہیں جو ضرورت پوری کر دے کَفٰی کَفْیٌ کافی سب کے معنی ضرورت پوری کرنے والا جس کے بعد کسی کی حاجت نہ رہے کِفْیَۃٌ روزینہ معاش یومیہ، کُفًی جمع، کَفَاہُ مُؤْنَتَہٗ (متعدی بدو مفعول) کسی کی طرف سے اس کا کام پورا کر دیا اور اس کو اس کام کی تکلیف سے باز رکھا، کَفَاکَ الشَّیْءُ (متعدی بیک مفعول) تیرے لئے وہ چیز کافی ہے ب ۴/۱۲ ۵/۱۶ ۶/۳ ۱۱/۸ ۱۳/۱۲ ۱۵/۱۱ ۱۷/۴ ۱۹/۳ ۲۱/۱۹ ۲۲/۳ ۲۶/۱۲۔

کَفَفْنَا: جمع متکلم ماضی معروف ہم کافی ہیں ہم ضرورت پوری کرتے ہیں جس کے بعد کسی کی حاجت نہیں رہتی ب ۱۴/۶

کَلٌّ: چھری تلوار وغیرہ کی پشت ظلم سختی، غم، یتیم، وہ شخص جس کا باپ ہو نہ بیٹا، بیکار بے فیض آدمی جس سے کسی فائدے کی امید نہ ہو سب پر بار ہو، کُند زبان، کُند دھار، کمزور بینائی، واحد تثنیہ جمع سب پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ کُلَّۃٌ کند چھری (قاموس ومعجم القرآن)

کَلَّ الرَّجُلُ فِی مَشْیَتِہٖ کَلًّا وہ آدمی چال میں

سست پڑ گیا، اس کا مصدر کَلَال ہے، تلوار کی دھار کے کُند ہونے اور زبان کی تیزی و روانی سست پڑنے کے معنی میں اگر اس کا استعمال کیا جائیگا تو مصدر کُلُوْل اور کَلَّۃٌ آئے گا (المفردات للراغب) آیت میں مراد ہے بے کار، بے فیض آدمی جو کسی کام کا نہ ہو، سب پر بار ہو۔ ۱۴/۱۶

کَلَالَۃٌ: رسول اللہ سے کلالہ کے معنی کے متعلق دریافت کیا گیا فرمایا (کلالہ وہ میت ہے جس کی نہ اولاد ہو نہ باپ (راغب) بعض اہلِ لغت نے لکھا ہے کہ کلالہ اس وارث کو کہتے ہیں جو میت کا نہ باپ ہو نہ اولاد، ابن عباس نے فرمایا اولاد کے علاوہ دوسرے وارثوں کو کلالہ کہتے ہیں۔

امام راغب نے کہا بظاہر حدیث اور اہلِ لغت کے قول میں تضاد ہے مگر میں دونوں صحیح کیونکہ جس میت کے بلاواسطہ وارث موجود نہ ہوں یعنی باپ بھی نہ ہو اور اولاد بھی نہ ہو، دوسرے وارث ہوں تو میت کا رشتہ دوسروں سے کمزور ہوگا، کیونکہ براہِ راست نہ ہوگا بالواسطہ ہوگا، اسی طرح ان وارثوں کا رشتہ میت سے کمزور ہوگا جو میت کی اولاد میں سے بھی نہ ہوں اور باپ بھی نہ ہوں امام راغب کا مقصد یہ ہے کہ کلال کے معنی ہے ضعف اور بالواسطہ قرابت براہِ راست قرابت کے مقابلہ میں کمزور ہوتی ہے اس لئے دونوں پر اطلاق صحیح ہے۔

حقیقت میں کلالہ کی اصل کلال ہے اور کلال کے معنی ہیں ضعف، اَعشیٰ شاعر کا قول ہے ؎

فَآلَیْتُ لَا آتِیْ لَھَا مِنْ کَلَالَۃٍ
وَلَا مِنْ حَفًا حَتّٰی تُلَاقِیْ مُحَمَّدًا

جب تک اونٹنی محمد تک پہنچا دے گی مجھے اس کی تھکان اور فرسودہ پائی پر رحم نہیں آئے گا۔

توسیعِ استعمال کے بعد عرفِ عام میں کلالہ سے وہ لوگ مراد ہوتے ہیں جو منقطع الطرفین ہوں (نہ ان کے والدین ہوں نہ اولاد) (معجم القرآن) اغریب سجستانی میں ہے کلالہ تَکَلَّلَہُ النَّسَبُ کا مصدر ہے اِکلیل بھی اسی سے ماخوذ ہے کیونکہ تاج سر کو محیط ہوتا ہے۔ جو شخص آبا و اجداد کی خصوصیات کا حامل نہ ہو اس کو بھی کلالہ کہا جاتا ہے، ایک شاعر کہتا ہے ؎

وَرِثْتُمْ قَنَاۃَ الْمُلْکِ غَیْرَ کَلَالَۃٍ
عَنِ ابْنَیْ مَنَافٍ عَبْدِ شَمْسٍ وَھَاشِمٍ

عبدِ مناف کے دونوں بیٹوں عبد شمس اور ہاشم سے تم کو حکومت کا نیزہ میراث میں ملا ہے مگر تم خود بھی ان کی خصوصیات سے بے بہرہ نہیں ہو۔

Presented by Ziaraat.Com

(راغب) قریب کے رشتے کو چھوڑ کر اگر کوئی دور کا رشتہ دار ہو اس کو بھی کلالہ کہا جاتا ہے۔ عرب کا مشہور قول ہے ھُوَ ابنُ عَمّی لَحّاۃ وہ میرے حقیقی چچا کا بیٹا ہے لیکن اگر چچا کا بیٹا نہ ہو بلکہ خاندان کا کوئی اور فرد ہو اور کسی طرح رشتہ دار ہو تو کہتے ہیں ھُوَ ابنُ عَمّی کَلَالَۃً وہ میرے چچا کا بیٹا کلالہ ہے۔ (قاموس) شاید اسی وجہ سے قطرب قائل ہے کہ ماں باپ اور بھائی کے علاوہ دوسرے وارثوں کو کلالہ کہا جاتا ہے مگر راغب نے اس قول کو غلط قرار دیا ہے (المفردات)

کلالہ ان عصبات کو بھی کہا جاتا ہے جن کی موجودگی میں اخیافی بھائی (ماں ایک باپ جدا جدا) وارث ہو جاتا ہے (قاموس و منتہی الارب)

پروفیسر عبدالرؤف نے معجم القرآن میں کہا ہے کہ سلف کا اجماع ہے کہ آیت میں اخیافی بھائی ہی مراد ہے، زمخشری نے بھی سورۂ نساء کی آیت ۱۷۶ کی تفسیر میں یہی لکھا ہے (کشاف)

کُلٌّ: لفظ کل لفظاً واحد ہے اور معنی کے لحاظ سے جمع، اس لیے اس کا استعمال دونوں طرح ہے، کل القوم حضر اور کل القوم حضروا دونوں صحیح ہیں، تذکیر و تانیث اس میں برابر ہے، مذکر کے لیے بھی مستعمل ہے اور مؤنث کے لیے بھی حضرت ابوبکر صدیق، حضرت کعب بن زہیر اور حضرت لبید بن ربیعہ کے مندرجہ ذیل اشعار میں لفظ کل کی طرف مفرد ضمیریں راجع کی گئی ہیں،

کل امر مصبح فی اھلہ
والموت ادنی من شراک نعلہ (صدیق اکبر)

کل ابن انثی وان طالت سلامتہ
یوما علی آلۃ حدباء محمول (کعب)

الا کل شیئ ما خلا اللہ باطل
وکل نعیم لا محالۃ زائل (لبید)

لیکن معنی کے لحاظ سے عنترہ نے جمع مؤنث کی ضمیر راجع کی ہے، کہتا ہے،

جادت علیہ کل عین ثرۃ
فتترکن کل حدیقۃ کالدرھم

کل کی معنویت کے لحاظ سے خنساء کے شعر میں جمع مذکر کی جمع کُل کی طرف راجع کی گئی ہے، کہتی ہے:

کل ماحی وان عمروا
وارد والحوض الذی وردوا (مغنی اللبیب)

بعض اہل لغت کے نزدیک مؤنث کے لیے کلتا آتا ہے (قاموس)

Presented by Ziaraat.Com

کُل دو طرح کا ہوتا ہے، مجموعی اور افرادی کل افرادی ہمیشہ نکرہ مفردہ کی طرف مضاف ہوتا ہے جس کا ترجمہ ہوتا ہے ہر ایک، جیسے کُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنَاہُ۔ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ۔ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ کل مجموعی معرف باللام کی طرف مضاف ہوتا ہے یا اس ضمیر کی طرف مضاف ہوتا ہے جو معرف اللام کی طرف راجع ہوتی ہے، اس وقت مجموعہ افراد پر دلالت کرتا ہے اور ترجمہ ہوتا ہے سب۔ پورا کُلُّ الْقَوْمِ سب قوم۔ پوری قوم فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِکَۃُ کُلُّھُمْ سب فرشتوں نے سجدہ کیا لِیُظْھِرَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ تاکہ سب مذہبوں پر اس کو غالب کردے۔ کبھی ایک چیز کا مجموعہ اجزاء مراد ہوتا ہے، کُلُّ الرُّمَّانِ پورا انار یعنی اس کے سب اجزاء چھلکا، دانہ، عرق وغیرہ، کبھی ذات اور خصوصی صفات کا مجموعہ مراد ہوتا ہے اس وقت ترجمہ ہوتا ہے کامل، جیسے وَلَا تَبْسُطْھَا کُلَّ الْبَسْطِ ہاتھ کو کامل طور پر بالکل نہ پھیلا دو ایک شاعر کہتا ہے لَیْسَ الْفَتٰی کُلُّ الْفَتٰی اِلَّا الْفَتٰی فِیْ اَدَبِہٖ سوا باادب جوان کے کوئی کامل جوان نہیں کبھی کل بمعنی بعض آتا ہے جیسے ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰی کُلِّ جَبَلٍ مِّنْھُنَّ جُزْءًا بعض پہاڑوں پر ان کا ایک ایک حصہ رکھ دو (قاموس)

کل کا مضاف ہونا ضروری ہے اگر مضاف الیہ مذکور نہ ہو تو محذوف مانا جائے گا جیسے کُلٌّ فِیْ فَلَکٍ۔ کُلًّا جَعَلْنَا صَالِحِیْنَ۔ وَکُلٍّ اٰتَیْنَا الصَّابِرِیْنَ۔ (راغب قاموس)

قرآن اور فصحاء کے کلام میں کل پر الف لام نہیں آیا صرف متکلمین اور فقہاء کے کلام میں ایسا استعمال پایا جاتا ہے (راغب لسان و تاج)

۱/۴	۳/۹	۵/۸	۷/۱۶	۱۳/۱	۱۵/۹	۱۶/۱۷	۱۷/۶،۳	۲۱/۱۲	۲۲/۱۴		
۱/۲،۱۰	۱۱/۱۴،۱۵	۲۳/۱۰	۲۴/۱۵	۲۶	ہر ایک (کل افرادی)						
۱/۳	۱۷/۷	دو جگہ	۲۰/۳	سب (کل مجموعی)							
کُلٌّ:	۲/۲	۶/۱۱	۷/۳	۸/۱۱	۱۸/۲	۲۰/۸	۲۲/۱۴	۲۶/۲	ہر ایک (کل افرادی)		
کُلًّا:	۵/۱۶،۱۰	۷/۱۶	۸/۱۲	۱۲/۱۰	۱۵/۲	۱۶/۶	۱۷/۶،۵	۱۹/۲			
۲۰/۱۶	۲۷/۱۷	ہر ایک، جو کچھ (کل افرادی)									
کُلُّ:	۱/۱	۴/۱	۹/۱۶	۱۵/۴	دو جگہ	۱۶/۹	۲۲/۳	۲۵/۹			
سب (کل مجموعی)	۳/۱۱،۲	۴/۲،۸	۸/۷	۱۱/۱۵	۱۳/۱۵،۱۲،۸						
۱۴/۲۱	۱۶/۱۰	۱۷/۸	دو جگہ	۱۹/۸	۲۰/۱۳،۳	۲۱/۱۳،۷،۲					
۲۴/۴،۷	۲۵/۱۹	۲۷/۳،۸،۹،۱۰	دو جگہ	۱۲	۲۹/۸،۱۶	دو جگہ	۳۰/۸،۱۱				
ہر ایک (کل افرادی)											
کُلَّ:	۵/۵	۱۵/۸	سب	۱۵/۳	کامل (کل مجموعی)						

Presented by Ziaraat.Com

۳ ۶ ۷ ۵ ۸ ۱ ۹ ۹ ۱۰ ۷ ۱۱ ۱۷ ۱۲ ۱۴ ۱۳ ۱۶ ۱۵ ۲ دو جگہ

۱۶ ۱۱ ۱۴ ۱۷ ۳ ۱۳ ۸ ۱۸ ۷ ۱۶ ۱۲ ۱۹ ۲۱ ۱۱ ۱۴ ۱۵ ۲۲ ۷ ۶ ۸ ۱۸

۲۳ ۱۳ ۲۴ ۶ ۱۷ ۲۵ ۲۰ ۲۶ ۳ ۱۶ ۲۷ ۱۲ ۱۹ ۲۸ ۱۳ ۲۹ ۳ ۱۲

۳۰ ہر ایک (کل افرادی)

کُلِّ: کُلِّ ۲ ۳ ۱ ۱۳ ۲ ۱ ۴ ۱۳ ۳ ۷ ۸ ۱۱ دو جگہ

۴ ۱۰ ۱۳ ۲ دو جگہ ۵ ۳ ۱۵ ۷ دو جگہ ۶ ۱۰

۳ ۶ ۸ ۱۱ ۱۴ ۱۸ ۱۹ دو جگہ ۷ ۲ ۶ ۱۰ ۱ دو جگہ ۸ ۱۱ ۱۸

۹ ۷ ۱ ۱۲ ۱۰ ۴ ۵ ۸ ۱۰ دو جگہ ۱۱ ۱۳ ۱۷

۱۲ ۲ ۴ ۵ دو جگہ ۱۳ ۳ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۷

۱۴ ۲ ۳ ۱۱ ۱۷ ۱۸ ۲۱ ۱۵ ۱۰ ۱۸ ۲۰ ۱۶ ۱ ۲ ۸

۱۷ ۶ ۸ ۹ ۱۱ دو جگہ ۱۲ ۸ ۱۱ ۱۲ ۱۵

۱۹ ۱ ۳ ۵ ۷ ۱۱ ۱۵ دو جگہ ۱۷ دو جگہ ۲۰ ۹ ۱۰ ۱۴

۲۱ ۸ ۹ ۱۰ ۱۹ ۲۲ ۲ ۴ ۷ ۱۲ ۱۳ ۲۳ ۴ ۵ دو جگہ ۱۷

۲۴ ۳ ۸ ۹ ۱۲ ۱۶ ۱۹ ۲۵ ۱ دو جگہ ۲ ۳ ۵ ۱۶ ۱۷

۲۶ ۱ دو جگہ ۱۴ ۱۷ ۲۷ ۲ ۱۳ ۱۷ ۲۸ ۱ ۲ ۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۹ ۳

۲۹ ۱ ۲ ۳۰ ۵ ۱۰ ۲۲ ۲۹ ہر ایک (کل افرادی)

۳ ۴ ۸ ۱۴ ۱۰ ۱۱ ۱۴ ۸ ۱۵ ۲۶ ۶ سب (کل مجموعی)

کُلِّہٖ: کُلِّ مجرور مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ سب

۴ ۳ ۱۰ ۱۱ ۲۶ ۱۲ ۲۸ ۹

کُلُّ: کُلَّ منصوب مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ

سب ۔ ۴ ۷ ۔

کُلُّ: کُلُّ مرفوع مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ سب

۹ ۱۲ ۱۹ ۱۰ ۔

کُلَّہَا: کُلَّ منصوب مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ

سب ۔ ۱ ۴ ۱۶ ۱۲ ۲۳ ۲ ۲۵ ۷

کُلِّہَا: کُلِّ مجرور مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ

سب ۔ ۲۷ ۱۰

کُلُّہُمْ: کُلُّ مرفوع مضاف ہُمْ ضمیر جمع مذکر

مضاف الیہ ۔ سب ۔ ۱ ۱۵ ۱۴ ۳ ۱۶ ۹ ۲۳ ۱۴

کُلُّہُنَّ: کُلُّ مرفوع مضاف ہُنَّ ضمیر جمع مؤنث

مضاف الیہ ۔ سب ۔ ۲۲ ۲

کُلَّمَا: یہ لفظ مرکب ہے کُلَّ اور مَا سے، اس ترکیب میں ظرفیت کی وجہ سے لفظِ کُلَّ ہمیشہ منصوب رہتا ہے اس میں ظرفیت مَا کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے کیونکہ مَا حرفِ مصدری ہے یا اسم نکرہ ہے بمعنی وقت کے، اکثر کُلَّمَا کے بعد فعل ماضی آتا ہے جیسے کُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ۔ کُلَّمَا اَضَاءَ لَهُمْ کُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ۔ کُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِّنْ قَوْمِهٖ ۱ ۲ ۳ ۱۱ ۱۲ ۱ ۳ ۱۲ ۵ ۹ ۵ ۱۳ ۱۴ ۶ ۱۱ ۸ ۱۲ ۱۵ ۴ ۱۱ ۱۵ ۱۷ ۹ ۱۸ ۳ ۲۱ ۱۵ ۲۹ ۹ ۱ ۔

کَلَّا: جمہور کے نزدیک حرف بسیط ہے ثعلب نحوی کے نزدیک مرکب ہے کَ تشبیہ اور لَا نافیہ ہے

حالتِ ترکیب میں ک اور لا کے انفرادی معنی باقی نہیں رہے، اسی لئے لام کو مشدد کر دیا گیا۔

سیبویہ، خلیل، مبرد، زجاج اور اکثر بصری ادیبوں کے نزدیک کَلَّا کے معنی صرف رَدع اور روکنے کے ہیں (خواہ بطورِ زجر و توبیخ کے ہو یا بطور تربیت اور ادب آموزی کے) اسی لئے ان علماء کے نزدیک قرآنِ مجید کے تمام ۳۳ مقامات میں جس جس جگہ کَلَّا آیا ہے ہر جگہ کَلَّا پر وقف کرنا جائز ہے اور بعد کو آنے والا کلام نئے سرے سے شروع ہوتا ہے بعض لوگ تو یہاں تک قائل ہیں کہ مکہ کے کفار چونکہ سخت سرکش تھے اور تہدید آمیز کلام انہیں کے لئے زیادہ نازل ہوا ہے اور کَلَّا کے معنی بھی تہدید و زجر ہی ہے اس لئے جن سورتوں میں کَلَّا آیا ہے ان کی (اکثر) آیات کو مکی ہی سمجھنا چاہیئے۔

مصنف مغنی اللبیب اس رائے سے اتفاق نہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ آیت فِیْ اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ اور آیت یَوْمَ یَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اور آیت ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا بَیَانَهٗ کے بعد کَلَّا آیا ہے اور ان تینوں مقامات میں زجر کے معنی بغیر کسی رکیک تاویل اور ضعیف توجیہ کے صحیح نہیں ہو سکتا۔ مصنف مغنی اللبیب، نے یہ بھی لکھا ہے کہ آیت وَمَا هِیَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ كَلَّا وَالْقَمَرِ میں زجر کے معنی بالکل ہی درست نہیں کیونکہ پہلے کوئی ایسی بات مذکور نہیں جسکو کَلَّا سے رد کرنا مقصود ہو۔

شیخ ابنِ جریر طبری نے اپنی تفسیر میں اس جگہ لکھا ہے کہ جب جہنم پر مقرر فرشتوں کی تعداد کے متعلق آیت عَلَیْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ نازل ہوئی یعنی جہنم پر انیس 19 فرشتے مقرر ہیں تو ایک جاہل کفر توز مشرک نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ سترہ سے نمٹنے کے لئے میں کافی ہوں اور دو سے نمٹنے کی ذمہ داری تم لے لو، اس پر یہ آیت نازل ہوئی لیکن اس جگہ جہنم کے فرشتوں کی تعداد کا کوئی بیان نہیں پھر زجر کس چیز سے کی جا رہی ہے اس لئے طبری کی توجیہ ضعیف ہے۔

کسائی، ابو حاتم، نضر بن شمیل، فراء وغیرہم کا قول ہے کہ کَلَّا اکثر زجر و منع کے لئے آتا ہے اور کبھی دوسرے معنی کے لئے، لیکن دوسرے معنی کیا ہوتے ہیں اسکی تعیین میں اختلاف ہے۔

کسائی کے نزدیک حَقًّا (یقیناً یا واقعی) کے ہم معنی ہوتا ہے، ابو حاتم نے اَلَا کے ہم معنی قرار دیا ہے جو آغازِ کلام کے لئے آتا ہے اور نضر و فراء کے نزدیک حرفِ جواب کے طور پر اِیْ اور نَعَمْ (جی ہاں) کی طرح

Presented by Ziaraat.Com

آتا ہے۔ صاحبِ مغنی نے کہا کسائی کا قول غلط ہے دیکھو کَلَّآ اِنَّ کِتٰبَ الْاَبْرَارِ اور کَلَّآ اِنَّ کِتٰبَ الْفُجَّارِ اور کَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ یَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ میں کَلَّا کے بعد اِنَّ آیا ہے حالانکہ حَقًّا یا حَقَّا کے ہم معنی لفظ کے بعد اِنَّ نہیں آتا نضر اور فراء کا قول سورۂ مؤمنون اور شعراء کی آیات میں درست نہیں ہو سکتا پھر دیکھو آیت رَبِّ ارْجِعُوْنِ لَعَلِّیْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا تَرَکْتُ کَلَّآ اِنَّهَا کَلِمَةٌ میں چونکہ کَلَّا کے بعد اِنَّ آیا ہے اس لئے حَقًّا کے معنی میں نہیں ہو سکتا اور زجر کے معنی میں قرار دیا جائے گا تو آیت کا مطلب ہی الٹا ہو جائے گا، کافروں کی درخواست کے موافق اللہ کی طرف سے دنیا میں لوٹا کر بھیجنے کا وعدہ ہو جائے گا۔ اسی طرح بنی اسرائیل کے قول اِنَّا لَمُدْرَکُوْنَ کے جواب میں حضرت موسیٰ نے کہا تھا کَلَّآ اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ، اِنَّ آنے کی وجہ سے اس جگہ بھی کَلَّا بمعنی حَقًّا نہیں ہو سکتا اور حرفِ ایجاب کہا جائے تو حضرت موسیٰ کی طرف سے بنی اسرائیل کے قول کی تائید ہو جائے گی، گویا حضرت موسیٰ کی طرف سے اقرار ہو جائے گا کہ ضرور بنی اسرائیل پکڑے جائیں گے اور یہ معنی بالکل ہی غلط ہیں اس لئے دونوں آیات میں کَلَّا کے معنی یا بازداشت اور زجر ہے یا فقط استفتاح اور آغازِ کلام (مغنی اللبیب ص۱۶۱) مندرجہ ذیل ۳۳ مقامات میں کَلَّا مستعمل ہے، ۱۶/۸ دو جگہ ۱۸/۶ ۱۹/۸،۶ ۲۲/۹

۲۹

۷،۸، ۱۵ دو جگہ، ۱۶ دو جگہ، ۱۷ تین جگہ

۳۰

۱ دو جگہ، ۵ دو جگہ، ۷، ۸ چار جگہ، ۱۴، ۲۱ تین جگہ

۳۰

۲۷ تین جگہ، ۲۹

کُلَا: تثنیہ مذکر حاضر امر معروف، کُلْ واحد۔ اصل میں اُءْکُلَا تھا اَکْلٌ مصدر (باب نصر) تم دونوں کھاؤ، اَکَلَ کے حقیقی معنی کھانا، مجازی معنی ۱ آگ کا لکڑی کو بالکل جلا دینا، اَکَلَتِ النَّارُ الْحَطَبَ آگ نے ایندھن کو کھا لیا ۲ کسی کی غیبت کرنا۔ اَکَلَ زَیْدٌ عَمْرًا زید نے عمرو کی غیبت کی اسی طرح کسی کا گوشت کھانے سے مراد غیبت کرنا اَیُحِبُّ اَحَدُکُمْ اَنْ یَّاْکُلَ لَحْمَ اَخِیْهِ مَیْتًا کیا تم میں سے کوئی پسند کریگا کہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے یعنی غیبت کرے ۳ ناجائز طور پر کسی کا مال لے لینا لَا تَاْکُلُوْٓا اَمْوَالَکُمْ بَیْنَکُمْ بِالْبَاطِلِ آپس میں ایک دوسرے کا مال ناجائز طور پر نہ لو۔

اَکْلٌ کھانا، وہ چیز جو کھائی جائے خوراک اُکُلُهَا دَآئِمٌ جنت میں کھانے کی چیزیں (پھل وغیرہ)

لازوال ہیں، غیر منقطع ہیں ثَوْبٌ ذُوْ اُكُلٍ گھنی بناوٹ کا کپڑا فُلَانٌ ذُوْ اُكُلٍ مِّنَ الدُّنْيَا فلاں شخص دنیا سے بہرہ یاب ہے فُلَانٌ اِسْتَوْفٰى اُكُلَهٗ فلاں شخص نے اپنا رزق پورا کر لیا یعنی اس کی زندگی ختم ہوگئی هُمْ اُكَلَةٌ تمہارے وہ لوگ سری کھانے والے ہیں یعنی تعداد میں اتنے کم ہیں کہ ایک سری سب کو کافی ہو جائے۔ (راغب) ۱/۴ ۳/۹۔

كُلُوْا: جمع مذکر حاضر امر معروف، اصل میں اُءْكُلُوْا تھا۔ کھاؤ۔ ۱/۱ ۲/۶ ۳/۷ ۴/۱۲ ۵/۲ ۶/۵ ۷/۱ ۸/۱۰ ۹/۱۰ ۱۰/۵ ۱۴/۲۱ ۱۶/۱۳ ۱۷/۱۲ ۱۸/۴ ۲۲/۸ ۲۷/۳ ۲۹/۲۲

كُلِيْ: واحد مؤنث حاضر امر معروف، اصل میں اُءْكُلِيْ تھا، تو کہا۔ ۱۴/۱۵ ۱۶/۵

كِلَا: تاکید تثنیہ مذکر کے لئے آتا ہے دونوں (مذکر) یہ لفظاً مفرد ہے اور معنی کے اعتبار سے تثنیہ، اس لئے مفرد بھی مستعمل ہے اور تثنیہ بھی، بغیر مضاف الیہ کے مستعمل نہیں، اگر مضاف الیہ اسم ظاہر ہو تو رفع کی حالت ہو، یا نصب کی یا جر کی ہر حالت میں اس کا الف باقی رہتا ہے اگر مضاف الیہ ضمیر ہو تو حالت رفع میں كِلَاهُمَا الف کے ساتھ اور نصب و جر کی حالت میں كِلَيْهِمَا یا کے ساتھ آتا ہے (مغنی و راغب)

فراء کے نزدیک كِلَا اور كِلْتَا دونوں لفظاً بھی تثنیہ ہیں اور كُلٌّ سے بنے ہیں لام کی تشدید کو تخفیف کیسا تھ بطور علامت تثنیہ بڑھا دیا گیا ہے لیکن جاہلی اور اسلامی شعراء کا کلام فراء کے قول کی تغلیط کرتا ہے۔ امرء القیس ملک الشعراء کا شعر ہے كِلَانَا اِذَا مَا نَالَ شَيْئًا اَفَاتَهٗ ہم دونوں جب کسی چیز کو پا لیتے ہیں تو اس کو ضائع کر دیتے ہیں۔ اس مصرعہ میں نَالَ اور اَفَاتَ واحد کے صیغے ہیں، اگر كِلَا لفظاً بھی تثنیہ ہوتا تو واحد کی ضمیریں کس طرح راجع ہو سکتیں، جریر اموی کہتا ہے كِلَا يَوْمَيْ اُمَامَةَ يَوْمُ صَدٍّ۔ يَوْمُ صَدٍّ مفرد ہے اور كِلَا کی خبر واقع ہے اگر كِلَا لفظاً بھی تثنیہ ہوتا تو خبر واحد نہیں آسکتی تھی۔ ۱۵/۳

كِلْتَا: تاکید تثنیہ مؤنث کیلئے آتا ہے، دونوں ہر استعمال میں كِلَا کی طرح ہے سیبویہ کے قول پر كِلْتَا کا الف علامت تانیث ہے اور تا بجائے واؤ کے آئی ہے اصل میں كِلْوَا تھا، واؤ کو تا سے بدل کر علامت تانیث کی تاکید کر دی ورنہ حقیقت میں علامت تانیث الف ہی ہے ابو عمرو جرمی کا قول ہے، تا الحاقی ہے علامت تانیث ہے اصل میں كِلَا ہی تھا (قاموس) ۱۵/۱۷

اَلْكَلْبُ: کتا، ہر درندہ (تاج) بھونکنے والا جانور، (راغب) بدخو آدمی (قاموس) اَكْلُبٌ، اَكَالِبُ، كِلَابٌ، كُلَيْبٌ، كِلَابَاتٌ جمع كَلْبَةٌ مؤنث اَلْكِلَابُ عَلَى الْبَقَرِ

مشہور مثل ہے نیل گائے پر کتوں کو چھوڑ دو یعنی آدمی کو اس کے پیشہ پر رہنے دو، تعرض نہ کرو۔ کَلَبٌ، کَلِبٌ دیوثم کتا، رَجُلٌ کَلِبٌ وہ آدمی جو باؤلے کتے کے کاٹنے سے باؤلا ہو گیا ہو کَلَبٌ پیاس، زمانے کی سختی، سخت سردی، آزار، برائی دَفَعْتُ عَنْكَ كَلَبَ فُلَانٍ فلاں شخص کے شر کو میں نے تجھ سے دفع کر دیا (قاموس) کتا، ذلت اور حرص میں مشہور ہے، اسی لئے کَلَبٌ کے معنی ذلیل ہونا بھی ہے (راغب) اور پیٹ نہ بھرنا بھی، خواہ کتنا ہی کھائے (باب سَمِعَ) (منتہی الارب) ۹/۱۲

كَلْبُهُمْ: کَلْبٌ مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، مضاف الیہ، ان کا کتا، یعنی اصحابِ کہف کا کتا جو ان کے پیچھے پیچھے چلا گیا تھا اور اگلے پاؤں پھیلا کر غار کے اندر یا غار کے دروازہ میں پڑ گیا تھا، اس کتے کا نام قطمیر یا رقیم منقول ہے لیکن بقول ابن کثیر پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچا (تفسیر ابنِ کثیر بر حاشیہ فتح البیان ج ۶ ص ۱۳۱) ۱۵/۱۵ چار جگہ۔

كِلْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، كَيْلٌ مصدر اصل میں كَيَلْتُمْ تھا (باب ضرب) جب تم پیمانہ بھر کر دو (مزید تشریح کے لئے دیکھو كَالُوا) ۱۵/۴

كَلَامَ اللّٰهِ: كَلَامَ منصوب مضاف، اللّٰهِ مضاف الیہ اللہ کا کلام، کلام اسمِ جنس ہے قلیل و کثیر سب پر اس کا اطلاق ہوتا ہے (قاموس) راغب نے کَلَّمَ کی تنقیح کے ذیل میں لکھا ہے کہ کلام کا اطلاق الفاظِ مرتبہ پر بھی ہوتا ہے اور ان معانی کے مجموعہ پر بھی جو الفاظ کے تحت ہوتے ہیں (یعنی کلام لفظی اور کلام نفسی)

کلام ہر بات کو یا ایسی مفید بات کو کہتے ہیں جو مخاطب کی کامل مطلب فہمی کے لئے بذاتِ خود کافی ہو (تاج) بعض کا قول ہے کہ کلام ایسی صفت ہے جس سے کوئی زندہ اپنا مافی الضمیر زبانی الفاظ یا تحریر یا اشارات کے ذریعہ سے دوسرے کو سمجھا سکتا ہو (قاموس)

کلام خاص ہے اور جملہ عام، کلام میں افادیتِ کاملہ بالارادہ ہونا ضروری ہے اور جملے میں یہ شرط نہیں ہے (مغنی اللبیب) (جملہ اور کلام کا فرق) زمخشری نے مفصل میں کلام کی تعریف کرنے کے بعد صراحت کی ہے وَيُسَمّٰى جُمْلَةً کلام کا نام جملہ بھی ہے یعنی دونوں ایک ہیں، شیخ ابنِ حاجب اصولی نے مختصر ابنِ حاجب میں لکھا ہے کہ دونوں ہم ایک ہیں الگ الگ بلکہ اصطلاحات کا فرق ہے۔ راغب نے المفردات میں لکھا ہے کہ اہلِ نحو کے نزدیک جزءِ کلام پر بھی کلام کا اطلاق ہوتا ہے جو اسم ہو یا فعل یا حرف لیکن متکلمین کی کثیر جماعت صرف

Presented by Ziaraat.Com

مرکب مفید جملے کو کلام کہتی ہے۔

امام راغب کی یہ تصریح بظاہر کتب نحو کی تصریحات کے خلاف ہے کیونکہ بالاتفاق کلام میں نسبتِ کاملہ ہونا ضروری ہے اور صرف ایک کلمہ میں نسبتِ تامہ نہیں ہو سکتی۔ ۱/۹ تورات، ۲/۱۰ قرآنِ مجید، ۲۶/۱۰ اللہ کا وعدہ، مراد خیبر کے مالِ غنیمت کا خصوصی وعدہ، بات یہ ہوئی کہ صلح حدیبیہ کی وجہ سے مسلمانوں کو مالِ غنیمت نہیں ملا تو مدینے کی طرف واپس ہونے سے پہلے ہی خیبر کی فتح اور شرکاءِ حدیبیہ کو مالِ غنیمت عطا فرمانے کی وعدہ آمیز بشارت نازل فرمادی (خازن) چنانچہ ماہِ ذی الحجہ ۶ھ میں جب مسلمان حدیبیہ سے مدینے کو واپس آئے تو ابتدائی محرم ۷ھ تک مدینے میں ٹھیرنے کے بعد خیبر کو روانہ ہو گئے اور فتح کے بعد حضورِ اقدس نے مالِ غنیمت خصوصیت کے ساتھ شرکاءِ حدیبیہ کو تقسیم فرما دیا (ابوالسعود) مقاتل نے کہا اس جگہ کلام اللہ سے وہ حکم مراد ہے جو اللہ نے اپنے پیغمبر کو دیا تھا کہ خیبر کو اپنے ساتھ کسی منافق کو نہ لے جائیں (کمالین برحاشیہ جلالین)

کَلِمَۃٌ: ایک بات یا شعر کو کلمہ کہتے ہیں، کلام اور پورے قصیدے پر بھی اس کا اطلاق آتا ہے حرف اسم یا فعل یا حرف کو بھی کلمہ کہا جاتا ہے، کَلِمَۃٌ، کَلِمَۃٌ کے بھی یہی معنی ہیں۔ مؤخر الذکر کی جمع کَلِمٌ اور اول کی جمع کلمات آتی ہے (قاموس) کَلْمٌ اصل میں ایسی تاثیر کو کہتے ہیں جو محسوس ہو، کلام کی تاثیر حاسۂ گوش سے محسوس ہوتی ہے اور زخم کی تاثیر حسِ چشم سے دکھتی ہے اسی بنا پر پوری بات کو کلام اور زخم کو کَلْم کہتے ہیں، کَلْم کی جمع کُلُومٌ ہے (المفردات) بعض کے نزدیک کَلِمٌ جنس جمعی ہے (تاج)

کلمہ کا صحیح ترجمہ بات ہے، بات قول کو بھی کہتے ہیں، میری بات سنو اور فعل کو بھی، یہ بات کرو۔ اسی لئے امام راغب نے المفردات میں صراحت کی ہے کہ کلمہ قولی بھی ہوتا ہے اور فعلی بھی۔ ۱۱/۲ وعدۂ قیامت (معجم القرآن) یعنی قیامت کے دن فیصلہ ہونے کا حکم ازلی۔ ۱۰/۲۴ ۱۲/۱۶ ۲۰/۲۴ ۳/۲۵ حکمِ ازلی۔ ۶/۱۹ کلام یا جملہ۔

کَلِمَۃٌ: ۱۳/۱۵ کلام، بات ۱۶/۱۳ کلمۂ توحید ۹/۲۵ حکم دوامی

کَلِمَۃٌ: ۱۲/۳ کلمۂ توحید یا کتاب اللہ یا حضرت عیسیٰ کی ذات مراد ہے، حضرت عیسیٰ کو کلمہ کہنے کی وجہ یا یہ ہے کہ بغیر باپ کے حضرت کو صرف کلمۂ کُن سے پیدا کیا گیا یا یہ کہ شیر خوارگی کی حالت میں بھی آپ نے

Presented by Ziaraat.Com

کلام کیا تھا (المفردات) ۱۳/۱۲ ب حضرت علیؑ ۳/۱۵ ب دعوت توحید (معجم القرآن) ۱۳/۱۶ ب کلمۂ شرک۔

کَلِمَۃٌ: ۶/۲ ب کلمہ کُن ۵/۱ ب حکم یا ازلی تحریر یا قرآن یا ثواب وعذاب کا وعدہ (المفردات) ۹/۶ ب اس وعدہ کی طرف اشارہ ہے جو بنی اسرائیل سے اللہ نے آیت وَنُرِيدُ أَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِينَ الخ میں فرمایا تھا۔ ۱۱/۱۲ ب کلمۂ توحید، ۱۱/۹ ب ازلی حکم یا احکام الٰہیہ ۲۲/۱۶ ب ۲۴/۵ ب حکم۔ ۱۱/۹ ب ۲۴/۶ ب ازلی تحریر یا حکم الٰہی سابق۔ ۲۵/۴ ب وعدۂ قیامت۔

کَلِمَۃٌ: ۱۰/۱۲، ۱۶/۱۱ ب کلمۂ شرک ۲۶/۱۱ ب لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ مراد ہے۔ ترمذی بروایت اُبی بن کعب مرفوعاً وابن جریر بروایت عطاء خراسانی یا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مراد ہے، ابن جریر بروایت زہری (تفسیر طبری)

کَلِمَتُنَا: کلمۃ مضاف ناضمیر مضاف الیہ ہمارا وعدۂ نصرت (جو آیت لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ میں فرمایا ہے) ۲۳/۹

کَلِمَاتٍ: جمع کلمۃ مفرد، ۱۵/۴ ب وہ کلمات دعائیہ مراد ہیں جن کا بیان آیت رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ میں کیا ہے (سیوطی و راغب و خازن و مدارک) حسن بصری نے فرمایا یہ الفاظ مراد ہیں حضرت آدم نے عرض کیا اَلَمْ تَخْلُقْنِیْ بِیَدِكَ اَلَمْ تُسْكِنِّیْ جَنَّتَكَ اَلَمْ تُسْجِدْ لِیَ الْمَلٰٓئِكَةَ اَلَمْ تَسْبِقْ رَحْمَتُكَ غَضَبَكَ اَرَاَيْتَ اِنْ تُبْتُ اَكُنْتَ مُعِيْدِیْ اِلَى الْجَنَّةِ (پروردگار) کیا تو نے مجھے اپنے ہاتھ سے نہیں بنایا، کیا تو نے مجھے اپنی جنت میں نہیں رکھا، کیا تو نے فرشتوں سے مجھے سجدہ نہیں کرایا، کیا تیری رحمت تیرے غصہ پر غالب نہیں ہے تو مجھے اگر میں توبہ کرلوں تو لوٹا کر دوبارہ تو مجھے جنت میں داخل کر دے گا (اللہ نے فرمایا ہاں) راغب۔ اول روایت زیادہ قوی ہے اور عام مفسرین نے اسی کو اختیار کیا ہے ۱۵/۱ ب وہ دس خصائل فطریہ جن کی تعلیم حضرت ابراہیم کو دی گئی تھی (معجم القرآن و خازن و مدارک)

کَلِمَاتٍ: ۸/۱ ب قرآن مجید (راغب) یا احکام ۱۱/۱۲ وعدہ وعید (معجم) ۱۶/۳ ب معلومات الٰہیہ (معجم) عجائب حکمت و قدرت (محلی) ۲۸/۲۰ ب احکام۔

کَلِمَاتُ: ۱۶/۳ ب ۲۱/۱۲ ب معلومات الٰہیہ، عجائب قدرت و حکمت۔

کَلِمَاتِہٖ: کلمات جمع مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ ۸/۱ ب قرآن (راغب) احکام و مواعید (سیوطی) ۹/۱۰ ب

Presented by Ziaraat.Com

قرآن مجید ۹/۱۵ دلائلِ قطعیہ (راغب) یا وہ آیات مراد ہیں جو اسی خاص معاملے کے متعلق نازل ہوئیں، یا فرشتوں کو مسلمانوں کی مدد کرنے کا جو حکم دیا گیا وہ مراد ہے (ابو السعود و خطیب فی السراج المنیر) یا وہ آیات جن میں اس نصرت کی اطلاع دی گئی (بیضاوی) یا تحقیق نصرت و فتح (جمل) ۱۱/۱۳ دلائلِ قطعیہ معجزات قویہ ۱۵/۱۶ قرآن مجید یا احکام ۲۵/۴ دلائلِ قطعیہ یا نازل کردہ آیات۔

اَلْکَلِمُ: بعض اہلِ لغت نے اس کو اَلْکَلِمَۃُ کی جمع کہا ہے، صاحبِ روح المعانی نے اس کو غلط قرار دیا ہے بلکہ جنسِ جمعی کہا ہے، قرآن مجید کے استعمال سے بھی اسی کی تائید ہوتی ہے کیونکہ مختلف آیات میں اَلْکَلِمُ کی طرف واحد مذکر کی ضمیریں راجع کی گئی ہیں، یہ تو یقینی ہے کہ کَلِم سے مراد الفاظِ تورات ہیں لیکن کیا یہودیوں نے تورات میں لفظی تحریف کی تھی یا الفاظ کا رخ اپنی خواہش کے مطابق مفروضہ معانی کی طرف موڑ دیا تھا یعنی معنوی تحریف کی تھی، ثانی قول کو راغب نے قوی قرار دیا ہے اور اول قول حضرت ابن عباس کا ہے جس کو بخاری نے نقل کیا ہے۔ بعض لوگوں نے دونوں قولوں کو اس طرح جمع کیا ہے کہ یہودی علماء نے تورات کے بعد نسخوں کے کچھ الفاظ میں رد و بدل کیا لیکن قبولِ عام حاصل نہ ہو سکا تو مجبوراً الفاظ کو ان کی جگہ چھوڑا اور ان کا معنوی رخ موڑ کر اپنی خواہشات کے سانچہ میں ڈھالنے کی کوشش کی اور اپنی مرضی کے موافق الفاظ کو معنی پہنائے۔ ۵/۴ ۶/۱۰۰۷

اَلْکَلِمُ: جنس جمع ہے کلمۃٌ واحد ہے، الکلم الطیب سے اس جگہ مراد ہے، تہلیل، تسبیح، تکبیر، استغفار، تلاوتِ قرآن، دعا وغیرہ۔ امام رازی نے کبیر میں لکھا ہے جس کلام میں اللہ کا ذکر ہو یا اللہ کے واسطے ہو جیسے وعظ، نصیحت وغیرہ سب اس میں داخل ہیں ۲۲/۱۴

کَلَّمَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، تکلیم مصدر (باب تفعیل) اس نے کلام کیا۔ اللہ کا کلام کرنا دو طرح ممکن ہے ۱ دنیا میں ۲ آخرت میں، مؤخر الذکر صرف اہلِ ایمان سے ان کی عزت بخشی کے لئے ہوگا، دنیا میں کسی انسان سے کلام کرنے کے معنی ہیں دل میں القاء کرنا یا فرشتہ کے ذریعہ سے وحی بھیجنا یا بغیر مواجہہ کے حجاب (عظمت) کے اندر سے خطابِ غیبی کرنا، ان ہی تینوں صورتوں کو آیت وَمَا کَانَ لِبَشَرٍ اَنْ یُّکَلِّمَہُ اللّٰہُ میں بیان کیا ہے (راغب) ۳/۱ ۶/۳

کُلِّمَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول (باب تفعیل) کلام کیا گیا۔ ۱۳/۱۰

كَلَّمَ: اکلم واحد مذکر غائب ماضی معروف، ہٗ ضمیر مفعول۔ اس سے کلام کیا۔ ۹/۷ ۱۳/۱

كَلَّمَهُمْ: کلم حسب تشریح بالا۔ ھُمْ ضمیر مفعول، ان سے کلام کیا۔ ۸/۱

كَمْ: ۱ سوالیہ، استفہام کے لئے آتا ہے کتنی مقدار کتنی تعداد، کتنی دیر، اس کی تمیز ہمیشہ مفرد منصوب ہوتی ہے کبھی مذکور ہوتی ہے جیسے كَمْ دِرْهَمًا عِنْدَكَ تیرے پاس کتنے درہم ہیں۔ کبھی محذوف جیسے كَمْ لَبِثْتَ یعنی كَمْ زَمَانًا لَبِثْتَ تو کتنی مدت ٹھیرا ۲ خبریہ جو مقدار کی بیشی اور تعداد کی کثرت کو ظاہر کرتا ہے، اس کی تمیز ہمیشہ مجرور ہوتی ہے جیسے كَمْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنَاهَا ہم نے بہت بستیوں کو برباد کیا، کبھی تمیز سے پہلے مِنْ آتا ہے جیسے كَمْ مِنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنَاهَا

ب ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸ ۱۹ ۲۰ ۲۱
۱۰/۱۶ ۳ ۷ ۸ ۲/۱۵ ۱۶ ۲ ۶ ۹ ۱۶

۲۳ ۲۵ ۲۷
۱۰/۱ ۱۴/۷ ۶ ۔

كُمْ: ضمیر جمع مذکر حاضر متصل منصوب و مجرور، تم کو، تم پر، تمہارے لئے۔ تم میں تمہارے ساتھ۔

۱
۳/۵ ۶ ۸/۱۰ ۱۱

۲ ۳
۳/۵ ۸/۱۱ ۱۲/۱۴ ۲/۴ ۵ ۹/۱۱ ۱۴/۱۶ ۱۷

۴ ۵
۱/۲ ۳ ۴ ۷ ۸/۱۰ ۱۳/۱۴ ۱۵ ۵/۶ ۷ ۹

۶ ۷
۳/۴ ۵ ۶ ۸ ۱۳ ۲/۴ ۷ ۸/۹ ۱۳/۱۴ ۱۷ ۱۸ ۱۹

۸
۱/۳ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۵/۱۶ ۱۷ ۱۸

۹ ۱۰
۵ ۱۰/۱۱ ۱۴ ۱۵/۱۶ ۱۷ ۳ ۶/۷ ۸ ۹/۱۰ ۱۲/۱۳ ۱۴

۱۱ ۱۲ ۱۳
۱/۵ ۶/۷ ۱۲/۱۳ ۱۶ ۵/۶ ۱ ۴ ۱۳/۱۴ ۱۵/۱۶ ۱۷

۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷
۱۹ ۱/۴ ۵ ۷/۱۴ ۱۵ ۱۸ ۱۱/۱۳ ۱/۳ ۴/۵ ۸

۱۸ ۱۹ ۲۰
۳ ۶/۷ ۱۰/۱۷ ۴ ۷/۹ ۱۱/۱۲ ۱۹ ۱۰ ۱۳

۲۱ ۲۲ ۲۳
۶ ۷/۱۵ ۱۷/۱۸ ۱/۱۰ ۱۱ ۱۴/۱۶ ۱۷ ۱۹ ۶

۲۴ ۲۵ ۲۶
۹/۱۰ ۱۲/۱۴ ۱۷/۱۸ ۳ ۸ ۳ ۴/۵ ۸/۱۱ ۱۳/۱۴

۲۷ ۲۸
۵/۶ ۱۰/۱۵ ۱۷/۱۸ ۷ ۸/۱۴ ۱۵/۱۶ ۱۷

۲۹ ۳۰
۱/۲ ۵/۹ ۲۱ ۱/۲

كُمُوا ۱۴/۲

كَمَا: مرکب ہے كَ اور مَا سے كَ حرف تشبیہ مَا موصولہ بعد کو آنے والا جملہ صلہ۔ یا مَا مصدری یا مَا زائدہ اور مَا کے بعد آنے والا جملہ یا لفظ مجرور یا مَا کافہ جس نے حرف جر کو مابعد میں عمل کرنے سے روک دیا، یا كَمَا سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ کسی فعل کی طرف فوری سبقت کرنے کے لئے مخاطب کو آمادہ کیا جائے جیسے سَلِّمْ كَمَا تَدْخُلُ داخل ہوتے ہی سلام کر ۳ اور ۵ قرآن مجید میں مستعمل نہیں، نمبر اول و دوم مستعمل ہے، نمبر چہارم کو بعض جگہ مراد لینا جائز قرار دیا جا سکتا ہے۔

ب ۱ ۲ ۳ ۵ ۶
۳ ۲/۴ ۷/۹ ۱۵ ۶/۷ ۸ ۴/۹ ۱۲ ۳

ب ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲
۱۹ ۱/۷ ۳/۱۰ ۱۳ ۶/۱۵ ۱۱ ۱۵ ۴/۸ ۹/۱۰ ۱۱/۱۵

Presented by Ziaraat.Com

۱۳/۲ ۱۴/۶ ۱/۳ ۵/۱۰ ۱۸/۱۵ ۱۷/۱ ۱۶/۱۴ ۵/۱۰ ۱۱/۲۰

۲۲/۱۲ ۲۵/۳ ۲۰/۴ ۶/۱۰ ۱/۲۶ ۳/۸ ۱۰/۲۸ ۱۱/۳ ۱۳/۲۹۔

کُنْ: واحد مذکر حاضر معروف (دیکھو کَانَ) ہو جا۔ ۱۴/۱

۳/۱۳ ۷/۱۴ ۹/۱۱ ۱۴/۶ ۱۶/۵ ۲۳/۴ ۲۴/۱۲۔

کُنَّ: جمع مؤنث غائب ماضی معروف (دیکھو کَانَ) اگر ہوں (شرط کی وجہ سے ماضی نہیں رہا، مضارع کا ترجمہ ہو گیا) ۲/۱۲ ۴/۱۳ ۲۸/۱۷۔

کُنَّ: ضمیر جمع مؤنث حاضر منصوب و مجرور، اِلٰہِ واحد مؤنث حاضر، قرآن مجید میں نصبی حالت میں استعمال نہیں ہوا، حرف مجرور ہونے کی حالت میں استعمال کیا گیا ہے۔ ۲/۱۳ دو جگہ ۲۲/۱ دو جگہ۔

کُنَّا: جمع متکلم ماضی معروف (دیکھو کَانَ) ہم تھے، ہم ہیں۔

۵/۱۱ ۷/۹ ۸/۱۳ ۷/۱۲ ۸/۱۲ ۹/۱۲ ۱۰/۱۴ ۱۱/۸ ۱۲/۱۲

۱۲/۱۲ ۱۳/۳ ۴/۱۵ ۷/۱۵ ۱۴/۱۰ ۱۳/۲ ۵/۱۱ ۱۵/۲۱

۱۷/۲ ۴/۶ ۵/۷ ۱/۲ ۵/۶ ۹/۷ ۱۵/۱۸ ۱۹/۲ ۸/۹ ۲۰/۱۳

۲۲/۱۰ ۱/۱۶ ۵/۶ ۹/۱۳ ۱۰/۱۴ ۲۳/۷ ۱۴/۲۰ ۲۵/۱۵ ۲۶

۲۷/۳ ۱۵/۱ ۲۹/۳ ۱۱/۱۶ ۳۰/۳

کُنْتَ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف (دیکھو کَانَ) تو تھا۔ ۱/۲ ۶/۱۶ ۱۷/۵ ۳/۹ ۱۴/۱۵ ۱۱/۴ ۶/۱۲ ۵/۱۳

۱۴/۱ ۱۹/۱۵ ۱۱/۵ ۱۶/۶ ۱۲/۲ ۱۷/۱۴ ۱۲/۸ ۱۵/۲۰ ۱/۲۱ ۱۴/۲۳

۳/۲۴ ۶/۲۵ ۱۶/۳ ۲۶

کُنْتِ: واحد مؤنث حاضر ماضی معروف (دیکھو کَانَ) تو تھی۔ تو ہے۔ ۱۳/۱۲۔

کُنْتُ: واحد متکلم ماضی معروف (دیکھو کَانَ) میں تھا، میں ہوں۔ ۷/۵ ۶/۱۳ ۹/۳ ۱۲/۶ ۸/۱۰ ۱۵/۱۹ ۱۶/۵ ۱۷/۶

۱۸/۱۹ ۲۳/۶ ۲۴/۳ ۲۶/۱ ۳۰/۲۔

کُنْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف (دیکھو کَانَ) تم تھے، تم ہو۔

۱	۲
۳/۸ ۹/۱۱ ۱۳/۱۶	۱/۲ ۵/۷ ۹/۱۶
۳	۴
۶/۷ ۱۲/۱۳ ۱۴/۱۶	۱/۲ ۳/۵ ۷/۸ ۹/۱۰
۵	۶
۴/۵ ۸/۱۰ ۱۱/۱۲	۶/۷ ۸/۱۱ ۱۳
۷	۸
۴/۵ ۶/۱۰ ۱۳/۱۵ ۱۷	۱/۴ ۷/۱۱ ۱۲/۱۳ ۱۸
۹	۱۰	۱۱
۴/۱۵ ۱۸	۱/۸ ۱۱/۱۲ ۱۳/۱۵	۱/۲ ۸/۹ ۱۶/۱۴ ۱۶
۱۲	۱۳	۱۴
۲/۸ ۱۲/۱۶	۳	۵/۱۰ ۱۲/۱۳ ۱۹/۲۱
۱۷	۱۸	۱۹
۱/۳ ۵/۷ ۸/۱۶	۳/۴ ۵/۶ ۷/۸	۶/۹
۲۰	۲۱	۲۲
۱/۲ ۳/۸ ۱۰/۱۳ ۱۴	۲/۹ ۱۱/۱۵ ۱۶	۹/۱۰ ۱۱
۲۳	۲۴
۲/۳ ۵/۶ ۹/۱۵ ۱۷	۱۳ ۱۷/۱۸ ۱۹
۲۵	۲۶
۷/۱۳ ۱۴/۱۵ ۱۶/۱۹ ۲۰	۱/۲ ۴/۱۰ ۱۴/۱۸
۲۷	۲۸	۲۹	۳۰
۳/۴ ۱۶/۱۷	۷/۱۰ ۱۱/۱۲ ۱۷/۱۹	۲/۳ ۹/۲۱ ۲۲/۸	۳۱

کُنْتُنَّ: جمع مؤنث حاضر ماضی معروف (دیکھو کَانَ) اگر تم ہو (چاہتی) اگر تم (چاہتی) ہو۔ ۲۱/۳۰ دو جگہ۔

کَنْزٌ: مصدر، تہ برتہ مال جمع کر کے رکھ چھوڑنا، کَنْزُ التَّمْرِ فِی الْوِعَاءِ میں نے برتن میں کھجوریں جمع کر کے رکھ چھوڑیں (راغب) سونا، چاندی، مالِ کثیر، حدیث

Presented by Ziaraat.Com

مبارک میں آیا ہے کُلُّ مَالٍ لَا یُؤَدّٰی زَکٰوتُہٗ فَھُوَ کَنْزٌ جس مال کی زکوٰۃ نہ دی جائے وہ کنز ہے (قاموس) ۱۲/۲

۱۵/۱۶ مالِ کثیر، ۱۶/۱ مالِ کثیر یا علمی صحیفہ (راغب)

کَنَزْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف کَنْزٌ مصدر (باب ضرب) تم نے جمع کیا۔ تم نے جمع کر کے (بغیر زکوٰۃ دیئے) رکھ چھوڑا تھا۔ ۱۰/۱۱

کُنُوْزٍ: جمع کَنْزٌ واحد، خزانے، بکثرت جمع کیا ہوا مال، سونا، چاندی۔ ۱۹/۸، ۲۰/۱۱

کَنُوْدٌ: صفتِ مشبہ، ناشکرہ مرد ہو یا عورت ناقابلِ روئیدگی زمین، کافر، اللہ کو برا کہنے والا۔ تنہا خور، بخیل، اس جگہ مراد اول معنی ہے، کُنُوْدٌ اور کَنَادٌ ناشکرہ آدمی کُنُوْدٌ مصدر (باب نصر) ناشکری کرنا۔ ۳۰/۲۵

اَلْکُنَّسِ: جمع، اَلْکَانِسُ مفرد کِنَاسٌ مصدر (باب ضرب) کِنَاسٌ ہرن کے رہنے کی جھاڑی کو بھی کہتے ہیں اور جھاڑی میں ہرن کے چھپنے کو بھی، آیت میں کُنَّسٌ سے مراد چھپنے والے ستارے ہیں (معجم) حسن و قتادہ کے نزدیک بھی عام ستارے مراد ہیں جو رات کو نکلتے ہیں اور دن میں نمودار نہیں ہوتے۔ حضرت علی کا ایک قول مروی ہے کہ (تمام) ستارے دن میں پیچھے ہٹ جاتے ہیں اور رات کو اپنی سیر گاہوں میں نمودار ہو جاتے ہیں ان تمام اقوال سے ظاہر ہے کہ کُنَّسٌ سے عام ستارے مراد ہیں (معالم) یا تمام ستارے مراد ہیں (صحاح) یا شمس و قمر کے علاوہ پانچوں سیارے مراد ہیں (فراء) انہی پانچوں سیاروں کو خمسہ متحیرہ بھی کہتے ہیں کیونکہ ان کی چال میں کبھی استقامت اور کبھی رجعت ہوتی ہے (روح) اعمش نے ابراہیم بن عبداللہ کا قول نقل کیا ہے کہ نیل گائیں مراد ہیں اور سعید بن جبیر کے نزدیک ہرنیں۔ آخری قول حضرت ابن عباس کی طرف بھی عوفی نے منسوب کیا ہے (معالم) عام مفسرین نے خمسہ متحیرہ سے تفسیر کی ہے۔

کَوَاعِبَ: جمع، کَاعِبٌ واحد، نوخیز شباب لڑکیاں جن کے پستان خوب ابھر آئے ہوں (راغب) کَعَبَتِ الْجَارِیَۃُ کُعُوْبًا وَکُعُوْبَۃً وَکِعَابَۃً (لازم، نصر، ضرب) لڑکی کے پستان ابھر آئے۔ کَعَبَ الْاِنَاءَ کَعْبًا (متعدی فتح) برتن کو بھر دیا۔ (قاموس) ۳۰/۲

اَلْکَوَافِرِ: جمع، الکافرۃ واحد، وصف ہے نبوت قرآن وغیرہ کا انکار کرنے والی عورتیں (مزید تنقیح کے لئے دیکھو کافر اور کافرۃ) ۲۸/۸

کَوْکَبٌ: واحد مرفوع، کَوَاکِبُ جمع، ہر ستارہ، آنکھ کی سفیدی، کیل، قوم کا سردار، تلوار، پانی کَوْکَبُ الرَّوْضَۃِ کلی۔ کَوْکَبُ الْحَدِیْدِ لوہے کی چمک

Presented by Ziaraat.Com

یَوْمَ ذُوْ کَوَاکِبَ مصیبت کا دن ذَھَبُوْا تَحْتَ کُلِّ کَوْکَبٍ وہ ہر ستارے کے نیچے چلے گئے یعنی متفرق اور منتشر ہو گئے کَوْکَبُ الْحَدِیْدِ لوہا چمکا (قاموس و تاج) آیت میں مراد اول معنی ہے۔ ۱۵/۱۱

کَوْکَبًا: حالتِ نصب، بعض اہلِ تفسیر نے لکھا ہے کہ زہرہ ستارہ دیکھا تھا لیکن یہ غلط ہے کہ کَبًا نکرہ ہے جس کا اطلاق ہر ستارے پر ہوتا ہے تخصیص کی کوئی وجہ نہیں صحیح حدیث میں خصوصیت وارد نہیں ۱۲/۱۵

اَلْکَوَاکِبُ: جمع، اَلْکَوْکَبُ واحد، ستارے۔ ۳۷/۳

اَلْکَوَاکِبِ: جمع الکوکبُ واحد، ستارے۔ ۲۳/۵

اَلْکَوْثَرَ: جنت کی ایک نہر اور حوض کا نام جو اللہ نے حضور نبی اکرم کو خصوصی طور پر عنایت فرمائی ہے۔ (عن انس مرفوعا۔ مسلم) حضرت ابن عمر کی مرفوع روایت سے ثابت ہے کہ جنت کی ایک حوض کا نام ہے (معالم) یا قرآن مجید (حسن بصری) یا نبوت اور قرآن (عکرمہ) یا عام خیر کثیر (سعید بن جبیر از ابن عباس) اہلِ لغت نے لکھا ہے کہ کوثر کَثْرَۃٌ سے بنا ہے جیسے نَوْفَلٌ۔ نَفْلٌ سے، جو چیز تعداد میں کثیر اور مرتبے میں باعظمت ہو اسکو عرب کوثر کہتے ہیں صاحب معجم القرآن نے حضرت ابن عباس کے قول کو راجح قرار دیا ہے۔ ۳۰/۳۳

کُوِّرَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی مجہول، تکویر مصدر (باب تفعیل) جب سورج تاریک ہو جائیگا (حضرت ابن عباس) روشنی جاتی رہیگی (قتادہ، مقاتل، کلبی) بے رونق ہو جائیگا (مجاہد) لپیٹ دیا جائے گا (ابو عبیدہ و زجاج) لغت میں تکویر کے معنی لپیٹ کر کے لپیٹ دینا ہی ہے، حضرت ابو ہریرہ کی مرفوع روایت ہے کہ قیامت کے دن چاند سورج لپیٹ دئے جائینگے یا بے نور کر دئے جائیں گے (معالم) مطلب تمام تشریحات کا ایک ہی ہے۔ ۱/۸۱

کُوْنُوْا: بروزن قُوْلُوْا جمع مذکر حاضر امر معروف (دیکھو کان) ہو جاؤ ۲/۲ ۶۵/۷ ۱۶۶/۷ ۱۱/۹ ۱۱۹/۹ ۲۸/۱۰ ۲۳/۱۱ ۱۱۶/۱۱ ۱۲۰/۱۶ ۷۰/۱۷ ۵۰/۲۱ ۸۹/۲۶ ۱۲۳/۲۶ ۱۸۷/۲۶ ۶۵/۲۸۔

کُوْنِیْ: واحد مؤنث حاضر امر معروف (دیکھو کان) ہو جا۔ ۳۵/۵

اَلْکَھْفِ: پناہ، پہاڑی، غار، جو مکان کی طرح بنا لیا جاتا ہے (دیکھو اصحاب الکہف) کُھُوْفٌ جمع ۱۵/۱۳، ۱۴/۱۳۔

کَھْفِھِمْ: کہف مضاف ھم ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ انکے غار ۱۵/۱۶، ۱۲/۱۸

کَھْلًا: ادھیڑ، متوسط عمر کا آدمی جس کے کچھ بال سیاہ اور کچھ سفید ہوں، بعض نے عمر کی تعیین کی ہے، ۳۰ یا ۳۴ برس کی عمر سے ۵۰ برس تک کی عمر والے کو کہل کہا ہے کَھُوْلٌ۔ کَھْلُوْنٌ۔ کَھَالٌ۔ کَھْلَانُ۔ در کُھَّلٌ جمع طَائِرٌ کَھْلٌ نیک نصیب، طَارَ لَہٗ طَائِرٌ کَھْلٌ اس کو دنیوی خوش نصیبی حاصل ہے کَاھِلٌ کَھْلٌ کا ہم معنی بھی ہے اور کسی قوم کے سردار و معتمد کو بھی کہتے ہیں، ایک حدیث میں

Presented by Ziaraat.Com

آیا ہے تمیم کا اہلِ مضر قبائل مضر کے سوا بنی تمیم ہیں کہل اور کاہل سے ثلاثی مجرد کے صیغے مستعمل نہیں، باب افتعال اور تفعل مستعمل ہے۔ ۳/۱۲ ب ۷/۵

کٓهٰیٰعٓصٓ: مقطعات میں سے ہے غیر معلوم المراد، قول حق یہی ہے جتنی تشریحات مروی ہیں وہ سب ناقص یا ضعیف یا بمجاہد تاویل طلب ہیں ۱۶/۴ (دیکھو تنقیح کے لئے الف)

کَیْدٌ: مصدر و اسم مصدر، اچھی تدبیر، بری تدبیر، مکر فریب، چال، داؤں (باب ضرب) مزید تنقیح کے لئے دیکھو اکیدُ۔ ۴/۳ مکر فریب ۱۶/۱۲ داؤں، فریب ۷/۹ حسن تدبیر ۲۴/۹،۸ فریب، چالاکی، داؤں، ۲۷/۴ تدبیر۔

کَیْدٌ: ۱۹/۲۱ داؤں۔

کَیْدَ: ۷/۵ داؤں، ۱۲/۱۳ فریب، چالاکی، ۱۲/۱۴ چالاکی ۱۶/۱۲ سامانِ فریب، داؤں۔ ۳۰/۳۰ داؤں۔

کَیْدِ: ۹/۱۳ حسن تدبیر، ۹/۱۶ فریب، ۱۲/۱۳ چالاکی ۱۲/۱۷ چالاکی ۲۹/۴ حسن تدبیر۔

کَیْدًا: ۱۲/۱۱ ۱۷/۵ ۲۳/۷ ۲۷/۴ ۳۰/۱۱ چالاکی، فریب، داؤں۔

کِیْدُوْا: جمع مذکر حاضر امر معروف (دیکھو اکیدُ) داؤں کرلو۔ ۹/۱۴ ۱۲/۵ ۲۹/۲۱۔

کَیْفَ: اسم مبہم غیر متمکن مبنی ہے ہمیشہ ظرف ہوتا ہے (سیبویہ) اسم ہے مگر ظرف نہیں (اخفش و سیرافی) حقیقت میں نہ ظرف زمان ہے نہ ظرف مکان لیکن اس کی تشریح ہمیشہ جار مجرور سے کی جاتی ہے اور جار مجرور کو مجازاً ظرف کہا جاتا ہے اس لئے کیف بھی ظرف مجازی ہے (ابن مالک)

کیف دو طرح آتا ہے (۱) شرطیہ (جیسے جس طرح) ادبا بصرہ کے نزدیک اس کی تین شرطیں ہیں شرط و جزا دونوں فعل ہوں، کوئی مجزوم نہ ہو دونوں متفق اللفظ و المعنی ہوں اس لئے کیف تجلس اذھب (جیسے تو بیٹھے گا میں چلا جاؤں گا) کہنا غلط ہے کیونکہ لفظوں میں شرط جزا متفق نہیں اسی طرح کیف تجلس اجلس بھی درست نہیں، دونوں فعل مجزوم ہیں۔

آیات یُنْفِقُ کَیْفَ یَشَآءُ۔ یُصَوِّرُکُمْ فِی الْاَرْحَامِ کَیْفَ یَشَآءُ۔ فَیَبْسُطُهٗ فِی السَّمَآءِ کَیْفَ یَشَآءُ سے اہلِ بصرہ کے قول کی تغلیط ہوتی ہے دونوں فعل جدا جدا مختلف ہیں اس لئے قطرب اور عام ادبا کوفہ نے کیف شرطیہ کے لئے کوئی خاص قید نہیں مقرر کی۔

(۲) کیف سوالیہ خواہ حقیقۃً استفہام مقصود ہو جیسے کیف زَیْدٌ زید کیسا ہے یا استفہام مقصود نہ ہو کوئی دوسرا مطلب ہو مثلاً تعجب ظاہر کرنا، مخاطب کو تنبیہ کرنا، توبیخ کرنا وغیرہ جیسے کیف تکفرون باللہ تعجب ہے کہ تمہارے کفر کی بنا کس حالت پر ہے۔

کیف کبھی خبر مبتدا کے محل میں آتا ہے جیسے کیف اَنْتَ کبھی کان کی خبر کی جگہ جیسے کیف کُنْتَ کبھی باب ظَنَنْتُ کے مفعول دوم کی جگہ جیسے کیف ظَنَنْتَ زَیْدًا کبھی باب عَلِمْتُ کے مفعول سوم کی جگہ جیسے کیف عَلِمْتَ،

Presented by Ziaraat.Com

فَرَسِكَ (تم نے اس کو اپنے گھوڑے کی اطلاع کسطرح دی) کبھی مفعول مطلق کی جگہ جیسے کَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ تمہارے رب نے کیسا کام کیا، کبھی حال کی جگہ جیسے فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ جب ہم ہر امت میں سے ایک شہادت دینے والا بلائیں گے تو ان کا اس وقت کیا حال ہوگا وَ كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا اگر وہ غالب آجائیں تو ان کے معاہدہ کی حالت کیا ہوگی۔ قرآن مجید میں صرف مؤخر الذکر دونوں صورتیں مستعمل ہیں یعنی مفعول مطلق اور حال کی جگہ کَیْفَ کا استعمال کیا ہے۔

کَیْفَ سوالیہ کے ذریعہ سے صفاتِ مخلوق کے متعلق سوال کیا جاتا ہے اللہ کیف سے منزہ ہے اس لئے جہاں اللہ نے اپنی ذات وصفات کے موقع پر لفظ کَیْفَ کو استعمال کیا ہے، وہاں غیر حقیقی استفہام مراد ہوتا ہے یعنی صرف استبعاد، خواہ بطور تعجب یا مخاطب کو تنبیہ اور توبیخ کرنے کیلئے جیسے كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ، كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا۔ كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ، اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ، فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ۔ اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ۔

کبھی کیف کے معنی حالت ہوتے ہیں اس وقت سوالیہ نہیں ہوتا جیسے اُنْظُرْ اِلَيْهِ كَيْفَ يَصْنَعُ وہ جو کر رہا ہے میں اس کی حالت دیکھ رہا ہوں۔

عیسیٰ بن موہب نے کتاب العلل میں اور بعض دوسرے علماء نے صراحت کی ہے کہ کَیْفَ کبھی عاطفہ آتا ہے، استدلال میں یہ شعر پیش کیا گیا ہے ؎

اِذَا قَلَّ مَالُ الْمَرْءِ لَانَتْ قَنَاتُهٗ
وَهَانَ عَلَى الْاَدْنٰى فَكَيْفَ الْاَبَاعِدُ

جب آدمی کا مال کم ہوجاتا ہے تو اس کا نیزہ نرم پڑ جاتا ہے (قوت میں ضعف آجاتا ہے) وہ اقربا کی نظر میں بھی حقیر ہوجاتا ہے دور والوں کا تو کہنا ہی کیا ہے۔

لیکن یہ استدلال غلط ہے فاء خود حرف عاطف ہے، دو حرفِ عطف کس طرح جمع ہوسکتے ہیں بلکہ اس جگہ کَیْفَ کے بعد مبتدا مضاف محذوف یعنی كَيْفَ حَالُ الْاَبَاعِدِ کَیْفَ کی فاء کو تخفیف کر کے صرف کے پر بھی کبھی اکتفا کر لیا جاتا ہے لیکن معنی کَیْفَ کے ہی ہوتے ہیں جیسے ؎

كَيْفَ تَجْنَحُوْنَ اِلٰى سِلْمٍ وَمَا شُتِرَتْ
قَتْلَاكُمْ وَلَظَى الْهَيْجَاءِ تَضْطَرِمُ

تم صلح کی جانب کسطرح مائل ہو ابھی تو تمہارے مقتولین کا انتقام نہیں لیا گیا اور لڑائی کی آگ بھڑک رہی ہے۔

۱ ۲	۳ ۹،۳ ۱۱،۷	۴ ۵،۱ ۱۴	۵ ۱۴،۳ ۶	۶ ۹ و ۱۰ و ۱۳ و ۱۴	
۷ ۸ و ۹ و ۱۱ و ۱۴ و ۱۵	۸ ۱۷،۱ ۱۸	۹ ۱۳،۱ ۵	۱۰ ۸	۱۱ ۷ و ۹ و ۱۳	
۱۳ ۱۱ و ۱۲ و ۱۶ و ۱۹	۱۴ ۲ ۱۱	۱۵ ۵،۲ ۲۱	۱۶ ۵	۱۷ ۱۳	۱۸ ۱۶	۱۹ ۳ و ۱۶ و ۱۹
۲۰ ۲ و ۷ و ۱۴	۲۱ ۴ و ۸	۲۲ ۱۱ و ۱۵ و ۱۷	۲۳ ۶ و ۹	۲۴ ۶ و ۸ و ۱۴	۲۵ ۸
۲۶ ۵ و ۷ و ۱۵	۲۷ ۸ و ۹	۲۹ ۲ و ۴ و ۹ و ۱۳ و ۱۵	۳۰ ۱۳ و ۱۴		

Presented by Ziaraat.Com

اَلْکَیْلُ: مصدر مرفوع، پیمانے سے غلہ وغیرہ کا ناپنا۔
(دیکھو کَالُوا) ۸/۲ ب ۱۳/۲ مراد غلہ۔

اَلْکَیْلَ: مصدر منصوب ۲ و ۶/۱۸ ب ۸ غلے سے پیمانہ بھرنا۔
۱۳/۴ ۱۵/۴ ب ۱۹/۱۴ مراد غلہ۔

کَیْلٌ: مصدر مرفوع نکرہ، غلہ ۸/۲

کَیْلَ: مصدر منصوب نکرہ، غلہ ۸/۲

کَیْ: بقولِ اخفش ہمیشہ جارّہ ہوتا ہے مابعد کو جر دیتا ہے لیکن اسکے بعد جو فعل مضارع پر نصب آتا ہے وہ اَن مصدری کے سبب سے اگر کہیں اَن مذکور نہیں ہوتا تو محذوف ہوتا ہے لیکن آیت لِکَیْلَا تَاْسَوْا وغیرہ سے اخفش کے قول کی تردید ہوتی ہے۔ لام حرفِ جر، کَیْ سے پہلے موجود ہے، دوسرے حرف کی ضرورت نہیں، نہ دوبارہ تعلیل کی ضرورت ہے۔
کوفی ادیب کہتے ہیں کہ کَیْ ہمیشہ حرفِ ناصب ہوتا ہے جو فعل مضارع کو نصب دیتا ہے حرفِ جر کبھی نہیں ہوتا۔ یہ قول بھی غلط ہے کَیْمَهْ بمعنی لِمَهْ (کس وجہ سے) بولا جاتا ہے، حاتم کا قول ہے:

وَاَوْقَدْتُ نَارِیْ کَیْ یَبْصَرَ ضَوْءُهَا
وَاَخْرَجْتُ کَلْبِیْ وَهُوَ فِی الْبَیْتِ دَاخِلُهْ

میں نے آگ روشن کردی تاکہ اس کی روشنی (مسافروں کو) دکھ جائے اور اپنے کتے کو گھر سے باہر نکالدیا تاکہ آنیوالے مہمان پر نہ بھونکے) اگر اسجگہ کَیْ کو حرفِ ناصب قرار دیا جائے اور لِیُبْصَرَ کو اس کی وجہ سے منصوب پڑھا جائے تو حرفِ ناصب اور فعل میں حرفِ جر کیوجہ سے فعل لازم آئیگا اس لئے علماءِ بصرہ اور عام محققینِ ادب کا قول ہے کہ کَیْ کبھی ناصبِ مضارع ہوتا ہے جو معنی اور عمل دونوں میں اَن مصدری کی طرح ہوتا ہے جیسے لِکَیْلَا تَاْسَوْا اور کبھی تعلیلیہ ہوتا ہے یعنی لازم (حرفِ جر) کی طرح معنی کے اعتبار سے بھی اور عمل کے لحاظ سے بھی، اس کے بعد کبھی مَا استفہامیہ آتا ہے جیسے کَیْمَهْ (کس لئے) اور کبھی مَا مصدری یا مَا کافہ آتا ہے جیسے:

اِذَا اَنْتَ لَمْ تَنْفَعْ نَصَرْتَ فَاِنَّمَا
یُرْجَی الْفَتٰی کَیْمَا یَضُرُّ وَیَنْفَعُ

تو فائدہ رساں نہ ہو تو ضرر ہی پہنچا کیونکہ آدمی سے دو ہی وجہ سے امید کی جاتی ہے، ضرر کے لئے یا نفع کے لئے۔

(نوٹ) کَیْ مخفف کَیْفَ کا بھی آتا ہے (دیکھو کَیْفَ کی بحث)

کَیْ ناصبہ سے پہلے کبھی لام (حرفِ جر) مذکور ہوتا ہے کبھی نہیں ہوتا، اسی طرح اس کے بعد کبھی لا نفی آتا ہے کبھی نہیں آتا، قرآنِ مجید میں دونوں طرح مستعمل ہے۔

۴/۷ ۱۴/۱۵ ۱۷/۸ ۲۲/۳ و ۲ ۲۷/۱۹ ۲۸/۴

Presented by Ziaraat.Com

بابُ اللّام

ل: لام مفرد کی تین قسمیں ہیں ۱ حرفِ جر ۲ حرفِ جزم ۳ بے عمل یعنی لفظاً کچھ عمل نہ کرنے والا۔

نمبر اول حرفِ جر ضمیر پر بھی آتا ہے اور اسم ظاہر پر بھی، ضمیر پر آنے والا لامِ جارہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے (علاوہ ضمیر واحد متکلم کے) جیسے لَہٗ۔ لَھَا لَھُمَا لَھُمْ لَھُنَّ لَکَ لَکِ لَکُمَا لَکُنَّ لَنَا لِیْ۔

اسم ظاہر پر آنے والا لام جارہ ہمیشہ مکسور ہوتا ہے (سوائے اس مستغاث کے جو یا ندائیہ کے بعد آتا ہے) جیسے لِلّٰہِ۔ لِلرَّسُوْلِ۔ لِلْمَسَاکِیْنَ۔ لِذِی الْقُرْبٰی۔

لامِ جارہ ۲۲ معانی کے لئے مستعمل ہے

۱ کسی ذات کے استحقاق کو ظاہر کرنے کے لئے اَلْحَمْدُ[1] لِلّٰہِ۔ اَلْعِزَّۃُ[2] لِلّٰہِ۔ اَلْاَمْرُ[3] لِلّٰہِ۔ وَیْلٌ[4] لِّلْمُطَفِّفِیْنَ۔ لَھُمْ[5] فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ۔ وَلِلْکٰفِرِیْنَ[6] النَّارُ۔

۲ خصوصیت کو ظاہر کرنے کے لئے جیسے اَلْجَنَّۃُ[7] لِلْمُؤْمِنِیْنَ۔ لَہُ[8] الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ۔ لَکُمْ[9] دِیْنُکُمْ۔ وَلِیَ دِیْنِ[10]۔

۳ ملکیت کو ظاہر کرنے کے لئے جیسے لَہٗ[11] مَا فِی السَّمٰوٰتِ۔

۴ کسی کو مالک بنانے کے لئے جیسے وَھَبْنَا لَہٗ[12]۔

۵ تملیک کی مشابہت ظاہر کرنے کے لئے جیسے جَعَلَ[13] لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا

[1] حمد کا مستحق اللہ ہے [2] عزت کا مستحق اللہ ہے [3] حکم کا مستحق اللہ ہے [4] کم تولنے والے ہلاکت کے مستحق ہیں [5] ان کو دنیا میں رسوا ہونا سزاوار ہے [6] کافروں کے لئے دوزخ سزاوار ہے [7] جنت مومنوں کے لئے خاص ہے [8] پیدا کرنا اور حکمرانی کرنا اللہ ہی کے لئے مخصوص ہے [9] تمہارا دین تمہارے لئے ہے [10] اور میرا دین میرے لئے [11] اسی کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے [12] ہم نے اس کو بخش دیا [13] اللہ نے تم میں سے ہی تمہاری بیبیاں پیدا کر دیں۔

Presented by Ziaraat.Com

۶ کسی فعل کی علت اور سبب بیان کرنے کے لئے جیسے لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ۔ اِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ۔

(نوٹ) مضارع پر جو لام مکسور آتا ہے وہ بھی اسی قسم میں داخل ہے جیسے وَاَنْزَلْنَا اِلَیْکَ الذِّکْرَ لِتُبَیِّنَ لِلنَّاسِ جو لام جار مکسور مضارع پر تعلیل کے لئے آتا ہے اور اس کے بعد اَنْ مصدری ناصب کا آنا ضرور ہے اور مضارع پر اسی ان کی وجہ سے نصب ہوتا ہے، اگر اَنْ مذکور نہیں ہوتا جیسا کہ مثالِ مذکور میں نہیں ہے تو محذوف مقدر قرار دیا جائے گا لیکن اگر فعل سے پہلے لا نفی آیا ہو تو لام جر کے بعد اَنْ کو ذکر کرنا لازم ہے جیسے لِئَلَّا یَکُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَیْکُمْ حُجَّۃٌ۔

۷ نفی کی تاکید مقصود ہو، اس لام کو لامِ جُحود بھی کہتے ہیں، لامِ جحود کی شرط یہ ہے کہ اس سے پہلے مَا کَانَ یا لَمْ یَکُنْ مذکور ہو جیسے مَا کَانَ اللّٰہُ لِیُطْلِعَکُمْ عَلَی الْغَیْبِ اور لَمْ یَکُنِ اللّٰہُ لِیَغْفِرَ لَھُمْ، اگر نہ مذکور ہوگا تو مقدر مانا جائے گا۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے عصر کے بعد کی دو رکعتوں کے متعلق فرمایا تھا مَا اَنَا لِاَدَعَھُمَا میں ان دونوں رکعتوں کو نہیں چھوڑوں گا یعنی مَا کُنْتُ اَنَا ایک شاعر کہتا ہے:

فَمَا جَمْعٌ لِیَغْلِبَ جَمْعَ قَوْمِیْ
مُقَاوَمَۃً وَلَا فَرْدٌ لِفَرْدٖ

مقابلہ کے وقت کوئی قوم میری قوم پر غالب نہیں آسکتی اور نہ کوئی شخص میری قوم کے کسی شخص پر یعنی فَمَا کَانَ جَمْعٌ وَلَا کَانَ فَرْدٌ۔

۸ اِلٰی کے معنی کے لئے جیسے بِاَنَّ رَبَّکَ اَوْحٰی لَھَا اَیْ اِلَیْھَا۔ کُلٌّ یَّجْرِیْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّی اَیْ اِلٰی اَجَلٍ۔ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُھُوْا عَنْہُ اَیْ اِلٰی مَا نُھُوْا۔

۹ عَلٰی کے معنی ظاہر کرنے کے لئے یعنی حقیقی استعلاء کے لئے جیسے وَیَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ۔ دَعَانَا لِجَنْبِہٖ۔ تَلَّہٗ لِلْجَبِیْنِ یعنی عَلَی الْاَذْقَانِ اور عَلٰی جَنْبِہٖ اور عَلَی

---

۱۴ یہ حقیقت ہے کہ مال کی محبت کی وجہ سے وہ بخل میں بہت سخت ہے ۱۵ لوگوں کے سامنے کھول کر بیان کرنے کے لئے ہم نے تم پر قرآن اتارا۔ ۱۶ تاکہ تمہارے خلاف لوگوں کو کوئی دلیل نہ مل سکے ۱۷ اللہ ہرگز ایسا نہیں کہ تم کو غیب پر آگاہ کر دے ۱۸ اللہ ایسا ہرگز نہیں کہ ان کو معاف کر دے ۱۹ میں ہرگز ایسا نہیں کہ ان دونوں کو چھوڑ دوں ۲۰ تمہارے رب نے اس کے پاس وحی بھیجی ۲۱ ہر ایک مقرر میعاد تک چلے گا (بقیہ بر صفحہ آئندہ)

Presented by Ziaraat.Com

الْجَبِيْنِ۔ یا مجازی استعلاء کے لئے جیسے وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا یعنی عَلَيْهَا۔ نحاس کا قول ہے لام بمعنے علٰی ہم نے عربی میں کہیں نہیں پایا۔

۱۰ فِیْ ہم معنی جیسے وَنَضَعُ[۱] الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔

۱۱ عِنْدَ کا ہم معنی جیسے بَلْ[۲] كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ (بقول ابن جنی برقراءۃ حمدری)

۱۲ بَعْدُ کا ہم معنی جیسے اَقِمِ[۳] الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ۔ حدیث میں آیا ہے صُوْمُوْا لِرُؤْيَتِهٖ وَاَفْطِرُوْا لِرُؤْيَتِهٖ چاند دیکھنے کے بعد روزہ رکھو اور چاند دیکھنے کے بعد روزہ رکھنا چھوڑ دو۔

۱۳ مَعَ کا ہم معنے جیسے فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا كَاَنِّیْ وَمَالِكًا ۔ لِطُوْلِ اجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ لَيْلَةً مَعًا جب ہم جدا ہو گئے تو باوجود مدت تک ساتھ رہنے کے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میں اور مالک ایک رات بھی ساتھ نہیں رہے۔ بعض لوگوں نے اس شعر میں لام کو بَعْدُ کا ہم معنی قرار دیا ہے۔

۱۴ مِنْ کا ہم معنی، جریر کا شعر ہے:

لَنَا الْفَضْلُ فِی الدُّنْيَا وَاَنْفُكَ رَاغِمٌ وَنَحْنُ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَفْضَلُ

ہم کو دنیا میں برتری حاصل ہے اور تمہاری ناک خاک آلود ہے اور قیامت کے دن بھی ہم تم سے افضل ہوں گے۔

۱۵ کسی چیز کو سامع تک پہنچا دینے کے لئے، اس وقت لام کو سامع پر داخل کرنا ضروری ہے جیسے قَالَ[۴] لَهُمْ خَزَنَتُهَا

---

۲۲ اگر ان کو لوٹا کر بھیجا جائے تب بھی اسی کام کی طرف لوٹیں گے جس سے ان کو منع کر دیا گیا ہے ۲۳ ٹھوڑیوں کے بل وہ گر پڑتے ہیں

۲۴ وہ ہم کو دہم اکرو ط پر پکارتا ہے ۲۵ پیشانی کے ایک رخ پر اس کو گرا دیا گیا۔

حاشیہ متعلقہ صفحہ ہذا۔ ۲۶ اگر تم برائی کرو گے تو تمہارے نفس پر ہی اس کا ضرر پڑے گا۔

۱ قیامت میں ہم وزن کشی کے پیمانے یعنی انصاف قائم کریں گے۔

۲ حق آجانے کے وقت انہوں نے تصدیق نہ کی بلکہ جھوٹا قرار دیا۔

۳ زوال آفتاب کے بعد سے نماز پڑھو۔

۴ دوزخ کے نگرانوں نے ان کو یہ بات پہنچا دی۔

Presented by Ziaraat.Com

۱۶ عَنْ کا ہم معنے جیسے (بر قول ابن حاجب) وَقَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔ ابنِ مالک نے کہا، اس جگہ لام تعلیلیہ ہے، بعض کا قول ہے یہ لام وہی ہے جس کا نمبر پندرہ میں تذکرہ ہو چکا۔

۱۷ لامِ عاقبت یا لام مال جو کسی فعل پر مرتب ہونے والے نتیجہ کو ظاہر کرتا ہے خواہ واقع میں اس نتیجہ کے حصول کے لئے وہ کام نہ کیا گیا ہو جیسے رَبَّنَا اِنَّکَ اٰتَیْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَہٗ زِیْنَۃً وَّاَمْوَالًا فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا رَبَّنَا لِیُضِلُّوْا عَنْ سَبِیْلِکَ۔

علماءِ بصرہ لامِ عاقبت کے منکر ہیں، زمخشری نے اس کو لامِ علت قرار دیا ہے اور چونکہ واقع میں لام کا مابعد لام کے ماقبل کے لئے علت نہیں ہے اس لئے اس کو لام تعلیل واقعی نہیں بلکہ تعلیل نما کہا جائے گا یعنی فعل کا نتیجہ یہ نکلا خواہ کام اس نتیجہ کے لئے نہیں کیا گیا۔ ایک شاعر کہتا ہے ؎

فَلِلْمَوْتِ تَغْذُوا الْوَالِدَاتُ سِخَالَہَا
کَمَا لِخَرَابِ الدُّوْرِ تُبْنَی الْمَسَاکِنُ

موت ہی کے لئے مائیں اپنے بچوں کو پالتی ہیں جیسے مکانوں کی تعمیر تخریب کے لئے ہوتی ہے، ایک اور شاعر کہتا ہے:

فَاِنْ یَّکُنِ الْمَوْتُ اَفْنَاھُمْ
فَلِلْمَوْتِ مَا تَلِدُ الْوَالِدَۃُ

اگر موت نے ان کو فنا کر دیا (تو عجب بات نہیں کیونکہ موت ہی کے لئے ماں بچوں کو جنتی ہے،

۱۸ قسم اور تعجب کے لئے یہ لام صرف لفظِ اللہ پر آتا ہے۔

۱۹ صرف تعجب کے لئے جیسے لِلّٰہِ دَرُّہٗ یا لِلْعُشْبِ۔

۲۰ تعدیہ جیسے فَھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا (ابن مالک فی شرح الکافیۃ)

۲۱ لام زائد صرف تاکید کے لئے یہ لام کبھی فعل متعدی اور اس کے مفعول کے درمیان آتا ہے جیسے اُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ

---

۱ کافروں نے مومنوں سے کہا ۲ اے ہمارے رب تو نے فرعون اور اس کے عمائدِ حکومت کو دنیوی زندگی میں رونق اور مال کثیر اسلئے دیا کہ وہ تیرے راستہ سے لوگوں کو بہکائیں ۳ اپنی طرف سے تو مجھے کوئی میرا جانشین عنایت فرما ۴ اس نے ہم کو رب العالمین کی اطاعت کا حکم دیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

الْعَالَمِيْنَ۔ اَمَرَ اور نُسْلِمَ کے درمیان لام زائد ہے کبھی مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان آتا ہے جیسے سعید بن مالک کہتا ہے:

يَا بُؤْسَ لِلْحَرْبِ الَّتِيْ ۔۔۔ وَضَعَتْ اَرَاهِطَ فَاسْتَرَاحُوْا

ہائے شدت جنگ جس نے قبائل کو مار گرایا۔

لام تقویت بھی زائد ہی ہوتا ہے یعنی اگر کوئی عامل ضعیف ہو تو محض اس کو قوی کرنے کے لئے لام لے آتے ہیں۔ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ عامل (یہ ہون) مؤخر ہونے کی وجہ سے ضعیف ہے اس لئے معمول (رَبِّهِمْ) پر لام آگیا تاکہ عامل کو قوت حاصل ہو جائے ورنہ يَرْهَبُوْنَ کے مفعول پہ لام آنے کی کوئی ضرورت نہ تھی اسی طرح اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّؤْيَا تَعْبُرُوْنَ۔ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ۔ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ۔ مُصَدِّق، فَعَّال، نَزَّاعَة سب صفت کے صیغے ہیں۔ افعال نہیں ہیں فعل کے مشابہ ہیں اس لئے ان کے عامل ہونے میں ضعف ہے لام کی وجہ سے اس ضعف کو دور کر دیا گیا۔

۲۲ لام تبیین جیسے فَتَعْسًا لَّهُمْ۔ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ۔

(تنبیہ) باوجود ضرورت کے کبھی لام کو حذف بھی کر دیا جاتا ہے جیسے قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ ای لہ منازل۔ وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ ای کالوا لھم او وزنوا لھم۔

قرآن مجید میں مندرجہ بالا بائیس اقسام میں سے ۱۳ ۱۴ ۱۸ ۱۹ کا استعمال نہیں ہوا باقی اقسام کے لئے استعمال موجود ہے۔

نمبر دوم۔ حرف جزم قبیلہ سلیم کے استعمال میں مفتوح اور باقی تمام عربی استعمال میں مکسور آتا ہے اور کسی چیز کی طلب پہ دلالت کرتا ہے اگر اس سے پہلے فاء یا واؤ ہو تو عام طور پہ یہ لام ساکن ہو جاتا ہے متحرک بہت کم آتا ہے۔

---

۱ وہ اپنے رب ہی سے ڈرتے ہیں ۲ اگر تم خواب کی تعبیر دیتے ہو ۳ جو آسمانی کتابیں ان کے پاس ہیں ان کی تصدیق کرنے والا۔ ۴ اپنی منشا کے موافق کرنے والا ۵ کھال اتارنے والا ۶ ان کے لئے ہلاکت ہو ۷ جو کچھ تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ دور ہے ۸ ہم نے اس کے لئے منزلیں مقرر کر دیں ۹ جب وہ ان کو پیمانہ سے ناپ کر دیتے ہیں یا ان کو وزن کر کے دیتے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

جیسے فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي۔ وَلْيُؤْمِنُوا بِي۔

ان کو چاہیے کہ مجھ سے دعا کی قبولیت کی درخواست کریں اور مجھ کو مانیں، ثم کے بعد بھی کبھی ساکن ہو جاتا ہے ثُمَّ لْيَقْضُوا کبھی طلبی معنی کو چھوڑ کر کوئی دوسرا معنی مراد ہوتا ہے مثلاً خبر جیسے اِتَّبِعُوا سَبِيلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطَايَاكُمْ۔

تم ہمارے راستہ پر چلو اور تمہارے گناہ ہم اٹھا لیں گے یا ڈراوا اور دھمکی جیسے وَمَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ جو چاہے کفر کرے جائے۔

لام جازم امر حاضر پر نہیں آتا۔ (البتہ مضارع حاضر پر لام لا کر امر حاضر کا مفہوم پیدا کر لیا جاتا ہے) صرف امر غائب پر آتا ہے متکلم پر آتا ہے مگر کم جیسے وَلْنَحْمِلْ خَطَايَاكُمْ اس جگہ طلبی معنی کو چھوڑ کر صرف خبر کے معنی مراد ہیں۔

کبھی لام جازم محذوف ہوتا ہے بشرطیکہ اس سے پہلے قُلْ مذکور ہو (کسائی) جیسے قُلْ لِعِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا يُقِيمُوا الصَّلَاةَ ای لِيُقِيمُوا۔

میرے مومن بندوں سے کہدو کہ نماز پڑھا کریں۔

مبرد اس کا منکر ہے ابن مالک نے شرح کافیہ میں لکھا ہے کہ لام جازم کا حذف قول انشائی کے بعد نثر میں ہوتا ہے لیکن قول خبری کے بعد کم ہوتا ہے۔ ادبار کوفہ اور ابوالحسن کا خیال ہے کہ قم اُقْعُدْ وغیرہ امر حاضر کے صیغوں میں ہمیشہ لام جازم محذوف ہوتا ہے۔ جس طرح نہی لا کے بغیر نہیں ہو سکتی اسی طرح امر حاضر ہو یا غائب بغیر لام جازم کے نہیں ہو سکتا، فرق صرف یہ ہے کہ غائب میں مذکور ہوتا ہے اور حاضر میں محذوف، قُمْ اصل میں لِتَقُمْ تھا اُقْعُدْ اصل میں لِتَقْعُدْ تھا، علیٰ ہذا۔

نمبر سوم :- لام بے عمل اس کی سات قسمیں ہیں۔

۱ لام ابتداء مفتوح، مضمون جملہ کی تاکید کے لئے آتا ہے (باتفاق اہل لغت) اس کا استعمال دو جگہ صحیح ہے (الف) مبتدا پر جیسے لَأَنْتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً (ب) اِنَّ کی خبر پر خواہ اسم ہو جیسے اِنَّ رَبِّي لَسَمِيعُ الدُّعَاءِ اِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ یا فعل مضارع ہو جیسے اِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ یا ظرف ہو جیسے اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ اِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ ط

(نوٹ) اِنَّ کی خبر پر اگر لامِ تاکید مضارع پر آتا ہے تو بر قول جمہور مضارع کا معنی حال ہو جاتا ہے، استقبال کا مفہوم باقی نہیں رہتا ابن مالک کو اس سے اختلاف ہے (وتوضیحُ الادلّۃِ فِی مُطوّلاتِ النحو)

تین صورتوں میں اِنَّ کی خبر میں لام تاکید کا آنا مختلف فیہ ہے۔

(الف) ماضی جامد یعنی غیر متصرف پر جیسے اِنَّ زَیْدًا لَعَسٰی اَنْ یَقُوْمَ اِنَّ زَیْدًا لَنِعْمَ الرَّجُلُ ابو الحسن اس کا مجوز ہے اور جمہور مخالف۔

(ب) اس ماضی پر جو قَدْ کے ساتھ آئے جیسے اِنَّ زَیْدًا لَقَدْ قَامَ جمہور کے نزدیک جائز ہے خطاب اور محمد بن مسعود غزنی کے نزدیک ناجائز۔

(ج) اگر ماضی متصرف پر قَدْ نہ ہو تو کیا اس پر لام آسکتا ہے یا نہیں جیسے اِنَّ زَیْدًا لَقَامَ، کسائی اور ہشام مجوز ہیں، اور جمہور منکر۔

خبرِ اِنَّ کے علاوہ دو مقام اور بھی مختلف فیہ ہیں۔

(الف) مبتدا کی خبر مقدم جیسے لَقَائِمٌ زَیْدٌ نحویوں کی بڑی جماعت اس کی مجوز ہے۔ شیخ ابن حاجب نے امالی میں اس کو ناجائز کہا ہے اور صراحت کی ہے کہ لام ابتداء کے بعد مبتدا کا آنا لازم ہے۔

(ب) جملہ فعلیہ کے شروع میں لام تاکید کا آنا بھی مختلف فیہ ہے جیسے لَیَقُوْمُ زَیْدٌ ابن مالک اور مالقی اس کے مجوز ہیں۔ مالقی نے اپنی تجویز میں ماضی جامد کو بھی داخل کر لیا ہے جیسے لَبِئْسَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ بعض مجوزین اس ماضی کو بھی اس دائرہ میں لے آئے ہیں جس پر قد آیا ہو جیسے وَلَقَدْ کَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ۔ لَقَدْ کَانَ فِیْ یُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖ۔ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِیْنَ اعْتَدَوْا مِنْکُمْ، منکرین ان سب مقامات پر لام کو لامِ قسم کہتے ہیں۔ ابن الخباز نے شرح الایضاح میں لکھا ہے کہ لامِ ابتدا صرف اس فعل پر آتا ہے جو اِنَّ کی خبر میں آتا ہے اس کے علاوہ کسی فعل پر نہیں آتا۔ منکرین کے ساتھ ابن حاجب اور زمخشری وغیرہ بھی ہیں۔ زمخشری نے کشاف میں صراحت کی ہے کہ

Presented by Ziaraat.Com

لام ابتداء یا مبتدا پر آتا ہے یا خبر پر (یعنی جملہ فعلیہ پر نہیں آتا) لیکن آیت وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ اور آیت لَا أُقْسِمُ میں لام ابتداء ہے اور مبتدا محذوف ہے یعنی وَلَأَنْتَ سَوْفَ يُعْطِيكَ وَلَأَنَا أُقْسِمُ ابن عاجب اس لام کو صرف لام تاکید کہتا ہے لام ابتداء نہیں کہتا۔

(نوٹ) خبر اِنَّ کے علاوہ لام ابتداء ہمیشہ صدارت کا مقتضی رہتا ہے، اگر اس کے خلاف کوئی مثال عربی کلام میں ملتی ہے تو وہ تاویل طلب ہے۔

تنبیہ:۔ اِنْ مخففہ کا حکم بھی اِنَّ کی طرح ہے، سیبویہ بلکہ اکثر نحویوں کے نزدیک محلِ خبر میں لام آنا صحیح ہے، اس کے ساتھ لام ابتداء آنے میں تین فائدے ہوتے ہیں، مضمونِ جملہ کی تاکید، مضارع کی تخصیص بالحال، اور اِنْ نافیہ سے کھلا ہوا امتیاز لیکن اگر خبر منفی ہو تو ترکِ لام واجب ہے جیسے:

إِنِ الْحَقُّ لَا يَخْفَى عَلَى ذِي بَصِيرَةٍ
وَإِنْ هُوَ لَمْ يُعْدِمْ خِلَافَ مُعَانِدِ

بلاشبہ دانشمند آدمی سے حق چھپا نہیں رہتا اگرچہ عنادی آدمی کی مخالفت بھی موجود رہتی ہے۔

(ضروری تنقیح) آیت وَإِنْ كَانَتْ لَكَبِيرَةً اور آیت وَإِنْ كُلُّ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ میں برقول اکثر لامِ ابتدائیہ ہے ابوعلی اور ابوالفتح کا قول ہے یہ لام ابتدائیہ نہیں بلکہ ایک اور لام ہے جو اِنْ مخففہ اور اِنْ نافیہ میں فرق نمایاں کرنے کے لئے آتا ہے۔ ادبارِ کوفہ کہتے ہیں یہ لام استثنائیہ ہے اور اِنْ نافیہ، لام کے استثنائی ہونے کے ثبوت میں یہ شعر پیش کیا گیا ہے ؎

أَمْسَى أَبَانُ ذَلِيلًا بَعْدَ عِزَّتِهِ
وَمَا أَبَانُ لِمَنْ اعْلَاجِ سُودَانِ

عزت کے بعد ابان ذلیل ہو گیا، ابان نہیں ہے مگر حبشی کافروں میں کا ایک فرد۔

۲۔ مبتدا کی خبر پر اَنَّ اور لٰکِنَّ کی خبر پر زَالَ کی خبر پر اَرَاْی کے مفعول دوم پر بھی لام بے عمل آتا ہے جو زائد ہوتا ہے جیسے اَلَا اَنَّهُمْ لَيَأْكُلُونَ الطَّعَامَ (قراءۃ سعید بن جبیر) وَلٰكِنَّنِي عَنْ حُبِّهَا لَعَمِيدٌ۔

وَمَا زِلْتُ مِنْ لَيْلَى لَدُنْ أَنْ عَرَفْتُهَا
لَكَالْهَائِمِ الْمَقْضِيِّ كُلَّ مُرَادِ

جب سے لیلیٰ سے میری شناسائی ہوئی ہے

میں برابر ایسا سرگرداں رہتا ہوں جیسے وہ پیاسا جانور جو دور دور ہر چشمہ پر گھومتا ہے۔

مبرد اور کوفیوں کے نزدیک اِنَّ اور لٰکِنَّ کی خبر پر آنیوالا لام ابتدائیہ ہے۔

بعض کا قول ہے کہ یدعو کے مفعول پر آنیوالا لام بھی زائد ہوتا ہے جیسے یَدْعُوْ لَمَنْ ضَرُّہٗ اَقْرَبُ مِنْ نَفْعِہٖ لیکن یہ غلط ہے یدعو کے مفعول پر لام بطور شاذ آتا ہے اور شاذ قرآن مجید میں مستعمل نہیں اس لئے آیت مذکورہ میں لام زائد نہیں۔

۳ لام جواب بھی زائد ہوتا ہے خواہ لَوْ کے جواب میں آئے جیسے لَوْ تَزَیَّلُوْا لَعَذَّبْنَا۔ لَوْ کَانَ فِیْھِمَا اٰلِھَۃٌ اِلَّا اللّٰہُ لَفَسَدَتَا یا لَوْلَا کے جواب میں جیسے وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰہِ النَّاسَ بَعْضَھُمْ بِبَعْضٍ لَفَسَدَتِ الْاَرْضُ یا قسم کے جواب میں جیسے تَاللّٰہِ لَاَکِیْدَنَّ اَصْنَامَکُمْ۔

ابوالفتح کے نزدیک لَوْلَا اور لَوْمَا کے جواب پر جو لام آتا ہے وہ حقیقت میں قسم مقدر محذوف کا جواب ہوتا ہے لَوْ لَوْلَا اور لَوْمَا کا جواب نہیں ہوتا مگر محققین نے اس قول کی تغلیط کی ہے ہاں اگر جملہ اسمیہ ہو تو ایسے مقام میں قسم مقدر کا جواب کہا جاسکتا ہے بلکہ اولیٰ یہی ہے جیسے وَلَوْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَۃٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰہِ خَیْرٌ۔

۴ حرف شرط پر آنیوالا لام بھی زائد ہوتا ہے جیسے لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا یَخْرُجُوْنَ مَعَھُمْ۔ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا یَنْصُرُوْنَھُمْ۔ وَلَئِنْ نَّصَرُوْھُمْ لَیُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ

ذوالرمہ کا شعر ہے ؎

لَئِنْ کَانَتِ الدُّنْیَا عَلَیَّ کَمَا اَرٰی
تَبَارِیْحَ مِنْ لَیْلٰی فَلَلْمَوْتُ اَرْوَحُ

اگر دنیا انہی سوزشوں کا نام ہے جو لیلیٰ کی طرف سے مجھے محسوس ہو رہی ہیں تو ان سے موت زیادہ سکون بخش ہے۔

بنی عقیل کی ایک عورت کا شعر ہے ؎

لَئِنْ کَانَ مَا حُدِّثْتُہُ الْیَوْمَ صَادِقًا
اَصُمُّ فِیْ نَھَارِ الْقَیْظِ لِلشَّمْسِ بَادِیًا

جو کچھ مجھ سے آج بیان کیا گیا ہے اگر وہ سچ ہے تو سخت گرمی کے دن دھوپ میں کھلے میدان میں روزہ کی حالت میں میں کھڑی

Presented by Ziaraat.Com

رہوں گی۔

۵ لامِ تعریف بھی زائد ہوتا ہے جیسے ذٰلِكَ الْكِتَابُ - لِلْمُتَّقِيْنَ - اَلرَّجُلُ

۶ اسمائِ اشارات میں جو لام (بُعد کو ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے وہ بھی زائد ہوتا ہے جیسے تِلْكَ، ذٰلِكَ وغیرہ۔

۷ لامِ تعجب غیر جار بھی زائد ہوتا ہے جیسے لظرف زید یعنی مَا اَظْرَفَهٗ یہ قول صرف خالویہ کا ہے (صرحہ فی کتابہ المدسوم بالجمل)

لا جس کو لائِ نفی جنس لاتبریہ اور لامشابہ بِاَنَّ کہا جاتا ہے اس کا اسم فتحہ پر یا علامت نصب (جمع مؤنث کی تار کا کسرہ، تثنیہ کی یار ماقبل مفتوح - جمع کی یار ماقبل مکسور) پر مبنی ہوتا ہے بشرطیکہ اسم فاعل نہ ہو جیسے لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ - قَالُوْا لَا ضَيْرَ - يَا اَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ - لَا مُسْلِمَاتَ - لَا رَجُلَ - لَا مُسْلِمِيْنَ -

سیرافی اور زجاج کے قول پر لاتبریہ کا اسم کیسا ہی ہو معرب ہوتا ہے اگرچہ تنوین نہیں پڑھی جاتی۔

لاتبریہ صرف نکرہ پر آتا ہے اور اسی پر عمل کرتا ہے۔ اگر اسم مفرد ہو تو سیبویہ کے نزدیک خبر پر رفع لا کی وجہ سے نہیں ہوتا بلکہ بَقَاءُ عَلٰی مَا كَانَ کے اصول پر خبر مرفوع ہوتی ہے، اخفش اور اکثر نحویوں کا قول اسکے خلاف ہے۔

لاتبریہ کی خبر خواہ ظرف اور جار مجرور ہی ہو، اسم پر مقدم نہیں ہوتی۔

لاتبریہ کے اسم کی اگر کوئی صفت مذکور ہو یا کسی دوسرے اسم کا لا کے اسم پر عطف کیا گیا ہو (بشرطیکہ صفت اور معطوف خبر کے ذکر سے پہلے ہو) تو محل کی رعایت کر کے معطوف اور صفت کو مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے جیسے لَا رَجُلَ وَامْرَاَةٌ فِيْهَا اور لَا رَجُلَ ظَرِيْفٌ فِيْهَا۔

اگر لاتبریہ مکرر ہو تو دونوں کو یا ایک کو بے عمل قرار دینا بھی جائز ہے جیسے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

اگر لاتبریہ کی خبر معلوم ہو تو اکثر محذوف ہوتی ہے جیسے لَا ضَيْرَ - فَلَا فَوْتَ - لَا شَيْءَ بنو تمیم تو لاتبریہ کی خبر کو کبھی ذکر ہی نہیں کرتے۔

لَا (ناقص) یعنی وہ لا جو لَيْسَ کے مشابہ

Presented by Ziaraat.Com

ہوتا ہے، اس کا عمل بہت کم ہے، بعض نے عدم کا قول اختیار کیا ہے اسی لئے ہم نے اس کو ناقص کے نام سے موسوم کیا ہے اس کی خبر بہت کم مذکور ہوتی ہے، زجاج تو بالکل عدم ذکر ہی کا قائل ہے، کہتا ہے:

میں نے اس کی خبر کسی کلام میں مذکور نہیں پائی لیکن زجاج کا یہ قول غلط ہے، مندرجہ ذیل شعر میں خبر مذکور ہے ؎

تَعَزَّ فَلَا شَيْءٌ عَلَى الْأَرْضِ بَاقِيًا
وَلَا وِزْرٌ مِمَّا قَضَى اللّٰهُ وَاقِيًا

صبر کر کوئی چیز زمین پر باقی رہنے والی نہیں، نہ کوئی مددگار حکم خدا سے بچانیوالا ہے۔

لَا ناقصہ صرف نکرہ میں عمل کرتا ہے، ابن جنی اور ابن الشجری اس کے خلاف ہیں، نابغہ اور متنبی کے دو شعر ان کی دلیل ہیں ؎

دَخَلَتْ سَوَادَ الْقَلْبِ لَا أَنَا بَالِغِيًا
سِوَاهَا وَلَا عَنْ حُبِّهَا مُتَرَاخِيًا (نابغہ)

وہ دل کے وسطی نقطہ میں داخل ہو گئی، اب اس کے سوا نہ کسی اور کو میں چاہتا ہوں نہ اسکی محبت سے پیچھے ہٹ سکتا ہوں۔

(دیکھو لَا کو اَنَا پر داخل کیا ہے)

إِذَا الْجُودُ لَمْ يُرْزَقْ خَلَاصًا مِنَ الْأَذَى
فَلَا الْحَمْدُ مَكْسُوبًا وَلَا الْمَالُ بَاقِيًا (متنبی)

اگر مِنت نہی کی، اذیت سے سخاوت محفوظ نہ رکھے تو (ایسی سخاوت سے) نہ تو تعریف حاصل کیجا سکتی ہے نہ مال ہی (اپنے پاس) باقی رہیگا۔

(دیکھو لَا کو الحمد پر داخل کیا ہے)

لَا (عاطفہ) اس کی تین شرطیں ہیں:

۱ اس سے پہلے اثبات ہو جَاءَ زَيْدٌ لَا عَمْرٌو یا امر ہو اِضْرِبْ زَيْدًا لَا عَمْرًا یا اس سے پہلے نداء ہو (یہ شاخ صرف سیبویہ نے نکالی ہے) يَا ابْنَ أَخِي لَا ابْنَ عَمِّي ابن سعد نے کہا سیبویہ کی یہ خود ساختہ مثال ہے یہ عربی کلام ہی نہیں ہے۔

۲ لَا کے ساتھ دوسرا حرف عطف نہ ہو اسی لئے وَلَا الضَّالِّينَ میں لا عاطفہ نہیں، صرف تاکید نفی کے لئے ہے، عاطفہ واو ہے۔

۳ معطوف اور معطوف علیہ ایک جگہ جمع نہ ہو سکتے ہوں، دونوں میں تعاند ہو جیسے جَاءَ رَجُلٌ لَا امْرَأَةٌ اسی لئے جَاءَ رَجُلٌ لَا زَيْدٌ کہنا غلط ہے رَجُل زید

Presented by Ziaraat.Com

کے ساتھ جمع ہو سکتا ہے، زید بھی تو مرد ہی ہے، فعل ماضی کے معمول پر عطف کے لئے لا عاطفہ آ سکتا ہے اگرچہ زجاجی اس کا منکر ہے، امرء القیس کا شعر ہے ؎

كَأَنَّ دِثَارًا حَلَّقَتْ بِلَبُونِهِ
عُقَابٌ تَنُوفِيٌّ لَا عُقَابُ الْقَوَاقِلِ

گویا چھوٹی پہاڑیوں کا عقاب نہیں، بلکہ اونچے پہاڑ کا عقاب دثار چرواہے کی دو دھیاری اور نٹنیوں کو لے گیا۔ عقاب اول حَلَّقَتْ کا معمول (فاعل) ہے اور عقاب دوئم کا، لا کے ذریعہ سے اس پہ عطف کیا گیا ہے۔

لا (جوابیہ) جو نَعَمْ (ہاں) کے مقابل آتا ہے اس کے بعد عموماً جملہ محذوف ہوتا ہے جیسے اَجَاءَكَ زَيْدٌ (کیا تیرے پاس زید آیا) کے جواب میں لا کہا جائے یعنی لا۔ لَمْ يَجِئْ نہیں، نہیں آیا۔

لا (نفی محض) اس کو مکرر ذکر کرنا مندرجہ ذیل مقامات پر لازم ہے:

۱؎ اس کے بعد جملہ اسمیہ ہو جس کا پہلا جز معرفہ ہو اور لا اس کا عامل نہ ہو جیسے لَا الشَّمْسُ يَنْبَغِي لَهَا أَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ۔ نہ یہ ممکن ہے کہ سورج چاند کو پکڑے نہ رات دن سے آگے نکل سکتی ہے۔

یا پہلا جز نکرہ ہو اور لا اس میں عامل نہ ہو جیسے لَا فِيهَا غَوْلٌ وَلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُونَ

۲؎ لا کے بعد فعل ماضی ہو خواہ لفظاً یا تقدیراً جیسے فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى اس نے نہ خیرات کی نہ نماز پڑھی۔

ہذلی نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں عرض کیا تھا:

كَيْفَ أَغْرَمُ مَنْ لَا شَرِبَ وَلَا أَكَلَ وَلَا نَطَقَ وَلَا اسْتَهَلَّ (صحیح مسلم) اس کی دیت کیسے ہو سکتی ہے جس نے (پیدا ہو کر) نہ کچھ کھایا نہ پیا نہ بولا نہ چیخا۔

۳؎ خبر مفرد یا صفت یا حال پہ لا داخل ہو جیسے زَيْدٌ لَا شَاعِرٌ وَلَا كَاتِبٌ۔ جَاءَ زَيْدٌ لَا ضَاحِكًا وَلَا بَاكِيًا۔ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَا فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ۔ ظِلٍّ مِنْ يَحْمُومٍ وَلَا بَارِدٍ وَلَا كَرِيمٍ۔ وَفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ۔ لَا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ۔ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ زَيْتُونَةٍ

Presented by Ziaraat.Com

لَا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ۔ آیت فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ (گھاٹی میں داخل نہ ہوا) میں لَا اگرچہ لفظاً مکرر نہیں ہے مگر معنیً مکرر ہے کیونکہ اقتحام عقبۃ کی تشریح میں زمخشری نے کشاف میں اور رازی نے کبیر میں اور آلوسی نے روح المعانی میں دو چیزیں ذکر کی ہیں، فَكُّ رَقَبَةٍ (غلام باندی کی آزادی) اور اِطْعَامٌ مِسْكِيْنٍ (مسکین کو کھانا کھلانا) اس لئے کلام کی معنویت اس طرح ہوئی فَلَا فَكَّ رَقَبَةً وَلَا اَطْعَمَ مِسْكِيْنًا (نہ گردن آزاد کی نہ مسکین کو کھانا کھلایا)

دعائیہ یا بددعائیہ کلام میں تکرار لَا کا واجب نہیں کیونکہ لفظ میں اگرچہ فعل ماضی ہوتا ہے مگر معنویت کے لحاظ سے مستقبل ہوتا ہے جیسے لَا شَلَّتْ يَدَاهُ اس کے ہاتھ شل نہ ہوں، لَا فَضَّ اللّٰهُ فَاهُ اللہ اس کا منہ نہ توڑے۔ ایک شاعر کہتا ہے ؎

لَا بَارَكَ اللّٰهُ فِي الْغَوَانِي هَلْ
يُصْبِحْنَ اِلَّا لَهُنَّ مَطْلَبُ

حسین عورتوں کو اللہ برکت نہ دے کوئی صبح ان کی غرض سے خالی نہیں ہوتی۔

اگر کلام دعائیہ نہ ہو بلکہ کسی اور وجہ سے ماضی بمعنی مستقبل ہو تب بھی لَا کی تکرار واجب نہیں جیسے ؎

حَسْبُ الْمُحِبِّيْنَ فِي الدُّنْيَا عَذَابُهُمْ
تَاللّٰهِ لَا عَذَّبَتْهُمْ بَعْدَهَا سَقَرُ

عاشقوں کے لئے دنیوی عذاب ہی کافی ہے خدا کی قسم اس کے بعد دوزخ ان کو عذاب نہ دے گی۔

اگر لَا فعلِ مضارع پر داخل ہو تب بھی تکرار ضروری نہیں جیسے لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْءِ لَا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا۔

اکثر اہلِ ادب کے نزدیک اس وقت مضارع بمعنی استقبال ہوگا۔ ابنِ مالک کو اس سے اختلاف ہے، ماضی کو اپنے معنی پر رکھتے ہوئے ترکِ تکرار شاذ ہے۔ ابنِ عفیف عبدی یا عبد المسیح بن عسلہ کہتا ہے ؎

لَاهُمَّ اِنَّ الْحَارِثَ بْنَ جَبَلَهْ
زَنٰى عَلٰى اَبِيْهِ ثُمَّ قَتَلَهْ
وَكَانَ فِيْ جَارَاتِهٖ لَا عَهْدَ لَهْ
وَاَيُّ اَمْرٍ سَيِّئٍ لَا فَعَلَهْ

Presented by Ziaraat.Com

الٰہی حارث بن جبلہ نے اپنے باپ پر تنگی کی، پھر اس کو مار ڈالا، ہمسائی عورتوں کے سلسلہ میں بھی اس کے اندر عہد امانت نہ تھا، وہ کونسی بری حرکت نہ تھی جو اس نے نہ کی ہو۔

ابو خراش ہذلی کا قول ہے ؎

اِنْ تَغْفِرِ اللّٰھُمَّ تَغْفِرْ جَمًّا وَاَیُّ عَبْدٍ لَّکَ لَا اَلَمَّا

الٰہی اگر تو بخشدیگا تو بڑا جرم بخشدے گا، وہ کونسا تیرا بندہ ہے جس نے قصور نہیں کیا۔

جو لَا مابعد مجرور کے درمیان آتا ہے جیسے جِئْتُ بِلَا زَادٍ تو بغیر توشہ کے آیا۔ غَضِبْتُ مِنْ لَّا شَیْءَ تو بے وجہ ناراض ہوا۔ کوفیوں کے نزدیک وہ لَا بجائے خود اسم ہے جو ماقبل کا مجرور اور مابعد کی طرف مضاف ہوتا ہے دوسرے علماء کے نزدیک اسم نہیں بلکہ حرف ہے جو لفظاً زائد ہوتا ہے مگر معنیً مفید۔

لَا صدارتِ کلام کو نہیں چاہتا بلکہ کبھی ناصب و منصوب کے درمیان آتا ہے جیسے لِئَلَّا یَکُوْنَ لِلنَّاسِ۔ کبھی جازم و مجزوم کے درمیان جیسے اِنْ لَّا تَفْعَلُوْہُ کبھی معمول اور فعل عامل کے درمیان جیسے یَوْمَ یَاْتِیْ بَعْضُ اٰیَاتِ رَبِّکَ لَا یَنْفَعُ نَفْسًا اِیْمَانُھَا

جس روز تیرے رب کی بعض نشانیاں (یعنی موت کی نشانیاں) آجائیں گی کسی کو اس وقت ایمان لانا فائدہ بخش نہ ہوگا۔ یوم معمول ہے یَنْفَعُ عامل اور لَا درمیان آیا ہے۔

لَا (نہی کے لئے) یہ لَا طلبِ ترک کے لئے آتا ہے، مضارع پر داخل ہوتا ہے۔ آخر میں اگر حرفِ علت ہو تو ساقط کر دیتا ہے، اگر نہ ہو تو مجزوم کر دیتا ہے۔

کبھی ترک کی وجوبی طلب یعنی تحریم کے لئے آتا ہے جیسے لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَعَدُوَّکُمْ اَوْلِیَاءَ میرے اور اپنے دشمن کو دوست نہ بناؤ یعنی دوست بنانا حرام ہے۔

کبھی ترک کی تنزیہی طلب کے لئے جیسے لَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَیْنَکُمْ آپس میں مہربانی کرنی نہ بھولو، یعنی اگر حق واجب نہ بھی ہو تب بھی آپس میں مہربانی کرنی بہتر ہے۔

کبھی دعا کے لئے رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اے ہمارے رب ہماری پکڑ نہ کر۔

کبھی محض زائد ہوتا ہے جیسے مَا مَنَعَکَ اَنْ لَّا تَسْجُدَ تجھے سجدہ کرنے سے کس نے روکا مَا مَنَعَکَ اِذْ رَاَیْتَھُمْ ضَلُّوْا اَنْ لَّا

Presented by Ziaraat.Com

تَتَّبِعَنِ جب تو نے ان کو گمراہ دیکھ لیا تو میرے حکم پر چلنے سے تجھے کس نے روکا۔ کبھی صرف دھمکی دینے کے لئے لَا تُطِعْنِیْ میرا حکم نہ مان (دیکھ تو کیا کرتا ہوں)

چند مشکل آیات کی مختصر تشریح

۱ آیت لَآ اُقْسِمُ بِیَوْمِ الْقِیٰمَةِ میں یا لَا نافیہ ہے لیکن نفی کا رجوع قسم کی طرف نہیں بلکہ کلامِ سابق کی طرف ہے، پورا قرآن بقول ابو علی کے ایک سورت کا حکم رکھتا ہے اس لئے ابتدا سورت میں بھی ایسا لفظ آسکتا ہے جس سے پہلے کلام کی نفی ہوتی ہو۔ لَآ پر وقف کے بعد اُقْسِمُ سے جدید کلام کا آغاز ہوا اس طرح نفی قسم بھی نہیں ہوئی اور لَا نافیہ بھی ہو گیا (قالہ الفراء)

یا لَا زائد ہے لیکن زائد ہونے کے باوجود معنویت میں اس نے کیا اضافہ کیا، یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے، بعض نے کہا آئندہ نفی کی تمہید کے لئے ہے لیکن مختلف آیات میں جواب قسم مثبت بھی مذکور ہے وہاں تمہید نفی کیسے ممکن ہے جیسے لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ کے بعد مقام جواب میں لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ کَبَدٍ آیا ہے اس لئے تمہید نفی کے لئے کہنا غلط ہے۔ ابوبکر بن عیاش کا قول ہے زائد ہے محض تاکید کے لئے لیکن زیادتی تو وسطِ کلام میں ہوتی ہے جہاں فاء یا واؤ لَآ سے پہلے موجود ہے جیسے فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُوْمِ۔ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ وہاں تو کہا جا سکتا ہے کہ وسط میں آگیا اس لئے زائد ہو سکتا ہے لیکن آیت مندرجہ بالا میں تو لَآ سے پہلے کوئی حرف نہیں پھر زیادتی کیسے ممکن ہے۔ ابو علی نے اس کا وہی فرسودہ جواب دیا ہے کہ پورا قرآن ایک سورت کی طرح ہے۔

۲ قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَنْ لَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا میں لَا نافیہ بھی ہو سکتا ہے اور نہی کے لئے بھی اور زائد بھی (والتفصیل فی المطولات)

۳ وَمَا يُشْعِرُكُمْ اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (بر قراءۃ اَنَّ) میں لَا زائد ہے (خلیل اور فارسی) اور (بر قراءۃ اِنَّ) نافیہ ہے۔ (نحاس وغیرہ)

Presented by Ziaraat.Com

۴ اسی طرح آیت حَرَامٌ عَلٰی اَھْلِ قَرْیَۃٍ اَھْلَکْنٰھَا اَنَّھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ میں لَا نافیہ بھی ہوسکتا ہے اور زائد بھی۔

۵ آیت مَا کَانَ لِبَشَرٍ اَنْ یُّؤْتِیَہُ اللّٰہُ الْکِتٰبَ وَالْحُکْمَ وَالنُّبُوَّۃَ ثُمَّ یَقُوْلَ لِلنَّاسِ کُوْنُوْا عِبَادًا لِّیْ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَلٰکِنْ کُوْنُوْا رَبّٰنِیّٖنَ بِمَا کُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْکِتٰبَ وَبِمَا کُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ وَلَا یَاْمُرَکُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِکَۃَ وَالنَّبِیّٖنَ اَرْبَابًا سبعہ میں یَاْمُرُ پر پیش ہے یَاْمُرُ کا فاعل اس کی ضمیر ہے جو اللہ یا رسول کی طرف راجع ہے۔ اس صورت میں لَا نافیہ ہوگا لیکن زبر کی قرارت پر یَاْمُرَ کا عطف بقول یا یُؤْتِیَہ پر ہوگا اور لَا تاکید نفی کے لئے ہوگا اور زائد ہوگا۔

لَابِثِیْنَ: جمع مذکر حالت نصب رہنے والے (ٹھیرنے والے) لَابِثٌ واحد لُبْثٌ لَبَاثٌ لَبَاثَۃٌ اور لُبْثَۃٌ مصدر (باب سَمِعَ) لُبْثَۃٌ دیر تک رہنا، مدت تک رہنا، لَبِثٌ صیغہ صفت، لَبِیْثَۃٌ مختلف لوگوں کا گروہ۔ فَرَسٌ لَبَاثٌ سست قدم گھوڑا، اِلْبَاثٌ (باب افعال) دیر کرنا اور دیر کرانا۔

اس آیت میں لفظ احقاب آیا ہے حِقْبٌ کتنی مدت کو کہتے ہیں، اسلاف اور اہل لغت کا اس میں اختلاف ہے مثلاً حقب ۸۰ سال کا جس کا ہر دن ہزار برس کا (حضرت علی) حقب ۲۷ خریف کا، ہر خریف ۷۰۰ سال کا، ہر سال ۳۶۰ دن کا، ہر دن ہزار برس کا (مجاہد) اسی طرح دوسرے اقوال ہیں لیکن کتنی ہی طویل مدت بیان کی جائے پھر بھی وہ میعاد معین پر ختم ہوجائیگی دوامی نہ ہوگی اس لئے مقاتل نے صاف کہہ دیا کہ آیت فَلَنْ نَّزِیْدَکُمْ اِلَّا عَذَابًا سے یہ آیت منسوخ ہے۔

لیکن حسن بصری نے فرمایا کہ احقاب جمع ہے اور جمع کی کوئی آخری حد نہیں اس لئے ہر حقب گزرنے کے بعد دوسرا حقب شروع ہوجائیگا اور اس طرح احقاب کا سلسلہ ختم نہ ہوگا۔ حسن بصری کی تشریح کی بنا پر اس جگہ (لفظاً احقاباً کی وجہ سے) لَابِثِیْنَ کا مطلب ہوگا ہمیشہ رہنے والے (معالم مع بعض زیادت) ۳۰/۱

لَاتَ: یہ لفظ مرکب ہے یا مفرد، اہل لغت کے اس کے متعلق مختلف اقوال ہیں (ابوذر خشنی کا قول ہے یہ لفظ مفرد ہے ماضی کا صیغہ ہے

Presented by Ziaraat.Com

اس کا مضارع یَلِیْتُ ہے جس طرح اَلَتَ یَالِتُ آتا ہے اسیطرح لَاتَ یَلِیْتُ بھی آتا ہے، دونوں کا معنی ہے کم کرنا، قرآنِ مجید میں آیا ہے لَا یَلِتْکُمْ مِنْ اَعْمَالِکُمْ شَیْئًا اللہ تمہارے اعمال میں کوئی کمی نہیں کرے گا۔ یہ تو لفظی وضعی معنی تھے، توسیع استعمال کے بعد عرفِ عام میں لَاتَ نفی کے معنی میں مستعمل ہونے لگا۔ بعض کا قول ہے لَاتَ ہی کا صیغہ ہے اس کی اصل لَیْسَ تھی یاء کو الف سے اور سین کو تاء سے بدل دیا گیا۔

جمہور اہلِ لغت کا قول ہے کہ لَاتَ دو لفظوں سے مل کر بنا ہے لَا نافیہ اور تاء تانیث جیسے ثُمَّتْ، دو ساکنوں کے اجتماع کے سبب تاء کو متحرک کر دیا گیا۔ ابو عبیدہ اور ابن طرادہ کا قول ہے، یہ لفظ ہے تو مرکب مگر تاء زائد ہے یعنی اصل میں لفظ لَا ہی ہے لیکن مصحفِ عثمانی میں حِیْنَ سے پہلے ملی ہوئی تاء لکھی ہوتی تھی اس لئے تاء کی کوئی حیثیت نہیں۔

لَاتَ کا عمل کیا ہے؟ یہ مسئلہ بھی مختلف فیہ ہے، اخفش کا ایک قول ہے کہ لَاتَ عامل ہی نہیں ہے اس کے بعد اسم مرفوع بھی آتا ہے اور منصوب بھی، دوسرا قول یہ ہے کہ لَاتَ کا عمل اِنَّ کی طرح ہوتا ہے اسم کو نصب خبر کو رفع، جمہور کا مسلک ہے کہ لَاتَ لَیْسَ کی طرح عمل کرتا ہے اسم کو رفع خبر کو نصب، عموماً اس کا اسم محذوف ہوتا ہے۔ فراء قائل ہے کہ لَاتَ کا استعمال صرف لفظِ حِیْنَ کے ساتھ ہوتا ہے سیبویہ کا بھی ظاہر قول یہی منقول ہے لیکن فارسی اور اہلِ لغت کی ایک بڑی جماعت کہتی ہے کہ حِیْنَ ہو یا حِیْن کا ہم معنی کوئی دوسرا لفظ سب کے ساتھ لَاتَ مستعمل ہے جیسے ابو زید طائی کا قول ہے طَلَبُوْا صُلْحَنَا وَ لَاتَ اَوَانِ انہوں نے وقت گذرنے کے بعد صلح کی خواہش کی۔

اس شعر میں چونکہ اَوَانِ مجرور ہے اسی بناء پر فراء کا خیال ہو گیا کہ اسماءِ زمان پر لَاتَ بطور حرفِ جر داخل ہوتا ہے۔ زمخشری نے مفصل میں لکھا ہے کہ لَا پر تاء زیادہ کی گئی تو لَاتَ کا استعمال نفی اوقات کے لئے مخصوص ہو گیا۔

(مقتبس از مغنی اللبیب و تاج وغیرہ) ۲۳/۱۰

اَللّٰاتُ: دورِ جاہلیت میں قبیلہ ثقیف یا

بنی معتب (بقول ابنِ اسحاق) کا ایک چوکور گوشہ پتھر طائف میں تھا جو معبود سمجھا جاتا ہے، ایک مندر بھی اس کے نام کا بنا دیا گیا تھا قریش اور دوسرے قبائلِ عرب اس کی پوجا کرتے تھے۔ وجہ تسمیہ کے متعلق ابنِ عربی نے حضرتِ ابن عباس کی طرف منسوب کرتے ہوئے ایک عجیب روایت بیان کی ہے۔ حضرتِ ابنِ عباس نے فرمایا گذشتہ زمانہ میں ایک آدمی قبیلہ ثقیف کے محلہ میں کسی پتھر پر بیٹھ کر حاجیوں کے ہاتھ گھی بیچتا تھا۔ حاجی ستوؤں میں گھی ملا کر کھاتے تھے (لغت میں لتّ کا معنی ہے ملانا، آمیز کرنا۔ لتّ سے لاتّ اسم فاعل کا صیغہ ہے یعنی ستوؤں میں گھی ملانے والا) کچھ مدت کے بعد وہ آدمی مر گیا۔ جب چند روز لوگوں نے پتھر پر اس کو نہ دیکھا تو ایک نے دوسرے سے معلوم کیا۔ عمرو بن لحی بولا وہ تمہارا رب (پالنے والا) تھا، مرا نہیں بلکہ اسی پتھر کے نیچے غائب ہو گیا، یہ سنکر لوگوں نے اس پتھر کی پوجا کرنی شروع کر دی اور اس کا نام لاتّ رکھدیا، الف لام داخل کرنے کے بعد لاتّ اللاتُ ہو گیا اور کثرتِ استعمال کی وجہ سے تاء کی تشدید بھی ساقط ہو گئی اور اللات بن گیا۔

اسلامی دور میں جب بت پرستی کی ممانعت ہوئی تو حضور نے ابوسفیان اور مغیرہ بن شعبہ کو حضرتِ خالد بن ولید کی زیرِ قیادت لات کو توڑنے اور مندر کو ڈھا دینے پر مامور فرمایا۔ حضرتِ خالد نے جا کر بت کو توڑ کر مندر کو ڈھا دیا اور آگ لگا دی، سونا چاندی اور جو کچھ مندر میں زیور کپڑا وغیرہ تھا سب لا کر خدمتِ گرامی میں حاضر کیا، حضور نے اسی روز مسلمانوں کو تقسیم کر دیا، بنو ثقیف کی عورتوں کو معلوم ہوا تو روتی پیٹتی سر برہنہ باہر نکل آئیں، شداد بن عارض جشمی شاعر نے قبیلہ ثقیف کو لات کی دوبارہ پرستش سے روکتے ہوئے کہا تھا ؎

لَا تَنْصُرُوا اللَّاتَ إِنَّ اللهَ مُهْلِكُهَا
وَكَيْفَ نَصْرُكُمْ مَنْ لَيْسَ يَنْتَصِرُ
إِنَّ الَّتِي حُرِّقَتْ بِالنَّارِ فَاشْتَعَلَتْ
وَلَمْ تُقَاتِلْ لَدَى أَحْجَارِهَا هَدَرُ

لات کی حمایت نہ کرو حقیقت میں اللہ اس کو غارت کرنے والا ہے جو خود اپنی مدد نہیں کر سکتا وہ تمہاری مدد کیسے کر سکتا ہے جس (بت) کو

آگ میں جلا دیا گیا اور وہ بھڑک اٹھا اور اپنے پتھروں کے پاس نہ لڑ سکا اس کی بربادی ناقابلِ معاوضہ ہے۔

اس وقت مسجد طائف کے بائیں منارہ میں لات کا پتھر پیوست ہے۔

عرب نے اسی کے نام پر عبد اللات تم اللات۔ زید اللات وغیرہ نام رکھ چھوڑے تھے۔ یہاں تک تمام تفصیل عربی تصریحات سے ماخوذ تھی لیکن عربی تاریخ کے یورپین مبصرین کی رائے کچھ اور ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ لات کا نام نبطی تھا۔ اقوام بابل کی دیویوں میں سے یہ ایک دیوی تھی۔ رب الارباب یعنی خدا خدائیگاں کی بہن یا بیٹیاں جہاں مامناٹو (مناۃ) اور اسٹار تھیں وہاں لات بھی ایک بہن یا بیٹی تھی، دوسری دیویوں کی طرح مختلف زمانوں میں لات پر بھی مختلف تغیرات آئے۔ سوریہ (شام) میں جب لات پہنچی تو وہاں بارش کے دیوتا حداد کی بیوی بن گئی اور اس کا نام بابار حیٹیس ہو گیا، پھر اسکو نبطی قوم لے گئی اور ربتہ البیت (گھر کی مالکہ) نام رکھا۔ الیفانیوس کا قول ہے کہ اوس دیوتا کی شکل جس کو ذوالشریٰ کہا جاتا تھا۔ لات دیوی کی مورتیوں میں سے کسی مورتی کی ہم شکل تھی، اس قول کی روشنی میں کہا جا سکتا ہے کہ ولنسن کی یہ صراحت کہ لات سورج کی دیوی تھی صحیح ہے اس کی تائید اسٹرابو کے اس قول سے بھی ہوتی ہے جس میں بیان کیا گیا ہے کہ نبطی لوگ سورج کی پوجا کرتے تھے۔

(الاساطیر العربیہ قبل الاسلام) ۲۷/۵

لَا جَرَمَ: یقیناً اور حقاً کا ہم معنی ہے اصل میں اس کا معنی لامحالہ تھا، توسیعِ استعمال کے بعد قسم یا حق (فعل ماضی) کے معنے میں مستعمل ہونے لگا۔

سیبویہ کا یہی قول ہے، مدارک میں خلیل کی طرف بھی اس قول کی نسبت کی گئی ہے۔ ابو البقاء نے حقاً یعنی مصدری معنی قرار دیے ہیں، جمہور کا مسلک بھی یہی ہے امام رازی نے تفسیر کبیر میں فراء کی طرف بھی اس قول کی نسبت کی ہے۔ تفسیر ابو السعود میں لا کو نافیہ اور جرم کو فعل ماضی بمعنے حق کے قرار دیا ہے۔ مطلب یہ کہ اس فعل کا غیر مفید ہونا حق ہے۔ بعض کے نزدیک لاجرم

Presented by Ziaraat.Com

کا معنی ہے لَا صَدَّ وَلَا مَنَعَ کوئی رکاوٹ نہیں، ممانعت نہیں، کوئی روک نہیں سکتا۔ پ ۱۲

لَازِبٍ: اسم فاعل مفرد، چپکنے والا، چمٹنے والا، لیسدار، لازم، جم جانیوالا۔ لَزْبٌ اور لُزُوْبٌ مصدر (کَرُمَ۔ نَصَرَ۔ سَمِعَ) ضَرْبَۃٌ لَازِبٌ وہ چیز لازم ہوگئی یعنی ایسی جم گئی، واجب ہوگئی جیسے چیپ دار، کیچڑ جم کر خشک ہو جاتی ہے لَزْبَۃٌ کال، خشک سال، لَزْبٌ اور لِزَبَاتٌ جمع۔ لِزْبٌ تنگ راستہ۔ لَزِبٌ تھوڑا قلیل المقدار۔ لِزَابٌ جمع (قاموس ولسان ومعجم القرآن) پ ۲۳

لَاعِبِیْنَ: اسم فاعل مذکر جمع منصوب ومجرور، لَاعِبٌ واحد، لَعْبٌ لَعِبٌ، تَلْعَابٌ مصدر (باب سمع) نیز کھیلنے والے، بیکار کام کرنے والے، لَعْبٌ حاصل مصدر بھی ہے تکمیل لُعْبَۃٌ گڑیا۔ وہ چیز جس سے کھیلا جاتا ہے مثلاً شطرنج، چوسر، بے وقوف آدمی جس کا کھیل بنایا جاتا ہے۔ لَعِبٌ لُعْبٌ نیز لُعْبَۃٌ بازیگر۔ لُعَابٌ منہ سے بہنے والی رال۔ اس سے فعل باب فتح سے آتا ہے اور مصدر لَعَبٌ عین کے زبر کے ساتھ، مَلْعَبٌ کھیل کی جگہ۔ تَلْعَابٌ اور تِلْعَابَۃٌ بڑا کھلاڑی۔ مَلَاعِبُ الرِّیَاحِ بادبیا۔ پ ۲۵ ر ۱۷ ر ۵

لَاعِنُوْنَ: اسم فاعل مذکر جمع حالت رفع، لَاعِنٌ واحد لَعْنٌ مصدر (باب فتح) لعنت کرنے والا۔ اللہ کی طرف اگر لَاعِن ہونیکی نسبت کی جاتی ہے تو لعنت کا معنی ہوتا ہے قرب یا رحمت سے دور کرنا۔ عذاب دینا۔ اور انسان کی طرف اگر لعنت کی نسبت کی جائے تو مراد ہوتی ہے بددعا کرنی (راغب) گالیاں دینی، سخت سست کہنا، دھتکار کر نکالدینا (قاموس) لُعَنَۃٌ بہت لعنت کرنے والا آدمی، لُعَنٌ جمع لُعْنَۃٌ وہ جس پر زیادہ لعنت کی جائے۔ پھٹکار زدہ۔ لَعِیْنٌ بمعنی ملعون۔ اس میں مذکر ومؤنث برابر ہیں۔ ملعون کی جمع مَلَاعِیْنَ آتی ہے، مُلَعَّنٌ وہ آدمی جس کو ہر شخص دھتکار کر نکالدے۔ مُلَاعَنَۃٌ اور لِعَانٌ باہم لعنت کرنا۔ تَلْعِیْنٌ شکنجہ میں کسنا (منتہی الارب) پ ۲ ر ۳

لَاغِیَۃً: اسم فاعل مفرد مؤنث، لَاغٍ اسم فاعل مذکر۔ بیہودہ، لغو، فحش، ناکارہ بات لَغْوٌ بیہودہ غلط بات، ہر بیکار چیز، لَغَا لَغْوًا (باب نصر) بات کہی اور ناامید ہوگیا لَغَا الْکَلْبُ

Presented by Ziaraat.Com

کتا بھونکنا (نصر) لَغَا فِی قَوْلِہٖ بیہودہ اور غلط بات کہی (فتح، نصر، سمع) لَغْوٌ لَغًی لَاغِیَۃٌ اور مَلْغَاۃٌ مصدر لَغِیَ لَغًا (سمع) کسی چیز کی بہت زیادہ حرص کی۔ لُغَۃٌ بولی، یہ لفظ اصل میں لُغْوٌ اور لُغًی تھا، واؤ اور یاء کو تاء سے بدل دیا۔ لُغَاتٌ لُغُوْنٌ اور لُغًی جمع۔

آیتِ مذکورہ میں لَاغِیَۃٌ کا موصوف بہر حال محذوف ہے یعنی کَلِمَۃً لَاغِیَۃً یا نَفْسًا لَاغِیَۃً کوئی بیہودہ بات یا بیہودہ گو شخص، مفسرین نے دونوں طرح تشریح کی ہے، اول زیادہ ظاہر ہے۔ ۳۰/۱۳

لَاقِیْہِ: لَاقٍی اسم فاعل مفرد مذکر مضاف، ہٖ مضاف الیہ قائم مقام مفعول۔ اس کو پانیوالا، حاصل کرنیوالا۔ لَقِیَہٗ اس کا دیدار کیا، اس سے ملاقات کی (باب سمع) لِقَاءٌ لِقَاءَۃٌ لِقَایَۃٌ لَقْیٌ لُقِیٌّ لُقْیَانٌ لُقْیَانَۃٌ لُقْیَۃٌ لُقِیٌّ لَقَاۃٌ مصدر لَقِیٌّ صفت مشبہ، ملاقات کرنے والا۔ لَقِیٌّ فی الخیر والشر وہ شخص جو شر میں بھی بہت زیادہ ہو اور خیر میں بھی، وہ شخص جو اچھائی برائی کا خوب تجربہ رکھتا ہو، تُلْقِیٌّ اور مَلْقِیٌّ خیر میں کامل، بدی میں کامل۔

اَلْقِیَۃٌ سختی، مصیبت، تِلْقَارٌ ملاقات اور طرف اور رُو در رُو، تَلْقِیَۃٌ کسی کی طرف کسی چیز کو پھینکنا۔ اللہ کی طرف سے تلقیہ کا معنی ہے وحی اور عطا، تَلَقِّی ملاقات کرنا۔ سامنے آنا۔ اِلْتِقَاءٌ ملاقات کرنا، پانا، متصل ہونا۔ ۲۰/۱

لَامَسْتُمُ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، مُلَامَسَۃٌ مصدر، باب مُفَاعَلَۃٌ تم نے چھوا ہو۔ لَمْسٌ چھونا اور جماع کرنا (باب ضرب) ہاتھ لگانے سے مراد کبھی طلب کرنا بھی ہوتا ہے، ایک شاعر کہتا ہے وَاَلْمِسُہٗ فَلَا اَجِدُہٗ میں اس کو ڈھونڈتا ہوں مگر نہیں پاتا لَمَسْنَا السَّمَاءَ ہم نے آسمان تک پہنچنا چاہا۔ قصد کیا (راغب)

عورت کو لمس اور مُلامست کرنے کا معنی چونکہ جماع کرنا بھی ہے اس لئے صحابہ تابعین اور ائمہ کے درمیان مرادی معنی میں اختلاف ہے، حضرت ابن عمر حضرت ابن مسعود امام مالک اور امام شافعی کے نزدیک ہاتھ سے چھونا مراد ہے بلکہ امام شافعی نے تو کسی حصہ بدن کی کھال کو کسی حصہ بدن کی کھال سے

Presented by Ziaraat.Com

چھوڑ جانے کو بھی اسی حکم میں داخل کر دیا ہے لیکن حضرت علی، حضرت ابن عباس، حضرت ابی بن کعب، مجاہد، شعبی، سعید بن جبیر، طاؤس، قتادہ اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک جماع مراد ہے (والتفصیل فی کتب الفقہ) ۵/۴ ۶/۶

لَاهِيَةً: اسم فاعل واحد مؤنث، لَاهِی جمع مذکر لَاهِيَاتٌ جمع، غافل، لہو میں پڑے ہوئے، بے رخی اختیار کئے ہوئے۔ لَهَا لَهْوًا کھیل کیا۔ لَهَتِ المرأة الی الحدیث عورت نے اسکی بات پر تعجب کیا اور غصہ ہوئی (باب نصر) لَهِیَ بِهٖ لَهْیًا وَلُهْیَانًا تعجب کیا اور اس سے محبت کی (سمع) لَهَا عَنْهُ (نصر و سمع) اسکو بھول گیا، منہ پھیر لیا، غفلت کی، چھوڑ دیا۔ اسکی یاد ترک کر دی۔ وضو کے بعد جو تری ہاتھ پر باقی رہتی ہے اور اس کے متعلق حضور اقدس نے ارشاد فرمایا تھا اِلْهَ عَنْهُ اس کو چھوڑ دو، یونہی رہنے دو، اصمعی کا قول ہے کہ اِلْهَ عَنْهُ اور اِلْهَ مِنْهُ کا ایک ہی معنی ہے۔

اِلْهَاء (باب افعال) گانا سننے میں مشغول ہونا، کسی کو غافل بنا دینا، مشغول کر دینا تَلْهِيَةٌ (باب تفعیل) مشغول رکھنا۔

لَهْوٌ کھیل کی چیز، اہل و عیال۔ رَجُلٌ لَهْوٌ بڑا کھلاڑی۔ بہت غافل (مقتبس از لسان و تاج و المفردات و مجمع البحار) ۱۷/۱

لَائِمٌ: اسم فاعل واحد مذکر لُوَّامٌ لُوَّمٌ لُيَّمٌ جمع لَوْمٌ۔ لَوْمَةٌ۔ مَلَامٌ۔ مَلَامَةٌ مصدر (باب نصر) کسی چیز کو بڑا سمجھ کر ملامت کرنیوالا (خواہ وہ چیز بری ہو یا نہ ہو) اَلَامَ (باب افعال) سزاوارِ ملامت ہوا۔ بہت ملامت کی، ایسا کام کیا کہ لوگ ملامت کریں۔ مُلِيمٌ سزاوارِ ملامت، محاورہ بطور مثل ہے: رُبَّ لَائِمٍ مُلِيمٌ (بعض ملامت کرنیوالے خود سزاوارِ ملامت ہوتے ہیں) تَلَوُّمٌ (باب تفعل) دیر کرنا، سوچ و چار کرنا۔ ۶/۱۲

لِبَاسٌ: پہنی جانیوالی چیز کو لِبْسٌ اور لِبَاسٌ کہتے ہیں، ربیع بن انس نے کہا عورتیں بستر ہیں اور تم ان کے لحاف۔ ابو عبیدہ کا قول ہے کہا جاتا ہے کہ عورت تیرا لباس ہے، تیرا بستر ہے، تیری لنگی ہے عورت اور مرد کو لباس کہنے کی تین وجوہ بیان کی گئی ہیں:-

۱ وہ چیز جو آدمی کی برائی کو چھپا دے

اس پر پردہ ڈال دے، برائی سے آڑ بن جائے، وہ لباس ہے، میاں بیوی بھی باہم ایک دوسرے کے لئے برائی سے روکنے اور آڑ بن جانے کا سبب ہوتے ہیں، اس لئے ہر ایک دوسرے کا لباس ہے (راغب)

۲ برہنگی کی حالت میں دونوں جمع ہوتے ہیں، ایک کپڑے میں لپٹ جاتے ہیں گویا ہر ایک دوسرے کا لباس بن جاتا ہے، نابغہ جعدی کہتا ہے:

إِذَا مَا الضَّجِيعُ ثَنَى عِطْفَهَا
تَثَنَّتْ عَلَيْهِ فَكَانَتْ لِبَاسًا

جب ہم خواب مرد اس عورت کے پہلو کو اپنی طرف موڑتا ہے تو وہ مڑ کر اس پر آجاتی ہے اور لباس بن جاتی ہے۔

(معجم القرآن)

ابن قتیبہ نے الغریبین میں اور زمخشری نے کشاف میں یہی توجیہ کی ہے۔

۳ عورت مرد کے لئے اور مرد عورت کے لئے باعثِ سکون ہے، لباس بھی باعثِ سکون و آرام ہوتا ہے۔ ایک آیت میں اس کی تائید آئی ہے، فرمایا ہے:

وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ إِلَيْهَا

اللہ نے نفس آدم سے ہی اس کا جوڑا بنایا تاکہ اس کے سبب سکون پائے (معالم)

مؤخر الذکر توجیہ زیادہ شستہ، دل نشیں اور مدلل ہے، اگرچہ دونوں مندرجہ بالا بھی صحت سے گری ہوئی نہیں۔

لُبْسَةٌ شک شبہ، دَاهِيَةٌ لَبُوسًا۔ سخت مصیبت لَبَسَ عَلَيْهِ الْأَمْرَ لَبْسًا (ضرب) کام مشتبہ کر دیا۔ آمیزش کر دی، روشنی کے ساتھ تاریکی کو ملا دیا لَبِسَ الثَّوْبَ لُبْسًا (سمع) کپڑا پہن لیا۔ لَبِسَتْ هِنْدُ عُمْرَهَا ہندہ کسی کے ساتھ اپنی جوانی بھر رہی، اِلْبَاسٌ (افعال) پہنانا، تَلْبِيسٌ (تفعیل) ملا دینا، کسی بات کے اندر مکر کو چھپائے رکھنا، اس سے صفت کا صیغہ لَبَّاسٌ آتا ہے، مُلَبِّسٌ نہیں بولا جاتا۔ ۲/۷

لِبَاسٌ: مفرد، اَلْبِسَةٌ جمع، تقوی لباس سے مشابہت رکھتا ہے دونوں برائی سے روکتے ہیں (راغب) آیت میں لباس تقوے سے کیا مراد ہے اس کے متعلق علماء کے مختلف اقوال ہیں، ایمان (قتادہ وسدی) حیاء،

Presented by Ziaraat.Com

(حسن بصری) عملِ صالح (عطیہ از ابن عباس) اخلاقِ حسنہ (روی عن عثمان ابن عفان) خوفِ خدا (عروہ بن زبیر) پاک دامنی (کلبی) سترِ عورت، کعبہ کا برہنہ طواف نہ کرنا (ابن الانباری) آلاتِ جنگ (زید بن علی) (معالم) راغب کی تشریح سب کو جامع ہے۔ ۵/۱۰

لِبَاسَ، بھوک اور خوف کو انسان فرض کرکے کس تکلیف و ضرر کو جو بھوک و خوف کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے لباس سے تشبیہ دی کیونکہ لباس بھی بدن کو محیط ہوتا ہے اور بھوک کی تکلیف اور خوف کا ضرر بھی اس کے بعد ضرر پہنچانے کو چکھانے سے تعبیر کیا کیونکہ چکھنے کا تعلق ذائقہ سے ہے اور ہر تکلیف بھی احساسی چیز ہے ایک قسم کے احساس کو دوسرے قسم کے احساس سے تعبیر کر لیا جاتا ہے اور یہ مجازی استعمال اتنا کثیر ہے کہ قائم مقام حقیقت کے بن گیا ہے، ایک شاعر کا قول ہے ؎

عُمْرُ الرِّدَاءِ إِذَا تَبَسَّمَ ضَاحِكاً
غُلِقَتْ لِضَحْكَتِهِ رِقَابُ الْمَالِ

(ابو السعود) ۱۴/۲۱

لِبَاسًا: منصوب مفعول بہٖ، اس جگہ لباس اتارنے کا معنی ہے، پیدا کرنا۔ (سیوطی) ۱۹/۳

۳۰/۱ رات لباس کی طرح ہے، دونوں عیب پوشی ہیں، سکون بخش ہیں، آرام دہ ہیں، اس لئے رات کو لباس بنانے کا مطلب یہ ہے لباس کی طرح بنانا۔

لِبَاسُهُنَّ، لباس مضاف ھُنَّ مضاف الیہ، ان کا لباس، لباس بمعنی ملبوس، کپڑے، ۱۷/۱۰ ۲۲/۱۶

لِبَاسَهُمَا: لباس منصوب مضاف، ہُمَا ضمیر تثنیہ، مضاف الیہ، آدم و حوا کے لباس کو اس جگہ لِبَاسَ یُنْزِعُ کا مفعول ہے اور یَنْزِعُ بطور حکایت حال ماضی، حال واقع ہوا ہے۔ (ابو السعود) ۸/۱۰

لَبِثَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، (باب سمع) وہ رہا۔ وہ ٹھیرا رہا (دیکھو لَابِثِیْنَ) ۱۲/۷ ۱۵/۲۰ ۱۴/۲۳ ۹/۔

لَبِثْتَ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف، لُبْثٌ مصدر (باب سمع) تو رہا۔ تو رہتا رہا، تو ٹھیرا رہا۔ ۳/۳ ۳/۱۶ ۳/۱۱ ۶/۱۹

لَبِثْتُ: واحد متکلم ماضی معروف، لُبْثٌ مصدر، میں رہا۔ میں رہتا رہا۔ ۲/۳ ۷/۱۱

Presented by Ziaraat.Com

لَبِثْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف (دیکھو لَا یَلْبَثُوْنَ) رہے تم۔ ۱۵/۵، ۱۵/۱۴، ۱۶/۶، ۱۸/۹، ۲۱/۹۔

لَبِثْنَا: جمع متکلم ماضی معروف۔ ہم رہے ۱۵/۱۵، ۱۸/۶۔

لَبِثُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، رہے وہ۔ ۱۵/۱۳، ۱۵/۱۶، ۲۱/۹ نہیں رہتے وہ۔ ۲۲/۸

لُبَدًا: مالِ کثیر، لُبَدٌ اور لَابِدٌ کا بھی یہی معنی ہے۔ اصل میں لِبْدٌ، لِبْدَۃٌ اور لُبْدَۃٌ کا معنی ہے نمدہ اور گوند یا پانی وغیرہ سے چپکایا ہوا اون، نمدہ ہو یا چپکایا ہوا اون سب میں تہ پر تہ جمائی جاتی ہے، توسیع استعمال کے بعد لُبْدَۃٌ کی جمع جیسے غُرَفٌ، غُرْفَۃٌ کی جمع ہے کثیر مال کو کہنے لگے اتنا کثیر کہ تہ بر تہ چڑھ جائے آدمیوں کی کثیر جماعت (جو باہم ہجوم کرلے اور ایک دوسرے پر چڑھ رہا ہو) کو بھی اسی مناسبت سے لِبْدٌ یا لُبَدٌ کہتے ہیں۔ لِبَدٌ بھی لِبْدَۃٌ کی جمع ہے جیسے سِدْرَۃٌ کی جمع سِدَرٌ۔ لَبَدٌ: بکری کے بال، مثل ہے مَالَہٗ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ نہ اس کے پاس اون ہے نہ بال، یعنی کچھ نہیں ہے بالکل مفلس ہے لَبِدٌ (اور لُبَدٌ) گھر میں بیٹھ رہنے والا آدمی جو کمائی کرنے باہر نہ نکلے۔

لَبَدَ لُبُوْدًا اور لَبَدًا (نصر، سمع) ایک جگہ جم کر بیٹھ گیا۔ ۳۰/۱۵

لِبَدًا: جمع لِبْدَۃٌ واحد، ٹھٹ کے ٹھٹ، ہجوم، بھیڑ، جماعت در جماعت، ۲۹/۱۱

لَبْسٍ: شک، اشتباہ (دیکھو لباس) ۲۶/۱۵

لَبَسْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، ہم مشتبہ کر دیتے، ہم (انکی نظر میں صداقت و حقانیت کو) مشکوک کر دیتے (سیوطی) ہم ان پر ویسے ہی گڑبڑ کر دیتے جیسے وہ (اب) خود گڑبڑ کر رہے ہیں۔ (بیضاوی) لَبَسَ عَلَیْہِ (ضرب) معاملہ کو مشتبہ کر دیا، مخلوط کر دیا۔ اس کے بعد عَلٰی آنا ضروری ہے (دیکھو لباس) ۶/۹

لَبُوْسٍ: لوہے کی کڑیوں سے بنی ہوئی زرہ اصل میں لَبُوْس ہر لباس کو کہتے ہیں، فعول بمعنی مفعول ہے، مشہور مثل ہے ؎

اِلْبَسْ لِکُلِّ حَالَۃٍ لَبُوْسَہَا
اِمَّا نَعِیْمَہَا وَاِمَّا بُؤْسَہَا

ہر حال میں اس حال کے مناسب لباس پہنو سکھ کی حالت ہو یا دکھ کی، یہاں مراد زرہ ہے۔ ۱۷/۶

Presented by Ziaraat.Com

لَبَنٍ : اسم جنس۔ اَلْبَانٌ جمع، دودھ بَنَاتُ اللَّبَنِ دودھ کی نہریں، لَبِنٌ دودھ کا شیدائی، دودھ پینے والا۔ نَاقَةٌ لَبِنَةٌ دودھیاری اونٹنی لَبِيْنٌ دودھ سے پلا ہوا گھوڑا، لِبَانٌ عورت کا چھاتی سے دودھ پلانا لَبُوْنٌ دودھ دینے والا جانور یا وہ جانور جس کے تھنوں میں دودھ اترآیا ہو۔ لُبْنٌ لُبَانٌ اور لِبَانٌ جمع ، اِبْنُ اللَّبُوْنِ، دوسالہ اونٹ، بنت لبون، دوسالہ اونٹنی، لَابِنَةٌ پستان۔ لوابن جمع ، ملبون وہ شخص جس کو دودھ پینے کی وجہ سے نشہ آگیا ہو لَبَنَهٗ لَبْنًا (نصر وضرب) اس کو دودھ پلایا۔ ۲۶/۶

نَبْنًا اسم جنس حالتِ نصب۔ دودھ۔ (تنقیح کے لئے دیکھو لَبَنٍ) ۱۴/۱۵

لُجَّةٌ : اسم مفرد۔ دریا میں بڑا پانی۔ دریا کا وسطی حصہ جہاں پانی بہت ہوتا ہے یعنی دریا کا درمیانی گڈھ۔ آدمیوں کی بڑی جماعت، چاندی۔ آئینہ۔ آیت میں پانی کا حوض اور گڈھ مراد ہے۔ لَجَاجَةٌ بھوک کی بے تابی، لَجَّ لَجَاجًا وَلَجَاجَةً (سمع وضرب) جھگڑا کیا۔ لَجَّجَ (باب تفعیل) گڈھے میں گھس گیا۔ اِلْتِجَاجٌ (افتعال) لہر کا لہر پر چڑھنا، آوازوں کا آپس میں لڑنا (قاموس وتاج) ۱۹/۱۸

لُجِّيٍّ : یا نسبتی یعنی بہت پانی والا دریا۔ لُجٌّ اور لِجٌّ موج در موج، ایک لہر پر دوسری لہر چڑھی ہوئی۔ رات کی سخت تاریکی، ظلمت بالائے ظلمت (راغب) ۱۸/۱۱

لَجُّوْا : جمع مذکر غائب ماضی معروف، لجاج اور لَجَاجَةٌ مصدر (سمع وضرب) وہ اڑے رہتے۔ جمے رہتے۔ پھنس گئے۔ لَجَاجٌ کسی ممنوع فعل پر اڑجانے کو (مجازًا) کہتے ہیں۔ (راغب) ۱۸/۴۲ ۲۹/۲

لَحْمَ : اسم جنس منصوب مضاف، لَحْمٌ اور لَحْمٌ گوشت، اَلْحُمٌ ، لِحَامٌ ، لُحُوْمٌ اور لُحْمَانٌ جمع لَحْمَةٌ گوشت کا ایک ٹکڑا، لُحْمَةٌ کسی کپڑے کا بانا۔ لَحِمٌ شیر، گوشیلا موٹا آدمی، بڑا گوشت خور، گوشت کا شیدائی، وہ مکان جہاں لوگوں کی زیادہ غیبت کی جاتی ہو، لَحِيْمٌ پُر گوشت آدمی۔ گوشت کا مالک ، ہم شکل، هٰذَا لَحِيْمُهٗ یہ اس کا ہم شکل ہے لَاحِمٌ گوشت کا مالک اور گوشت کھلانے والا۔ لِحَامٌ وہ چیز جس سے چاندی یا سونے میں ٹانکا لگایا جاتا ہے۔ لَحَّامٌ گوشت فروش۔ مَلْحَمَةٌ شورش، فتنہ، جنگ نَبِيُّ الْمَلْحَمَةِ

وہ نبی جس کو جہاد کا حکم دیا گیا یا وہ نبی جو لوگوں میں الفت پیدا کرانے اور ٹوٹوں کو جوڑنے کے لئے آیا۔ لَحَمَ الْاَمْرَ (نصر) کام کو جوڑ دیا، درست کر دیا۔ لَحَمَ الْعَظْمَ ہڈی سے گوشت اتار کر کھا گیا، لُحِمَ وہ مارا گیا۔ لَحَمَ (فتح) گوشت کھلایا۔ لَحُمَ اور لَحِمَ (کَرُمَ و سمع) پُر گوشت ہو گیا۔ گوشت کھانے کا حریص ہو گیا۔ اِلْحَامٌ (افعال) کسی کام کی تکمیل کرنا۔ اَلْحِمْ مَا اَسْدَیْتَ تانا بنا ہے تو بانا بھی اس میں بھر دو یعنی کام کا آغاز کیا ہے تو تکمیل بھی کرو، اَکْلُ اللَّحْمِ گوشت کھانا یعنی غیبت کرنا (المفردات و قاموس) ۲/۵ ۸/۵ ۱۴/۲۱ ۲۶/۱۴ آیت موخر الذکر میں گوشت کھانے سے مراد ہے غیبت کرنا۔

لَحْمُ: اسم جنس مرفوع مضاف، گوشت، ۶/۵

لَحْمِ: اسم جنس مجرور، گوشت، ۲۷/۳

لَحْمِ: اسم جنس مجرور مضاف، گوشت، ۳۷/۱۴

لَحْمًا: اسم جنس منصوب، گوشت، ۳/۳ ۱۴/۸ ۱۸/۱ ۲۲/۱۴۔

لُحُوْمُہَا: جمع مضاف، لَحْمٌ مفرد، ھَا ضمیر مضاف الیہ، ان کے گوشت، ۱۷/۱۲

لَحْنِ: اسم مفرد، لہجہ، انداز آواز، خوش آوازی، اَلْحَانٌ و لُحُوْنٌ جمع، ایک حدیث میں آیا ہے اِقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ بِلُحُوْنِ الْعَرَبِ عربی لہجہ میں قرآن پڑھو، لَحْن کا معنی لغت بھی آیا ہے، حضرت عمر کی حدیث ہے تَعَلَّمُوا السُّنَّۃَ وَالْفَرَائِضَ وَ اللَّحْنَ کَمَا تَتَعَلَّمُوْنَ الْقُرْاٰنَ سنت اور فرائض اور لغت (ادب و نحو) بھی سیکھو جیسے قرآن سیکھتے ہو۔

لَحْنٌ، لَحَنٌ، لُحُوْنٌ، لَحَانِیَۃٌ، لحانیۃ پڑھنے میں اور اعراب میں غلطی کرنا۔ لَحَنَ فِی کَلَامِہٖ کلام میں اعرابی غلطی کی، غلط بولا۔ (فتح) گا کر پڑھنا لَحَنَ فِی قِرَاءَتِہٖ گا کر پڑھا (فتح) گفتگو میں تعریض کرنا یعنی الفاظ بظاہر کسی دوسرے معنی پر دلالت کر رہے ہوں اور مراد کچھ اور ہو، خَیْرُ الْحَدِیْثِ مَا کَانَ لَحْنًا بہترین کلام وہ ہے جس میں تعریض ہو (فتح) پردے پردے میں بات کرنا کہ مخاطب سمجھ جائے کوئی دوسرا نہ سمجھ سکے لیکن اس وقت لَحَنَ کے بعد لام آنا ضروری ہے جیسے لَحَنَ لَہٗ لَحْنًا پردے پردے میں بات کی (فتح) لَحَنَ اِلَیْہِ اس کی طرف مائل ہوا (فتح) لَحَنَ الْکَلَامَ لَحْنًا اور لَحِنَ الْکَلَامَ بات سمجھ لی اور واقف ہو گیا (فتح و سمع)

Presented by Ziaraat.Com

لَحَنَ اپنی دلیل سے واقف ہوگیا۔ (سمع) لَایَلْحَنُ اعراب اور پڑھنے میں غلطی کرنیوالا (اسم فاعل) لَحِنَۃٌ، لُحْنَۃٌ، لَحَّانٌ لَحَّانَۃٌ بہت پڑھنے میں اور اعراب میں غلطیاں کرنے والا (مبالغہ) اَلْحَنُ گانے اور پڑھنے کا ماہر، اَلْحَنُ النَّاسُ گانے اور پڑھنے میں سب سے فوق۔ اَلْحَنُ کا معنی زیادہ واقف دانا اور ہوشیار بھی ہے، حدیث صحیح میں آیا، لَعَلَّ اَحَدَکُمْ اَلْحَنُ لِحُجَّتِہٖ شاید تم میں سے بعض آدمی دلیل پیش کرنا زیادہ جانتے ہوں (اسم تفضیل) (المفردات و قاموس و لسان و نہایہ و صحیح بخاری) آیت میں لہجہ اور اندازِ کلام مراد ہے۔ ۲۶/۸

لِحْیَتِیْ: لِحْیَۃٌ مفرد مضاف، یاء متکلم مضاف الیہ۔ لِحًی اور لُحًی جمع، میری داڑھی۔ لِحْیَیٌ میں یا نسبتی ہے۔ داڑھی والا۔ اَلْحٰی اور لِحْیَانِیٌّ لمبی بڑھی داڑھی والا لَحْیٌ کلہ، جبڑا، جس پر داڑھی نکلتی ہے لُحِیٌّ جمع۔ لَحَیْتُ الشَّجَرَ لَحْیًا میں نے درخت کی چھال اتار دی۔ لَحَیْتُ زَیْدًا میں نے زید کو لعنت ملامت کی، لَحَی اللّٰہُ فُلَانًا (بددعائیہ) خدا اس پر لعنت کرے۔ نیکی کی توفیق نہ دے۔ مُلَاحَاۃٌ تَلَاحِیْ باہم گالی گلوچ کرنی، آپس میں سخت سست کہنا، اِلْتِحَارٌ لڑکے کی داڑھی نکل آنا۔ یہ مطلب اس وقت ہوگا جب اِلْتِحَار کی آخری ہمزہ کو یاء کے عوض قرار دیا جائے لیکن اگر ہمزہ کو واو کے عوض مانا جائے اور مادہ لَحْوٌ کہا جائے تو چھال چھیلنے اور ہڈی سے گوشت اتارنے کے معنی ہوں گے۔ ۱۶/۱۴

لُدًّا: جمع، اَلَدُّ مفرد، سخت جھگڑالو، جن کو قائل کرنا ممکن نہ ہو (دیکھو اَلَدُّ) اس لفظ کا مادہ لَدَدٌ ہے، گردن کے دائیں بائیں پہلو کو لَدَدٌ کہتے ہیں، شَدِیْدُ اللَّدَدِ وہ شخص جس کی گردن کوئی نہ پھیر سکے، مراد وہ آدمی جس کو اس کے ارادہ سے باز نہ رکھا جاسکے جس کو کوئی راستی پر نہ لاسکے، زَیْدٌ یَتَلَدَّدُ زید گردن موڑ کر ادھر ادھر دیکھتا ہے۔ (راغب)

لَدَّہٗ اس سے جھگڑا کیا اس کو روک دیا، بند کردیا (نصر) لَدَّ لَدًّا (سمع) سخت جھگڑا کیا، لَدِدَ لَدَدًا (سمع) کا بھی یہی معنی ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

لَدَّدَ بِہٖ (باب تفعیل) اس کو پھیلا دیا، فاش کر دیا۔ مُلْتَدٌّ چارہ مَالَہٗ مُلْتَدٌّ عَنْہُ اس کو اس کے بغیر کوئی چارہ نہیں (قاموس) ۱۶/۹

لَدُنْ: لَدُنْ اور لَدَنْ (قبیلۂ ربیعہ کے استعمال میں لَدِنْ) ظرفِ زمان ہے جو نہایتِ وقت کی ابتدا پر دلالت کرتا ہے جیسے اَقَمْتُ عِنْدَہٗ مِنْ لَدُنْ طُلُوْعِ اِلٰی غُرُوْبِہَا میں اس کے پاس مقیم رہا ابتداء طلوعِ آفتاب سے غروبِ آفتاب تک، ظرفِ مکان بھی ہے جس کا معنی ہوتا ہے طرف، پاس، قرآنِ مجید میں عموماً اسی کا استعمال ہے جیسے قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّیْ عُذْرًا آپ میری طرف سے عذر کو پہنچ چکے۔ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَۃً مجھے اپنی طرف سے رحمت عطا فرما (آمین) فَہَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا مجھے عطا فرما اپنی طرف سے کوئی جانشین، وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا اور اپنی طرف سے مجھے غلبہ عنایت کر، عَلَّمْنَاہُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ہم نے اپنے پاس سے اسکو علم سکھایا۔ لِیُنْذِرَ بَاْسًا شَدِیْدًا مِّنْ لَّدُنْہُ تاکہ اللہ کی طرف سے ہونیوالے سخت عذاب سے لوگوں کو ڈرائے۔

عِنْدَ کی طرح لَدُنْ بھی اسم غیر متمکن ہے، لیکن بقولِ راغب عِنْدَ سے خاص ہے، عموماً اس سے پہلے مِنْ حرفِ جر آتا ہے، بغیر مِنْ کے استعمال اگرچہ ہوتا ہے مگر بہت کم، لَدُنْ ہمیشہ مضاف مستعمل ہے، عامل نہیں ہے البتہ صرف غُدْوَۃً کو نصب دیتا ہے جیسے ذُوالرّمہ کے شعر میں ہے:

لَدُنْ غُدْوَۃً حَتّٰی اِذَا امْتَدَّتِ الضُّحٰی

آغازِ صبح سے یہاں تک کہ جب دن چڑھ گیا،

لَدُنْ میں مندرجہ ذیل لفظی تغیرات جائز ہیں اور یہ تمام لغات مستعمل ہیں لَدِنْ۔ لُدُنْ۔ لَدُنْ۔ لَدَ (حکاہ الکسائی) لُدْ۔ لَدٰی۔ لُدُنِ (صرف بنی اسد کے استعمال ہیں)۔ لَدْ۔ لَدَا لسان میں، لَدٰی بمعنی ھل استفہامیہ بھی آیا ہے (شرح الایضاح وتسہیل ومفصل وقاموس ولسان وغیرہ)

لَدَانَۃٌ نرمی لَدُنَ (کرم) لُدُوْنَۃٌ ولَدَانَۃٌ نرم ہو گیا، لچکدار ہو گیا لَدِنٌ لچکدار تَلَدُّنٌ (تفعل) دیر کرنا، توقف کرنا۔ لَدُنٌ اور لَدُنَۃٌ ہر نرم چیز۔ لِدَانٌ اور

لُدُنٌ جمع (قاموس) ۱۱/۱۷ ۱۹/۱۶

لَدُنَّا: لَدُنْ مضاف نا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ۔ ہماری طرف سے، ۵/۶ ۱۵/۲۱ ۱۶/۱۴ ۱۷/۲ ۲۰/۹

لَدُنْكَ: لَدُنْ مضاف کَ ضمیر واحد مذکر مضاف الیہ، تیری طرف سے۔ ۳/۹ ۱۲/۳ ۵/۷ ۱۵/۹ ۱۶/۱۳ ۱۶/۴۔

لَدُنْهُ: لَدُنْ مضاف هُ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، اس کی طرف سے۔ ۵/۳ ۱۵/۱۳

لَدُنِّيْ: لَدُنْ مضاف، نِی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ۔ میری طرف سے۔ ۱۶/۱

لَدٰى: ظرف مکان غیر متمکن، پاس، طرف، ضمیر کی طرف اضافت کے وقت لَدٰی کی وہی حالت ہوتی ہے جو عَلٰی حرفِ جر کی ہوتی ہے مثلاً لَدَيْنَا۔ عَلَيْنَا۔ لَدَيْهِ۔ عَلَيْهِ۔ لَدَيْكَ۔ عَلَيْكَ۔ لَدَيَّ عَلَيَّ وغیرہ حقیقت میں لَدٰی لَدُنْ ہی کی ایک بگڑی شکل ہے۔ ۱۲/۱۳ ۲۴/۷۔

لَدَيَّ: لَدٰی مضاف، یاء متکلم مضاف الیہ میرے پاس۔ ۱۹/۱۶ ۲۶/۱۶

لَدَيْنَا: لَدٰی مضاف نا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ، ہمارے پاس۔ ۱۳/۱ ۱۸/۴ ۲۳/۳۱ ۲۵/۷ ۲۶/۱۷ ۲۹/۱۳

لَدَيْهِ: لَدٰی مضاف هِ ضمیر مذکر غائب مضاف الیہ، اس کے پاس، ۱۶/۲ ۲۶/۱۶

لَدَيْهِمْ: لَدٰی مضاف هِمْ ضمیر مذکر غائب مضاف الیہ، ان کے پاس، ۳/۱۳ ۱۳/۵ ۶۸/۴ ۲۱/۷، ۲۵/۱۳ ۲۹/۱۲۔

لَذَّةٍ: اسم مفرد، خوش مزہ۔ لَذَّات جمع۔ لَذٌّ خوش مزہ لَذِيْذٌ بامزہ لُذٌّ اور لِذَاذٌ جمع، لَذَّهٗ متعدی بنفسہٖ اور لَذَّ بِهٖ (ضرب و سمع) اس کو خوش مزہ پایا۔ اس کا مزہ پایا۔ اس کا مصدر لَذَاذٌ اور لَذَاذَةٌ ہے، یہ فعل لازم بھی ہے۔ لَذَّ مزہ دار ہوا، اِلْتَذَّ (باب افتعال) تَلَذَّذَ (باب تفعل) سب متعدی بنفسہٖ بھی ہیں اور باء کے ذریعہ سے بھی متعدی ہوتے ہیں، سب کا معنی ہے خوش مزہ پایا۔ اِسْتَلَذَّ (باب استفعال) متعدی بنفسہٖ اور متعدی بالباء۔ اس کو بامزہ پایا اور خوش مزہ سمجھا۔ ۲۳/۶ ۲۶/۶

لِزَامًا: صیغہ صفت، ہمیشہ ساتھ رہنے والا۔

چمٹ جانے والا، موت، انصاف کرنیوالا۔ حاکم، لِزَامٌ باب مفاعلۃ کا مصدر بھی ہے ہمیشہ ساتھ رہنا، چمٹ جانا۔ جدا نہ ہونا۔ لَزَامٌ فیصلہ۔ لَزِمٌ فیصلہ کرنے والا حاکم۔ لُزْبَۃٌ لَزَامٌ نہ چھوٹنے والی عار، چمٹی رہنے والی ننگ لَازِمٌ (اسم فاعل) چمٹا رہنے والا، واجب لَزِمَہٗ اور لَزِمَ بِہٖ (سمع) اس کو چمٹ گیا، اس سے کبھی الگ نہ ہوا۔ لَزِمَہُ الْحَقُّ اس پر حق واجب ہوگیا۔ لَزْمٌ، لُزُوْمٌ، لَزَامٌ، لَزَامَۃٌ، لُزْمَۃٌ، لُزَمَانٌ مصدر چمٹ جانا۔ چمٹا رہنا۔ واجب ہونا۔ اِلْزَامٌ (باب افعال) چمٹا دینا جیسے اَنُلْزِمُکُمُوْھَا کیا ہم اس کو تم پر چمٹا دیں۔ فَسَوْفَ یَکُوْنُ لِزَامًا کچھ مدت کے بعد وہ تم کو چمٹ جائے گا، الگ نہ ہوگا۔ واجب کر دینا جیسے وَاَلْزَمَھُمْ کَلِمَۃَ التَّقْوٰی اللہ نے ان پر کلمۂ توحید واجب کر دیا۔ امام راغب کی زبان میں اول الزام بالتسخیر ہے اور دوسرا الزام بالامر، مُلَازِمٌ باہم ایک دوسرے کی گردن میں ہاتھ ڈالنے والے۔ اِلْتِزَامٌ (باب افتعال) کسی کی گردن میں ہاتھ ڈالنا، بغلگیر ہونا۔ ۱۶/۱۷

۱۹/۴

لِسَانٌ: اسم مفرد، اَلْسِنَۃٌ جمع مذکر، اَلْسُنٌ جمع مؤنث، لُسُنٌ جمع مطلق۔ لسان مذکر بھی مستعمل ہے اور مؤنث بھی، اس کے مختلف معانی ہیں، زبان، قوتِ گویائی، بولی، لہجہ، ذکر جیسے بِلِسَانِ قَوْمِہٖ اس کی قوم کی بولی کے ساتھ بِلِسَانِکَ تیری بولی میں اِخْتِلَافِ اَلْسِنَتِکُمْ تمہاری بولیوں کا اور لہجوں کا اختلاف، وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ میری قوتِ گویائی کی بندش کھولدے، لِسَانَ صِدْقٍ ذکر جمیل، لِسَانُ اللّٰہِ اللہ کا کلام اور حجت فُلَانٌ یَنْطِقُ بِلِسَانِ اللّٰہِ فلاں شخص خداداد حجت و دلیل کے ساتھ بات کرتا ہے، لُسُنٌ بھی لِسَانٌ کا ہم معنی ہے۔ لَسَنٌ زبان آوری فصاحت گفتگو کی روانی لَسِنٌ (صفت مشبہ) فصیح زبان آور اَلْسَبُ تیز زبان، رواں گفتگو کرنے والا، لُسُنٌ جمع۔ مَلْسُوْنٌ دروغگو اور وہ شخص جسکی زبان کٹی ہوئی ہو لَسَنَہٗ لَسْنًا (نصر) گفتگو میں اس پر غالب آگیا گالیاں دیں، لَسَنَہُ الْحَقْبُ اس کو بچھو نے کاٹ لیا اَلْسَنَہٗ قَوْلَہٗ (باب افعال)

اس کو اس کا پیام پہنچا دیا یا خط پہنچا دیا مُلَاسَنَۃٌ (بابِ مفاعلۃ) باہم گفت گو کرنا، گفتگو کی روانی میں مقابلہ کرنا۔ تَلَسَّنَتِ النَّارُ آگ روشن ہو گئی۔ ۶/۱۵ ۱۳/۱۳ بولی، لغت۔

لِسَانَ: اسم مفرد منصوب مضاف، اَلْسِنَۃٌ جمع، ذکرِ جمیل، اچھا تذکرہ، تعریف۔ ۱۶/۶ ۱۹/۹

لِسَانِ: اسم مجرور مفرد، اَلْسُنٌ جمع، لغت، بولی۔ ۱۹/۱۵

لِسَانُ: اسم مرفوع مضاف، اَلسن جمع، بولی، لغت۔ ۱۴/۲

لِسَانٌ: اسم مرفوع نکرہ، اَلْسُنٌ جمع، بولی لغت۔ ۱۴/۲

لِسَانًا: اسم منصوب نکرہ ۲۰/۲ گویائی کلام۔ ۲۶/۲ بولی، لغت ۳۰/۱۵ زبان، جیب۔

لِسَانِکَ: مجرور مضاف، تیری بولی میں ۱۶/۹ بولی، لغت، ۲۵/۱۶ بولی۔

لِسَانَکَ: منصوب مضاف ک ضمیر خطاب مضاف الیہ، تو اپنی زبان کو ۲۹/۱۷۔

لِسَانِیْ: مجرور مضاف اور مرفوع مضاف، میری قوتِ گویائی سے۔ ۱۶/۱۱ میری گویائی یا قوتِ گویائی۔ ۱۹/۶

لَسْتَ: واحد مذکر حاضر لَیْسَ سے، تو نہیں ہے۔ لَیْسَ فعل ناقص ہے، ماضی کا معنی رکھتا ہے ماضی کی پوری گردان بھی آتی ہے لیکن مضارع امر اسم فاعل، اسم مفعول اس سے مشتق نہیں ہوتے اس لئے غیر متصرف کہلاتا ہے۔ اصل میں لَیِسَ تھا، تخفیفاً لیس کر لیا گیا۔ بعض اہل علم نے اس کی اصل لَا اَلْیَسَ قرار دی ہے۔ اَلْیَسَ وجودی معنی رکھتا ہے اور لَیْسَ عدمی، عرب کا محاورہ ہے اَتِنِیْ مِنْ حَیْثُ اَلْیَسَ (لَیْسَ مجھے دے کہیں سے ہو تیرے پاس) موجود ہو یا نہ ہو۔

دوسرے افعالِ ناقصہ کی طرح اس کا اسم بھی مرفوع اور خبر منصوب آتی ہے لیکن دوسرے افعالِ ناقصہ کی خبر کو ان افعال سے پہلے ذکر کرنا جائز ہے، لَیْسَ کی خبر کو اس سے پہلے نہیں ذکر کیا جا سکتا مُحْسِنًا کَانَ زَیْدٌ صحیح ہے مُحْسِنًا لَیْسَ زَیْدٌ صحیح نہیں ہے۔ بجائے اِلَّا کے کبھی لَیْسَ بھی استثنائی ہوتا ہے جیسے جَاءَ الْقَوْمُ لَیْسَ زَیْدًا اہلِ تحقیق کی نظر میں یہ لَیْسَ استثنائیہ نہیں ہے بلکہ ناسخ ہے اس کے اندر ضمیر اس کا اسم ہے اور

Presented by Ziaraat.Com

زیدًا اخبر۔

اسم کی صورت میں لَیْسَ کا معنی ہے، دلیری بے خبری اور لَایَلِیْسُ وہ آدمی جو ہمیشہ گھر میں پڑا رہے نیز دلیر اور خوشخو آدمی، لَایَلِیْسُ عَنْہُ، اس کی طرف سے چشم پوشی (رضی و مفصل و منتہی الارب)، ۵/۱۰ ۸/۷ ۱۳/۱۲ ۳۰/۱۳

لَسْتُ: واحد متکلم ماضی، میں نہیں ہوں ۷/۱۴ ۹/۱۲

لَسْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی، تم نہیں ہو ۳/۵ ۶/۱۴ ۱۴/۲۔

لَسْتُنَّ: جمع مؤنث حاضر ماضی، تم نہیں ہو۔ ۲۲/۱۔

یاد رکھنا چاہیے کہ لَیْسَ اگرچہ صیغۂ ماضی ہے لیکن ترجمہ عموماً حال کا کیا جاتا ہے۔

لَطِیْفٌ: صیغہ صفت مشبہ، حالتِ رفع باریک بیں، دقیقہ رس، امورِ دقیقہ کو جاننے والا۔ دقت نظر اور حسنِ تدبیر سے کام کرنیوالا، بندوں پر مہربان، نیکیوں کی توفیق دینے والا۔ کسی جسم کے لطیف ہونے کا معنی ہے نازک ہونا۔ باریک ہونا، کسی بات کے لطیف ہونے کے معنی ہیں باریک ہونا، دقیق ہونا، معنی کا پوشیدہ ہونا، کسی حرکت کے لطیف ہونے کا معنی ہے سبک ہونا، ہلکا ہونا۔

لُطْفٌ نرمی، لطفِ الٰہی، اس کی رحمت، نیکیوں کی توفیق، گناہوں سے حفاظت۔ (قاموس۔ اقرب الموارد، لَطَفَ اسم مصدر نرمی اور توفیقِ خداوندی۔

لَطَفَۃٌ ہدیہ، لَطْفَانٌ بھلائی کرنیوالا لَطَفَ لُطْفًا (نصر) نرمی کی، نزدیک ہوا۔ لَطَفَ اللّٰہُ لَکَ اللہ نے تجھے مقصود تک پہنچا دیا (نصر) لَطُفَ لَطَافَۃً (کرم) باریک ہوگیا، ریزہ ریزہ ہوگیا، اِلْطَافٌ (افعال) اور اِسْتِلْطَافٌ (استفعال) کسی چیز کو اپنے بازو یا پہلو پر چپکا لینا، اَلْطَفَہٗ بِکَذَا کا معنی کسی شخص کے ساتھ کوئی بھلائی کی یا اچھا سلوک کیا۔

تَلَطُّفٌ (تفعل) تَلَاطُفٌ (تفاعل) مُلَاطَفَۃٌ (مفاعلۃ) باہم نرمی کرنا، خوش خلقی سے پیش آنا (تاج العروس و منتہی الارب)

۷/۱۹ واقف اسرار (یا مہربان، سیوطی) ۱۳/۵

۱۱/۲۱ ۲۹/۱ واقفِ اسرار، مدبر، خفی پوشیدہ چیزوں کو جاننے والا ۱۷/۱۵ مہربان (محلی) یا مدبر

خفی - ۲۵/۳ مہربان - بھلائی کرنیوالا -

لَطِیفًا: صفتِ مشبہ حالتِ نصب، ۲۲/۱ باریک بین - مہربان -

لَظٰی: عَلَم اور اسم مصدر اور مصدر، دوزخ کا نام ہے، بغیر دھوئیں کے اٹھتا ہوا شعلہ، لپٹ بھڑک - آگ بھڑکنا - لَظِیَتِ النَّارُ لَظًی (سمع) آگ بھڑک گئی، مشتعل ہو گئی، تَلَظّٰی (تفعّل)، آگ کا بھڑکنا - اِلْتِظَارٌ (افتعال) بمعنی تَلَظّٰی، لَظَاءٌ تھوڑی چیز - مَا نَلْتُ عِنْدَهٗ اِلَّا لَظَاءً میں نے اس کے پاس صرف تھوڑی مقدار میں چیز چھوڑی - آیت میں جہنم مراد ہے - ۲۹/۷ -

لَعِبٌ: حاصل مصدر، کھیل لَعِبٌ لَعْبٌ لِعْبٌ لُعْبَةٌ سب کا معنی کھیل، ~~لَعِبٌ اور لِعْبٌ اور لُعْبَةٌ بلا لگاؤ اور~~ کھلاڑی کو بھی کہتے ہیں - ۶/۱۰ ۲۱/۳ ۲۶/۸ ۲۷/۱۹ (دیکھو لَاعِبِیْنَ)

لَعِبًا: کھیل، ۶/۱۳ ۷/۱۴ ۸/۱۳ (دیکھو لَاعِبِیْنَ)

لَعَلَّ: حرف مشابہ بفعل ہے - تَرَجِّی (امید یا خوف) پر دلالت کرنے کے لئے اسکی وضع ہے، اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے جیسے لَعَلَّ اللّٰهَ یُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا فراء کے کچھ ساتھی قائل ہیں کہ خبر بھی منصوب ہوتی ہے جیسے لَعَلَّ اَبَاكَ مُنْطَلِقًا بعض عربوں سے سنا گیا ہے، یونس کا قول ہے ایسا استعمال بعض قبائل کے ساتھ مخصوص ہے - قرآنی استعمال میں اسم منصوب اور خبر مرفوع ہی وارد ہے - (مغنی اللبیب)

امید کا رجوع کبھی متکلم کی طرف ہوتا ہے جیسے لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ فرعون کی قوم والوں نے کہا تھا ہم کو امید ہے کہ ہم جادوگروں کے پیچھے چلیں گے، کبھی مخاطب کو امید دلانے اور امیدوار رکھنے کے لئے آتا ہے اس وقت امید کا رجوع مخاطب کی طرف ہوتا ہے جیسے لَعَلَّهٗ یَتَذَكَّرُ اَوْ یَخْشٰی اللہ نے حضرتِ موسیٰ اور حضرتِ ہارون کو حکم دیا فرعون کے پاس جاؤ اس سے کہو کہ ہم اللہ کے رسول ہیں یہ امید رکھتے ہوئے جاؤ کہ شاید وہ نصیحت مان لے اور ڈر جائے -

کبھی امید کا تعلق نہ متکلم سے ہوتا ہے نہ مخاطب سے بلکہ تیسرے شخص سے ہوتا ہے جیسے فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا یُوْحٰۤی اِلَیْكَ

Presented by Ziaraat.Com

یعنی لوگ یہ امید رکھتے ہیں کہ آپ وحی کا کوئی حصہ ترک کردیں گے فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ یعنی آپ کی حالت دیکھکر لوگ یہ امید یا اندیشہ کرتے ہیں کہ آپ اپنی جان کھو دیں گے۔

(نوٹ) آیت لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ میں بھی امید ۱۲ ہے یعنی اللہ کی عبادت اس امید کو رکھتے ہوئے کرو کہ تم کامیاب ہوگے۔

(راغب فی المفردات وصرح بعضھما البیضاوی والرازی)

لَعَلَّ کے معانی

(۱) لَعَلَّ کی اصل وضع امید یا اندیشہ کے لئے ہے لیکن جس چیز کی امید کی جائے اس کا ممکن ہونا ضروری ہے اسی لئے لَعَلَّ الشَّبَابَ یَعُوْدُ کہنا غلط ہے جوانی کا لوٹنا ممکن نہیں لیکن اللہ نے فرعون کا قول نقل کرتے ہوئے فرمایا لَعَلِّيْ أَبْلُغُ الْأَسْبَابَ یعنی فرعون نے امید کرتے ہوئے کہا شاید میں آسمانی اسباب تک پہنچ جاؤں، آسمان تک فرعون کا پہنچنا تا ممکن تھا، پھر کیوں لَعَلَّ کا استعمال کیا گیا۔ اس شبہ کا ازالہ کرنے کے لئے دو جواب دیے گئے ہیں۔

۱ فرعون کا یہ قول جہالت پر مبنی تھا یعنی فرعون جانتا ہی نہ تھا کہ آسمان کہاں ہے اور وہاں تک پہنچنا ناممکن ہے۔

۲ فرعون اہلِ دربار کو دھوکہ دینا چاہتا تھا وہ فریب کے ساتھ ظاہر کرنا چاہتا تھا کہ میرے لئے آسمان تک پہنچنا ممکن ہے۔

(۲) تعلیل یعنی کی کا ہم معنی، اخفش اور کسائی اور بعض دوسرے نحوی اس کے قائل ہیں جیسے فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشٰى یعنی فرعون سے نرمی سے کہنا تاکہ وہ نصیحت قبول کرلے، اکثر مفسرین اور اہلِ ادب اس آیت میں رجاء نمبر دو تم کے قائل ہیں۔

(۳) استفہام کے لئے، اس کے قائل صرف کوفی ادیب ہیں جیسے لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ تم کو نہیں معلوم کہ کیا اس کے بعد اللہ کوئی اور امر پیدا کردے گا مَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰى تم کو کیا معلوم کہ کیا وہ پاک نفس بن جائے گا۔

(صاحبِ منتہی الارب نے لَعَلَّ کا ترجمہ کاش بھی لکھا ہے یعنی تمنا کے لئے مثال کوئی نہیں دی)

Presented by Ziaraat.Com

لعلّ کی خبر پر اَن بکثرت آتا ہے جو عسٰی کے معنی کو لئے ہوئے ہوتا ہے جیسے متمم بن نویرہ کا شعر ہے: لَعَلَّكَ يَوْمًا اَنْ تُلِمَّ مُلِمَّةً

کبھی حرفِ تنفیس بھی اس کی خبر پر آتا ہے جیسے فَقُولَا لَهَا قَوْلًا رَّفِيقًا لَّعَلَّهَا يَتَرَحَّمُ فِي مِنْ فَرْقَةٍ وَعَوِيلِ

تم دونوں اس (محبوبہ) سے نرمی کے ساتھ بات کرنا شاید اس کو میری آہ و بکا پر رحم آجائے۔

لعلّ کی خبر فعل ماضی ہو سکتی ہے، حدیث صحیح میں آیا ہے وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ۔ تم کو کیا معلوم امید ہے کہ اللہ نے اہلِ بدر کے حالات کو جانتے ہوئے فرمایا ہے کہ جو کچھ چاہو کرو، میں نے تمہارے گناہ معاف کر دیئے، امرء القیس کندی کا شعر ہے ؎

وَ بُدِّلْتُ قَرْحًا دَامِيًا بَعْدَ صِحَّةٍ
لَعَلَّ مَنَايَانَا تَحَوَّلْنَ اَبْؤُسًا

صحت کے بدلہ میں مجھے خون ریز پھوڑے دیئے گئے، شاید ہماری موتیں دکھوں میں تبدیل ہو گئیں (یعنی دکھ ہی دکھ رہیں گے موت ان دکھوں کا خاتمہ نہیں کریگی)

سیبویہ نے یہ شعر بھی نقل کیا ہے ؎

اَعِدْ نَظَرًا يَا عَبْدَ قَيْسٍ لَعَلَّمَا
اَضَاءَتْ لَكَ النَّارُ الْحِمَارَ الْمُقَيَّدَا

اے عبد قیس دوبارہ دیکھ شاید آگ کی روشنی میں تجھے بندھا ہوا گدھا نظر آجائے۔

حریری کے نزدیک لعلّ کی خبر فعل ماضی نہیں ہو سکتی، شواہدِ مذکورہ حریری کی تردید کر رہے ہیں۔ (مغنی اللبیب)

لَعَلَّ کا لفظی تجزیہ

بعض اہلِ لغت کہتے ہیں لعلّ میں لام زائد ہے، اصل لفظ عَلَّ ہے لعلّ میں مندرجہ ذیل تغیرات بھی آئے ہیں:

عَلَّ عَنَّ غَنَّ اَنَّ لَعَنَّ لَغَنَّ لَاَنَّ لَوْاَنَّ رَعَلَّ رَعَنَّ سَ عَنَّ یا متکلم کی اضافت کی صورت میں لَعَلِّیْ لَعَلَّنِیْ لَعَنِّیْ عَلِّیْ آیا ہے (منتہی الارب و قاموس)

قرآنِ مجید میں سوا لعلّ کے اور کوئی بگڑا ہوا لفظ نہیں آیا۔ ۲۳/۵ ۲۵/۳ ۲۸/۱۷

لَعَلَّكَ: لعلّ حرف مشبہ بفعل ک اس کا اسم، شاید تو، ۱۲/۲ ۱۵/۳ ۱۶/۱۷ ۱۹/۵

لَعَلَّكُمْ: لعل حرف مشبہ بفعل کُمْ اس کا اسم، شاید تم۔ ۱/۳، ۶، ۸ و ۹ ۲/۲ و ۶ و ۷ و ۸ و ۱۱ و ۱۵

Presented by Ziaraat.Com

۳/۴ ۲ر۳ر۵ر۱۱ ۴/۶ ۱۰ر۶ ۲ر۳/۷ ۶ر۷ر۴ر۱۵ر۱۶/۸

۹/۱۰ ۱۱ر۱۴ر۱۷ ۱۰/۲ ۱۲/۱۱ ۱۳/۷ ۸ر۱۷ر۱۹/۱۴

۱۷/۲ ۱۲ر۱۷ر۷ر۱۰ر۱۳ر۱۴ ۱۸/۱۴ ۱۹/۱۱ر۱۶ر۹ر۷ ۲۰/۸ ۲۱/۱۰ر۷ ۲۲/۱۴

۲۳/۲ ۲۴/۱۲ر۱۸ر۷ ۲۵/۱۸ر۷ ۲۶/۱۳ ۲۷/۲ر۱۳ ۲۸/۱۲۰

لَعَلَّنَا: لعل حرف ترجی مشبہ بفعل، نا ضمیر واحد متکلم، اس کا اسم، شاید ہم، ۱۹/۷

لَعَلَّهٗ: لعل حرف مشبہ بفعل، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب، اس کا اسم، شاید وہ، ۱۶/۱۱ ۱۷/۷ ۳۰/۵۔

لَعَلَّهُمْ: لعلَّ حرف مشبہ بفعل، ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب، اس کا اسم، شاید وہ سب لوگ، ۷ر۲/۱۱

۳/۱۶ ۱۱ر۱۲ر۷ر۱۴ ۸/۶ر۱۰ ۲ر۶ر۹/۱۱ر۱۲ ۱۰/۳ر۸

۱۱/۴ ۱۲/۱۶ ۱۳/۲ر۱۶ر۱۸ ۱۴/۱۲ ۱۶/۳ر۱۵ ۱۷/۳ر۵ ۱۸/۳

۲۰/۸ر۹ ۸ر۱۴ر۱۵ ۲۱/۱۵ ۲۳/۴ر۱۷ ۹ر۱۱ر۱۶ ۲۵/۱۶ ۲۶/۴

۲۸/۶۔

لَعَلِّيْ: لعلَّ حرف مشبہ بفعل، یْ ضمیر واحد متکلم اس کا اسم، ۱۲/۱۶ ۱۶/۱۰ ۱۸/۶ ۲۰/۷ ۲۴/۹۔

لَعْنًا: مصدر، لَعَنَ (باب فتح) ماضی، لَعْنَۃٌ اسم، پھٹکار، دھتکار، اس کی جمع لِعَانٌ اور لَعَنَاتٌ ہے (مزید تشریح کے لئے دیکھو اللہ لَعَنُوْنَ) ۲۲/۵

لَعَنَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف لَعْنٌ مصدر (باب فتح) اللہ کی رحمت سے دور رہنے کی بددعا کی گئی۔ ۶/۱۵

لَعَنَّا: جمع متکلم ماضی معروف، لَعْنٌ مصدر (باب فتح) ہم نے لعنت کی، ہم نے رحمت سے دور کر دیا۔ ۵/۴۔

لَعَنَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف لَعْنٌ مصدر (باب فتح) اس نے لعنت کی، اس نے بددعا کی۔ ۸/۱۱

لُعِنُوْا: جمع مذکر غائب ماضی مجہول لَعْنٌ مصدر (باب فتح) ان پر لعنت کی گئی، ان کو رحمت سے دور کر دیا گیا۔ ۶/۱۳ ۱۸/۹

لَعَنَهٗ: لَعَنَ واحد مذکر غائب ماضی معروف، ہٗ ضمیر مفعول، اس پر لعنت کی، اس کو رحمت سے دور کر دیا۔ ۱۰ر۱۵/۵ ۶/۱۳

لَعَنَهُمْ: لَعَنَ واحد مذکر غائب ماضی معروف ھُمْ ضمیر مفعول، ان پر لعنت کی، ۱/۱۱ ۵/۴ ۱۵/۱۰ ۲۲/۴ ۲۶/۹ر۷

لَعْنَتِيْ: لَعْنَۃٌ اسم مصدر، پھٹکار، دھتکار، ی ضمیر متکلم مضاف الیہ، میری لعنت۔ میری

Presented by Ziaraat.Com

طرف سے پھٹکار، ۲۳/۱۴

اَللَّعْنَۃَ: اسم مصدر معرف باللام، پھٹکار، دھتکار۔ ۳/۹ ۲۴/۱۱

لَعْنَۃُ: اسم مصدر مضاف مرفوع، پھٹکار، دھتکار۔ ۱/۱۱ ۲/۳ ۸/۱۲ ۱۲/۲

اَللَّعْنَۃَ: اسم مصدر، معرف باللام منصوب پھٹکار، ۱۴/۳۔

لَعْنَۃَ: اسم مصدر منصوب مضاف پھٹکار ۳/۱۴و۱۷ ۱۸/۷

لَعْنَۃً: اسم مصدر منصوب نکرہ ۱۲/۹،۵ ۲۰/۷

اَللَّغْوِ: معرفہ مجرور، لَغْو اور لَغْوٰی ہر بیہودہ قول یا فعل یا چیز اور ہر خطا۔ ابو عبیدہ نے کہا لَغْو اور لَغَا ایک ہی ہیں جیسے عیب اور عاب ایک شاعر کا قول ہے عَنِ اللَّغَا وَرَفَثِ التَّکَلُّمِ بیہودہ کلام اور فحش گفتگو سے، لَغَا حقیقت میں چڑیوں اور چڑیوں کی طرح دوسرے پرندوں کے چوں چوں کرنے کی آواز کو کہتے ہیں جو بے ارادہ بے سوچے منہ سے نکلتی ہے، لَغَا سے لَغْو بنا ہے، اسی لئے لغو اس قسم کو کہتے ہیں جو بغیر نیت قسم کے بطور تکیہ کلام منہ سے نکل جاتی ہے، ایک شاعر کہتا ہے:

وَلَسْتَ بِمَاخُوذٍ بِلَغْوٍ تَقُوْلُہٗ
اِذَا لَمْ تَعَمَّدْ عَاقِدَاتُ الْعَزَائِمِ

لغو قسم کھانے پر تمہارا مواخذہ نہ ہوگا بشرطیکہ قصد انیت کے ساتھ پختہ قسم نہ کھاؤ (راغب)

امام راغب نے لغو قسم کی جو تشریح کی ہے وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت اور امام شافعی کے مسلک کے موافق ہے، لغت میں بھی اس کی شہادت ملتی ہے لیکن امام ابو حنیفہ کا مسلک ہے کہ لغو قسم وہ ہے جو کسی گذشتہ امر پر یہ کھائی جائے اور یہ سمجھ کر کھائی جائے کہ واقعہ ایسا ہی ہے لیکن حقیقت میں قسم واقع کے خلاف ہو (ذکرہ القدوری) درمختار میں اتنا زائد ہے کہ گذشتہ امر پر قسم کھائی ہو یا حال پر، ردالمحتار میں صراحت ہے کہ آئندہ سے قسم کا تعلق نہ ہو۔ مجاہد کا یہی قول ہے۔ (ابو السعود)

(مزید تشریح کے لئے دیکھو لاغیہ) ۲/۱۲ ۲/۲ بیہودہ قسم ۱۸/۱ ۱۹/۴ ہر بیہودگی، قولی، فعلی چیز۔

اَللَّغْوَ: معرفہ منصوب ۲۰/۹ گالی اور دکھ کی بات

لَغْوٌ: نکرہ مرفوع ۲۷/۳ بیہودہ کلام، بیہودگی۔

لَغْوًا: نکرہ منصوب ۱۶/۷ بیہودہ کلام ۲۷/۱۴ فحش کلام، ۳۰/۲ بیہودہ بات۔

Presented by Ziaraat.Com

لُغُوبٌ: مصدر اور اسم مصدر، تھکنا، تھکان، لُغُوبَۃٌ، لُغَابَۃٌ، سستی، بیوقوفی، لَغِبٌ کمزور، ماندہ، لَغْبٌ لَاغِبٌ تھکا ہوا۔ سست۔ مثل ہے اَتَانَا سَاغِیًا لَاغِبًا وہ ہمارے پاس بھوکا ماندہ آیا۔ لَغُوبٌ کاہل، ضعیف الرائے۔ ایک اعرابی نے کہا تھا فُلَانٌ لَغُوبٌ اَحْمَقُ فلاں شخص بڑا بیوقوف احمق ہے۔ لَغَبٌ گردن کے بال۔ اَخَذَ بِلَغَبِ قَفَبَتِہٖ اس کے گردن کے بال پکڑ لئے یعنی اس کو پالیا۔

لَغُبَ لَغْبًا و لُغُوْبًا (فتح، سمع، کرم) سخت تھک گیا۔ لازم ہے۔ لَغَبَ الْقَوْمُ لَغْبًا (فتح) لوگوں میں جھوٹی بات پھیلائی۔ جھوٹی خبر دی، متعدی ہے۔ لَغَبَ عَلَیْہِمْ ان میں فساد پھیلایا۔ اِلْغَابٌ (افعال) تھکانا۔ رنج پہنچانا۔ تَلَغُّبٌ (تفعّل) اور تَلْغِیْبٌ ماندہ کرانا (المفردات و قاموس)

ب ۲۲ ع ۱۶ ب ۲۶ ع ۱۷۔

لَفِیْفًا: صفتِ مشبہ، آدمیوں کا وہ بڑا گروہ جس میں مختلف قبائل کے آدمی جمع ہوں، طَعَامٌ لَفْفٌ، دو یا زیادہ اقسام سے ملایا ہوا کھانا۔

فُلَانٌ لَفِیْفُ زَیْدٍ فلاں شخص زید کے ساتھ مخلوط ہے یعنی اس کا دوست ہے۔

لِفَافَۃٌ لپیٹ کا کپڑا۔ لَفَائِفُ جمع۔ لِفٌّ اور لَفٌّ وہ گروہ جس میں ہر طرف سے ہر قسم کے لوگ آکر مخلوط ہو گئے ہوں۔ لُفُوْفٌ جمع۔ نیز جھوٹے گواہ جن کو ادھر ادھر سے جمع کر لیا جاتا ہے جَاءُوْا وَمَنْ لَفَّ لِفَّہُمْ وہ خود بھی آئے اور ان لوگوں کو بھی ساتھ لائے جن کا شمار انہی کے ساتھ ہوتا تھا یعنی واقع میں تو وہ ان میں سے نہ تھے مگر شمار میں انہیں کے ساتھ شامل کئے جاتے تھے لِفٌّ اور لَفٌّ اس باغ کو بھی کہتے ہیں جس میں درخت گھنے ہوں اور درختوں کی شاخیں پیچ در پیچ باہم گتھی ہوئی ہوں۔ اَلْفَافٌ جمع (دیکھو اَلْفَافًا) اَلْفَافٌ لُفٌّ کی جمع ہو سکتی ہے اور لُفٌّ کا واحد لَفَّاءُ ہے، اس صورت میں اَلْفَافٌ جمع الجمع ہو گی۔

حَدِیْقَۃٌ لِفٌّ گھنے، پیچ در پیچ درختوں والا باغ، لَفَفٌ زبان کا لکڑانا ثقیل ہو جانا جس سے بات کرنی دشوار ہو جائے، اسی سے صیغۂ صفت اَلَفُّ آتا ہے یعنی وہ شخص جو سست کلام، مشکل سے دیر میں بات کرنے والا، گراں

Presented by Ziaraat.Com

زبان ہو۔ لِفٌّ چادر۔

لَفَّ الثَّوْبَ (نصر) کپڑا لپیٹ دیا۔ لَفَّ الشَّیْءَ اس چیز کو اکٹھا کر لیا۔ لَفَّ الْکَتِیْبَتَیْنِ فوج کے دونوں مقابل دستوں کو ایک دوسرے سے بھڑا دیا، ٹکرا دیا۔ لَفَّ فُلَانًا حَقَّہٗ، فلاں شخص کا حق نہ دیا، اسکو حق سے روک دیا۔ لَفَّ فِی الْاَکْلِ مختلف قسم کے کھانے ملا کر کھائے۔ لَفَّ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ ایک چیز کو دوسری چیز سے ملا دیا۔ تَلْفِیْفٌ (تفعیل) خوب لپیٹ دینا۔ تَلَفُّفٌ (تفعل) اِلْتِفَافٌ (افتعال) لپٹ جانا۔ کسی چیز سے لپٹنے کے لئے التفاف کے بعد فی بھی آتا ہے اور بار بھی۔ اِلْتَفَّ بِثَوْبِہٖ اور فِیْ ثَوْبِہٖ دونوں صحیح ہیں۔

لِقَاءٌ: حاصل مصدر، منصوب مضاف پیشی۔ ۳-۸/۱۱ ۶،۷/۱۱ ۳/۱۶ ۱/۱۹ ۱۳/۲۰ ۱۵/۲۱ ۵/۲۴ ۲۰/۲۵

لِقَاءِ: حاصل مصدر مجرور مضاف پیشی۔ ۷/۹ ۱۰/۱۱ ۱۳/۱۶ ۷/۲ ۱۵/۱۸ ۳/۲۰ ۱۶،۱۴،۵،۴/۲۱ ۱/۲۵

(مزید تشریح کے لئے دیکھو لَاقِیَۃٌ)

لَقُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف۔ اصل میں لَقِیُوْا تھا، جب وہ ملتے ہیں، جب وہ سامنے آتے ہیں۔ ۲/۹ ۳/۲

لَقِیَا: تثنیہ مذکر غائب ماضی معروف (عورت کو مرد کے ساتھ تغلیباً شامل کیا گیا ہے) ان دونوں نے پایا، وہ دونوں سامنے آئے۔ ۱۵/۲۲

لَقِیْتُمُوْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، جب تم سامنے جاؤ، جب تمہارا مقابلہ ہو۔ ۹/۱۶ ۱۰/۲ ۲۶/۵

لَقِیْنَا: جمع متکلم ماضی معروف ہم نے پایا۔ ۱۵/۲۱

لَقَّاھُمْ: لَقَّا واحد مذکر غائب ماضی معروف، تَلْقِیَۃٌ مصدر (تفعیل) ھُمْ ضمیر مفعول اول ان کو دی، دیگا۔ عطا کرے گا ۲۹/۱۹ (تشریح کے لئے دیکھو لَاقِیَۃٌ)

لُقْمَانُ: محمد بن اسحاق نے کہا لقمان بن باعور بن ناحور بن تارخ یعنی آزر (والد ابراہیم) وہب بن منبہ نے کہا حضرت ایوب علیہ السلام کے بھانجے تھے، مقاتل نے کہا حضرت ایوب کی خالہ کے بیٹے تھے۔ واقدی نے کہا حضرت داؤد سے پہلے بنی اسرائیل کے قاضی تھے۔

خالد ربعی نے کہا حبشی غلام تھے، بڑھئی کا پیشہ کرتے تھے۔ سعید بن مسیب نے کہا درزی تھے، کسی نے کہا چرواہے تھے، مجاہد نے

Presented by Ziaraat.Com

کہا نوبہ کے رہنے والے سیاہ فام حبشی تھے جن کے موٹے موٹے لب لٹکے ہوئے تھے۔ (معالم)

اللہ علیم ہے کون تھے، صحیح تحقیق کسی یقینی تاریخی نتیجہ پر نہیں پہونچی، کوئی بھی تھے، تھے موحد گر، دانشمند، دانش گر، عامل، عامل گر، ناصح، امین، سنجیدہ نظر و فکر رکھنے والے، حق رساں کردار کے مالک، سلف میں سے عکرمہ کے علاوہ کوئی حضرتِ لقمان کو نبی نہیں کہتا۔

یہ لقمان وہ شخص نہیں جو لقمان بن عاد کے نام سے تاریخ میں مذکور ہے، کیونکہ وہ مشرک تھا۔

لقمان عربی زبان میں غیر منصرف ہے شاید اس وجہ سے کہ عجمی نام ہے یا اس وجہ سے کہ الف نون بھی اس کے آخر میں اور علم بھی ہے لفظی ساخت اس کے عربی ہونے کی غمازی کر رہی ہے۔ اس مادہ کے دوسرے الفاظ بھی عربی میں مستعمل ہیں لَقْمٌ نوالہ نگلنے کو کہتے ہیں، لُقْمَۃٌ نگلے جانیوالے نوالے کو کہتے ہیں، لَقَمٌ راستہ کو یا راستہ کے کنارہ کو کہتے ہیں، باب افتعال میں پہنچکر اِلْتَقَمَ کا معنی ہوا نگل لیا۔ فَالْتَقَمَہُ الْحُوْتُ اس کو مچھلی نے نگل لیا۔ ۲۱/۱۱

لٰکِنَّ، حرف مشابہ بفعل۔ اسم کو نصب خبر کو رفع دیتا ہے جیسے وَلٰکِنَّ اللّٰہَ ذُوْ فَضْلٍ۔

لٰکِنَّ کی ساخت

اہل بصرہ کے نزدیک لٰکِنَّ حرفِ بسیط ہے، فراء قائل ہے مرکب ہے، اصل میں لٰکِنْ اَنَّ تھا، عام کوفی ادیبوں کا خیال ہے کہ لٰکِنَّ اصل میں لٰاَنَّ تھا، کاف زائد ہے، بعض کی رائے ہے کہ اصل لفظ اَنَّ ہے، لام اور کاف دونوں زائد ہیں۔

لٰکِنَّ کا معنی مختلف فیہ ہے

مذاہب علماءِ ادب کا مشہور مسلمہ ہے کہ لٰکِنَّ صرف استدراک کے لئے آتا ہے، کسی دوسرے معنی کے لئے مستعمل نہیں۔ استدراک کا مطلب یہ ہے کہ ماقبل کے حکم کے خلاف مابعد کی طرف کسی حکم کی نسبت کی جائے۔ اسی لئے ضروری ہے کہ لٰکِنَّ سے پہلے کوئی ایسا حکم ہو جو پیچھے آنے والے حکم کی نقیض یا ضد ہو جیسے لَیْسَ عَلَیْکَ ھُدٰاھُمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ عدمِ ہدایت، ہدایت کی نقیض ہے۔

مَا ھٰذَا اَبْیَضُ وَلٰکِنَّہٗ اَسْوَدُ یہ سفید نہیں لیکن سیاہ ہے۔ سفید سیاہ کی ضد ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

۲ ہمیشہ ادراک کے لئے نہیں آتا بلکہ کبھی استدراک کے لئے آتا ہے اور کبھی تاکید کے لئے، ابن ابی الربیع سبتی نے بسیط میں اسی رائے کا اظہار کیا ہے۔ نحویوں کی ایک جماعت کا بھی یہی مسلک ہے۔ اس وقت استدراک کا معنی ہوگا۔ اس خیال کو لٰکنّ کے ذریعہ سے دور کرنا جو پہلے کلام سے پیدا ہوا ہو یا ہو سکتا ہو جیسے مَا زَیْدٌ شُجَاعًا وَلٰکِنَّہٗ کَرِیْمٌ زید بہادر نہیں ہے لیکن وہ سخی ہے۔ شجاعت اور سخاوت دونوں عموماً ایک شخص میں ساتھ ہی ساتھ ہوتی ہیں۔ اس کلیہ کے ماتحت جب زید سے شجاعت کی نفی کی گئی تو خیال پیدا ہو سکتا تھا کہ شاید زید میں سخاوت کی صفت بھی نہیں ہے۔ اس خیال کو دور کرنے کے لئے لٰکنّ کا استعمال کیا گیا۔

تاکید کی مثال جیسے لَوْ جَاءَنِیْ زَیْدٌ لَاَکْرَمْتُہٗ وَلٰکِنَّہٗ لَمْ یَجِیْ اگر زید میرے پاس آتا تو میں اس کی عزت کرتا لیکن وہ نہیں آیا۔ لَوْ خود امتناع کے لئے آتا ہے اس لئے بغیر لٰکنّ کے پہلے ہی کلام سے زید کا نہ آنا معلوم ہو گیا۔ لٰکنّ نے اس کی تاکید کر دی،

۳ لٰکنّ ہمیشہ تاکید کے لئے آتا ہے، استدراک ضمنی اور ذیلی طور پر مترشح ہو جاتا ہے، یہ ابن عصفور کا قول ہے۔ ابن عصفور نے مقرب میں اِنّ اور لٰکنّ کا معنی صرف تاکید لکھا ہے اور مقرب کی شرح میں صراحت کی ہے کہ تاکید کے ساتھ استدراک کا مفہوم آ ہی جاتا ہے۔

لٰکن کا اسم کبھی محذوف ہوتا ہے مگر قرآن مجید میں ایسا استعمال نہیں ہے، ایک شاعر کہتا ہے:

فَلَوْ کُنْتَ ضَبِّیًّا عَرَفْتَ قَرَابَتِیْ
وَلٰکِنَّ زَنْجِیٌّ عَظِیْمُ الْمَشَافِرِ

اگر تو خاندان بنی ضبیہ میں سے ہوتا تو میری قرابت کو پہچان لیتا لیکن تو بڑے لبوں والا حبشی ہے یعنی وَلٰکِنَّکَ۔

متنبی نے کہا ہے:

وَمَا کُنْتُ مِمَّنْ یَدْخُلُ الْعِشْقُ قَلْبَہٗ
وَلٰکِنَّ مَنْ یُبْصِرْ حُفُوْنَکَ یَعْشَقِ

میں ان لوگوں میں سے نہیں تھا جن کے دل میں عشق داخل ہو جاتا ہے لیکن جو تیری آنکھوں کو دیکھتا ہے عاشق ہو ہی جاتا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مَنْ لٰکِنَّ کا اسم ہے مگر ایسا ہو نہیں سکتا کیونکہ مَنْ شرطیہ ہے اس کا ماقبل اس پر عمل نہیں کر سکتا۔

لٰکِنَّ کی خبر پہ لام نہیں آتا۔ کوئی علماء جواز کے قائل ہیں، مشہور مصرعہ ہے:

وَ لٰکِنَّنِیْ مِنْ حُبِّہَا لَعَمِیْدُ

منکرین کی طرف سے جواب دیا جاتا ہے کہ شعر کا قائل معلوم نہیں اس لئے شاہد ناقابلِ اعتماد ہے، اس کے علاوہ کوئی دوسری نظیر نہیں ملتی، اس لئے اس مصرعہ میں لام کو زائد کہا جائے گا۔

لٰکِنَّ کے نون کو کبھی حذف کر دیا جاتا ہے اگرچہ یہ قبیح ہے اور بہت قبیح لیکن آیا ضرور ہے جیسے وَ لَا لَہٗ اسْقِنِیْ اِنْ کَانَ مَاؤُکَ ذَا فَضْلٍ لیکن مجھے پلا دے اگر تیرے پاس پانی بچا ہو ۱/۱۲ ۲/۶، ۸، ۱۶، ۱۷ ۳/۱، ۵ ۴/۹ ۶/۱۵

۷/۴، ۱۰ ۸/۱ ۹/۶، ۱۳، ۱۶، ۱۸ ۱۰/۱، ۴ ۱۱/۱۰، ۱۱

۱۲/۲، ۱۳، ۱۵ ۱۳/۲، ۴، ۱۴ ۱۴/۱۱ ۱۷/۸ ۱۸/۹

۲۰/۴، ۹ ۲۱/۴، ۷ ۲۲/۹، ۱۰ ۲۴/۲، ۱۱، ۱۲ ۲۵/۱۳، ۱۵، ۱۹

۲۶/۱۲ ۲۷/۴ ۲۸/۴، ۱۳

لٰکِنَّا: اصل میں لٰکِنْ اَنَا تھا تخفیف ہمزہ کے بعد نون کا ادغام میں آیا۔ لیکن میں، ۱۵/۱۷ ۱۶/۱۳ ۲۰/۸۔

لٰکِنَّکُمْ: کُمْ لٰکِنَّ کا اسم ہے لیکن تم ۲۱/۹ ۲۷/۱۸۔

لٰکِنَّہٗ: ہٗ لٰکِنَّ کا اسم ہے لیکن وہ ۹/۱۲۔

لٰکِنَّہُمْ: ہُمْ لٰکِنَّ کا اسم ہے لیکن وہ سب لوگ۔ ۱۰/۱۳۔

لٰکِنِّیْ: ی ضمیر واحد متکلم لٰکِنَّ کا اسم ہے یاء کی مناسبت سے نون کو کسرہ دے دیا۔ لیکن میں۔ ۸/۱۵، ۱۲/۱۶ ۱۲/۳ ۲۶/۳

لٰکِنْ: دو طرح کا ہے:

۱ مشدد سے مخفف بنایا ہوا اصلِ وضع میں لٰکِنَّ تھا تخفیفاً لٰکِنْ کر دیا گیا یہ حرفِ ابتداء ہے عامل نہیں، اسی لئے اسم پر بھی داخل ہوتا ہے اور فعل پر بھی جیسے لٰکِنِ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا رَبَّہُمْ اور وَ لٰکِنْ کَانَ حَنِیْفًا۔ اخفش اور یونس اس کو عامل قرار دیتے ہیں۔

۲ اصل وضع ہی میں لٰکِنْ تھا اگر اس کے بعد جملہ آئے گا تو اس کو حرفِ ابتداء سمجھا جائیگا جس کا فائدہ صرف استدراک ہوگا عاطفہ نہیں قرار دیا

Presented by Ziaraat.Com

جائیگا اسی لئے واؤ عاطفہ کے ساتھ آسکتا ہے جیسے وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ بغیر واؤ کے بھی آتا ہے جیسے لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا۔ زہیر بن ابی سلمیٰ مازنی کا شعر ہے:

إِنَّ ابْنَ وَرْقَاءَ لَا تُخْشٰى بَوَادِرُهٗ
لٰكِنْ وَقَائِعُهٗ فِي الْحَرْبِ تُنْتَظَرُ

ابن ورقاء کے اچانک حملوں کا کچھ اندیشہ نہیں کیا جاتا لیکن اس کے حملوں کا لڑائی میں تو انتظار کیا جاتا ہے۔ ابن ابی الربیع مؤلف بسیط کا قول ہے (صورت مذکورہ میں) جب لٰكِنْ واؤ کے ساتھ آتا ہے تو عطف کے لئے آتا ہے، جملہ کا جملہ پر عطف ہو جاتا ہے سیبویہ کا بھی ظاہر قول یہی ہے۔

اگر لٰكِنْ کے بعد جملہ نہ ہو مفرد ہو تو دو شرطوں کے ساتھ عاطفہ ہوگا ایک یہ کہ اس سے پہلے نفی یا نہی ہو، اثبات نہ ہو، کوفیوں کے نزدیک یہ شرط نہیں ہے، دوسری شرط یہ ہے کہ لٰكِنْ کے ساتھ واؤ نہ ہو، فارسی و اکثر نحویوں نے یہ دونوں شرطیں بیان کی ہیں۔

بعض لوگوں کا قول ہے کہ مفرد پر لٰكِنْ بغیر واؤ کے آتا ہی نہیں ہے مگر یہ غلط ہے اگر لٰكِنْ مفرد پر داخل ہوا در واؤ بھی ہو جیسے مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ تو ایسی صورت میں یونس کے نزدیک لٰكِنْ عاطفہ نہیں واؤ عاطفہ ہے، مفرد کا مفرد پر عطف ہے۔

ابن مالک نے کہا واؤ عاطفہ ہے لیکن معطوف علیہ بھی جملہ ہے اور معطوف بھی جملہ ہے معطوف کا پہلا جز حذف کر دیا گیا ہے یعنی وَلٰكِنْ كَانَ رَسُوْلَ اللّٰهِ تھا، كَانَ کو حذف کر دیا گیا۔

ابن عصفور کی رائے میں لٰكِنْ عاطفہ ہے اور واؤ زائد ہے لزوماً۔ ابن کیسان کا خیال ہے کہ لٰكِنْ عاطفہ ہے اور واؤ زائد ہے لیکن بغیر لزوم کے۔

(نوٹ) یاد رکھو کہ لٰكِنْ کو جب بعد والے لفظ سے ملایا جائیگا تو نون کا سکون کسرہ سے بدل جائیگا اور نہ ملایا جائیگا تو لٰكِنْ نون کے سکون کے ساتھ ہی پڑھا جائیگا۔

۱/۶ ۲/۲ ۳/۳ ۴/۱۲ ۵/۴ ۶/۳ ۷/۱۴ ۸/۱۶ ۹/۱۵ ۱۰/۳ ۱۱/۴ ۱۲/۳ ۱۳/۲ ۱۴/۶ ۱۵/۱۱ ۱۶/۷ ۱۷/۱۴ ۱۸/۱۱ ۱۹/۱۷ ۲۰/۲ ۲۱/۷ ۲۲/۹ ۲۳/۱۰ ۲۴/۱۰ ۲۵/۱۲ ۲۶/۱۳ ۲۷/۱۵ ۲۸/۹ ۲۹/۱۶ ۳۰/۱۱ ۳۱/۱۷ ۳۲/۱۴ ۳۳/۱۰ ۳۴/۱۴ ۳۵/۱۹ ۳۶/۲۰ ۳۷/۲۱ ۳۸/۵ ۳۹/۱۶ ۴۰/۱۲ ۴۱/۱۳ ۴۲/۱۷ ۴۳/۸ ۴۴/۱۶ ۴۵/۱۷ ۴۶/۴ ۴۷/۱۷ ۴۸/۲ ۴۹/۴ ۵۰/۱۷ ۵۱/۲ ۵۲/۴ ۵۳/۱۶ ۵۴/۵ ۵۵/۱۳ ۵۶/۶ ۵۷/۱۴ ۵۸/۱۶ ۵۹/۵ ۶۰/۱۳ ۶۱/۶ ۶۲/۱۳ ۶۳/۲ ۶۴/۴ ۶۵/۱۶ ۶۶/۵ ۶۷/۱۳ ۶۸/۶ ۶۹/۱۳ ۷۰/۲ ۷۱/۴ ۷۲/۱۶ ۷۳/۵ ۷۴/۱۳ ۷۵/۶ ۷۶/۱۳ ۷۷/۲ ۷۸/۴ ۷۹/۱۶ ۸۰/۵ ۸۱/۱۳ ۸۲/۶ ۸۳/۱۳ ۸۴/۲ ۸۵/۴ ۸۶/۱۶ ۸۷/۵ ۸۸/۱۳ ۸۹/۶ ۹۰/۱۳ ۹۱/۲ ۹۲/۴ ۹۳/۱۶ ۹۴/۵ ۹۵/۱۳ ۹۶/۶ ۹۷/۱۳ ۹۸/۲ ۹۹/۴ ۱۰۰/۱۶ ۱۰۱/۵ ۱۰۲/۱۳ ۱۰۳/۶ ۱۰۴/۱۳ ۱۰۵/۲ ۱۰۶/۴ ۱۰۷/۱۶ ۱۰۸/۵ ۱۰۹/۱۳ ۱۱۰/۶ ۱۱۱/۱۳ ۱۱۲/۲ ۱۱۳/۴ ۱۱۴/۱۶ ۱۱۵/۵ ۱۱۶/۱۳ ۱۱۷/۶ ۱۱۸/۱۳ ۱۱۹/۲ ۱۲۰/۴ ۱۲۱/۱۶ ۱۲۲/۵ ۱۲۳/۱۳ ۱۲۴/۶ ۱۲۵/۱۳ ۱۲۶/۲ ۱۲۷/۴ ۱۲۸/۱۶ ۱۲۹/۵ ۱۳۰/۱۳ ۱۳۱/۶ ۱۳۲/۱۳ ۱۳۳/۲ ۱۳۴/۴ ۱۳۵/۱۶ ۱۳۶/۵ ۱۳۷/۱۳ ۱۳۸/۶ ۱۳۹/۱۳ ۱۴۰/۲ ۱۴۱/۴ ۱۴۲/۱۶ ۱۴۳/۵ ۱۴۴/۱۳ ۱۴۵/۶ ۱۴۶/۱۳ ۱۴۷/۲ ۱۴۸/۴ ۱۴۹/۱۶ ۱۵۰/۵ ۱۵۱/۱۳ ۱۵۲/۶ ۱۵۳/۱۳ ۱۵۴/۲ ۱۵۵/۴ ۱۵۶/۱۶ ۱۵۷/۵ ۱۵۸/۱۳ ۱۵۹/۶ ۱۶۰/۱۳ ۱۶۱/۲ ۱۶۲/۴ ۱۶۳/۱۶ ۱۶۴/۵ ۱۶۵/۱۳ ۱۶۶/۶ ۱۶۷/۱۳ ۱۶۸/۲ ۱۶۹/۴ ۱۷۰/۱۶ ۱۷۱/۵ ۱۷۲/۱۳ ۱۷۳/۶ ۱۷۴/۱۳ ۱۷۵/۲ ۱۷۶/۴ ۱۷۷/۱۶ ۱۷۸/۵ ۱۷۹/۱۳ ۱۸۰/۶ ۱۸۱/۱۳ ۱۸۲/۲ ۱۸۳/۴ ۱۸۴/۱۶ ۱۸۵/۵ ۱۸۶/۱۳ ۱۸۷/۶ ۱۸۸/۱۳ ۱۸۹/۲ ۱۹۰/۴ ۱۹۱/۱۶ ۱۹۲/۵ ۱۹۳/۱۳ ۱۹۴/۶ ۱۹۵/۱۳ ۱۹۶/۲ ۱۹۷/۴ ۱۹۸/۱۶ ۱۹۹/۵ ۲۰۰/۱۳ ۲۰۱/۶ ۲۰۲/۱۳ ۲۰۳/۲ ۲۰۴/۴ ۲۰۵/۱۶ ۲۰۶/۵ ۲۰۷/۱۳ ۲۰۸/۶ ۲۰۹/۱۳ ۲۱۰/۲ ۲۱۱/۴ ۲۱۲/۱۶ ۲۱۳/۵ ۲۱۴/۱۳ ۲۱۵/۶ ۲۱۶/۱۳ ۲۱۷/۲ ۲۱۸/۴ ۲۱۹/۱۶ ۲۲۰/۵ ۲۲۱/۱۳ ۲۲۲/۶ ۲۲۳/۱۳ ۲۲۴/۲ ۲۲۵/۴ ۲۲۶/۱۶ ۲۲۷/۵ ۲۲۸/۱۳ ۲۲۹/۶ ۲۳۰/۱۳ ۲۳۱/۲ ۲۳۲/۴ ۲۳۳/۱۶ ۲۳۴/۵ ۲۳۵/۱۳ ۲۳۶/۶ ۲۳۷/۱۳ ۲۳۸/۲ ۲۳۹/۴ ۲۴۰/۱۶ ۲۴۱/۵ ۲۴۲/۱۳ ۲۴۳/۶ ۲۴۴/۱۳ ۲۴۵/۲ ۲۴۶/۴ ۲۴۷/۱۶ ۲۴۸/۵ ۲۴۹/۱۳ ۲۵۰/۶ ۲۵۱/۱۳ ۲۵۲/۲ ۲۵۳/۴ ۲۵۴/۱۶ ۲۵۵/۵ ۲۵۶/۱۳ ۲۵۷/۶ ۲۵۸/۱۳ ۲۵۹/۲ ۲۶۰/۴ ۲۶۱/۱۶ ۲۶۲/۵ ۲۶۳/۱۳ ۲۶۴/۶ ۲۶۵/۱۳ ۲۶۶/۲ ۲۶۷/۴ ۲۶۸/۱۶ ۲۶۹/۵ ۲۷۰/۱۳ ۲۷۱/۶ ۲۷۲/۱۳ ۲۷۳/۲ ۲۷۴/۴ ۲۷۵/۱۶ ۲۷۶/۵ ۲۷۷/۱۳ ۲۷۸/۶ ۲۷۹/۱۳ ۲۸۰/۲ ۲۸۱/۴ ۲۸۲/۱۶ ۲۸۳/۵ ۲۸۴/۱۳ ۲۸۵/۶ ۲۸۶/۱۳ ۲۸۷/۲ ۲۸۸/۴ ۲۸۹/۱۶ ۲۹۰/۵ ۲۹۱/۱۳ ۲۹۲/۶ ۲۹۳/۱۳ ۲۹۴/۲ ۲۹۵/۴ ۲۹۶/۱۶ ۲۹۷/۵ ۲۹۸/۱۳ ۲۹۹/۶ ۳۰۰/۱۳ ۳۰۱/۲ ۳۰۲/۴ ۳۰۳/۱۶ ۳۰۴/۵ ۳۰۵/۱۳ ۳۰۶/۶ ۳۰۷/۱۳ ۳۰۸/۲ ۳۰۹/۴ ۳۱۰/۱۶ ۳۱۱/۵ ۳۱۲/۱۳ ۳۱۳/۶ ۳۱۴/۱۳ ۳۱۵/۲ ۳۱۶/۴ ۳۱۷/۱۶ ۳۱۸/۵ ۳۱۹/۱۳ ۳۲۰/۶ ۳۲۱/۱۳ ۳۲۲/۲ ۳۲۳/۴ ۳۲۴/۱۶ ۳۲۵/۵ ۳۲۶/۱۳ ۳۲۷/۶ ۳۲۸/۱۳ ۳۲۹/۲ ۳۳۰/۴ ۳۳۱/۱۶ ۳۳۲/۵ ۳۳۳/۱۳ ۳۳۴/۶ ۳۳۵/۱۳ ۳۳۶/۲ ۳۳۷/۴ ۳۳۸/۱۶ ۳۳۹/۵ ۳۴۰/۱۳ ۳۴۱/۶ ۳۴۲/۱۳ ۳۴۳/۲ ۳۴۴/۴ ۳۴۵/۱۶ ۳۴۶/۵ ۳۴۷/۱۳ ۳۴۸/۶ ۳۴۹/۱۳ ۳۵۰/۲ ۳۵۱/۴ ۳۵۲/۱۶ ۳۵۳/۵ ۳۵۴/۱۳ ۳۵۵/۶ ۳۵۶/۱۳ ۳۵۷/۲ ۳۵۸/۴ ۳۵۹/۱۶ ۳۶۰/۵ ۳۶۱/۱۳ ۳۶۲/۶ ۳۶۳/۱۳ ۳۶۴/۲ ۳۶۵/۴ ۳۶۶/۱۶ ۳۶۷/۵ ۳۶۸/۱۳ ۳۶۹/۶ ۳۷۰/۱۳ ۳۷۱/۲ ۳۷۲/۴ ۳۷۳/۱۶ ۳۷۴/۵ ۳۷۵/۱۳ ۳۷۶/۶ ۳۷۷/۱۳ ۳۷۸/۲ ۳۷۹/۴ ۳۸۰/۱۶ ۳۸۱/۵ ۳۸۲/۱۳ ۳۸۳/۶ ۳۸۴/۱۳ ۳۸۵/۲ ۳۸۶/۴ ۳۸۷/۱۶ ۳۸۸/۵ ۳۸۹/۱۳ ۳۹۰/۶ ۳۹۱/۱۳ ۳۹۲/۲ ۳۹۳/۴ ۳۹۴/۱۶ ۳۹۵/۵ ۳۹۶/۱۳ ۳۹۷/۶ ۳۹۸/۱۳ ۳۹۹/۲ ۴۰۰/۴ ۴۰۱/۱۶ ۴۰۲/۵ ۴۰۳/۱۳ ۴۰۴/۶ ۴۰۵/۱۳ ۴۰۶/۲ ۴۰۷/۴ ۴۰۸/۱۶ ۴۰۹/۵ ۴۱۰/۱۳ ۴۱۱/۶ ۴۱۲/۱۳ ۴۱۳/۲ ۴۱۴/۴ ۴۱۵/۱۶ ۴۱۶/۵ ۴۱۷/۱۳ ۴۱۸/۶ ۴۱۹/۱۳ ۴۲۰/۲ ۴۲۱/۴ ۴۲۲/۱۶ ۴۲۳/۵ ۴۲۴/۱۳ ۴۲۵/۶ ۴۲۶/۱۳ ۴۲۷/۲ ۴۲۸/۴ ۴۲۹/۱۶ ۴۳۰/۵ ۴۳۱/۱۳ ۴۳۲/۶ ۴۳۳/۱۳ ۴۳۴/۲ ۴۳۵/۴ ۴۳۶/۱۶ ۴۳۷/۵ ۴۳۸/۱۳ ۴۳۹/۶ ۴۴۰/۱۳ ۴۴۱/۲ ۴۴۲/۴ ۴۴۳/۱۶ ۴۴۴/۵ ۴۴۵/۱۳ ۴۴۶/۶ ۴۴۷/۱۳ ۴۴۸/۲ ۴۴۹/۴ ۴۵۰/۱۶ ۴۵۱/۵ ۴۵۲/۱۳ ۴۵۳/۶ ۴۵۴/۱۳ ۴۵۵/۲ ۴۵۶/۴ ۴۵۷/۱۶ ۴۵۸/۵ ۴۵۹/۱۳ ۴۶۰/۶ ۴۶۱/۱۳ ۴۶۲/۲ ۴۶۳/۴ ۴۶۴/۱۶ ۴۶۵/۵ ۴۶۶/۱۳ ۴۶۷/۶ ۴۶۸/۱۳ ۴۶۹/۲ ۴۷۰/۴ ۴۷۱/۱۶ ۴۷۲/۵ ۴۷۳/۱۳ ۴۷۴/۶ ۴۷۵/۱۳ ۴۷۶/۲ ۴۷۷/۴ ۴۷۸/۱۶ ۴۷۹/۵ ۴۸۰/۱۳ ۴۸۱/۶ ۴۸۲/۱۳ ۴۸۳/۲ ۴۸۴/۴ ۴۸۵/۱۶ ۴۸۶/۵ ۴۸۷/۱۳ ۴۸۸/۶ ۴۸۹/۱۳ ۴۹۰/۲ ۴۹۱/۴ ۴۹۲/۱۶ ۴۹۳/۵ ۴۹۴/۱۳ ۴۹۵/۶ ۴۹۶/۱۳ ۴۹۷/۲ ۴۹۸/۴ ۴۹۹/۱۶ ۵۰۰/۵ ۵۰۱/۱۳ ۵۰۲/۶ ۵۰۳/۱۳ ۵۰۴/۲ ۵۰۵/۴ ۵۰۶/۱۶ ۵۰۷/۵ ۵۰۸/۱۳ ۵۰۹/۶ ۵۱۰/۱۳ ۵۱۱/۲ ۵۱۲/۴ ۵۱۳/۱۶ ۵۱۴/۵ ۵۱۵/۱۳ ۵۱۶/۶ ۵۱۷/۱۳ ۵۱۸/۲ ۵۱۹/۴ ۵۲۰/۱۶ ۵۲۱/۵ ۵۲۲/۱۳ ۵۲۳/۶ ۵۲۴/۱۳ ۵۲۵/۲ ۵۲۶/۴ ۵۲۷/۱۶ ۵۲۸/۵ ۵۲۹/۱۳ ۵۳۰/۶ ۵۳۱/۱۳ ۵۳۲/۲ ۵۳۳/۴ ۵۳۴/۱۶ ۵۳۵/۵ ۵۳۶/۱۳ ۵۳۷/۶ ۵۳۸/۱۳ ۵۳۹/۲ ۵۴۰/۴ ۵۴۱/۱۶ ۵۴۲/۵ ۵۴۳/۱۳ ۵۴۴/۶ ۵۴۵/۱۳ ۵۴۶/۲ ۵۴۷/۴ ۵۴۸/۱۶ ۵۴۹/۵ ۵۵۰/۱۳ ۵۵۱/۶ ۵۵۲/۱۳ ۵۵۳/۲ ۵۵۴/۴ ۵۵۵/۱۶ ۵۵۶/۵ ۵۵۷/۱۳ ۵۵۸/۶ ۵۵۹/۱۳ ۵۶۰/۲ ۵۶۱/۴ ۵۶۲/۱۶ ۵۶۳/۵ ۵۶۴/۱۳ ۵۶۵/۶ ۵۶۶/۱۳ ۵۶۷/۲ ۵۶۸/۴ ۵۶۹/۱۶ ۵۷۰/۵ ۵۷۱/۱۳ ۵۷۲/۶ ۵۷۳/۱۳ ۵۷۴/۲ ۵۷۵/۴ ۵۷۶/۱۶ ۵۷۷/۵ ۵۷۸/۱۳ ۵۷۹/۶ ۵۸۰/۱۳ ۵۸۱/۲ ۵۸۲/۴ ۵۸۳/۱۶ ۵۸۴/۵ ۵۸۵/۱۳ ۵۸۶/۶ ۵۸۷/۱۳ ۵۸۸/۲ ۵۸۹/۴ ۵۹۰/۱۶ ۵۹۱/۵ ۵۹۲/۱۳ ۵۹۳/۶ ۵۹۴/۱۳ ۵۹۵/۲ ۵۹۶/۴ ۵۹۷/۱۶ ۵۹۸/۵ ۵۹۹/۱۳ ۶۰۰/۶ ۶۰۱/۱۳ ۶۰۲/۲ ۶۰۳/۴ ۶۰۴/۱۶ ۶۰۵/۵ ۶۰۶/۱۳ ۶۰۷/۶ ۶۰۸/۱۳ ۶۰۹/۲ ۶۱۰/۴ ۶۱۱/۱۶ ۶۱۲/۵ ۶۱۳/۱۳ ۶۱۴/۶ ۶۱۵/۱۳ ۶۱۶/۲ ۶۱۷/۴ ۶۱۸/۱۶ ۶۱۹/۵ ۶۲۰/۱۳ ۶۲۱/۶ ۶۲۲/۱۳ ۶۲۳/۲ ۶۲۴/۴ ۶۲۵/۱۶ ۶۲۶/۵ ۶۲۷/۱۳ ۶۲۸/۶ ۶۲۹/۱۳ ۶۳۰/۲ ۶۳۱/۴ ۶۳۲/۱۶ ۶۳۳/۵ ۶۳۴/۱۳ ۶۳۵/۶ ۶۳۶/۱۳ ۶۳۷/۲ ۶۳۸/۴ ۶۳۹/۱۶ ۶۴۰/۵ ۶۴۱/۱۳ ۶۴۲/۶ ۶۴۳/۱۳ ۶۴۴/۲ ۶۴۵/۴ ۶۴۶/۱۶ ۶۴۷/۵ ۶۴۸/۱۳ ۶۴۹/۶ ۶۵۰/۱۳ ۶۵۱/۲ ۶۵۲/۴ ۶۵۳/۱۶ ۶۵۴/۵ ۶۵۵/۱۳ ۶۵۶/۶ ۶۵۷/۱۳ ۶۵۸/۲ ۶۵۹/۴ ۶۶۰/۱۶ ۶۶۱/۵ ۶۶۲/۱۳ ۶۶۳/۶ ۶۶۴/۱۳ ۶۶۵/۲ ۶۶۶/۴ ۶۶۷/۱۶ ۶۶۸/۵ ۶۶۹/۱۳ ۶۷۰/۶ ۶۷۱/۱۳ ۶۷۲/۲ ۶۷۳/۴ ۶۷۴/۱۶ ۶۷۵/۵ ۶۷۶/۱۳ ۶۷۷/۶ ۶۷۸/۱۳ ۶۷۹/۲ ۶۸۰/۴ ۶۸۱/۱۶ ۶۸۲/۵ ۶۸۳/۱۳ ۶۸۴/۶ ۶۸۵/۱۳ ۶۸۶/۲ ۶۸۷/۴ ۶۸۸/۱۶ ۶۸۹/۵ ۶۹۰/۱۳ ۶۹۱/۶ ۶۹۲/۱۳ ۶۹۳/۲ ۶۹۴/۴ ۶۹۵/۱۶ ۶۹۶/۵ ۶۹۷/۱۳ ۶۹۸/۶ ۶۹۹/۱۳ ۷۰۰/۲ ۷۰۱/۴ ۷۰۲/۱۶ ۷۰۳/۵ ۷۰۴/۱۳ ۷۰۵/۶ ۷۰۶/۱۳ ۷۰۷/۲ ۷۰۸/۴ ۷۰۹/۱۶ ۷۱۰/۵ ۷۱۱/۱۳ ۷۱۲/۶ ۷۱۳/۱۳ ۷۱۴/۲ ۷۱۵/۴ ۷۱۶/۱۶ ۷۱۷/۵ ۷۱۸/۱۳ ۷۱۹/۶ ۷۲۰/۱۳ ۷۲۱/۲ ۷۲۲/۴ ۷۲۳/۱۶ ۷۲۴/۵ ۷۲۵/۱۳ ۷۲۶/۶ ۷۲۷/۱۳ ۷۲۸/۲ ۷۲۹/۴ ۷۳۰/۱۶ ۷۳۱/۵ ۷۳۲/۱۳ ۷۳۳/۶ ۷۳۴/۱۳ ۷۳۵/۲ ۷۳۶/۴ ۷۳۷/۱۶ ۷۳۸/۵ ۷۳۹/۱۳ ۷۴۰/۶ ۷۴۱/۱۳ ۷۴۲/۲ ۷۴۳/۴ ۷۴۴/۱۶ ۷۴۵/۵ ۷۴۶/۱۳ ۷۴۷/۶ ۷۴۸/۱۳ ۷۴۹/۲ ۷۵۰/۴ ۷۵۱/۱۶ ۷۵۲/۵ ۷۵۳/۱۳ ۷۵۴/۶ ۷۵۵/۱۳ ۷۵۶/۲ ۷۵۷/۴ ۷۵۸/۱۶ ۷۵۹/۵ ۷۶۰/۱۳ ۷۶۱/۶ ۷۶۲/۱۳ ۷۶۳/۲ ۷۶۴/۴ ۷۶۵/۱۶ ۷۶۶/۵ ۷۶۷/۱۳ ۷۶۸/۶ ۷۶۹/۱۳ ۷۷۰/۲ ۷۷۱/۴ ۷۷۲/۱۶ ۷۷۳/۵ ۷۷۴/۱۳ ۷۷۵/۶ ۷۷۶/۱۳ ۷۷۷/۲ ۷۷۸/۴ ۷۷۹/۱۶ ۷۸۰/۵ ۷۸۱/۱۳ ۷۸۲/۶ ۷۸۳/۱۳ ۷۸۴/۲ ۷۸۵/۴ ۷۸۶/۱۶ ۷۸۷/۵ ۷۸۸/۱۳ ۷۸۹/۶ ۷۹۰/۱۳ ۷۹۱/۲ ۷۹۲/۴ ۷۹۳/۱۶ ۷۹۴/۵ ۷۹۵/۱۳ ۷۹۶/۶ ۷۹۷/۱۳ ۷۹۸/۲ ۷۹۹/۴ ۸۰۰/۱۶ ۸۰۱/۵ ۸۰۲/۱۳ ۸۰۳/۶ ۸۰۴/۱۳ ۸۰۵/۲ ۸۰۶/۴ ۸۰۷/۱۶ ۸۰۸/۵ ۸۰۹/۱۳ ۸۱۰/۶ ۸۱۱/۱۳ ۸۱۲/۲ ۸۱۳/۴ ۸۱۴/۱۶ ۸۱۵/۵ ۸۱۶/۱۳ ۸۱۷/۶ ۸۱۸/۱۳ ۸۱۹/۲ ۸۲۰/۴ ۸۲۱/۱۶ ۸۲۲/۵ ۸۲۳/۱۳ ۸۲۴/۶ ۸۲۵/۱۳ ۸۲۶/۲ ۸۲۷/۴ ۸۲۸/۱۶ ۸۲۹/۵ ۸۳۰/۱۳ ۸۳۱/۶ ۸۳۲/۱۳ ۸۳۳/۲ ۸۳۴/۴ ۸۳۵/۱۶ ۸۳۶/۵ ۸۳۷/۱۳ ۸۳۸/۶ ۸۳۹/۱۳ ۸۴۰/۲ ۸۴۱/۴ ۸۴۲/۱۶ ۸۴۳/۵ ۸۴۴/۱۳ ۸۴۵/۶ ۸۴۶/۱۳ ۸۴۷/۲ ۸۴۸/۴ ۸۴۹/۱۶ ۸۵۰/۵ ۸۵۱/۱۳ ۸۵۲/۶ ۸۵۳/۱۳ ۸۵۴/۲ ۸۵۵/۴ ۸۵۶/۱۶ ۸۵۷/۵ ۸۵۸/۱۳ ۸۵۹/۶ ۸۶۰/۱۳ ۸۶۱/۲ ۸۶۲/۴ ۸۶۳/۱۶ ۸۶۴/۵ ۸۶۵/۱۳ ۸۶۶/۶ ۸۶۷/۱۳ ۸۶۸/۲ ۸۶۹/۴ ۸۷۰/۱۶ ۸۷۱/۵ ۸۷۲/۱۳ ۸۷۳/۶ ۸۷۴/۱۳ ۸۷۵/۲ ۸۷۶/۴ ۸۷۷/۱۶ ۸۷۸/۵ ۸۷۹/۱۳ ۸۸۰/۶ ۸۸۱/۱۳ ۸۸۲/۲ ۸۸۳/۴ ۸۸۴/۱۶ ۸۸۵/۵ ۸۸۶/۱۳ ۸۸۷/۶ ۸۸۸/۱۳ ۸۸۹/۲ ۸۹۰/۴ ۸۹۱/۱۶ ۸۹۲/۵ ۸۹۳/۱۳ ۸۹۴/۶ ۸۹۵/۱۳ ۸۹۶/۲ ۸۹۷/۴ ۸۹۸/۱۶ ۸۹۹/۵ ۹۰۰/۱۳ ۹۰۱/۶ ۹۰۲/۱۳ ۹۰۳/۲ ۹۰۴/۴ ۹۰۵/۱۶ ۹۰۶/۵ ۹۰۷/۱۳ ۹۰۸/۶ ۹۰۹/۱۳ ۹۱۰/۲ ۹۱۱/۴ ۹۱۲/۱۶ ۹۱۳/۵ ۹۱۴/۱۳ ۹۱۵/۶ ۹۱۶/۱۳ ۹۱۷/۲ ۹۱۸/۴ ۹۱۹/۱۶ ۹۲۰/۵ ۹۲۱/۱۳ ۹۲۲/۶ ۹۲۳/۱۳ ۹۲۴/۲ ۹۲۵/۴ ۹۲۶/۱۶ ۹۲۷/۵ ۹۲۸/۱۳ ۹۲۹/۶ ۹۳۰/۱۳ ۹۳۱/۲ ۹۳۲/۴ ۹۳۳/۱۶ ۹۳۴/۵ ۹۳۵/۱۳ ۹۳۶/۶ ۹۳۷/۱۳ ۹۳۸/۲ ۹۳۹/۴ ۹۴۰/۱۶ ۹۴۱/۵ ۹۴۲/۱۳ ۹۴۳/۶ ۹۴۴/۱۳ ۹۴۵/۲ ۹۴۶/۴ ۹۴۷/۱۶ ۹۴۸/۵ ۹۴۹/۱۳ ۹۵۰/۶ ۹۵۱/۱۳ ۹۵۲/۲ ۹۵۳/۴ ۹۵۴/۱۶ ۹۵۵/۵ ۹۵۶/۱۳ ۹۵۷/۶ ۹۵۸/۱۳ ۹۵۹/۲ ۹۶۰/۴ ۹۶۱/۱۶ ۹۶۲/۵ ۹۶۳/۱۳ ۹۶۴/۶ ۹۶۵/۱۳ ۹۶۶/۲ ۹۶۷/۴ ۹۶۸/۱۶ ۹۶۹/۵ ۹۷۰/۱۳ ۹۷۱/۶ ۹۷۲/۱۳ ۹۷۳/۲ ۹۷۴/۴ ۹۷۵/۱۶ ۹۷۶/۵ ۹۷۷/۱۳ ۹۷۸/۶ ۹۷۹/۱۳ ۹۸۰/۲ ۹۸۱/۴ ۹۸۲/۱۶ ۹۸۳/۵ ۹۸۴/۱۳ ۹۸۵/۶ ۹۸۶/۱۳ ۹۸۷/۲ ۹۸۸/۴ ۹۸۹/۱۶ ۹۹۰/۵ ۹۹۱/۱۳ ۹۹۲/۶ ۹۹۳/۱۳ ۹۹۴/۲ ۹۹۵/۴ ۹۹۶/۱۶ ۹۹۷/۵ ۹۹۸/۱۳ ۹۹۹/۶ ۱۰۰۰/۱۳ ۱۰۰۱/۲ ۱۰۰۲/۴ ۱۰۰۳/۱۶ ۱۰۰۴/۵ ۱۰۰۵/۱۳ ۱۰۰۶/۶ ۱۰۰۷/۱۳ ۱۰۰۸/۲ ۱۰۰۹/۴ ۱۰۱۰/۱۶ ۱۰۱۱/۵ ۱۰۱۲/۱۳ ۱۰۱۳/۶ ۱۰۱۴/۱۳ ۱۰۱۵/۲ ۱۰۱۶/۴ ۱۰۱۷/۱۶ ۱۰۱۸/۵ ۱۰۱۹/۱۳ ۱۰۲۰/۶ ۱۰۲۱/۱۳ ۱۰۲۲/۲ ۱۰۲۳/۴ ۱۰۲۴/۱۶ ۱۰۲۵/۵ ۱۰۲۶/۱۳ ۱۰۲۷/۶ ۱۰۲۸/۱۳ ۱۰۲۹/۲ ۱۰۳۰/۴ ۱۰۳۱/۱۶ ۱۰۳۲/۵ ۱۰۳۳/۱۳ ۱۰۳۴/۶ ۱۰۳۵/۱۳ ۱۰۳۶/۲ ۱۰۳۷/۴ ۱۰۳۸/۱۶ ۱۰۳۹/۵ ۱۰۴۰/۱۳ ۱۰۴۱/۶ ۱۰۴۲/۱۳ ۱۰۴۳/۲ ۱۰۴۴/۴ ۱۰۴۵/۱۶ ۱۰۴۶/۵ ۱۰۴۷/۱۳ ۱۰۴۸/۶ ۱۰۴۹/۱۳ ۱۰۵۰/۲ ۱۰۵۱/۴ ۱۰۵۲/۱۶ ۱۰۵۳/۵ ۱۰۵۴/۱۳ ۱۰۵۵/۶ ۱۰۵۶/۱۳ ۱۰۵۷/۲ ۱۰۵۸/۴ ۱۰۵۹/۱۶ ۱۰۶۰/۵ ۱۰۶۱/۱۳ ۱۰۶۲/۶ ۱۰۶۳/۱۳ ۱۰۶۴/۲ ۱۰۶۵/۴ ۱۰۶۶/۱۶ ۱۰۶۷/۵ ۱۰۶۸/۱۳ ۱۰۶۹/۶ ۱۰۷۰/۱۳ ۱۰۷۱/۲ ۱۰۷۲/۴ ۱۰۷۳/۱۶ ۱۰۷۴/۵ ۱۰۷۵/۱۳ ۱۰۷۶/۶ ۱۰۷۷/۱۳ ۱۰۷۸/۲ ۱۰۷۹/۴ ۱۰۸۰/۱۶ ۱۰۸۱/۵ ۱۰۸۲/۱۳ ۱۰۸۳/۶ ۱۰۸۴/۱۳ ۱۰۸۵/۲ ۱۰۸۶/۴ ۱۰۸۷/۱۶ ۱۰۸۸/۵ ۱۰۸۹/۱۳ ۱۰۹۰/۶ ۱۰۹۱/۱۳ ۱۰۹۲/۲ ۱۰۹۳/۴ ۱۰۹۴/۱۶ ۱۰۹۵/۵ ۱۰۹۶/۱۳ ۱۰۹۷/۶ ۱۰۹۸/۱۳ ۱۰۹۹/۲ ۱۱۰۰/۴ ۱۱۰۱/۱۶ ۱۱۰۲/۵ ۱۱۰۳/۱۳ ۱۱۰۴/۶ ۱۱۰۵/۱۳ ۱۱۰۶/۲ ۱۱۰۷/۴ ۱۱۰۸/۱۶ ۱۱۰۹/۵ ۱۱۱۰/۱۳ ۱۱۱۱/۶ ۱۱۱۲/۱۳ ۱۱۱۳/۲ ۱۱۱۴/۴ ۱۱۱۵/۱۶ ۱۱۱۶/۵ ۱۱۱۷/۱۳ ۱۱۱۸/۶ ۱۱۱۹/۱۳ ۱۱۲۰/۲ ۱۱۲۱/۴ ۱۱۲۲/۱۶ ۱۱۲۳/۵ ۱۱۲۴/۱۳ ۱۱۲۵/۶ ۱۱۲۶/۱۳ ۱۱۲۷/۲ ۱۱۲۸/۴ ۱۱۲۹/۱۶ ۱۱۳۰/۵ ۱۱۳۱/۱۳ ۱۱۳۲/۶ ۱۱۳۳/۱۳ ۱۱۳۴/۲ ۱۱۳۵/۴ ۱۱۳۶/۱۶ ۱۱۳۷/۵ ۱۱۳۸/۱۳ ۱۱۳۹/۶ ۱۱۴۰/۱۳ ۱۱۴۱/۲ ۱۱۴۲/۴ ۱۱۴۳/۱۶ ۱۱۴۴/۵ ۱۱۴۵/۱۳ ۱۱۴۶/۶ ۱۱۴۷/۱۳ ۱۱۴۸/۲ ۱۱۴۹/۴ ۱۱۵۰/۱۶ ۱۱۵۱/۵ ۱۱۵۲/۱۳ ۱۱۵۳/۶ ۱۱۵۴/۱۳ ۱۱۵۵/۲ ۱۱۵۶/۴ ۱۱۵۷/۱۶ ۱۱۵۸/۵ ۱۱۵۹/۱۳ ۱۱۶۰/۶ ۱۱۶۱/۱۳ ۱۱۶۲/۲ ۱۱۶۳/۴ ۱۱۶۴/۱۶ ۱۱۶۵/۵ ۱۱۶۶/۱۳ ۱۱۶۷/۶ ۱۱۶۸/۱۳ ۱۱۶۹/۲ ۱۱۷۰/۴ ۱۱۷۱/۱۶ ۱۱۷۲/۵ ۱۱۷۳/۱۳ ۱۱۷۴/۶ ۱۱۷۵/۱۳ ۱۱۷۶/۲ ۱۱۷۷/۴ ۱۱۷۸/۱۶ ۱۱۷۹/۵ ۱۱۸۰/۱۳ ۱۱۸۱/۶ ۱۱۸۲/۱۳ ۱۱۸۳/۲ ۱۱۸۴/۴ ۱۱۸۵/۱۶ ۱۱۸۶/۵ ۱۱۸۷/۱۳ ۱۱۸۸/۶ ۱۱۸۹/۱۳ ۱۱۹۰/۲ ۱۱۹۱/۴ ۱۱۹۲/۱۶ ۱۱۹۳/۵ ۱۱۹۴/۱۳ ۱۱۹۵/۶ ۱۱۹۶/۱۳ ۱۱۹۷/۲ ۱۱۹۸/۴ ۱۱۹۹/۱۶ ۱۲۰۰/۵ ۱۲۰۱/۱۳ ۱۲۰۲/۶ ۱۲۰۳/۱۳ ۱۲۰۴/۲ ۱۲۰۵/۴ ۱۲۰۶/۱۶ ۱۲۰۷/۵ ۱۲۰۸/۱۳ ۱۲۰۹/۶ ۱۲۱۰/۱۳ ۱۲۱۱/۲ ۱۲۱۲/۴ ۱۲۱۳/۱۶

لِمَ : یہ لفظ مرکب ہے لامِ تعلیل اور ما استفہامیہ سے، ما کے الف کو تخفیفاً ساقط کر دیا گیا ہے، کیوں؟ کس لئے؟ کس وجہ سے۔ ۳/۱۵ ۴/۱ ۵/۸ ۹/۱۱ ۱۰/۱۳ ۱۶/۱۱،۶ ۱۹/۱۹ ۲۲/۱۷ ۲۸/۱۱،۹

لَمْ : حرفِ جازم ہے فعلِ مضارع پر داخل ہوتا ہے، اگر آخر میں حرفِ علت ہو تو ساقط کر دیتا ہے، نہ ہو تو صرف سکون دیتا ہے، مضارع مثبت کو منفی ماضی کے معنے میں کر دیتا ہے جیسے لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ۔

ضرورتِ شعری کی بنا پر کبھی جزم نہیں بھی دیتا، مضارع کو اصلی حالت پر چھوڑ دیتا ہے جیسے :

لَوْلَا فَوَارِسُ مِنْ نُعْمٍ وَاُسْرَتِہِمْ
یَوْمَ الصُّلَیْفَاءِ لَمْ یُوْفُوْنَ بِالْجَارِ

اگر صلیفاء کی لڑائی میں قبیلہ نعم کے شہسوار اور ان کی جماعت نہ ہوتی تو وہ پناہ گیر کی امداد کے وعدے کو پورا نہ کرتے۔ ابنِ مالک نے کہا بعض قبائل کی زبان ہی ہے وہ لَمْ کو جازم نہیں کہتے نہ لَمْ کی وجہ سے مضارع کو مجزوم کرتے ہیں، شعر مذکور میں ضرورتِ شعری عدمِ جزم کی علت نہیں ہے۔

لحیانی کا قول ہے کہ بعض عرب لَمْ کو بطور ناصب استعمال کرتے ہیں جیسے قراءت شاذ میں اَلَمْ نَشْرَحْ یا جیسے کہ حارث بن منذر جرمی کا رجز ہے :

فِیْ اَیِّ یَوْمَیَّ اَفِرُّ
اَیَوْمَ لَمْ یُقْدَرْ اَمْ یَوْمَ قُدِرْ

دونوں میں سے کس دن موت سے بھاگوں کیا اس روز (موت سے بھاگوں) جبکہ موت مقدر کر دی گئی یا اس روز (موت سے بھاگوں) جبکہ موت کا حکم ہی نہیں ہوا یعنی موت کے ڈر سے بھاگنا بے سود ہے، تقدیر میں موت نہیں تو نہیں آسکتی اور ہے تو مفر اگر رہیگی بھاگنا بیکار ہے۔

لَمْ اور اس کے معمول کے درمیان کبھی ضرورت کی وجہ سے فصل بھی کر دیا جاتا ہے، فصل ظرف کے ذریعہ سے ہو جیسے ذوالرمہ کا شعر ہے ؎

فَاَضْحَتْ مَغَانِیْہَا قِفَارًا رُسُوْمُہَا
کَاَنْ لَمْ یَرَ سِرْبٌ اَہْلَہٗ مِنَ الْوَحْشِ تُؤْہَلِ

محبوبہ کے مکانوں کے نشان بھی ویران ہو گئے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ صحرائی جانوروں کی آبادی کے علاوہ وہ آباد ہی نہ تھے یا ایسے اسم کے ذریعہ سے

Presented by Ziaraat.Com

فصل ہو جو فعل محذوف کا معمول ہو اور بعد کو ذکر ہونے والا فعل اس محذوف فعل کی تفسیر کر رہا ہو جیسے ؎

ظَنَنْتُ فَقِيرًا إِذَا غَنِيَ ثُمَّ بِلْتُهُ
فَلَمْ أَرَ إِذْ جَاءَ الْقَفَا غَيْرَ وَاهِبِ

میں نے مفلسی کی حالت میں اس کو دولتمند خیال کیا اور پھر اس کو مقام امید پایا، نہ دینے والا نہیں پایا۔ فَلَمْ اور اَلْقَفَا کے درمیان ذار جاءِ واقع ہے اور اس سے پہلے فَلَمْ کے بعد اَلْقَفَا محذوف ہے۔

لَمَّا: حرفِ جازم ہے لَمْ کی طرح فعل مضارع پر داخل ہوتا اور اس کو جزم دیتا ہے اور مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے جیسے وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوبِكُمْ ابھی تک ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا، لَمْ اور لَمَّا کے درمیان بوجوہِ ذیل فرق کیا جا سکتا ہے۔

۱ لَمْ حرفِ شرط کے ساتھ آسکتا ہے جیسے فَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ، وَإِنْ لَمْ يَنْتَهُوا لیکن لَمَّا نہیں آسکتا۔

۲ لَمَّا سے جس نفی کا حصول ہوتا ہے وہ زمانۂ حال تک ممتد، مسلسل اور مستمر ہوتی ہے جیسے آیتِ مذکورہ اور شاس عبدی ممزق کا یہ شعر ؎

فَإِنْ كُنْتُ مَأْكُولًا فَكُنْ خَيْرَ آكِلٍ
وَإِلَّا فَأَدْرِكْنِي وَلَمَّا أُمَزَّقِ

اگر مجھے خوراک ہی بننا ہے تو تو ہی بہتر کھانیوالا بن جا (تو ہی مجھے کھالے دوسروں کو نہ کھلا) ورنہ میری مدد کو پہنچ (اس سے پہلے کہ میرے ٹکڑے کر دیے جائیں) ابھی تک تو میرا تکا بوٹی نہیں کیا گیا ہے۔

لَمْ سے جس نفی کا حصول ہوتا ہے اس کا تسلسل اور اتصال کبھی تو حال تک ہوتا ہے جیسے وَلَمْ أَكُنْ بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِيًّا اے میرے رب ابھی تک تجھے پکار کر میں نامراد نہیں رہا، کبھی حال سے پہلے نفی کا انقطاع ہو جاتا ہے جیسے لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَذْكُورًا پہلے وہ کوئی قابلِ ذکر چیز نہ تھا (بالکل معدوم تھا اب موجود ہو گیا)

ابنِ مالک نے نفی منقطع کی مثال میں یہ شعر پیش کیا ہے ؎

وَكُنْتُ إِذَا كُنْتُ إِلَهِي وَحْدَكَا
لَمْ يَكُنْ شَيْءٌ إِلَهِي قَبْلَكَا

میرے معبود تو جب سے تھا اکیلا تھا

Presented by Ziaraat.Com

الٰہی تجھ سے پہلے کوئی چیز نہ تھی۔

ابنِ مالک کی یہ سخت غلطی ہے، اس شعر میں نفی کا انقطاع نہیں اتصال ہے، ابنِ مالک کے بیٹے نے تسہیل میں باپ کی غلط تائید کی ہے۔

۳ لَمَّا سے حاصل شدہ نفی ماضی قریب میں ہوتی ہے اور لَمْ سے حاصل شدہ نفی ماضی مطلق میں خواہ بعید ہو یا قریب، اسی لئے لَمْ یَکُنْ زَیْدٌ فِی الْعَامِ الْمَاضِیْ مُقِیْمًا۔ زید گذشتہ سال مقیم نہ تھا صحیح ہے لیکن لمّا کا استعمال اس جگہ صحیح نہیں کیونکہ سالِ گذشتہ ماضی بعید ہے ماضی قریب نہیں۔

۴ لَمَّا سے جس چیز کی نفی ہوتی ہے، آئندہ اس کے موجود ہونے کی توقع ہوتی ہے یعنی ماضی منفی کا مستقبل میں متوقع الثبوت ہونا ضروری ہے جیسے بَلْ لَمَّا یَذُوْقُوْا الْعَذَابَ بلکہ انہوں نے ابھی تک عذاب کا مزہ نہیں چکھا یعنی آئندہ چکھنے کی یقینی توقع ہے، لَمْ میں یہ شرط نہیں ہے اسی لئے آیت وَلَمَّا یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِکُمْ کی تفسیر میں زمخشری نے لکھا ہے کہ آیت میں نفی ماضی دحال کی صراحت ہے لیکن مستقبل کی توقع ہے یعنی آئندہ ایمان لانے کی توقع دلائی گئی ہے چنانچہ وہ لوگ آئندہ پختہ عقیدہ والے مومن ہو گئے (کشاف)

۵ لَمَّا کا مدخول جائز الحذف ہے لیکن لَمْ کا حال ایسا نہیں جیسے ؎

فَجِئْتُ قُبُوْرَهُمْ بَدْءًا وَّلَمَّا
فَنَادَیْتُ الْقُبُوْرَ فَلَمْ یُجِبْنَهْ

یعنی وَلَمَّا اَکُنْ۔

میں ان کی قبروں پر سردارِ قوم ہونے کی حالت میں پہنچا اور اس سے پہلے میں سردار ہوا ہی نہ تھا۔ میں نے قبروں کو پکارا لیکن انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔

لَمَّا: (جب) حرفِ شرط ہے یا حرف وجود لوجود یا حرف وجوب لوجوب، ماضی کے دو جملوں پر آتا ہے شرط و جزاء، ابنِ سراج، ابن جنی اور فارسی وغیرہ کا قول ہے کہ لَمَّا حرفِ شرط نہیں بلکہ اسم ظرف ہے حِیْنَ کا ہم معنی، ابنِ مالک نے کہا لَمَّا اِذْ کی طرح ہوتا ہے، اِذْ کا مدخول بھی جملہ ماضیہ ہوتا ہے اور لَمَّا کا بھی۔

Presented by Ziaraat.Com

لمّا کی جزاء کا فعل ماضی ہونا بالاتفاق صحیح ہے بلکہ جمہور کے نزدیک شرط ہے جیسے فَلَمَّا نَجّٰكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ جب اس نے بچا کر تم کو خشکی تک پہنچا دیا تو تم نے روگردانی کر لی۔

ابن مالک کہتا ہے لمّا کی جزاء کے مقام میں کبھی ایسا جملہ اسمیہ واقع ہوتا ہے جس کا آغاز اِذَا مفاجاتیہ سے ہوتا ہے جیسے فَلَمَّا نَجّٰهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ جب ان کو بچا کر خشکی تک پہنچا دیا تو ایک دم وہ شرک کرنے لگے، یا اس کے شروع میں فاء ہوتی ہے جیسے فَلَمَّا نَجّٰهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ جب ان کو بچا کر خشکی تک پہنچا دیا تو ان میں سے کچھ لوگ سیدھی چال پر رہے۔

ابن عصفور نے صراحت کی ہے کہ لمّا کی جزاء میں کبھی فعل مضارع آتا ہے جیسے فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا جب ابراہیم کے دل سے خوف جاتا رہا اور خوشخبری پہنچ گئی تو ہمارے فرشتوں سے (قوم لوط کے بارے میں) جھگڑنے لگے۔

ایک معمّے کا حل

ایک شعر ہے ؎

اَقُوْلُ لِعَبْدِ اللّٰهِ لَمَّا سَقَاءُنَا
وَنَحْنُ بِوَادِيْ عَبْدِ شَمْسٍ وَّهَاشِمٍ

اس شعر میں فعل شرط و جزاء کہاں ہے۔

وَهَا فعل ماضی ہے (وَهْيٌ سے) اسم اشارہ حاضر ہے لَمَّا اور سَقَاؤُنَا کے درمیان وَهَا فعل ماضی محذوف ہے، شاعر کہتا ہے جب ہم عبد شمس کی وادی میں تھے اور ہماری مشک کمزور ہو گئی تھی یا گر پڑی تھی تو میں نے عبداللہ سے کہا بجلی کی طرف دیکھ (کیا بارش ہونیوالی ہے)

لَمَّا: (مگر) استثنائیہ بھی آتا ہے اِلَّا کا ہم معنی، جیسے اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ کوئی نفس ایسا نہیں کہ اس (کے اعمال) کا نگراں (فرشتہ) نہ ہو۔ ہم نے یہ ترجمہ لمّا نافیہ کا کیا ہے جیسا کہ بعض لوگ اسجگہ قائل ہیں، محل استثناء کے لحاظ سے ترجمہ اسطرح ہوگا کوئی نفس نہیں مگر اس پر نگراں (فرشتہ) مامور ہے، بعض قراءتوں میں اس آیت میں اِنْ کی جگہ اِنَّ آیا ہے (والبسط فی المطولات)

Presented by Ziaraat.Com

اِنْ ہونے کی صورت میں ابنِ حاجب نے آیت مذکورہ میں لَمَّا کو جازمہ نافیہ قرار دیا ہے یعنی لَمَّا یُھْمَلُوْا لَمَّا یُتْرَکُوْا اور عَلَیْھَا حَافِظٌ الگ جملہ ہے، بے شک کسی نفس کو بیکار (بلا حساب اعمال) نہیں چھوڑا گیا، ابن ہاشم نے مغنی اللبیب میں لکھا ہے کہ فعل محذوف یُوَفَّوْا اَعْمَالَھُمْ ہے یعنی کسی نفس کو بغیر تکمیل اعمال کے نہیں چھوڑا گیا۔

کیا لَمَّا مرکب ہے

بعض لوگ قائل ہیں کہ لَمَّا مصدر ہے، اصل میں لَمَّا تھا اور لَمَّا کا معنی ہے جَمْعًا، تنوین گرادی گئی۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ لَمَّا بروزن فَعَلٰی صفت کا صیغہ ہے لَمٌّ سے جمع کرنیوالا۔ رسم خط کے لحاظ سے لَمّٰی لکھنا چاہیئے تھا لیکن ی کو بصورت الف لکھا جاتا ہے۔

بعض مین میخ نکالنے والے کہتے ہیں کہ لَمَّا کی اصل لَ مَنْ مَا تھی، نون گرا کر میم کو ادغام کر دیا۔

ایک چھان بین کے ماہر قائل ہیں کہ لَمَّا اصل میں لَنْ مَا تھا، ایک شاعر کا شعر ہے ؎

لَمَّا رَاَیْتُ اَبَا یَزِیْدَ مُقَاتِلًا
اَدْعَ الْقِتَالَ وَاَشْھَدَ الْھَیْجَا

استشہاد غلط ہے حقیقت میں یہ ایک معمّٰی اور لغز ہے، لَمَّا اصل میں لَنْ مَا ضرور تھا لیکن مَا بمعنے مادام ہے اور لَنْ کا معمول اَدَعَ ہے اور اَشْھَدَ سے پہلے اَنْ مصدریہ محذوف ہے جس کا عطف القتال پر ہے، شاعر کہتا ہے جبکہ میں نے ابویزید کو لڑتے ہوئے دیکھ لیا تو اب میں لڑائی اور لڑائی میں حاضر ہونے کو ترک نہیں کر سکتا۔

لَمَّا نافیہ مندرجہ آیات میں آیا ہے:

۲/۱۰ ۴/۵ ۱۰/۸ ۱۱/۹ ۲۳/۱۰ ۲۶/۱۴ ۲۸/۱۱ ۳۰/۵۔

لَمَّا شرطیہ حسبِ ذیل مقامات میں مستعمل ہے:

۱/۲ ۱۱ و ۱۶ ۲/۱۷ ۳ و ۱۲ و ۱۳ ۳/۸ ۴/۸ ۵/۸ ۶ و ۷ و ۱۱ و ۱۵ ۷/۸ ۹/۹ ۴ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۱ و ۱۴ ۹/۱۰ ۲ و ۱۶ ۱۰/۱۱ ۳ و ۷ و ۸ و ۱۱ ۱۱/۱۳ ۱۵ و ۱۲/۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۲ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۷ ۱۳/۱ و ۲ و ۳ و ۴ ۱۳/۵ ۱۶ و ۱۴/۵ ۷ و ۱۵/۲۰ و ۲۱ ۱۶/۶ ۱۷/۲ ۱۹/۲ و ۶ ۱۹/۷ و ۸ و ۱۶ و ۱۸ ۲۰/۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۱۶ ۲۱/۳ و ۱۳ و ۱۶ و ۱۹ ۲۲/۲ و ۸ و ۱۰ و ۱۷ ۲۳/۷ ۲۴/۸ و ۱۲ و ۱۴ و ۱۹ ۲۵/۶ و ۱۱ و ۱۲

Presented by Ziaraat.Com

۲۶/۱۵ ۲۸/۱۹ ۲۹/۱۱ ۱ و ۳ و ۴ و ۵ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۵

مندرجہ ذیل آیات میں لَمَّا مختلف فیہ ہے:

۱۰/۱۲ ۲۳/۱ ۲۵/۹ ۳۰/۱۱

۱۰/۱۲ میں آیت اِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ آئی ہے، اگر اِنَّ کو مشدد پڑھا جائیگا تو لَمَّا تخفیفِ میم کے ساتھ ہوگا، لام تمہیدِ قسم کے لئے اور مَا زائد، بیشک ضرور ضرور ہر ایک کو اس کے اعمال کا بدلہ اللہ دیگا، اگر اِنْ کو تخفیف نون کے ساتھ نافیہ کہا جائے تو لَمَّا تشدیدِ میم کے ساتھ استثنائیہ ہوگا نہیں ہے کوئی مگر اللہ اس کے اعمال کا ضرور بدلہ دے گا۔

۲۳/۱ کے آخر میں آیت وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ آئی ہے، اس میں بھی اگر اِنْ کو نافیہ کہا جائے تو لَمَّا استثنائیہ ہوگا نہیں ہے سب مخلوق مگر جمع کی جائیگی اور اگر اِنْ کو اِنَّ کا مخففہ کہا جائے تو كُلٌّ مبتدا ہوگا، لَمَّا میں مَا زائدہ اور لام اِنْ مخففہ کی امتیازی علامت کے طور پر مانا جائے گا۔ بیشک سب کے سب ضرور جمع کئے جائیں گے۔

۲۵/۹ کے آخر میں آیت وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ہے، اس میں بھی آیت ۲۳/۱ کی طرح دونوں قراتیں اور تفسیریں ہیں، اِنْ نافیہ ہوگا تو لَمَّا استثنائیہ نہیں ہے یہ سب، مگر دنیوی زندگی کا سامان، اور اِنْ مخففہ ہوگا تو لما میں مَا زائدہ اور لام اِنْ مخففہ کی امتیازی علامت، بیشک یہ سب دنیوی زندگی کا سامان ہے، ۳۰/۱۱ کی آیت اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ میں بھی یہی تفسیر اور قراءت ہے۔

لَمَّا: مصدر لَمَّ ماضی یَلُمُّ مضارع (بابِ نصر) اپنا اور دوسروں کا حصہ کھا لینا، ابو عبیدہ نے کہا لَمَمْتُ اَجْمَعُ کا معنی ہے میں نے سب سمیٹ لیا۔ لَمٌّ کا معنی جمع کرنا اور درست کرنا بھی ہے، محاورہ ہے لَمَّ اللّٰهُ شَعِيثَتَهٗ اللہ اس کی پریشانی ٹھیک کردے، درست کردے، جمع کردے، آیت میں اول معنی مراد ہے کیونکہ وہ لوگ بچوں اور عورتوں کو میراث کا حصہ نہیں دیتے تھے، ان کا حصہ بھی اپنے حصہ کے ساتھ ملا کر کھا جاتے تھے آیت اگرچہ مکی ہے اور مکہ میں میراثی حصوں کی تعیین نہیں ہوئی تھی لیکن حضرتِ اسماعیل علیہ السلام کے زمانہ سے بطور تعامل عورتوں اور بچوں کو شریک

Presented by Ziaraat.Com

میراث قرار دیا جاتا تھا پر خائن لوگ ان بے زبانوں کو کچھ نہیں دیتے تھے (صاوی و عملی مع تغییر) ۳۰/۱۴

اَللَّمَمَ: چھوٹے گناہ (عن ابی ہریرۃ فی احدی الروایتین) حضرت ابن عباس، حسن بصری اور حضرت ابوہریرہ (فی روایۃ ثانیہ) سے مروی ہے کہ لَمَم بھی کبیرہ گناہ ہیں، مراد یہ ہے کہ وہ تمام کبائر سے بچتے ہیں، ہاں کبیرہ بہت کم تعداد میں ان سے صادر ہو جاتے ہیں، وہ بھی اس طرح کہ اگر اتفاق سے کوئی کبیرہ حقیر مقدار میں ان سے صادر ہو جاتا ہے تو فوراً توبہ کر لیتے ہیں۔ (درِ منثور)

لغوی کتب کی شہادت مؤخر الذکر معنی کے خلاف ہے، نہ اس لفظ کے مادہ میں کبر اور عظمت کا مفہوم ہے، حضرت ابوسعید خدری نے فرمایا جیسے (غیر محرم کی طرف) نظر کرنا، بوسہ لینا، چھونا، آنکھ سے اشارہ کرنا۔ (معجم) ۲۷/۵۳

لُمِزُنِیْ: لُمِزْتَ بروزن قُلْتَ جمع مؤنث حاضر ماضی معروف، نِی مفعول، مادہ لَمْزٌ (باب نصر) تم عورتوں نے مجھے ملامت کی (دیکھو لائم)

لَوْمَۃَ: مصدر منصوب و اسم مصدر، ملامت کرنا، ملامت (دیکھو لائم) ۶/۱۲

لُوْمُوْا: جمع مذکر حاضر امر معروف، بروزن قُوْلُوْا، لَوْمٌ مادہ، ملامت کرو، بُرا کہو، (دیکھو لائم)

لَمْحٍ: اسم مصدر و مصدر، نظر کی چوری، نظر چرا کر دیکھنا، پلک جھپکنا۔ لَاُرِیَنَّکَ لَمْحًا بَاصِرًا میں تجھے امر واضح بتاؤں گا، لَمْحَۃٌ نظر کی چوری، چھپ کر دیکھنا۔ بجلی کی جھپک رَاَیْتُ لَمْحَۃَ بَرْقٍ میں نے اس کو بجلی کی جھپک کی طرح دیکھا۔ مشابہت فِیْہِ لَمْحَۃٌ مِّنْ اَبِیْہِ، اس میں اپنے باپ کی مشابہت ہے۔ لَمَّاحٌ علاماتِ حسن نمایاں اور مشابہت، لَمَّاحٌ ابیہ، باپ کی مشابہت، لَامِعٌ، لَمُوْحٌ، لَمَّاحٌ چمکدار، اَلْمَحَ بہت زیادہ چور نظر، لَمَحَ اِلَیْہِ (فتح) اس کیطرف دزدیدہ نظر سے دیکھا۔ لَمَحَ الْبَرْقُ لَمْحًا وَلَمْحَانًا وَتَلْمَاحًا، بجلی چمکی، جھپکی۔ ۲۷/۱۴ ۲۷/۱۰۔

لُمَزَۃٍ: صیغہ صفت برائے مبالغہ، عیب چین یا پس پشت برائی کرنے والا، لَمْزٌ کا بھی یہی معنی ہے۔ لَمْزٌ کا معنی ہے طعن کرنا، چھونا، مارنا اور آنکھ سے بطورِ طنز اشارہ کرنا (دیکھو تلمزوا)

Presented by Ziaraat.Com

۳۰/۲۹

لَمَسْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، لَمْسٌ مصدر ہم نے ٹٹولا، ہم نے ڈھونڈا، قصد کیا (راغب) دیکھو لَامَسْتُمْ۔ ۲۹/۱۱

لَمَسُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، لَمْسٌ مصدر، وہ چھو لیتے۔ ہاتھوں سے چھو کر دیکھ لیتے۔ ۷/۲

لِنْتَ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف، لِیْنٌ مصدر (باب ضرب) تم نرمی کرتے ہو، تم نرم مزاج ہو، خوشخو ہو۔ لَیِّنٌ، لَیِّنٌ صیغہ صفت نرم، لَیِّنُوْنَ اور اَلْنَارٌ جمع، ھَیِّنٌ، لَیِّنٌ سست، نرم، ڈھیلا، تھوڑی چیز، لَانَ لَیْنًا ولَیَانًا ولِیْنَۃً، وہ نرم ہوا، نرم مزاج ہوا، (ضرب) ۴/۸

لَوَّاحَۃٌ: صیغہ مبالغہ، لَوْحٌ مادہ، لَوْحٌ پیاس کی شدت، تپش، ظہور، لُوْحٌ زمین آسمان کے درمیان ہوا۔ تَلْوِیْحٌ رنگ بگاڑ دینا۔ گرمی سے سوختہ کر دینا۔ جھلسا دینا۔ حسن بصری اور ابن کیسان نے آیت کا ترجمہ کیا ہے دوزخ لوگوں کے سامنے نمایاں ہوگی، ظاہر ہوگی۔ اس وقت لَوَّاحَۃٌ کا معنی ہوگا ظاہر اور لَوْحٌ کا معنی ظہور اور لِبَشَرٍ کا معنی آدمی، جمہور کے نزدیک لَوَّاحَۃٌ کا ترجمہ ہے رنگ بگاڑ دینے والا، گرمی کی وجہ سے جھلسا دینے والا، اور لِبَشَرٍ (بَشَرَۃٌ کی جمع) کا ترجمہ ہوگا کھال کی بیرونی سطح (کبیر، کشاف، خازن) ۲۹/۱۵

لِوَاذًا: امام راغب نے لکھا ہے کہ لِوَاذٌ (اور مُلَاوَذَۃٌ) لَاذَ کے مصدر ہیں، باہم ایک دوسرے کی آڑ لینے اور پناہ لینے کو کہتے ہیں۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ باہم ایکدوسرے کی آڑ میں ایک کے بعد ایک چپکے سے سرک جاتا ہے۔ راغب نے یہ بھی لکھا ہے کہ مجرد کا مصدر لِیَاذٌ آئیگا لِوَاذٌ نہیں آئیگا۔ لیکن صاحب قاموس، منتہی الارب اور اقرب الموارد نے لکھا ہے کہ لَوْذٌ کا معنی ہے کسی چیز کی پناہ لینا، آڑ لیکر چھپنا، لِوَاذًا اور لِیَاذًا کا بھی یہی معنی ہے، لَاذَ بِہٖ لَوْذًا و لِوَاذًا لِیَاذًا سب کا ایک ہی معنی ہے یعنی اس کی آڑ لی، اسی سے مُلَاذٌ اور مُلَوَّذَۃٌ بنا ہے جس کا معنی ہے جائے پناہ، اس صورت میں آیت کا ترجمہ ہوگا آڑ لیکر چپکے سے سرک جاتے ہیں، اکثر مفسرین نے راغب کے قول کی تائید کی ہے۔ ۱۸/۱۵

Presented by Ziaraat.Com

لَوَاقِحَ: جمع لَاقِحٌ اور لَاقِحَۃٌ مفرد، باردار، حاملہ، یعنی وہ ہوائیں جو پانی سے بھرے ہوئے ابر کو بطور حمل کے اٹھاتی ہیں (مدارک)، لَقَحٌ اور لَقَاحٌ متعدی نہیں لازم ہے۔ لَقِحَتِ النَّاقَۃُ (سمع) اونٹنی حاملہ ہوگئی۔ لَقِحَتِ الشَّجَرَۃُ درخت باردار ہوگیا، اس لئے لَوَاقِحَ کا معنی ہوگا باردار وہ ہوائیں جو پانی سے بھرے ہوئے ابر کو اٹھائے ہوں۔ لَلَاقِحُ (لُقِحَۃٌ کی جمع) کا بھی یہی معنی ہے (راغب)

صاحبِ منتہی الارب نے لکھا ہے لَوَاقِحَ حاملہ کرنیوالی ہوائیں یعنی لواقح کو متعدی قرار دیا ہے اور صراحت کی ہے کہ لواقح لاقح کی جمع ہے اور نادر ہے، لُقِحَۃٌ ہونا چاہیے، رِیحٌ لُقِحَۃٌ کہا جاتا ہے۔ صاحبِ منتہی الارب کی یہ صراحت غلط ہے، ہوا حاملہ نہیں کرتی، پھر لَلَاقِحَۃَ کو لُقِحَۃٌ کے معنے کے لئے قرار دینے کی ضرورت ہی کیا ہے، ہوا کو حاملہ کرنیوالا کیوں سمجھ لیا جائے ہوا تو خود حاملہ ہوتی ہے پانی سے بھرے ہوئے ابر کو اٹھاتی ہے۔ لقاح کا معنی لطفہ ہے یعنی پانی۔ تعجب ہے کہ تمام اہلِ لغت نے مجرد کو لازم لکھا ہے، خود صاحب منتہی الارب نے لَقِحَ کو لازم ہی کہا ہے، پھر لواقح کا معنی حاملہ کرنیوالی ہوائیں کیسے ہوگیا؟ ہاں یہ ممکن ہے کہ مزید کو مجرد کا ہم معنی قرار دیدیا جائے کیونکہ اِلْقَاحٌ کا ترجمہ اگرچہ حاملہ کرنا ہے لیکن بابِ افعال کی خاصیات میں سے صاحبِ ماخذ ہونیکی بھی ایک خاصیت ہے اس لئے لُقِحَۃٌ کا معنی صاحبِ لقاح یعنی حاملہ ہوسکتا ہے، اسی وجہ سے راغب نے لَلَاقِحَ کو لَوَاقِحَ کے معنی میں کہا ہے۔ پ۱۴

اَللَّوَّامَۃِ: صیغہ مبالغہ مؤنث، لَوَّامٌ مذکر بہت ملامت کرنیوالا۔ حسن بصری کے نزدیک نفسِ مومن مراد ہے جو ہمیشہ اپنے آپکو ملامت کرتا ہے خواہ کتنی ہی نیکی کرے کہتا ہے اس سے زیادہ کیوں نہ کی۔ ملی نے اس قول کو پسند کیا ہے مقاتل نے کہا کافر مراد ہے جو قیامت کے دن اپنے آپ کو ملامت کرے گا کہ دنیا میں کیوں ایمان وخیر کی طرف مائل نہیں ہوا۔ قتادہ اور مجاہد کا بھی یہی قول ہے، فراء نے کہا قیامت کے دن ہر شخص نیک ہو یا بد اپنے نفس کو ملامت کریگا، بدکار کہیگا میں نے بدی کیوں کی؟ نیک کہیگا میں نے نیکی زیادہ کیوں نہیں کی؟ سعید بن جبیر

Presented by Ziaraat.Com

اور عکرمہ کے کلام سے مترشح ہوتا ہے کہ نیک ہو یا بد، مومن ہو یا کافر، آیت میں ہر شخص مراد ہے کیونکہ کسی شخص کو نہ سکھ پر قرار ہے نہ دکھ پر، خیر ہو یا شر، ہر شخص اپنے کو برا کہتا ہی رہتا ہے۔ (جلالین و معالم وغیرہ) ۲۹/۷

لَوح: مفرد، الواح جمع، کشتی کا تختہ، ہر تختہ لکھنے کی چوڑی تختی کسی چیز کی ہو، لوحِ محفوظ جس کو ام الکتاب بھی کہا گیا ہے کیا ہے؟ کیسی ہے؟ اللہ کے سوا کسی کو معلوم نہیں۔ حضرت ابن عباس، مجاہد اور مقاتل وغیرہم سے کچھ اقوال ناقابلِ فہم مروی ہیں جو معالم کبیر اور تفسیر ابن کثیر میں موجود ہیں، نقل کرنا موجب طول اور لاطائل ہے، بس مراد اللہ کی علمی کتاب ہے جس میں ہر چیز موجود ہے، سابق و لاحق، حاضر و غائب کوئی ذرہ اس سے پوشیدہ نہیں جس طرح لوح اپنی تحریر کو ظاہر کر دیتی ہے، واقعات گزر جاتے ہیں، لوح پر تحریر باقی رہتی ہے اور اپنے مضمون کو ظاہر کرتی رہتی ہے، لوح کا معنی ہی ظہور ہیں، اسی مناسبت سے شاید اللہ کے صحیفۂ علمی کو لوح کہا جاتا ہے جو کمی بیشی اور بقول بغوی شیاطین کی دسترس (اور بقول محققین مخلوق کی علمی رسائی) سے محفوظ ہے۔ ب ۳۰/۱

لُوط: حضرت ابراہیم کے بھائی ہاران کے بیٹے کا نام لوط تھا جو پیغمبر تھے، معالم، جلالین، خازن اور عموماً کتب لغت میں یہی صراحت ہے، آپ کو بحر مردار کی ساحلی بستیوں کی ہدایت کے لئے بھیجا گیا تھا جن میں سب سے بڑی بستی سدوم تھی، عموماً لوگ لواطت، رہزنی اور ناپ تول کی کمی میں مبتلا تھے، لوگوں نے تصدیق نہ کی، ایمان نہ لائے، سرکشی کی حجت تمام ہو گئی، عذابِ الٰہی نازل ہوا، آبادیوں کو الٹ دیا گیا، اوپر سے نوکیلے کنکروں کی بارش ہوئی، حضرت لوط کی بیوی بھی بدکیش تھی، وہ بھی ماری گئی، اہلِ حق بچا لیے گئے۔

عربی میں لوط بالضم تو اسی معنی میں مستعمل ہے اور منصرف ہے لیکن لُوطٌ اور بعض دوسرے الفاظ اسی مادہ سے مشتق، مختلف معانی کے لئے مستعمل ہیں مثلاً لُوط چادر کو کہتے ہیں، سود کو کہتے ہیں، دلچسپ پیر کو کہتے ہیں، اس شخص کو بھی کہتے ہیں جو پھرتیلا ہو، ہر کام میں ہاتھ ڈال دے۔ لِیاطٌ سُودٌ، لَاطَ الحَوضَ، ولَاطَ

بالحوض (نصر) حوض پر کہنگل کی لَاطَ الشَّیْئَ بِقَلْبِیْ (لازم) فلاں چیز میرے دل کو بھا گئی، لَاطَہٗ یَدًا بِسَہْمٍ زید کو تیر مار کر گرا دیا لَاطَ زَیْدًا بِعَیْنٍ زید کو نظر لگا دی، لَاطَ الشَّیْئَ چیز کو چھپا لیا، لَاطَ فِی الْاَمْرِ معاملہ میں جھگڑا کیا۔ آخر الذکر کا مصدر لَاطٌ ہے اور باقی کا مصدر لَوْطٌ (قاموس و لسان) ۱۲/۷، ۱۴/۴، ۱۷/۱۳، ۱۹/۱۳، ۲۰/۱۵، ۲۳/۱۰، ۲۶/۱۵، ۲۷/۹، ۲۸/۲۰۔

لُوطًا: ۷/۱۶، ۸/۱۷، ۱۲/۷، ۱۷/۵، ۱۹/۱۹، ۲۰/۱۵، ۱۶، ۲۳/۸۔

لَوْ: ۱۔ حرفِ شرط ہے دو جملوں پر آتا ہے اول سبب دوسرا مسبب یا اول شرط دوسرا جزا ہوتا ہے، اصل یہ ہے کہ دونوں جملے فعلیہ ماضیہ ہوتے ہیں جس طرح اِنْ مستقبل کے لئے آتا ہے اسی طرح لَوْ ماضی کے لئے، اِنْ کے ترجمہ میں کہا جائے گا اگر ایسا ہوگا یا نہ ہوگا تو ایسا ہوگا یا نہ ہوگا اور لَوْ کے ترجمہ میں کہا جائیگا اگر ایسا ہوگیا ہوتا یا نہ ہوا ہوتا تو ایسا ہو جاتا یا نہ ہو جاتا۔

کیا لَوْ امتناع پر دلالت کرتا ہے

شلوبین اور ابن ہشام خضراوی کہتے ہیں لَوْ کا مفہوم صرف تعلیق ہے یعنی دوسرے جملہ کو پہلے جملہ کے ساتھ مشروط کر دینا، رہی یہ بات کہ شرط موجود نہیں ہوئی یا جزا موجود نہیں ہوئی یا دونوں موجود نہیں ہوئیں، یہ بات لَوْ کے مفہوم سے خارج ہے۔

حقیقت میں قول مذکور ایک واضح حقیقت کے انکار کے مرادف ہے، بداہۃ کا انکار ناقابلِ التفات ہے اس لئے اہلِ ادب کی پوری جماعت امتناع کی قائل ہے لیکن پہلے جملے کے امتناع کی یا دوسرے جملہ کے امتناع کی یا دونوں جملوں کے امتناع کی یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے اس میں تین قول ہیں، تینوں قولوں میں حکم بالامتناع مشترک حقیقت ہے اسی لئے سیبویہ نے لَوْ شرطیہ کی تعریف میں کہا ہے لَوْ حَرْفٌ یَدُلُّ عَلٰی مَا سَیَقَعُ لِوُقُوْعِ غَیْرِہٖ یا یوں کہا لَوْ حَرْفٌ لِمَا سَیَقَعُ لِوُقُوْعِ غَیْرِہٖ یعنی لَوْ وہ حرف ہے جو بوقت وجودِ شرط وجودِ جزاء کے واقع ہونے پر دلالت کرتا ہے، ابنِ مالک بدر الدین نے کہا یَدُلُّ عَلٰی انْتِفَاءِ تَالٍ یَلْزَمُ لِثُبُوْتِہٖ ثُبُوْتُ تَالِیْہِ یعنی لَوْ اس جملہ کے انتفاء پر دلالت کرتا ہے جو اس کے بعد ہی آتا ہے اور جس کے وجود سے پیچھے آنیوالے جملہ کا وجود لازم آتا ہے بعض نے اختصار کے ساتھ صاف کہدیا، حرف

امتناعِ لامتناع - اختلافی اقوال حسبِ ذیل ہیں:-

۱ لو صرف امتناعِ مسبب پر دلالت کرتا ہے، یہ قول انتہائی مرجوح ہے۔

۲ نحویوں کی ایک بڑی جماعت اور عجمی عرب قائل ہیں کہ لو امتناعِ شرط پر بھی دلالت کرتا ہے اور امتناعِ جزاء پر بھی یعنی لو سے معلوم ہوتا ہے کہ نہ شرط واقع ہوئی نہ جزاء، یہ قول بھی غلط ہے بوجوہِ ذیل وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَا اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا۔ اگر ہم ان پر ملائکہ کو نازل کر دیتے اور مردے بھی ان سے بات چیت کرتے اور ہر چیز ان کے سامنے لا جمع کرتے تب بھی وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لے آتے۔ دیکھو شرط مثبت ہے اور جزاء منفی، مثبت کا انتفاء منفی اور منفی کا انتفاء مثبت ہوتا ہے، اگر لو کو اس جگہ شرط و جزاء دونوں کے امتناع کے لئے قرار دیا جائے تو یہ مطلب ہوگا ہم نے ملائکہ کو نازل نہیں کیا، مردوں نے ان سے کلام نہیں کیا، ہر چیز ہم نے ان کے سامنے لاکر جمع نہیں کر دی، تب بھی وہ ایمان لے آئے، یہ مطلب بالکل الٹا اور مقصود کی ضد ہے۔ دوسری آیت ہے:

وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ۔

زمین میں جو درخت ہے اگر اس کے قلم ہو جاتے اور سمندر روشنائی بن جاتے اور اس کے پیچھے سات سمندر اور بھی روشنائی بنانے میں مدد کرتے تب بھی اللہ کے معلومات ختم نہیں ہوتے۔ اب بر تقدیرِ امتناعِ جزء میں یوں کہو کسی درخت کا قلم نہیں بنا نہ کسی سمندر کی روشنائی بنی پر اللہ کے معلومات ختم ہو گئے۔ اسکی وجہ بھی وہی ہے کہ اصل کلام میں شرط مثبت اور جزاء منفی ہے بصورتِ امتناعِ شرط منفی اور جزاء مثبت ہو گی۔

ایک مرتبہ حضرتِ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا نِعْمَ الْعَبْدُ صُهَيْبٌ لَوْ لَمْ يَخَفِ اللّٰهَ لَمْ يَعْصِهٖ

صہیب اچھا بندہ ہے اگر اسکو خدا کا خوف نہ ہوتا تب بھی اللہ کی نافرمانی نہ کرتا، بر تقدیرِ امتناعِ جزء میں یہ مطلب ہوگا، صہیب اللہ سے ڈرتا ہے اس لئے نافرمانی کرتا ہے۔ یہ مطلب اس لئے ہوا کہ دونوں جز منفی ہیں، امتناع کے بعد

Presented by Ziaraat.Com

مثبت ہونا لازم ہے۔

پس صحیح قول یہ ہے کہ

۳ کہ لو صرف امتناعِ شرط پر دلالت کرتا ہے، اب اگر شرط و جزا میں مساوات ہو تو جزا کی نفی بھی ضرور ہو جائے گی جیسے لَوْ كَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً فَالنَّهَارُ مَوْجُودٌ اگر سورج برآمد ہوتا تو دن موجود ہوتا۔ وجودِ روز طلوعِ آفتاب کے لازم مساوی ہے، ایسا کبھی نہیں ہو سکتا کہ دن موجود ہو اور سورج نہ نکلا ہو، اس لئے اس جگہ امتناعِ طلوعِ شمس بھی ہے اور امتناعِ نہار بھی، امتناع کا مطلب اس طرح ہوا، چونکہ سورج نہیں نکلا اس لئے دن نہیں ہوا، لیکن اگر جزا شرط کے ساتھ مساوی نہ ہو بلکہ عام ہو تو امتناع صرف جزء اول میں ہوگا جزء دوم میں نہ ہوگا۔

تحقیقِ مقام

اگر شرع یا عقل کی شہادت ہو کہ جزا کا انحصار شرط پر ہے تو امتناع اول سے امتناعِ دوم لازم ہوگا جیسے وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنَاهُ بِهَا شرع کا قطعی فیصلہ ہے کہ وجودِ رفعت کا انحصار وجودِ مشیت پر ہے اس لئے انتفاءِ مشیت سے انتفاءِ رفعت ضرور ہوگا، امتناعِ اول امتناعِ دوم کا موجب ہے اور جیسے لَوْ كَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً فَالنَّهَارُ مَوْجُودٌ عقل کی شہادت ہے کہ وجودِ نہار طلوعِ آفتاب کے ساتھ وابستہ ہے اس لئے طلوعِ شمس اگر نہ ہو تو وجودِ نہار بھی نہ ہوگا، امتناعِ اول سے امتناعِ دوم لازم ہے، اسی طرح وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ وغیرہ۔

اگر شرع یا عقل عدمِ انحصار کی موجب ہو اور شہادت دے رہی ہو کہ جزا کا حصر میں نہیں ہے البتہ وجودِ شرط کے وجودِ جزا لازم ہے تو امتناعِ اول سے امتناعِ دوم ہرگز نہ ہوگا جیسے لَوْ نَامَ لَانْتَقَضَ وُضُوءُهُ شرعی شہادت ہے کہ وضو ٹوٹنے کا حصر خواب میں نہیں ہے بغیر خواب کے بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے اس لئے انتفاءِ نوم سے نقضِ وضو کا انتفاء یعنی وضو کا اثبات ہرگز نہ ہوگا، یا جیسے لَوْ كَانَتِ الشَّمْسُ طَالِعَةً فَالضَّوْءُ مَوْجُودٌ عقل شاہد ہے کہ روشنی کا وجود محض طلوعِ آفتاب پر موقوف نہیں ہے

Presented by Ziaraat.Com

چاند ستاروں چراغوں بجلی کے قمقموں اور آگ
کے شعلوں سے بھی روشنی ہوتی ہے اس لئے
طلوعِ آفتاب کا فقدان انتفاءِ ضوء کی علت
نہیں ہوسکتا، انتفاءِ اول سے انتفاءِ دوئم
ہرگز نہ ہوگا، اگر شرع اور عقل نہ انحصار کی موجب
ہوں نہ عدمِ انحصار کی بلکہ انحصار کی مجوز ہوں
مانع نہ ہوں تو اگر جزاء شرط کے مساوی ہوگی تو انتفاءِ
اول سے انتفاءِ دوم لازم ہوگا مساوی نہ ہوگی
تو نہ ہوگا جیسے جَاءَنِیْ زَیْدٌ اَکْرَمْتُہٗ
عقل مجوزِ انحصار بھی ہے اور مجوزِ عدمِ
انحصار بھی۔

بلکہ کبھی صرف جزاء کے وجود کو ثابت کرنا
مقصود ہوتا ہے خواہ شرط موجود ہو یا مفقود جیسے وَلَوْ
رُدُّوْا لَعَادُوْا دنیا میں کافروں کو لوٹا کر بھیجا جائے
یا بھیجا جائے، بہرحال ان کا کفر کرنا لازم ہے اس
شرطیہ میں ان کے کفر کو ثابت کرنا مقصود ہے اس
مقصود میں شرط کے وجود یا فقدان کو دخل
نہیں ہے۔

بلکہ اس سے بھی زیادہ کبھی مقصود یہ ہوتا
ہے کہ وجود شرط کے وقت جب وجودِ جزاء
یقینی ہے تو عدمِ شرط کے وقت تو جزاء کا تحقق
بدرجۂ اولیٰ اور بطریقِ اکمل ہے جیسا کہ آیت وَلَوْ
اَنَّنَا نَزَّلْنَا اِلَیْہِمُ الْمَلٰٓئِکَۃَ وَکَلَّمَہُمُ الخ میں
عدمِ ایمان کو انزالِ ملائکہ اور کلامِ موتی پر مبنی کرکے
یہ بتانا مقصود ہے کہ ایسے بے سروپا مطالبات
کی تکمیل کے بعد بھی جبان کا عدمِ ایمان یقینی ہے
تو مطالبات کی تکمیل نہ ہونے کی صورت میں
تو ایمان نہ لانا بدرجۂ اتم ہونا ہی چاہیئے یا
جیسا کہ آیت وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَۃٍ
اَقْلَامٌ الخ میں ظاہر کیا ہے کہ تمام درختوں کے قلم
بننے اور سارے سمندروں کی روشنائی بن جانے
کی تقدیر پر بھی جب پورے معلوم الٰہیہ لکھے
نہیں جاسکتے اور اللہ کے مقدورات کا سرا کہیں
ہاتھ نہیں آتا تو سمندروں کی روشنائی اور کل درختوں
کے قلم نہ بننے کی شکل میں اللہ کے معلومات و مقدورات
کی انتہاء اور اختتام پذیری نہ ہونا بدرجۂ
اتم ہونا ہی چاہیئے یا جیسا کہ آیت لَوْ
سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَکُمْ میں عدمِ استجابت
کو تقدیرِ سماع پر مرتب کیا ہے تو نہ سننے کی صورت
میں نہ ماننا بدرجۂ اولیٰ ہونا چاہیئے یا آیت وَلَوْ
اَسْمَعَہُمْ لَتَوَلَّوْا میں ثابت کیا ہے کہ اگر اللہ ان کو
سنادے تب بھی روگرداں رہیں گے تو

Presented by Ziaraat.Com

برتقدیر عدم اسماع روگرداں ہونا بالکل ہی واضح ہے
یا جیسا کہ آیت لَوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ
رَحْمَةِ رَبِّيْ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ
میں بیان کیا ہے کہ بالفرض اگر پروردگار کی رحمت
کے تمام خزانے تمہارے قبضہ میں آجاتے تب بھی
ختم ہو جانے کے اندیشہ سے تم کسی کو نہ دیتے
تو اب جبکہ رحمتِ پروردگار کے خزانے بھی
تمہارے قبضہ میں نہیں ہیں، تمہارا کنجوس ہونا
محتاجِ ثبوت نہیں، یا جیسا کہ ایک حدیث میں
آیا ہے اِنَّهَا لَوْ لَمْ تَكُنْ رَبِيْبَتِيْ فِيْ
حَجْرِيْ مَا حَلَّتْ لِيْ اِنَّهَا لَابْنَةُ اَخِيْ
مِنَ الرَّضَاعَةِ، زینب بنت ام سلمہ اگر میری
بیوی ام سلمہ کے ساتھ نہ آئی ہوتی اور میری پرورش
(بیٹی) نہ ہوتی تب بھی وہ میرے لئے حلال نہ
تھی کیونکہ وہ میرے دودھ شریک بھائی کی
بیٹی ہے یعنی اب تو حرمت کی دو وجہیں موجود
ہیں رضاعی بھائی کی بیٹی ہونا اور ربیبہ ہونا اس لئے
حرمت بدرجہ اولیٰ ہے، ایک اور حدیث
آئی ہے لَوْ طَلَعَتْ مَا وَجَدَتْنَا غَافِلِيْنَ
حضور والا نے جب نمازِ فجر کو زیادہ طول دے دیا
تو عرض کیا گیا حضور سورج نکلا ہی چاہتا
ہے، اس پر ارشاد فرمایا اگر نکل آتا تو ہم کو ذکرِ الٰہی
سے غافل نہ پاتا، مقصود یہ کہ اب جب کہ
نکلنے سے پہلے ہم نے نماز ختم کر دی تو ہم کو
غافل پانے کا سوال ہی نہیں ہے، اب تو وہ
ہم کو غافل پا سکا نہ ذاکر، اسی طرح حضرتِ عمر
کا وہ قول ہے جو آپ نے حضرتِ صہیب کے
متعلق فرمایا تھا لَوْ لَمْ يَخَفِ اللّٰهَ لَمْ يَعْصِهِ
یعنی اللہ سے نہ ڈرنے کی صورت میں بھی
صہیب سے اللہ کی نافرمانی نہیں ہوتی اب
تو اللہ کا خوف بھی موجود ہے تو عدمِ عصیان
بطریقِ اولیٰ ہونا چاہیے۔

ایک آیت پر شبہ اور اس کا ازالہ

وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ وَلَوْ
اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا یہ ایک قیاس ہے جس میں دو شرطیہ
قضیے ہیں لیکن نتیجہ غلط ہے اگر اللہ کو ان کے
اندر کوئی بھلائی معلوم ہوتی تو ان کو (پیامِ ہدایت)
سناتا اور اگر (پیامِ ہدایت) سنا دیتا تب
بھی روگردانی کرتے نتیجہ یہ نکلا کہ اگر اللہ کو ان
کے اندر کوئی بھلائی معلوم ہوتی تب بھی وہ
روگردانی کرتے۔

ازالہ یہ قیاس ہی نہیں ہے قیاس کے لئے

Presented by Ziaraat.Com

حدِ اوسط ہونا ضروری ہے اس میں حدِ اوسط نہیں ہے اس لئے کہ پہلے اَسْمَعَهُمْ سے مراد ہے ایسا سنانا جو مفید ہو اور دوسرے اَسْمَعَهُمْ سے مراد ہے غیر مفید سنانا جب دونوں قضیوں میں اسماع کی نوعیت مختلف ہے تو اَسْمَعَهُمْ کو حدِ اوسط نہیں بنایا جاسکتا یا یوں کہو کہ دوسرے قضیہ میں اَسْمَعَهُمْ سے مراد یہ ہے کہ باوجودیکہ اللہ ان کے اندر خیر کی موجودگی نہیں جانتا پھر بھی اگر سنادے تو وہ روگردانی ہی رہیں گے۔

نمبر دوم لَوْ کبھی اِنْ وصلیہ کے معنی میں بھی مستعمل ہے جس میں نفی فی الاستقبال مقصود ہوتی ہے جیسے وَلَوْ كُنَّا صَادِقِيْنَ (اگرچہ ہم سچے ہوں) وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ (اگرچہ مشرک ناگوار سمجھیں) وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ (اگرچہ تمکو ناپاک کی کثرت اچھی معلوم ہو) وَلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ (اگرچہ مشرک باندی تمکو بھی معلوم ہو) وَلَوْ اَعْجَبَكُمْ (اگرچہ مشرک غلام تمکو بھلا معلوم ہو) وَلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ (اگرچہ ان کا حسن تم کو بھلا معلوم ہو)۔

ایک شاعر کا قول ہے ؎

قَوْمٌ اِذَا حَارَبُوْا شَدُّوْا مَآزِرَهُمْ
دُوْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ بَاتَتْ بِاَطْهَارِ

جنگ کی تیاری کے وقت وہ عورتوں کو چھوڑ کر اپنی لنگیاں مضبوط باندھ لیتے ہیں اگرچہ عورتیں طہر کی حالت میں راتیں بسر کرتی ہوں۔

نمبر سوم لَوْ کبھی اَنْ مصدری کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے لیکن ان کی طرح فعل مضارع کو نصب نہیں دیتا، ایسا استعمال اکثر اس وقت ہوتا ہے جب لَوْ، وَدَّ یَوَدُّ کے بعد آتا ہے جیسے وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ تمہارے دین میں نرمی کو وہ دل سے چاہتے ہیں۔ یَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ (ہزار برس زندہ رہنے کو ان میں سے بعض لوگ دل سے چاہتے ہیں) وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ایمان کے بعد تمہارے کافر بنا دینے کے خواہشمند بکثرت اہلِ کتاب ہیں۔

نضر بن حارث کی بہن قتیلہ نے اپنے بھائی کے سلسلہ میں حضور سے کہا تھا مَا كَانَ ضَرَّكَ لَوْ مَنَنْتَ وَرُبَّمَا مَنَّ الْفَتٰى وَهُوَ الْمَخِيْطُ الْمُحَنَّقُ اگرچہ احسان رکھ کر آپ اسکو چھوڑ دیتے تو

آپ کا کچھ بگاڑ نہ ہوتا، اگر ایسا ہوتا ہے کہ باوجود انتہائی غضب ناک اور ناراض ہونے کے آدمی احسان کر دیتا ہے۔

اعشیٰ کا قول ہے ؎

وَرُبَّمَا فَاتَ قَوْمًا جُلُّ أَمْرِهِمْ
مِنَ التَّأَنِّي وَكَانَ الْحَزْمُ لَوْ عَجِلُوا

تاخیر کی وجہ سے اکثر بڑا کام لوگوں کے ہاتھوں سے فوت ہو جاتا ہے ایسے وقت جبکہ عجلت دانشمندی ہو۔

امرء القیس بن حجر نے کہا تھا ؎

تَجَاوَزْتُ أَحْرَاسًا عَلَيْهَا وَمَعْشَرًا
حِرَاصًا عَلَيَّ لَوْ يُسِرُّونَ مَقْتَلِي

میں محبوبہ تک پہنچنے کے لئے چوکیداروں سے اور اس گروہ سے آگے بڑھ گیا جو چھپکر مجھے مار ڈالنے کا بڑا خواہشمند تھا۔

(نوٹ) اَنْ مصدری کے معنی میں لَوْ کا استعمال صرف فراء، ابو علی، ابو البقاء، تبریزی، ابن مالک کے نزدیک ہے، دوسرے لوگ منکر ہیں۔

نمبر چہارم: لَوْ تمنائی لَیْتَ کا ہم معنی بھی آتا ہے۔ ابن الصائغ اور ابن ہاشم اس کے مثبت ہیں جیسے فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً کاش ایک بار اور ہم کو دنیا میں جانا مل جاتا، يَوَدُّوا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُونَ فِي الْاَعْرَابِ وہ چاہتے ہیں کہ کاش شہر سے باہر وہ دیہات میں بدویوں کے ساتھ جا بستے۔ بعض نے کہا یہ لَوْ شرطیہ ہی ہے جس کو تمنا کا معنی پلا دیا گیا تھا۔ زمخشری کے قول سے بھی اس کی تائید مترشح ہوتی ہے کیونکہ زمخشری نے لکھا ہے لَوْ فِي مَعْنَى التَّمَنِّي تمنا کے معنی میں لَوْ کا استعمال ہو جاتا ہے۔ ابن مالک نے کہا حقیقت میں یہ لَوْ مصدریہ ہے جس کے بعد فعل تمنا کی ضرورت نہیں رہتی یعنی شرطیہ تو نہیں ہے مصدریہ ہے جس سے تمنا کا مفہوم سمجھ میں آجاتا ہے اور فعل تمنا کو ذکر کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

نمبر پنجم: عرض کے لئے بھی لَوْ کا استعمال ہو جاتا ہے یعنی کسی کام کرنے پر شستگی اور سنجیدگی کے ساتھ ابھارنے کے لئے جیسے لَوْ تَنْزِلُ فَتُصِيبَ خَيْرًا اگر آپ ہمارے پاس آتے تو بھلائی پاتے۔ قرآن مجید میں یہ استعمال نہیں ہے۔ ابن ہاشم

Presented by Ziaraat.Com

نے مغنی اللبیب میں لکھا ہے۔

نمبر ششم :- ابن ہشام نے لکھا ہے کہ لَوْ کبھی تقلیل کے لئے بھی آتا ہے یا یوں کہو کہ آسان سے مشکل کی طرف ترقی کرنے یا بڑے کام سے چھوٹے کام کی طرف تنزل کے لئے، جیسے شُهَدَاءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰى أَنْفُسِكُمْ مسلمانو! انصاف کے ساتھ اللہ کے واسطے شہادت دینے کے لئے کھڑے ہو جاؤ خواہ کسی کے خلاف پڑے) اگرچہ خود تمہارے ہی خلاف ہو۔

ایک حدیث میں آیا ہے تَصَدَّقُوْا وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْتَرِقٍ صدقہ دو اگرچہ جلی ہوئی کمری ہی ہو۔

ہم بالکل آغازِ بحث میں لکھ آئے ہیں کہ لَوْ شرطیہ ماضی پر داخل ہوتا ہے اور تعلیق فی الماضی کے لئے آتا ہے، عموماً لَوْ کا استعمال ایسا ہی ہوتا ہے لیکن مستقبل پر بھی کبھی آجاتا ہے اور تعلیق مستقبل کے لئے مستعمل ہوتا ہے بدرالدین ابن مالک نے اور ابن الحاج نے نقد المقرب میں اس کا انکار کیا ہے، بہر حال ایسا ہے خواہ اس کی کچھ ہی تاویل کی جائے۔ ابو صخر ہذلی یا قیس بن ملوح مجنوں کے شعر ہیں ؎

وَلَوْ تَلْتَقِي أَصْدَاءُنَا بَعْدَ مَوْتِنَا
وَمِنْ دُوْنِ رَمْسَيْنَا مِنَ الْأَرْضِ سَبْسَبُ

ہمارے مرنے کے بعد اگر ہماری لاشوں کے سروں سے نکلنے والے پرندوں کی ملاقات ہو جبکہ ہماری قبروں کے درمیان وسیع میدان بھی واقع ہو۔

لَظَلَّ صَدٰى صَوْتِيْ وَإِنْ كُنْتُ رِمَّةً
يُصَوِّتُ صَدٰى لَيْلٰى يَهِشُّ وَيَطْرَبُ۔

تب بھی باوجودیکہ میں ریزہ ریزہ ہو چکا ہوں گا پھر بھی میرے سر سے نکلنے والا پرندہ لیلیٰ کے سر سے نکلنے والے پرندہ کی آواز سے پھڑک اٹھے گا اور بے تاب ہو جائیگا یا خوش اور مسرور ہوگا)

ایک اور شاعر نے کہا ہے ؎

لَا يُلْفِكَ الرَّاجِيْكَ إِلَّا مُظْهِرًا
خُلُقَ الْكِرَامِ وَلَوْ تَكُوْنُ عَدِيْمَا

خواہ تمہارے پاس کچھ بھی نہ ہو لیکن جو تم سے امید لگا کر تمہارے پاس آتا ہے وہ تم کو کریمانہ عادت کا مظہر ہی پاتا ہے۔

صورتِ مذکورہ میں اگرچہ لَوْ مستقبل پر آتا

Presented by Ziaraat.Com

ہے لیکن جزم کا عمل نہیں کرتا جیسا کہ اشعارِ مذکورہ سے واضح ہے، ہاں بطورِ شاذ جزم بھی آیا ہے۔

ایک شعر ہے ؎

تَامَتْ فُؤَادَكَ لَوْ يُخَبِّرُكَ مَا صَنَعَتْ
اِحْدٰى نِسَاءِ بَنِي ذُهْلِ بْنِ شَيْبَانَا

خاندان ذہل بن شیبان کی ایک عورت نے تیرے دل کو تسخیر کر لیا، اگر اس کی یہ حرکت تجھے رنجیدہ کرتی تو ایسا نہ ہوتا۔

لَوْ کے بعد کبھی اسم بھی آتا ہے جو فعل محذوف کا معمول ہوتا ہے اور بعد کو ذکر ہونے والا فعل محذوف کی تفسیر ہوتا ہے جیسے وَلَوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ یعنی وَلَوْ تَمْلِكُوْنَ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ (اگر تم مالک ہو جاؤ)

حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا لَوْ غَيْرُكَ قَالَهَا یعنی لَوْ قَالَهَا غَيْرُكَ قَالَهَا (تیرے علاوہ کسی اور نے اگر یہ بات کہی ہوتی)

ایک شاعر کا قول ہے:

لَا يَأْمَنُ الدَّهْرَ ذُوْ بَغْيٍ وَلَوْ مَلِكًا
جُنُوْدُهٗ ضَاقَ عَنْهَا السَّهْلُ وَالْجَبَلُ

کوئی ظالم حوادثِ زمانہ سے بے خوف نہیں ہوتا خواہ وہ بادشاہ ہی ہو جس کے لشکر کی کثرت سے میدان اور پہاڑ بھی تنگ ہوں۔

اَنَّ اپنے اسم کے ساتھ لَوْ کے بعد بکثرت آتا ہے جیسے وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا۔ وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا۔ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ وَلَوْ اَنَّ لَيْلٰى الْاَخْيَلِيَّةَ سَلَّمَتْ عَلَيَّ۔

کوفی علماء ادب اور زجاج اور مبرد اَنَّ سے پہلے فعل ماضی محذوف مانتے ہیں اور اَنَّ کو مع مابعد کے اس کا فاعل قرار دیتے ہیں، اصل کلام یوں تھا وَلَوْ ثَبَتَ اَنَّهُمْ وَلَوْ ثَبَتَ اَنَّ لَيْلٰى الخ

زمخشری کہتا ہے کہ لَوْ کے بعد جو اَنَّ آتا ہے اسکی خبر کا فعل ہونا واجب ہے جیسے امثلہ مذکورہ میں اٰمَنُوْا۔ صَبَرُوْا۔ فَعَلُوْا كَتَبْنَا۔ سَلَّمَتْ موجود ہیں، ابنِ حاجب نے اسکی تردید میں یہ آیت پیش کی ہے وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ دیکھو اسمیں اَقْلَامٌ اَنَّ کی خبر ہے اور فعل نہیں ہے اس کے بعد ابنِ حاجب نے کہا ہاں اگر خبر مشتق ہو تو فعل ہونا لازم ہے جیسے ؎

وَمَا اَطْيَبَ الْعَيْشَ لَوْ اَنَّ الْفَتٰى حَجَرٌ
تَنْبُوْ الْحَوَادِثُ عَنْهُ وَهُوَ مَلْمُوْمُ

Presented by Ziaraat.Com

اگر آدمی لڑکتا ہوا پتھر ہو جائے کہ اس پر حوادث اثر نہ کریں تو ایسی زندگی کیسے مزہ کی ہو۔

ابن مالک نے کہا یہ بھی غلط ہے، دیکھو اس آیت میں خبر مشتق ہے اس کے باوجود اسم ہے فعل نہیں یَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِی الْاَعْرَابِ۔

لَوْ کا جواب مضارع منفی بلَمْ بھی ہوتا ہے اور ماضی مثبت بھی اور ماضی منفی بہ مَا بھی۔

دوسری صورت میں جواب پر اکثر لام آتا ہے لَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَاهُ حُطَامًا کبھی نہیں آتا لَوْ نَشَاءُ جَعَلْنَاهُ اُجَاجًا بیسری صورت میں اکثر لام نہیں آتا وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ کبھی آجاتا ہے ؎

وَلَوْ نُعْطَى الْخِيَارَ لَمَا افْتَرَقْنَا
وَلٰكِنْ لَا خِيَارَ مَعَ اللَّيَالِيْ

ہم کو اختیار دیا جاتا تو ہم جدا نہ ہوتے مگر حوادث زمانہ کی موجودگی میں کوئی اختیار نہیں۔

لَوْلَا : امتناعیہ، لَوْ حرف شرط اور لَا نافیہ سے مرکب ہے لفظاً کوئی تغیر نہیں پیدا کرتا۔ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے، اسمیہ اور فعلیہ، پہلے جملہ کا ایک جزء ضرور محذوف ہوتا ہے خواہ خبر ہو یا فعل۔ رمانی، ابن الشجری شلوبین اور ابن مالک کا قول ہے کہ لَوْلَا کے پہلے جملہ کی خبر اگر عام ہو جیسے کائن ثابت وغیرہ تو واجب الحذف ہے اگر عمومی خبر نہ ہو بلکہ کسی مادہ کے ساتھ مقید ہو مثلاً آکل، شارب، قائم، قاعد، ذاہب، ماشی وغیرہ اور بغیر ذکر کے معلوم نہ ہو سکے تو ذکر واجب ہے جیسے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا لَوْلَا قَوْمُكِ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِالْاِسْلَامِ لَهَدَمْتُ الْكَعْبَةَ اگر تمہاری قوم نئی نئی اسلام میں داخل شدہ نہ ہوتی تو میں کعبہ کو ڈھا دیتا اور دوبارہ ابراہیمی بنیادوں پر تعمیر کرتا) اور ذکر کے بغیر اگر خبر معلوم ہو سکتی ہو تو ذکر و حذف دونوں جائز ہیں۔ ابن الشجری نے اس کی مثال دی ہے وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ عَلَيْكُمْ۔ فضل اللہ کے متعلق ہو تو خبر محذوف ہوگی ورنہ نازل کے متعلق ہو تو فضل اللہ کی خبر ہو جائیگی۔

اگر لَوْلَا ضمیر پر داخل ہو تو ضمیر مرفوع ہوتی

Presented by Ziaraat.Com

ضروری ہے جیسے لَوْلَا اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ
مبرد کے نزدیک ضمیر کا مرفوع ہونا ضروری
نہیں۔

۲ تحضیض اور عرض کے لئے بھی لَوْلَا
آتا ہے یعنی فعل پر سختی کے ساتھ ابھارنا
یا لزمی سے کسی کام کی طلب کرنا، اول
تحضیض ہے، دوسرا عرض، اس وقت لَوْلَا
کے بعد مضارع آنا چاہیئے خواہ لفظاً یا معنیً
لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ کیوں نہیں اللہ سے
معافی مانگتے لَوْلَا اَخَّرْتَنِيْ اِلٰى اَجَلٍ قَرِيْبٍ

۳ ڈانٹنے اور توبیخ کرنے کے لئے
بھی لَوْلَا مستعمل ہے اس وقت ماضی پر داخل
ہوگا لَوْلَا جَآءُوْا عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ
کیوں نہ لائے اس پر چار گواہ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ
الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا
اٰلِهَةً اللہ کو چھوڑ کر جن کو انہوں نے حصولِ
قرب کے لئے معبود بنا رکھا تھا، انہوں نے
ان کی کیوں مدد نہ کی وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ
جب تم نے یہ بات سنی تھی تو کیوں نہیں کہہ دیا
فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا جب انہوں
نے ہمارا عذاب دیکھ لیا تھا تو کیوں زاری نہ
کی فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ
تَنْظُرُوْنَ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا
تُبْصِرُوْنَ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ
تَرْجِعُوْنَهَا جب جان حلق تک پہنچ جاتی ہے
تم اس وقت دیکھتے ہوتے ہو اور ہم بہ نسبت
تمہارے میت سے زیادہ قریب ہوتے ہیں
مگر تم کو نظر نہیں آتے پس اگر تم کو اعمال کا
بدلہ ملنا نہیں ہے تو اس (جاتی ہوئی جان)
کو لوٹا کیوں نہیں لیتے۔

(نوٹ) چونکہ لَوْلَا اور تَرْجِعُوْنَهَا میں
فاصلہ طویل ہو گیا تھا اس لئے تاکید کے لئے
لَوْلَا کو دوبارہ ذکر کر دیا۔

۴ ہروی کا قول ہے کہ لَوْلَا استفہام
کے لئے بھی آتا ہے جیسے لَوْلَا اَخَّرْتَنِيْ
اِلٰى اَجَلٍ قَرِيْبٍ اور لَوْلَا اُنْزِلَ عَلَيْهِ
مَلَكٌ جمہور اہلِ ادب کے نزدیک اول
آیت میں عرض کے لئے ہے اور دوسری آیت
میں توبیخ کے لئے۔

۵ ہروی نے یہ بھی کہا کہ لَوْلَا کبھی نافیہ
ہوتا ہے جیسے فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ
اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَا اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ

Presented by Ziaraat.Com

یونس کی قوم کے علاوہ کوئی دوسری آبادی ایسی نہیں ہوئی کہ (عذاب دیکھنے کے بعد) ایمان لے آئی ہو اور ایمان سے اسکو فائدہ پہنچا ہو، اخفش، کسائی، فراء، علی بن عیسیٰ، نحاس اور کثیر مفسرین نے اس جگہ لَوْلَا کو توبیخ کے لئے قرار دیا ہے اور توبیخ کے لئے نفی بہر حال لازم ہی ہے اس لئے نفی کا مفہوم ذیلی اور ضمنی طور پر آگیا، نفی کے لئے لَوْلَا کی کوئی مستقل قسم قرار دینا غلط ہے۔ زمخشری نے کشاف میں اس آیت کی تشریح کے ذیل میں لکھا ہے وَ الجملۃ فی معنی النفی، جملہ نفی کے معنی میں ہے لَوْلَا لِلنَّفْیِ نہیں کہا، اس سے بھی معلوم ہوا کہ لَوْلَا نفی کے لئے نہیں آتا بلکہ نفی کے معنی کو متضمن ہو جاتا ہے۔

۱ ب ۱۴،۸ ۲ ب ۱۷ ۵ ب ۱۴،۸ ۶ ب ۱۳ ۷ ب ۱۱،۱۰،۷ ۸ ب ۱۲ ۹ ب ۱۴
۱۰ ب ۵ ۱۱ ب ۷ ۱۲ ب ۱۳،۱۰،۸،۲ ۱۳ ب ۱۰،۷،۵ ۱۴ ب ۱۴،۸ ۱۵ ب
۱۵ ب ۱۷ ۱۶ ب ۱۷ ۱۷ ب ۱۳ ۱۸ ب ۱۶،۹،۸،۷ ۱۹ ب ۱۹،۴،۳،۱
۲۰ ب ۱۱،۸،۴ ۲۱ ب ۱۱،۲ ۲۲ ب ۱۰ ۲۳ ب ۹،۶ ۲۴ ب ۲۰،۱۹
۲۵ ب ۱۲،۹،۴،۳ ۲۶ ب ۱۱،۷،۴ ۲۷ ب ۱۶،۱۵ ۲۸ ب ۱۴،۴،۲،۱
۲۹ ب ۴،۳
لَوْمَا: شرطیہ ہے حرفِ تحضیض ہے، حرفِ توبیخ ہے، غیر جیسے لَوْمَا تَأْتِیْنَا بِالْمَلٰٓئِکَۃِ کیوں نہیں لے آتا ہم پر ملائکہ کو۔

مالقی کا خیال ہے کہ لَوْمَا صرف تحضیض کے لئے آتا ہے لیکن مندرجہ ذیل شعر میں لَوْمَا کو امتناعیہ استعمال کیا گیا ہے ؎

لَوْمَا الْاِصَاخَۃُ لِلْوُشَاۃِ لَکَانَ لِیْ
مِنْ بَعْدِ سُخْطِکَ فِیْ رِضَاکَ رَجَاءُ

اگر چغلخوروں کی شنوائی نہ ہوتی تو آپکی ناراضی کے بعد رضامند ہو جانے کی امید ہوتی۔

لُؤْلُؤًا: مفرد، لَآلِی جمع، موتی لَوْنٌ لُؤْلُؤِیٌّ (موتیا رنگ) لَوْنٌ لُؤْلُؤَانٌ کا بھی یہی معنی ہے لِاٰلَۃٌ (بروزن کِتَابَۃٌ) لَاَّلٌ (بروزن شداد) لَاْءٌ، لَاْلَاْءٌ سب کا معنی گوہر فروش، لَاْلَاْءٌ کامل خوشی کو بھی کہتے ہیں، رباعی سے لَاْلَاَ ماضی کا صیغہ آتا ہے جو لازم بھی ہے اور متعدی بھی لَاْلَاَتِ النَّارُ آگ روشن ہو گئی۔ لَاْلَاَ الدَّمْعُ آنسو بہائے لَاْلَاَتْ بِعَیْنِہَا خوب آنکھ کھولکر دیکھا۔ یہ تمام صیغے لفظ لؤلؤ سے ہی بنائے گئے ہیں۔ ۱۷/۱۰ ۲۲/۱۶ ۲۹/۱۹

اَللُّؤْلُؤُ: مفرد معرفہ مرفوع اللَّآلِی جمع موتی ۲۷/۱۱۔

اَللُّؤْلُؤُ: مفرد معرفہ مجرد، اللآلی جمع۔ موتی۔ ۲۷/۱۴

لَوْنُهَا: اسم مفرد۔ اَلْوَانٌ جمع، رنگ، صورت، ہیئت، جنس، نوع۔ تَلَوُّنٌ رنگ برنگ ہونا، رنگ بدل لینا۔ ایک حالت پر قائم نہ رہنا۔ تَلْوِیْنٌ رنگ برنگ کر دینا، رنگ بدل دینا۔ زَیْدٌ اَتٰی بِالْاَلْوَانِ مِنَ الْاَحَادِیْثِ زید نے رنگ برنگ اور قسم قسم کی باتیں کیں، تَنَاوَلَ اَلْوَانًا مِنَ الطَّعَامِ رنگا رنگ اور قسم قسم کے کھانے کھائے (راغب و قاموس) مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا اِخْتِلَافُ اَلْسِنَتِکُمْ وَاَلْوَانِکُمْ سے مراد ہے رنگ، صورت اور ہیئت کا اختلاف (راغب) (دیکھو اَلْوَان) اس جگہ صرف رنگ مراد ہے۔ ۱/۸

لَوَّوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، تَلْوِیَةٌ مصدر، باب تفعیل، لَیٌّ مادہ، وہ نیوڑاتے ہیں، گھماتے ہیں، لہراتے ہیں، اکڑاتے ہیں۔ یہ تمام علامات غرور کی ہیں۔ مجرد کا معنی بھی موڑنا توڑ مروڑ کرنا، لہرانا، دوہرا کرنا ہے۔ باب تفعیل میں لاکر اس فعل میں مبالغہ اور زیادتی کا اظہار کر دیا گیا (قاموس)

مجرد میں باب ضرب سے اس مادہ کے افعال لازم بھی آئے ہیں اور متعدی بھی، صلات کے اختلاف سے مفہوم میں بہت اختلاف ہو جاتا ہے مثلاً لَوَی الْغُلَامُ (لڑکا بیس سال کا ہو گیا) لَوَی الْحَبْلَ (رسی کو دوہرا کیا اور بٹا) لَوَی رَاْسَهٗ اور لَوَی بِرَاْسِهٖ (سر کو موڑ لیا، منہ پھیر لیا، اعراض کیا) لَوَی عَنِ الْاَمْرِ (اس کام میں سستی کی) لَوٰی اَمْرَهٗ عَنِّیْ لَیًّا اور لَیَّانًا اس کے معاملہ کو میری طرف سے لوٹا دیا لَوٰی فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ فلاں کو فلاں پر ترجیح دی۔ ایک کی تعظیم کی دوسرے کی نہ کی۔ لَوٰی بِدَیْنِهٖ لَیًّا قرض ادا کرنے میں دیر کی، ٹال مٹول کی۔ لَوٰی بِحَقِّهٖ اس کے حق کا انکار کر دیا۔ یہ تمام افعال باب ضرب سے آتے ہیں لَوَی الْکَلَاُ (مجرد) گھاس چارہ سوکھ گیا۔ لَوَی الْقِدْحُ تیر ٹیڑھا ہو گیا، اَلْوٰی الرَّجُلُ بِثَوْبِهٖ (باب افعال) اس آدمی نے کپڑے سے اشارہ کیا اَلْوٰی بِحَقِّهٖ اس کا حق مار لیا اَلْوٰی بِهٖ اس کو لے گیا۔ اَلْوٰی بِمَا فِی الْاِنَاءِ برتن میں جو کچھ تھا خود لے لیا، دوسروں کے حصہ پر بھی قبضہ کر لیا۔ اَلْوٰی بِهِمُ الدَّهْرُ

ان کو زمانہ نے ہلاک کر دیا، اَلْوٰی بِکَلَامِہٖ زبان پھیر گیا۔ لَوَیْتُ اَعْنَاقَ الرِّجَالِ فِی الْخُصُوْمَۃِ جھگڑے کے وقت میں نے لوگوں کی گردنیں مروڑ دیں۔ لَوَوْا رُؤُسَھُمْ انہوں نے سر نیوڑائے، گردنیں اکڑائیں۔ غرور کیا۔ ۲۸/۱۳

لَھَبٌ: مصدر، آگ بھڑکنا، دھوئیں اور غبار کو بھی لَھَبٌ کہتے ہیں (راغب) عبدالعزیٰ بن عبدالمطلب بہت حسین آدمی تھا، آگ کے شعلے کی طرح اس کا چہرہ چمکتا تھا اس لئے اس کی کنیت ابولہب ہو گئی تھی (منتہی الارب)

امام راغب نے لکھا ہے کہ بعض مفسرین کا قول ہے اس ابولہب کہنے سے کنیت مقصود نہیں ہے بلکہ اس کا دوزخی ہونا ظاہر کرتا ہے جس طرح جنگجو آدمی کو جو ہمیشہ لڑائیوں میں رہتا ہو اخوالحرب یا ابوالحرب کہتے ہیں، اسی طرح خدا تعالیٰ نے عبدالعزیٰ کو ابولہب فرما کر اس کو دوزخی ہونے کو ظاہر کیا، محلی نے اس کا بہترین فیصلہ کیا ہے، لکھا ہے کہ شروع میں چہرہ کی چمک دمک کی وجہ سے اس کی کنیت ابولہب تھی، اور آخر میں دوزخی ہونیکی وجہ سے یہی کنیت ہو گئی لَھَبَتِ النَّارُ (فتح) آگ بھڑک گئی اور بغیر دھوئیں کے صاف شعلے اٹھنے لگے، لَھَبٌ لَھِیْبٌ لُھَابٌ اور لَھَبَانٌ مصدر لَھِبَ پیاسا ہو گیا (سمع) لَھَبٌ مصدر (قاموس) اِلْھَابٌ آگ روشن کرنا اور گھوڑے کا خوب دوڑنا اور بہیم بجلی چمکنا (افعال) باب تفعل وافتعال میں آگ روشن ہونیکا معنی ہو گا اور باب تفعیل میں خوب آگ بھڑکانیکا ۳۰/۳۶ دو جگہ۔

اَللَّھَبِ: دیکھو لَھَبٍ، ۲۹/۲۱

لَھْوٌ: اسم مصدر، سنجیدگی چھوڑ کر مزاح کی طرف میلان اور جھکاؤ لَھْوٌ کہلاتا ہے اور کسی ایسے غیر مفید کام میں مشغول ہونا جس کے شغل میں مفید کام ترک ہو جائے، لعب ہے (ابوالسعود) راغب نے مؤخر الذکر کو لھو کہا ہے، لھو اصل میں جماع کو کہتے تھے امرؤالقیس بن حجر کندی کا شعر ہے ؎

اَلَا زَعَمَتْ بَسْبَاسَۃُ الْیَوْمَ اَنَّنِیْ
کَبِرْتُ وَاَنْ لَّا یُحْسِنَ اللَّھْوَ اَمْثَالِیْ

سنو! آجکل بسباسہ خیال کرتی ہے کہ میں عمر رسیدہ ہو گیا اور میرے جیسے آدمی جماع اچھی طور پر نہیں

Presented by Ziaraat.Com

کر سکتے، اس کے بعد خود عورت کو لہو کہنے لگے بلکہ ہر دانشمندانہ تفریح کا نام لہو ہو گیا، کھیل تماشا (معجم القرآن) ب ۱۰ ع ۲ ۲۱ ب ۸ ۲۶ ب ۱۹ ۲۷ (مزید تشریح دیکھو آلہی، لاہیۃ)

لَهْوًا: دیکھو لہو ب ۱۴ ع ۱۳ ۵ ب ۱۲ ۲۸ کھیل، تماشہ ب ۲۵ زن و فرزند۔

لَهْوَ الْحَدِيْثِ: لہو مضاف الحدیث مضاف الیہ، اضافت بتقدیر من، اصل میں لَهْوًا مِنَ الْحَدِيْثِ تھا، فضول، بیہودہ، بے سر و پا قصوں کا کھیل تماشا۔ مفسر بیضاوی اور زمخشری نے لکھا ہے کہ لہو خاص اور حدیث عام ہے کیونکہ قصے مفید بھی ہوتے ہیں اور بیہودہ بھی، یا یوں کہ لہو عام ہے کھیل تماشہ بغیر قصوں کے بھی ہوتا ہے اور افسانوی بھی، بہر حال اضافت بتقدیر مِن ہے (تفسیر بیضاوی و کشاف) مشہور یہ ہے کہ اگر لہو کو خاص کہا جائے تو اضافت بتقدیر لام ہو گی۔

کلبی اور مقاتل کا قول ہے کہ نضر بن حارث کلدہ قرشی عراق کی راجدھانی حیرہ سے کچھ عجمی داستانیں، قصے خرید کر مکہ میں لاتا اور قریش کو جمع کر کے سناتا تھا اور کہتا تھا محمد تم کو عاد و ثمود کی پارینہ داستانیں سناتے ہیں اور میں رستم و اسفندیار کے قصے، اس واقعہ کے سلسلہ میں آیت کا نزول ہوا (سراج منیر) اس روایت سے معلوم ہوا کہ لہو الحدیث سے مراد ہیں بیہودہ فضول، جھوٹے قصے لیکن بعض معتبر روایات سے یہ بھی ثابت ہے کہ نضر بن حارث کچھ ناچنے والی باندیوں کا ناچ کراتا اور رقص و سرود کی محفلیں منعقد کرتا تھا تاکہ لوگ قرآن سننے کی طرف مائل نہ ہوں ابو الصہبا نے بیان کیا میں نے حضرت عبد اللہ بن مسعود سے اس آیت کا مطلب پوچھا، حضرت نے تین بار فرمایا وَاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ هُوَ الْغِنَاءُ اللہ وحدہ لاشریک کی قسم یہ گانا ہے (رواہ الخطیب فی السراج المنیر) حضرت ابن عباس اور حضرت ابن مسعود قسم کھا کر فرماتے تھے لہو الحدیث گانا ہے (مدارک) حسن بصری بھی اسی کے قائل تھے کہ لہو الحدیث سے گانا مراد ہے خطیب نے حسن بصری کا قول نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ یَشْتَرِيْ کا معنی اس جگہ خریدنا نہیں بلکہ قرآن کو چھوڑ کر گانے بجانے کے سامان اور آلات کو بجائے قرآن کے اختیار

Presented by Ziaraat.Com

کرنا مراد ہے (سراج منیر) صاحب رد المحتار نے بھی لکھا ہے کہ گانا مراد ہے۔ ہو سکتا ہے کہ کلبی اور مقاتل کی روایت بھی صحیح ہو اور لھو الحدیث کا لفظ جھوٹے بیہودہ قصوں کو بھی شامل ہو، اس سے حضرت ابن عباسؓ حضرت ابن مسعود اور بعض دوسرے جلیل القدر صحابہؓ تابعین کے اقوال کی تردید نہیں ہوتی، نضر بن حارث، یہ بھی کرتا ہوا اور وہ بھی۔ ۲۱/۱

لَیًّا: مصدر، موڑنا، مروڑنا، پھیرنا، گھمانا لَوٰی یَلْوِیْ (باب ضرب) لَوٰی لِسَانَہٗ اور لَوٰی بِلِسَانِہٖ زبان پھیر لی، زبان گھما دی یعنی جھوٹ کہا خود اپنی طرف سے بات گھڑ دی (راغب) مطلب یہ کہ زبانیں موڑ کر الفاظ بگاڑ کر ادا کرتے ہیں۔ اگر لَوٰی کے اول مفعول پر عَلٰی ہو تو متوجہ ہونے اور منہ پھیر کر دیکھنے کا معنی ہوتا ہے۔ لَا یَلْوِیْ عَلٰی اَحَدٍ وہ ایسا منہ پھیر کر شکست کھا کر بھاگا کہ کسی طرف منہ پھیر کر نہ دیکھا، چونکہ لَیٌّ کا اصل معنی موڑنا اور لپیٹنا ہے اس لئے پھریرے اور پرچم کو بھی لواء کہتے ہیں جو ہوا سے مڑتا اور پھر جاتا ہے لواء کی جمع اَلْوِیَۃٌ ہے۔ ۵/۴ (مزید تفصیل کے لئے دیکھو لوی)۔

لَیْلٍ: رات، اسم جنس لَیْلَۃٌ مفرد جیسے تَمْرٌ اور تَمْرَۃٌ، لَیَالٍ اور لَیَایِلُ جمع اَلْیَاءٌ جمع غیر قیاسی (قاموس) بعض لوگوں کا خیال ہے کہ لَیْلَۃٌ کی اصل لَیْلَاۃٌ تھی اس نے کہ لَیَالٍ کی تصغیر لُیَیْلَۃٌ آتی ہے (راغب)

اگر رات کی تاریکی کی شدت دکھانی ہوتی ہے تو لفظ لَیْل سے صیغۂ صفت بنا کر لَیْلٌ لَائِلٌ اور لَیْلٌ اَلْیَلُ اور لَیْلَۃٌ لَیْلَاءُ کہا جاتا ہے۔ بہت تاریک رات۔ کبھی لمبی رات کو بھی لَیْلَۃٌ لَیْلَاءُ کہتے ہیں۔ ۲۰/۱۰

لَیْلًا: رات۔ حسب تفصیل مندرجہ ۱۱/۸ ۱۵/۱ ۲۵/۱۴ ۲۹/۲۰،۹۔

اَللَّیْلُ: اسم جنس معرفہ مرفوع، رات ۷/۱۵ ۲۳/۲

اَللَّیْلَ: اسم جنس معرفہ منصوب، رات کو۔ ۳/۱۱ ۷/۱۸ ۸/۱۴ ۱۱/۱۲ ۱۳/۱۷،۷ ۱۴/۸ ۱۷/۲ و ۳/۱۵ ۱۸/۱۲ ۱۹/۴،۳ ۲۰/۱۰،۳ ۲۱/۱۲ ۲۲/۱۴ ۲۳/۱۵ ۲۴/۱۲ ۲۷/۱۷ ۲۹/۱۴،۱۳ ۳۰/۱۔

اَللَّیْلِ: اسم جنس معرفہ مجرور، رات، ۲/۴،۳ ۳/۶ و ۱۱ ۴/۱۴،۳ ۷/۱۳،۸ ۱۱/۶ ۱۲/۱۰،۷ ۱۳/۸ ۱۴/۵

Presented by Ziaraat.Com

۱۵/۹،۲ ۱۶/۱۷ ۱۷/۱۶ ۱۸/۵ ۲۱/۱۲،۶ ۲۲/۱۴،۱۰ ۲۳/۱۵،۸
۲۴/۹ ۲۵/۱۷ ۲۶/۱۸،۷ ۲۷/۱۷ ۲۹/۱،۱۴،۱۶،۲۰
۳۰/۶،۹،۱۴،۱۶،۱۷،۱۸

لَيْلَةَ الصِّيَامِ: لَيْلَةَ اسم جنس مضاف الصیام مضاف الیہ، روزوں کی رات یعنی رمضان کے روزوں کی رات جسکی صبح کو روزہ ہو۔ ۲/۱۷۴

لَيْلَةِ الْقَدْرِ } لَيْلَةَ مضاف، اَلْقَدْرِ
لَيْلَةُ الْقَدْرِ } مضاف الیہ، عظمت و شرف والی رات (از ظاہری) ازلی تحریر کے موافق آئندہ ایک سال میں ہونے والے امور کے تقدیری نفاذ کی رات۔ حسین بن فضل سے پوچھا گیا جب تخلیقِ عالم سے پہلے اللہ نے ہر چیز کا اندازہ مقرر فرما دیا ہے تو پھر لیلۃ القدر کا کیا معنی؟ اب کس چیز کی تقدیر کی جاتی ہے؟ فرمایا قضاءِ مقدر کا نفاذ کیا جاتا ہے، مقدرات کو ان کے اوقاتِ مقررہ میں ظاہر کیا جانے کا حکم دیا جاتا ہے۔

بعض کا خیال ہے کہ رسول اللہ کے زمانہ تک شبِ قدر رہی، بعد کو معدوم کر دی گئی عام صحابہ تابعین اور علماء کے اقوال سے اس کی تردید ہوتی ہے حضرت ابوہریرہ نے واضح طور پر عبداللہ بن حسین کے سوال کے جواب میں فرمادیا تھا، ایسا کہنے والا جھوٹا ہے ہر رمضان میں شب قدر ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے کہ شبِ قدر سال میں کسی تاریخ کو ہوتی ہے، حضرت عبداللہ بن عمر کو اس قول کی اطلاع ملی تو فرمایا اللہ ابو عبدالرحمٰن پر رحم فرمائے ان کو معلوم تھا کہ شبِ قدر ماہ رمضان میں ہے لیکن دانستہ انہوں نے ظاہر نہیں کیا تاکہ لوگ رمضان ہی پر قناعت نہ کر بیٹھیں۔

جمہور علماء اسلام کا اجماعی قول ہے کہ شبِ قدر ماہِ رمضان میں ہے لیکن کس عشرہ میں اور کس تاریخ کو اس کے متعلق مختلف روایات ہیں، حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اخیر عشرہ میں عبادت میں اتنی کوشش کرتے تھے جتنی دوسرے ایام میں نہیں کرتے (عائشہ)

فرماتے تھے شب قدر کو رمضان کے آخری عشرہ میں تلاش کرو (عائشہ)

رمضان کا آخری عشرہ آتا تھا تو حضور تہبند کو مضبوط کس لیتے تھے، رات بھر خود بھی عبادت کرتے تھے اور گھر والوں کو بھی بیدار رکھتے تھے (عائشہ)

Presented by Ziaraat.Com

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رمضان کے آخری عشرہ کی وتر (طاق) راتوں میں شبقدر کو تلاش کرو۔ (عائشہ)

میں نے خود سنا حضور علیہ التحیۃ والسلام فرما رہے تھے، شب قدر کو رمضان کے آخری عشرہ میں تلاش کرو جبکہ نو راتیں یا سات راتیں یا پانچ راتیں یا تین راتیں باقی رہ جائیں (یعنی ۲۱ یا ۲۳ یا ۲۵ یا ۲۷ تاریخ کی رات میں تلاش کرو) (ابوبکرہ)

بہت صحابیوں نے خواب میں دیکھا کہ شب قدر آخری سات راتوں میں ہے، حضور والا نے فرمایا تم سب کا خواب آخری ہفتہ کے متعلق متفق ہے اس لئے جو شخص شب قدر کا جویاں ہو وہ آخری ہفتہ میں تلاش کرے (عبداللہ بن عمر)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خیال تھا کہ شبقدر اکیسویں رات ہے۔ ۲۲ دن گذرنے کے بعد حضور نے فرمایا بائیس گزر گئے، سات باقی ہیں۔ آج کی رات شبقدر کو تلاش کرو۔ (ابوہریرہ)

حضرت علی حضرت ابی بن کعب اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہم کا خیال تھا کہ شبقدر ۲۷ تاریخ کو ہوتی ہے ان تمام روایات میں مطابقت کے لئے کہا جاسکتا ہے کہ شبقدر آخری عشرہ کی طاق راتوں میں سے کسی رات کو ہوتی ہے کسی ایک معین تاریخ پر حضور کے زمانہ میں ہر سال نہیں ہوئی کسی سال ۲۱ کو کسی سال ۲۳ کو کسی سال ۲۵ کو کسی سال ۲۷ کو ہوئی اسی لئے راویوں میں اختلاف ہے جس سال جس نے جو تاریخ دیکھ لی یا سن لی ویسا ہی نقل کر دیا لیکن اس سے یہ نہ سمجھ لینا چاہئے کہ دوسرے سالوں میں بھی وہی تاریخ مقرر رہی یا ہمیشہ کے لئے مقرر ہو گئی۔

(معالم۔ صحیح مسلم۔ صحیح بخاری۔ مشکوٰۃ المصابیح ابوداؤد) ۳۰/۲۲

لَيْلَةً: نکرہ ممیز منصوب (چالیس) رات ایک ماہ ذیقعدہ کا اور دس دن ذی الحجہ کے (معالم و سیوطی) ۱/۶ ب ۹/۷۔

لَيْلَةِ: نکرہ مجرور، مراد شبقدر جس میں قرآن مجید، لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر اتارا گیا اور پھر ۲۳ سال تک تھوڑا تھوڑا حضور صلعم پر نازل ہوتا رہا۔ بعض کے نزدیک شعبان کی پندرہویں

رات مراد ہے اول زیادہ صحیح ہے۔
(معالم)، ۲۵/۱۴۔

لَیْلَهَا: لَیْلَ مضاف ہا مضاف الیہ، اسکی رات کو۔ ۳۰/۴۔

لَیَالِیَ: جمع منصوب، لَیْلٌ اور لَیْلَةٌ مفرد راتیں۔ ۲۲/۸۔

لَیَالٍ: جمع، حالتِ جر، اصل میں لَیالی تھا، راتیں۔ ۲۹/۵ راتیں مع دنوں کے، ۱۶/۱۴ دس تاریخیں ماہِ ذی الحجہ کی (احمد و نسائی عن جابر مرفوعاً) مجاہد، قتادہ اور ضحاک کا بھی یہی خیال ہے، دوسری روایت میں آیا ہے کہ ضحاک کے نزدیک محرم کی دس تاریخیں مراد ہیں۔
(معالم) ۳۰/۱۴

لَیْتَ: حرف مشبہ بفعل اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے، تمنا کے لئے مستعمل ہے کاش، فراء نے کہا کبھی اسم اور خبر دونوں کو نصب دیتا ہے، عجاج کا شعر ہے ؎

یَا لَیْتَ اَیَّامَ الصِّبَا رَوَاجِعًا

ابنِ معتز عباسی کا شعر ہے ؎

مَرَّتْ بِنَا سَحَرًا طَیْرُهٗ فَقُلْتُ لَهَا
طُوْبَاكِ یَا لَیْتَنِیْ اِیَّاكِ طُوْبَاكَ

سحر کے وقت ایک پرہاری طرف سے گزرا، میں نے اس سے کہا تو خوب ہے تو خوب ہے کاش میں تیری طرح ہو جاتا۔ لَیْتَ اکثر ناممکن امر پر داخل ہوتا ہے جیسے یَا لَیْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِیَةَ کاش پہلی موت ہی آخری فیصلہ کر دیتی یعنی دوبارہ زندگی نہ ہوتی یَا لَیْتَنِیْ كُنْتُ تُرَابًا کاش میں مٹی ہو جاتا ؎

فَیَا لَیْتَ الشَّبَابَ یَعُوْدُ یَوْمًا
فَاُخْبِرُهٗ بِمَا فَعَلَ الْمُشِیْبُ

کاش جوانی کسی دن لوٹ آتی تو بڑھاپے نے جو سلوک کیا ہے میں اسکو بتاتا۔ ۲۰/۱۱ ۲۳/۱ ۲۵/۱۰۔

لَیْتَنَا: لَیْتَ حرف مشبہ بفعل، تا اسم، کاش ہم۔ ۲۲/۵ ۷/۶

لَیْتَنِیْ: لیت حرف مشبہ بفعل نی اسم، کاش میں۔ ۵/۷ ۱۵/۱۷ ۱۶/۵ ۱۹/۱ ۲ر ۳۰/۱۴

لَیْتَهَا: لیت حرف مشبہ بفعل، ہا اسم، کاش وہ ۲۹/۵۔

لَیْسَ: فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب اسم کو رفع خبر کو نصب دیتا ہے نہیں ہے (تفصیل کے لئے دیکھو لست) ۲/۶ر ۸ر ۹ر ۱۷

۳/۵ر ۷ر ۱۱ر ۱۲ر ۱۵ر ۱۶ ۴/۴ر ۸ر ۱۰ ۵/۱۲ر ۱۵ ۶/۴

Presented by Ziaraat.Com

۲ر۶ر۹ر۱۲ر۱۴ ۷/۱۴ ۲ر۵ر۱۵ ۸/۱۶ ۳ر۱۳ ۱۰/۱۳ ۱ر۲ر۵ر۷ ۱۲/۷

۱۹ر۴ر۷ ۱۵/۱۷ ۸ر۱۶ ۱۷/۱۶ ۸ر۱۰ر۱۴ ۱۸/۱۴ ۳ر۱۱ر۱۷ ۲۰/۱۳ ۲۱/۱۷ ۲۳/۴

۱ر۳ر۱۰ ۲۴/۱۰ ۳ر۱۱ ۲۵/۱۱ ۴ر۱۰ ۲۶/۱۰ ۷ر۱۴ ۲۷/۱۴ ۲۸/۲

۵ر۷ر۱۸ ۲۹/۱۸ ۱۳ر۲۰ ۳۰/۲۰

لَيْسَتِ: واحد مؤنث غائب ماضی، اصل میں تار ساکن تھی بعد والے حرف کے ساتھ ملانے کی وجہ سے کسرہ دیدیا گیا ہے نہیں ہے ۱/۱۴ ۴/۱۴ (ماضی بمعنی حال)

لَيْسُوْا: جمع مذکر غائب ماضی۔ وہ نہیں ہیں۔ (ماضی بمعنی حال) ۴/۳ ۷/۱۶۔

لِئَلَّا: اصل میں لِ اَنْ لَا تھا، لام تعلیلیہ اَنْ مصدریہ، ناصبہ، لا نافیہ، تاکہ نہ ہو۔ ۲/۲ ۶/۳ ۲۷/۲۰

لَيِّنًا: لَيِّنٌ، لَيْنٌ صیغہ صفت مفرد لَيِّنُوْنَ اور اَلْيِنَاءُ جمع، نرم (دیکھو لِيْنَةٍ) ۱۶/۱۱۔

لِيْنَةٍ: اسم جنس کھجور کا تر و تازہ، شاداب درخت کسی قسم کا اور کسی جنس کا ہو۔ (راغب) ۲۸/۴۔

باب المیم

مَا: ما اسمی بھی ہوتا ہے اور حرفی بھی ہر ایک کی تین قسمیں ہیں۔

۱۔ ما اسمی معرفہ (الف) ناقصہ یعنی موصولہ (وہ جو) مَا عِنْدَكُمْ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ وہ جو تمہارے پاس ہے ختم، (اور فنا) ہو جائے گا اور وہ جو اللہ کے پاس ہے، ہمیشہ رہے گا۔

(ب) معرفہ تامہ اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ اگر تم صدقات ظاہری طور پر دو گے تو چیز یہ بھی اچھی ہے، ما کی یہ قسم صرف ابن خروف

نے بیان کی ہے اور صراحت کی ہے کہ سیبویہ کا بھی یہی قول ہے۔

۲ اسمی نکرہ مجردہ یعنی حرفی معنی سے بالکل خالی۔

(الف) ناقصہ یعنی موصوفہ، اس ما کا معنی شئے ہوتا ہے، ایک شاعر کا قول ہے ؎

لما نافعٍ یسعی اللبیب فلا تکن
لشیئٍ بعیدٍ نفعہ الدھر ساعیا

سود مند چیز کے لئے عقلمند کوشش کرتا ہے اس لئے تم کبھی اس چیز کے لئے کوشاں نہ ہو جس کا فائدہ بعید ہو۔ ھٰذا ما لدیّ عتیدٌ میں بھی ما موصوفہ ہے اور عتیدٌ صفت (زمخشری و سیبویہ)

(ب) نکرہ تامہ، اس کی تین شاخیں یا صنفیں ہیں اول فعل تعجب کا ما احسن زیدًا (اس میں ما کا نکرہ تامہ ہونا تمام علماء البصرہ کے نزدیک مسلم ہے لیکن اخفش کا قول ہے اس ما کو ہم نکرہ تامہ بھی کہہ سکتے اور نکرہ موصوفہ اور معرفہ موصولہ بھی)۔

دوئم: نِعْمَ اور بِئْسَ کے بعد جو ما آتا ہے وہ بھی جماعت متاخرین اور زمخشری کے نزدیک نکرہ تامہ ہی ہے لیکن سیبویہ کے ظاہر کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ معرفہ تامہ ہے نِعِمَّا ھِیَ اور بِئْسَمَا یَأْمُرُکُمْ بِہٖ اِیْمَانُکُمْ۔

سوئم: وہ ما جو مبالغہ کے لئے آتا ہے اور ما سے پہلے عامل مذکور ہوتا اور ما کے بعد اس عامل کا معمول ہوتا ہے جیسے زیدٌ مِمَّا اَنْ یَّکْتُبَ، مِنْ حرف جر عامل ہے اور اَنْ یَّکْتُبَ بتاویل مصدر مجرور ہے اور ما صرف مبالغہ کے لئے، عامل اور معمول کے درمیان ذکر کیا گیا ہے یعنی زید کی تخلیق ہی کتابت سے ہوتی ہے، زید کتابت کا بنا ہوا ہے سیبویہ، ابن خروف، ابن مالک اور شیرازی نے اس ما کو معرفہ تامہ کہا ہے، ما کی یہ صنف قرآن مجید میں مذکور نہیں ہے۔

۳ ما اسمی نکرہ غیر مجردہ یعنی حرفی معنی کو متضمن۔

(الف) استفہامیہ (کیا ہے) مَا ھِیَ وہ کیا ہے؟ مَا لَوْنُھَا اس کا رنگ کیا ہے؟ مَا تِلْکَ بِیَمِیْنِکَ یہ تیرے سیدھے ہاتھ میں کیا ہے، مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ

Presented by Ziaraat.Com

(قراءۃ ابوعمرو) تم کیا چیز لائے، کیا وہ جادو ہے۔

ما استفہامیہ اگر مجرور ہو تو الف کو حذف کرنا واجب ہے تاکہ استفہام اور خبر میں فرق ہو جائے اور میم کا فتحہ باقی رہتا ہے فِیمَ لِمَ، حَتَّامَ، اِلَامَ، عَلَامَ۔

فَتِلْكَ وُلَاةُ السُّوءِ قَدْ طَالَ مَكْثُهُمْ
فَحَتَّامَ حَتَّامَ فَحَتَّامَ الْعَنَاءُ الْمُطَوَّلُ

ان بڑے حاکموں کا بقاء طول پکڑ گیا، اس طویل دکھ کا خاتمہ کس حد پر ہوگا۔

کبھی فتحہ کو حذف کر کے میم کو ساکن کر دیتے ہیں مگر ایسا صرف شعر میں بطور شذوذ ہوتا ہے۔

فِيمْ أَنْتَ مِنْ ذِكْرَاهَا اس کے تذکرہ کی طرف سے کس فکر میں پڑے ہوئے ہو

فَنَاظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُونَ میں دیکھتی ہوں قاصد کیا جواب لے کر لوٹتے ہیں لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ ایسی بات کیوں کہتے ہو جو خود نہیں کرتے، ان سب مثالوں میں ما استفہامیہ ہے۔

لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ تو بڑا عذاب تم کو پہنچ جاتا۔ اس فدیہ کے عوض جو تم نے لیا تھا يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ جو کتاب تم پر اتاری گئی وہ اس پر ایمان رکھتے ہیں مَا مَنَعَكَ أَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ اس کو سجدہ کرنے سے تجھے کس نے روکا جس کو میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا۔

تینوں مثالوں میں خبری ہونے کی وجہ سے ما کا الف حذف نہیں کیا گیا باوجود یکہ ما مجرور ہے، باوجود مجرور ہونے کے ما استفہامیہ کا الف باقی رہنا، حذف نہ ہونا شاذ ہے، صرف شعر میں آیا ہے اور شاذ قراءۃ متواترہ میں نہیں آسکتا اس لئے قرآن مجید میں ما استفہامیہ مجرور کا الف کسی جگہ باقی نہیں۔

ہاں بعض مفسرین نے بِمَا غَفَرَ لِي رَبِّي میں ما کو استفہامیہ کہا ہے اور زمخشری نے اگرچہ تعلیل کے ساتھ اس کو استفہامیہ نہیں کہا مگر استفہام کے جواز کا قول کیا ہے لیکن کسائی نے ان سب کی تردید کرتے ہوئے کہا اس آیت میں ما استفہامیہ کیسے ہو سکتا

Presented by Ziaraat.Com

ہے، الف باقی ہے باوجودیکہ ما مجرور ہے، شذوذ کا اعتبار نہیں، شاذ قراءت متواترہ میں نہیں آسکتا، اسی طرح امام فخر الدین رازی نے کبیر میں فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ میں ما کو استفہام تعجبی کے لئے قرار دیا ہے مگر ہے یہ بھی غلط، جب ما استفہامیہ مجرور ہے تو الف کیوں حذف نہیں کیا گیا۔

(ب) ما شرطیہ غیر زمانیہ (جو بھی) جیسے مَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ جو نیکی بھی تم کرتے ہو اللہ اس کو جانتا ہے مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ جو آیت بھی ہم منسوخ کرتے ہیں۔

(ج) ما شرطیہ زمانیہ بمعنے مادام (جب تک بھی) جیسے فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ جب تک وہ تمہارے ساتھ سیدھی چال چلیں تم بھی ان کے ساتھ سیدھی چال چلو یا جب تمہارے لئے معاہدہ پر قائم رہیں تم بھی ان کے معاہدہ پر قائم رہو۔

ایک مختلف فیہ آیت

ابو علی فارسی، ابو البقاء، ابو شامہ، ابن سبی اور ابن مالک کا قول ہے کہ آیت وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ میں ما شرطیہ غیر زمانیہ ہے، جو نعمت بھی تمہارے پاس ہے وہ خداداد ہے لیکن موصولہ بھی ہو سکتا ہے اور زمانیہ بھی۔

فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ میں ما غیر زمانیہ ہے لیکن زمانیہ بھی ہو سکتا ہے، جن عورتوں سے تم تمتع حاصل کر چکو تو ان کے قران کو دیدو، جب بھی عورتوں سے تم نے تمتع حاصل کر لیا ہو تو ان کے مہر دیدو۔

قسم دوم ما حرفی کی بھی تین قسمیں ہیں:

۱ ما نافیہ، اگر جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے تو نجدی، تہامی اور حجازی استعمال میں لَيْسَ کی طرح اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے مَا هٰذَا بَشَرًا یہ انسان نہیں ہے مَا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ وہ ان کی مائیں نہیں ہیں یہ ما نکرہ پر بہت کم آتا ہے، قرآن مجید میں صرف معرفہ پر آیا ہے۔

اگر فعلیہ جملہ پر داخل ہوتا ہے تو لفظوں میں کوئی عمل نہیں کرتا، وَمَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّآ

Presented by Ziaraat.Com

ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ تم مال نہیں دیتے ہو مگر محض اللہ کی رضا جوئی کے لئے۔

جمہور کے نزدیک اس وقت مضارع کا صیغہ صرف حال کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے لیکن ابن مالک کہتا ہے کہ کبھی استقبالی معنی کے لئے بھی مستعمل ہے جیسے قُلْ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أُبَدِّلَهُ کہہ دو میرے لئے اس کو بدل دینا جائز نہیں۔

تنبیہ: آیت مَا تُنْفِقُوا مِنْ خَيْرٍ فَلِأَنْفُسِكُمْ اور مَا تُنْفِقُوا مِنْ خَيْرٍ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ میں بعض لوگوں نے ما کو نافیہ کہا ہے مگر یہ غلط فہمی ہے، ان دونوں آیات میں ما شرطیہ غیر زمانیہ ہے جو مال بھی راہِ خدا میں دوگے تو اپنے فائدے کے لئے دوگے۔ جو مال راہِ خدا میں دوگے اس کا اجر تم کو پورا پورا دیا جائیگا۔

۲۔ مصدریہ (الف) غیر زمانیہ جیسے عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ تمہارا مشقت میں پڑنا اسیر شاق ہے وَدُّوا مَا عَنِتُّمْ تمہارا مشقت میں پڑنا وہ دل سے پسند کرتے ہیں ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ باوجود فراخ ہونے کے زمین ان پر تنگ ہوگئی فَذُوقُوا بِمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ اس دن کی پیشی کو دنیا میں بھولے رہنے کی وجہ سے اب (دوزخ کے عذاب کا) مزہ چکھو، لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا نَسُوا يَوْمَ الْحِسَابِ روزِ حساب کو بھول رہنے کے سبب سے انکو سخت عذاب ہوگا، لِيَجْزِيَكَ أَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ہماری خاطر ہماری بکریوں کو آب کے پانی پلانے کا عوض وہ دینا چاہتے ہیں، بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ جھوٹ بولتے رہنے کے سبب آمِنُوا كَمَا آمَنَ النَّاسُ دوسرے لوگوں کے ایمان لانے کی طرح تم بھی ایمان لاؤ۔

یادداشت

دو متماثل فعلوں کے درمیان جو کما آتا ہے اس میں ما مصدریہ ہی ہوتا ہے جیسا آیت آمِنُوا كَمَا آمَنَ الخ میں ہے۔

(ب) مصدریہ زمانیہ جیسے مَا دُمْتُ حَيًّا یعنی میں اپنی زندگی کی مدت تک فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ جب تک استطاعت ہو اللہ سے ڈرتے رہو۔ إِنْ أُرِيدُ إِلَّا الْإِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ جب تک مجھ میں طاقت ہے

Presented by Ziaraat.Com

ہیں تو اصلاح ہی چاہوں گا کُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ہر بار بجلی چمکنے کے وقت وہ اس کی روشنی میں چلتے ہیں یا جب بھی ان کے سامنے بجلی چمکتی ہے وہ اس میں چل لیتے ہیں۔

ابن خروف قائل ہے کہ مَا مصدریہ بالاتفاق حرف ہے لیکن اتفاق کا دعویٰ کرنا غلط ہے اخفش اور الوبکر اس کو اسمیہ کہتے ہیں۔

۳ مازائدہ (الف) کافہ یعنی سابق عامل کو عمل سے روک دینے والا۔

عمل رفع سے روکنے والا مَا صرف تین افعال کے بعد آتا ہے قَلَّمَا، طَالَمَا، کَثُرَمَا عمل نصب و رفع سے روکنے والا مَا حرف مشبہ بفعل کے بعد آتا ہے اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ بیشک اللہ ہی اکیلا معبود ہے۔ کَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ گویا موت کی طرف ان کو ہنکایا جا رہا ہے اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا بلاشبہ اللہ کے بندوں میں سے علماء اللہ سے ڈرتے ہیں۔ اہل نحو کے نزدیک اس آیت میں بھی مَا کافہ زائدہ ہے۔

اہل اصول و بیان کی ایک جماعت قائل ہے کہ اِنَّ کے ساتھ مَا نافیہ ہوتا ہے اِنَّمَا مفید حصر ہوتا ہے، مَا و اِلَّا کا قائم مقام ہوتا ہے کیونکہ اِنَّ اثبات کے لئے اور مَا نفی کے لئے آتا ہے منفی مثبت جمع نہیں ہو سکتے اس لئے نفی کا رجوع محذوف کی طرف ہوتا ہے، اور اثبات کا رجوع مذکور کی طرف (سوائے اسکے کوئی چیز نہیں کہ) مگر اس جماعت کی یہ تشریح غلط ہے کیونکہ اِنَّ اثبات کے لئے بلکہ صرف تاکید کے لئے آتا ہے تاکید مثبت کی ہو یا منفی کی، اسی طرح مَا بھی نافیہ نہیں ہے کافہ زائدہ ہے جس طرح لَيْتَمَا، لَعَلَّمَا، لٰكِنَّمَا میں مَا ہے ویسا ہی اِنَّمَا میں ہے یعنی کافہ زائدہ۔

کہا جاتا ہے کہ کتاب الشیرازیات میں ابو علی فارسی نے صراحت کی ہے کہ یہ مَا نافیہ ہے، ہم کو کتاب الشیرازیات کہیں دستیاب نہیں ہوئی البتہ صاحب معنی اللبیب نے مَا کے بیان میں صراحت کی ہے کہ ابو علی کی طرف اس قول کا انتساب غلط ہے، کتاب الشیرازیات میں ابو علی نے یہ نہیں کہا کہ اِنَّمَا میں مَا نافیہ ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

ضروری تنبیہ

آیاتِ ذیل میں ما اسمیہ موصولہ ہے حرفیہ نہیں ہے۔

اِنَّ مَا تَدْعُوْنَ لَاٰتٍ بیشک وہ چیز جس کو تم مانگتے ہو ضرور آنیوالی ہے۔

اِنَّ مَا یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِہِ الْبَاطِلُ بلاشبہ اللہ کو چھوڑ کر وہ جس چیز کو پکارتے ہیں وہ اکارت ہے۔

اِنَّ مَا عِنْدَ اللّٰہِ ھُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ جو چیز اللہ کے پاس ہے وہ یقیناً تمہارے لئے بہتر ہے۔

اَیَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّھُمْ بِہٖ مِنْ مَّالٍ وَّ بَنِیْنَ نُسَارِعُ لَھُمْ فِی الْخَیْرَاتِ کیا وہ خیال کرتے ہیں کہ ہم جو ان کے مال و اولاد کو بڑھا رہے ہیں تو ان کے لئے بھلائیاں دینے میں جلدی کر رہے ہیں۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰہِ خُمُسَہٗ جان رکھو کہ جو مال غنیمت تم پاؤ اس کا پانچواں حصہ اللہ ہی کا ہے۔

آیت اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَیْکُمُ الْمَیْتَۃَ میں اگر حضرت ابن مسعود اور ربیع بن خیثم کی قراءت کے موافق اَلْمَیْتَۃَ کو منصوب پڑھا جائے تو ما کافہ حرفیہ ہوگا، اور اَلْمَیْتَۃَ حَرَّمَ کا مفعول ہوگا اور اگر ابو رجاء عطاردی کی روایت کے موجب اَلْمَیْتَۃُ رفع کے ساتھ پڑھا جائے تو ما موصولہ اسمیہ ہوگا اور اَلْمَیْتَۃُ کو خبر کہا جائیگا۔

عملِ جر سے روکنے والا یعنی کسی حرفِ جر یا اسم مضاف کے عمل کو باطل کر دینے والا، اول جیسے رُبَّمَا، یہ اکثر ماضی پر آتا ہے لیکن آیت رُبَمَا یَوَدُّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا میں مضارع پر آیا ہے تو کیا یہ استعمال غلط ہے، رُمّانی نے کہا اللہ کو مستقبل کا علم بھی ماضی کی طرح ہے اس لئے اس کے کلام میں وَدَّ کی جگہ یَوَدُّ بھی صحیح ہے یا جیسے کاف کے بعد اِجْعَلْ لَّنَآ اِلٰھًا کَمَا لَھُمْ اٰلِھَۃٌ بعض کا قول ہے یہ ما مصدریہ ہے زائدہ کافہ نہیں کیونکہ کاف جار کے عمل کو ما نہیں روکتا یا جیسے بار کے بعد تقلیل کے لئے۔

فَلَئِنْ صِرْتَ لَا تُحِیْرُ جَوَابًا
لَبِمَا قَدْ تُرٰی وَاَنْتَ خَطِیْبٌ

اب اگر تو لوٹا کر جواب نہیں دے سکتا ہے تو کیا عجب ہے کیونکہ بلاشبہ تیرا خطیب دکھائی دینا بہت کم ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

اسی طرح مِنْ کے بعد بھی ما کافہ آتا ہے، یہ قول صرف ابن الشجری کا ہے۔ قرآنِ مجید میں یہ قسم معدوم ہے۔

دوئم: کسی ظرف مضاف کے بعد جیسے بَعْدَمَا۔ بَیْنَمَا۔ حَیْثُمَا۔ اِذْمَا۔

(ب) ما زائدہ غیر کافہ جیسے وَاِمَّا یَنْزَغَنَّکَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ اَیَّمَا تَدْعُوْا اَیْنَ مَا تَکُوْنُوْا اَیْنَ مَا تُوَلُّوْا فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ عَمَّا قَلِیْلٍ مِّمَّا خَطِیْٓـٰٔتِهِمْ اَیَّمَا الْاَجَلَیْنِ حَتّٰٓی اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَیْهِمْ سَمْعُهُمْ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً (اس میں علماءِ بصرہ کے نزدیک ما تاکید کے لئے زائد ہے)

چند مختلف فیہ آیات کی تشریح

مَا اَغْنٰی عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا کَسَبَ میں اول مَا نافیہ بھی ہوسکتا ہے اور استفہامیہ بھی، دوسرا ما موصول اسمیہ ہے۔

مَا یُغْنِیْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰی مَا اَغْنٰی مَالِیَهْ میں نافیہ بھی ہوسکتا ہے اور استفہامیہ بھی، فَمَآ اَغْنٰی عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَآ اَبْصَارُهُمْ میں مَا نافیہ ہے۔

مَآ اُنْزِلَ عَلَی الْمَلَکَیْنِ میں مَا موصولہ ہے اور ایک ضعیف قول میں نافیہ بھی ہوسکتا ہے

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ میں مَا کا نافیہ ہونا ارجح ہے اور ہوسکتا ہے کہ موصولہ ہو،

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ میں مَا مصدریہ ہے۔

مَکَّنّٰهُمْ فِی الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَکِّنْ لَّکُمْ میں مَا موصوفہ ہے لیکن مصدریہ بھی ہوسکتا ہے۔

مَاذَا: کیا چیز ہے، کیا ہے یہ، مَاذَا کی لفظی ساخت میں اختلاف ہے کوئی اسکو مرکب کہتا ہے کوئی بسیط، بسیط کہنے والوں میں سے بعض قائل ہیں کہ مَاذَا پورا اسم جنس ہے یا موصول ہے اَلَّذِیْ کا ہم معنی یا پورا حرف استفہام ہے جیسے مَاذَا یُنْفِقُوْنَ قُلِ الْعَفْوَ (قرارت غیر ابوعمرو)

مرکب کہنے والے کہتے ہیں کہ مَاذَا یا مرکب ہے مَا استفہام اور ذَا موصولہ سے جیسے آیتِ مذکورہ بر قرارت اَلْعَفْوُ (قرارت ابوعمرو) یا ما استفہامیہ اور ذَا اسمِ اشارہ ہے یا ما زائد اور ذَا اسمِ اشارہ ہے یا مَا استفہامیہ

Presented by Ziaraat.Com

ہے اور ذا زائد۔ (قال ابن مالک)

مَاذَا: نکرہ منصوب، پانی، اسم جنس مذکر اَمْوَاہٌ اور مِیَاہٌ جمع مُوَیْہٌ اور مُوَیْہَۃٌ تصغیر، مَاءٌ اصل میں مَاہٌ تھا۔ بعض عرب سے مَا بغیر ہمزہ کے بھی سنا گیا ہے۔ نسبت کے وقت مَائِیٌّ اور مَاوِیٌّ کہا جاتا ہے۔ مَاءُ الْفُؤَادِ بزدل، پست حوصلہ آدمی، مَاهَۃٌ چیچک مُوْهَۃٌ اور مُوَاهَۃٌ پانی اور چہرہ کی رونق چمک، مَاكِيَۃٌ مَاهَۃٌ اور مَيَّهَۃٌ وہ کنواں جس میں پانی بہت ہو۔ اَمْيَۃٌ اور اَمْوَاہٌ اسم تفضیل۔

مَاهَتِ الرَّكِيَّۃُ مَوْهًا و مَيْهًا و مَاهَۃً و مَيَهَۃً و مُوهًا (سمع نصر ضرب) کنوئیں سے پانی کل آیا۔ کنوئیں میں پانی بہت ہوگیا۔ مَاهَتِ السَّفِيْنَۃُ کشتی میں پانی آگیا۔ مُهْتُہٗ (ضرب نصر) میں نے اس کو پانی پلایا۔ مَاهَ مَوْهًا (نصر) ملا دیا، اِمَاهَۃٌ اور اِمْوَاہٌ (افعال) کنواں کھودنے والے کا پانی تک پہنچ جانا اور پیاسے جانور یا آدمی کو پانی پلانا تَمْوِيَۃٌ (باب تفعیل) سونے چاندی کا پانی چڑھانا، ملمع کرنا، جھوٹی خبر دینا، معاملہ کو مشتبہ کر دینا۔ قرآن مجید میں ماء کا لفظ صرف پانی کے لئے مستعمل ہوا ہے، کسی دوسرے معنی میں مستعمل نہیں ہوا نہ اس کا کوئی مشتق استعمال کیا گیا۔

۱/۲ ۵/۴ ۶/۶ ۷/۱۸ ۹/۱۶ ۱۳/۱۷ ۱۴/۲، ۸، ۱۴

۱۶/۱۱ ۱۷/۱۵ ۱۸/۱۱، ۱ ۱۹/۳ ۲۰/۱ ۲۱/۲، ۶، ۱۰ ۲۲/۱۶

۲۳/۱۶ ۲۵/۷ ۲۶/۱۵ ۲۹/۲۱ ۳۰/۱۔

مَاءٍ: نکرہ مجرور، پانی، اسم جنس ۲/۴ ۱۱/۸

۱۳/۱۵، ۷ ۱۵/۱۸، ۱۶ ۱۸/۱۲ ۲۱/۱۴ ۲۶/۶ ۲۷/۱۴، ۸

۲۹/۲۱ ۳۰/۱۱۔

اَلْمَاءِ: معرفہ، مجرور، پانی۔ ۸/۱۳ ۱۲/۴، ۱

۱۳/۸ ۱۷/۳۔

اَلْمَاءَ: معرفہ منصوب، پانی۔ ۸/۱۵ ۱۲/۴ ۱۷/۸

۲۱/۱۶ ۲۴/۱۹ ۲۷/۱۵، ۹ ۳۰/۵۔

مَاءَ: منصوب مضاف پانی، ۲۰/۶ ۳۰/۴۔

اَلْمَاءُ: معرفہ مرفوع پانی ۱/۹ ۱۲/۴ ۱۵/۱۷ ۲۷/۸۔

مَاءُ: پانی مرفوع مضاف، ۲۹/۲

اَلْمَآبِ: (حالت جر) مَآبٌ مصدر بھی ہے، اور اسم زمان و مکان بھی یعنی لوٹنا، لوٹنے کا وقت۔ لوٹنے کی جگہ۔ اَوْبٌ اور اِيَابٌ بھی مصدر ہیں اَبَ يَؤُوْبُ (نصر) ماضی و مضارع

Presented by Ziaraat.Com

آتے ہیں۔ امام راغب کے قول کے موافق اَوْبٌ کسی صاحب ارادہ حیوان کے لوٹنے کو کہتے ہیں اور رُجُوْعٌ میں ارادہ کو خصوصی دخل نہیں ہے (دیکھو اَوَّابٌ اور اَوَّابِیْنَ) تَاْوِیْبٌ دن میں چلنے کو کہتے ہیں۔ ب ۱۰ لوٹنے کی جگہ یعنی جنت (خازن و جلالین)

مَاٰبٍ: (حالتِ رفع) اصل میں مَاٰبِیٌ تھا میرا لوٹنا، مَآبٌ مضاف، یاءِ متکلم مضاف الیہ، یاء کو حذف کر دیا گیا۔ ۱۳/۱۱۔

مَاٰبٍ: (حالتِ جر) لوٹنے کی جگہ، ۱۳/۱۰ ۲۳/۱۱ ۲۳/۱۲ مراد جنت یا آخرت میں مقامِ رجوع۔ ۲۳/۱۳ جہنم، بُری جائے رجوع (مدارک)

مَاٰبًا: (حالتِ نصب) لوٹنے کی جگہ، ۳۰/۱ و ۲۔

مَاتَ: واحد مذکر غائب، ماضی معروف، مَوْتٌ مصدر (نصر، ضرب، سمع) مر گیا۔ موت کا معنی آرام کرنا، سونا اور پرانا ہونا بھی ہے۔ مَوْتٌ مَائِتٌ سخت موت، مَیْتَۃٌ مُردار، مِیْتَۃٌ مرنے کا طریقہ، خاص کیفیت مَاتَ مِیْتَۃً حَسَنَۃً وہ اچھی موت مرا، مَوْتَۃٌ بے ہوشی، دیوانگی، مرگی۔ مَوَاتٌ بے جان چیز، غیر مزروعہ بنجر زمین۔ مُوَاتٌ موت، مَیِّتٌ اور مَیْتٌ مردہ یا مَیْتٌ مردہ اور مَیِّتٌ وہ شخص جو مرنے کے قریب ہو مرا نہ ہو، اِنَّکَ مَیِّتٌ بلاشبہ تو مرنے والا ہے، اَمْوَاتٌ مَوْتٰی مَیِّتُوْنَ جمع، مَیِّتَۃٌ مَیْتَۃٌ مَیْتٌ مؤنث مَائِتٌ مرنیوالا آدمی جو مرنے کے قریب ہو مرا نہ ہو۔ مَوْتَانِ الْفُؤَادِ مردہ دل، مَوْتَانٌ بے جان، محاورہ ہے اِشْتَرِ الْمَوْتَانَ وَلَا تَشْتَرِ الْحَیَوَانَ بے جان (یعنی زمین، دکان، مکان، باغ) کو خرید و جاندار (یعنی باندی، غلام، چوپائے) مت خریدو۔ مَوَتَانٌ اس زمین کو بھی کہتے ہیں جس کا کوئی مالک نہ ہو اور بنجر پڑی ہو، ایک حدیث میں آتا ہے مَوَتَانُ الْاَرْضِ لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ فَمَنْ اَحْیَا مِنْھَا شَیْئًا فَھُوَ لَہٗ غیر مملوک بنجر زمین اللہ اور اس کے رسول کی ہے، جو شخص اس میں سے کسی حصہ کو زندہ کریگا یعنی مزروعہ بنائے گا تو اس کا مالک وہی ہو جائیگا (نہایہ) مُمِیْتٌ مارنے والا، موت مسلط کرنے والا اور وہ مرد یا عورت جس کے بچے مر گئے ہوں، اِمَاتَۃٌ (افعال) موت مسلط کرنا اور بچوں کا مر جانا اور گوشت

Presented by Ziaraat.Com

کو خوب گلانا۔

مَا اَمْوَتَہٗ (فعل تعجب) وہ بڑا مردہ دل ہے (تاج و قاموس)

موت کے معنی کی تشریح

امام راغب نے موت کے معنی کی کسی قدر بسط کے ساتھ تشریح کی ہے، ہم اسکو کسی قدر بیشی اور تغیر کے ساتھ نقل کرتے ہیں، موت نباتی، موت حیوانی، موت انسانی، موت ارضی، موت حسی، موت علمی، موت قلبی۔ غرض موت کا استعمال عرف عربیت اور قرآن مجید میں مختلف چیزوں کے ساتھ ہوا ہے۔

اگنہ زمین میں روئیدگی نہ ہو سرسبزی اور شادابی مفقود ہو تو یہ زمین کی موت ہے اور اس کے خلاف اس کی حیات، یُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِہَا اَحْیَیْنَا بِہٖ بَلْدَۃً مَّیْتًا۔

موت نباتی کسی سبزہ کا خشک ہو جانا قوت نمو کا زائل ہو جانا۔

موت حیوانی قوت نمو کے ساتھ حس و شعور بھی مفقود ہو جانا یا صرف حس و شعور کا باطل ہو جانا اور قوت نامیہ کا باقی رہنا جیسے خواب کی حالت میں ہوتا ہے اسی لئے نیند کو موت خفیف کہا گیا ہے هُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰکُمْ بِالَّیْلِ یعنی اللہ وہی تو ہے جو رات کو سوتے میں تمہارے حس و شعور کو لے لیتا ہے اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِہَا وَالَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَامِہَا اللہ ہی مرنے کے وقت جانیں قبض کر لیتا ہے (یعنی قوت نمو اور حس و شعور سب کچھ لے لیتا ہے) اور جو لوگ مرنے نہیں ان کو خواب میں وفات دیتا ہے (یعنی صرف حس و شعور لے لیتا ہے)

موت انسانی قوت ناطقہ کے زوال اور قوت حیوانیہ کے فقدان سے بھی آگے کی چیز ہے یعنی علم و ادراک کا باطل ہو جانا یا نور رشد کا بجھ جانا۔ یٰلَیْتَنِیْ مِتُّ قَبْلَ ھٰذَا وَکُنْتُ نَسْیًا مَّنْسِیًّا اَءِذَا مِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ حَیًّا کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَۃُ الْمَوْتِ اِنَّکَ مَیِّتٌ وَّاِنَّھُمْ مَّیِّتُوْنَ ان سب آیات میں موت حیوانی مراد ہے، موت انسانی حقیقت میں سچے علم و ادراک کے فقدان رشد و ہدایت کے زوال اور عرفان و روحانیت کے بطلان کا نام ہے، حیوانی زندگی ہو یا موت انسانیت کی موت و حیات کا اس پر مدار نہیں، کافر باوجودیکہ طاقتور چلتا پھرتا دنیوی

Presented by Ziaraat.Com

معاملات کا ماہر اور حیاتِ حیوانی سے تعلق رکھنے والی ہر چیز سے واقف ہوتا ہے لیکن عرفِ قرآنی میں وہ مردہ ہے اس کی قوتِ معرفت مردہ ہے اس کا دل مردہ ہے اسکی روحانیت مردہ ہے اس کا وجدان مردہ ہے اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى میں مردہ روح کافر ہی کی مراد ہے اس کے خلاف شہداء کو زندہ کہا گیا ہے، وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ بَلْ اَحْيَاءٌ سلسلۂ حیوانیت منقطع ہونے کے بعد بھی شہداء کی انسانیت زندہ ہے، روحانیت زندہ ہے علم و عرفان زندہ ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ کائنات کے ذرہ ذرہ میں حیات اور موت ہے جو ذرہ فریضۂ فطرت کو ادا نہ کر سکا مر گیا۔ نوعی اور شخصی فرض کو ادا کرتا رہا زندہ رہا، ایک وقت ہر ایک پر آتا ہے کہ اپنے فرض کی ادائیگی سے قاصر ہو جائے گا كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ لازوال ذات باری ہے اِلَّا وَجْهَهٗ۔ ۲۸/۶ ۱۰/۱۷

مَاتُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، وہ مر گئے۔ ۲/۳ ۳/۱۷ ۴/۸ ۱۰/۱۷ ۱۱/۵ ۱۷/۱۵ ۲۶/۸۔

مَاتِيًّا: اسم مفعول ہے لیکن اسم فاعل کے معنی میں، اصل میں مَاتُوْیٌ بروزن مَعْنُوْیٌ تھا، واؤ کو یاء سے بدل کر ادغام کرنے کے بعد بکسرۂ تاء مَاتِیٌّ بنا لیا گیا، آئیوالا ضرور آکر رہیگا۔ (عملی، خازن، بیضاوی) امام راغب نے کہا کہ اس جگہ مَاتِی کو اٰتٍ یعنی اسم مفعول کو اسم فاعل کے معنی میں لینے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ اَتَيْتُ الْاَمْرَ میں اس پر پہنچا اور اَتَانِیْ الْاَمْرُ وہ امر مجھے پہنچا، دونوں طرح بولا جاتا ہے اور دونوں کا حاصل ایک ہے اِتْيَانٌ آسانی کے ساتھ آنا بغیر رکاوٹ کے آنا اَتِیٌّ سیلاب، اِتْيَانٌ کا استعمال خیر میں بھی ہوتا ہے اور شر میں بھی، جواہر میں بھی اور اعراض میں بھی خود آنا ہو یا حکم دینا یا نظم و تدبیر کرنا سب طرح یہ لفظ اور اس سے بنائے ہوئے صیغے مستعمل ہیں اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ، اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَتٰى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَاْتِيْهِمْ بِجُنُوْدٍ لَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ وغیرہ ۱۶/۷

مِائَةٌ: سو، دورِ متوسط تک عربی میں اعداد کے چار درجے مقرر تھے، آحاد (اکائیاں)

Presented by Ziaraat.Com

عشرات (دہائیاں) مأۃ (سو) الف (ہزار) جدید عربی میں ایک معرب لفظ پانچویں نمبر پر ملیون (دس لاکھ) استعمال ہونے لگا جس کی جمع ملایین اور ملایین ہے۔

لفظ مِاۃ کی اصل مِئَیٌ بروزن مِعًی تھی، یا کو تا سے بدل دیا گیا لفظ مِئَیٌ کو مِاۃ کی جمع بھی کہا گیا ہے (قاموس) گویا مِاۃ کی اصل جو مِئَیٌ تھی اس کا اطلاق جمع پر ہوتا ہے اور لفظ مِاۃ کا اطلاق واحد پر مِاۃ کی جمع مِئَاتٌ مِاَیْنَ مِئُوْنَ اور مُئُوْنَ آتی ہے۔ بعض اہل لغت کے مِئِیْنٌ بتنوین نون بھی جمع لکھی ہے (لسان) مِاَیْنٌ کا وزن اخفش کے نزدیک فِعْلِیْنٌ ہے جیسے غِسْلِیْنٌ (مگر وزن فِعْلِیْنٌ شاذ ہے) دوسرے لوگوں نے اس کا وزن فَعِیْلٌ بتایا ہے اس تقدیر پر اسکی اصل مِئَیٌ مانی جائیگی جیسے عصیٌ آخری یا کو نون سے بدل دیا گیا مُمِئُوْنَ سو آدمیوں کا گروہ اِمأۃٌ (لازم اور متعدی) سو کی تعداد پوری ہو جانا اور سو کی تعداد پوری کر دینا۔ اَمَاْتَ غَنَمَ فُلَانٍ فلاں شخص کی بکریاں سو ہو گئیں اور اَمَاْیْتُہَا لَکَ میں نے تیرے لئے انکی تعداد پوری سو کر دی مُمَاءَاۃٌ سو کی بازی لگانا، شَارَطْتُہٗ مُمَاءَاۃً میں نے سو کی بازی کی شرط باندھی۔ (تاج ولسان) ۳/۳ ۱۸/۷۔

مِاَۃُ: مرفوع مضاف (سو) ۳/۴۔

مِاَۃِ: مجرور مضاف (سو) ۲۳/۹

مِاَۃٌ: مرفوع نکرہ (سو) ۱۰/۵

مِاَتَیْنِ: تثنیہ منصوب مِاَۃٌ واحد، دو سو پر۔ ۱۰/۵

مَادُمْتُ: واحد مذکر حاضر ماضی فعل ناقص، جب تک تو رہے۔ ۳/۱۶

مَادُمْتُ: واحد متکلم ماضی فعلِ ناقص، جب تک میں رہا۔ ۶/۵ جب تک میں رہوں۔ ۱۶/۵۔

مَادُمْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی فعلِ ناقص جب تک تم رہو۔ ۷/۳۔

مَاٰرِبُ: جمع مَاْرَبَۃٌ واحد حاجتیں۔ ضرورتیں، اَرَبٌ سخت حاجت کہ بغیر تدبیر کے پوری نہ ہو سکے اَرَبٌ اُرْبَۃٌ اِرْبَۃٌ مَاْرَبَۃٌ چاروں مصدر بھی ہیں سخت حاجت مند ہونا (سمع) کبھی اَرَبٌ سے

تنہا حاجت کا مفہوم مراد لیا جاتا ہے جیسے هُوَ ذُوْاَرَبٍ وہ حاجت مند ہے کبھی تدبیر کا مفہوم مراد ہوتا ہے هُوَاَرِیْبٌ دانشمند اور مدبر ہے لَا اَرَبَ لِیْ فِیْ کَذَا مجھے اس کی سخت ضرورت نہیں اُولِی الْاِرْبَۃِ مِنَ الرِّجَالِ بالغ لڑکے جن کو نکاح کی حاجت ہو جائے۔ (دیکھو اَرْبَۃ) اَرَابٌ اِرْبٌ کی جمع، وہ بند اور اعضاء جن کی کام کے لئے سخت حاجت ہو جاتی ہے۔ انسانی اعضاء میں سے بعض تو صرف زینت اور سجاوٹ کے لئے ہیں۔ ابرو، داڑھی مونچھ بعض ضرورت کے لئے ہاتھ پاؤں وغیرہ جو اعضاء ضرورت کے لئے ہیں ان میں بعض ایسے ہیں جن کی سخت ضرورت نہیں، اگر وہ نہ ہوں تو نمایاں نقصانِ بدن محسوس نہ ہو جیسے پانچویں انگلی بعض ایسے ہیں جن کی کمی سے نظامِ عمل میں خللِ عظیم واقع ہو جاتا ہے جیسے آنکھ، ناک، کان، زبان، ہاتھ، پاؤں وغیرہ مؤخر الذکر اعضاء کو ہی اَرَاب کہتے ہیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے جب بندہ سجدہ کرتا ہے تو اسکے ساتھ سات اَراب سجدہ کرتے ہیں چہرہ، دونوں ہتھیلیاں دونوں زانو دونوں قدم (مجمع البحار) ۱۶/۱

مَارِجٍ: آگ کی لپٹ، بھڑکتا ہوا شعلہ جس میں دھواں نہ ہو (قاموس)، مَرَجٌ چراگاہ اور چراگاہ میں جانوروں کو چھوڑ دینا مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ اللہ نے دو سمندر چھوڑے ہیں (نصر) مَرِجٌ چراگاہ میں چھوڑے ہوئے اونٹ، تباہی، بے چینی، تباہ ہونا ڈانواڈول ہونا۔ ہاتھ میں انگوٹھی کا فٹ نہ ہونا، ملنا جلنا مَرِجَ الدِّیْنُ وَ الْاَمْرُ (سمع، لازم) دین بگڑ گیا، کام خراب ہو گیا خُطَّۃٌ مَرِیْجٌ آپس میں گتھی ہوئی، لپٹی ہوئی ٹہنیاں اَمْرٌ مَرِیْجٌ مشتبہ اور گڑبڑ کام امام راغب نے مَارِجٌ کا ترجمہ لَہِیْبٌ مُخْتَلِطٌ کیا ہے۔ ۲۷/۱۱

(نوٹ ۱) شاید لہیب مختلط کہنے سے امام راغب کا یہ مطلب ہے کہ تخلیق جن دو قسم کے مخلوط قوام سے ہوئی ہے ایک صاف بغیر دھوئیں کا شعلہ جس کو قرار نہیں ہوتا ہمیشہ مضطرب رہتا ہے دوسرے آگ جو اجزاء متنوعہ سے بنی ہے۔ اگر امام کا مطلب اس لفظ سے یہی ہے تو حقیقت میں اس کی بناء اس

Presented by Ziaraat.Com

عقیدہ پر ہو گی جس کو عرب کے بعض کاہنوں نے دوسرے عناصر پرست مذاہب سے لاکر عرب میں پھیلایا تھا، اس جگہ قرآن نے انکے عقیدہ کو بیان کر دیا لیکن یہ مطلب سیاق کے خلاف ہے صاف مطلب یہ ہے کہ مِنْ نَارٍ مِنْ مَارِجٍ سے بدل ہے یا بیان ہے یعنی اللہ نے جن کو مارج سے یعنی نار سے بنایا۔ میرے نزدیک اغلب ہے کہ لہیب مختلط کہنے سے امام نے مجاہد کے قول کی طرف اشارہ کیا ہے جس کو محی السنۃ بغوی نے معالم میں نقل کیا ہے کہ مارج وہ خالص بے دھواں شعلے ہیں جو سرخ اور زرد اور سبز ہوتے ہیں آگ سے اٹھ کر مخلوط شکل میں ابھرتے ہیں۔ واللہ اعلم

مَارِدٍ: اسم فاعل مفرد مذکر مَرَدَۃٌ جمع سرکش آدمی یا شیطان جو ہر خیر سے خالی ہو جیسے غُصْنٌ اَمْرَدُ پتوں سے خالی ٹہنی، یا رَجُلٌ اَمْرَدُ وہ آدمی جس کی داڑھی مونچھ نہ ہو بالوں سے خالی یا رَمْلَۃٌ مَرْدَاءُ وہ ریگستان جو سبزہ سے خالی ہو۔ (راغب)

مَرَدَ مُرُوْدًا و مُرَاوَدَۃً (نصر و کرم) سرکش ہو گیا مَرَدَ عَلَی الشَّیْءِ اس چیز کا عادی ہو گیا (قاموس) لیکن امام راغب نے مَرَدُوْا عَلَی النِّفَاقِ میں عَلٰی کو مَرَدُوْا کا صلہ نہیں قرار دیا بلکہ اس طرح تشریح کی، اِنْتَکَسُوْا عَنِ الْخَیْرِ وَھُمْ عَلَی النِّفَاقِ گویا ایک تو مَرَدُوْا کا صلہ عَنِ الْخَیْرِ محذوف قرار دیا کیونکہ بغیر صلہ کے سرکشی کرنے اور باز رہنے کا معنی نہیں پیدا ہوتا ہے دوسرے عَلَی النِّفَاقِ کو مبتدا محذوف کی خبر قرار دیا اور پھر جملہ کو بتقدیر واؤ حالیہ قرار دیا، امام کو خواہ مخواہ اتنے محذوفات کی طرف رجوع کرنا پڑا باوجودیکہ مطلب بغیر حذف کے بھی بالکل صاف تھا مَرَدَ کے بعد عَلٰی لانے سے عادی ہونے اور مداومت کرنے کا مفہوم پیدا ہونا لغت میں موجود ہے یعنی مدینے کے کچھ باشندے نفاق کے خوگر اور عادی ہی ہیں دغلی باتیں کرتے ہی ہیں مَرَدَ الْغُلَامُ مَرْدًا و مُرُوْدَۃً (سمع) لڑکے کی داڑھی نکل آئی اور تَمَرَّدَ تَمَرُّدًا (تفعل) مدت تک سرکشی کی یا مدت کے بعد داڑھی نکلی۔ ۲۳/۵

اَلْمَاعُوْنَ: بھلائی۔ حسنِ سلوک، بارش۔ پانی۔ گھر کا سامان۔ فرمانبرداری۔ زکوٰۃ وغیرہ ماعون کے لغت میں مختلف معانی ہیں جو چیز کسی مانگنے والے کی مدد کے لئے دے دی جائے وہ بھی ماعون اور جو روک کی جائے وہ

بھی ماعُون ہے (از لغاتِ اضداد) اسی لئے بعض اہلِ لغت کا قول ہے کہ ماعُونٌ کی اصل مَعُونَۃٌ تھی الف تا کے عوض بڑھایا گیا۔ یہ قول اگرچہ بلا دلیل ہے لیکن ماعون کے مفہوم کے اعتبار سے ہے دل نشین جو چیز دی جاتی ہے وہ دوسرے کے لئے سببِ معونت بن جاتی ہے جو نہیں دی جاتی وہ اپنے لئے باعثِ معونت ہوتی ہے اسلئے دونوں صورتوں میں اس کو ماعون کہا جاتا ہے۔ ابو عبیدہ کا قول ہے جاہلیت میں ہر منفعت اور عطیہ کو ماعون کہتے تھے اور اسلام میں طاعت، خیرات اور زکوٰۃ کا نام ماعون ہوگیا (لسان) ماعی کا شعر ہے ؎

قَوْمٌ عَلَی الْاِسْلَامِ لَمَّا یَمْنَعُوْا
مَاعُوْنَھُمْ وَیُضَیِّعُوْا التَّھْلِیْلَا

وہ لوگ اسلام پر قائم ہیں نہ انہوں نے اپنی زکوٰۃ دی کی نہ کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کو ضائع کیا (معجم القرآن)

آیت کی تشریح میں لفظِ ماعون کا تعیینی ترجمہ کیا ہے اس کے متعلق قرنِ اول و دوئم کے علماء کے اقوال مختلف ہیں۔

حضرتِ علیؓ، حضرتِ عبداللہ بن عمر، حسن بصری، قتادہ اور ضحاک کے نزدیک زکوٰۃ مراد ہے، حضرتِ عبداللہ بن مسعود کے قول پر کلہاڑی، ڈول، ہانڈی وغیرہ ضروریاتِ خانگی کی چیزیں مراد ہیں، حضرتِ ابن عباس کا قول بروایتِ سعید بن جبیر بھی یہی ہے، مجاہد نے کہا عاریت مراد ہے، عکرمہ نے کہا ادنیٰ قسم اثاثِ خانگی کی عاریت اور اعلیٰ قسم زکوٰۃ ہے، قطرب نے کہا ماعون شے قلیل ہے، عرب کا محاورہ ہے مَالَہٗ سَعَۃٌ وَّ لَا مَعُنَۃٌ اس کے پاس کوئی بڑی چیز ہے نہ چھوٹی، زکوٰۃ صدقہ وغیرہ کو ماعون کہنے کی وجہ یہ ہے کہ مال کثیر میں اسکی مقدار بہت کم ہوتی ہے۔ بعض لوگوں کا قول ہے ماعون وہ چیز ہے جس سے کسی کو روکنا شرعاً حلال نہیں جیسے پانی، نمک۔

(تفسیر طبری و معالم التنزیل) ۳۰/۳۲

مَاکِثُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالتِ رفع مَاکِثٌ واحد مَکْثٌ مادہ و مصدر مَکَثَ یَمْکُثُ ماضی و مضارع (نصر و کرم) ٹھیرے رہنے والے باقی رہنے والے، مراد ہمیشہ رہنے والے، مِکْثَۃٌ وقفہ، ٹھیراؤ، مدۃ مَکِیْثٌ صفت

مشبہ باوقار سنجیدہ آدمی۔ تمکُّثٌ (تفعل) انتظار میں ٹھیرا رہنا۔ تَمْکُثْ ٹھیراؤ۔ ۲۵/۱۳۔

مَاکِثِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالتِ نصب مَاکِثٌ مفرد۔ ٹھیرے رہنے والے، مراد ہمیشہ رہنے والے۔ ۱۵/۱۳۔

اَلْمَاکِرِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالتِ جر اَلْمَاکِرُ مفرد، تدبیر کرنے والے، مَکْرٌ کا معنی ہے کسی کو تدبیر کے ساتھ اس کے مقصد سے پھیر دینا، روک دینا، تدبیر اچھی ہو یا بُری، تدبیر کی اچھائی برائی فعل کے حسن و قبح پر موقوف ہے، اگر مقصد اچھا ہو تو اس کی تدبیر کو اچھا کہا جائیگا، اگر مقصد بُرا ہو تو اس کی تدبیر بھی مذموم کہلائیگی (راغب) اسی لئے مکر کی نسبت خدا کی طرف بھی کی جاتی ہے کیونکہ اس کی تدبیر اچھی ہوتی ہے، اچھائی کے لئے ہوتی ہے اور کافر کی طرف بھی نسبت کی جاتی ہے کیونکہ وہ حق کے خلاف سازش کرتا ہے، فریب کرتا ہے، بعض مفسرین کا قول ہے کہ مکرِ خداوندی کا معنی صرف یہ ہے کہ اللہ بندہ کی ڈھیل چھوڑے رکھے اور برابر دنیوی عیش و طرب سے اس کو ہمکنار رکھے، اسی لئے حضرت علی نے فرمایا تھا جس کو دنیوی وسعت حاصل ہو اور اس کو معلوم نہ ہو کہ یہ اللہ کی طرف سے ڈھیل ہے تو ایسا آدمی فریب خوردہ بیوقوف ہے۔ پروفیسر عبدالرؤف نے معجم القرآن میں راغب کی صراحت سے اختلاف کیا ہے وہ کہتے ہیں مکر اس تدبیر اور فریب کو کہتے ہیں جو قوی کے مقابلہ کے وقت کمزور استعمال کرتا ہے۔ مکر عاجز ہو جانے کی علامت ہے، عاجز سے ہی سرزد ہوتا ہے، اگر طاقتور مکر کرے تو ضعیف کی پکڑ اس طور پر کرے کہ اس بیچارے کو معلوم بھی نہ ہو تو یہ فعل طاقتور کی کمزوری اور دنائت کی علامت ہے اور چونکہ اللہ ہر عجز ضعف اور دنائت سے پاک ہے اس لئے اس کی طرف مکر کی نسبت حقیقی نہیں مجازی ہے یعنی مکر کرنے والوں کی سازشوں کو ناکام بنا دینا اور ایسی تدبیر کرنا کہ ان کا فریب اثر آفریں نہ ہو سکے مکرِ خداوندی ہے، دونوں کا فرق ظاہر ہے، امام راغب کی نظر میں تو مکر صرف تدبیر کا نام ہے جس کی دو قسمیں ہیں اور

Presented by Ziaraat.Com

صاحبِ معجم القرآن کی نظر میں مکر صرف فریب دھوکہ اور سازش کو کہتے ہیں، یہی مکر کا حقیقی معنی ہے، سازش کو ناکام بنادینا مجازی معنی ہے۔ زجاج نے کہا اللہ کے مکر کرنے کا معنی ہے کافروں کی سازش کی سزا دینا لفظی مناسبت کی وجہ سے سزا مکر کو مکر کہا گیا ہے۔ اکثر اہلِ تفسیر کی تائید راغب کو حاصل ہے لیکن اہلِ لغت کی شہادت مؤلف معجم القرآن کو حاصل ہے۔ ۳/۱۳ ب ۹/۱۸

مَاكُوْلٍ: اسم مفعول واحد مذکر، اَکَلٌ مصدر کھایا ہوا، عَصْفٌ گیہوں کا پتہ (مجاہد) یا چھلکا (حضرت ابن عباس) یا بھوسہ (قتادہ) یا دانہ (عکرمہ) جب کھا لیا جاتا ہے اور اس کا گوبر بن جاتا ہے اور گوبر بنکر باہر آتا ہے اور خشک ہوجاتا ہے، تو اس میں لیس نہیں ہوتا اجزاء منتشر ہوکر پراگندہ ہوجاتے ہیں اسی طرح انسانی اعضاء ٹکڑے ٹکڑے ہوکر جب منتشر ہوگئے تو ریزہ ریزہ الگ ہوگیا (اَکَلٌ کی تنقیح کے لئے دیکھو کُلَا، کُلُوا، اکالون) ۳۰/۳۰

اَلْمَالَ: (منصوب) دولت، جاگیر، مکان، دکان اراضی غلہ کپڑا مختلف مویشی سونا چاندی تانبا ہر قسم کے پھل مشینیں وغیرہ غرض تمام ملوکات جنکی وجہ سے آدمی کو دھنی کہا جاتا ہے مال کہلاتا ہے (معجم) مَیْلٌ جھکاؤ، خم، مَیْلٌ تخلیقی کجی پیدائشی طور پر کسی ایک طرف جسم یا کسی عضو کا ٹیڑھا ہونا فِی عُنُقِہٖ مَیْلٌ اس کی گردن میں پیدائشی کجی ہے مَالَ (ضرب) جھک گیا، ٹیڑھا ہوگیا مَیْلٌ مَمَالٌ مَمِیْلٌ تَمَیَّالٌ مَیَلَانٌ اور مَیْلُوْلَۃٌ مصدر مَالَ اسکو جھکا دیا ٹیڑھا کردیا مَالَتِ الشَّمْسُ نقطۂ نصف النہار سے غربی جانب سورج جھک گیا یا غروب کی جانب مائل ہوگیا مَالَ عَنْہُ اس کی طرف سے پھر گیا مڑ گیا، مَالَ اِلَیْہِ اسکی طرف جھک گیا مَالَ عَلَیْہِ اس پر ظلم کیا، مال کو مال کہنے کی وجہ یہ ہے کہ مال ایک کی طرف سے مڑتا اور دوسرے کی طرف کو جھکتا ہے یا اس لئے کہ مال میں میلان ہے یعنی زوال ہے (راغب) یا اس لئے کہ لوگوں کی خواہشات اور طبائع کا میلان اس کی طرف ہوتا ہے (معجم) مَائِلٌ (اسم فاعل) جھکنے والا، مڑنے والا۔ ٹیڑھا مَائِلَۃٌ اور مُیَّلٌ جمع مَائِلَاتٌ لچکدار چال سے چلنے والی عورتیں۔ مَیِلَ مَیَلًا (سمع) پیدائشی طور پر ٹیڑھا ہوگیا، اِمَالَۃٌ جھکانا ۲/۶ ب ۳۰/۱۴۔

اَلْمَالِ: مجرور بتفصیل مذکور بالا، ۲/۱۶

مَالَ : منصوب مضاف ، مَالَ ۹ ۱۵/۴ ۔

مَالِ : مجرور مضاف ، مال ۔ ۱۸/۱۰ ۔

مَالٌ : مرفوع نکرہ ، کسی قسم کا مال ۔ ۱۹/۹ ۔

مَالٍ : مجرور نکرہ کسی طرح کا مال ۔ ۱۸/۴ ۱۹/۱۸ ۲۹/۳

مَالاً : منصوب نکرہ ، کوئی مال ، مالِ کثیر ۔ ۱۲/۳

۱۶/۸ ۲۹/۱۵ ۳۰/۲۹،۱۵ ۔

مَالُهٗ : مَالُ مرفوع مضاف ، مضاف الیہ اس کا مال ۔ ۲۹/۱۰ ۳۰/۱۷،۲۶ ۔

مَالَهٗ : مَالَ منصوب مضاف ، ضمیر مضاف الیہ وہ اپنا مال ۔ اس کا مال ۔ ۳/۴ ۳۰/۲۹،۱۷ ۔

مَالِكَ : اسم فاعل مذکر منصوب مضاف اے سارے جہان کے حکمراں ہر ذرہ پر قدرت اور قابو رکھنے والے مَلِكٌ (مُلُوكٌ جمع) مَلَكٌ (اَمْلَاكٌ جمع) مَلِيكٌ (مُلَكَاءُ جمع) سب کا معنی بادشاہ حکمران جسکے ہاتھ میں مستقل امر و نہی کی طاقت ہوتی ہے مِلْكٌ وہ چیز جس پر مکمل تصرف کرنیکا اختیار ہو ، مَلَكٌ قابو ، طاقت اور وہ چیز جو ملک میں ہو ، مُلْكٌ سلطنت ممالک سلطنت ، رعایا ، مَلَكٌ فرشتہ جو اندرونی طور پر بحکم الٰہی نظم کائنات پر قابو رکھتا ہے اور مَلِک بیرونی طور پر حکمران مانا جاتا ہے ، مَلَاكٌ قدرت ، طاقت ، مِلَاكٌ دارومدار ، مِلَاكُ الْجَسَدِ جسم کا دارومدار یعنی دل مَلَكُوتٌ بروزن رَحَمُوتٌ جَبَرُوتٌ رَهَبُوتٌ حکومت ، سلطنت ، اقتدارِ اعلیٰ مَمْلَكَةٌ مَمْلُكَةٌ سلطنت ، ممالک سلطنت ، شاہی دبدبہ ، شاہی غلام ۔

مَلَكَهٗ مِلْكًا (ضرب) و مَلَكَةً و مَمْلَكَةً و مَمْلُكَةً اس چیز کا مالک ہو گیا ۔ مَلَكَنَا الْمَاءُ پانی نے ہماری پیاس بجھادی تَمْلِيكٌ (تفعیل) مالک بنا دینا ، بادشاہ بنا دینا بادشاہت کی قابلیت پیدا کر دینا خواہ بالفعل بادشاہ نہ بنایا ہو ۔ ۳/۱۱ (تاج و راغب و معجم و بیضاوی و روح المعانی)

مَالِكُ : دوزخ کے نگرانِ اعلیٰ کا نام جو بقولِ صاوی وسطِ دوزخ میں رہتا ہے ۔ ۲۵/۱۳

مَالِكُوْنَ : اسم فاعل جمع مذکر حالتِ رفع مَالِكٌ واحد قابو رکھنے والے ہر قسم کا تصرف کرنے والے ۔ ۲۳/۴ ۔

مَالِئُوْنَ : اسم فاعل جمع مذکر مرفوع مَالِئٌ واحد بھرنے والے مَلْأٌ ۔ مَلْأَةٌ ۔ مِلْأَةٌ مصدر (فتح) مِلْأٌ پُری ، بھراؤ مَلَاءَةٌ پیٹ بھر جانا اور پیٹ بھر جانے کی تکلیف ، مُلَاءَةٌ زکام ۔ مُلِئَ الرَّجُلُ (فتح) اس

آدمی کو زکام ہو گیا۔ مَلَأَ الرَّجُلُ (فتح۔لازم) وہ آدمی بھر گیا یعنی مالدار ہو گیا۔ مَلَأٌ سرداران، عمائدین۔ صاحب الرائے گروہ، غلبہ، خصلت اَمْلَاءٌ جمع، محاورہ ہے اَحْسِنُوْا اَمْلَاءَكُمْ اپنے اخلاق اچھے رکھو مَلِئَ (فعیل) مالدار مِلَاءٌ مُلَاءٌ اور اَمْلِئَاءُ جمع مَلْآنُ بھرا ہوا مُلِئَ مَلَاءَةً (سمع) بھر گیا۔ مُلَاءٌ (کرم) مالدار ہو گیا اور زکام میں مبتلا ہو گیا، باب تفعل اور افتعال میں بھی بھر جانے کا معنے ہو گا (خلاصہ از لسان و قاموس) ۲۷/۲۵

مَامَنَهُ: مَامَنَ منصوب مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ اسکی جائے امن (تک یا میں) یعنی اسکی قوم کی بستی تک مَامَنٌ ظرف مکان ہے اَمْنٌ اَمَانَةٌ اَمَانٌ تینوں مصدر ہیں (سمع) امن امان اور امانت کا اطلاق کبھی اطمینان اور بے خوفی کی حالت پر ہوتا ہے کبھی اس چیز پر اطلاق ہوتا ہے جو کسی کی تفویض میں بطور امانت دی جاتی ہے مثلاً مال، راز وغیرہ اِیْمَانٌ (افعال) متعدی بھی ہے اور لازم بھی، اول کا معنی ہے امن دینا۔ اس معنی کے لحاظ سے اللہ مومن ہے امن دینے والا، دوسرے کا معنی ہے صاحبِ امن ہونا، بے خوف ہو جانا۔ مطمئن ہونا مَا اٰمَنْتُ اَنْ اَجِدَ صَحَابَةً مجھے اطمینان نہیں مجھے وثوق نہیں کہ میں ساتھیوں کو پالوں گا (مزید دیکھو اٰمَنَ اٰمِنْتُمْ اٰمِنُوْا اٰمَنُوْا وغیرہ باب الالف)

مَامُوْنٍ: اسم مفعول واحد مذکر (سمع) غَيْرُ مَامُوْنٍ یعنی ایسا عذاب جس کا اندیشہ برابر لگا رہنا چاہیے اسکی طرف سے نڈر ہو کر نہ بیٹھنا چاہیے ناقابل بے خوفی خطرناک۔ ۲۹/۷

مَانِعَتُهُمْ: مَانِعَةٌ اسم فاعل واحد مؤنث مضاف، هُمْ ضمیر مضاف الیہ، قائم مقام مفعول، ان کو بچانے والے، حفاظت کرنیوالے محفوظ رکھنے والے۔ خاندان نضیر یہودیوں کا ہارونی نسل کا ایک خاندان تھا، مدینہ میں رہتا تھا، اطرافِ مدینہ میں پہاڑیوں پر اس خاندان کے چھوٹے چھوٹے قلعے اور گڑھیاں تھیں، رسول اللہ صلعم جب مدینہ میں تشریف لائے تو بنی نضیر نے حضور سے معاہدہ کر لیا کہ ہم آپ سے نہیں لڑیں گے نہ آپ کے مخالفین سے کوئی سروکار رکھینگے نہ آپ کی مدد کرینگے بالکل غیر

Presented by Ziaraat.Com

ہانبدار رہیں گے۔ بدر کی فتح کے بعد انہوں نے عہد شکنی کی، کعب بن اشرف مشہور یہودی مالدار سردار خفیہ مکہ کو گیا، چالیس یہودی اس کے ساتھ گئے، سب نے قریش کو ابھارا، مدد کرنے کا وعدہ کیا اور لوٹ کر چلے آئے۔ احد کی جنگ بنی نضیر کی عہد شکنی کا ہی نتیجہ تھا۔ جنگِ احد کے بعد حضور والا نے بنی نضیر کی گڑھیوں کا محاصرہ کر لیا ان کو اپنی قلعہ بندیوں پر غرور تھا لیکن طولِ محاصرہ کی تاب نہ لا سکے اور منقولہ سامان ہمراہ لے جانے کی شرط پر اہل و عیال اور مال و منال کو ساتھ لے کر اریحا اور اذرعات (علاقہ شام) کی طرف چل کھڑے ہوئے غیر منقولہ جائیداد پر مسلمانوں کا قبضہ ہو گیا (مدارک و خازن)

مَنَعَ: نہ دینا روک رکھنا۔ روک دینا۔ حفاظت کرنا۔ حفاظت رکھنا (بابِ فتح) مَانِعٌ مَنَّاعٌ مَنُوْعٌ روکنے والا۔ مَنِیْعٌ مضبوط، محفوظ محاورہ ہے هُوَ فِیْ عِزٍّ مَنِیْعٍ مَنُعَ مَنَاعَةً (کرم) عزت والا ہو گیا مضبوط ہو گیا۔ تَمَنَّعَ عَنْهُ (بابِ تفعل) اس سے باز رہا، رُک گیا۔ تَمَنَّعَ عَلَیْهِ اس پر غالب ہو گیا۔ بابِ تفعل اور افتعال دونوں کا معنی کسی کام سے باز رہنا اور مضبوط ہو جانا لیکن اس کے بعد عَنْ آنا ضروری ہے۔ ۲۸/۴۔

اَلْمَاْوٰی: مصدر اور اسم ظرف۔ قیام کرنا، رہنا، سکونت پذیر ہونا۔ مقامِ سکونت، ٹھکانا، اَوٰی یَاْوِیْ ماضی و مضارع (ضرب) اُوِیٌّ بھی مصدر ہے، اگر صلہ میں اِلٰی ہو تو پناہ پکڑنے ٹھکانا بنانے اور فروکش ہونے کا معنی ہو گا لیکن اگر اس کے بعد لام آئے تو مہربانی اور رحم کرنے کا معنی ہو گا، آوٰی لَهٗ اس پر مہربانی کی، رحم کیا (راغب) باب افعال یعنی اٰوٰی یُؤْوِیْ ایواءٌ متعدی ہے۔ کسی کو جگہ دینا، ٹھکانا دینا۔ رہنے کا مقام دینا۔ اَلْمَاْوٰی معرف باللام قرآن مجید میں تین جگہ آیا ہے اور ہر جگہ مصدری معنے ہے۔ ۲۱/۵ ۲۷/۵ ۳۰/۴ (مزید تفصیل کے لئے دیکھو اوی۔ اٰوی وغیرہ)

مَاْوَاكُمْ: مَاْوٰی اسم ظرف مضاف کُمْ ضمیر خطاب جمع مضاف الیہ۔ تمہارا ٹھکانا۔ قیام کا مقام، قرآنِ مجید میں جس جگہ مَاْوٰی بصورتِ اضافت استعمال کیا ہے

Presented by Ziaraat.Com

ظرفی معنی میں استعمال کیا ہے اور جہاں بغیر اضافت کے مستعمل ہے وہاں مصدری معنی مراد ہے۔ ۲۰/۱۵ ۲۵/۲۰ ۲۷/۱۸۔

مَاوَاهُ: مَاوٰی مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ اس کی جگہ اس کا ٹھکانا۔ ۴/۸ ۶/۱۴ ۹/۱۶۔

مَاوَاهُمْ: مَاوٰی مضاف، ھُمْ ضمیر مضاف الیہ، ان کا ٹھکانا۔ ۴/۱۱۷ ۵/۱۱ و ۱۵ و ۱۶ ۱۱/۶ و ۱۲ ۱۳/۸ ۱۵/۱۱ ۱۸/۱۳ ۲۱/۱۸ ۱۸/۲۰۔

اَلْمَاهِدُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالتِ رفع۔ اَلْمَاهِدُ مفرد، بچھانے والے، تیار کرنیوالے درست کرنے والے۔ مَهْدٌ مصدر (فتح) مَهَدٌ (اسم) گہوارہ مُهُوْدٌ جمع مُهْدٌ اور مُهْدَةٌ نیچی یا نیچی زمین بشرطیکہ نرم اور ہموار ہو هُوَ مِهَدَةٌ اور اَمْهَادٌ جمع، مِهَادٌ گہوارہ، زمین، بستر فرش۔ تَمْهِيْدٌ (تفعیل) بچھانا، کام کو درست کرنا۔ عذر پیش کرنا۔ عذر قبول کرنا۔ مَاءٌ مُمَهَّدٌ وہ پانی جو نہ گرم ہو نہ سرد۔ (المفردات و قاموس) ۲۷/۲

مَائِدَةً: اسم فاعل واحد مؤنث بمعنے اسم مفعول (ابو بار بصرہ و ابو عبیدہ) کھانا جو خوان پر چنا ہوا ہو۔ وہ خوان جس پر کھانا چنا ہوا ہو اگر کھانا چنا ہوا نہ ہو خوان خالی ہو تو اس کو خِوانٌ کہتے ہیں، مَائِدَةٌ نہیں کہتے (معالم و راغب و تاج) مَيْدَةٌ بھی اسی کا ہم معنی ہے (قاموس) مَيْدٌ اور مَيَدَانٌ مصدر کھانا دینا، متلی ہونا، سر چکرانا۔ ارتعاشی حرکت کی طرح ہلنا۔ ایک طرف کو جھک پڑنا۔ مَادَ يَمِيْدُ ماضی و مضارع (ضرب)

مَيْدَا مقابل، هٰذَا مَيْدَاهُ وَبِمَيْدَاهُ یہ اس کے مقابل ہے۔ مَيْدَاء کا بھی یہی معنی ہے (راغب و قاموس)

کیا مائدہ نازل کیا گیا؟ سوا رمجاہد، حسن بصری کے تمام صحابہ اور تابعین کا اجماعی قول ہے کہ مائدہ نازل ہوا لیکن بنی اسرائیل کی سرکشی کی پاداش میں آنا بند ہو گیا اور عذاب مسخ میں بھی نافرمان مبتلا ہوئے عدولِ حکم کرنیوالوں کی صورتیں بندروں اور سوروں کی طرح ہو گئیں۔ مائدہ پر کھانا کیا تھا؟ حضرت ابن عباس، کعب الاحبار، قتادہ، عطیہ، کلبی، وہب بن منبہ، عطاء بن ابی رباح اور دوسرے تابعین کے اقوال اس سلسلہ میں مختلف ہیں، کوئی قطعی قول نہیں۔ صاحب

Presented by Ziaraat.Com

معالم) محی السنۃ بغوی) صاحب روح المعانی (سید محمود آلوسی بغدادی) ابن کثیر، ابن جریر وغیرہم نے جدا جدا مسلسل روایات نقل کی ہیں جنکو اس جگہ نقل کرنا تطویل لاطائل ہے۔

ایک عجیب ترین بات یہ ہے کہ بقول امام راغب (فی المفردات) بعض لوگ قائل ہیں کہ مائدہ سے مراد کسی کھانے کا خوان نہیں بلکہ مائدہ علمی مراد ہے جس پر ضیافت ظلی اور روحانی مہمانی کے لئے طرح طرح کی عرفانی غذا حضرت عیسیٰ کے ذریعے سے بنی اسرائیل کو عنایت کی گئی تھی۔ تعجب ہے ایسے اصحاب عرفان پر جن کو نہ قرآنی سیاق کا فہم نہ سباق سے تعلق نہ ان مسلسل پیہم روایات کا پتہ جو اس سلسلہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تک بغیر انقطاع وارسال کے پہنچتی ہیں۔ ۵/۷۔

مُبَارَكٌ: اسم مفعول واحد مذکر مرفوع مُبَارَكُوْنَ جمع (باب مُفَاعَلَةٌ) خیر و برکت والا۔ اللہ کی طرف سے خیر کی غیر معمولی بیشی ایسے طریقوں سے جو مافوق الحس ہوں اور ظاہری شعور میں نہ آسکتے ہوں، برکت کہلاتی ہے اللہ کی طرف سے جس جگہ خیر و خوبی کا غیر محسوس راستوں سے نزول ہو وہ جگہ بھی مبارک ہے اور جس آدمی میں ہو وہ بھی مبارک ہے اور جس کتاب میں ہو وہ بھی برکت والی ہے اور جس چیز میں ہو وہ بھی بابرکت ہے۔ اللہ کے بابرکت ہونے کا معنی صرف عطاء خیر ہے یعنی اللہ بڑی خیر والا ہے اتنا کہ سارے جہان کو محسوس غیر محسوس ظاہر باطن مادی روحانی علمی عملی ہر قسم کی خیر عطا فرماتا ہے۔ (مزید تفصیل کے لئے برکات، منقول از راغب) ۷/۱۷ ۸/۱۷ ۱۷/۴ ۲۳/۱۲۔

مُبَارَكًا: اسم مفعول واحد مذکر منصوب بڑا بابرکت، بڑی خیر والا۔ (باب مُفَاعَلَةٌ) ۴/۱ ۱۶/۵ ۱۸/۲ ۲۶/۱۵۔

مُبَارَكَةً: اسم مفعول واحد مؤنث منصوب نکرہ، خیر و برکت والا ۱۸/۱۴۔

مُبَارَكَةٍ: اسم مفعول واحد مؤنث مجرور نکرہ خیر و برکت والا۔ ۱۸/۱۱ ۲۵/۱۴۔

اَلْمُبَارَكَةِ: اسم مفعول واحد مؤنث مجرور معرفہ، خیر و برکت والا۔

مُبْتَلِيْكُمْ: مُبْتَلِيْ، اسم فاعل واحد مذکر

Presented by Ziaraat.Com

مضاف کھ ضمیر جمع مذکر مخاطب مضاف الیہ

اِبْتِلَاءٌ مصدر (افتعال) تمہاری آزمائش کرنیوالا تم کو جانچنے والا۔ تم میں سے فرمانبرداروں کو نافرمانوں سے چھانٹ کر الگ کر دینے والا ابتلاء اور امتحان کی غرض دو میں سے ایک اور کبھی دونوں ہوتی ہیں۔

۱ نامعلوم حالت کو جان لینا۔

۲ کھرے کھوٹے، اچھے اور برے کا الگ الگ ہو جانا یا الگ الگ کر دینا۔ اللہ بہر حال ناواقف نہیں، عالم الغیب ہے، قبل از وقوع ہر شے کو جانتا ہے اس لئے ابتلاء الٰہی کی غرض پہلی نہیں ہمیشہ دوسری ہی ہوتی ہے۔

(راغب، بیضاوی و مدارک)

اِبْتِلَاءٌ کا مادہ بَلْیٌ ہے، بابِ سَمِعَ سے اس مادہ کا معنی ہے پرانا ہو جانا، فرسودہ۔ کہنہ اور بوسیدہ ہو جانا۔ بَلِیَ الثَّوْبُ بِلًی وبَلَاءً کپڑا فرسودہ اور کہنہ ہو گیا۔ باب نَصَرَ سے یہ مادہ آزمائش کرنے اور جانچنے کے معنی میں مستعمل ہے اور متعدی ہے، بَلَوْتُہٗ میں نے اسکی جانچ کی، فرسودہ کرنے کے معنی میں بھی آیا ہے بَلَاہُ السَّفَرُ سفر نے اس کا حال پتلا کر دیا۔ غم کو بلاء کہنے کی وجہ بھی یہی ہے کہ غم و رنج سے جسم کی حالت ابتر ہو جاتی ہے۔ پریشانی اور فرسودہ حالی غم کا لازمی نتیجہ ہے۔

تکالیف شرعیہ کو بلاء کہنا بھی ظاہر ہے، ہر شرعی حکم نفس پر شاق گزرتا ہی ہے پھر اللہ کی طرف سے بہر طور امتحان ہوتا ہے دکھ دیکر بھی اور سکھ دیکر بھی، دکھ پر صبر کرنیوالے اور سکھ میں شکر کرنے والے چھانٹے جاتے ہیں، نافرمانوں سے ان کو الگ کر لیا جاتا ہے۔

(مزید تشریح کے لئے دیکھو بَلَاءٌ منقول از راغب) ۲/۱۷۔

مُبْتَلِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالت نصب اِبْتِلَاءٌ مصدر، جانچنے والے، کھرے کو کھوٹے سے الگ کر دینے والے۔ ۱۸/۲۔

اَلْمَبْثُوْثِ: اسم مفعول واحد مذکر، منتشر پراگندہ، پھیلے ہوئے۔ بَثٌّ مصدر (نصر و ضرب) (دیکھو بَثٌّ) ۳۰/۲۶

مَبْثُوْثَۃً: اسم مفعول واحد مؤنث، پھیلے ہوئے بچھے ہوئے (بیضاوی) فراء نے کہا پھیلے ہونے سے اشارہ ہے، کثرت کی جانب یعنی بکثرت فرش، بیضاوی کے قول کی عام

Presented by Ziaraat.Com

اہلِ تفسیر نے تائید کی ہے۔

(۱۷) مُبَدِّلَ: اسم فاعل واحد مذکر، تَبْدِیْلٌ مصدر (تفعیل) تَبَدُّلٌ تَبْدِیْلٌ اِبْدَالٌ اِسْتِبْدَالٌ سب کا معنی ہے، تغیر حالت، خواہ اس طرح ہو کہ اصل چیز باقی رہے، صرف حالت بدل جائے یا اصل چیز ہی بدل جائے وہ چیز جاتی رہے اور اس کی جگہ دوسری چیز آجائے فَبَدَّلَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَیْرَ الَّذِیْ قِیْلَ لَهُمْ (ظالموں نے اصل بات بدل کر اس کی جگہ دوسری بات لے لی)

وَلَیُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ان کو خوف کے عوض اللہ ضرور امن عطا فرمائے گا۔

فَاُولٰٓئِكَ یُبَدِّلُ اللّٰهُ سَیِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ اللہ ان کی برائیوں کو نیکیوں سے بدل دے گا۔

وَاِنْ تَتَوَلَّوْا یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ اگر تم نہ مانو گے تو تمہاری جگہ اللہ دوسری قوم کو لے آئے گا۔

یَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَیْرَ الْاَرْضِ جس روز کہ زمین کی موجودہ حالت بدلکر دوسری حالت پیدا کر دی جائے گی (راغب)

وَمَنْ یَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِیْمَانِ جو شخص ایمان چھوڑ کر کفر کو اختیار کرے۔

اَبْدَال صالحین کی وہ جماعت جو صفاتِ مذمومہ کی جگہ صفاتِ حسنہ کو اختیار کرتی ہے، سیئات کو حسنات سے بدل لیتی ہے، ان میں سے جو شخص مرجاتا ہے اللہ اسکی جگہ دوسرے کو مقرر فرما دیتا ہے (راغب)

بَدَلٌ بِدْلٌ بَدِیْلٌ تینوں ہم معنی ہیں بَدَلٌ اور بِدْلٌ کی جمع اَبْدَالٌ ہے بِدْلٌ شریف آدمی کو بھی کہتے ہیں بَدَّالٌ پرچون بیچنے والا۔

اَبْدَلَهٗ (افعال) اس کا عوض لے آیا، اَبْدَلَهٗ بِهٖ اس کو اس کے عوض میں لے لیا۔ بَادَلَهٗ مُبَادَلَةً (مفاعلۃ) ایک چیز دے کر دوسری چیز معاوضہ میں لے لی۔ بَدَّلَ شَیْئًا مِّنْ شَیْءٍ ایک چیز کے عوض دوسری چیز لے آیا۔ لیکن اگر صرف بَدَّلَ شَیْئًا کہا جائیگا تو بگاڑ دینے اور حالت بدل دینے کا معنی ہوگا۔ ایک حدیث میں آیا ہے مَنْ بَدَّلَ دِیْنَهٗ فَاقْتُلُوْهُ جو شخص اپنا دین بدل دے (اصل مذہب کی حالت

Presented by Ziaraat.Com

بگاڑ کر دوسرا مذہب اختیار کرلے) اس کو مار ڈالو۔

تَبَدَّلَ شَیْئًا بِشَیْءٍ ایک چیز کے عوض دوسری چیز لے لی۔ ۱۷/۸ ۔ ۱۵/۱۶۔

مُبْدِیْہِ: اسم فاعل واحد مذکر مضاف ہٖ ضمیر مضاف الیہ، قائم مقام مفعول، اِبْدَاءٌ مصدر (اِفعالٌ)، اس کو ظاہر کرنے والا اَبْدَیْتُہٗ میں نے اسکو ظاہر کیا اَبْدَیْتَ فِیْ مَنْطِقِکَ تو نے اپنی گفتگو میں جرأت سے کام لیا۔ اصل مادہ (بَدْوٌ) وادی ہے جس کا معنی ہے ظہور، اسی لئے بَدْوٌ بَدَاوَۃٌ اور بِدَاوَۃٌ بیرون شہر یعنی مضافات کو کہتے ہیں اور مضافات کا رہنے والا بَدَوِیٌّ بَدَاوِیٌّ اور بِدَاوِیٌّ کہلاتا ہے بَادِیَ الرَّأْیِ ظاہر رائے، اول رائے۔ بَدَوَانَ نَوبہ نَورائے اَلسُّلْطَانُ ذُوْعَدَوَانٍ وَذُوْبَدَوَانٍ (الحدیث) یعنی بادشاہ کی طرف سے زیادتی اور نوبہ نو رائے کا ظہور ہوتا رہتا ہے۔

بَدَا لَہٗ فِی الْاَمْرِ (ثلاثی مجرد باب نصر) اس معاملہ میں اس کی یہ رائے ظاہر ہوئی، اس کو یہ مناسب معلوم ہوا۔ بَدْوٌ بَدِیٌّ بَدَاءٌ اور بَدَاءَۃٌ مصدر۔

بَدَا الْقَوْمُ لوگ دیہات میں جاکر مقیم ہوگئے مَنْ بَدَا جفا جو دیہات میں رہتا ہے اس کے مزاج میں درشتی پیدا ہوجاتی ہے۔

آیت مذکورہ میں بیان کیا گیا ہے کہ اے نبی آپ اس چیز کو لوگوں سے چھپا رہے تھے جس کو اللہ ظاہر کرنیوالا ہے وہ چیز کیا تھی جس کو رسول اللہ صلعم لوگوں سے چھپا رہے تھے؟

بڑے بڑے ائمہ تفسیر کی صراحتیں اس سلسلہ میں حیرت آفریں ہیں۔ امیمہ بنت عبدالمطلب (رسول اللہ کی پھوپھی) کا نکاح جحش سے ہوا۔ عبداللہ اور زینب بہن بھائی پیدا ہوئے۔ زینب انتہائی حسین تھیں حضور والا نے عبداللہ کے پاس زینب سے نکاح کا پیام بھجوایا لیکن کس کے ساتھ نکاح کیا جائے؟ اس کو مبہم رکھا۔ عبداللہ نے خیال کیا کہ حضور والا نے اپنے لئے پیام دیا ہے اس لئے قبول کرلیا۔ زینب بھی راضی ہوگئیں لیکن واقع میں زید بن حارثہ کے لئے حضور نے پیام دیا تھا جو سرکار کے متبنی تھے حضرت خدیجۃ الکبریٰ نے خرید کر حضور کو ہبہ کردیا تھا اور آپ نے آزاد کرکے ان کو بیٹا بنا لیا تھا، زید ایک تو

Presented by Ziaraat.Com

تھے کالے سلونے دوسرے آزاد کردہ غلام،
حضرت زینب کو حضور کی مرضی معلوم ہوئی
تو کہنے لگیں یارسول اللہ میں تو آپ کی
پھوپھی کی بیٹی ہوں یعنی شریف النسب
قریشی ہوں، ہاشمی ہوں، زید میرے جوڑ کا
کہاں ہے؟ عبداللہ کو بھی یہ پیام ناگوار گزرا
مگر رسول اللہ کی مرضی کے سامنے دونوں نے
سر جھکا دیا، زید سے زینب کا نکاح ہوگیا۔
زینب کے مزاج میں تندی اور تیزی تھی، شرافتِ
نسب پر ناز تھا، حسین عورت ویسے بھی تنک
مزاج ہوتی ہے، زید زینب کو نہیں بھائے،
زوجین میں چپقلش رنجش اور کش مکش ہونے
لگی، زید تنگ آگئے، انہوں نے خدمتِ گرامی
میں حاضر ہوکر طلاق دینے کی خواہش کا اظہار کیا،
حضور نے خیال فرمایا زینب اور اس کے
بھائی کی بڑی دل شکنی ہوگی، لوگ کہیں گے زینب
غلام کے بھی قابل نہیں ہے، غلام نے بھی طلاق
دیدی۔ عبداللہ تو پہلے ہی سے اس رشتہ کے
خلاف تھے، زینب بھی نہیں چاہتی تھی، میرے
حکم سے دونوں مجبور ہوگئے اب اگر زید نے
طلاق دیدی تو کیا ہوگا، عبداللہ اور زینب مجھے
کیا کہیں گے، خیال کریں گے میں نے زینب کی توہین
کروائی اور اس کی زندگی برباد کی، پھر یہ بھی سوچا کہ
اچھا زید کی طلاق کے بعد زینب کی اشک شوئی
تو یوں بھی ہوسکتی ہے کہ میں نکاح کرلوں، زینب
اس بات سے خوش ہوجائیگی، پچھلے زخم کا اندمال
ہوجائیگا، عبداللہ بھی اپنی عزت محسوس کریگا
لیکن لوگ کیا کہینگے بیٹے کی بیوی سے نکاح
کرنا حرام ہے، زید میرا بیٹا نہیں لیکن عام لوگ تو
منہ بولے بیٹے کو بھی حقیقی بیٹا ہی قرار دیتے ہیں
اس لئے معیوب سمجھیں گے، بدنام کرینگے واقع
میں یہ فعل برا نہیں، زینب کی اشک شوئی اور
اس کی خاندانی عزت افزائی مجھے ضرور کرنی ہے،
لیکن لوگوں کی زبان بندی کیسے ہوگی، یہ سوچ کر
حضور نے زید کو صحیح مشورہ دیا کہ تم طلاق
نہ دو، اللہ سے ڈرو۔ لیکن پانی زید کے سر سے
اونچا ہوچکا تھا وہ طلاق دے ہی بیٹھے،
اور عدت گزرنے کے بعد حضور والا نے
حضرت زینب سے نکاح کرلیا اور ان کی عزت
افزائی کے لئے ایسا شاندار ولیمہ کیا کہ کسی بیوی
کے نکاح کا نہیں کیا تھا یعنی بکری کا گوشت
اور روٹی لوگوں کو کھلائی۔

Presented by Ziaraat.Com

واقعہ صرف یہ تھا اور اس ہیچمدان فقیر کی نظر میں اس توضیح سے دامنِ نبوت ہر داغ دھبے سے محفوظ رہتا ہے لیکن کیا کیا جائے مقاتل اور قتادہ جیسے جلیل القدر تابعی اور طبری جیسے عالی مرتبت مفسر نے بھی نہ سوچا کہ یہودہ کہانیوں کے بیان سے نبوت کی معصوم چمکدار پیشانی داغدار ہو جائیگی، قتادہ نے کہا حضور دل سے خواہاں تھے کہ زید زینب کو طلاق دیدیں تاکہ آپ خود نکاح کر سکیں۔ مقاتل کا قول ہے زینب گوری چٹی حسین عورت تھیں، حضور نے ایک روز دیکھ لیا اور فتنہ خوابیدہ کو دیکھا، دل پر چڑھ گئیں۔ حاکم نے مستدرک میں واقدی کے طریق سے بھی ایسی ہی ایک مرسل روایت نقل کی ہے۔

قشیری اور قاضی عیاض نے ایسی روایات کی سخت تنکیر کی ہے لیکن ابن جریر طبری ایسے علامہ مفسر پر تعجب ہے کہ انہوں نے قتادہ کے قول کو مستحسن قرار دیا ہے۔

حضرت علی بن الامام الحسین نے حتی الامکان شستہ مطلب بیان کیا ہے جو مذکورہ اتہامات سے پاک ہے، فرماتے ہیں:۔

اللہ نے اپنے پیغمبر کو اطلاع دیدی کہ زینب تمہاری بیوی ہوگی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وحی کا کسی سے تذکرہ نہیں کیا اور دل میں چھپائے رکھا یہاں تک کہ جب زید نے طلاق کا ارادہ ظاہر کیا، اسوقت بھی حضور نے ان کو طلاق نہ دینے کا مشورہ دیا مگر دل میں سمجھ ہی رکھا تھا کہ وحی الٰہی غلط نہیں ہو سکتی، زید طلاق ضرور دیگا۔ قرطبی نے اپنی فقہی تفسیر میں لکھا ہے کہ ہمارے علماء کے نزدیک آیتِ مذکورہ کی توضیح کے لئے حضرت علی بن الحسین کا قول سب سے افضل ہے۔

قاضی عیاض، زہری، ابوبکر بن العلاء اور قاضی ابوبکر بن العربی نے اسی کو پسند کیا ہے، الفیہ عراقی کی شرح میں علامہ عبدالرؤف مناوی نے اسکی پوری تفصیل کی ہے۔ ۲۲/۲

اَلْمُبَذِّرِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالت نصب اَلْمُبَذِّرُ مفرد مال کو فضول برباد کرنیوالے بیکار بکھیرنے والے بَذْرٌ بیج جو کھیت میں بویا جاتا ہے، نسل۔ بُذُوْرٌ اور بِذَارٌ جمع، بَذَرٌ پراگندہ، بکھرا ہوا رَجُلٌ بَذِرٌ رَجُلٌ بَيْذَارٌ۔ رَجُلٌ بَيْذَرَانِيٌّ زیادہ

بکواس کرنیوالا اور افشائے راز کرنے والا آدمی
تِبْذَارٌ کا بھی یہی معنی ہے رَجُلٌ تِبْذَارَۃٌ
فضول برباد کرنے والا آدمی۔ رَجُلٌ بُذُوْرٌ
اور بَذِیْرٌ افشار راز کرنے والا اور سخن چینی
کرنیوالا طَعَامٌ بَذِرٌ بابرکت کھانا بَذَرَ
الْاَرْضَ اور بَذَرَتِ الْاَرْضُ (متعدی اور
لازم) زمین میں بیج بو دیا۔ زمین میں بیج بکھر
گیا۔ بَذَرَ السِّرَّ راز پھیلا دیا۔ بَذَرَ الْمَالَ
مال فضول صرف کر ڈالا گویا بکھیر دیا۔ (نصر)
بَذْرٌ بَذَارَۃً (کرم) افشار راز کرنیوالا ہو گیا۔
بَذَّرَ الْاَرْضَ (تفعیل) زمین میں بیج بکھیر دیا۔
بَذَّرَ الْمَالَ فضول مال برباد کر دیا بَذَّرَ السِّرَّ
راز کو افشار کر دیا۔

یاد رکھو کہ ثلاثی مجرد باب نصر اور
ثلاثی مزید باب تفعیل کا معنی ایک ہی ہے لیکن
مجرد کو مزید میں لیجا کر معنی میں کثرت پیدا کرنی
مقصود ہوتی ہے گویا بَذَّرَ فضول خرچ کر دیا
اور بَذَّرَ بہت زیادہ فضول خرچ کیا۔ ۱۵/۱۳

مُبْرِمُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع،
مُبْرِمٌ مفرد، اِبْرَامٌ مصدر (باب افعال)
تدبیر کو پختہ کر لینے والے (کافروں کی بربادی کے
لئے) محکم تدبیر کرنے والے اِبْرَامُ الْاَمْرِ کسی
کام کو پکا اور مضبوط کر دینا۔ اِبْرَامُ الْفَتْلِ
رسی کو دوہرا بٹنا (بھانتا) ایک طرف سے بٹی
ہوئی رسی کے بل کمزور ہوتے ہیں جب دوسری
جانب سے الٹ کر دوہری بٹی جاتی ہے تو بل
مضبوط ہو جاتے ہیں ایسی رسی کو مبرم کہتے ہیں اور
چونکہ الٹ کر رسی پر بل چڑھانا اول مرتبہ بٹنے
کے مقابلہ میں دشوار بھی ہوتا ہے اس لئے مبرم
دشوار کو بھی کہتے ہیں، مبرم اس کپڑے کو بھی کہتے
ہیں جو دوہرے تاگے سے بنا ہوا ہو، دو سوتی
بَرِمَ بِہٖ (سمع) کسی بات سے عاجز ہو گیا۔
غم سے بیقرار ہو گیا بَرِمَ بِحُجَّتِہٖ دلیل پیش کرنی
چاہی مگر کچھ کر نہ سکا، سب کچھ بھول گیا۔

بَرَمَ الْاَمْرَ (نصر) کام کو محکم اور پختہ کر لیا۔
یعنی کسی کام کا قطعی فیصلہ کر لیا۔

بَرِمَ (سمع) کو باب افعال میں لیجا کر اَبْرَمَ
کا معنی ہو گیا عاجز کر دیا اور بَرَمَ (نصر) کو اَبْرَمَ
بنا کر زیادہ مضبوط کرنے اور کسی کام کو بہت ہی پختہ
بنا دینے کا معنی ہو جائے گا۔ ۲۵/۱۳

مُبَرَّءُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع مُبَرَّءٌ
واحد تَبْرِئَۃٌ مصدر (باب تفعیل) بری کئے ہوئے

Presented by Ziaraat.Com

بری قرار دیتے ہوئے (اللہ کی طرف سے) پاک بنائے ہوئے۔ بَرَّ اور بَرَاَ کا اصل مفہوم ہے کسی بری بات اور امرِ مکروہ سے چھٹکارا۔ اسی لئے باب سَمِعَ سے بَرْءٌ بَرَاءَۃٌ اور بُرُوْءٌ کا معنی ہے عیب اور قرض وغیرہ سے پاک ہونا، بیزار ہونا اور باب فَتَحَ نَصَرَ کَرُمَ سَمِعَ سے بُرْءٌ بَرْءٌ اور بُرُوْءٌ کا معنی ہے بیماری سے اچھا ہو جانا۔

پھر باب افعال میں اَبْرَاَہُ اللّٰہُ کا معنی ہو گیا اللہ نے اس کو تندرست کر دیا اور اَبْرَاَکَ مِنْہُ اس سے مجھے پاک کر دیا اور بیزار کر دیا۔

بابِ تفعیل میں بَرَّاَکَ اللّٰہُ مِنْہُ کا معنی بھی بابِ افعال ہی کی طرح ہے مگر بری قرار دینے کا مفہوم زیادہ ہو گیا لیکن باب تفعّل میں تَبَرَّءَ مِنْہُ کا معنی صرف بیزار ہونا ہے (مزید تشریح دیکھو اُبْرِیَ بَرَّاءُ بُرَاءٌ وغیرہ باب الباء فصل الراء) ۱۸/۹

مَبْسُوْطَتَانِ: اسم مفعول تثنیہ مؤنث مَبْسُوْطَۃٌ مفرد (اس کے ہاتھ) کھلے ہوئے ہیں، پھیلے ہوئے ہیں، دراز کئے ہوئے ہیں، فراخ ہیں یعنی وہ بڑا کریم ہے، جواد ہے (باب نَصَرَ) بَسَطَ الیدین سخی۔ بَسَطَ الْجِسْمَ خوب تن توش کا طاقتور آدمی بَسَطَ الْوَجْہَ شگفتہ رو۔ بَسَطَہٗ اسکو بچھایا، پھیلایا۔ خوش کیا یَبْسُطُنِیْ مَا یَبْسُطُہَا (الحدیث) جو چیز فاطمہ کو خوش کرتی ہے وہی مجھے خوش کرتی ہے بَسَطَہٗ عَلٰی فُلَانٍ اس کو فلاں شخص پر فضیلت دی، بَسَطَ مِنْ فُلَانٍ فلاں شخص سے ہنسی کی، بَسَطَ الْعُذْرَ معذرت قبول کی۔

(بسط کے چاروں معنی کے لئے دیکھو لفظ باسط۔ منقول از راغب) ۶/۱۳

مُبَشِّرًا: اسم فاعل واحد مذکر، تَبْشِیْرٌ، مصدر۔ باب تفعیل۔ خوشخبری دینے والا اہلِ ایمان کو سعادتِ اخروی اور جنت دوامی کی بشارت دینے والا۔ ۱۵/۱۲ ۱۹/۳ ۲۲/۳ ۲۶/۹ اہلِ ایمان کو نبی آخر الزماں کی خوشخبری دینے والا۔ ۲۸/۹۔

(مزید تشریح کے لئے دیکھو باب الفاء فصل الشین مع الراء)

مُبَشِّرَاتٍ: اسم فاعل جمع مؤنث تَبْشِیْرٌ

مصدر باب تفعیل، خوشخبری دینے والیاں، بارش کی خوشخبری دینے والی ٹھنڈی ہوائیں جو بارش ہونے سے کچھ پہلے چلتی اور پیام رحمت لاتی ہیں۔ ۷/۲۱

حدیث مبارک میں مومن کے سچے اچھے خوابوں کو بھی مُبَشِّرَات فرمایا ہے اور جزء نبوت قرار دیا ہے۔ آیت مذکورہ میں بارش سے پہلے چلنے والی ٹھنڈی ہوائیں مراد ہیں۔

مُبَشِّرِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالتِ نصب مُبَشِّرٌ واحد، اہلِ ایمان واطاعت کو جنت کی خوشخبری دینے والے، نجات دوامی اور ثواب ابدی کی بشارت دینے والے۔ ۲/۲ ۶/۳ ۷/۱۱ ۱۵/۲۰۔

مُبْصِرًا: اسم فاعل واحد مذکر حالتِ نصب اِبْصَارٌ مصدر (باب افعال) اِبْصَارٌ متعدی بیک مفعول بھی ہے جیسے اَبْصَرَہٗ اسکو دیکھا جانا سمجھا اور متعدی بدو مفعول بھی جیسے اَبْصَرَہٗ اِیَّاہُ اس نے اس کو وہ چیز دکھادی، اسی اختلاف کی وجہ سے مُبْصِرًا دیکھنے والے کو بھی کہتے ہیں اور دکھانے والے کو بھی جو خود واضح اور روشن ہو وہ بھی مُبْصِر ہے جو دوسروں کو واضح اور روشن کردے وہ بھی مبصر ہے دن خود بھی روشن ہے اور دوسری چیزوں کو روشن بنانے والا بھی ہے (بصر، بصیرت اور ان کے مشتقات کی تنقیح کے لئے باب البار فصل الصاد پڑھو) ۱۱/۱۲ ۲۰/۳ ۲۴/۱۲۔

مُبْصِرُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالتِ رفع، اِبْصَارٌ مصدر باب افعال دیکھنے والے مراد دل کی آنکھوں سے دیکھنے والے چشم بصیرت سے دیکھکر شیطانی وسوسہ کو سمجھ لینے والے۔ ۹/۱۴۔

مُبْصِرَۃً: اسم فاعل واحد مؤنث حالتِ نصب، واضح روشن، واضح کرنیوالی دکھانے والی، ۱۵/۲ خود روشن اور دوسری چیزوں کو روشن کرنیوالی ۱۵/۶ واضح، کھلی ہوئی۔ ۱۹/۱۶ دکھانیوالی، دوسری چیزوں کو واضح اور روشن کرنیوالی۔

اَلْمُبْطِلُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالتِ رفع اہلِ باطل حق کو ناحق قرار دینے والے۔ اِبْطَالٌ مصدر باب افعال ابطال کا معنی ہے جھوٹ کہنا بشرطیکہ مفعول مذکور نہ ہو حق کو ناحق[1] یا ناحق کو حق[2] یا ناحق کو ناحق[3] قرار دینا بھی ابطال کہلاتا ہے اَلْمُبْطِلُوْنَ چار سو آیات مندرجہ ذیل میں اول اور دوئم معنی میں مستعمل ہے تیسرا معنی آیت یُبْطِلُ الْبَاطِلَ میں مراد ہے باطل

Presented by Ziaraat.Com

یعنی ناحق اور جھوٹ تو باطل ہوتا ہی ہے اسکے ابطال کا معنی ہے باطل قرار دینا (مزید تنقیح کے لئے دیکھو باطلٌ اور تُبْطِلُوْا اور بَطَلَ)

باب نَصَرَ سے مصدر بُطْلٌ بُطْلَانٌ اور بُطُوْلٌ آتا ہے جس کا معنی ہے ناچیز ہونا ضائع ہونا) بیکار ہونا اور باب کَرُمَ سے مصدر بَطَالَتٌ اور بُطُوْلَتٌ آتا ہے جس کا معنی ہے دلیری بہادری دلیر ہونا بہادر ہونا۔ اگر بَطَلَ کے بعد فِیْ آئے تو مذاق کرنے اور غیر سنجیدہ بات کرنے کا معنی ہوتا ہے بَطَلَ فِیْ حَدِیْثِہٖ اس نے مذاق کیا، غیر سنجیدہ بات کی، ۹/۱۲

۲۱/۱ ۲۴/۱۳ ۲۵/۲۔

مُبْطِلُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع نکرہ۔ غلط گو، جھوٹے اہلِ باطل۔ ۲۱/۹

مُبْعَدُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع۔ اِبْعَادٌ مصدر۔ دور رکھے گئے۔ دور کئے ہوئے یعنی دوزخ سے ان کو دور رکھا جائیگا، مادہ بُعد سے بابِ مفاعلہ لازم بھی ہے اور متعدی بھی دور ہونا اور دور کرنا۔ بابِ افعال عموماً متعدی ہے دور کرنا دور رکھنا، کبھی دور جانے کا معنی بھی ہوتا ہے اس وقت مفعول مذکور نہیں ہوتا اور فعل لازم ہوتا ہے، بابِ تفعیل متعدی ہی ہوتا ہے اور بابِ استفعال میں طلب کے معنی کے علاوہ دو معنی اور بھی ہوتے ہیں کسی کو دور جاننا اور دور ہونا (مفہوم بُعد کی تشریح کے لئے دیکھو بُعد باب الباء مع العین) ۱۷/۷۔

مَبْعُوْثُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع۔ بمعنی مستقبل، قبروں سے اٹھائے جانیوالے ہو، اٹھا کر کھڑے کئے جانیوالے ہو دوبارہ زندہ کئے جانیوالے ہو یعنی تمکو دوبارہ زندہ کیا جائیگا مرنے کے بعد سب کو جیتا جاگتا کھڑا کیا جائیگا (دیکھو بَعْثٌ باب الباء مع العین) ۱۲/۱ ۱۵/۵ و ۱۱/۱

۱۸/۵ ۲۳/۵ ۲۷/۱۵ ۳۰/۸۔

مَبْعُوْثِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مجرور، اٹھائے جانیوالے، دوبارہ زندہ کئے جانے والے۔ ۷/۹ ۱۸/۳

مُبْلِسُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع مُبْلِسٌ واحد، مایوس، غمگین، پشیمان، متحیر، خاموش جن کو کوئی بات بن پڑنی ممکن نہیں اس کا مادہ بلس ہے پرانی سامی لغت میں بلس کا معنی ہے قدموں سے کچل ڈالنا، روندنا۔

عربی میں بَلِسٌ بے خیر آدمی کو اور بَلِسٌ

مایوس پریشان خاموش کو کہتے ہیں بَلُوْسٌ طعام قلیل مَا ذُقْتُ عَلُوْسًا وَلَا بُلُوْسًا میں نے کچھ نہیں چکھا۔ ثلاثی مجرد سے افعال مستعمل نہیں، ثلاثی مزید میں باب افعال اپنے تمام مشتقات کے ساتھ مستعمل ہے اَبْلَسَ غم کے سبب سے خاموش ہوگیا۔ اَبْلَسَ مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اللہ کی رحمت سے ناامید ہوگیا۔ ۷/۱۱ ب ۱۸/۴ ب ۲۵/۱۳۔

مُبْلِسِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالتِ نصب مُبْلِسٌ واحد، ناامید غمگین۔ ۲۱/۸

مَبْلَغَهُمْ: مَبْلَغٌ مضاف، هُمْ ضمیر مضاف الیہ، انکی علمی انتہا، ان کے علم کی آخری حد، انتہائی رسائی رَجُلٌ بَلْغٌ و بِلْغٌ و بَلِيْغٌ و بَلَاغِیٌ ایسا فصیح اللسان روان کلام کرنیوالا آدمی جو ہر مقصد تک اپنی بات کو پہنچا سکے اَمْرُ اللّٰهِ بَلْغٌ اللہ کا حکم نافذ ہے اَحْمَقُ بَلْغٌ بالکل بیوقوف اَللّٰهُمَّ سَمْعٌ لَا بَلْغٌ سَمْعًا لَا بَلْغًا اللہ کرے جو بات سنی گئی ہے وہ واقع نہ ہو (کسائی)

رَجُلٌ بِلْغٌ بَلْغٌ کمینہ خبیث بدزبان آدمی۔ بُلْغَةٌ روزینہ، روزگذار یَمِيْنٌ بَالِغٌ پختہ قسم بَلَاغَاتٌ باتوں کے باغ۔

بَلَغَ الْمَكَانَ بُلُوْغًا (نصر) اس مقام پر یا اس کے قریب پہنچ گیا۔ بَلَغَ الْغُلَامُ (نصر) لڑکا بالغ ہوگیا بَلَغَ مَبْلَغًا حدِ کمال کو پہنچ گیا۔ بُلِغَ الرَّجُلُ وہ آدمی مصیبت میں پڑ گیا۔ بَلُغَ بَلَاغَةً بلیغ ہوگیا (کرم) اِبْلَاغ اور تبلیغ (افعال تفعیل) پہنچانا تَبَلَّغَتْ بِهِ الْعِلَّةُ اسکی بیماری سخت ہوگئی حد انتہا پر پہنچ گئی تَبَلَّغَ بِالشَّيْءِ اس چیز پر اکتفا کی (دیکھو بلاغ) ۲۷/۶

یاد رکھو کہ بَلَغَ کا مادہ کسی باب میں مستعمل ہو پہنچنے کا مفہوم اس کے اندر ضرور ہوتا ہے صلات محاورات اور ابواب کے اختلاف سے مرادی معنی میں اختلاف ہو جاتا ہے لیکن مفہوم مشترک ہر جگہ ملحوظ رہتا ہے۔

مُبَوَّءَ: اسم ظرف مضاف، ٹھیک جگہ۔ ہموار، مقام، درست مسکن بَوَّءَ يُبَوِّءُ ماضی مضارع تَبْوِئَةٌ مصدر باب تفعیل بَوَاءٌ ہموار جگہ جو متساوی الاجزاء ہو کچھ اجزاء نیچے کچھ اونچے نہوں بَوَاءٌ کی ضد نَبْوَةٌ ہے ناہموار جگہ، تَبَوَّأَ جگہ ٹھیک کر لینا، بیٹھنے کے مقام کو ہموار کر لینا (دیکھو بَوَّأَنَا اور تَبَوَّءَ) ۱۱/۱۵۔

اَلْمُبِيْنُ: اسم فاعل واحد مذکر مرفوع،

Presented by Ziaraat.Com

اِبَانَۃٌ مصدر باب افعال، ظاہر، کھلا ہوا ظاہر کرنے والا۔ کھولنے والا۔ مادہ بَیْنٌ بمعنے ظہور، مادہ بَیْنٌ سے باب افعال (ابانۃ) تفعیل (تَبْیِیْنٌ) تفعُّل (تبیُّن) اور استفعال (اِسْتِبَانَۃٌ) لازم بھی ہیں اور متعدی بھی ظاہر ہونا اور ظاہر کرنا، اس لئے مبین کا معنے ظاہر بھی ہے اور ظاہر کرنیوالا بھی، ۷/۲ ۱۴/۱۷،۱۱،۶ ۱۸/۹،۱۳ ۱۵/۱۴ ۲۰/۱۹ ۲۲/۱۶ ظاہر کرنیوالا، کھولدینے والا۔ واضح کرنیوالا، ۷/۸ ۱۷/۹ ۱۹/۱۷ ۲۳/۱۶،۷ ۲۵/۲۰ ظاہر، کھلا ہوا۔

اَلْمُبِیْنِ: اسم فاعل واحد مذکر مجرور، کھولنے والا ظاہر کرنیوالا۔ ۱۲/۱۱ ۱۹/۸ ۲۰/۴ ۲۵/۷ کھلا ہوا، ظاہر ۴/۶

مُبِیْنٌ: اسم فاعل واحد مذکر مرفوع، کھولکر بیان کرنے والا۔ ظاہر کرنے والا ۶/۷

۹/۱۳ ۱۲/۳ ۱۷/۱۴ ۱۹/۱۰ ۲۱/۱ ۲۳/۱۴ ۲۵/۹ ۲۶/۱

۲۷/۲ ۲۹/۹ ظاہر، صریح، کھلا ہوا ۲/۵،۹ ۷/۵

۸/۹،۴ ۹/۳ ۱۱/۱۳،۶ ۱۳/۱۱ ۱۴/۱۷،۲ ۱۸/۸ ۲۰/۵ ۲۲/۱۱

۲۳/۱۳،۴،۵،۹ ۲۵/۱۵،۱۲ ۲۸/۹ ظاہر یا ظاہر کرنیوالا ۱۴/۲۰۔

مُبِیْنٌ: اسم فاعل واحد مذکر مجرور، بیان کرنیوالا۔ ظاہر کرنیوالا ۷/۱۳ ۱۱/۱۲ ۱۲/۹ ۱۳/۲۰

۱۹/۶،۱۶ ۲۰/۲ ۲۲/۲ ۲۴/۸ ۲۵/۱۴ ۲۷/۱،۴ ظاہر کھلا ہوا

۴/۸ ۷/۱۵ ۸/۱۵ ۱۲/۱،۱۲،۱۴ ۱۳/۱۴ ۱۴/۵ ۱۶/۵

۱۷/۵ ۱۸/۳ ۱۹/۹،۱۵ ۲۰/۱۲ ۲۱/۱۰ ۲۲/۹،۱۸

۲۳/۱،۲،۱۷ ۲۵/۱۰ ۲۸/۱۱ ۲۹/۲۔

مُبِیْنًا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب، ظاہر صریح ۴/۱۴ ۴،۹،۱۲،۱۳،۱۵،۱۸ ۵ ۱۵/۶ ۲۲/۲،۴

۲۶/۹ ظاہر کرنیوالا، کھولدینے والا۔ ۶/۲،۴۔

مُبَیِّنَاتٍ: اسم فاعل جمع مؤنث، مُبَیِّنَۃٍ مفرد، تَبْیِیْنٌ مصدر باب تفعیل، کھلی ہوئی واضح آیات یا کھولکر بیان کرنیوالی آیات تَبَیُّنٌ لازم ہے اور متعدی بھی، ایک مثل ہے قَدْ بَیَّنَ الصُّبْحُ لِذِیْ عَیْنَیْنِ آنکھوں والے کے لئے صبح نکل آئی بَیَّنَ الشَّجَرُ درخت اُگ آیا، اسکی سوئی نمودار ہوگئی بَیَّنَ الْقَرْنُ سینگ نکل آیا۔ بَیَّنَّا ہم نے کھول کر بیان کردیا ۱۰/۱۲،۱۸ ۲۸/۱۸۔

مُبَیِّنَۃٍ: اسم فاعل واحد مؤنث، مُبَیِّنَاتٌ جمع، کھلم کھلا، کھلی ہوئی۔ ۴/۱۴ زنا (حسن بصری) یا کھلی ہوئی، خلاف شرع نافرمانی ۲۱/۲ کوئی قولی یا عملی گناہ جیسے رسول اللہ کی نافرمانی، بدخلقی۔ آخرت پر دنیا کو ترجیح (خطیب) ۲۸/۱۷ زنا۔

Presented by Ziaraat.Com

مَبْنِيَّةٌ: اسم مفعول واحد مؤنث، بروزن مَرْمِيَّةٌ، مذکر، تعمیر کردہ عمارت بَنٰی یَبْنِیْ مضارع بناءٌ، بَنٰی بِنْیَةٌ بُنًی مصدر، (ضرب) بناءٌ تعمیر شدہ عمارت کو بھی کہتے ہیں۔

بَنَی الرَّجُلُ اس آدمی کے ساتھ اچھا سلوک کیا بَنَی الطَّعَامُ بَدَنَہٗ کھانے نے اسکا بدن موٹا کر دیا۔ بَنَی الطَّعَامُ لَحْمَہٗ کا بھی یہی معنی ہے۔ ۲۳/۱۶

مِتُّ: واحد متکلم ماضی معروف، مَوْتٌ مصدر، ۱۶/۵ میں مر گئی ہوتی۔ ۱۶/۸ میں مر جاؤں گا (شرط کی وجہ سے مستقبل کا ترجمہ)۔

مِتُّمْ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف (اگر تم مر گئے، تم مر جاؤ ۱۷/۳ (دیکھو مَاتَ)

مَتَابِ: اصل میں مَتَابِی تھا مَتَابِ مضاف، یا متکلم مضاف الیہ، یاء کو حذف کر دیا گیا، میرا رجوع۔ میری واپسی۔ مَتَابٌ تَوْبٌ تَوْبَةٌ تَابَةٌ تَتْوِبَةٌ سب مصدر ہیں جن کا معنی ہے لوٹنا، رجوع کرنا (باب نصر) (دیکھو تَوْبَةٌ) ۱۳/۱۰۔

مَتَابًا: مصدر منصوب مفعول مطلق پکی توبہ، حقیقی توبہ، اس آیت میں مَتَابًا تاکید توبہ کے لئے مستعمل ہے یعنی جو شخص توبہ کے بعد نیک عمل بھی کرے حقیقت میں اس کی توبہ پکی توبہ ہوتی ہے۔ ۱۹/۴۔

مَتَاعٌ: اسم مفرد، مرفوع نکرہ، اَمْتِعَةٌ جمع، معین اور ممتد وقت تک فائدہ اٹھانا، معاش، فائدہ، نفع، وہ سامان جو کام میں آتا ہے۔ جس سے کسی طرح فائدہ حاصل کیا جاتا ہے، مُتْعَةٌ فائدہ اندوزی، محدود وقت کے لئے نکاح۔ مَتَعَ اور مُتُوْعٌ (باب فتح) دن نکلنا۔ طویل ہونا چڑھنا اٹھنا مَتَعَ النَّهَارُ دن لمبا ہو گیا نکل آیا چڑھ گیا۔ مَتَعَ النَّبَاتُ سبزہ اونچا ہو گیا اگر مَتَعَ کے بعد بار آئے تو جھوٹ کہنے کا معنی ہو گا۔ مَتَعَ بِزَیْدٍ زید سے جھوٹ کہا یا فائدہ اٹھانا مراد ہو گا مَتَعَ بِالشَّیْءِ فلاں چیز سے فائدہ اٹھایا مَتُعَ (کرم) ہوشیار اور عقلمند ہو گیا۔ مَتَاعَةٌ مصدر، باب افعال، (امتاع) اور تفعیل (تَمْتِیْعٌ) کسی کو فائدہ اندوز بنانا فائدہ اندوزی پر قائم رکھنا۔ کام میں آنے والا سامان دینا۔ قرآن مجید میں باب تفعیل سے مختلف مشتقات استعمال کئے گئے ہیں، باب افعال مستعمل نہیں ہوا۔ تَمَتُّعٌ بِالشَّیْءِ کسی چیز سے فائدہ

Presented by Ziaraat.Com

اندوز ہونا۔ ۱/۴ ۲/۱۵ ۴/۱۱ ۵/۹ ۱۰/۱۲ ۱۱/۱۲ ۱۳/۹ ۱۴/۲۱ ۱۷/۷ ۱۸/۱۰ ۲۴/۱۰۔

مَتَاعٌ: اسم مفرد، مجرور نکرہ، تانبے پیتل اور مختلف دھاتوں سے بنائے ہوئے برتن فولاد اور لوہے وغیرہ سے بنائے ہوئے اسلحہ الات کشاورزی اور دوسری ضروریاتِ زندگی۔ (مدارک)

مَتَاعًا: اسم مفرد منصوب نکرہ ۲/۱۵ اسم مصدر بمعنے مصدر متعدی یعنی کام میں آنیوالی چیز دینا۔ کپڑا جوتا یا اور کوئی چیز جو حاکم مناسب سمجھے (شافعی) شوہر کے حال کے مناسب کرتہ چادر دوپٹہ دینا (حنفیہ) (تفسیر احمدی) ۷/۳ تم کو فائدہ پہنچانے کے لئے، اس جگہ بھی مَتَاعًا کا معنی تَمْتِیْعًا ہے۔ ۱۴/۱۷ خانگی سامان ۲۲/۴ ضرورت کی کوئی چیز ۲۳/۲ فائدہ اندوزی پر قائم رکھنے کے لئے ۲۷/۱۵ کام کی چیز ۳۰/۵ فائدہ کے لئے یا فائدہ پہنچانے کے لئے (محلی)

مَتَاعُ: اسم مفرد مرفوع مضاف، وقتِ مقرر تک فائدہ اٹھانے کا سامان ۴/۱۰ ۵/۸ ۲۰/۹ ۲۵/۹،۵۔

مَتَاعَ: اسم مفرد منصوب مضاف، ۱۱/۸ فائدہ اندوز ہونا یا فائدہ اندوزی کا سامان ۲۷/۹ سامان یا اسم مصدر بمعنی مصدر، فائدہ اندوز بنانے کے لئے ایک وقت مقرر تک۔

مَتَاعِنَا: اسم مفرد مجرور مضاف، ناضمیر جمع متکلم مضاف الیہ، ہمارے اپنے سامان (کے پاس) ۱۲/۱۲ ۱۳/۳

مَتَاعِهِمْ: اسم مفرد منصوب مضاف، ھُمْ ضمیر مضاف الیہ، ان کے ناج یا سامان کو ۱۳/۲

(راغب)

مُتَبَّرٌ: اسم مفعول واحد تَتْبِیْرٌ (بابِ تفعیل) مصدر، لوٹ جانیوالا۔ تباہ، برباد، تَبَّرٌ گھڑیا میں پگھلانے کے لئے ڈالنے سے پہلے چاندی سونے کے ریزے یا (بقولِ زجاج) ہر دھات تُبُوْرٌ جمع (المغرب) تَبَارٌ ہلاکت، مَثْبُوْرٌ ہلاک، برباد، تباہ۔ تَبِرَ (سمع) وہ ہلاک ہوگیا تباہ ہوگیا، تَبَرَ (ضرب) اور تَبَّرَ (باب تفعیل) ہلاک کردیا، تباہ کردیا۔ ۹/۶۔

مُتَبَرِّجَاتٍ: اسم فاعل مؤنث جمع۔ مُتَبَرِّجَةٍ مفرد، مردوں کو اپنا بناؤ سنگھار دکھانے والی عورتیں، اس کا مصدر، تَبَرُّجٌ ہے جس کا معنی ہے عورتوں کا اپنا بناؤ مردوں کو

Presented by Ziaraat.Com

دکھانا۔ (مختار)

بَرَجٌ خوبصورت، چمکدار، نمایاں بَارِجٌ ماہر ملاح بَارِجَۃٌ جنگی جہاز، بڑا شریر آدمی۔ بَرِجَ بَرَجًا (سمع) خوش حال ہوگیا یا اس کی آنکھیں نہایت حسین اور کشادہ ہوگئیں۔ اَبْرَجَ فراخ چشم مرد۔ بَرْجَاءُ فراخ چشم عورت۔ ۱۸/۱۴۔

مُتَّبَعُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر حالتِ رفع۔ مُتَّبَعٌ مفرد اِتِّبَاعٌ (باب افتعال) مصدر (تمہارا) پیچھا کیا جائیگا۔ مُتَّبَعٌ وہ شخص جس کا پیچھا کیا جائے یا پیروی کی جائے اسجگہ اول معنی مراد ہے۔ ۱۹/۸ ۲۵/۱۴۔

مُتَتَابِعَيْنِ: اسم فاعل تثنیہ حالتِ جر، (دو مہینے) پے بہ پے) بغیر فصل کے ایک مہینے کے بعد دوسرا مہینہ تَتَابُعٌ پے بہ پے ہونا۔ ایک کے پیچھے دوسرے کا آنا۔ فَرَسٌ مُتَتَابِعُ الْخَلْقِ متناسب الاعضاء گھوڑا غُصْنٌ مُتَتَابِعٌ وہ ٹہنی جس میں گانٹھ ہو۔ ۵/۱۰ ۲۸/۱۔

مُتَجَانِفٍ: اسم فاعل واحد مذکر۔ تَجَانُفٌ مصدر (باب تفاعُلٌ) گناہ کی طرف، میلان (نہ) کرنیوالا اَجْنَفُ حق سے پھرنے والا، کبڑا۔ جُنَافِیٌّ اور مِجنَفٌ حق سے مڑ جانے والا جَنِفَ فِی وَصِیَّتِہٖ جَنَفًا اور جُنُوْفًا (سمع) وصیت میں حق تلفی کی جَانِفٌ اور جَنِفٌ صفت کے صیغے ہیں، وصیت میں حق تلفی کرنے والا اَجْنَفَ (باب افعال) کا بھی یہی معنی ہے لیکن باب ضرب سے اس مادہ کا معنی ہے مڑ جانا پھر جانا خواہ سیدھے راستہ سے ہو یا حق سے ہو یا قد کی راستے سے ہو۔ ۱۶/۵۔

مُتَجَاوِرَاتٌ: اسم فاعل جمع مؤنث مُتَجَاوِرَۃٌ واحد تَجَاوُرٌ مصدر باب تفاعل، برابر برابر، باہم ملے ہوئے، اس لفظ کا مادہ جور ہے لیکن اختلاف صلات والجواب کے سبب ہر جگہ معنی میں اختلاف ہو جاتا ہے مثلاً جَارٌ ہمسایہ مددگار، حلیف، شریکِ تجارت۔ پناہ دینے والا۔ پناہ پانے والا، پناہ چاہنے والا۔ جِوَارٌ ہمسائیگی پناہ مکان کے آس پاس کا صحن، جَوْرٌ، راستی سے پھر جانا، راستہ سے مڑ جانا بشرطیکہ اس کے بعد عَنْ آئے گا تو مذکور ہو مثلاً جَارَ عَلَیْہِ تو ظلم کرنے کا معنی ہوگا۔

مُجَاوَرَۃٌ (باب مفاعلہ) ہمسایہ ہونا کسی کی پناہ میں ہو جانا۔ جِوَارٌ پناہ، امان کسی کو پناہ دینا وغیرہ۔ ۱۳/۷

مُتَحَرِّفًا: اسم فاعل منصوب مفرد، **تَحَرُّفٌ** مصدر باب تفعّلٌ مڑنے والا۔ پھرنے والا۔ دشمن کو فریب دینے کے لئے پیٹھ پھیرنے والا تاکہ پلٹ کر حملہ کرے یا لوٹ کر مسلمانوں کی صف میں آکر مل جانے والا تاکہ مدد حاصل کر سکے، اصل مادہ حَرْفٌ ہے جس کے معنی ہیں کنارہ۔ ۹/۱۶

مُتَحَيِّزًا: اسم فاعل مفرد مذکر منصوب، **تَحَيُّزٌ** مصدر باب تفعّلٌ، مڑ کر سمٹ کر اپنی جماعت کی طرف آنیوالا تاکہ ساتھیوں کی مدد لیکر دوبارہ حملہ کر سکے، اصل مادہ حَوْزٌ وادی ہے جس کا معنی ہے جمع کرنا، نگرانی رکھنا (نصر) متحیز پیچیدہ سانپ کو بھی کہتے ہیں کیونکہ وہ بھی سمٹا ہوا مڑا ہوا ہوتا ہے اَحْوَزَ ثَوْبَہٗ اس نے اپنے کپڑوں کو سمیٹ لیا، جمع کر لیا (باب افعال) اِسْتَحْوَزَ عَلَيْهِ اس پر غالب آگیا مسلط ہو گیا (باب استفعال متعدی لعلیٰ) ۹/۴۔

مُتَّخِذَ: اسم فاعل واحد مذکر منصوب مضاف اِتِّخَاذٌ مصدر باب افتعال، اخذٌ مادہ، بنانے والا۔ اختیار کرنے والا۔ اَخْذٌ کا مفہوم ہے کسی چیز کو اپنے تسلط و تصرف میں داخل کر لینا خواہ ہاتھ سے لینا ہو یا پکڑ لینا یا کسی کی گرفت کر لینا، بابِ افتعال میں پہنچکر اس کا معنی ہو جاتا ہے بنانا، اختیار کر لینا۔ اس وقت دو مفعولوں کی ضرورت ہوتی ہے لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى اَوْلِيَاءَ۔ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سُخْرِيًّا ۱۵/۱۹۔

مُتَّخِذَاتِ: اسم فاعل جمع مؤنث حالت جر۔ اِتِّخَاذٌ مصدر، بنانے والیاں، (دیکھو مُتَّخِذٌ) ۵/۱

مُتَّخِذِيْ: اسم فاعل جمع مذکر حالتِ جر۔ اِتِّخَاذٌ مصدر۔ اصل میں مُتَّخِذِيْنَ تھا۔ اضافت کی وجہ سے نونِ اعرابی ساقط کر دیا گیا۔ بنانے والے ۶/۵۔

مُتَرَاكِبًا: اسم فاعل واحد مذکر مفرد، تَرَاكُبٌ مصدر باب تفاعلٌ تہ برتہ۔ ایک پر ایک سوار، رَكْبٌ اور رُكُوْبٌ کا معنی کسی جانور پر سوار ہونا، توسیع استعمال کے بعد کشتی جہاز وغیرہ پر سوار ہونے کو بھی رکوب کہنے لگے اور چونکہ سواری عموماً سوار سے مغلوب ہوتی ہے سوار اس پر غالب ہوتا ہے اور قرض بھی انسان پر غالب ہوتا ہے قرضدار پر قرض کا بوجھ ہوتا ہے اگرچہ

Presented by Ziaraat.Com

غیر مرئی ہوتا ہے مگر غیر محسوس نہیں ہوتا اس لئے قرض چڑھ جانے کو رکوب الدین مجازاً کہنے لگے، اناج کی بالی کے دانے باہم متصل ہوتے ہیں، ایک دوسرے سے وابستہ ہوتا ہے کوئی اوپر ہوتا ہے کوئی نیچے اس لئے اسکو متراکب کہا گیا، گویا تہ برتہ ہونے کے سبب ایک دانہ دوسرے پر سوار ہوتا ہے۔ ب ۷/۱۳

مُتَرَبِّصٌ: اسم فاعل واحد مذکر، تَرَبُّصٌ مصدر (باب تفعل) منتظر، راہ دیکھنے والا، مراد نتائج اعمال کا منتظر ۱۶/۱۷ (دیکھو تربص)

مُتَرَبِّصُوْنَ: اسم فاعل، جمع مرفوع مذکر نکرہ مُتَرَبِّصٌ واحد، تَرَبُّصٌ مصدر، منتظر یعنی نتائج اعمال کے منتظر۔ ب ۱۰/۱۳۔

اَلْمُتَرَبِّصِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالت جر اَلْمُتَرَبِّصُ واحد، انتظار کرنے والے، منتظرین (میں سے) ب ۲۷/۴۔

مَتْرَبَةٍ: اسم، سخت ناداری، ایسی مفلسی جو زمین سے چمٹا دے، اٹھنے کی سکت نہ چھوڑے، تُراب، خاک، مٹی، زمین، سب کو کہتے ہیں، تَرِبَ تَرَبًا اور مَتْرَبًا (سمع) محتاج ہوگیا، اَتْرَبَ (باب افعال) اضداد میں سے ہے، محتاج ہوگیا۔ گویا مٹی سے چپٹ گیا اور مالدار ہوگیا گویا اس کا مال مٹی کی طرح کثیر ہوگیا (راغب) کسی پر مٹی ڈالنے کو بھی اِتْرَابٌ کہتے ہیں، باب افعال کی طرح تفعیل (تترب) بھی تینوں معانی کے لئے مستعمل ہے۔ ب ۳۰/۱۵

اَلْمُتَرَدِّيَةُ: اسم فاعل واحد مؤنث، تَرَدِّي (باب تفعّل) وہ (حلال) جانور جو اوپر سے گر کر ذبح کرنے سے پہلے مرجائے (معجم القرآن و معالم و مدارک) ب ۶/۵

مُتْرَفُوْا: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع مضاف اصل میں مُتْرَفُوْنَ تھا، اضافت کی وجہ سے نون اعرابی کو گرا دیا گیا، امیر، خوشحال فارغ البال عیش پرست لوگ، اِتْرَافٌ (باب افعال) عیش دنیا آرام دنیا، فراغت زندگی دنیا۔ اُتْرِفَ زَيْدٌ زید کو خوش حالی دی گئی، عیش دیا گیا فَهُوَ مُتْرَفٌ پس وہ خوشحال اور امیر ہے، عیش پرست ہے اَتْرَفَتْهُ النِّعْمَةُ عیش نے اس کو بے راہ کر دیا اَتْرَفَ زَيْدٌ (لازم) زید نافرمانی پر جم گیا۔ تَرَفٌ (سمع) اور تَتَرُّفٌ (باب تفعل) عیش و راحت میں زندگی گزاری۔ اِسْتَتْرَفَ (باب استفعال) نافرمان اور بدکار ہوگیا۔ ب ۲۲/۱۰ ۲۵/۸۔

Presented by Ziaraat.Com

مُتْرَفِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر حالت نصب اِتْرَافٌ مصدر عیش پرست، خوشحال مزے سے زندگی کاٹنے والے۔ ۲۷/۱۵

مُتْرَفِیْهَا: اسم مفعول جمع مذکر حالت نصب مضاف، اصل میں مُتْرَفِیْنَ تھا۔ اضافت کے سبب سے نونِ اعرابی گرا دیا گیا بستی کے عیش پرست، دولت مند، خوشحال لوگ یعنی ہم جس بستی کو برباد کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو اول وہاں کے دولت مند لوگوں اور اونچے طبقہ والوں کو اعمال صالحہ کا حکم دیتے ہیں جب وہ نہیں مانتے اور نافرمانی کرتے ہیں تو حجت تمام ہو جاتی ہے اور ہم اس بستی کو تباہ کر دیتے ہیں۔ ۱۵/۲

مُتْرَفِیْهِمْ: مُتْرَفِیْ مضاف، هِمْ مضاف الیہ، خوشحال، دولت مند لوگوں کو یعنی جب ہم ان میں سے خوشحال لوگوں کو عذاب میں پکڑتے ہیں تو وہ تلملا اٹھتے ہیں۔ ۱۸/۴۔

(غَیْرَ) مُتَشَابِهٍ: اسم فاعل واحد مذکر مجرور تَشَابُهٌ مصدر (باب تفاعل) یعنی زیتون اور انار کے پتے ہم شکل ہوتے ہیں اور پھلوں کا مزہ الگ الگ ہوتا ہے (سیوطی) یا یہ مطلب کہ زیتون اور انار دونوں عمدگی اور نفاست میں ایک جیسے ہوتے ہیں مگر رنگ، مزہ، شکل اور مقدار میں جدا جدا ہوتے ہیں (معجم القرآن) ۸/۴۔

مُتَشَابِهًا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب۔ امام راغب نے المفردات میں لکھا ہے کہ شِبْہٌ، شَبَہٌ اور شَبِیْہٌ کا استعمال ان چیزوں میں ہوتا ہے جو اندرونی یا بیرونی کیفیت میں ایک جیسی ہوں مثلاً رنگ، شکل، انصاف، ظلم (گمراہی جہالت وغیرہ) میں اگر ایک چیز دوسری کی طرح ہو تو ایک دوسرے کی شبہ یا شبیہ یا شبہ کہلائیگی لیکن اگر حسی یا معنوی تماثل اتنا گہرا ہو کہ دو چیزوں میں امتیاز نہ ہو سکے تو اس کو شبہ کہا جاتا ہے جیسے ۲/۱ میں متشابہا کا مطلب یہ ہے کہ حقیقت اور مزہ میں اختلاف ہونے کے باوجود رنگ میں تماثل ایسا ہوگا کہ ایک کا دوسرے سے امتیاز نہ ہو سکے گا اور ۲۳/۱۷ میں کتاباً متشابہاً کا معنی یہ ہے کہ حکمت، استقامت، ترتیب اور پختگی میں قرآن مجید کی آیات ایک جیسی ہیں۔

علامہ زمخشری نے کشاف میں اسی آیت کی تفسیر کے ذیل میں لکھا ہے مُطلق فی متشابہ

بعضہ بعضا فیکون متناولا لمتشابہ صبانیۃ فی الصحۃ الخ یعنی صحت، پختگی صداقت، نفع رسانی تناسب الفاظ درست بیانی، کیفیت ترتیب اعجاز وغیرہ میں اصولی طور پر قرآن کے بعض حصے دوسرے بعض کے مشابہ ہیں۔ پس میں متشابہ ہونیکا مطلب ہے عمدگی اور نفاست میں زیتون اور انار کا ایک جیسا ہونا۔

مُتَشَابِہَاتٌ: اسم فاعل جمع مؤنث مُتَشَابِہَۃٌ مفرد، یعنی کچھ آیتیں متشابہ ہیں قرآن میں متشابہات ہونے کا کیا مطلب ہے اسکی تشریح علماء نے مختلف طور پر کی ہے راغب نے لکھا ہے جن آیات کی تفسیر تماثل لفظی یا معنوی کی وجہ سے مشکل ہو وہ متشابہات ہیں، عام فقہاء نے متشابہ کی توضیح کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اگر ظاہراً مراد کا علم نہ ہو سکے تو وہ متشابہ ہے۔

ابوالبقاء نے کلیات میں صراحت کی ہے ان المحکم ھو الذی لا یحتمل من التاویل الا وجہا واحدا لان المحکم ھو المتقن الخ یعنی محکم کا صرف ایک ہی معنی ہوتا ہے، دوسرے معنی کا احتمال ہی نہیں ہو سکتا کیونکہ محکم متقن کا ہم معنی ہے، بناء محکم اس عمارت کو کہتے ہیں جس میں کوئی کمزوری اور خرابی نہ ہو اس لئے محکم مراد بھی محکم ہوتی ہے اور متشابہ میں وجود مختلفہ کا احتمال ہوتا ہے اس لئے متکلم کی مراد سامع پر مشتبہ ہوتی ہے۔ انتہی کلامہ۔

ہم ذیل میں کسی قدر توضیح کرنی چاہتے ہیں آیات تین طرح کی ہیں، محکم مطلق۔ متشابہ مطلق محکم اور متشابہ فی الجملہ۔

فی الجملہ متشابہ کی تین قسمیں ہیں ۱ لفظ کے اعتبار سے تشابہ ہو۔ ۲ معنی کے اعتبار سے تشابہ ہو ۳ لفظ اور معنی دونوں کے اعتبار سے تشابہ ہو۔

متشابہ کا تشابہ اگر لفظ کے اعتبار سے ہوتا ہے تو کبھی مفرد لفظ کے اعتبار سے ہوتا ہے، کبھی مرکب کلام ہونے کی حیثیت سے۔

لفظ مفرد کے اعتبار سے تشابہ کبھی تو لفظ کی غرابت کی وجہ سے ہوتا ہے جیسے اَبًّا اور یَزِفُّوْنَ دونوں لفظ غریب المعنی ہیں اس لئے معنی مراد کی تعیین میں اشتباہ ہے کبھی اشتراک لفظ کی وجہ سے تشابہ پیدا ہوتا ہے جیسے ید اور عین دونوں الفاظ کے معانی مختلف ہیں تعیین

Presented by Ziaraat.Com

معنی میں اشتباہ ہے۔

مرکب کلام میں تشابہ کبھی اختصار کرنے کی وجہ سے ہوتا ہے جیسے وان خفتم الا تقسطوا فی الیتامیٰ فانکحوا ماطاب من النساء کبھی کسی لفظ کو بڑھانے کی وجہ سے ہوتا ہے جیسے لیس کمثلہ شیٔ اگر کاف کو نہ بڑھایا جاتا تو سامع کے لئے مطلب بادہ واضح ہوتا، کاف کو بڑھانے سے اشتباہ پیدا ہوگیا، کبھی ترتیب عبارت کی وجہ سے اشتباہ پیدا ہوجاتا ہے جیسے اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتَابَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّہٗ عِوَجًا قَیِّمًا کلام کی اصل ترتیب اس طرح تھی اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتَابَ قَیِّمًا وَّلَمْ یَجْعَلْ لَّہٗ عِوَجًا ترتیب بدلنے سے کچھ تشابہ ہوگیا۔

۲ متشابہ من جہۃ المعنی کی مثال میں ہم اللہ کی صفات کو پیش کرسکتے ہیں جو نہ محسوس ہیں نہ مشابہ بالمحسوس اور جو چیز محسوس یا محسوس جیسی نہ ہوسکے اس کا تصور ہمارے لئے ناممکن ہے اس لئے صفاتِ الٰہیہ ہمارے لئے متشابہ ہیں۔

۳ اگر لفظ اور معنی دونوں کے اعتبار سے تشابہ ہو تو اس کی پانچ صورتیں ہیں۔

اول کمیت اور مقدار میں تشابہ یعنی عموم یا خصوص میں تشابہ ہونا جیسے اقتلوا المشرکین

دوم کیفیتِ حکم کے لحاظ سے تشابہ، معلوم نہیں حکم واجب ہے یا مندوب جیسے فانکحوا ماطاب لکم الخ

سوئم زمانہ کے اختلاف کی وجہ سے تشابہ جیسے ناسخ و منسوخ میں ہوتا ہے اتقوا اللہ حق تقاتہٖ اور اتقوا اللہ ما استطعتم

چہارم جگہ رسم و رواج اور ماحول کو نہ جاننے کی وجہ سے تشابہ جیسے لیس البر بان تاتوا البیوت من ظہورہا اور انما النسیٔ زیادۃ فی الکفر جب تک قبل از اسلام کے عرب کا رسم رواج معلوم نہ ہوگا۔ ان آیات کا مطلب مخفی رہے گا۔

پنجم صحتِ فعل یا فسادِ فعل کی شرائط نہ جاننے کی وجہ سے تشابہ ہوتا ہے جیسے نماز اور نکاح کی شرائط نہ جاننا موجبِ تشابہ ہے مفسرین نے متشابہ کی جتنی تشریحات کی ہیں، کوئی بھی ان اقسام سے باہر نہیں ہے۔

متشابہ کا حکم

۱ تنقیح مذکورہ بالا پر غور کرنے سے واضح ہوجاتا ہے کہ بعض متشابہات کا علم ہمارے لئے ناممکن ہے جیسے صفاتِ الٰہیہ، وقتِ قیامت کی تعیین، دابۃ الارض

Presented by Ziaraat.Com

کی کیفیت اور اس کے خروج کا مقرر وقت وغیرہ۔

۲ بعض متشابہات کا علم ہمکو ہو سکتا ہے اور ہوتا ہے جیسے الفاظِ غریبہ اور احکام متعلقہ کو باوجود ان کے لفظی یا معنوی تشابہ کے ہم جان سکتے ہیں اور جانتے بھی ہیں۔

۳ بعض متشابہات ایسے ہیں جن کا علم صرف علماءِ راسخین کو ہو سکتا ہے (جیسے حضرتِ علی کرم اللہ وجہہ اور حضرتِ عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ دوسروں کو نہیں ہو سکتا۔

اس تفصیل کو نظر کے سامنے رکھنے کے بعد یہ حقیقت سمجھنا دشوار نہیں کہ آیت وَمَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗ اِلَّا اللّٰهُ وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ میں اللہ پر وقف بھی صحیح ہے اور ما بعد سے وصل بھی صحیح ہے، اگر نمبر اول متشابہات مراد ہوں تو وقف لازم ہے اور ۳ متشابہات مراد ہوں تو وصل صحیح ہے۔ ۳/۹

مُتَشَاكِسُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع جھگڑالو، شَكَاسَةٌ کا اصل معنی ہے بدخلقی، بداخلاقی کا لازمی نتیجہ جھگڑا ہے اگر شرکاء بداخلاق ہوں تو رواداری کس میں نہ ہوگی لامحالہ آپس میں جھگڑا کریں گے شَكِسَ شَكَاسَةً (کرم) بدخلق ہو گیا۔ ۲۳/۱۷

مُتَصَدِّعًا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب تَصَدُّعٌ مصدر (باب تفعل) ٹکڑے ٹکڑے، شگافتہ، صَدْعٌ کا لفظ پھٹنے کھلنے، شگافتہ ہونے اور الگ ہو جانے کا مفہوم اپنے اندر رکھتا ہے، اس لئے صَدْعٌ شگاف کو اور آدمیوں کی ایک ٹکڑی اور گروہ کو کہتے ہیں، زمین کو پھاڑ کر سبزہ نکلتا ہے اس لئے سبزہ کو بھی صَدْعٌ کہا جاتا ہے، وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ سبزی والی زمین کی قسم، صَدْعٌ ہر چیز کا آدھا ٹکڑا، بکریوں اور اونٹوں اور آدمیوں کی ایک ٹکڑی، جماعت، صَدَعٌ ہر چیز کا متوسط درجہ مثلاً نہ جوان نہ بوڑھا بلکہ ادھیڑ، نہ زیادہ لمبا نہ بالکل ٹھگنا ناٹا بلکہ متوسط قد والا نہ بہت زیادہ موٹا گھمنا نہ زیادہ دبلا جھانکڑ۔

صَدَعَاتٌ رائی، خیال اور خواہش کی پراگندگی بَيْنَهُمْ مصدعاتُ الرَّأْيِ والهوىٰ ان میں افکار اور خواہشات کا تفرق ہے۔

صَادِعٌ رات کی تاریکی کو پھاڑ کر برآمد ہونے والی صبح کی روشنی۔

غرض مادہ صدع میں شگافتہ ہونے اور کھلنے کھلنے کا مفہوم پایا جانا ضروری ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

اس سے مجرد باب فتح سے مستعمل ہے اگر بغیر وسائط حرفِ جار کے متعدی استعمال ہوتا ہے تو پھاڑنے اور شگافتہ کرنے کا معنی ہوتا ہے جیسے صَدَعَ الْفَلَاۃَ بیابان کو پھاڑ دیا یعنی طے کیا اور اگر باء کے ساتھ استعمال کیا جائے تو کھول کر بیان کرنے، خوب آشکار کرنے کا معنی ہوتا ہے فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ (دیکھو اصدع) صَدَعَ بِالْحَقِّ اس نے حق کو ظاہر کر دیا حق کا اعلان کر دیا لیکن اِلیٰ میلان پر اور عَنْ اعراض پر دلالت کرتا ہے جیسے صَدَعَ اِلَیْہِ اس کی طرف رغبت کی صَدَعَ اِلَیْہِ اس سے گریز کیا اعراض کیا۔

بابِ تفعل میں شگافتہ ہونے اور تفعیل میں شگافتہ کرنے کا معنی ہوتا ہے تَصَدَّعَ الشَّیْءُ وہ چیز پھٹ گئی، ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی، اسی سے مُتَصَدِّعٌ اسم فاعل ہے تَصَدَّعَتِ الْاَرْضُ بِفُلَانٍ زمین پھٹ گئی اور فلاں شخص اس میں سما گیا یعنی ایسا غائب ہوا کہ پھر پتہ نہ چلا۔ ۲۸/۶۔

اَلْمُتَصَدِّقَاتِ: اسم فاعل جمع مؤنث اَلْمُتَصَدِّقَۃُ مفرد، صدقہ دینے والی، خیرات کرنیوالی عورتیں، لفظ صدقہ کا اطلاق عموماً غیر واجب خیرات پر ہوتا ہے لیکن کبھی فرض زکوٰۃ کو بھی کہدیا جاتا ہے جیسے خُذْ مِنْ اَمْوَالِہِمْ صَدَقَۃً یا اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ اگر کوئی شخص اپنے حق سے درگزر کرلے تو اس پر بھی لفظِ تصدق کا اطلاق ہوتا ہے وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِہٖ الخ وَاِنْ کَانَ ذُوْ عُسْرَۃٍ فَنَظِرَۃٌ اِلٰی مَیْسَرَۃٍ وَ اَنْ تَصَدَّقُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ۔ فَدِیَۃٌ مُّسَلَّمَۃٌ اِلٰی اَھْلِہٖ۔ اِلَّآ اَنْ یَّصَّدَّقُوْا آیت میں متصدقات کا لفظ زکوٰۃ اور خیرات سب کے لئے عام ہے۔ ۲۲/۲۔

اَلْمُتَصَدِّقِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب اَلْمُتَصَدِّقُ واحد، خیرات یا زکوٰۃ دینے والے مرد ۱۳/۴ اس جگہ خیرات دینے والے مراد ہیں ۲۲/۲ اس جگہ مفہوم میں عموم ہے، زکوٰۃ دینے والے یا خیرات دینے والے۔

اَلْمُتَطَھِّرِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب اَلْمُتَطَھِّرُ مفرد، تَطَھُّرٌ مصدر بابِ تفعل پاک ہونیوالے، طَھُرَ (فتح) متعدی ہے دور کرنا۔ طُھْرٌ اور طَھَارَۃٌ (نصر و کرم) لازم ہے، پاک ہونا، پانی وغیرہ سے جسم اور کپڑے اور جگہ کو پاک کیا جائے یا ایمان اعمالِ صالحہ کے پانی سے کفر و بداعمالی کی نجاست

Presented by Ziaraat.Com

نفس سے دور کی جائے دونوں پر طہارت کا اطلاق ہوتا ہے۔ قرآن میں طہارت کا استعمال دونوں معنی میں ہوا ہے مثلاً

وَإِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوا اگر جنابت کی حالت میں ہو تو پانی وغیرہ سے پاکی حاصل کرو۔

حَتّٰى يَطْهُرْنَ یہاں تک کہ عورتیں پاک ہو جائیں۔

فَإِذَا تَطَهَّرْنَ جب وہ پاکی حاصل کرلیں

مذکورہ آیات میں جسمانی طہارت مراد ہے۔

وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ اللہ گناہ سے پاک ہونے والوں کو پسند فرماتا ہے۔

فِيهِ رِجَالٌ يُحِبُّونَ أَنْ يَتَطَهَّرُوا اس مسجد میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو پاک ہونے کو پسند کرتے ہیں۔

إِنَّهُمْ أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ بلاشبہ وہ لوگ مدعی طہارت ہیں۔

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِينَ اللہ پاکی یا پاکیزگی اختیار کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔

وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا اللہ کافروں سے تم کو بچا کر نکال لے گا اور ان کی طرح بداعمالیوں سے تم کو پاک رکھے گا۔

وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا اللہ چاہتا ہے کہ گناہوں کی نجاست سے تم کو پاکیزہ بنا دے۔

وَطَهَّرَكِ اللہ نے تجھے پاک یا پاکیزہ بنا دیا ہے۔

ذٰلِكُمْ أَزْكٰى لَكُمْ وَأَطْهَرُ یہ فعل تمہارے لئے بہت پاکیزہ اور تمہارے دلوں کو پاک رکھنے والا ہے۔

لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ اس کے حقائق معرفت تک صرف وہی لوگ پہنچ سکتے ہیں جن کے نفس پاکیزہ ہوں اور ہر فساد کے میل کچیل سے صاف ہوں۔

لَهُمْ فِيهَا أَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ جنت میں اہل جنت کے لئے ایسی بیبیاں ہونگی جو دنیوی میل کچیل اور بداخلاقی کی نجاستوں سے پاک کردی گئی ہوں گی۔

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ اپنے نفس کو گناہوں کی کثافت اور عیبوں سے پاک رکھو۔

طَهِّرْ بَيْتِيَ اور أَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ سے مراد ہے کعبہ کو بتوں کی نجاست سے پاک رکھو۔

ہم نے طہارت کے معنی کی یہ کل تشریح امام راغب کی المفردات سے نقل کی ہے اور

Presented by Ziaraat.Com

ہر آیت کا مرادی معنی بھی امام مذکور کا بیان کردہ ہے مفصل منقح ہر آیت کی توضیح اس کے مقام پر کی گئی ہے۔ ۲/۱۲

اَلْمُتَعَالِ: اسم فاعل واحد مذکر حالتِ رفع تَعَالِیٌ مصدر باب تفاعُل، اصل میں اَلْمُتَعَالِیُ تھا عُلُوٌّ مادہ۔ ثلاثی مزید میں ثلاثی مجرد سے حرفوں کی تعداد بہر حال زیادہ ہوتی ہے جو مختلف ابواب میں مختلف معانی پر دلالت کرتی ہے لیکن کبھی کثرتِ حروف سے مجرد کے معنی میں صرف زیادتی کرنی مقصود ہوتی ہے، کوئی دوسری خصوصیت پیشِ نظر نہیں ہوتی ایسی زیادتی اور یہ مقصود کبھی باب تفاعل میں بھی ہوتا ہے چنانچہ امام راغب نے صراحت کی ہے کہ متعالی، عالی سے زیادہ مبالغہ پر دلالت کرتا ہے یعنی عالی کا معنی بزرگ، عالی مرتبہ، برتر، غالب وغیرہ اور متعالی کا معنی بہت بزرگ۔ بہت غالب، بہت برتر وغیرہ، مادہ علو کے معنی کی پوری تشریح اور مختلف مشتقات کی توضیح کے لئے دیکھو (باب العین وفصل الالف واللام مع الواو)

مَتَّعْتُ: واحد مذکر حاضر ماضی معروف، تَمْتِیْعٌ مصدر، باب تفعیل، تو نے دنیوی سامان سے بہرہ یاب بنایا۔ مزید توضیح کیلئے دیکھو متاع باب المیم مع التاء ۱۸/۱۲۔

مَتَّعْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، تَمْتِیْعٌ مصدر باب تفعیل، ہم نے دنیاوی سامان دے کر بہرہ مند کیا۔ ۱۱/۱۵ ۱۴/۶ ۱۶/۱۷ ۱۷/۴ ۱۹/۱۵ ۲۰/۱۰ ۲۳/۹۔

مَتِّعُوْا: جمع مذکر حاضر امر معروف، باب تفعیل، ان کو متعہ دو ۲/۱۵ اگر عورت کو قربت سے پہلے طلاق دیدی جائے اور مہر کی کوئی مقدار مقرر نہ کی گئی ہو تو تمتع اور معیشت کے لئے کچھ اس کو دینا واجب ہے لیکن کتنی مقدار ہو، امام شافعی کے نزدیک مقدار کی تعیین کا اختیار حاکم کو ہے شوہر کی فراخدستی یا تنگ حالی کے پیشِ نظر جتنی مقدار چاہے دلوا سکتا ہے، احناف کے نزدیک چادر دوپٹہ کرتہ دینا ضروری ہے لیکن کیسا اور کس قیمت کا؟ اسکی تعیین شوہر کے حال کے مطابق کیجائیگی قدوری اور کرخی نے عورت کے حال کا بھی اعتبار کیا ہے، جس مرتبہ کی عورت ہو اسی قیمت کا لباس اسکو دیا جائے گا (مدارک، بیضاوی وتفسیر احمدی) ۲۲/۳ اس آیت میں متعہ دینے کا وجوبی حکم قربت (اور خلوت صحیحہ) نہ ہونے کی

Presented by Ziaraat.Com

صورت میں دیا گیا ہے بشرطیکہ مہر کی مقدار معین نہ کی گئی ہو لیکن اگر مقدار مہر مقرر کر دی گئی ہو، اور خلوتِ صحیحہ کے بعد طلاق دیدی ہو تو نصف مہر واجب ہے متعہ واجب نہیں کیونکہ سورۂ بقر کی آیت ہے :

وان طلقتموھن من قبل ان تمسوھن وقد فرضتم لھن فریضۃ فنصف ما فرضتم

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہی مسلک ہے اور امام احمد کا بھی ایک قول یہی مروی ہے، تفسیر احمدی میں اتنا اور بھی ہے کہ نصف مہر دینا واجب ہے اور متعہ دینا مستحب۔

امام شافعی اس غیر مدخولہ مطلقہ کیلئے جس کا مہر مقرر کر دیا گیا ہو، نصف مہر کو واجب اور متعہ کو سنت قرار دیتے ہیں۔ امام احمد کا بھی ایک قول اسی طرح ہے، امام مالک مَتِّعُوھُنَّ کے امر کو وجوب کے لئے قرار ہی نہیں دیتے بلکہ مندوب کہتے ہیں یعنی متعہ دینا مستحب ہے اور مفروضۃ المہر کو نصف مہر ادا کرنا۔ چونکہ امام مالک کے نزدیک بھی واجب ہے اس لئے متعہ دینا مستحب بھی نہیں ہے (مدارک وغیرہ)

مُتَفَرِّقُوْنَ : اسم فاعل جمع مذکر مرفوع متفرق واحد، تَفَرُّقٌ مصدر، فَرْقٌ مادہ، الگ الگ، جدا جدا (دیکھو فارقات اور فرق باب البار مع الالف والراء) ۱۲/۱۵

مُتَفَرِّقَۃٍ : اسم فاعل واحد مؤنث مجرور، متفرقات جمع، تَفَرُّقٌ مصدر باب تفعل الگ الگ، جدا جدا (دیکھو فارقات اور فرق) ۱۳/۲۔

مُتَقَابِلِیْنَ : اسم فاعل جمع مذکر منصوب متقابلٌ واحد، تَقَابُلٌ مصدر آمنے سامنے (دیکھو قابل، قبول اور قبل) ۱۴/۴ ۲۵/۱۶ ۲۷/۱۴

مُنْقَلَبِکُمْ : منقلب مضاف منصوب کُمْ ضمیر مضاف الیہ، تمہارے گھومنے پھرنے کی جگہ کو (کما لین) مُنْقَلَب ظرفِ مکان ہے۔ تقلُّب (مصدر) کا معنی گھومنا پھرنا۔ الٹ پلٹ ہونا۔ اگر اس کے بعد فِی آتا ہے، تو دخل دینے اور تصرف کرنے کا معنی بھی ہو جاتا ہے تَقَلَّبَ فِی الشَّیْءِ فلاں چیز میں دخل دیا، تصرف کیا، ہاتھ ڈالدیا (قاموس) قرآنِ مجید میں تقلب بمعنے تصرف مستعمل نہیں، ۲۶/۶ (دیکھو قلب)

اَلْمُتَّقُوْنَ : اسم فاعل جمع مذکر مرفوع۔

Presented by Ziaraat.Com

اَلْمُتَّقِیْ واحد اِتِّقَارٌ مصدر پرہیزگار تقوی رکھنے والے (دیکھو تقوی) ۲/۶ ۹/۱۸ ۱۳/۱۱ ۱۸/۱۲ ۲۴/۱ ۲۶/۶۔

اَلْمُتَّقِیْنَ : اسم فاعل جمع مذکر منصوب و مجرور، المتقی مفرد۔ اِتِّقَارٌ مصدر پرہیزگار تقوی والے (دیکھو تقوی) ۱/۸ ۲/۱۵ ۳/۱۶ ۴/۳ ۶/۱۱ ۹/۵ ۱۰/۸ ۱۱/۱۳ ۱۲/۴ ۱۴/۱۰ ۱۶/۹ ۱۷/۴ ۱۸/۱۰ ۱۹/۹ ۲۰/۱۲ ۲۳/۱۳ ۲۴/۳ ۲۵/۱۶ ۲۶/۱۸ ۲۷/۱۰ ۲۹/۲۲ ۳۰/۲۔

مُتَّکَأً : اسم مکان۔ سہارا لگانے کی جگہ جس پر ٹیک لگائی جائے، گاؤ تکیہ مسند وغیرہ تَوَکُّؤٌ اور اِتِّکَارٌ کا معنی سہارا لگانا ٹیک لگانا۔

مجازاً مراد کھانا (ابن عباس، سعید بن جبیر، حسن۔ قتادہ۔ مجاہد)

اہل عرب مُتَّکَأً اس چیز کو کہتے ہیں جس سے پینے کھانے یا باتیں کرنے کے وقت سہارا لگایا جاتا ہے (معالم) امام رازی نے کہا مراد وہ کھانے کی چیز ہے جس کو چھری سے کاٹنے کی ضرورت ہو (تفسیر کبیر)

آجکل کھانا کھانے کے لئے میز لگائی جاتی ہے اور اس کے آس پاس کرسیاں ڈالی جاتی ہیں اسی طرح پہلے مہذب دسترخوانوں کے اردگرد چھوٹی چھوٹی گدیاں غالیچے اور گاؤ تکیے لگائے جاتے تھے اور جس طرح آجکل میز لگانے اور تیار کرنے سے مراد ہوتا ہے کھانا چننا اور میز پر بیٹھنے سے مراد ہوتا ہے کھانا کھانے کیلئے بیٹھنا اسی طرح بقول عتبی گاؤ تکیہ لگانے سے مراد ہے کھانا کھانے بیٹھنا، جمیل کا شعر ہے ؎

فَظَلَلْنَا بِنِعْمَةٍ وَاتَّکَأْنَا
وَشَرِبْنَا الْحَلَالَ مِنْ قُلَلِهٖ

ہم نے عیش میں دن گزارا کھانا کھایا اور مٹکوں سے نکال کر شراب پی۔

سیوطی نے مُتَّکَأً کی تفسیر میں طَعَامًا یُقْطَعُ بِالسِّکِّیْنِ لکھا ہے اور یہی قول امام رازی کا ہے لیکن اس کے بعد لکھا ہے وھو الاترنج گویا شیخ سیوطی کے نزدیک مُتَّکَأً کا ترجمہ ہوا ترنج، شیخ کے اس قول کا مدار وہب کے قول پر ہے، وہب نے بھی متکا کو ترنج ہی کہا ہے مگر ابو عبیدہ اور دوسرے اہل لغت نے اس کا انکار کیا ہے کیونکہ ترنج کو مُتْکٌ مُتْکَۃٌ مُتُکٌ اور مُتْکٌ کہا جاتا ہے،

Presented by Ziaraat.Com

(قاموس) مزار بن منقذ کا شعر ہے:

فَاَهْدَتْ مُتَّكَاً لِبَنِي اَبِيهَا اس نے اپنے چچا کے بیٹوں کے لئے ترنج ہدیہ میں بھیجے (معجم القرآن)

ہاں اگر شیخ کے قول کو مجاز در مجاز پر محمول کیا جائے اور وہب کے قول کو مبنی نہ قرار دیا جائے تو صحیح ہو جائیگا اول متکاً سے بطور استعارہ وہ طعام مراد لیا جسکو چھری سے کاٹا جاتا ہے پھر عام ترنج سے خاص ترنج مراد لے لیا۔

شاذ قرارت میں متکاً بھی آیا ہے لیکن اس سے مراد کیا ہے اس میں اقوال مختلف ہیں مثلاً عبد بن حمید کی روایت سے ابن عباس کا قول ہے کہ ترنج مراد ہے مجاہد کا بھی یہی قول ہے۔ بعض نے کہا یہ لفظ حبشی ہے، ترنج کو کہتے ہیں، ضحاک نے کہا متک اس چپاتی کو کہتے ہیں جس کے اندر گوشت لپٹا ہوا ہو، عکرمہ کا قول ہے جو کھانے کی چیز چھری سے کاٹی جاتی ہو وہ متک ہے ابو زید نے کہا کاٹ کر چھری سے جو چیز کھینچی جائے وہ متک ہے۔ لغت میں متک اور بتک کا معنی ہے کاٹنا (معالم) قاضی بیضاوی نے بھی متکا کا ترجمہ وہی کیا ہے جو عکرمہ کا قول ہے (بیضاوی) ۱۲/۱۴

مُتَّكِـُٔونَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع متکیٔ واحد اتکاء مصدر تکیہ لگائے ہوئے۔ ۲۳/۳

مُتَّكِـِٔينَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب، متکیٔ واحد اتکاء مصدر (افتعال) تکیہ لگائے ہوئے، پیچھے کو گاؤ تکیہ سے سہارا لگائے ہوئے، ۱۵/۱۶ ۲۳/۱۳ ۲۷/۱۳،۱۴/۳ ۲۹/۱۹۔

اَلْمُتَكَبِّرُ: اسم فاعل مفرد مرفوع تکبر مصدر (باب تفعل) سربلندی اور عظمت کی آخری حد کو پہنچا ہوا۔ (مدارک) ہر نامناسب صفت سے برتر (عملی) تکبر دو طرح کا ہوتا ہے۔

۱ فی نفسہ کسی میں خوبیاں اور صفاتِ حسنہ سب سے زائد ہوں۔

۲ واقع میں تو صفاتِ حسنہ سے خالی ہو اور مدعی ہو کمالِ صفات کا، اول محمود ہے اور دوسرا مذموم ہے اسلئے اول معنی کا لحاظ کرتے ہوئے متکبر اللہ کی صفت ہے اور محمود ہے اور دوسرے معنی کے لحاظ سے کافر یا مغرور انسان پر اطلاق ہوتا ہے جو مذموم اور قبیح ہے تکبر کی بدترین قسم یہ ہے کہ آدمی اللہ کی اطاعت اور فرمانبرداری سے سرکشی کرے اور خود سر بن جائے۔

(المفردات للراغب) ۲۸/۶

مُتَكَبِّرٍ: اسم فاعل مفرد مجرور، تکبر مصدر۔

Presented by Ziaraat.Com

غرور بیجا کرنیوالا اللہ کی اطاعت و فرمانبرداری سے
سرتابی کرنیوالا - ۲۴/۸، ۴۸/۱۷ -

اَلْمُتَكَبِّرِيْنَ : اسم فاعل جمع مذکر مجرور، تکبر
مصدر، اللہ کو ماننے اور اسکی اطاعت کرنے سے
سرتابی کرنے والے - ۱۴/۱۰ ۲۴/۳، ۵، ۱۳ -

اَلْمُتَكَلِّفِيْنَ : اسم فاعل جمع مذکر مجرور،
تکلف مصدر (تفعل) بناوٹ کرنے والے یعنی
اپنی طرف سے قرآن بنا لینے والے (خازن و محلی)
یا لوگوں کو دکھانے کے لئے اطاعت خداوندی
کا اظہار کرنیوالے (معجم) کَلَفٌ (مصدر مجرد)
شیفتہ ہونا (راغب) اور بصورت اسم سیاہی
زردی آمیز یا سرخی سیاہی آمیز اور چہرہ کا سرخی
سیاہی آمیز رنگ (قاموس) اور جھائیاں
(المفردات) کَلِفٌ صیغہ صفت، شیفتہ
عاشق (شاید اس وجہ سے کہ عاشق کا چہرہ برداشت
مصائب کے آثار کا حامل ہوتا ہے) کُلْفَةٌ سرخی
سیاہی آمیز یا سرخی مائل بہ سیاہی، رنج، سختی۔
کَلِفَ كَلَفًا (سمع) شیفتہ ہو گیا۔ اَكْلَفَهٗ بِہٖ
اس کو فلاں چیز کا شیفتہ بنا دیا (باب افعال)
تَكْلِيْفٌ (تفعیل) کسی کو ناقابل برداشت حکم دینا
حَمَلْتُ الشَّيْءَ تَكْلِفَةً اس چیز کو میں نے
دشواری کے ساتھ برداشت کیا، تَكَلُّفٌ کسی
کے حکم دینے سے کسی کام کو اپنے اوپر برداشت کرنا۔
اور دشواری اٹھانا (اقرب الموارد و تاج)

اصل میں تکلف نام ہے چہرہ پر کچھ بدنمائی
ظاہر کرتے ہوئے اور برداشت دشواری کی
علامت نمودار کرتے ہوئے کسی کام کو کرنا،
اس کی دو قسمیں ہیں :-

۱ کسی کام کو کرنے کے وقت چہرہ پر بناوٹی
دشواری کے آثار نمودار کر لینا۔

۲ بلندی حوصلہ دکھاتے ہوئے کسی مقصد
کو حاصل کرنے کے لئے دشواری اٹھانا دونوں
صورتوں میں چہرہ پر کچھ انقباضی کیفیت ضرور پیدا
ہو جاتی ہے پیشانی پر بل اور رخساروں کی
کھال میں سلوٹیں پڑ جانا لازم ہیں۔

اول قسم مذموم اور قبیح ہے، آخری قسم
ممدوح اور محمود اس لئے کہ کسی کام کو کرنے
اور کسی مقصد کے حاصل کرنے میں بلندی
حوصلہ ظاہر کرتے ہوئے دشواری اٹھانے
سے تحصیل مقصد سہل ہو جاتی ہے اور اچھے
مقصد سے شیفتگی اور محبت رکھنے کے علامات
نمایاں ہوتے ہیں، آیت میں تکلف کی مذموم

Presented by Ziaraat.Com

قسم مراد ہے۔

اللہ کی طرف سے بندوں پر جو تکلیفات (اوامر و نواہی) اور دشواریاں عائد کی جاتی ہیں، ان کی تعمیل میں بندوں کی طرف سے تکلفِ محمود کا ظہور ہوتا ہے (راغب مع بعض زیادۃ)

تکلیفِ شرعی کیا ہے؟

علماءِ اصول میں سے امام الحرمین نے کہا ہے هُوَ الْزَامُ مَافِيْهِ الْمَشَقَّةُ دشواری والا کام کسی پر لازم کر دینا تکلیف ہے۔

باقلانی نے کہا هُوَ طَلَبُ مَافِيْهِ الْكُلْفَةُ سختی آمیز امر کی طلب کو تکلیف کہتے ہیں۔

چونکہ طلب کا تعلق امرِ مندوب و مستحب سے بھی ہے استحساناً امرِ مستحب پر بھی آدمی مامور ہے اس لئے امام باقلانی کے نزدیک امرِ مندوب بھی تکلیفاتِ شرعیہ میں داخل ہے لیکن امرِ مندوب میں ایجاب نہیں ہوتا اور امام الحرمین کے نزدیک تکلیف کے لئے الزام و ایجاب ضروری ہے اس لئے ان کے قول پر مندوبات و مستحبات کو تکالیفِ شرعیہ نہیں کہا جا سکتا۔

مدارِ تکلیف

تکلیفاتِ شرعیہ کا مدار ایمان باللہ پر ہے کافر غیر مومن ہونے کی وجہ سے غیر مکلف بالعبادات ہے (ہکذا قالت الاشاعرۃ)

آدمی کب مکلف ہوتا ہے

امامِ شافعی اور امام ابوالحسن اشعری کے نزدیک دعوتِ پیغمبر کے بعد۔

امامِ ابوحنیفہ کے نزدیک دعوتِ پیغمبر اور اتنا وقت گزرنے کے بعد کہ کائنات پر غور کر کے آدمی خالقِ کائنات کی ہستی اور اسکی وحدانیت کو دریافت کر سکے اسی وجہ سے بچہ، دیوانہ اور غافل غیر مکلف ہے۔

(حاشیہ معجم القرآن مع بعض زیادۃ از مؤلف) ۲۳/۱۴۔

اَلْمُتَلَقِّيَانِ: اسم فاعل تثنیہ مذکر مرفوع، دو (لکھ) لینے والے (فرشتے) تَلَقِّی مصدر (بابِ تفعل) کا معنی ہے ملاقات کرنا سامنے سے کسی چیز کو لے لینا، پا لینا، اس جگہ متلقیان سے اعمال لکھنے والے فرشتے مراد ہیں (دیکھو لقاء اور لقوا) ۲۶/۱۶۔

مُتُّمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، موت مصدر (نصر) (یا اگر) تم مر جاؤ، ماضی بمعنی مضارع۔ ۴/۸۔

Presented by Ziaraat.Com

مِتُّمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف، موت مصدر (ضرب وسمع) (جب) تم مرجاؤ گے ماضی بمعنی استقبال (تشریح کیلئے دیکھو مات) ۱۸/۳۔

مِتْنَا: جمع متکلم ماضی معروف (ضرب وسمع) (جب) ہم مرجائیں گے، شرط میں واقع ہونے کی وجہ سے ماضی کے معنی استقبال کا ہوگیا ۱۸/۵ ۲۳/۶،۵ ۲۶/۱۵ ۲۷/۱۵۔

مُتِمُّ: اسم فاعل واحد مذکر مضاف مرفوع، اِتْمَامٌ مصدر (باب افعال) پورا کرنیوالا کامل کرنے والا۔ اس سے ثلاثی مجرد تمّ یتمّ تماما آتا ہے، تمام ہونے کا معنی ہے پورا ہونا، کسی ضروری چیز کا محتاج نہ رہنا، پورا ہونا دو طرح ہوتا ہے۔

۱۔ کسی چیز کے اجزاء اور اعداد کا پورا ہونا، کسی جزء یا عدد کا باقی نہ رہنا۔

۲۔ لوازم شرائط کیفیات اور نتائج کا پورا ہونا۔ اللہ کا فعل بہر طور پورا ہوتا ہے نہ وہ مزید جزء تکمیل کا محتاج ہوتا ہے نہ کسی کیفیت نتیجہ اور شرط وغیرہ کے لحاظ سے تشنۂ تکمیل ہوتا ہے، اسلئے اللہ اپنے نور کو پورا کرنے والا ہے یعنی اسلام اور دین کو پورا کرکے رہیگا، اجزاء دین، لوازم دین، کیفیاتِ دینیہ، اور نتائج سب ہی کامل طور پر ظاہر ہوں گے۔ ۲۸/۹۔

اَلْمُتَنَافِسُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع اَلْمُتَنَافِسُ مفرد تنافس مصدر (باب تفاعل) باہم بڑھ چڑھ کر کسی چیز کی رغبت کرنے والے، کسی نفیس چیز کی طرف باہم مقابلۃً میلان کرنے والے، اصل میں اس کا مادہ نَفَسٌ ہے جس کا معنی ہے کشائش فراخی وسعت اسی سے نفیس، عمدہ، اعلیٰ، بیش قیمت اور مرغوب چیز کو کہتے ہیں، ثلاثی مجرد میں اس کا استعمال باب سمع سے بھی ہوتا ہے اور کرم سے بھی نَفِسَ نَفَسَ نَفَاسَۃً کا معنی ہے، کسی چیز کو خود غرضی سمجھا اور دوسروں کے حق میں بخل کیا یعنی وہ چیز خود لے لی دوسروں کو دینا چاہی نَفِسَ عَلَیْہِ بِخَیْرٍ دوسرے کو بھلائی پہنچنے پر حسد کیا نَفِسَ عَلَیْہِ الشَّیْءَ نَفَاسَۃً دوسرے کو چیز نہ دی اور اہل نہ سمجھا (سب استعمالات باب سمع سے آتے ہیں نَفُسَ نَفَاسَۃً ونَفَاسًا ونَفَسًا (کرم)

Presented by Ziaraat.Com

بیش قیمت، عمدہ اور مرغوب ہو گیا۔

باب تفاعل اور مفاعلہ میں یہی مادہ پہنچا تو کسی چیز کو نفیس خیال کر کے دوسرے کے مقابلہ میں اس کی رغبت کرنے اور بڑھ چڑھ کر اس کے حصول کی کوشش کرنے کا معنی ہو گیا، کیونکہ عموماً نفیس چیز کو آدمی خود حاصل کرنا چاہتا ہے اور دوسرے کو دینا پسند نہیں کرتا، لوگوں کے میلانِ طبع کا اقتضاء یہی ہے اس لئے تنافس اور منافست کا معنی ہوا کسی مرغوب چیز کو دوسروں سے زیادہ حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔ ۲۰/۸۔

اَلْمُتَوَسِّمِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور، اَلْمُتَوَسِّمُ مفرد تَوَسُّمٌ مصدر (باب تفعل) اہلِ فراست، دیکھنے والے، علامات دیکھ کر شناخت کرنے والے۔ تَوَسُّمٌ کا معنی ہے علامات دیکھ کر شناخت کر لینا، حضورِ اقدس کی شان میں حضرت عبداللہ بن رواحہ نے کہا تھا ؎

اِنِّیْ تَوَسَّمْتُ فِیْکَ الْخَیْرَ اَعْرِفُہٗ
وَاللّٰہُ یَعْلَمُ اِنِّیْ ثَابِتُ الْبَصَرِ

"میں نے اپنی جانی بوجھی ہوئی خوبیاں آپ کے اندر پہلے ہی سے دیکھ کر شناخت کر لیا تھا خدا گواہ ہے کہ میری نظر غلطی نہیں کرتی"

تَوَسُّمٌ کا معنی نشاندار ہونا بھی ہے، حدیث میں الشَّیْخُ الْمُتَوَسِّمُ آیا ہے یعنی وہ بوڑھا جو علامات پیری سے آراستہ ہو، اس کا مادہ وَسْمٌ ہے بصورتِ مصدر وَسْمٌ کا معنی ہے نشاندار کرنا (راغب) اور بصورتِ اسم وَسْمٌ اور سِمَۃٌ نشان کو کہتے ہیں وُسُوْمٌ اور سِمَاتٌ جمع وَسِیْمٌ اور وَسِیْمَۃٌ حسین اور حسینہ وِسَامٌ جمع وَسِیْمٌ کی جمع وُسَمَاءُ بھی آتی ہے مِیْسَمٌ حسن اور علامت وَسَامَۃٌ خوبصورتی مَوْسِمٌ حج کا زمانہ جس سے عرب کی تجارت اور مختلف کاروبار کی شناخت ہوتی تھی، ہر فصل جس سے کھیتوں باغوں اور سردی گرمی کے تغیرات کی شناخت ہوتی ہے، ثلاثی مجرد کے افعال نَصَرَ ضَرَبَ اور کَرُمَ تینوں بابوں سے آتے ہیں۔

وَسَمْتُہٗ (نصر) میں مقابلہ حسن میں اس پر غالب آیا۔ وَسَمْتُہٗ (ضرب) میں نے اس کو نشان دار بنایا۔ وَسْمٌ وَسَامَۃٌ ووَسَامًا (کَرُمَ) خوبصورت ہو گیا۔ ۱۴/۵۔

مُتَوَفِّیْکَ: اسم فاعل واحد مذکر مضاف لے ضمیر واحد مذکر مضاف الیہ، میں تجھے وفات دینے والا ہوں، میں تجھے اپنی گرفت

میں لیکر اٹھا لینے والا ہوں یا میں تجھے سلانیوالا ہوں اور (نیند کی حالت میں) آسمان کی طرف اٹھانے والا ہوں۔ متوفی کا مصدر توفی ہے اور توفی کا معنی ہے پورا پورا لینا (قاموس وغیرہ) تمام حق گرفتن (صراح) آیت میں توفی کا کیا معنی ہے؟ علماءِ سلف نے اس کی تشریح میں لفظ قبض کہا ہے یعنی گرفت میں لے لینا لیکن قبض اور گرفت میں لینے سے کیا مراد ہے قبض روح مع بدن یا صرف قبض روح یعنی مار ڈالنا یا نیند مسلط کرنا، ربیع بن انس کے نزدیک نیند مسلط کرنا مراد ہے یعنی میں تجھ کو سلا دوں گا، پھر نیند کی حالت میں آسمان کی طرف اٹھا لونگا۔ اس تفسیر کا مستدل یہ آیت ہے وھو الذی یتوفکم باللیل اللہ تم کو رات کو سلاتا ہے، اس آیت سے ثابت ہے کہ توفی کا معنی سلا دینے کا آتا ہے بقول ربیع واقع بھی یونہی ہوا، اللہ نے حضرت عیسیٰ کو سلا کر اٹھا لیا (معالم) ابوالبقاء نے کلیات میں لکھا ہے مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ كِلَاهُمَا لِلْمُسْتَقْبِلِ وَالتَّقْدِيْرُ رَافِعُكَ ثُمَّ يَتَوَفَّاكَ لِاَنَّهٗ رُفِعَ اِلَى السَّمَاءِ ثُمَّ يَتَوَفّٰى یعنی متوفی اور رافع اگرچہ اسم فاعل کے صیغے ہیں لیکن استقبال کا معنی مراد ہے اور عبارت میں تقدم تاخر ہے اصل میں رَافِعُكَ مقدم اور مُتَوَفِّیْكَ مؤخر ہے کیونکہ حضرت عیسیٰ کو پہلے آسمان کیطرف اٹھا لیا گیا پھر آئندہ ان کی وفات ہوگی، تفسیر عباسی میں بھی اسی کی تائید کی گئی ہے شُمَّ مُتَوَفِّيْكَ اِلٰى قَابِضُكَ بَعْدَ النُّزُوْلِ یعنی آسمان کی طرف اٹھانے کے بعد (آئندہ) میں تجھے وفات دوں گا یعنی آسمان سے اترنے کے بعد تیری روح قبض کروں گا۔

حسن، کلبی اور ابن جریج کے تشریحی اقوال میں ہے اِنِّیْ قَابِضُكَ وَرَافِعُكَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَيَّ مِنْ غَيْرِ مَوْتٍ یعنی تم کو اپنی گرفت میں لے کر میں دنیا سے اٹھا کر اپنے پاس بغیر موت کے لے آؤنگا گویا قبض سے مراد ہوا قبض مع جسم، بغیر موت کے اٹھائے جانے سے پہلے، نہ قبضِ روح مراد ہوا نہ نزول کے بعد والے قبض روح کا اس جگہ ذکر ہے (معالم التنزیل)

امام رازی نے نفیس اور دقیق تفسیر کی ہے فرماتے ہیں معنی قولہ انی متوفیک ای انی متمم عمرک فحینئذٍ اتوفاک فلا اترکہم حتی یقتلوک بل انا رافعک الی

Presented by Ziaraat.Com

سمائی ومطہرک بملائکتی واصونک عن ان یتمکنوا من قتلک (کبیر) یعنی انی متوفیک کا مطلب یہ ہے کہ میں تمہاری عمر پوری کروں گا اور عمر پوری دینے کے بعد تم کو وفات دوں گا، کافروں کے ہاتھوں سے تم کو قتل نہیں ہونے دوں گا بلکہ اپنے آسمان کی طرف تم کو اٹھالوں گا اور فرشتوں کے پاس جو تمہاری قیامگاہ ہے وہاں تم کو پہنچادوں گا اور کافروں کے قتل سے تم کو محفوظ رکھوں گا۔

جمہور مفسرین ومحدثین کا اجماعی قول ہے کہ حضرت عیسیٰ قیامت کے قریب نازل ہوں گے امام رازی نے فرمایا وورد الخبر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ سینزل ویقتل الدجال ثم انہ تعالیٰ یتوفاہ بعد ذلک (کبیر)

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مروی ہے کہ عیسیٰ نازل ہوں گے اور دجال کو قتل کریں گے پھر اس کے بعد اللہ ان کو وفات دے گا۔

حضرت ابوہریرہ سے مرفوع حدیث مروی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا قیامت نہیں بپا ہوگی یہانتک کہ عیسیٰ بن مریم حاکم منصف اور امام عادل ہوکر اتریں گے، صلیب کو توڑیں گے خنزیر کو قتل کریں گے جزیہ کو ساقط کریں گے (یعنی اسلام کے بغیر جزیہ ادا کرکے امن حاصل کرنے کا قانون جاتا رہیگا) مال بہتا پھریگا کہ کوئی لینے والا بھی نہ ہوگا (ابن ماجہ) پھر دمشق کے پورب جانب سفید منارہ کے پاس عیسیٰ بن مریم اتریں گے (ابوداؤد)

حضور والا برآمد ہوئے ہم آپس میں گفتگو کر رہے تھے فرمایا کیا تذکرہ کر رہے ہو صحابہ نے عرض کیا قیامت کا ذکر کر رہے ہیں فرمایا قیامت سے پہلے جب تک دس نشانیاں نہ دیکھ لوگے قیامت بپا نہ ہوگی چنانچہ حضور نے دھوئیں کا، دجال کا، دابۃ الارض کا، سورج کے مغرب کی طرف سے نکلنے کا، حضرت عیسیٰ کے نزول کا اور یاجوج وماجوج کا تذکرہ فرمایا الخ

(صحیح مسلم)

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا زمین کے طرف عیسیٰ بن مریم اتریں گے نکاح کریں گے ان کی اولاد ہوگی ۴۵ سال (زندہ) رہیں گے پھر مرجائیں گے اور میری قبر میں میرے ساتھ دفن

کیے جائیں گے میں اور عیسیٰ بن مریم ایک قبر میں (یعنی جگہ اور عمر (کی قبروں) کے درمیان اٹھیں گے، عبداللہ بن عمرو (رواہ ابن الجوزی، مشکوٰۃ)

نسفی کی کتاب عقائد میں اور تفتازانی کی شرح میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو علامات قیامت کی خبر دی ہے یعنی دجال دابۃ الارض اور یاجوج و ماجوج کا خروج اور آسمان سے عیسیٰ کا نزول اور مغرب کی طرف سے آفتاب کا طلوع یہ سب حق ہے۔

فقہ اکبر اور شرح فقہ اکبر میں ہے اللہ کے فرمان کے مطابق نزولِ عیسیٰ قیامت کی علامت ہے اور اللہ نے فرمایا ہے وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ یعنی کوئی اہلِ کتاب ایسا نہ ہوگا کہ قیامت کے قریب عیسیٰ کے نزول کے وقت ان کی وفات سے پہلے ان پر ایمان نہ لائے۔

تمام احادیث تفسیری اقوال اور تشریح عقائد کا خلاصہ یہ ہے کہ عیسیٰ کی وفات ابھی تک نہیں ہوئی، قیامت کے قریب نزول کے بعد آپ کی وفات ہوگی اور آیت میں توفی سے مراد ہے گرفت میں لے لینا یعنی مع بدن کے قبضہ میں لے لیا اور کافروں سے بچا لینا جیسا کہ واقع ہو چکا یا صرف روح قبض کرنا جیسا کہ آئندہ قیامت کے قریب ہوگا تا نیند مسلط کر کے اٹھا لینا جیسا کہ ربیع بن انس کا قول ہے۔ ۳/۱۴۔

اَلْمُتَوَكِّلُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع، المتوکل مفرد، تَوَكُّلٌ مصدر (باب تفعل) بھروسہ کرنے والے، اعتماد رکھنے والے، اس معنی کے لئے متوکل کا صلہ عَلٰی آنا ضروری ہے کیونکہ تَوَكُّلٌ کے صلہ میں علیٰ بھی آتا ہے اور لام بھی، اول کا معنی ہوتا ہے بھروسہ کرنا، اعتماد کرنا۔ تَوَكَّلَ عَلَيْهِ اس پر بھروسہ کیا، دوسرے کا معنی ہوتا ہے ذمہ دار اور متولی اور نگرانِ کار بن جانا تَوَكَّلَ لَهٗ اس کی طرف سے اس کے کام کا نگران اور متولی بن گیا۔

اِتَّكَلَ عَلَيْهِ (باب افتعال) اس پر بھروسہ کیا۔ وَكَّلَ اِلَيْهِ الْاَمْرَ (باب تفعیل) اپنا کام اس کے سپرد کر دیا۔ وَكَلٌ، وَكَلَةٌ، وُكُلٌ وہ کمزور عاجز آدمی جو دوسرے کے بھروسہ پر رہے۔ وکیل، دوسرے کے کام کو اپنی سپردگی میں لینے والا، دوسرے کی طرف سے اس کے

Presented by Ziaraat.Com

کام کی نگرانی کرنیوالا، کفیل سے وکیل عام ہے کیونکہ وکیل کا ذمہ دار ہونا ضروری نہیں وہ صرف اصل کا نائب ہوتا ہے، کفیل خاص ہے، ہر کفیل وکیل بھی ہوتا ہے اور ذمہ دار بھی (راغب)

وَکَالَۃٌ کسی کیطرف سے اس کے کاموں کی پیروی کرنا اور نگرانی رکھنا، وَکَلَ یَکِلُ وَکْلًا (ضرب) اسپر بھروسہ کیا اپنی کمزوری کا اعتراف کرتے ہوئے اپنا کام اسکے سپرد کردیا، وَکَلَ اِلَیْہِ الْاَمْرَ (ضرب) اپنا کام اس کے سپرد کردیا۔

وَکَالٌ جانور کا دوسرے کے سہارے سے چلنا خود تنہا نہ چلنا۔ ۱۳/۱۲ ۲۴/۱

اَلْمُتَوَکِّلِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب المتوکل واحد، بھروسہ کرنیوالے، اعتماد رکھنے والے۔ ۴/۸

مَتٰی: اسم بھی ہے اور حرف بھی، اسم کبھی وقت دریافت کرنے کے لئے آتا ہے (کب) متی ھذا الوعد اس وعدہ کا وقت کب ہوگا متٰی ھذا الفتح یہ فتح کب ہوگی متٰی نصر اللہ اللہ کی مدد کب آئے گی۔

کبھی شرط وجزاء کے لئے آتا ہے (جب) متٰی اَضَعِ الْعِمَامَۃَ تَعْرِفُوْنِیْ جب میں سر سے عمامہ اتار دونگا تم مجھے پہچان لوگے (چندیا صاف نکلیگی جو سرداری کی علامت ہے)

حرفی صورت میں مِنْ یا فِیْ کا ہم معنی ہوتا ہے (بنی ہذیل۔ صرح بہ مؤلف معنی اللبیب) جیسے اَخْرَجَھَا مَتٰی کُمِّہٖ اس کو اپنی آستین سے نکالا اور وَضَعْتُہَا مَتٰی کُمِّیْ میں نے اسکو اپنی آستین میں رکھ لیا۔ لیکن امام راغب نے اور بعض دوسرے اہل لغت نے لکھا ہے کہ بنی ہذیل متٰی کو وسط کے معنی میں استعمال کرتے ہیں ابوذویب ہذلی کا شعر ہے ؎

شَرِبْنَ بِمَاءِ الْبَحْرِ ثُمَّ تَرَفَّعَتْ
مَتٰی لُجَجٍ خُضْرٍ لَھُنَّ نَئِیْجُ

انہوں نے سمندر یا دریا کا پانی پیا پھر سیاہ گہرے کنڈوں کے وسط میں سے انکی سرسراہٹ کی آواز اٹھی۔

کبھی متٰی کو متّٰی بالتشدید بھی استعمال کیا گیا ہے لیکن بطور شذوذ۔

مَتْیٌ مصدر ہے دور دراز سفر کرنا، لمبی سیر کرنا والفعل من نصر۔

قرآن مجید میں صرف اسم استفہام کی شکل

میں منیٰ کا استعمال ہوا ہے۔ ب ۱۰ ع ۱۱ ب ۱۵ ع ۵ ب ۱۷ ع ۳ ب ۲۰ ع ۱۶ ب ۲۱ ع ۹ ب ۲۲ ع ۲ ب ۲۳ ع ۲ ب ۲۹ ع ۲

مَتِیْنٌ: صیغہ صفت مشبہ مفرد۔ مضبوط، محکم، بیڑھ کی ہڈی کے دائیں اور بائیں حصہ کو مَتْنٌ کہا جاتا ہے اسی سے مَتُنَ فعل بنا لیا گیا اس کی پشت قوی اور مضبوط ہو گئی (راغب) اس کے اعضا سخت اور مضبوط ہو گئے (قاموس) مَتَانَۃٌ (کرم) مَتَنَ بِالْمَکَانِ (نصر) اس جگہ قیام کیا مَتْنٌ اور مَتْنَۃٌ اونچی سخت زمین کو بھی کہتے ہیں مَتْنُ الطَّرِیْقِ وسطِ راہ۔ (منتہی الارب)

مَتِیْنٌ مضبوط پشت والا۔ توسیع استعمال کے بعد متین کا معنی ہو گیا، قوی، محکم (المفردات) ب ۹ ع ۱۳ ب ۲۹ ع ۴۔

اَلْمَتِیْنُ: قوی۔ ب ۲۷ ع ۲۔

مَثَابَۃٌ: ظرفِ مکان، لوگوں کے لوٹنے کی جگہ، کنوئیں سے پانی لینے کی جگہ، کنوئیں کی من، مَثَابٌ کا یہ معنی بھی ہے اور کنوئیں میں پانی جمع ہونے کی جگہ اور کھڑا ہو کر ساقی کے پانی پلانے کی جگہ کو بھی مَثَابٌ کہتے ہیں (قاموس واقرب الموارد) اس جگہ مَثَابَۃٌ کا اول معنی مراد ہے (خازن و مدارک و ابو السعود)

مَثَابَۃٌ اور مَثَابٌ کا مادہ ثَوْبٌ ہے ثوب کا معنی ہے اصلی حالت کی طرف لوٹنا یا کسی کام کی اصلی غرض کی طرف لوٹنا جو پہلے سے سوچ لی گئی ہو، آغازِ عمل انجامِ فکر ہوتا ہے اور آخرِ عمل اول فکر یعنی آدمی پہلے سوچتا ہے سوچ پکتا ہے تو کام شروع کرتا ہے کام ختم ہو جاتا ہے تو سوچی ہوئی غرض کا حصول سامنے آجاتا ہے اور عمل نتیجہ سے ہمکنار ہو جاتا ہے بس اسی سوچی ہوئی غرض کے ظہورِ فعلی کی طرف لوٹنے کو ثوب کہتے ہیں اور نتیجہ کو ثواب یا مثوبہ کہا جاتا ہے، کعبہ کی تعمیر کا فائدہ جو تعمیر اور حکم تعمیر سے پہلے مقرر کر لیا گیا تھا یہی تھا کہ لوگ اس کو مرکزِ عبادت بنائیں اس کی طرف رخ کریں وہاں جمع ہوں اس لئے کعبہ مثابۃ اور جائے رجوع ہو گیا۔

راغب نے لکھا ہے بعض لوگوں کی نظر میں مثابہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اعمال کا ثواب وہاں لکھا جاتا ہے لیکن میری نظر میں یہ توجیہ مناسب نہیں، مثابہ جائے ثواب کو نہیں بلکہ

Presented by Ziaraat.Com

جائے ثواب (رجوع) کو کہتے ہیں پھر اعمال کا ثواب
تو ہر جگہ ہی لکھا جاتا ہے کعبہ کی کیا خصوصیت
ہے اس کے علاوہ سزا جزا کو ثواب کہنے کی وجہ
بھی تو یہی ہے کہ ان کی طرف آخر میں اعمال کا
رجوع ہوتا ہے جس طرح سوت کاتنے کی اصل
غرض کپڑا بنانا اور کپڑا حاصل کرنا ہوتی ہے اس لئے
کپڑے کو ثوب کہا جاتا ہے اسی طرح نتیجۂ عمل کا
ثواب (سزا جزا) کہا جاتا ہے۔

ثَابَ ثُوْبًا ثُوُوْبًا ثَوْبَانًا جہاں سے
گیا تھا وہیں لوٹ آیا ثَابَ النَّاسُ لوگ
جمع ہو گئے ثَابَ جِسْمُہٗ ثَوْبَانًا بیماری
سے لاغر ہونے کے بعد جسم پھر فربہ ہو گیا
ثَابَ الْحَوْضُ ثَوْبًا وَثَوْبًا حوض پانی سے
بھرنے لگا یا بھر گیا (نصر) ان سب مثالوں میں
رجوع کا مفہوم مشترک ہے۔ ۱/۱۵

مَثَانِیْ: جمع منصوب نکرہ، مثنیٰ واحد
مَثْنًی یا مَثْنَاۃٌ مصدر مَثْنٰی کا معنی دوہرا کرنا
تکرار کرنا، اعادہ کرنا، چبا نٹ لینا اور ثنا کا معنی
بار بار کسی کے اوصافِ حمیدہ بیان کرنا۔
(المفردات و تاج و قاموس)

کیٹلر مستشرق نے اپنی کتاب (الاساس
الیہودی للدیانۃ الاسلامیۃ) میں لکھا ہے کہ
مثانی سریانی لفظ ہے جس کا معنی ہے علم کثیر لیکن
یہ معنی نہ سورۂ حجر کی آیت وَلَقَدْ اٰتَیْنٰکَ سَبْعًا
مِّنَ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ میں بن سکتا
ہے نہ سورۂ زمر کی آیت اَللّٰہُ نَزَّلَ اَحْسَنَ
الْحَدِیْثِ کِتٰبًا مُّتَشَابِہًا مَّثَانِیَ میں اس جگہ
کتابًا موصوف ہے متشابہًا صفت اور مثانی
اس کا بیان ہے امور مذکورہ باہم متشابہ ہی
ہوتے ہیں۔

اس یہودی النسل مصنف کو عربی میں اس
مادہ سے بنتے ہوئے دوسرے الفاظ نہیں ملے
نہ ثنیہ نہ مثنیٰ نہ ثنار نہ ثانی نہ اثنین اور
اثنتین نہ مثنّٰی نہ مثنّٰی نہ مثنّٰی اور ثنار
کے بیسیوں مشتقات اس بیچارہ کو یہ
ثابت کرنا ہے کہ اسلام کی بنیاد یہودیت
ہے اسلام صیہونیت سے ماخوذ ہے خواہ
ثابت ہو سکے یا نہ ہو سکے عصبیت کا مظاہرہ
ضرور کرنا ہے اسی لئے تو اس نے مثانی
کو سریانی لفظ قرار دیا۔

پروفیسر عبد الرؤف نے معجم القرآن
میں اور بکثرت مفسرین سلف نے مثانی

Presented by Ziaraat.Com

کہنے کی وجہ یہ لکھی ہے کہ قرآنی مندرجات میں تکرار ہے۔ آیات کی تکرار رفتار کلام ہر جگہ ایک ہی ہے اس لئے دانش کلام کی تکرار نصیحت و موعظت اور طرزِ نصیحت کی تکرار، قصص کی تکرار، رد منہی اور وعد و وعید کی تکرار، تلاوت کی تکرار وغیرہ (ماخوذ از ثنی)

یا یہ وجہ کہ اس میں اللہ کی ذات صفات اور اسماءِ حسنیٰ کی ثنا ہے یا یہ کہ قرآن میں خود اس کے اعجاز و بلاغت کی ثنا جمیل ہے (ماخوذ از ثنار)

سورۂ فاتحہ کو سبعاً من المثانی کہنے کی وجہ یہ بھی ہے کہ یہ ساتوں آیات نماز کی ہر رکعت میں لزوماً پڑھی جاتی ہیں اور پڑھے جانے کے لئے چھانٹ لی گئی ہیں مثنیٰ کا معنی چھانٹ لینا اور استثنار کر لینا بھی ہے۔

سید محمود آلوسی نے روح المعانی میں قاضی بیضاوی نے اپنی تفسیر میں اور بعض دوسرے اہلِ تفسیر نے لکھا ہے کہ اگر سورۂ فاتحہ کا نزول مکرر مانا جائے۔ ایک مرتبہ مکہ میں اور دوسری مرتبہ مدینہ میں تحویلِ قبلہ کے وقت، تو تکرارِ نزول کی وجہ سے بھی سورۂ فاتحہ کو سبع مثانی کہنا صحیح ہوگا، بیضاوی نے تو یہ بھی لکھا ہے کہ آیت ولقد اتیناک سبعا من المثانی کا مکی ہونا صحیح ہے اور تحویلِ قبلہ کے وقت نزول تو بہر حال ثابت ہے اس لئے سورۂ فاتحہ کا مکرر النزول ہونا صحیح ہو گیا۔ بیضاوی کے اس استدلال میں ضعف ہے جو اپنی جگہ ثابت ہے۔

امام راغب نے قرآن کو مثانی کہنے کی وجہ یہ لکھی ہے کہ زمان و مکان کے تبدل اور کائنات کے مرور و زوال کے باوجود قرآنِ مجید ہر زوال اور ہر تغیر سے منزہ ہے اور حسبِ سابق بار بار اس کا اعادہ بغیر رد و بدل کے ہوتا رہتا ہے قرآن اب بھی ویسا ہی ہے جیسے نزول کے زمانہ میں تھا اور ایسا ہی آئندہ بھی رہیگا (ماخوذ از ثنی) یا یہ کہ اس کے عجائب غرائب اور حِکَم و فوائد غیر منقطع ہیں ان گنت ہیں لامتناہی ہیں، بار بار نئے حقائق کا انکشاف ہوتا ہی رہتا ہے اور ہوتا رہیگا اس لئے ہر وقت اور ہر زمانہ میں اس کی اس کے پڑھنے والے کی اس کا علم رکھنے والے کی اور اس پر عمل کرنے والے کی ثنا کی جاتی رہتی ہے اور کی جاتی رہے گی (ماخوذ

Presented by Ziaraat.Com

(از شنار)

اس ہیچمدان کو ردانش کی رائے میں ایک دقیق نکتہ اور بھی آیا ہے جس کو مفصل طور پر تفسیر بیان السبحان میں بیان کر دیا گیا ہے لیکن اس جگہ بھی مختصراً ذکر لطف سے خالی نہ ہوگا۔

یہ تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ سارا سنار عرش سے فرش تک درسِ بصیرت ہے دعوت غور ہے کل جہاں کتابچۂ توحید ہے صحیفۂ تمجید و تحمید ہے، آغاز و انجام پر روشنی ڈال رہا ہے مبدء و منتہا کی طرف اشارہ کر رہا ہے قانونِ جزا و سزا کی تعلیم دے رہا ہے قادرِ مطلق کی قہاری آمریت کو ظاہر کر رہا ہے اور خالقِ کل کی خود مختار تخلیقی اور تشریعی طاقت کو بتا رہا ہے، یہ سب آئینۂ الوہیت ہے لائحۂ ربوبیت ہے نزہت رحمانی کا مخبر ہے عطوفتِ ربانی کا غماز ہے، قرآنِ مجید اسی کائناتی کتابچہ کی صحیح کاپی ہے، ترجمانِ فطرت ہے صحیفۂ قدرت کا قاری ہے اس لئے اسکی ہر آیت کو کائناتِ خارجیہ کی ہر آیت سے مشابہت ہے بلکہ یہ بعینہٖ اسی کی تعبیر ہے اس لئے اس کو کتاب متشابہ بھی کہہ سکتے ہیں اور مثانی بھی، فرق صرف یہ ہے کہ صحیفۂ آفاق خاموش ہے اور کتاب مجید ناطق وہ صور و احوال کا مجموعہ ہے اور یہ حقائق کی تصویر کشی کا لفظی مرقع واللہ اعلم۔ ۲۳/۱۷

اَلْمَثَانِیْ: جمع مجرور معرفہ، المثنیٰ واحد، مکرر یا وہ جس کی تعریف کی گئی ہو۔ ۱۴/۶۔

مَثْبُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر، ثُبُوْرٌ مصدر ملعون، خیر سے روکا گیا، عربی محاورہ ہے مَا ثَبَرَكَ عَنْ هٰذَا اس چیز سے تجھے کس نے روکا (فراء) ابو زید نے کہا ثَبَرْتُ فُلَانًا اور اَثْبَرْتُ دونوں کا معنی ایک ہی ہے، میں نے اس کو لوٹا دیا، مجاہد اور قتادہ نے کہا مثبور کا معنی ہے ہلاک شامت زدہ، زجاج نے ثَبَر کے معنی ملک اور مثبور کے معنی ہلاک شدہ بیان کئے ہیں (کبیر)

حضرت ابن عباس نے فرمایا اس جگہ ناقص العقل مراد ہے کیونکہ نقصانِ عقل سب سے بڑی تباہی ہے (المفردات) ۱۵/۱۲۔

مِثْقَالُ: اسم مفرد، مَثَاقِیْلُ جمع، ہموزن برابر، ثقل مادہ، ثَقُلَ (کرم) بھاری ہو گیا، ثِقَلٌ اور ثَقَالَةٌ مصدر، ثَقَلَ الشَّیْءَ (نصر) چیز کو تولا، ثُقْلٌ مصدر، ثَقِلَ (سمع) سخت بیمار

ہوگیا۔ ثِقْل بوجھ۔ رِثْقْ بھاری بن۔ ثَقَل مسافر کا سامان اور ہر نفیس چیز۔

مثقال ایک خاص باٹ بھی ہوتا ہے جس کا وزن ۱ ۱/۲ درہم کے برابر ہوتا ہے لیکن آیات میں اول معنی ہی مراد ہے۔ ۴۲

مِثْقَالَ: اسم مفرد، ہموزن ۳ ۵ ۴ ۱۷ ۱۱ ۲۱ ۹ ۲۲ ۴ ۲۳ ۴۔

مِثْقَالِ: اسم مفرد، ہموزن ۱۱ ۱۲۔

مُثْقَلُونَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع مُثْقَل وہ لوگ جن پر بوجھ لادا گیا ہو یا ان کو بوجھ کی طرح کسی پر لادا گیا ہو، اَثْقَلَہٗ (باب افعال) کے دونوں معنی ہیں کسی پر بوجھ لاد دیا یا کسی کو بوجھ کی طرح لاد دیا، آیات میں اول معنی مراد ہے۔ ۲۷ ۴ ۲۹ ۴۔

مُثْقَلَةٌ: اسم مفعول واحد مؤنث، وہ نفس جس پر گناہوں کا بار ہوگا عربی میں نفس مؤنث ہے اس لئے مؤنث کا صیغہ استعمال کیا۔ ۲۲ ۱۵۔

مَثَلُ: اسم مفرد انسان جمع۔ مَثَل وہ قول ہے جو دوسرے قول کے مشابہ ہو اور ایک سے دوسرے کی حالت کھل جائے گویا دوسرے کی تصویر اول کے ذریعہ سے نظر کے سامنے آجائے (راغب)

مَثَل، مِثْل، مَثِیل سب کے معنی نظیر اور شبیہ کے ہیں، یہ اصلی معنی ہیں علامہ تفتازانی نے مطول میں اور بعض دوسرے اہل بلاغت نے مثل اور نظیر میں فرق بیان کیا ہے، مثل کا ممثل لہ کے افراد میں سے ہونا ضروری قرار دیا ہے اور نظیر کے لئے یہ شرط نہیں مقرر کی بلکہ صراحت کردی کہ نظیر منظرلہ کے افراد میں سے نہیں ہوتی۔ علامہ آلوسی نے روح المعانی میں اس فرق کو ناپسندیدہ قرار دیا ہے۔

اصل وضع سے آگے بڑھ کر دوسرے نمبر پر مَثَل اس مشہور کلام کو کہنے لگے جو بلیغ بھی ہو اور اس کا محل استعمال محل وضع کے مشابہ ہو (بیضاوی) لیکن علامہ آلوسی نے جب دیکھا کہ بعض امثال قرآنیہ جن کا واضع بھی قرآن ہے اور استعمال بھی سب سے پہلے قرآن نے ہی کی ہیں ان کا محل وضع محل استعمال سے جدا نہیں، مقام وضع اور مقام استعمال میں مشابہت کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ مشابہت تو دو چیزوں میں ہوتی ہے اور یہاں ایک ہی چیز ہے اس لئے بیضاوی کے قول میں ضعف ہے، اس اعتراض سے بچنے کے لئے یوں کہنا مناسب ہے کہ دوسرے

Presented by Ziaraat.Com

نمبر میں مَثَل کا استعمال اس مشہور بلیغ کلام میں ہونے لگا جو نظم ہو یا نثر مگر ہو کسی لطیف حسن کا حامل، اس کے اندر کوئی بے مثال تشبیہ ہو یا تصویر کش استعارہ یا نادر کنایہ۔ تیسرے نمبر میں اس سے بھی آگے بڑھ کر مثل کا اطلاق اس حال یا صفت یا قصہ پر ہونے لگا جس میں کوئی عجیب ندرت اور پُر شکوہ عظمت ہو مثلاً لِلّٰہِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰی، اللہ کی عجیب شان عالی ہے مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِیْ الخ جنت کی عجیب نادر حالت اور صفت۔

چوتھے درجہ میں لفظِ مَثَل کا استعمال اس حال یا صفت یا قصہ کے لئے ہونے لگا جس میں کوئی ندرت ہو عظمت ہونا ضروری نہیں جیسے مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الْكَلْبِ، كَمَثَلِ الْحِمَارِ، اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ان سب مثالوں میں مثل سے مراد ہے حالتِ نادرہ اور صفتِ عجیبہ۔

قرآن مجید میں لفظِ مَثَل کہاں کہاں اور کس کس معنی کے لئے آیا ہے؟

یاد رکھو کہ قرآن مجید میں جس جگہ مَثَل مرفوع کے بعد کَمَثَلِ بھی آیا ہے یعنی ممثل اور ممثل بہ دونوں مذکور ہیں تو مَثَل سے مراد صفت اور حالت ہے۔ اگر لفظ مَثَل مرفوع مذکور ہے اور اس کے بعد کَمَثَلِ نہیں ہے تو صرف ۲ پ ۱ میں شبہ یعنی تشبیہی قصہ مراد ہے باقی آیات میں مَثَل کا معنی ہے صفت۔

اگر مَثَل منصوب ہے خواہ اس کے بعد کَمَثَلِ ہے یا نہیں ہے، بہر حال مَثَل سے مراد ہے صفت اور حالت۔

اگر مَثَلٍ مجرور مع تنوین کے ہے وہ نادر معنی مراد ہے جو ندرت میں کہاوت کی طرح ہو گیا ہے صرف ۱۹ پ ۱ میں مَثَل کا معنی ہے اعتراض اور سوال عجیب۔

اگر مَثَلِ مجرور بغیر تنوین کے ہو تو ہر جگہ صفت مراد ہے۔

اگر مَثَلٌ مرفوع مع تنوین کے ہے تو تشبیہی قصہ مراد ہے۔

اگر اَلْمَثَلُ معرف باللام ہے اور ایسا صرف دو جگہ ہے تو مثل سے مراد ہے عظیم الشان صفت۔

۱ پ ۱ / ۲ پ ۲ / ۵ پ ۳ / ۴ پ ۴ / ۳ پ ۹ / ۱۲ پ ۱۱ / ۸ پ ۱۲ / ۲ پ ۱۳ / ۱۱ ر ۱۵ و ۱۶

۱۴ پ ۱۸ / ۱۳ ۱۱ پ ۲۰ / ۱۶ پ ۲۵ / ۷ پ ۲۶ / ۶ پ ۲۸ / ۱۱ صفت۔

Presented by Ziaraat.Com

حالت ب۲ شبہ یعنی تمثیل اور تشبیہی قصہ۔

مَثَلَ: ۳/۱۴ ۱۵/۱۸ حالت۔ صفت۔

مَثَلِ: ب۱/۲ ۲/۵ ۳/۱۴،۴ ۴/۳ ۹/۱۲ ۲۰/۱۶ ۲۷/۱۹ ۲۸/۱۱،۵ حالت۔ صفت۔

مَثَلُ: ۱۷/۱۷ تشبیہی قصہ۔

مَثَلِ: ب۱۵/۲۰،۱۰ ۲۱/۹ ۲۳/۱۷ نادر معنی ۱۹/۱ اعتراض، عجیب سوال۔

مَثَلاً: ب۱/۳ ۱۳/۱۶ ۱۴/۲۱،۱۶ ۱۵/۱۷ ۲۱/۷ ۲۲/۱۹ ۲۳/۱۷ ۲۵/۱۲ ۲۸/۲ تشبیہی قصہ، تمثیل ۹/۱۲ ۱۲/۲ حالت۔ صفت۔

ب۱۸/۱۱ ۲۹/۱۵ عجیب خبر ۲۳/۴ ۲۵/۸ نظیر، مثال ۲۵/۱۱ عبرت انگیز خبر یا واقعہ۔

اَلْمَثَلُ: ۱۴/۱۳ ب۲۱/۶ عظیم الشان صفت۔

مَثَلُہٗ: مَثَلُ مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ اس کی حالت، ب۳/۴ ۱۹/۱۲ ۵/۲ مؤخر الذکر آیت میں لفظ مَثَل بالکل زائد ہے (کبیر و مدارک)

مَثَلُھُمْ: مَثَل مضاف ھُمْ مضاف الیہ حالت۔ صفت۔ ب۱/۲ ۲۶/۱۲۔

مِثْلُ: اسم مفرد، طرح، تشبیہ اور تمثیل کے لئے عربی میں جتنے الفاظ مستعمل ہیں سب سے زیادہ عام لفظ مِثْلُ ہے کیونکہ ذات اور حقیقت میں اگر کوئی کسی کا شریک ہو تو اس کو ندّ کہتے ہیں، کیفیت میں شریک ہو تو شِبہ شَبہ اور شبیہ کہتے ہیں جسمانیت اور تعداد وغیرہ میں برابر ہو تو مساوی کہا جاتا ہے صورت نقوش اور خطوطِ ظاہرہ میں مشابہت و یگانگت ہو تو شکل کہا جاتا ہے لیکن مثل کا لفظ ہر جگہ مستعمل ہے (راغب مع بعض زیادۃ) ۲/۱۲،۱۴/۲ ۳/۶ ۴/۱۳ ۶/۴ ۷/۳ ۱۲/۸ ۲۲/۱۴۔

مِثْلَ: اسم مفرد، طرح ۱/۱۴ ۳/۱۲ ۶/۹ ۷/۱۷ ۸/۲ ۹/۱۸ ۱۱/۱۵،۱۰ ۱۸/۵ ۲۰/۱۱،۸ ۲۴/۱۶،۹ ۲۶/۱۸ ۲۷/۲ ۲۸/۸۔

مِثْلِ: اسم مفرد، طرح ب۱/۱۶ لفظ مثل اس جگہ زائد ہے ب۲/۸ ۱۴/۲۲ ۱۵/۱۰ ۱۷/۱۵ ۲۳/۶۔

مِثْلُکُمْ: مِثْلُ مرفوع مضاف کُمْ مضاف الیہ تمہاری طرح ۱۳/۱۴ ۱۶/۳ ۱۷/۱ ۱۸/۳،۲ ۲۴/۱۵۔

مِثْلَکُمْ: مثل منصوب مضاف کُمْ مضاف الیہ، تمہاری طرح۔ ۱۸/۳۔

مِثْلُنَا: مِثْلُ مرفوع مضاف نا مضاف الیہ ہماری طرح۔ ۱۳/۱۴ ۱۹/۱۴،۱۲ ۲۲/۱۹۔

مِثْلَنَا: مثل منصوب مضاف، ہماری طرح یا۔

Presented by Ziaraat.Com

مِثْلَنَا: مثلِ مجرور مضاف، ہماری طرح۔ ۱۸/۲۔

مِثْلُهٗ: مثل مرفوع مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، اس کی طرح۔ ۴۰/۵ ۹/۱۱۔

مِثْلَهٗ: مثل منصوب مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، اس کی طرح ب ۶/۱ ۲۴/۲ اس کی برابر۔ ۱۳/۸۔

مِثْلِهٖ: مثلِ مجرور مضاف ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۱/۳ ۱۱/۹ ۱۲/۲ ب ۱۵/۱۰ ۱۶/۱۳ ۱۸/۸ ۲۳/۴ ۲۶/۱ ۲۷/۴ اس کی برابر ب ۱۹/۲ آیت ۲۵/۲ میں مثل کا لفظ تاکید کے لئے زائد ہے یا مثل کا معنی ہے حالت یعنی اس کی صفت و حالت کی طرح کسی چیز کی حالت نہیں۔

مِثْلُهَا: مثل مرفوع مضاف ھا ضمیر واحد مؤنث مضاف الیہ، اس کی طرح۔ ۲۵/۲ ۳۰/۱۴

مِثْلَهَا: مثل منصوب مضاف ھا ضمیر واحد مؤنث مضاف الیہ، اس کی طرح ب ۲۴/۱۰۔

مِثْلِهَا: مثل مجرور مضاف ھا ضمیر واحد مؤنث مضاف الیہ، اسکی طرح۔ ۱/۱۳ ۱۱/۸۔

مِثْلُهُمْ: مثل مرفوع مضاف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ان کی طرح۔ ۱۵/۱۱ ۱۷/۶۔

مِثْلَهُمْ: مثل منصوب مضاف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ان کی طرح۔ ۲۳/۴۔

مِثْلِهِمْ: مثل مجرور مضاف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ان کی طرح۔ ۲۸/۴۔

مِثْلَهُنَّ: مثل منصوب مضاف ھُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مضاف الیہ، ان کی طرح۔ ۲۸/۸۔

مِثْلَيْهَا: مثلَ مضاف ھا ضمیر مضاف الیہ، اس سے دوگنا، اصل میں مِثْلَيْنِ تھا تثنیہ منصوب مضاف کی وجہ سے نون ساقط کر دیا گیا۔ ۴/۸۔

مِثْلَيْهِمْ: مثلَ تثنیہ مضاف ھِمْ ضمیر مضاف الیہ، ان سے دوگنے، اصل میں مِثْلَيْنِ تھا۔ ۳/۳

اَلْمَثُلَاتُ: جمع مؤنث، اَلْمَثُلَةُ واحد، عبرت خیز نظیریں، مُثْلَةٌ وہ سزا جو دوسروں کو ارتکابِ جرم سے باز رکھنے کے لئے مثال بن جائے (راغب خازن) سزا اور جرم میں مماثلت و مشابہت ہونے کی وجہ سے مذکورہ سزا کو مثال اور مَثُلَة کہا جاتا ہے، قصاص کو مثال کہنے کی وجہ بھی یہی ہے (ابو السعود) مَثُلَةٌ اور مُثُلَةٌ اور مُثْلَةٌ تینوں لغات صحیح ہیں اور معنی میں کوئی فرق نہیں ہے (راغب) ۱۳/۴۔

اَلْمُثْلٰى: اسم تفضیل واحد مؤنث اَلْاَمْثَلُ

واحد مذکر، برگزیدہ۔ بہتر، وہ طریقہ جو فضیلت سے مشابہت رکھتا ہے، اَمْثَل کی جمع امائل ہے یعنی بزرگ لوگ جو اعلیٰ اور افضل آدمیوں کی طرح ہوتے ہیں سب سے اچھے طریقے والے۔ ب ۱۶/۱۲۔

مَثْنٰی: مفرد، مَثانی جمع دو دو، دادی کا موڑ، گھومنے کی جگہ مَثْنَی الْجَبَادِیْ کرر احسان بار بار احسان۔ آیات میں اول معنی مراد ہے ۴ ب ۱۲ ۲۳/۱۳ پ ۱۲۔

مَثُوْبَة: اچھا بدلہ، جزا، ثواب (دیکھو مَثَابَة) ب ۱/۱۲۔

مَثُوْبَةٌ: سزا۔ برا بدلہ۔ مَثُوْبَةٌ ثواب کا ہم معنی ہے لیکن اس جگہ مجازاً بطور استہزاء استعمال کیا گیا ہے جیسے بشارت کا استعمال عذاب کے ساتھ آیت فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ میں بطور استہزاء کیا گیا ہے (خازن و کشاف) صاحب کشاف نے یہ بھی لکھا ہے کہ اس جگہ مجازاً استعمال ایسا ہی ہے جیسا لفظِ تحیۃ کا استعمال تَحِیَّتُهُمْ بَیْنَهُمْ ضَرْبٌ وَجِیْعٌ میں کیا ہے کہتے ہیں:

وَضْعُ الْمَثُوْبَةِ مَوْضِعَ الْعُقُوْبَةِ عَلٰی طَرِیْقَةِ

قول الشاعر تَحِیَّةُ بَیْنِهِمْ ضَرْبٌ وَجِیْعٌ اَوْ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ یعنی بجائے عقوبت کے اس جگہ لفظِ مثوبۃ کا استعمال ایسا ہی ہے جیسے شاعر نے مصرع مذکور میں لفظِ تحیۃ کا استعمال کیا ہے یا آیت فبشرھم الخ کی طرح ہے۔ خفاجی مجاز کے قائل نہیں بلکہ طراز المجالس میں انہوں نے آیت مذکورہ کو بابِ ایجاز سے قرار دیا ہے کہتے ہیں اِنَّ الْاٰیَةَ مِنْ بَابِ الْاِیْجَازِ لَا مِنَ الْمَجَازِ وَاَنَّ فِیْهَا تَنْوِیْعًا مُقَدَّرًا الخ (طراز المجالس) ۶/۱۲۔

مَثْوًی: ظرفِ مکان مفرد، مثاوی جمع، ٹھکانا۔ دراز مدت تک ٹھہرنے کا مقام، اترنے کا مقام، فرودگاہ۔ ابوالمثوی میزبان اور مہمان اُمُّ الْمَثْوٰی میزبان عورت۔

ثَوٰی یَثْوِیْ (ضرب یضرب) ثَوَاءً اور ثُوِیًّا مصدر، متعدی بنفسہ بھی ہے ثوی المکان بولا جاتا ہے اس جگہ ٹھہرا، قیام کیا، اترا اور ثوی بالمکان کا بھی یہی معنی ہے۔

ثُوِیَ (ماضی مجہول) دفن ہوگیا۔ اَثْوٰی بالمکان (افعال) وہاں مدت دراز تک قیام کیا، اَثْوَیْتُهُ میں نے اس کو ٹھہرایا، اس کی مہمانی کی، ثَوّٰی (باب

Presented by Ziaraat.Com

تفعیل لازم) مرگیا، ثَوَّیْتُہٗ (باب تفعیل متعدی) میں نے اس کو ٹھہرایا، مقیم کیا، تَثْوِیَۃٌ (باب تفعل) میں اس کا مہمان ہوا۔ ۲۱/۳ ۲۴/۱۷،۱۳،۵،۱۳،۹ ۲۶/۲۔

مَثْوَاکُمْ: مَثْوٰی مضاف کُمْ مضاف الیہ تمہارا ٹھکانا، تمہاری قیام گاہ۔ ۵/۲ ۲۶/۲۔

مَثْوَاہُ: مَثْوٰی مضاف ہٗ ضمیر غائب مضاف الیہ اسکی قیام گاہ، اسکا ٹھکانا، اسکی مہمانی۔ ۱۲/۱۳۔

مَثْوَایَ: مَثْوٰی مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ، میری قیام گاہ۔ میری مہمانی ۱۲/۱۳۔

اَلْمَجَالِسِ: جمع، اَلْمَجْلِس واحد نشست گاہیں، بیٹھنے کی جگہیں، امام عاصم اور حسن بصری کی روایت میں المجالس آیا ہے، باقی راویوں کے نزدیک المجلس مروی ہے بعض روایات میں آیا ہے کہ جمعہ کے اجتماع کے متعلق اس کے حکم کا نزول ہوا، قتادہ کا قول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب بیٹھنے کا ہر شخص بیش از بیش خواستگار رہتا تھا جو لوگ پہلے آجاتے وہ ڈٹ کر بیٹھ جاتے اور بعد کو آنیوالوں کو جگہ نہیں دیتے تھے، اس کی ممانعت میں اس آیت کا نزول ہوا، مقاتل کی روایت کے بموجب آیت کا نزول بعض اہل بدر کو جگہ دینے کے حکم کے متعلق ہوا جنکو حضور اقدس کی مجلس میں ایکمرتبہ جگہ نہیں ملی تھی اور لوگوں نے ان کو کھڑا دیکھ کر باوجود جگہ نہیں دی تھی، بہرحال آیت کا مورد کچھ بھی ہو حکم ہر مجلس خیر اور محفل ذکر و وعظ کے لئے عام ہے (معالم وغیرہ) ۲۸/۲۔

اَلْمُجَاهِدُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع المجاهد واحد، دشمن کی مدافعت میں اپنی پوری طاقت اور کوشش صرف کرنیوالے (جہاد کے تینوں اقسام کے بیان کے لئے دیکھو جہاد) جہاد مالی اور جانی کی صراحت اس آیت میں ہے اس کے علاوہ ہاتھ اور زبان سے بھی جہاد ہوتا ہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا جاهدوا الکفار بایدیکم والسنتکم کافروں کی مدافعت میں اپنے ہاتھوں اور زبانوں کی پوری کوشش سے کام لو ہاتھوں اور زبانوں سے جہاد کرو۔ (المفردات للراغب)

جہاد اور مجاہدہ (مُفَاعَلَۃٌ) تَجَاهُدٌ (تفاعُلٌ) تینوں کا معنی ایک ہے اور تینوں، کا [illegible] ہے: (دیکھو جُہد اور جُہد) جَهْدٌ

البلاء ایسی سخت مصیبت جس میں آدمی موت کو زندگی پر ترجیح دیتا ہے، حدیث میں آتا ہے اعوذبك من جهد البلاء (یعنی جَهْدُ الإِيمَانِ مشقت پختہ قسمیں، جَهَادٌ ہموار سخت چٹیل میدان۔

جَهَدَ جَهْدًا (فتح لازم) کوشش کی مشقت اٹھائی جَهَدَ الْمَرَضُ زَيْدًا (فتح متعدی بنفسہ) زید کو بیماری نے دبلا کر دیا جَهَدَ بِزَيْدٍ (فتح متعدی بالباء) زید کو آزمایا۔ جَهِدَ عَيْشُهُ (سمع لازم) زندگی اجیرن ہو گئی، مشقتوں سے بھر گئی۔

اَجْهَدَ الشَّيْبُ (باب افعال لازم) مصیبت کی وجہ سے، بالوں میں سفیدی جلد آگئی اور بہت آگئی اَجْهَدَ الْحَقُّ حق ظاہر اور آشکارا ہو گیا۔ اَجْهَدَ الشَّوْكُ وہ شی مشتبہ ہو گئی اَجْهَدَ فِي الْأَمْرِ (باب افعال متعدی بذریعہ فی) کام میں احتیاط کی اَجْهَدَ مَالَهُ (افعال متعدی بنفسہ) مال کو برباد کر دیا۔ مجرد کی تمام مثالوں پر غور کرنے سے واضح ہوتا ہے کہ مادہ جہد کے مفہوم میں مشقت کوشش دشواری اور تکلیف کا معنی لازم ہے اس لئے جہاد کا معنی ہوا دشمن کی مدافعت میں اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے ہر قسم کی جانی مالی زبانی جسمانی کوشش کرنی اور مشقت اٹھانی۔ پ ۵۔

اَلْمُجَاهِدِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر حالت نصب۔ المجاہد مفرد دشمن کی مدافعت میں مالی جانی ہر قسم کی امکانی قربانی دینے والے پ ۵ ع ۸ ۲۶۔

مُجْتَمِعُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع مُجْتَمِعٌ مفرد۔ باب افتعال، جمع ہونے والے، مادہ جمع سے ثلاثی مجرد فتح سے آتا ہے اور متعدی بنے باب افتعال میں آکر اجتماع لازم ہو گیا۔ مزید تنقیح کے لئے دیکھو باب الجیم مع الجیم والعین) پ ۱۹ ع ۷۔

مَجْذُوْذٍ: اسم مفعول واحد مذکر جَذٌّ مصدر (نصر) (غیر منقطع۔ دوامی۔ لازوال، جَذٌّ کا معنی توڑ دینا۔ ٹکڑے کر دینا (دیکھو جذاذا) جلدی کرنا، جڑ سے کاٹ دینا۔ پ ۱۲ ع ۹۔

اَلْمُجْرِمُ: اسم فاعل واحد مذکر باب افعال جُرْمٌ اسم۔ گناہ، قصور، اجرام وجُرُوْمٌ جمع جِرْمٌ جسم حَسَنُ الْجِرْمِ خوش رنگ، خوش آواز جَرْمٌ پھل توڑنا، جَرِيْمٌ بمعنے مجروم توڑا ہوا پھل

Presented by Ziaraat.Com

اور بمعنی جازم۔ گناہگار۔

جَرَمَہٗ (ضرب متعدی) اس کو قطع کیا۔ جُرَمَ اور اِجْتَرَمَ گناہ کیا اور کمائی کی۔ جَرَمَ عَلَیْہِ اور جَرَمَ الیہ، کسی کی طرف جرم کی نسبت کی تَجَرَّمَ عَلَیْہِ کا بھی یہی معنی ہے تَجَرَّمَ گزر گیا، منقطع ہوگیا، گناہ کیا۔ جَرِمَ (سمع) درخت سے ٹوٹے ہوئے پھل کھانا شروع کئے۔

اَجْرَمَ (اِجْرَامٌ، افعال) صاحبِ جرم ہوگیا، گناہ کیا اَجْرَمَ لَوْنُہٗ اس کا رنگ صاف ہوگیا اَجْرَمَ بِہِ الدَّمُ اس پر خون چمٹ گیا مُجْرِمٌ صاحبِ جرم اور کافر و مشرک۔ ۲۹/۷

مُجْرِمًا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب نکرہ ۱۲/۱۲ (دیکھو المجرم)

اَلْمُجْرِمُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع معرفہ صاحبِ جرم۔ کافر۔ ۹/۱۵ ۷، ۱۰، ۱۳/۱۱ ۱۵/۱۹ ۱۹/۹ ۲۱/۵ ۹، ۱۵/۳ ۲۳/۱۲ ۲۷ (دیکھو المجرم)

مُجْرِمُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع نکرہ۔ صاحبِ جرم، کافر۔ ۲۵/۱۴ ۲۹/۲۲ (دیکھو المجرم)

اَلْمُجْرِمِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور و منصوب معرفہ اَلْمُجْرِمُ واحد، کافر، گناہگار۔ ۷/۱۲ ۵، ۱۲، ۱۷/۸ ۹/۴ ۱۱/۷ ۱۳/۱۹ ۱۴/۱ ۱۵/۱۸ ۱۶/۹، ۱۴، ۱۵/۱ ۱۹/۲، ۵ ۲۰/۲۱ ۲۳/۶ ۲۵/۱۳ ۲۶/۳ ۲۷/۱۰ ۲۹/۱۶، ۲۱ (دیکھو المجرم)

مُجْرِمِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور و منصوب نکرہ مجرم واحد، اجرام مصدر، باب افعال، کافر گناہگار۔ ۱۱/۱۴ ۱۲/۵ ۱۱/۱۰ ۲۲/۱۰ ۲۵/۱۵، ۲۰ ۲۷/۱ (دیکھو المجرم)

مُجْرِمِیْہَا: اسم فاعل جمع مذکر منصوب مضاف ھا ضمیر مؤنث مضاف الیہ، اصل میں مجرمین تھا اضافت کی وجہ سے نون ساقط کر دیا گیا۔ اس (بستی) کے مجرموں میں سے ۵/۲ (دیکھو المجرم)

مَجْرِیٰہَا: مَجْرِیٌ مصدر میمی مضاف ھا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ، جَرٰی ماضی۔ یَجْرِیْ مضارع (ضرب) اس کا پانی کی طرح ہموار ی کے ساتھ رواں ہونا۔ بعض قراءتوں میں مُجْرٰھا بھی آیا ہے، مُجْرٰی بھی مصدر ہے (افعال) جاری کرنا۔ ۱۲/۴۱

مجریٰ ظرفِ مکان۔ راستہ مجاری جمع لفظ جری کا استعمال اگر پانی کے لئے ہو تو مصدر جَرْیٌ اور جَرْیَۃٌ اور جَرَیَانٌ آتا ہے اگر قلم اور گھوڑے وغیرہ کے لئے مستعمل ہو تو مصدر جَرْیٌ اور جَرَاءٌ آتا ہے لیکن مشتقات بہرحال باب (ضرب) سے آتے ہیں (المفردات) استجرا فلانًا (باب استفعال) فلاں شخص کو

اپنا وکیل بنایا لَا یَسْتَجِزِیْنَکُمُ الشَّیْطٰنُ شیطان تم کو اپنا نمائندہ نہ بنائے۔ (قاموس و تاج)

مَجْمَع : ظرف مکان معرفہ مضاف ملنے کی جگہ بسنگم۔ جَمْعٌ سے (فتح) جَمْعٌ کا معنی ہے اکٹھا کرنا اجزاء کو یا افراد کو یا کیفیات اور اعراض کو ملانا (المفردات) دیکھو جَمَعَ جَمْعًا باب الجیم مع المیم والعین۔ ۱۵/۲۱

مَجْمُوْعٌ : اسم مفعول واحد مذکر منکرہ۔ جَمَعَ یَجْمَعُ سے اس دن لوگوں کو جمع کیا جائیگا۔ مَجْمُوْعٌ کے لئے لفظ جَمْعٌ جَمِیْعٌ اور جَاءَتْ بھی آتا ہے آیت میں مَجْمُوْعٌ مستقبل مجہول کے معنی میں ہے ۱۲/۹

مَجْمُوْعُوْنَ : اسم مفعول جمع مذکر مرفوع مَجْمُوْعٌ مفرد، سب یکجا کئے جائینگے ایک دن اور ایک میدان میں جمع کئے جائینگے۔ ۲۷/۱۹۔

مَجْنُوْنٌ : اسم مفعول واحد مذکر مرفوع دیوانہ۔ جن رسیدہ۔ وہ شخص جس کو جنات نے تعلیم دی ہو، وہ شخص جس کے حواس اور عقل پر کسی قسم کا پردہ پڑ گیا ہو۔ بیماری کا یا جنات کے اثر کا یاد رکھو کہ لغت میں جَنٌّ کا معنی چھپانا ہے یہی مفہوم اس کے تمام مشتقات میں معتبر ہے جَنَنٌ جِنٌّ جَنِیْنٌ مَجْنُوْنٌ جَنَّۃٌ مِجَنَّۃٌ جُنُوْنٌ جَانٌّ وغیرہ سب کے معانی میں ستر کا مفہوم لازم ہے دیکھو جَنَّ جَنٌّ جَنَّاتٌ جَنَّۃٌ وغیرہ باب الجیم مع النون) ۱۴/۱ ۱۹/۶ ۲۵/۱۴ ۲۷/۸/۲/۱ ۲۹/۴۔

مَجْنُوْنٍ : اسم مفعول واحد مذکر مجرور جن رسیدہ، دیوانہ ۲۳/۶ ۲۷/۴ ۲۹/۳ ۳۰/۶ (دیکھو مجنونٌ)

اَلْمَجُوْسَ : جمع، مجوسی مفرد، مجوسیت مصدر اصلی تَمَجَّسَ مجوسی ہونا تَمْجِیْسٌ مجوسی بنانا، مجوس اصل میں چھوٹے کانوں والا ایک آدمی تھا، دینِ مجوسیت کا یہی موسس تھا، یہ لفظ معرب ہے اصل میں منج گوش تھا (قاموس)

مجوسی ثنویہ گروہ تھا جو دو خود مختار مدبر عالم قدیم بالذات خداؤں کی ہستی کا قائل تھا ایک خیر نفع اور صلاح کا خدا دوسرا ابدی ضرر اور فساد کا خدا، اول کا نام نور اور دوسرے کا نام ظلمت تھا، مانویہ اور مزدکیہ فرقوں کا انہی میں شمار کیا گیا ہے، حکیم زردشت بن بوشب ساکن آذربیجان کے پیرو خصوصیت کے ساتھ اس مذہب کے علمبردار تھے مجوس مذہب کے مختلف فرقے تھے جو تقریباً سب ہی مٹ گئے صرف بمبئی وغیرہ میں پارسی باقی ہیں، زردشت دو الٰہ کا قائل تھا اول الٰہ الحکمۃ (آسمان کا دیوتا) جس کو بطور رمز سورج

کہا جاتا تھا یہی الٰہ خیر تھا اس کا نام ہرمزیا اہرام زاد تھا، دوسرا الٰہ شر تھا جس کا نام اہریمان یا اہرمن تھا زردشت کے عقیدہ میں دونوں باہمی جدال میں مشغول ہیں، ایک وقت آئے گا کہ ہرمز اہرمن پر غالب آجائیگا وہی عالم کے ختم ہونے کا دن ہوگا (شاید ہندو تاریخ کے رام اور راون سے بھی انہی دونوں طاقتوں کی طرف اشارہ ہو)

زردشت کی کتابِ شریعت کا نام اوستا وحی من اللہ کا مجموعہ تھی، سکندر نے اس کا بیشتر حصہ فنا کر دیا۔ ساسانی دور میں سینوں اور سینوں سے اس کو دوبارہ جمع کیا گیا عربوں نے اپنی فتوحات کے دور میں اس کو دوبارہ فنا کر دیا کچھ چھپا چھپایا حصہ رہ گیا اصل اوستا میں ۲۹ کتابچے (پارے) تھے، عربی یونانی اور ارمنی تاریخ سے اسکی شہادت ملتی ہے شہرستانی نے قوانین مجوس کو بسط کے ساتھ لکھا ہے۔

دینِ مجوس میں (بقول ہیرو دوتس) مورتی پوجا اور مورتیوں کے مندر داخل نہ تھے بلکہ اصل مجوس اس کو حماقت کہتے تھے وہ سورج چاند آگ ہوا اور پانی کے نام پر بھینٹ چڑھاتے تھے آخر میں اشوریوں کی تقلید میں انہوں نے زہرہ پرستی شروع کر دی اور زہرہ کا نام متر رکھا۔ ابتدائی دور میں مذہب زردشت میں صرف سماجی بھلائی کے قوانین تھے پھر آہستہ آہستہ خیالی اور وجدانی فلسفہ نے جگہ لیلی اور ان میں رہبانیت آگئی پھر مندر بنانے لگے اور قبل از زردشت کی طرح آتش پرستی شروع ہو گئی۔

زردشتی مذہب کی اصل کتاب پر فنا کے دو دور آئے تو اب اصیل و دخیل کا فیصلہ ممکن نہیں پھر جب ہم دیکھتے ہیں کہ اہلِ فارس کی زبان آرین تھی تو اس نتیجہ پر پہنچنا بالکل واضح ہے کہ آرین ادب و زبان اور پہلوی کتابت اوستا کی خصوصیت ہونی چاہیئے لیکن موجودہ اوستا میں تو ادب سامی کی روح کارفرما ہے اسکو اصلی اوستا کس طرح کہا جاسکتا ہے۔

بلادِ عرب میں مجوسیت ایران سے براہ بحرین داخل ہوئی اول بنو تمیم اس کے حلقہ بگوش ہوئے اقرع بن حابس، زرارہ بن عدس، زرارہ کے دونوں بیٹے لقیط اور حاجب، دینِ مجوسیت کے پرستار بن گئے، بلخی نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ مزدکیت اور مجوسیت دونوں قبائل بنو تمیم میں پھیلی ہوئی تھیں، آگ اور راکھ کی قسم کھانے کا دستور بعض جاہل عربوں میں ابتک موجود ہے تعظیم و تقدیس کے لئے مزاراتِ مقدسہ، مندروں، عبادت خانوں اور

Presented by Ziaraat.Com

چوراہوں پر جو موم بتیاں اور چراغ جلائے جاتے ہیں، ان کی اصل یہی دیانتِ مجوسیہ ہے۔ ۱۷/۹۔

مُجِیْبٌ: اسم فاعل واحد مذکر نکرہ اِجَابَۃٌ مصدر (باب افعال) جَوْبٌ مادہ دعا قبول کرنیوالا۔ دینے والا (دنیا میں یا آخرت میں) سوال چونکہ دو طرح کا ہوتا ہے (۱) زبانی جواب کی طلب (۲) کسی مانگ اور طلب کے پورا ہونے کی درخواست اور حاجت روائی کی خواہش، اس لئے اِجابۃٌ کے بھی دو معنی آتے ہیں نمبر اول سوال کی اجابت کا معنی ہے زبانی جواب دیدینا اور نمبر دوئم کے سوال کی اجابت کا مفہوم ہے حاجت پوری کرنا اور مانگ کے مطابق دینا، اسجگہ مجیب بمعنی دوئم مستعمل ہے۔ ۱۲/۶

اِسْتِجَابَۃٌ (باب استفعال) اگرچہ اصل کے لحاظ سے طلبِ جواب یا آمادگی جواب کو کہتے ہیں لیکن عمومی استعمال میں استجابۃٌ اور اجابۃٌ دونوں کا ایک ہی معنی ہے۔

اَلْمُجِیْبُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر معرفہ اَلْمُجِیْبُ واحد اِجَابَۃٌ مصدر، دعا قبول کرنیوالے دینے والے ۲۳/۷ (دیکھو مُجِیْبٌ)

اَلْمَجِیْدُ: صیغہ صفت مشبہ معرفہ مَجْدٌ مصدر بزرگ اصل لغت میں مجد کا معنی وسعت کثرت، مَجَدَتِ الْاِبِلُ وسیع اور بڑے سبزہ زار میں اونٹ پہنچ گئے۔ عرب کہتے ہیں فِیْ کُلِّ شَجَرٍ نَارٌ وَاسْتَمْجَدَ الْمَرْخُ وَالْعِفَارُ ہر درخت میں آگ ہے لیکن مرخ اور عفار سب سے بڑھ چڑھ کر ہیں۔

عرفِ عام میں وسعتِ کرم اور رفعت عزت کا معنی ہو گیا، اللہ وسیع الفضل ہے کثیر الخیر ہے سب سے بڑھ کر بزرگ ہے رفیع الشان ہے اس لئے مجید ہے، قرآن مجید تمام مکارم دنیویہ و اخرویہ کو حاوی ہے (راغب) تعبیر اور بیان میں یگانہ ہے، اچھوتے اسلوب کو حامل ہے اس لئے مجید ہے (معجم القرآن) ۲۶/۱۵ ۳۰/۱۰۔

مَجِیْدٌ: صفت مشبہ نکرہ، بزرگ ۱۲/۷۳ (دیکھو المجید)

مَحَارِیْبَ: جمع محراب مفرد، محراب سب سے اعلیٰ اور اگلا مقام صدر البیت، محراب مسجد سب سے اعلیٰ اور آگے ہوتی ہے شیطان اور نفس سے حرب (جنگ) کرنے کا بھی مقام ہے یا یہ کہ محراب میں بیٹھنے والا افکار کی پریشانی خیالات کے تردد اور مشاغل دنیا سے بھاگ کر یکسو ہو کر آکر بیٹھ جاتا ہے (معجم) سورۂ سبا میں محاریب سے مراد ہیں، کوٹھیاں، مضبوط محل۔ ۲۲/۸۔

Presented by Ziaraat.Com

اَلْمِحَالِ: مضاف الیہ مجرور، سخت گرفت کرنیوالا سزا میں پکڑنیوالا۔ اعشیٰ کا قول ہے غَنِیٌّ رَزِیٌّ الْمَحَلِ شَدِیْدُ الْمِحَالِ کثیر سخاوت والا، سخت سزا میں پکڑنے والا۔ ۱۳/۸

شدید المحال کا ترجمہ خفیہ تدبیر سے کام کرنے والا اور داؤں کرنیوالا بھی ہے ذوالرمۃ کا قول ہے اُعِدُّ لَہٗ الشَّرَاسِبَ وَالْمِحَالَا میں اسکے لئے تدبیریں اور داؤں فراہم رکھتا ہوں۔ صاحب قاموس نے لکھا ہے محال مکر، فریب، طاقت، رنج، عذاب دشمنی، انتقام، سختی، ہلاکت۔ بعض کا قول ہے محال محالہ کی جمع ہے محالہ پشت کے مہر کو کہتے ہیں مراد قوت۔ بعض کا قول ہے کہ محال میں میم زائد ہے اصل مادہ حول اور حیلہ ہے۔

بعض اہلِ لغت نے لکھا ہے کہ محال کا مادہ محل ہے محل کا معنی سخت، دغا، فریب، کھوٹ مَحَلَ بِفُلَانٍ فلاں شخص کے متعلق بادشاہ سے چغلی کھائی اور بدی کا ارادہ کیا (نصر سمع کرم) مَاحَلَتْ بھی اسی سے بنا ہے، دغا، دو غلاپن مَاحَلَ عَنْہُ اسکی طرف سے مدافعت کی ابوزید نے کہا مَحَلَ الزَّمَانُ خشک سالی ہوگئی، قحط پڑ گیا۔

مَحَبَّۃٌ: مصدر میمی، کسی چیز کو اچھا سمجھتے ہوئے چاہنا یا کسی چیز کا ارادہ کرنا یا خیال کرتے ہوئے کہ وہ چیز اچھی ہے، کبھی محبت لذت اندوزی کیلئے ہوتی ہے جیسے لذیذ میٹھے نمکین کھانوں کی یا عورت کی کبھی نفع حاصل کرنے کے لئے ہوتی ہے جیسے مال و اولاد کی، کبھی محض فضل و شرف اور مکارم و محاسن کی وجہ سے ہوتی ہے جیسے ایک عالم کی دوسرے عالم سے یا ایک مومن کی دوسرے مومن سے، یہ تمام اقسام اس محبت کے ہیں جو انسان کو کسی مخلوق سے ہوتی ہے، باقی انسان کی محبت خدا سے اور خدا کی محبت آدمی سے تو اول کا معنی ہے حصول قرب کی خواہش اور دوسرے کا معنی ہے انعام و احسان۔

حَبٌّ اور حَبَّۃٌ غلہ کا دانہ حِبٌّ اور حِبَّۃٌ کسی پھول کا بیج۔ حُبٌّ اور حُبَّۃٌ وسطِ قلب میں جم جانیوالی محبت حِبٌّ صیغہ صفت بمعنی محبوب اَحْبَبْتُ فُلَانًا میں فلاں شخص کا محبوب ہوگیا۔ اَحْبَبْتُ فُلَانًا میں نے فلاں شخص کو محبوب بنایا، اس سے محبت کی۔ ۱۶/۱۱

مُحْتَضَرٌ: اسم مفعول واحد مذکر اِحْتِضَارٌ مصدر (افتعال) ملر دپانی کی وہ باری جس پر سب حصہ دار موجود ہوں محتضر قریب الموت آدمی کو بھی کہتے ہیں جس کے سامنے موت آگئی ہو اور جن رسیدہ آدمی کو بھی کہتے ہیں، ایک

ساد ستہ ہے اَلَّذِیْنَ مُحْتَضَرٌ فَحَظِیْرَۃٍ اِنَاءَ لَکَ دودھ پر سب افتیں آموجود ہوتی ہیں، جنات بھی آجاتے ہیں اسلئے برتن کو ڈھانک دو۔ مُحْتَضَرٌ اسم فاعل شہر میں آنیوالا۔ اِحْتَضَرَہُ اُنھم اس پر غم آگیا (متعدی) مجرد کیلئے دیکھو حَضَرَ، اَحْضَرَتْ، اُحْضِرَتْ، حَاضِرَۃٌ۔ ۲۷/۹۔

اَلْمُحْتَظِرُ: اسم فاعل واحد مذکر اِحْتِظَارٌ مصدر (افتعال) حَظْرٌ مادہ اپنے لئے باڑہ بنانیوالا۔ حَظِیْرَۃٌ لکڑیوں وغیرہ سے بنا ہوا باڑہ۔ حَظِیْرَۃُ الْقُدْسِ جنت نَکِدُ الْحَظِیْرَۃِ بے فائدہ آدمی۔ حَظِرٌ وہ لکڑیاں جن سے باڑہ بنایا جاتا ہے۔ وَقَعَ فِی الْحَظِرِ الرَّطْبِ ناقابلِ برداشت کام میں پھنس گیا۔ اَوْقَدَ فِی الْحَظِرِ الرَّطْبِ تر لکڑیوں میں آگ لگادی یعنی سخن چینی اور عیب جوئی کی۔

جَائِرٌ بِالْحَظِرِ الرَّطْبِ، بہت مال لایا یا جھوٹی باتیں کیں۔ ۲۷/۹۔

حَظْرٌ بندش، روک، حرام، حَظَرَ الشَّیْءَ اور حَظَرَ عَلَی الشَّیْءِ اس چیز کی روک کردی۔ مَحْظُوْرٌ اسم مفعول ممنوع، حرام، بند۔

مَحْجُوْبُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع محجوب مفرد نابینا جلوۂ الٰہی کو نہ دیکھنے والے، نور کو دیکھنے سے بے بہرہ، پرتوِ جمال کو دیکھنے سے روکے گئے اوٹ میں کئے گئے، حَجَبَہٗ حَجْبًا وَحِجَابًا (نصر) اس کو روکدیا، حَجَّبَ (تفعیل) پردہ کے اندر کردیا کہ کوئی وہاں تک نہ جاسکے۔ اِحْتَجَبَ (افتعال) پردہ میں ہوگیا۔ حَاجِبٌ دربان، کمیدان، ابرو، ابرو کی ہڈی، حَجَبٌ پشتہ، تمام مشتقات میں روکنے کا مفہوم ماخوذ ہے (دیکھو حجاب) ۳۰/۸۳۔

مَحْجُوْرًا: اسم مفعول مفرد مذکر منصوب، محفوظ، مضبوط، ممنوع، ۱۹/۱۔

جاہلیت کا دستور تھا کہ اگر کوئی دشمن سامنے آجاتا اور اسکی ایذاء کا خوف ہوتا تو حِجْرًا مَحْجُوْرًا کہتے تھے یعنی ہم تمہاری حفاظت اور پناہ چاہتے ہیں، یہ الفاظ سنکر دشمن ہاتھ نہ ڈالتا تھا کافر بھی عذاب کے فرشتوں کو دیکھکر حسبِ عادت یہ الفاظ کہیں گے کہ شاید عذاب سے پناہ ملجائے، خازن، مجلی، بیضاوی، کشاف، درخطیب وغیرہ نے ابنِ جریج کی تفسیر پر اعتماد کرکے یَقُوْلُوْنَ کا فاعل مُجْرِمُوْنَ قرار دیا ہے اور یہی تشریح کی ہے لیکن مجاہد، حسن اور قتادہ نے ملائکہ کو فاعل قرار دیا ہے یعنی فرشتے کہتے ہیں کہ اللہ نے تمہارے لئے سخت بندش کردی ہے، جنت کو تمہارے لئے حرام کردیا ہے، ابنِ جریر نے اسی تفسیر کو پسند کیا ہے۔

ابوعلی فارسی نے کہا اہلِ جاہلیت حِجْرًا مَحْجُوْرًا

Presented by Ziaraat.Com

کہتے تھے لیکن اس کا استعمال ترک کر دیا گیا، کہنے والوں کا مطلب پناہ کی طلب ہوتی تھی یا اپنی محرومی کا اظہار۔

اصل میں حجر پتھروں سے بنے ہوئے حاطے اور گھیرے کو کہتے ہیں محجورًا اسکی تاکید ہے۔ ۹/۳ یعنی سخت بندش ناقابلِ ازالہ اوٹ عقل بھی انسانی بے اعتدالیوں سے روکتی ہے اس لئے اسکو حجر کہتے ہیں حَجَر پتھر، حَجَر ریت کا ٹیلہ، حِجر عقل اور پتھروں کا احاطہ، حَجْرَۃ مکان کا گوشہ، حُجْرَۃ کوٹھری، جانوروں کا باڑہ، تمام مشتقات میں بندش اور روک کا مفہوم لازم ہے۔ ۱۹/۳ ا د۔

مُحْدَث: اسم فعول واحد مذکر، اِحْدَاث مصدر (افعال) جدید تازہ نو بہ نو۔ حَدَثٌ اور حُدُوْثٌ کے مفہوم میں ظہور جدت نو پیدگی پہلے سے موجود نہ ہونا داخل ہے اسلئے حَدَثٌ کا معنی ہے ناقض وضو حَدُثَ، حِدْث، حَدِیث خوش کلام آدمی حَدَاثَۃ اول جوانی، حَدَاثَۃُ الْاَمْر، حَدْثَانُ الْاَمْر آغاز کار۔ حُدُوْثَۃ جوانی۔ حَدْثَان نئی چیز، حدثانُ الدہر، اَحْدَاثُ الدھر، حوادث الدھر، نو بہ نو مصائب، حَدُثَ نئی چیز، حَدِیثُ السِّنّ جوان۔ مُحْدِث مجرم کو پناہ دینے والا۔ مُحْدَثٌ اور مُحْدَثَۃٌ نئی چیز جو اجنبی معلوم ہو۔ مُحَدَّث وہ شخص جس کو بیداری یا خواب میں اللہ کی طرف سے کچھ سنائی دے یا القاء کیا جائے ان تمام استعمالات میں ظہور جدت اور نو پیدگی کا مفہوم مشترک ہے۔ ۱۷/۱ ۱۹/۵۔

مَحْذُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر، ڈرنے کی چیز، قابلِ خوف خوفناک، ڈر کر بچنے کی چیز، مَحْذُوْرَۃٌ لڑائی حَذِرَ حَذَرًا (سمع) ڈر کر بچا، احتیاط کی، حِذْرٌ بچاؤ، وہ ہتھیار جن کے ذریعہ سے بچاؤ ہوتا ہے حَذِرٌ ڈرنے والا، محتاط آدمی۔ حَاذُوْرَۃٌ کا بھی یہی معنی ہے، حَذِرِیَانٌ صیغہ مبالغہ۔ ۱۵/۶۔

اَلْمِحْرَاب: اسم مفرد، محاریب جمع کمرہ، بالاخانہ، کوٹھی ۳/۱۲ ۲۲/۱۱ الحراب ۱۶/۴ (دیکھو محاریب)

مُحَرَّرًا: اسم مفعول واحد مذکر، تحریر مصدر (تفعیل) آزاد کیا ہوا یعنی بیت المقدس کی خدمت کے لئے مخصوص (مجاہد) عبادت کے لئے خالص کر لیا گیا (شعبی) دنیا کے دھندوں سے آزاد کردہ (جعفر صادق) تحریر آزاد کرنا حُرِّیت کسی کا غلام نہ ہونا، بُری باتوں سے آزاد ہونا، حُرّ آزاد، سخی، شریف، ہر عمدہ چیز، اچھا کام، حُرُّ الْوَجْہِ رخسار، ابرو، حُرُّ الدَّارِ گھر کا وسطی حصہ، حُرُّ الْبَقْلِ کچی کھائی جانیوالی ترکاری۔ طِیْنٌ حُرَّۃٌ بغیر ریت کی خالص مٹی۔ رَمْلٌ حُرَّۃٌ بغیر مٹی کا خالص ریت، حُرَّۃٌ آزاد عورت، شریف، اصیل عورت۔ ۳/۱۲۔

مُحَرَّمٌ: اسم مفعول واحد مذکر مرفوع، تحریم مصدر

(تفعیل) اللہ کی طرف سے حرام کیا، منع کیا ہوا ۱/۱ ب ۸/۲ ب ۱۳/۸۔

مُحَرَّمًا: اسم مفعول مذکر منصوب حرام کیا ہوا ۸/۵

مُحَرَّمَةٌ: اسم مفعول واحد مؤنث حرام کردہ۔ تحریم سے مراد یا تحریم قہری ہے یعنی اللہ کے غضب کی وجہ سے چالیس برس تک تیہ (کے صحرا) سے نکلنا روک دیا گیا ہے، یا تحریم تسخیری مراد ہے یعنی تیہ سے ۴۰ برس تک نکلنے کی قدرت ہی ختم ہوگئی۔ (راغب) ۶/۸۔ (دیکھو حَرَامٌ، اَلْبَیْتُ الْحَرَام، حَرَّمَ، حُرِّمَتْ وغیرہ)

اَلْمَحْرُوْمِ: اسم مفعول واحد مذکر وہ مسلمان رشتہ دار جس کا میراث میں حصہ نہ نکلتا ہو (ابن جریر عن ابن عباس) بدنصیبی کی وجہ سے نادار تنگ دست جس کی کمائی نہ ہو یا سوال سے بچنے والا، حیا کی وجہ سے نہ مانگنے والا، جس کو حیا نے سوال سے روک دیا ہو (قتادہ و زہری)

مادۂ حرم کے لئے روک، منع بازداشت کا مفہوم لازم ہے، تمام مشتقات میں یہ مفہوم مشترک ہے، کَرُمَ سے لازم اور ضَرَبَ سے متعدی اور سَمِعَ سے کبھی لازم اور کبھی متعدی آتا ہے۔ ۲۶/۱۸ ب ۲۹/۷۔

مَحْرُوْمُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع، بدنصیبی کی وجہ سے حصولِ رزق سے روکے گئے۔ ۲۷/۱۵ ب ۲۹/۳۔

مُحْسِنٌ: اسم فاعل واحد مذکر، اِحسانٌ مصدر (افعال) موحد، فریضہ سے زیادہ ادا کرنیوالا۔ ہر قسم کی خوبی پیدا کرنیوالا۔

اعمال میں احسان دو طرح کا ہوتا ہے:۔

۱ کسی کو اس کے حق سے زیادہ دینا اور اپنے حق سے کم لینا۔

۲ اپنے اعمال میں خوبی پیدا کرنا یعنی فرض سے آگے بڑھ کر مستحبات کو بھی ادا کرنا جو چیز واجب نہ ہو اور اس میں کچھ نہ کچھ شرعی خوبی ہو اس کو بھی ادا کرنا (راغب)

احسان فی العبادۃ کی تشریح حدیث میں اس طرح آئی ہے اللہ کی عبادت اسطرح کرو کہ گویا اس کو دیکھ رہے ہو اگر ایسا نہ ہو سکے تو پھر یہ سمجھتے رہو کہ وہ تمکو دیکھ رہا ہے (بخاری)

احسان بمعنی اول کے مفعول پر الی یا باء آتا ہے اَحْسِنْ اِلٰی زَیْدٍ زید سے بھلائی کر بِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا ماں باپ سے اچھا سلوک کرو، احسان بمعنی دوئم متعدی

Presented by Ziaraat.Com

بنفسہ بے مفعول پہ کوئی حرفِ جر نہیں آتا، اَحْسِنِ الْوُضُوْءَ اچھی طرح سے وضو کر (قاموس)

(حُسْنٰی حَسَنَۃٌ کے معانی کی تشریح اور باہم فرق کے لئے دیکھو باب الحاء مع السین)

آیات میں محسن بمعنی موحد متقی ہے آخری آیت میں مؤمن مراد ہے۔ ۱/۱۳ ب ۵/۱۵ ۲۱/۱۲ ۲۳/۷۔

اَلْمُحْسِنَاتِ: اسم فاعل جمع مونث، اَلْمُحْسِنَۃُ واحد، نیکوکار عورتیں۔ ب ۲۱/۲۔

مُحْسِنُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع، مُحْسِنٌ واحد، نیکوکار مرد، بھلائی کرنیوالے۔ ۱۴/۱۲۔

اَلْمُحْسِنِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور مُحْسِنٌ واحد احسان کرنیوالے۔ ۱/۶ ب ۲/۸ ۴/۵ ۶/۷ ۷/۱۲ ۸/۱۴ ۹/۱۰ ۱۱/۴ ب ۱۲/۱۰ ۱۳/۱۵ ۱۷/۱۲ ۲۰/۵ ۲۱/۱۰ ۲۲/۸ ۲۴/۳ ۲۹/۲۲۔

مَحْسُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر، حسرت زدہ، پُر افسوس، ماندہ، حیران۔ ۱۵/۳ حَسَرَہٗ حَسْرًا (نصر ضرب متعدی) اسکو برہنہ کردیا۔ حَسَرَ الْبَعِیْرَ اونٹ کو تھکا دیا۔ حَسَرَ الْبَیْتَ گھر میں جھاڑو دی۔ حَسِرَ حَسَرًا (نصر ضرب لازم) برہنہ ہوگیا۔ حَسِرَتِ الدَّابَّۃُ جانور تھک گیا۔ حَسِرَ الْمَاءُ پانی سوکھ گیا۔ حَسِرَ الْبَصَرُ (ضرب لازم) دور دیکھنے سے آنکھ تھک گئی۔ مِحْسَرَۃٌ اسم آلہ جھاڑو کریم المِحْسَرِ اچھے باطن والا (دیکھو حسرت وحسیر)

مَحْشُوْرَۃً: اسم مفعول واحد مونث، حَشْرٌ مصدر، قرارگاہ سے نکالکر کہیں جمع کی ہوئی جماعت (دیکھو الحشر حُشِرَ حُشِرَتْ حَشَرْنَا) ۲۳/۱۱۔

مُحْصَنَاتٍ: اسم مفعول جمع مونث، مُحْصَنَۃٌ واحد، مُحْصِنَۃٌ اسم فاعل مونث، اِحْصَانٌ مصدر (افعال) صاحب معجم القرآن نے لکھا ہے کہ سورہ نساء میں ۱ سے مراد ہیں آزاد پاکدامن عورتیں دوشیزہ ہوں یا نہ ہوں ۲ سے مراد ہیں شوہر والیاں ۳ سے مراد ہیں آزاد دوشیزائیں۔

ثعلب نے کہا کہ ہر پاکدامن عورت کو مُحْصَنَۃٌ (اسم فاعل) بھی کہا جاتا ہے اور مُحْصَنَۃٌ بھی (اسم مفعول) اور شوہر والی کو مُحْصَنَۃٌ (اسم مفعول) کہا جاتا ہے قاموس میں ہے اِمْرَاَۃٌ حَصَانٌ پاکدامن یا شوہر والی عورت، راغب نے بھی اسی کی تائید کرتے ہوئے لکھا ہے کہ المحصنات اگر حُرِّمَتْ کے بعد قرآن میں آیا ہے وہاں شوہر والیاں مراد ہیں اور اسم مفعول کا صیغہ ہے اور اگر حُرِّمَتْ کے بعد نہیں ہے فتحہ اور کسرہ دونوں صحیح ہیں، شوہر والیاں ہوں یا عام پاکدامن عورتیں۔ اصل میں احصان کا معنی ہے حفاظت رکھنا شرفِ ذاتی یا عفتِ اخلاقی کی وجہ سے اگر کوئی عورت بکاری سے

Presented by Ziaraat.Com

اپنے کو محفوظ رکھتی ہے تو محصنۃ ہے اور شوہر حفاظت کرتا ہے محصنۃ ہے۔ پ۵ ع۱ پاک دامن عورتیں۔

اَلْمُحْصَنَاتِ: پ۵ ع۲ آزاد عورتیں، پ۱۸ ع۷ پاکدامن اجنبی عورتیں پ۱۸ ع۹ پاکدامن عورتیں۔

اَلْمُحْصَنَاتُ: پ۵ ع۱ شوہر والیاں پ۶ ع۵ ۱ پاکدامن عورتیں ۲ شافعی کے نزدیک آزاد کتابی عورتیں۔ امام اعظم کے نزدیک پاک دامن کتابی عورتیں آزاد ہوں یا باندیاں۔ (ہدایہ)

حضرت عبداللہ بن عمر کے نزدیک چونکہ کتابی عورت سے نکاح صحیح نہیں ہے اس لئے مسلمان عورتیں مراد ہیں۔

مُحَصَّنَةٍ: اسم مفعول واحد مؤنث تحصین مصدر (تفعیل) حصن مادہ، قلعہ بند محفوظ بستیاں، حصن کا معنی ہے حفاظت، بچاؤ، اس لئے حصن قلعہ کو کہتے ہیں، حصان عمدہ گھوڑا ٹھوکر کھانے سے محفوظ، سوار کے لئے حفاظت کا ذریعہ۔ پ۲۸ ع۵۔

مُحْصِنِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب احصان مصدر، بیبیوں والے یا باندیوں کے مالک یعنی وہ لوگ جنکی بیبیاں ہوں یا باندیاں رکھتے ہوں۔ پ۵ ع۶۔

مُحْضَرًا: اسم مفعول واحد مذکر مفرد، احضار مصدر (افعال) حاضر کیا گیا، سامنے لایا گیا یعنی انسان جو نیکی کریگا قیامت کے دن اسکے سامنے لائی جائیگی۔ (دیکھو اَحْضَرَتْ اُحْضِرَتْ) پ۱۳ ع۱۱۔

مُحْضَرُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع مُحْضَرٌ واحد وہ لوگ جنکو حاضر کیا جائیگا۔ پ۲۱ ع۵ پ۲۲ ع۱۱ پ۲۳ ع۱ و ۳ و ۴ و ۸ و ۹

مُحْضَرِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر منصوب مُحْضَرٌ واحد وہ لوگ جنکو حاضر کیا جائیگا۔ پ۲۰ ع۲ پ۲۳ ع۶۔

مَحْظُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر ممنوع، روکی گئی، بند کر دیگئی۔ پ۱۵ ع۲ (دیکھو المحتظر)

مَحْفُوْظٍ: اسم فاعل واحد مذکر مجرور، حفظ مصدر (سمع) اَن مٹ، ہر تغیر سے محفوظ، شیاطین کی دسترس سے محفوظ ہر قسم کے ردوبدل سے محفوظ۔ وہ لوح علمی جو اللہ کی نگہداشت میں ہے، نہ اس کا لکھا مٹ سکتا ہے نہ بدل سکتا ہے حِفْظٌ کا معنی ہے:

۱ قوت یادداشت ۲ یادداشت ۳ یاد کرنا یا یاد رکھنا ۴ نگہداشت، نگرانی حفاظت، اس جگہ چوتھا معنی مراد ہے (دیکھو حافظًا حفیظ وغیرہ) پ۳۰ ع۱۰۔

مَحْفُوْظًا: اسم مفعول واحد مذکر منصوب

Presented by Ziaraat.Com

نیچے گرنے سے محفوظ۔ ۱۷/۳ (دیکھو مَحفُوظٌ)

مُحکَمَاتٌ: اسم مفعول جمع مؤنث، مُحکَمَۃٌ مفرد، اِحکَامٌ مصدر (افعال) پختہ، درست جن کے معانی اور الفاظ میں اجمال اور اشتباہ نہ ہو دلالتِ لفظ علی المعنی واضح ہو، غیر مراد کا احتمال نہ ہو، حنفی علماءِ اصول کے نزدیک یہ لفظ متشابہات کا مقابل ہے اور نص، ظاہر، مفسر، محکم چاروں کو شامل ہے۔ ۳/۹۔

مُحکَمَۃٌ: اسم مفعول واحد مؤنث، مُحکَمَاتٌ جمع، پختہ، غیر منسوخ سورت جس میں ناقابلِ نسخ فیصلہ کر دیا گیا ہو۔ اَحکَمَہٗ، اس کو مضبوط کیا، بگاڑ سے روک دیا۔ اَحکَمَہٗ عَنِ الْاَمْرِ اس کام سے اس کو روک دیا۔ ۲۶/۷۔

(لفظِ حکم کی تشریح کے لئے دیکھو باب الحاء مع الکاف)

مُحَلِّقِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب تحلیق مصدر (تفعیل) حَلَقٌ مادہ، بال منڈوانے والے۔ اصل لغت میں حَلَقَۃٌ کا معنی ہے اس کا حلق کاٹ دیا۔ توسیع استعمال کے بعد حَلْقٌ کا معنی ہوا بال کاٹنا پھر عرفِ عام میں بال مونڈنے کا معنی ہو گیا۔ باب تفعیل میں پہنچکر بال منڈوانے کا ترجمہ ہو گیا لیکن تحلیق کبھی لازم بھی آیا ہے جیسے حَلَّقَ الطَّائِرُ پرندہ گول دائرہ بنا کر چکر کاٹ کر اڑا۔ حلق کی شکل چونکہ گول ہے اس لئے حلقہ آدمیوں کی اس جماعت کو کہتے ہیں جو دائرہ بنا کر بیٹھی ہو۔

حَلِیْقٌ اور مَحلُوْقٌ کا ایک ہی معنی ہے مذکر اور مؤنث دونوں کے لئے اس لفظ کا استعمال ہوتا ہے، رَاْسُہٗ حَلِیْقٌ اس کا سر منڈا ہوا ہے، لِحْیَتُہٗ حَلِیْقٌ اسکی ڈاڑھی منڈی ہوئی ہے۔

عَقْرٰی حَلْقٰی کاٹی، مونڈی۔ وضعًا یہ لفظ بددعائیہ ہے، استعمالًا بددعائیہ بھی ہے اور کلمۂ شناعت بھی۔ ۲۶/۱۲

مَحِلَّہٗ: محل ظرفِ مکان مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ، قربانی کے حلال ہونے کی جگہ قربان گاہ، جہاں قربانی کے جانور کو ذبح کیا جاتا ہے یعنی حدودِ منیٰ۔

اگر کسی نے حج کا احرام باندھ لیا لیکن راستہ میں دشمن وغیرہ کی وجہ سے ارادہ حج توڑنا پڑے تو اول قربانی کے جانور کو حرم کی طرف بھیجدے اور جب منیٰ تک پہنچ جانے کا یقین ہو جائے تو سر منڈوا کر احرام کھول دے۔ حدودِ منیٰ

Presented by Ziaraat.Com

تک قربانی کا جانور پہنچے بغیر سر منڈوانا امام اعظم کے نزدیک جائز نہیں، یہی لفظ اس قول کی واضح دلیل ہے، امام شافعی کے نزدیک جہاں سے آگے بڑھنے کی ممانعت اور حاجی آگے نہ بڑھ سکے اسی جگہ قربانی کو ذبح کر کے سر منڈوانا جائز ہے۔

مَحِلُّهَا: ظرف مکان مضاف ھا مضاف الیہ ذبح کرنیکا مقام، قربان گاہ یعنی حدود حرم۔ (مسلک امام اعظم بروایۃ ہشام بن حجر) ۱۷/۱۱

مُحِلُّوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، اصل میں مُحْلِلِیْنَ تھا نون حذف کر دیا گیا۔ مُحِلّ واحد، اِحْلَال مصدر، حلال قرار دینے والے، اِحلال کسی چیز کو حلال بنا دینا حلال قرار دینا یا ذمہ داری سے باہر نکل آنا۔ حَلَّ کا اصل معنی ہے گرہ کھولنا کسی جگہ اترنے کی صورت میں عموماً سامان کھولا ہی جاتا ہے اس لئے حلول کا معنی ہو گیا اترنا، اس مادہ سے جتنے مشتقات مستعمل ہیں سب کے مفہوم میں کھولنے یا اترنے کا معنی ضرور پایا جاتا ہے مثلاً حلال کی ضد حرام یعنی وہ حکم جس میں ممانعت اور بندش دور کر دی گئی ہو، کھول دی گئی ہو۔ حِلٌّ مباح اور حرم سے باہر کا علاقہ، حِلَّۃٌ محلہ، یا سو گھروں کا محلہ، پڑاؤ، پڑاؤ پر اترنے والی جماعت۔ حَالٌّ اسم فاعل اترنے والا۔ دین مُعَجَّل، حلیل شوہر، حلیلہ بیوی، ہر ایک دوسرے کے پاس فرد کش ہوتا ہے۔

مَحَلٌّ اترنے کی جگہ مَحَلَّۃٌ اترنے کی جگہ، اترنے کا وقت، اتر کر رہنے کی جگہ۔

حَلَّ (نَصَرَ) کھولا۔ دوڑا۔ حَلَّ (ضرب) حرم یا احرام سے باہر آ گیا۔ اس کا مصدر حِلٌّ ہے حَلَّتِ الْمَرْأَۃُ عورت عدت سے باہر آ گئی۔ عدت کی گرہ کھل گئی۔ حَلَّ الدَّیْنُ قرض کی مدت ختم ہو گئی اس کا مصدر حلول ہے۔ حَلَّ خَفِیَّ عَلَیْہِ میرا حق اس پر واجب ہو گیا، اس کا مصدر مَحَلٌّ ہے۔

حَلَّ الْمَکَانَ اور حَلَّ بِالْمَکَانِ (نَصَرَ ضَرَبَ) اس جگہ اترا۔ حَلٌّ حلول مَحَلٌّ اور حَلَلٌ مصدر۔

مُحَمَّدٍ: اسم مفعول واحد مذکر تحمید مصدر (تفعیل) حَمْدٌ مادہ، وہ شخص جس کے اندر بکثرت خصائل حمیدہ اور اوصاف پسندیدہ ہوں، محمد اگرچہ رسول اللہ کا اسم گرامی ہے لیکن آیت مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ میں باوجود

Presented by Ziaraat.Com

علمیت کے وصفیت کی طرف اشارہ ہے گویا یہ بتانا مقصود ہے کہ رسول اللہ کی ذات کے اندر بکثرت خصائلِ محمودہ اور صفاتِ حسنہ کریمہ موجود ہیں (راغب)

حضورِ والا کا پیدائشی نام محمد تھا لیکن بعثت کے بعد بعض کافر حسد اور دشمنی سے مُذَمَّم کہتے اور گالیاں دیتے تھے گویا ان کو زبان پر محمد نام لینا بھی گوارا نہ تھا۔ صحاح کی ایک حدیث میں آیا ہے، حضورِ والا نے ارشاد فرمایا میں محمد ہوں اور یہ لوگ مُذَمَّم کو بُرا کہتے ہیں یعنی میں مذمم نہیں ہوں، میرا نام ہی مذمم نہیں ہے اس لئے ان کے برے الفاظ مجھ پر نہیں پڑتے۔ ۴/۶ ب ۲۲/۲ ب ۲۶/۱۲،۵۔

مَحْمُوْدٌ: اسم مفعول واحد مذکر (سمع) حَمْدٌ مَحْمَدَةٌ مَحْمِدٌ مصدر، وہ شخص جسکی حمد کی جائے یا کی گئی ہو۔ ۱۵/۹۔ (دیکھو لفظِ حمد)

مَحَوْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، مَحْوٌ مصدر (نصر) ہم نے مٹادی، ہم مٹا دیتے ہیں، محو کے مفہوم میں اثر کو زائل کرنے کا معنی ضرور ہوتا ہے مَحْوُ چاند کا سیاہ دھبہ جس سے اس مقام کا نور مٹ جاتا ہے، مَحْوَةٌ بارش جو خشک سالی کو مٹاتی ہے زائل کر دیتی ہے وہ ننگ و عار جو عزت کے زوال کا سبب ہوتی ہے۔ شمالی ہوا جو ابر کو لے جاتی ہے۔ ماحی رسول اللہ کا اسم لقبی تھا اسلئے کہ حضور کفر کو مٹانے والے تھے۔ ممحاۃ صافی اس مادہ کے لام کلمہ میں واو ہے لیکن ناقص یائی یعنی لام کلمہ کی جگہ ی بھی آتی ہے اور اسکا معنی بھی یہی ہے مَحَیٌ (ضرب سمع) مٹانا، اثر کو زائل کرنا۔ ۱۵/۲۔

مَحْيَاهُمْ: اسم مفرد مضاف هُمْ ضمیر مضاف الیہ انکی زندگی، مَحَایَا جمع حَیِیَ یَحْیٰی اور حَیَّ یَحَیُّ (سمع) یعنی ادغام کے ساتھ اور بغیر ادغام دونوں طرح ماضی و مضارع مستعمل ہیں۔ ۲۵/۱۸

(مفہوم حیوٰۃ کی تشریح کے لئے دیکھو لفظِ مَاتَ)

مَحْيَايَ: اسم مفرد مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ، میری زندگی۔ ۶/۱۶۲۔

مَحِيْصٍ: ظرفِ مکان مجرور پناہ گاہ، لوٹنے کی جگہ، امام راغب کے نزدیک یہ لفظ اصلاً اجوف یائی ہے، لکھا ہے:

اصله من حَيَصَ بيص اى شدة و منه حاص عن الحق اى حاد عنه الى شدة ومكروه واما الحوض فهو الخياطة فى الجلد يقال حاص عين الصقر۔

Presented by Ziaraat.Com

یعنی محیص کا لفظ اصلاً حیص بیص سے نکلا ہے حیص بیص کا معنی ہے سختی، اسی سے حاصَ عَنِ الحق ہے یعنی حق سے اعراض کر کے سختی اور مصیبت کی طرف لوٹ گیا۔ حَوَصٌ (اجوف واوی) کا معنی ہے کھال کو سینا۔ حَاصَ عَیْنُ الْعُقَرِ شکرے کی آنکھ ری دی۔ شاید راغب کی مراد یہ ہے کہ حوص اصل میں کھال کے سینے کو کہتے ہیں کیونکہ صاحبِ قاموس نے حاص کا استعمال ثوب (کپڑے) کے ساتھ بھی نقل کیا ہے۔ ۱۳/۱۵ ۲۵/۵۱ ۲۶/۱۷۔

مَحِیْصًا: ظرفِ مکان منصوب، حسبِ تفصیلِ مذکور۔ ۵/۱۵۔

اَلْمَحِیْضِ: ظرفِ زمان (وقتِ حیض) ظرفِ مکان (مقامِ حیض) مصدر (حیض آنا) یا بمعنے حیض یعنی وہ فاسد خون جو مخصوص زمانہ اور مخصوص حالت میں تندرست، جوان، غیر حاملہ عورت کے رحم سے نکلتا ہے۔ امامِ راغب نے لکھا ہے:۔

علی ان المصدر فی ھذا النحو من الفعل یجیئ علی مَفْعِلٍ نحو معاش ومعاد وقول الشاعر لا یستطیع بھا القُراد مقیلا ای مکانا للقیلولۃ وان کان قد قیل ھو مصدر ویقال ما فی برکِ مکیل ومکال یعنی باوجودیکہ معتل واوی اور معتل یائی فعلوں سے مصدر میمی بروزن مَفْعَلٌ (عین کے فتحہ کے ساتھ آتا ہے جیسے مَعَاشٌ عَاشَ عَیْشًا سے اور مَعَادٌ عَادَ عَوْدًا سے لیکن مَحِیْضٌ مصدر میمی ہے باوجودیکہ معتل یائی ہے (اور قیاساً مَحَاضٌ ہونا چاہیئے) رہا شاعر کا یہ مصرعہ لَا یَسْتَطِیْعُ بِھَا الْقُرَادُ مَقِیْلًا (چیچڑی وہاں خوابگاہ نہیں پاسکتی) تو اس میں مقیل ظرفِ مکان ہے، بعض لوگ مقیل کو بھی مصدر میمی کہتے ہیں (اس صورت میں اس لفظ کی بنا، خلافِ ضابطہ ہوگی) ایک محاورہ میں آتا ہے مَا فِیْ بُرْکِ مَکِیْلٌ وَّمَکَالٌ اس مثال میں کَالَ یَکِیْلُ سے مکیل اور مکال دونوں طرح مصدر آیا ہے۔

صاحبِ قاموس نے لکھا ہے کہ محیض کی طرح مُحَاض بھی مصدر ہے اس سے افعال باب ضرب سے آتے ہیں۔ ۲/۱۲ ۲۸/۱۷۔

مُحِیْطٌ: اسم فاعل واحد مذکر قیاسی اِحَاطَۃٌ مصدر باب افعال، حوط مادہ، ہر طرف سے گھیر لینے والا، امامِ راغب نے مفردات میں لکھا

Presented by Ziaraat.Com

ہے کہ احاطہ کے چند معانی ہیں۔

۱ احاطہ جسمانی جیسے اَحَطْتُ بِمَکَانِ کَذَا میں نے فلاں جگہ کو گھیر لیا۔ ۲ احاطہ بالحفظ یعنی ہر طرف سے نگرانی کرنی جیسے اِنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ اللہ ہر چیز کا ہر طرف سے نگراں ہے۔ ۳ احاطہ بالمنع ہر طرف سے روک کر یا جانا جیسے اِلَّآ اَنْ یُّحَاطَ بِکُمْ مگر یہ کہ ہر طرف سے تم کو روک دیا جائے۔ ۴ احاطۂ علمی جیسے اِنَّ اللّٰہَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِیْطٌ یقیناً اللہ تمہارے اعمال انکی حیثیت، کیفیت، نوع، غایت، سبب نتیجہ، سب کو جانتا ہے۔ ۵ احاطۂ قدرت ہر طرف سے قابو پا لینا جیسے عذاب یوم محیط میں روزِ قیامت مراد ہے جو ہر طرف سے قابو یافتہ ہوگا۔

اس فقیر کی نظر میں امام نے احاطہ کے اقسام میں کچھ غیر مفید طول دیا ہے ورنہ احاطہ بالمنع اور احاطۂ قدرت میں مفہوم کے اعتبار سے کچھ زیادہ فرق نہیں ہے اسی طرح احاطہ بالحفظ اور احاطۂ علمی کا مفہوم قریب قریب ہے قرآنِ مجید میں مُحِیْطٌ کا لفظ ۴/۳ پ ۱/۲ میں عالم کل کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے ۳/۱۰ میں احاطۂ قدرت اور ۱/۲ میں صرف احاطۂ قدرت۔

مُحِیْطًا: اسم فاعل مفرد منصوب، احاطہ مصدر ہر طرف سے گھیرے ہوئے، پورا پورا قابو رکھنے والا۔ ہر طرح سے جاننے والا۔ ۵/۱۳ میں احاطۂ علمی مراد ہے اور ۵/۱۵ میں احاطۂ قدرت۔

مُحِیْطٍ: اسم فاعل مفرد مجرور، ہر طرف سے گرفت میں رکھنے والا۔ ایسا قابو یافتہ کہ اس سے چھوٹ جانا ناممکن ہے۔ ۱۲/۸۔

مُحْیِ: اسم فاعل مفرد مضاف، احیاء مصدر باب افعال۔ اصل میں محیی تھا، زندہ کرنے والا۔ حیات بخشنے والا (حیات کے معنی کی تشریح کے لئے دیکھو مَاتَ) ۲۱/۸ ۲۴/۱۹۔

اَلْمَخَاضُ: اسم۔ دردِ ولادت، دردِ زہ مصدر۔ دردِ زہ ہونا۔ دردِ ولادت ہونا۔ مَخَضَتِ الْحَامِلُ مَخَاضًا حاملہ کو دردِ ولادت ہوا (فتح) تَمَخَّضَ الْوَلَدُ (باب تفعل) باہر نکلنے کے لئے بچہ نے پیٹ کے اندر حرکت کی۔ ۱۶/۵۔

اَلْمُخْبِتِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، اِخْبَاتٌ مصدر۔ باب افعال۔ عاجزی اور خشوع کرنیوالے (دیکھو خَبَتَ) ۱۷/۱۲۔

Presented by Ziaraat.Com

مُخْتَالٍ : اسم فاعل واحد مذکر مجرور، اِخْتِیَالٌ مصدر، باب افتعال خَیْلٌ مادہ، ناز سے چلنے والا۔ اترانے والا۔ مغرور۔ متکبر۔ مَخِیْلَۃٌ اور خُیَلَاءُ کا معنی ہے تکبر یعنی اپنے اندر اس بڑائی کا خیال کرنا جو واقع میں نہ ہو۔ خیال اصل میں اس دماغی صورت کو کہتے ہیں جو کسی شخص یا چیز کے سامنے سے ہٹنے کے بعد دماغ میں رہ جاتی ہے اسی طرح صورتِ خوابی کو بھی خیال کہا جاتا ہے۔ انہی معانی کا لحاظ کر کے خیال گمان کو کہنے لگے اور پندار و غرور کے لئے بھی اس مادہ کا استعمال ہونے لگا کیونکہ تکبر اور غرور بھی بے حقیقت ہوتا ہے صرف خود ساختہ خیالی صورت ہوتی ہے وصف واقعی سے خالی۔ ثلاثی مجرد باب سمع سے آتا ہے خَالَ یَخَالُ، اس کا مصدر خَیْلٌ، خَیْلَۃٌ، خَالٌ خَیَلَانٌ، مَخِیْلَۃٌ، مَخَالَۃٌ اور خَیْلُوْلَۃٌ ہے اور سب کا معنی گمان کرنا (ثلاثی مزید سے اسم فاعل واحد مؤنث یعنی مُخِیْلَۃٌ اور مُخَالَۃٌ اس ابر کو کہتے ہیں جس سے پانی برسنے کا گمان ہو۔ ۲۱/۱۱ ۲۷/۱۹۔

مُخْتَالًا : اسم فاعل واحد مذکر منصوب اِخْتِیَالٌ مصدر۔ باب افعال۔ اکڑنے والا۔ اترانے والا۔ ۵/۳

مُخْتَلِفٌ : اسم فاعل واحد مذکر مرفوع اختلاف مصدر، باب افتعال۔ الگ الگ جدا جدا، قول میں، رائے میں، عقیدہ میں، رنگ میں، خو خصلت اور عادت میں، بہر حال کسی چیز میں اگر ایک شے دوسری شے سے الگ ہو تو اسکو مختلف کہا جاتا ہے باہم تضاد کے لئے اختلاف ضروری ہے لیکن اختلاف کے لئے ایک کا دوسرے کی ضد ہونا ضروری نہیں کبھی دو مختلف باہم متضاد ہوتے ہیں کبھی نہیں ہوتے اختلاف کا مادہ خَلْفٌ ہے مزید تشریح کے لئے دیکھو (خَلَفَ خَلْفٌ خَوَالِفَ خَلِیْفَۃً) ۱۴/۱۵ ۲۲/۱۶۔

مُخْتَلِفٌ : اسم فاعل واحد مذکر مجرور الگ الگ ۱۸/۵

مُخْتَلِفًا : اسم فاعل واحد مذکر منصوب جدا جدا

مُخْتَلِفُوْنَ : اسم فاعل جمع مذکر مرفوع مُخْتَلِفٌ واحد جدا جدا قول اور عقیدہ رکھنے والے۔ ۳۰/۱

مُخْتَلِفِیْنَ : اسم فاعل جمع مذکر منصوب۔ مذہب اور دین میں الگ الگ۔ ۱۲/۱۰۔

مَخْتُوْمٍ : اسم مفعول واحد مذکر ختام لگا ہوا مہر زدہ، ختام کا ترجمہ دو طرح کیا گیا ہے :

مہر کرنے کا مسالہ ۲ کسی چیز کا اختتام یعنی خاتمہ (دیکھو ختام) اس لئے مختوم کا ترجمہ اکثر اہلِ تفسیر نے مہر زدہ لکھا ہے یعنی جنت کی شراب کے برتنوں پر اللہ کی طرف سے بطور اعزاز و سند مہر لگی ہوگی جس کو اہلِ جنت ہی توڑیں گے لیکن ابن ابی شیبہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود کا قول نقل کیا ہے کہ مختوم وہ رحیق (شراب کہنہ صاف) ہوگی جس کے آخر میں مشک کی خوشبو ہوگی۔ اس قول پر ختام بمعنی ثانی ہوگا۔ (مدارک و جلالین) ۳۰/۸۳۔

مَخْذُوْلًا: اسم مفعول واحد مذکر منصوب خَذْلٌ اور خِذْلَانٌ مصدر، بے مدد چھوڑا ہوا۔ (دیکھو خَذَلَ) خذل اور خذلان، لازم بھی ہے یعنی بے مدد ہونا، مددگاروں سے بچھڑ جانا، خَذَلَتِ الظَّبْيَةُ ہرن اپنی جگہ سے بچھڑ گئی اسی لئے خاذِل اور خذول بے مدد اور ہزیمت خوردہ شخص کو کہتے ہیں اور متعدی بھی ہے، خَذَلَهُ اس کو بے مدد چھوڑ دیا، خَذَلَ عَنْهُ اسکو بے مدد چھوڑ کر الگ ہو گیا (نصر) قاموس، مخذول فعل متعدی سے اسم مفعول بنایا گیا ہے یعنی ضرورت کے وقت بے مدد چھوڑا ہوا۔ ۱۵/۲۔

مُخْرِجٌ: اسم فاعل واحد مذکر مرفوع منوّن، اخراج مصدر باب افعال، ظاہر کرنیوالا۔

خروج (مصدر ثلاثی مجرد لازم) برآمد ہونا قرارگاہ سے باہر آجانا ایک حالت سے دوسری حالت اور ایک کیفیت سے دوسری کیفیت کی طرف نکلنا۔ بابِ افعال میں اگر خروج متعدی ہو گیا چونکہ خروج کے لئے ظہور لازم ہے اس لئے اخراج کا معنی اظہار بھی ہوتا ہے اور چونکہ عدم سے وجود میں آنا بھی ایک طرح کا خروج ہے اس لئے اخراج کا معنی پیدا کرنا بھی ہوتا ہے۔ ۱/۹ ۱۰/۱۴۔

مُخْرِجُ: اسم فاعل واحد مذکر مرفوع مضاف نکالنے والا۔ پیدا کرنیوالا۔ ۷/۱۸۔

مُخْرَجَ: مصدر مضاف، نکالنا، اس آیت سے مراد مکہ سے نکالنا ہے اور مدینہ میں داخل کرنا۔ (ابن عباس، حسن بصری، قتادہ)

یا امن کے ساتھ مکہ سے نکلنا اور پھر فاتحہ مکہ میں داخل کرنا مراد ہے (ضحاک) یا فرائض مرسلانہ میں داخل کرنا اور پھر امر فرائض کے بعد دنیا سے نکالنا مراد ہے (مجاہد) یا جنت میں داخل کرنا اور مکہ سے نکالنا مراد ہے (روایت از حسن بصری) یا طاعت میں داخل کرنا اور ممنوعات سے نکالنا مراد ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

(قال مجہول) معالم التنزیل۔ ۱۵/۹۔

مَخْرَجًا: اسم ظرف مفرد، خروج مصدر، مخارج جمع، نکلنے کی جگہ۔ ۲۸/۱۷۔

مُخْرَجُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع، اخراج مصدر، نکالے گئے۔ نکالے ہوئے۔ ۱۸/۳ ب ۲۰/۲۔

مُخْرَجِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور نکرہ، اخراج مصدر، نکالے گئے، نکالے ہوئے۔ ۱۴/۴۔

اَلْمُخْرَجِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور معرف باللام، اخراج مصدر، نکالے گئے، نکالے ہوئے۔ ۱۹/۱۳

مُخْزِيْ: اسم فاعل واحد مذکر، اخزاء مصدر باب افعال خِزْیٌ مادہ (ناقص یائی) ذلیل کرنے والا۔ رسوا کرنے والا۔

خَزْوٌ (ناقص واوی باب نصر) کسی پر زبردستی کرنا۔ زبردستی غالب آنا۔ مالک ہوجانا اس مادہ سے باب افعال نہیں آتا صرف خِزْیٌ اور خَزَایَۃٌ سے آتا ہے دل سے زیادہ اور دوسرے سے کم، خِزْیٌ کے معنی ہیں رسوائی ذلت، رسوا ہونا ذلیل ہونا اور خَزَایَۃٌ کے معنی ہیں شکست ذہنی اپنے کو خود ذلیل سمجھنا، جھجک (مع خَزَیَۃٌ) میں رسوائی میں اس پر غالب آیا (ضرب) قرآن مجید میں دونوں طرح استعمال ہوا ہے مخزی کے دونوں معنی صحیح ہیں اللہ کافروں کو دنیا و آخرت میں ذلیل وخوار کرنیوالا بھی ہے اور انکی حالت ایسی بنا دینے والا بھی ہے کہ وہ خود اپنے کو ذلیل سمجھیں۔ ۱۰۔

اَلْمُخْسَرِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور، اَلْمُخْسِر واحد، اِخْسَار مصدر باب افعال نقل میں کمی کرنیوالے وزن میں کمی کرنے کے دو معنی ہیں۔

۱ کسی کو وزن میں کم دینا ڈنڈی مارنا پورا نہ دینا اس کو تطفیف بھی کہتے ہیں۔

۲ ایسے کام کرنا جس سے قیامت کے دن نیکیوں کا پلڑا ہلکا ہوجائے، خُسْرٌ میں کا مطلب دونوں طرح سے لیا جاسکتا ہے (راغب) اکثر مفسرین نے اول معنی ہی کو بیان کیا ہے اور اسی کو ترجیح دی ہے یاد رکھو کہ اللہ نے خسران یا اس کے مشتقات کا استعمال جس جگہ بھی قرآن میں کیا ہے اس سے مراد اخروی نقصان اور نیکیوں کے پلڑے کا ہلکا ہونا اور قیامت کے دن گھاٹا اٹھانا ہے البتہ باب افعال یعنی لفظ اِخْسَار سے جتنے صیغے مستعمل ہوئے ہیں ان میں خسران کے دونوں معنی مراد ہیں کہیں ایک کہیں دوسرا خسران کی مزید توضیح کے لئے دیکھو لفظ خُسْر منقول از مفردات راغب)

Presented by Ziaraat.Com

مُخْضَرَّةٌ: اسم فاعل واحد مؤنث منصوب اِخْضِرَارٌ مصدر، باب افعلال سرسبز، کاہی رنگ والا، سبز سیاہی مائل، خُضْرَةٌ سفیدی اور سیاہی کا مخلوط رنگ جسمیں سیاہی کی طرف میلان زیادہ ہو اس لئے عربی میں اخضر کو اسود اور اسود کو اخضر کہہ لیا جاتا ہے، عراق کا وہ علاقہ جو بہت سرسبز ہے سواد کہلاتا ہے خَضِرَ (سمع) سبز ہو گیا، خَضَرَ (نصر) کاٹنا اَخْضَرَ (باب افعال) سبز کر دیا۔ اِخْتَضَرَ (باب افتعال) کٹ گیا (لازم) اِخْتَضَرَ الْکَلَأُ سبز گھاس کاٹی (متعدی) اِخْضَرَّ (باب افعلال) سبز ہو گیا، سیاہ ہو گیا کٹ گیا، اسی سے مُخْضَرَّةٌ اسم فاعل واحد مؤنث ہے۔ ۱۷/۱۵۔

مَخْضُوْدٍ: اسم مفعول واحد مذکر مجرور ضحاک و مجاہد نے کہا پھلدار درخت، پھلوں سے اتنا لدا ہوا کہ نیچے کو جھک جائے۔ ابن عباس اور عکرمہ نے کہا کانٹوں سے صاف کیا ہوا درخت جس کے کانٹے توڑ دئے جائیں حسن بصری نے کہا ناکہ ہاتھوں کو زخمی نہ کریں ابن کیسان نے کہا ناکہ کچھ دکھ نہ ہو (معالم) راغب نے ابن عباس کے قول کی تائید کی ہے۔

اَخْضَدُ اتنا لچکدار کہ نیچے کو دوہرا ہو جائے خَضِدَ نیچے کو جھکا ہوا لچکا ہوا جو سیدھا کھڑا نہ ہو سکے خَضَدَ الشَّجَرَ درخت کے کانٹے کاٹ دئے چھیل دئے خَضِیْدٌ اور مَخْضُوْدٌ صفت کے صیغے اسی سے ہیں مُتَخَضِّدٌ لچک کے مارے دوہرا ہو جانے والا نیچے کو جھک جانیوالا، تَخَضَّدَ الْعُوْدُ لکڑی لچک کی وجہ سے نیچے کو جھک گئی۔ ۲۷/۱۴۔

مُخَلَّدُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر، تَخْلِیْدٌ مصدر، باب تفعیل، خُلْدٌ اور خُلُوْدٌ کا معنی ہے کسی چیز کا ہمیشہ یا مدت دراز تک ایک حالت پر باقی رہنا اسکی حالت میں تغیر نہ آنا اس لئے مُخَلَّدٌ کا معنی ہوا ہمیشہ یا مدت دراز تک ایک حالت پر قائم رکھا گیا۔ رَجُلٌ مُخَلَّدٌ اس آدمی کو کہتے ہیں جس کے بال مدت دراز تک سفید نہ ہوں۔ (راغب)

اسی بنا پر مفسرین نے آیت میں مخلدون کا ترجمہ کیا ہے نہ کبھی مرنے والے نہ کبھی بوڑھے ہونے والے ہمیشہ لڑکوں ہی کی شکل پر قائم رہنے والے (خازن و بیضاوی) سعید بن جبیر نے کہا کہ مُخَلَّدٌ اس شخص کو کہتے ہیں جس کے کانوں میں

بالے پڑے ہوں اس صورت میں مخلدون کا ترجمہ ہوا وہ لڑکے جن کے کانوں میں بالے پڑے ہوں گے (معالم) ۲۷/۱۴ ، ۲۹/۱۹۔

مُخْلِصًا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب، اخلاص مصدر، باب افعال خالص کر لینے والا، اخلاص کا معنی ہے کسی چیز کی آمیزش سے دوسری چیز کو الگ کرنا چھانٹ دینا بندہ کے مخلص ہونے کا مطلب ہوتا ہے خالص اللہ کی اطاعت کرنی اللہ کو یہودیوں کی تشبیہ اور عیسائیوں کی تثلیث سے پاک سمجھنا بقول راغب ماسوی اللہ سے اپنے خیال کو ہٹا لینا اور صرف اللہ ہی کا ہو جانا۔ رہا اللہ کا بندہ کو مخلص بنانا تو اس کا مطلب ہے بندہ کو ممتاز منتخب اور برگزیدہ بنا لینا، اپنی خصوصی عنایت کے لئے چن لیا۔ ۲۳/۱۵، ۱۶۔

مُخْلَصًا: اسم مفعول واحد مذکر، اخلاص مصدر چنا ہوا، چھانٹا ہوا، برگزیدہ اور ممتاز کیا ہوا۔ ۱۶/۷۔

مُخْلِصُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع مخلص واحد۔ خالص اللہ کی اطاعت کرنے والے بغیر آمیزش شرک کے اللہ کو واحد جاننے والے ہر مصیبت سے اپنے قول و فعل کو پاک رکھنے والے۔ ۱/۱۶۔

مُخْلِصِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب و مجرور نکرہ مخلص واحد، ترجمہ بتفصیل مذکور دیکھو مخلصون اور مخلصا ۱۰/۲۲، ۱۱/۸، ۱۲/۳، ۱۳/۱۲، ۲۴/۷، ۳۰/۲۳۔

اَلْمُخْلَصِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر معرفہ مخلص واحد، چھانٹے ہوئے، برگزیدہ بنائے ہوئے، منتخب، ۱۲/۱۳، ۱۴/۳، ۲۳/۶، ۱۴/۹، ۸ (دیکھو مخلصا)

مُخْلِفَ: اسم فاعل واحد مذکر منصوب مضاف اخلاف مصدر باب افعال، وعدہ کے خلاف کرنیوالا، وعدہ کو پیچھے ڈال دینے والا۔ اخلاف کا اصل معنی ہے ایک کا دوسرے کے بعد اپنے جانوروں کو پانی پلانا۔ اَخْلَفَ الشَّجَرُ (لازم) پت جھاڑ کے بعد درخت سرسبز ہو گیا اَخْلَفَ اللّٰہُ عَلَیْکَ (متعدی) اللہ تجھے گذشتہ کا عوض عطا کرے ۱۳/۱۹ (تنقیح کے لئے دیکھو خَلَفَ خَلْفٌ خَلِیْفَۃٌ)

اَلْمُخَلَّفُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع تَخْلِیْفٌ مصدر باب تفعیل، پیچھے چھوڑے ہوئے لوگ، تخلیف کسی کو پیچھے کر دینا پیچھے چھوڑ دینا۔ خَلَّفْتُہٗ، میں نے اسکو اپنے پیچھے چھوڑ دیا۔ ۱۱/۱۷ میں مراد ہیں وہ بارہ آدمی جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب تبوک کے

جہاد پر نہیں گئے تھے مدینہ میں پیچھے رہ گئے تھے پ ۲۶
میں مدینہ کے آس پاس رہنے والے وہ بدو مراد
ہیں جن کو حدیبیہ کے سال حضورِ اقدس نے
اپنے ساتھ مسلمان کے ہمراہ مکہ کو چلنے کا حکم دیا
تھا لیکن وہ قریش کے ڈر کے مارے ساتھ نہیں
گئے اللہ نے ان کو پیچھے ہی رکھا (تنقیح کے لئے
دیکھو باب الخاء مع اللام)

اَلْمُخَلَّفِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مجرور پیچھے
چھوڑے ہوئے لوگ یعنی وہ بدو جو حوالی مدینہ میں
رہتے تھے اور حدیبیہ کے سال مکہ کو مسلمان کے
لشکر کے ساتھ جانے سے حیلے بہانے کر کے
رہ گئے تھے۔ پ ۲۶۔

مُخَلَّقَةٍ: اسم مفعول واحد مؤنث مجرور، تخلیق
مصدر۔ باب تفعیل۔ خَلق مادہ۔ حاکم نے ابن عباس
کا قول نقل کیا ہے کہ مُخَلَّقَة سے مراد وہ بوٹی جو
زندہ ہو جاتی ہے اور غیر مخلقہ سے مراد وہ بوٹی جو
ساقط ہو جاتی ہے قتادہ سے بھی یہی مروی ہے بغوی نے
معالم میں لکھا ہے قال ابن عباس وقتادة
مخلقة ای تامة وغیر مخلقة غیر تامة ای
ناقصة الخلق وقال مجاهد مصورة وغیر
مصورة یعنی السقط وقیل المخلقة
الولد الذی یأتی بہ المرأة لوقته وغیر
المخلقة المسقط یعنی ابن عباس و قتادہ نے
فرمایا کہ مخلقہ یعنی پوری بناوٹ والی اور غیر مخلقہ
وہ جسکی بناوٹ پوری نہ ہو ناقص ہو۔ مجاہد
نے فرمایا مخلقہ جس کے خدوخال اور شکل بنا دی
گئی ہو اور غیر مخلقہ وہ جس کی شکل نہ بنی ہو یعنی
گرنے والا بچہ، بعض لوگوں کا قول ہے
کہ جو بچہ اپنے پورے وقت پر پیدا ہوتا
ہے وہ مخلقہ ہے اور جو وقت سے پہلے
گر جاتا ہے وہ غیر مخلقہ ہے، صاحبِ مدارک نے
لکھا ہے کہ مخلقہ وہ بوٹی ہے جس کے اعضاء
درست اور ہموار ہوں، ساخت ٹھیک ہو بناوٹ
کا کوئی عیب اور نقصان نہ ہو اور غیر مخلقہ
وہ بوٹی ہے جو ایسی نہ ہو گویا اللہ ابتدائی بوٹی
میں ہی اختلاف کر دیتا ہے، کسی کی ساخت
پوری، اعضاء کامل، اور بناوٹ نقصان سے
پاک ہوتی ہے کسی کی ایسی نہیں ہوتی اس
بنیادی تفاوت کی وجہ سے ہی آدمیوں کی شکل
صورت بناوٹ اور پستی درازی میں تفاوت اور
اعضاء کا کمال و نقصان ہوتا ہے۔

محلی اور بعض دوسرے اہلِ تفسیر نے

Presented by Ziaraat.Com

ابن عباس اور مجاہد کی تفسیر کو جمع کر دیا ہے اور مخلقہ کا ترجمہ کیا ہے شکل والی پوری ساخت والی اور غیر مخلقہ وہ جو مخلقہ کے خلاف ہو۔ صاحبِ معجم القرآن نے مدارک کے موافق تفسیر کرتے ہوئے لکھا ہے یہ لفظ خَلَقَ السِّوَاکَ وَالْعُوْدَ سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے مسواک اور لکڑی کو چھیل کر درست اور چکنا کر دیا، صَخْرَۃٌ خَلْقَاءُ چکنا پتھر، چٹان اساس میں ہے خَلَقَ الْقِدْحَ تیر کو چھیل کر چکنا کر دیا۔ ۱۷/۸۔

مَخْمَصَۃٌ: اسم۔ ایسی بھوک جس سے پیٹ لگ جائے، خَمْصَۃٌ بھوک، نشیبی گڑھا۔ خَامِصٌ پتلے پیٹ والا۔ خُمْصَانٌ وہ شخص جس کے پیٹ میں بھوک کی وجہ سے گڑھا ہو خَمِیْصُ الْحَشٰی پتلے پیٹ والا۔ اَخْمَصُ تلوے کا گڑھا جو زمین پر نہیں لگتا (قاموس) خَمَصَہُ الْجُوْعُ خَمْصًا وَمَخْمَصَۃً بھوک نے اس کا پیٹ لگا دیا (نصر، متعدی) خَمَصَ الْبَطْنُ پیٹ لگ گیا۔ خَمَصَ الْجُرْحُ زخم کا ورم دب گیا (نصر لازم) ۵/۱۱۔

مَدًّا: اسم اور مصدر (نصر) کھینچنا، پھیلانا بچھانا۔ وسیع کرنا۔ دن نکلنا، دوات میں روشنائی ڈالنا۔ دوات سے روشنائی نکالنا، نظر کا پھیلاؤ پیہم مسلسل زیادتی کرنا۔ دریا کا چڑھاؤ۔ آیت میں پیہم زیادتی کرنا مراد ہے۔ ۱۶/۸

مِدَادًا: اسم۔ روشنائی۔ چراغ کا تیل ہر چیز کی زیادتی، جنت کے حوض کے متعلق حدیث میں آیا ہے میزابانِ مِدادُھا الجنۃ دو نالے اس میں آکر کھلتے ہیں جن میں پیہم افزونی جنت سے ہوتی ہے یعنی جن کا سرچشمہ جنت میں ہے آیت میں اول الذکر معنی مراد ہے (والفعل من نصر) ۱۶/۳۔

مَدَّ: واحد مذکر غائب ماضی معروف مَدٌّ مصدر (نصر) بچھایا پھیلایا۔ ۱۳/۷ ۱۹/۳۔

مؤخر الذکر آیت میں سایہ کو پھیلانے سے مراد ہے فجر صادق سے طلوعِ آفتاب تک کا پورا وقت جس میں نہ رات کی تاریکی ہوتی ہے نہ سورج کی چمک اور دھوپ ابنِ عطیہ نے اس تخصیص کو اگرچہ قابلِ اعتراض قرار دیا ہے لیکن تمام مفسروں نے بالاجماع یہی مطلب لکھا ہے اجماع اہلِ تفسیر کے مقابلہ میں ابن عطیہ کا شبہ کوئی حقیقت نہیں رکھتا۔

Presented by Ziaraat.Com

امام راغب، ابو عبیدہ اور مجد الدین فیروز آبادی نے لکھا ہے کہ کسی خیر اور بھلائی میں افزونی کرنے کے موقع پر امداد (باب افعال) اور اس کے مشتقات کا استعمال کیا جاتا ہے اور دکھ کی زیادتی کو بیان کرنا ہوتا ہے تو مَدَّ (نصر) بولا جاتا ہے یعنی مادہ ایک ہی ہے لیکن خیر میں زیادتی کے لئے ثلاثی مزید اور عذاب و تکلیف کی زیادتی کے لئے ثلاثی مجرد کا استعمال اکثر کیا جاتا ہے۔

ابو عبیدہ نے یہ بھی کہا ہے کہ بغیر بیرونی اضافہ اور زیادتی کے کسی چیز میں افزونی کرنے کے لئے مَدَّ کہا جاتا ہے اور بیرونی زیادتی کو بیان کرنا ہوتا ہے تو اَمَدَّ کہتے ہیں جیسے اَمَدَدْنَاہُمْ بِفَاکِہَۃٍ الخ اور اَنِّیْ مُمِدُّکُمْ بِاَلْفٍ الخ (دیکھو باب الالف مع المیم)

مُدَّتْ: واحد مؤنث غائب ماضی مجہول، مَدٌّ مصدر، باب نصر، کھینچی جائیگی، چمڑے کی طرح کھینچکر ہموار کر دی جائیگی نہ اس پر بلندی رہیگی نہ پستی۔ (اخرجہ الحاکم عن جابر بن عبداللہ مرفوعا) ۳۰/۱۹۔

مُدَّتِہِمْ: مدت مجرور مجرور ھُمْ ضمیر جمع مذکر مضاف الیہ۔ ان کے معاہدہ کا زمانہ یعنی میعادِ معاہدہ ختم ہونے تک، مدت کا معنی ہے وقت کا ایک حصہ۔ پورا وقت پوری مسافت، زمان و مکان دونوں کے لئے اس کا استعمال ہوتا ہے۔ آیت میں معاہدہ کا زمانہ یعنی بقیہ نو ماہ مراد ہیں۔ ۱۰/۷۔

مَدَدًا: زیادتی۔ طاقت کا اضافہ۔ مَدَدُ الجیش وہ چیز جس سے فوج کی طاقت میں اضافہ کیا جاتا ہے جیسے ہتھیار، رسد، مزید کمک وغیرہ، آیت میں اول معنی مراد ہے (محلی) مگر یاد رکھو کہ بقول راغب اس جگہ عام زیادتی مراد نہیں ہے بلکہ روشنائی کی افزونی اور ایسی زیادتی مراد ہے جیسے کسی پانی کے سرچشمے اور سوت سے نو بنو اور پیہم ہوتی رہتی ہے۔ ۱۸/۱۶

مَدَدْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، مَدٌّ مصدر، باب نصر۔ ہم نے پھیلایا۔ ہم نے بچھایا۔ ۱۳/۱۴۔

مُدْبِرًا: اسم فاعل واحد مذکر۔ اِدْبَارٌ مصدر۔ باب افعال۔ پشت پھیرنے والا۔ دُبر پشت، پیچھے، انجام، آخر، اسی سے دَبَرَ فعل ماضی (نصر) بنایا گیا ہے۔ اس نے پشت پھیری اور گیا۔ باب افعال سے اَدْبَرَ کا

بھی یہی معنی ہے۔ ۱۹/۱۶ ب ۲۷۔

اَلْمُدَبِّرٰتِ: اسم فاعل جمع مؤنث مجرور۔ اَلْمُدَبِّرَۃ واحد مؤنث۔ تدبیر مصدر، باب تفعیل، تدبیر کا معنی ہے انجام کو سوچنا انتظام کرنا ہر چیز کے دُبُر یعنی نتیجہ پر غور کرنا۔ یہاں بقول حضرت ابن عباس فرشتوں کی وہ جماعتیں مراد ہیں جو انتظامِ کائنات پر اللہ کی طرف سے مامور ہیں۔ (بغوی۔ معالم) ۳۰/۳۔

مُدَبِّرِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب مدبر مفرد۔ اِدبار مصدر۔ باب افعال، پشت موڑنے والے۔ پیٹھ دینے والے۔ قرآنِ مجید میں مدبر یا مدبرین کا لفظ تنہا نہیں استعمال کیا گیا بلکہ تَوَلّٰی یا تَوَلِّیَۃٌ سے کوئی فعل ضرور ساتھ ساتھ ذکر کیا گیا ہے مثلاً وَلَّیْتُمْ تُوَلُّوا، تُوَلُّوْنَ وَلَّوْا۔ تُوَلُّوا۔ وَلّٰی وغیرہ، ایسا اس لئے کیا گیا کہ منہ موڑ کر پشت پھیر کر چلے جانے کا مفہوم پیدا ہو جائے۔ ۱۰ب ۱۵/۵ ۲۰/۲ ۲۱/۸ ۲۳/۷ ۲۴/۹۔

اَلْمُدَّثِّرُ: اسم فاعل واحد مذکر تَدَثُّرٌ باب تفعّل۔ یہ لفظ اصل میں اَلْمُتَدَثِّرُ تھا، تاء کو دال سے بدل کر دال کو دال میں ادغام کر دیا اوپر سے کپڑا اوڑھنے والا۔

شِعار اس کپڑے کو کہتے ہیں جو بدن کی کھال سے ملا ہوا ہوتا ہے (جیسے بنیان شلوکہ) اور دثار وہ کپڑا ہوتا ہے جو اوپر سے پہنا یا اوڑھا جاتا ہے اسی لئے رَجُلٌ دَثُوْرٌ پوشیدہ گمنام آدمی کو اور سَیْفٌ دَاثِرٌ پرانی زنگ سے بھری ہوئی تلوار کو اور دائر اس فرسودہ کھنڈر کو جس کے نشان بھی مٹ کر چھپ گئے ہوں، کہتے ہیں۔ (قاموس)

المدثر رسول اللہ کے اسماء نفسیہ میں سے ایک نام اسی آیت کی وجہ سے ہو گیا اور سورت کا نام بھی اسی بنیاد پر قرار پایا جمہور کا قول ہے کہ سب سے اول سورۂ اقرأ مالم یعلم تک نازل ہوئی پھر تین سال تک وحی بند رہی یہی فترۃ الوحی کا زمانہ کہلاتا ہے اس کے بعد یا ایہا المدثر نازل ہوئی حضرت جابر بن عبد اللہ کا قول ہے کہ سب سے پہلے سورۂ مدثر نازل ہوئی، رواہ ابو سلمۃ (معالم)

حقیقت یہ ہے کہ انقطاعِ وحی کے زمانہ کا ایک واقعہ جب حضور نے بیان فرمایا کہ اثنائے راہ میں میں نے آسمان کی طرف سے ایک آواز سنی، نظر اٹھا کر دیکھا تو وہی فرشتہ

Presented by Ziaraat.Com

جو حرا میں آیا تھا آسمان اور زمین کے درمیان ایک کرسی پر بیٹھا نظر آیا، میں ڈر گیا، گھر میں پہنچا تو بیوی سے کہا زَمِّلُوْنِیْ زَمِّلُوْنِیْ مجھے لپیٹو مجھے کچھ اڑھاؤ۔ اس کے بعد اللہ نے یا ایہا المدثر فاھجر تک نازل فرمائی (صحیحین) اس واقعہ سے غالباً حضرت جابر نے سمجھ لیا کہ سورہ مدثر سب سے پہلے نازل ہوئی حالانکہ یہ انقطاع وحی کے زمانہ کا واقعہ ہے اس سے پہلے وحی آچکی تھی۔ ۲۹/۱۵۔

اَلْمُدْحَضِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مجرور اَلْمُدْحَضُ واحد ادحاضٌ مصدر باب افعال قرعہ اندازی میں ہار جانے والے، اصل معنی ہے پھسلائے ہوئے مغلوب آدمی بھی کامیابی کے مقام سے پھسل کر گر جاتا ہے اسلئے قرعہ اندازی میں ہار جانیوالے کو مُدْحَضٌ کہا جاتا ہے۔

دَحَضَتْ رِجْلُہٗ، (فتح) اس کا پاؤں پھسل گیا۔ ھٰذِہٖ مُدْحَضَۃُ الْقَوْمِ یہ قوم کی لغزش ہے ھٰذَا مَکَانُ دَحْضٍ یہ پھسلنے کی جگہ ہے ایک شاعر کا قول ہے ؎

رَمَیْتُ وَنَجّٰی الْیَشْکُرِیَّ جَذَارُہٗ
وَحَادَ کَمَا حَادَ الْبَعِیْرُ عَنِ الدَّحْضِ

تو لڑک کر گر گیا اور احتیاط سے لشکری کو بچا لیا وہ اس طرح مڑ کر بچ گیا جس طرح پھسلن کے مقام سے اونٹ مڑ کر بچ جاتا ہے۔

دَحَضَتِ الشَّمْسُ عَنْ کَبِدِ السَّمَاءِ نقطہ وسط النہار سے سورج ڈھل گیا۔ مزید تنقیح کے لئے (دیکھو احضۃ) ۲۳/۹۔

مَدْحُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر منصوب دَحْرٌ اور دحورٌ مصدر، باب نصر۔ رحمت سے دور کیا ہوا۔ ہنکایا ہوا۔ نکالا ہوا۔ دحورٌ کا معنی ہے دور کرنا، ہنکانا۔ دَحُوْرٌ صیغہ صفت (دیکھو دُحُورًا) ۸/۹ ۱۵/۴،۲۔

مُدْخَلَ: مصدر میمی مضاف باب افعال داخل کرنا۔ (مزید تنقیح کے لئے لفظ دخل، دخلوا اور مخرج) ۱۵/۹۔

مُدْخَلًا: مصدر میمی نکرہ، داخل کرنا۔ ۵/۲ ۱۷/۱۵۔

مُدَّخَلًا: اسم ظرف، باب افتعال۔ دخلٌ مادہ، داخل ہونے کا مقام، گھسنے کی جگہ، یہ لفظ اصل میں مُدْتَخَلًا تھا، تاء کو دال سے بدل کر دال کو دال میں ادغام کر دیا۔ ۱۰/۱۳۔

مِدْرَارًا: صیغہ مبالغہ، دَرٌّ مصدر واسم بہت برسنے والا، دَرٌّ کا معنی ہے ہر چیز کی خوبی

Presented by Ziaraat.Com

دودھ، دودھ کی کثرت، روانی، دِرَّۃٌ اسم مصدر دودھ خون، دودھ کی کثرت، روانی، بارش، دَارٌّ اسم فاعل، رواں، برسنے والا۔ دَرَّتِ النَّاقَۃُ (نصر وضرب متعدی) اونٹنی نے بہت دودھ دیا۔ دَرَّ الْعَرَقُ (ضرب لازم) پسینہ جاری ہوگیا دَرَّ السِّرَاجُ چراغ روشن ہوگیا۔ دَرَتِ السُّوْقُ بازار کھل گیا۔ چل گیا۔ دَرَّ وَجَعُہٗ بیماری سے اچھا ہونے کے بعد تیسرے چہرے پر رونق آگئی۔ ان تمام مشتقات کا مادہ دَرٌّ ہے جس کا اصل معنی دودھ یا دودھ کی کثرت اور روانی ہے توسیع استعمال کے بعد پانی برسنے چراغ کے نور پھیلنے بازار کے پُررونق ہونے اور چہرہ پر صحت کی چمک آجانے کو کہہ لیا گیا اس کے بعد تیسرے نمبر پر ہر خوبی اور اچھائی کیلئے اس کا استعمال ہونے لگا۔ ۷/۱۲/۵ ۲۹/۹۔

مُدْرَكُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع۔ مُدْرَكٌ واحد، اِدْرَاكٌ مصدر، باب افعال، دَرْكٌ مادہ، ہم تعاقب کر کے پکڑ لئے جائینگے دشمن ہم تک پہنچکر ہم کو پکڑ لیں گے ادراک کا معنی ہے کسی چیز کا اپنے منتہا پر پہنچ جانا اَدْرَكَ الْغُلَامُ لڑکا بالغ ہوگیا۔ اَدْرَكَ الثَّمَرُ پھل اس حد تک پہنچ گیا کہ اس کو استعمال کیا جاسکتا ہے (لازم) اَدْرَكَہٗ (متعدی) اسکو پالیا، حاصل کرلیا، پہنچ گیا (دیکھو ادرکہ باب الالف مع الدال) اَدْرَكْتُہٗ بِبَصَرِیْ میں نے اس پر اپنی نظر پہنچادی یعنی دیکھ لیا۔ تَدَارَكَ۔ اِدَّارَكَ۔ اَدْرَكَ۔ مُدْرَكٌ سب کا مادہ دَرْكٌ ہے (دیکھو الفاظ مذکورہ کے لئے باب التاء باب الالف) ۱۹/۸۔

مُدَّكِرٌ: اسم فاعل واحد مذکر، اِدِّكَارٌ مصدر باب افتعال، نصیحت کو یاد رکھنے والا دل سے قبول کرنے والا۔ یہ لفظ اصل میں مُدْتَكِرٌ تھا تاء کو دال سے بدل کر دال کو دال میں ادغام کردیا (محلی) قبائل ربیعہ ذکر کو دکر کہتے ہیں باب افتعال میں پہنچکر اِدْتِكَارٌ کا اِدِّكَار ہوگیا، ادتکارٌ کا اسم فاعل مُدْتَكِرٌ ہے اور مُدْتَكِرٌ کو مُدَّكِرٌ کرلیا گیا۔ لیث کا قول ہے کہ ربیعہ والے دکر غلط بولتے ہیں اصل لفظ ذکر ہے لیکن قرآن مجید نے مُدَّكِر دال کے ساتھ استعمال کیا ہے پھر غلط کس طرح ہوسکتا ہے (ذکر کی توضیح کے لئے دیکھو ذکر کرنے والے ذاکرین تذکرہ وغیرہ) ۲۷/۱۰،۹،۸۔

مُدْهَامَّتَانِ: اسم فاعل واسم مفعول۔

Presented by Ziaraat.Com

تثنیہ مؤنث مُدْهَامَّةٌ واحد، دونوں سرسبز ہیں، اتنے سرسبز کہ ان کا رنگ کاہی سیاہ ہو گیا اِدْهِيمَامٌ مصدر سیاہ ہونا یعنی گہرا سبز کاہی ہو جانا دُهْمَةٌ سیاہی حَدِيقَةٌ دُهْمَاءُ انتہائی سرسبز باغ، دُهْمٌ ہر مہینہ کی آخری تین راتیں جن میں بالکل تاریکی ہوتی ہے دُهَيْمٌ اور دُهَيْمَةٌ کالی مصیبت یعنی سخت مصیبت۔ ۲۷/۱۳۔

مُدْهِنُونَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع اِدْهَانٌ مصدر، باب افعال۔ بے وقعت سرسری سمجھنے والے۔ چکنی چپڑی باتیں بنانے والے، مکھن لگانے والے۔ اِدْهَانٌ کا معنی ہے کسی چیز کو بے وقعت ناقابلِ توجہ سمجھنا۔ نرمی کرنا۔ چکنی چپڑی باتیں بنانا۔ ایک شاعر کہتا ہے ؎

اَلْحَزْمُ وَالْقُوَّةُ خَيْرٌ مِنَ الْاِدْهَانِ: دُهْنُ الْقِلَّةِ وَالْهَانِ

پختہ دانش اور قوت بہتر ہے کسی چیز کو بے وقعت سمجھ کر ناقابلِ توجہ قرار دینے سے اور ضعف اور بزدلی سے اصل میں دُھن تیل کو اور دھن تیل لگانے کو کہتے ہیں تیل کی مالش کا استعمال اپنے حقیقی معنی کے علاوہ دو مجازی معنی میں بھی ہوتا ہے۔

۱۔ کسی چیز کا خفیف ہلکا تھوڑا استعمال جیسے دَهَنَ الْمَطَرُ الْاَرْضَ زمین کو بارش نے کسی قدر گیلا کر دیا، ایک ہلکا چھینٹا پڑ گیا۔

۲۔ دھوکہ دینا، باتیں بنانا، کسی پر مکھن لگانا، آیت میں یہی آخری معنی مراد ہے (راغب) ۲۷/۱۶۔

مَدِيْنُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع وہ لوگ جن کو بدلا دیا جائے، بدلا دئے جاؤ گے یہ لفظ دَانَ يَدِيْنُ دِيْنًا سے ماخوذ ہے، دین کا معنی ہے بدلا (دیکھو دین) محلی وخازن ان لوگوں کو بھی مدینون کہا جاتا ہے جو کسی کے زیرِ انتظام ہوں کوئی ان کا حاکم ہو کسی کا حکم ان پر مسلط ہو (تاج۔ زجاج) دَانَ السُّلْطَانُ رَعِيَّتَهُ بادشاہ نے اپنی رعایا کا انتظام کیا (قاموس) آیت میں اول معنی مراد ہے ایک شاعر کا قول ہے، فَدِنَّاهُمْ كَمَا دَانُوْا، ہم نے ان کو ویسا ہی بدلہ دیا جیسا انہوں نے دیا تھا۔ ۲۳/۶۔

مَدِيْنِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مجرور مَدِيْنٌ مفرد، زیرِ حکم مسخر محکوم یعنی اگر تم کسی کے زیرِ حکم اور مسخر نہیں ہو (زجاج) اگر تم کسی کے مملوک نہ ہو (لسان) ۲۷/۱۶۔

مَدْيَنَ: اسم معرفہ علم۔ حضرت شعیب کا

قبیلہ اور اسکی بستی جس کا محلِ وقوع عقبہ سے شرقی جانب تھا آج کل اس کو معان کہتے ہیں، اہلِ تاریخ جزیرہ سینا سے حدودِ فرات تک پورے علاقہ کو مدین کے نام سے موسوم کرتے ہیں، یہ لوگ تجارت پیشہ تھے، مصر فلسطین اور لبنان سے تجارت کرتے تھے (معجم القرآن) ۸/۱۳ ب ۱۰/۱۵ ب ۱۲/۸ ب ۱۱/۱۶ ب ۱۷/۱۳ ب ۶ و ۸/۱۶ ب ۲۰۔

اَلْمَدِیْنَۃ: اسم نکرہ، پرانا شہر، مدائن اور مُدُن جمع، اسم معرفہ، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دار الہجرۃ کا نام جسکو ہجرت سے پہلے یثرب کہتے تھے ۹/۴ ب ۱۲/۱۴ ۲۰/۵ میں مصر مراد ہے ۱۱/۴ ب ۲۲/۵ ب ۲۸/۱۳ میں مدینہ پاک مراد ہے ۱۴/۵ بحیرۂ مردار کے ساحل پر قومِ لوط کی بستی جس کا نام بقول صاحبِ قاموس، سَدُوْمُ اور بقول جوہری سدُوم تھا اکثر اہلِ تفسیر نے سدوم ہی لکھا ہے ۱۵/۱۵ میں طرسوس مراد ہے جس کا قدیم نام افسوس تھا اسلامی دور میں اسکو طرسوس کہنے لگے ۱۶/۱ میں انطاکیہ مراد ہے جس کا نام قریہ بھی تھا ۱۹/۱۹ میں ثمود کی بستی حجر مراد ہے۔

اَلْمَدَائِن: جمع، المدینۃ واحد شہر مراد فرعون کے ممالکِ محروسہ۔ ۹/۴ ب ۱۹/۷، ۸

مُذَبْذَبِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر، منصوب، مُذَبْذَبٌ واحد، ذَبْذَبَۃٌ بروزن دَحْرَجَۃٌ مصدر، ڈانوا ڈول، پس و پیش میں مبتلا، نہ اِدھر نہ اُدھر، ادھر میں معلق راغب نے اس کا ترجمہ مضطرب کیا ہے، ثلاثی مجرد ذَبَّ (نصر) اور ثلاثی مزید تَذْبِیْبٌ (تفعیل) کا معنی ہے، دفع کرنا، ہنکانا۔ خشک ہوجانا۔ ذَبَّابٌ اور مِذَبٌّ بہت دفع کرنے والا۔ ذَبَّ فُلَانٌ مضطرب ہوا، ایک جگہ قرار نہ پکڑا، ذَبَّ الحوضُ حوض خشک ہوگیا ذَبَّ عَنْہُ کسی چیز سے روکا، دفع کیا (وکلاہما من نصر) ذَبَّ جِسْمُہٗ، اس کا بدن سوکھ گیا۔ ذَبَّ فُلَانٌ اس کا رنگ بگڑ گیا۔ (ضرب) تَذَبْذُبٌ ڈانوا ڈول ہونا، کسی ایک بات یا ایک حالت پر نہ جمنا ایک شاعر کا قول ہے: تَرٰی کُلَّ مُلْکٍ دُوْنَہَا یَتَذَبْذَبُ ہر بادشاہ اس سے کم درجہ پر بھی مضطرب ہوتا ہے۔ ۵/۱۸۔

مُذْعِنِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، اِذْعَانٌ مصدر، باب افعال۔ ذُعْنٌ مادہ، اطاعت کرنیوالے، فرمانبردار، نَاقَۃٌ مُذْعِنَۃٌ فرمانبردار اونٹنی (راغب) ذَعَنٌ لَہٗ (سمع)

Presented by Ziaraat.Com

اس کا فرمانبردار ہو گیا۔ اَذْعَنَ لَہٗ (باب افعال) اس کے سامنے عاجزی کی، فرمانبرداری کی۔ اطاعت کے لئے دوڑا۔ اقرار کیا۔ (قاموس) ۱۸/۱۲۔

مُذَكِّرٌ: اسم فاعل واحد مذکر، تَذْكِيرٌ اور تَذْكِرَةٌ مصدر، باب تفعیل، ذکر مادہ۔ نصیحت کرنے والا زندگی کا بھولا ہوا سبق یاد دلانے والا، نیکوں کی جزا اور بروں کی سزا کا تذکرہ کرنے والا (دیکھو ذکرٌ ذکر لے تذکرۃ) ۳۰/۱۳۔

مَذْكُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر، ذِكْرٌ مصدر، باب نصر، قابلِ ذکر، موجود (دیکھو ذکر و ذکریٰ)

مَذْمُوْمٌ: اسم مفعول مفرد مرفوع، ذَمٌّ مصدر (نصر) وہ شخص جس کی برائی کی جائے لوگ جس کی ذم کریں، ذَمٌّ اور ذِمٌّ صفت کے صیغے بھی ہیں یعنی مذموم کے ہم معنی، مُذَمَّمٌ وہ شخص جس کی سخت برائی کی جائے ذِمَّةٌ وہ عہد جس کی خلاف ورزی پر لوگ بُرا کہیں (دیکھو ذِمَّةٌ) ۲۹/۶۔

مَذْمُوْمًا: اسم مفعول مفرد منصوب، مذمت کیا ہوا، عیب دار (محلی) ذَئِيمٌ اور ذَائِمٌ (اسم) بمعنی عیب، اور (مصدر) بمعنی ذم، ذَامَ يَذِيْمُ ذَيْمًا اور ذَأَمَ يَذْأَمُ ذَأْمًا دونوں کے معنی ایک ہیں، استعمال دونوں طرح ہے (اخفش و قاموس) ۸/۹۔

مَرَّ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، مُرُوْرٌ مصدر (نصر) وہ گزر گیا، اِمْرَارٌ (باب افعال) رسّی کو بٹنا، مزہ کا تلخ ہو جانا۔ مَرِيْرَةٌ اور مُمَرَّرٌ رسی (دیکھو تَمُرُّ اور تَمُرُّوْنَ) ۳/۳ ۱۱/۴ ۱۲/۴ ۲۰/۳۔

مَرَّتْ: واحد مؤنث غائب (نصر) وہ گزری (دیکھو تَمُرُّ اور تَمُرُّوْنَ اور مَرَّ) بعض لوگوں نے کہا آیت میں مَرَّتْ کا معنی ہے اِسْتَمَرَّتْ یعنی ایک مدت تک وہ اسی حالت میں رہی، مدت تک یونہی گزرتی رہی (راغب) ۹/۱۴۔

اَلْمَرْءُ: مرد، اس لفظ کی جمع نہیں آتی اَلْمَرْءَةُ عورت (دیکھو مرء اور اِمْرَأَتُہٗ اور اِمْرَأَتِیْ) مُرُوْءَةٌ کمال مردیت، شرافت (اسم مصدر) ۲/۵ ۳۰۔

اَلْمَرْءِ: بتفصیلِ مذکور۔ ۹/۱۲ ۹/۱۴۔

مِرَاءً: مصدر منصوب، باب مفاعلۃ، جھگڑا کرنا، ایسی چیز میں جھگڑا کرنا جس میں تردد کیا جا رہا ہو۔ اِمْتِرَاءٌ (باب افتعال) کا بھی یہی معنی ہے اصل میں دودھ دوہنے کے لئے جانور کے

تھن سہلانے کو مَرْیٌ کہتے ہیں، نتیجہ تک پہنچنے کے لئے امر نزاعی میں باہم گفتگو کرنیوالے بھی جھگڑتے ہیں (راغب) ۱۵/۱۵۔

مَرَّةً: ایک بار۔ ۷/۱۹، ۳ و ۸ و ۱۶ و ۱۷/۱۰، ۱۱/۵، ۱۵/۱۸ و ۵/۱۱، ۱۶/۱۱، ۲۳/۴، ۲۴/۱۷۔

مَرَّتَانِ: تثنیہ مرفوع مَرَّةٌ واحد ۲ بار ۲/۱۳۔

مَرَّتَيْنِ: تثنیہ منصوب " " " ۱۱/۵، ۱۲/۱۵، ۳۰/۹، ۲۲/۱۔

مَرَّاتٍ: جمع منصوب مَرَّةٌ واحد چند بار، بہت بار، ۱۸/۱۴ مَرَّ اور مُرور کا معنی ہے گزرنا۔ جب وحدت پر دلالت کرنیوالی تاء مَرَّ کے آخر میں بڑھا دی گئی تو ایکبار گزرنے کا معنی ہو گیا، اس کے بعد مَرَّةٌ کا تثنیہ اور جمع بنالی لیکن عمومی استعمال میں اس لفظی ساخت کا لحاظ نہیں کیا جاتا نہ گزرنے کا مفہوم مراد لیا جاتا ہے بلکہ بار اور دفعہ کا عمومی معنی ہوتا ہے گویا مرّۃ کا معنی ہو گیا ایک بار خواہ فعل کوئی ہو فعل کی وحدت یا اثنینیت یا کثرت کو ظاہر کرنے کے لئے لفظِ مرّۃ کا استعمال بصورتِ وحدت یا بصورتِ تثنیہ یا بصورتِ جمع ہوتا ہے۔

مِرَّةٍ: قوت اور جسمانی کرختگی، ابنِ عباس نے فرمایا خوبصورتی، قتادہ کا قول ہے جسمانی ساخت لمبی، خوبصورت (معالم) ۲۷/۵۔

اَلْمَرَاضِعَ: جمع، المرضع واحد، مَرْضَعٌ ظرف مکان ہے، دودھ پینے کی جگہ، چھاتیاں اور مصدر میمی بھی ہے، چھاتی سے دودھ پینا (ضرب وسمع) (تاج) لَئِيمٌ رَاضِعٌ انتہائی کنجوس، اصل یہ ہے کہ جو شخص رات کو چپکے سے اپنی بکریاں دوہ لے تاکہ پڑوسی دوہنے کی آواز نہ سن پائے ایسے آدمی کو لئیم راضع کہا جاتا ہے (مفرداتِ راغب) اس معنی میں فعل کَرُمَ اور فَتَحَ سے آتا ہے (قاموس) (رضاعت کی تشریح کے لئے دیکھو الرضاعۃ ارضعن، رضاع، تسترضعوا) ۲۰/۴۔

مُرَاغَمًا: ظرفِ مکان باب مفاعلۃ، جائے گریز، جائے فرار، ہجرت کا مقام، رغام غبار کو کہتے ہیں، اسی سے رَغَمَ اَنْفُهٗ (اسکی ناک خاک آلود ہو) اور اَرْغَمَ اَنْفَهٗ (اس کی ناک کو خاک آلودہ کر دیا) بنایا گیا، ناک کا خاک آلودہ ہونا یعنی مٹی پر رگڑنا ذلت کی علامت ہے اسلئے رَغِمَ اَنف کا معنی ذلت ہو گیا اور ذلت سے غصہ آنا لازم ہے اس لئے رغم انف سے غضبناک ہونا اور ناراض ہونا مراد لیا جاتا ہے ایک شاعر

Presented by Ziaraat.Com

کہتا ہے ؎

إِذَا رَغِمَتْ تِلْكَ الْأُنُوفُ لَمْ أُرْضِهَا

وَلَمْ أَطْلُبِ الْعُتْبَى وَلَكِنْ أَزِيدُهَا

جب ان کی ناکیں غبار آلود ہو جائیں یعنی وہ ناراض ہو جائیں تو میں ان کو راضی نہیں کرونگا اور نہ ان کی رضامندی چاہوں گا بلکہ ناراضگی اور بڑھا دوں گا۔

ذلت محسوس کرنے کے بعد ناراض ہو کر آدمی کا اپنے مخالف کے پاس سے ہٹ جانا کہیں چلا جانا لازم ہے اس لئے مُرَاغَمًا سے مراد ہو گیا، کہیں چلے جانے کا مقام، ہٹ جانے کی جگہ ہجرت کا مقام (معجم القرآن) ۵/۱۱۔

اَلْمَرَافِقِ: (اسم آلہ) جمع المرفق واحد کہنیاں، اصل میں مرافق ان چیزوں کو کہتے ہیں جن کے سہارے یا ذریعہ سے آرام یا نفع حاصل کیا جاتا ہے کہنی کے سہارے سے بھی آدمی آرام پاتا ہے اس لئے مرفق کا اطلاق کہنی پر ہونے لگا۔ مِرْفَقَۃٌ تکیہ گاؤ۔ مَرَافِقُ الدَّارِ مکان سے فائدہ حاصل کرنے کے مقامات مثلاً پرنالہ بیت الخلاء دروازہ راستہ وغیرہ مَرَافِقٌ بمعنے موافق۔ رِفق نرمی نفع۔ حسن سلوک۔ رَفَقٌ سہل الوصول چیز،

رفاقۃ ہم سفر ہونا (باب سمع) رفیق۔ ہم سفر ساتھی رَفَقَ بِہٖ اور رَفَقَ عَلَیْہِ اس کے ساتھ نرمی کی اس کا مصدر رِفْقٌ اور مَرْفِقٌ آتا ہے اور چونکہ خود لازم ہے اس لئے متعدی بنانے کے لئے فعل کے بعد با بھی آتا ہے اور علی بھی، اس صورت میں نَصَرَ کَرُمَ اور سَمِعَ تینوں ابواب سے اس کا استعمال ہوتا ہے لیکن اگر رَفَقَ کو خود متعدی کر دیا جائے اور رَفَقَہٗ کو اَرْفَقَہٗ کی طرح قرار دیا جائے تو نفع پہنچانے کا معنی ہوتا ہے اور فعل صرف باب نَصَرَ سے آتا ہے، اِرْتَفَقَ (باب افتعال) کہنی یا تکیہ کے سہارے سے آرام لیا کہنی بچھا کر اس پر رخسار رکھا۔ مُرْتَفِقٌ اسم فاعل اور مُرْتَفَقٌ ظرف مکان ہے۔ ۶/۲۹۔

مِرْفَقًا: اسم آلہ مفرد، وہ چیز جس کے ذریعہ سے نفع حاصل کیا جائے مراد صبح شام کا کھانا (محلی بیضاوی) ۱۵/۱۴

مُرْتَفَقًا: ظرف مکان، مقام آرام وہ جگہ جہاں آرام حاصل کیا جائے۔ دوزخ آرام کی جگہ نہیں ہے، جنت محل آسائش ہے جنت کے لئے مرتفقا کا استعمال اسی رکوع کے آخر میں کیا گیا ہے تقابل لفظی کی وجہ سے دوزخ کے لئے اس جگہ اس

Presented by Ziaraat.Com

لفظ کو استعمال کیا گیا (بیضاوی و مدارک) پروفیسر عبدالرؤف نے معجم القرآن میں اس توجیہ کی تردید کی ہے اور دوزخ جنت دونوں کے لئے کلام کو حقیقت پر محمول کیا ہے لکھا ہے، ارتفاق کا معنی ہے کہنی بچھا کر اس پر رخسار رکھنا، یہ ہیئت ایک خوش عیش دولت مند کی ہوتی ہے اور غمگین مصیبت زدہ، الم رسیدہ کی بھی، ایک شاعر کا قول ہے ؎

إِنِّي ارْتُفِتُ فَبِتُّ اللَّيْلَ مُرْتَفِقًا

كَأَنَّ عَيْنِيَ فِيهَا الصَّابُ مَذْبُوحُ

میں بیدار رہا اور رات بھر کہنی پر سر رکھ کر گزار دی ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میری آنکھ میں ایلوا لگا دیا گیا ہے، اس سے ثابت ہوا کہ مُرتفق مقام آسائش بھی ہوتا ہے اور مقام حزن و الم بھی، صاحب معجم کو شعر کا مطلب سمجھنے میں کچھ غلط فہمی ہوئی بات یہ ہے کہ مرتفق کہنی بچھا کر اس پر رخسار رکھنے والے کو کہتے ہیں اس وجہ سے ہیں کہ عموماً اس صورت سے آرام ملتا ہے، اصل مادہ رِفق ہی ہے، کوئی مشتق مادۂ اشتقاق سے ہٹ کر مفہوم کو ظاہر نہیں کر سکتا اس لئے مرتفق کبھی دکھ پانے والے کو نہیں کہہ سکتے ہاں اس دکھ رسیدہ کو کہہ سکتے ہیں جو اپنا دکھ دور کرنے اور کسی قدر آرام پانے کے لئے کہنی بچھا کر اس پر سر رکھ لے شاعر کی بھی یہی مراد ہے، جب بیچارے کو رات بھر نیند نہ آئی اور بے چینی بڑھتی رہی تو اس نے کسی قدر آرام پانے کی یہ شکل پیدا کی کہ کہنی بچھا کر اس پر سر رکھ کر رات گزار دی نیند نہ ہوئی کچھ آرام تو ملا لیکن دوزخ تو ایسی جگہ نہیں کہ دوزخی کہنی بچھا کر اس پر سر رکھ کر آرام کریں نہ آرام حاصل کرنے کے لئے اس طرح دوزخیوں کا لیٹنا کہیں مروی ہے نہ اقتضاء دانش ہے کہ وہاں ایسا ہو سکتا ہے اسلئے دوزخ پر مُرتفق کا اطلاق محض تقابل لفظی کیوجہ سے ہی کیا گیا ہے اور بیضاوی ایسے محققین کی تشریح ہی صائب ہے۔ ۱۵/۱۶

مُرْتَابٌ: اسم فاعل واحد مذکر، اِرْتِیَابٌ مصدر باب افتعال، ریب مادہ، شک میں پڑنے والا۔ یہ لفظ اصل میں مُرتَیِبٌ تھا (دیکھو اِرْتَابَ، اِرْتَابُوا، رَیْب) ۲۴/۹۔

مُرْتَقِبُونَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع، اِرْتِقَابٌ مصدر، باب افتعال، رَقْبٌ مادہ، انتظار کرنے والے۔ دیکھنے والے (دیکھو ارتقبوا۔ رقیب) ۲۵/۱۶۔

Presented by Ziaraat.Com

مَرَجَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، مَرَجٌ مصدر، باب نَصَرَ (ایک کو دوسرے سے ملا ہوا آزاد چھوڑ دیا۔ مُرُوجٌ بمعنے اختلاط (باب سمع) مَرِجَ اَمْرُھُمْ ان کا معاملہ گڑبڑ ہو گیا، صاف نہ ہوا اَمْرٌ مَرِیْجٌ گڑبڑ معاملہ غُصْنٌ مَرِیْجٌ گنجھی ہوئی پیچیدہ، ژولیدہ شاخیں، مَرْجٌ وہ لان یا میدان جس میں سبزہ خوب ہو اور گھانس باہم مل کر گنجھ جائے (دیکھو مارج) ۱۹/۳ ۲۷/۱۱۔

اَلْمَرْجَانُ: اسم جمع اَلْمَرْجَانَۃُ مفرد چھوٹے موتی (راغب۔ معجم) ۲۷/۱۱ و ۱۳۔

مَرْجِعُکُمْ: مصدر مضاف کُمْ ضمیر مخاطب مضاف الیہ، دوبارہ تمہارا لوٹنا، تمہارا لوٹایا جانا۔ لازم بھی ہے اور متعدی بھی اول کا مصدر رَجْعٌ اور دوسرے کا رجوع ہے مَرْجِعٌ کو لازم بھی، کہا جا سکتا ہے اور متعدی بھی، باب ضرب سے مَرْجِعٌ اگرچہ مصدر آتا ہے لیکن ہے شاذ، کیونکہ ضَرَبَ سے مفعل کے وزن پر مصدر آنا نادر ہے عین کا فتحہ آتا ہے۔ (قاموس)

رجوع کا اصل معنی ہے مقامِ آغاز کی طرف دوبارہ لوٹنا خواہ آغاز حقیقی ہو یا اس کو نقطۂ آغاز مان لیا گیا ہو تمام انسان اس دنیا میں اللہ کی طرف سے آئے ہیں وہی مبدء اور نقطۂ آغاز ہے دنیا میں زندگی کی شاہراہ طے کر رہے ہیں اس گول چکر کو طے کرنے کے بعد پھر مبدءِ اول سے ملجاتے ہیں گویا جو نقطۂ آغاز تھا لوٹ کر وہی نقطۂ انجام بن جاتا ہے (دیکھو رجع رجوا رجعا رجعی معجون) ۳/۱۴ ۱۶/۱۱ ۴/۱۳ ۷/۶ ۸/۷ ۱۱/۱۲ ۲۰/۱۳ ۲۱/۱۱ ۲۳/۱۵۔

مَرْجِعُھُمْ: مرجع مصدر مرفوع مضاف ھُمْ مضاف الیہ ان کا لوٹنا یا لوٹایا جانا ۷/۱۹ ۱۱/۱۰ و ۱۲ ۲۱/۱۲

مَرْجِعَھُمْ: مرجع مصدر منصوب مضاف ھُمْ مضاف الیہ ان کا لوٹنا، ان کا لوٹایا جانا۔ ۲۳/۶

مُرْجِفُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع اِرْجَافٌ مصدر باب افعال رَجْفٌ مادہ، لرزہ انگیز جھوٹی خبریں، لوگوں کے دلوں کو لرزا بھی دیتی ہیں رَجَفَتِ الْاَرْضُ (ضرب) زمین لرزنے لگی، بھونچال آگیا۔ بَحْرٌ رَجَّافٌ لہریں مارتا ہوا سمندر، (دیکھو ترجف، الرجفۃ، الراجفۃ) ۲۳/۵۔

مَرْجُوًّا: اسم مفعول واحد مذکر رَجَاءٌ مصدر امید گاہ جس سے آس لگی ہو یا حقیر (لغت حمیر) رَجَاءٌ رِجَارٌ رَجْوٌ رَجَاوَۃٌ سب مصدر ہیں (نصر) یہ لغاتِ اضداد میں سے ہے

امید اور خوف دونوں معنی کے لئے آتا ہے (کشاف وتاج ولسان) آیت میں امید کے معنی میں مستعمل ہے۔ ۱۲/۶۔

مَرْجَوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر، مرجی مفرد از جلاء مصدر، وہ لوگ جن کا معاملہ ٹالدیا جائے ملتوی کردیا جائے، پیچھے کردیا جائے، معلق رکھا جائے (دیکھو ترجی) اس جگہ مراد تین آدمی ہیں، مارہ بن ربیع، کعب بن مالک، ہلال بن امیہ۔ جب حضورِ اقدس نے غزوہ تبوک کو تشریف لیجانے کا ارادہ کیا تو تمام مسلمانوں کو تیار رہنے اور ہمرکاب چلنے کا پہلے سے حکم دیدیا مگر روانگی کے وقت منافق چھپ رہے اور چند مسلمان بھی بغیر شرعی عذر کے نہ جاسکے جب حضورِ والا واپس آئے تو منافقوں نے حیلے بہانے کئے اور جھوٹے عذر پیش کردئے حضورِ والا نے بظاہر قبول فرمالئے لیکن مخلص اہلِ ایمان نے کھلم کھلا اپنے قصور کا اعتراف کرلیا اور مسجد کے ستونوں سے اپنے آپ کو بندھوایا اور سچے دل سے توبہ کی، انکی توبہ قبول ہوئی۔

مذکورہ بالا تینوں حضرات نے بھی اگرچہ اپنے جرم کا اعتراف کرلیا تھا اور منافقوں کی طرح جھوٹے حیلے نہیں بنائے تھے لیکن پچاس روز تک ان کے معاملہ کو معلق رکھا گیا اور آخر میں توبہ قبول ہوئی۔ پوری تفصیل صحاح میں مذکور ہے (مدارک معالم۔ کبیر) ۱۱/۲۔

اَلْمَرْجُوْمِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر، مرجوم مفرد، رجم مصدر وہ لوگ جنکو سنگسار کردیا جائے پتھر مار کر ہلاک کردیا جائے، رِجَامٌ پتھر رَجْمٌ پتھر مار کر ہلاک کرنا۔ دھتکار دینا۔ ہنکا دینا۔ نکال باہر کرنا۔ (دیکھو رَجِیْمٌ اور رَجْمَنَاکَ اور رَجْمَنَاکَ) رجیم مردود صفوفِ ملائکہ سے نکالا ہوا پھٹکارا (دیکھو الرجیم) رَجْمَۃٌ اور رُجْمَۃٌ قبر کے پتھر۔ مجازاً قبر بھی مراد لیجاتی ہے رِجَامٌ اور رُجْمٌ جمع (قاموس)

سنگسار کرنے کا دستور قدیم زمانہ سے یہانتک کہ حضرت نوح کے عہد سے اقوامِ عالم میں جاری ہے شریعتِ یہود میں رجم واجب تھا (اصحاح ۱۷ آیت ۲۴ و ۲۵) حضرت عیسیٰ مسیح کے متعلق مذکور ہے اسکو تمام اسرائیلیوں نے سنگسار کیا اور آگ سے جلایا۔ مسیح نے جب انجیر کے درخت کے پھل توڑنا چاہے اور پھل ہاتھ نہ آئے تو درخت پر پتھر مارے اس کی تقلید

Presented by Ziaraat.Com

ہیں عیسائی آج تک اس درخت کی جگہ پر سنگباری کرتے ہیں (متی اصحاح ۲۱)

دور جاہلیت میں اسلام سے پہلے شادی شدہ زانی کو رجم کی سزا دی جاتی تھی بلکہ زیادہ منحوس و مبغوض آدمیوں کی قبروں تک کو سنگسار کیا جاتا تھا چنانچہ ابورمال اور ابوجہینہ کی قبروں پر پتھر مارنے کا دستور تھا جریر کے مندرجہ ذیل شعر میں اسی کی طرف تلمیح ہے ؎

إِذَا مَاتَ الْفَرَزْدَقُ فَارْجُمُوهُ
كَمَا يَرْمُونَ قَبْرَ أَبِي رِغَالِ

فرزدق مرجائے تو اس کی لاش کو سنگسار کر دینا جس طرح ابورغال کی قبر کو لوگ سنگسار کرتے تھے، اسلام میں ایام حج میں عقبہ وسطی اور صغریٰ پر پتھریاں ماری جاتی ہیں اور بیوی رکھنے والے زانی مرد اور شوہر والی زانیہ عورت کو سنگسار کر دینے کا حکم ہے۔ ۱۹/۱۰۔

مَرَحًا: اسم فعل۔ باب سمع۔ اترانا۔ اکڑنا۔ اکڑ کر مَرَح اترانے اور غرور آمیز اکڑنے کو کہتے ہیں۔ مَرِح صفت مشبہ، اترانے والا۔ مرحی تعب کا لفظ ہے (راغب) دیکھو تمرحون) ۱۵/۴ ۲۱/۱۱۔

مَرْحَبًا: ظرف مکان۔ کشادہ جگہ لَا مَرْحَبًا کا معنی ہوا تمہارے لئے کشادہ جگہ نہیں ہے تم کو کوئی جگہ نہ دیگا تمہارا کوئی روادار نہیں ہے مرحبًا کا لفظ خوش آمدید کی جگہ مستعمل ہے اور حرف نفی آنے کی وجہ سے واپس جاؤ کا معنی پیدا ہو گیا اور اظہار نفرت کے لئے استعمال کیا گیا۔ رَحْبٌ کا معنی ہے فراخی کشائش گنجائش (دیکھو رَحْبَتْ) رَحِيبُ الْفِنَاءِ وہ شخص جس کے متعلقین اور نوکر چاکر بہت ہوں۔ رحیب الصدر کشادہ سینہ والا عالی ظرف، فراخ حوصلہ۔ ۲۳/۱۳

اَلْمَرْحَمَةِ: مصدر میمی بمعنی رحمت (دیکھو رَحْمَةٌ) ۳۰/۱۵۔

مَرَدَّ: اسم فعل، ٹالنا، لوٹانا۔ پلٹ دینا۔ ۱۳/۸ ب ۲۱/۸

مَرَدَّنَا: مَرَدَّ مضاف نا ضمیر مضاف الیہ ہمارا لوٹایا جانا۔ ۲۴/۱۰۔

مَرَدٍّ: ظرف زمان و مکان مجرور لوٹانے کا وقت اور مقام۔ اسم فعل لوٹایا جانا۔ ۲۵/۶۔

مَرَدًّا: اسم فعل لوٹایا جانا، مراد انجام۔ ۱۶/۸ (رَدٌّ کے معنی کی تنقیح کے لئے دیکھو باب الراء مع الدال اور لفظ ارتدوا وغیرہ۔

مُرْدِفِينَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب اِرْدَافٌ مصدر باب افعال۔ رِدْفٌ مادہ

پیچھے آنے والے، ایک کے بعد ایک آنے والے۔ پیچھے سے (مزید فرشتوں کو) لانے والے۔

رِدْفٌ کا معنی ہے پیچھے آنیوالا تابع۔ رِدْفٌ امرأۃ عورت کے سرین۔ ترادفٌ پے بہ پے چلنا۔ رَادِفٌ پچھلا۔ مُرادِفٌ اگلا جو اپنے پیچھے دوسرے کو لائے۔ ابو عبیدہ کے نزدیک رَدِفَ اور اَرْدَفَ دونوں کا ایک ہی معنی ہے یعنی پیچھے آیا اسی لئے انہوں نے مُرْدِفِیْنَ کا ترجمہ کیا ہے بعد کو آنیوالے اور استشہاد میں اس مصرعہ کو پیش کیا ہے ع

اِذَا الْجَوْزَاءُ اَرْدَفَتِ الثُّرَیَّا

جب جوزا ثریا کے پیچھے آئے۔ ابو عبیدہ کے علاوہ دوسرے اہلِ تفسیر نے مُرْدِفِیْنَ کا ترجمہ کیا ہے، پیچھے لانے والے یعنی مزید ملائکہ کو، گویا اس صورت میں یہ بشارت دی گئی کہ ان فرشتوں کو تو تمہاری مدد کے لئے ہم بھیجتے ہی ہیں لیکن انکے پیچھے مزید ملائکہ کو بھی بھیجیں گے۔

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ مُرْدِفِیْنَ سے وہ فرشتے مراد ہیں جو اسلامی لشکر سے آگے آگے کافروں کے دلوں میں مسلمانوں کا رعب ڈالنے پر مامور تھے، بعض قراءتوں میں مُرْدِفِیْنَ اسم مفعول کا صیغہ ہے اس وقت مطلب یہ ہوگا کہ ملائکہ کو مدد کے لئے مسلمانوں کے پیچھے لگا دیا گیا ہے (راغب) ۹/۱۵۔

مَرَدُوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف۔ مَرَدٌ مصدر، ہر بھلائی سے خالی ہو گئے اور نفاق پر اڑ گئے۔ مَرَدٌ کا معنی ہے خالی ہونا، برہنہ ہونا شیاطین ہر بھلائی سے خالی ہیں اس لئے ان کو مارد اور مَرِیْدٌ کہا گیا ہے (دیکھو مارد) شَجَرٌ اَمْرَدُ وہ درخت جس پر پتے نہ ہوں۔ رَمْلَۃٌ مَرْدَاءُ وہ ریگستان جس میں سبزہ نہ پیدا ہو غُلَامٌ اَمْرَدُ وہ لڑکا جس کی داڑھی مونچھ نہ نکلی ہو۔ مَرَدَ عَنِ الْقَبَائِحِ یا مَرَدَ عَنِ الْمَحَاسِنِ وہ برائیوں سے خالی ہو گیا یا خوبیوں سے خالی ہو گیا۔ ۱۱/۲۔

مَرْدُوْدٍ: اسم مفعول واحد مذکر، ردّ باب نصر، لوٹایا جانیوالا۔ ٹالا جانیوالا۔ غیر مردود کا ترجمہ ہونا نہ لوٹایا جانیوالا۔ نہ ٹالا جانیوالا (دیکھو رد اور رُدُّوا) ۱۲/۷

مَرْدُوْدُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع، مَرْدُوْدٌ واحد، لوٹائے جانیوالے۔ ۳۰/۳

مُرْسِلٌ: اسم فاعل واحد مذکر، مُرْسِلُوْنَ

اور مرسلین جمع ارسال مصدر باب افعال رِسل مادہ رِسْلٌ کا اصل معنی آہستہ نرمی کے ساتھ اٹھان۔ نَاقَۃٌ رِسْلَۃٌ سبک رفتار اونٹنی۔ رِسْلٌ کے معنی کے چونکہ دو جزء ہیں۔

۱ آہستگی نرمی ۲ اٹھان، اس لئے کبھی صرف جزء اول کا لحاظ کیا جاتا ہے جیسے علی رِسْلِکَ نرمی آہستگی اختیار کرو۔ کبھی صرف دوسرا جزء ملحوظ ہوتا ہے جیسے رسول یعنی بھیجا ہوا۔ مبعوث کیا ہوا خواہ حظ ہو یا آدمی یا فرشتہ یا پیام۔ رِسْلٌ سے جب باب افعال بنایا گیا تو اِرْسَالٌ کا معنی ہوا آزاد کرنا چھوڑا دینا، رہا کرنا روانہ، اسی وجہ سے آیت میں مُرْسِل کا ترجمہ ہوا چھوڑا دینے والا بندش کو دور کر دینے والا گویا مرسِل ممسک کی ضد ہو گیا اور کلمہ نفی داخل ہونے کے بعد ترجمہ ہوا کوئی چھوڑانے والا۔ رکاوٹ اور بندش کو کھولدینے والا نہیں، (مزید تحقیق کے لئے دیکھو ارسل ارسلون رُسُل رسول) ۲۲/۱۳۔

مُرْسَلٌ: اسم مفعول واحد مذکر مرفوع مُرْسَلُوْنَ اور مُرْسَلِیْنَ جمع، بھیجا گیا پیغمبر ۸/۱۷۔

مُرْسَلًا: اسم مفعول واحد مذکر منصوب پیغمبر ۱۳/۱۲۔

اَلْمُرْسَلَاتِ: اسم مفعول جمع مؤنث، اَلْمُرْسَلَۃ واحد اِرسال مصدر رَسَلٌ اونٹ یا بکری کی پیہم نرم رفتار کو کہتے ہیں اگر یکے بعد دیگرے قطار در قطار ہو کر گھوڑے یا اونٹ یا آدمی آئیں تو جا رُدَّا اِرسالًا کہا جاتا ہے آیت میں المرسلات سے مراد کیا ہے، یہ تشریح مختلف فیہ ہے، مجاہد و قتادہ کے نزدیک ہوائیں مراد ہیں جو پے بہ پے چلائی جاتی ہیں، بھیجی جاتی ہیں، مقاتل کے نزدیک ملائکہ مراد ہیں مسروق نے حضرت عبداللہ بن مسعود کا بھی یہی قول نقل کیا ہے۔ اس لفظ کے بعد لفظ عُرْفًا آیا ہے جس کی تشریح باب العین مع الراء میں گزر چکی لیکن لفظی مناسبت کا لحاظ کرتے ہوئے یہاں بھی کچھ بیان کرنا ضروری ہے، عرف گھوڑے کی ایال کو کہتے ہیں، گھوڑے کی ایال کے بال پیہم قطار در قطار ہموار ہوتے ہیں اس لئے المرسلات عُرْفًا کا معنی ہوا وہ ہوائیں جو گھوڑے کی ایال کی طرح ہموار پیہم اور مسلسل چلتی ہیں (مجاہد و قتادہ) یا عرف بمعنی معروف ہے یعنی ہر بھلائی اور خیر لیکن اس جگہ احکام خداوندی مراد ہیں

ملائکہ پیام احکام الٰہیہ کو لے کر بھیجے جاتے ہیں
اس صورت میں ترجمہ ہوا وہ فرشتے گواہ ہیں جنکو احکام
دیکر پیام بھیجا جاتا ہے (مقاتل و ابن مسعود) بغوی
فی المعالم۔ ۲۹/۲۱۔

مُرْسَلُوْا: اسم فاعل جمع مذکر مُرسِلٌ واحد اصل
میں مُرسلُون تھا اضافت کی وجہ سے نون ساقط
کر دیا گیا (ہم) پیدا کرنیوالے ہیں (پتھر سے)
اونٹنی برآمد کرنیوالے ہیں۔ ۱۹/۱۸ ب ۲۷/۹۔

اَلْمُرْسَلُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع
مُرسَلٌ واحد بھیجے گئے فرستادہ، پیام بر، کس
کو بھیجا گیا۔ یہ امر تفصیل طلب ہے ۱۹/۱۶ اور ۲۳/۳
میں اللہ کے بھیجے ہوئے انبیاء مراد ہیں ۱۹/۱۸ میں
ملکہ بلقیس کے قاصد ۱۴/۵،۴ اور ۲۷/۱ میں وہ ملائکہ
مراد ہیں جن کو قوم لوط پر عذاب نازل کرنے
کے لئے بھیجا گیا تھا ۲۲/۱۹ میں اس لفظ کی مراد
مختلف فیہ ہے، بغوی۔ رازی۔ سیوطی۔ محلی۔
بیضاوی۔ آلوسی۔ بغدادی۔ ابو السعود وغیرہ اکثر
مفسرین کے نزدیک حضرت عیسٰی کے تین قاصد
مراد ہیں جنہوں نے انطاکیہ (سرحد شام) کے
رہنے والوں کو حضرت مسیح کی طرف سے تبلیغ
کی تھی بقول وہب بن منبہ ان کے نام یحییٰ
یونس اور شمعون تھے اور کعب احبار نے صادق
صدوق اور شلوم کہا ہے مولانا اشرف علی تھانوی
اور بعض قدماء نے لکھا ہے کہ وہ تینوں اللہ کے
پیغمبر تھے میرے نزدیک بھی مؤخر الذکر قول حق
ہے اس جگہ جتنا قصہ بیان کیا گیا ہے اس کا
خلاصہ یہ ہے کہ اللہ نے کسی بستی کی ہدایت
کیلئے دو آدمی بھیجے کافروں نے ان کی تکذیب
کی اللہ نے انکی تائید کے لئے تیسرے کو بھیجا
اور تینوں نے کہا ہم کو تمہارے پاس بھیجا گیا ہے
کافروں نے جواب دیا تم تو ہم ہی جیسے انسان
ہو اس کے علاوہ کچھ بھی نہیں اللہ نے کوئی حکم
نازل نہیں فرمایا تم محض جھوٹے ہو قاصدوں نے
کہا اللہ گواہ ہے وہ واقف ہے کہ ہم کو یقیناً
تمہارے پاس بھیجا گیا ہے ہمارا ذمہ صرف اتنا
ہے کہ واضح طور پر اللہ کا پیام پہنچا دیں، کافروں نے
کہا تم منحوس ہو اگر باز نہ آئے تو ہم تم کو بڑا
دکھ دیں گے اور مار ڈالیں گے قاصدوں نے کہا تمہاری
تو خود تمہارے ساتھ ہے کیا ہم نے تم کو نصیحت
کی اور اللہ کا پیام پہنچایا تو اس لئے تمہاری
نظر میں ہم منحوس ہو گئے (کافروں نے قاصدوں
کو قتل کرنے کے لئے اندرونی مشورہ کیا) اس

Presented by Ziaraat.Com

اس مشورہ کی اطلاع ایک مومن شخص کو ہو گئی جو حاشیۂ شہر کا باشندہ تھا وہ دوڑا ہوا آیا اور قوم سے کہا قوم والو ان مرسلوں کی بات مانو اور انکے کہنے پر چلو الخ بغوی نے جو اسرائیلی قصہ نقل کیا ہے اس سے بھی قرآن کے اس بیان کی تائید ہوتی ہے بلکہ اسرائیلیات میں ان قاصدوں کی دعا سے مادرزاد اندھوں کا بینا ہونا کوڑھیوں کا تندرست ہونا اور مردوں کا زندہ ہونا بھی منقول ہے ان اسرائیلیات سے قطع نظر کر کے ہم قرآن مجید کے طرز ادا اور مکالمہ پر جب غور کرتے ہیں تو ہم کو ان مرسلوں کی طرف سے وہی جواب دیا جاتا ہے جو ہر پیغمبر کو دیا گیا ہے یہاں تک کہ جس طرح دوسرے پیغمبروں سے کافروں کی طرف سے کہا گیا ہے کہ تم ہم جیسے ہی انسان ہو تمہارے اندر کوئی اور بات نہیں ہے اسی طرح ان قاصدوں سے بھی کافروں نے کہا کہ تم ہماری ہی طرح انسان ہو اور اللہ نے (تم پر) کچھ نازل نہیں فرمایا یہ تمام قرائن اور قرآنی سیاق دلالت کر رہا ہے کہ ان قاصدوں نے اپنی پیغمبری کا دعویٰ کیا تھا، یہ الگ بات ہے کہ وہ پیغمبر ذیلی حضرت ہارون کی طرح تھے یا تشریعی نبی تھے۔ واللہ اعلم۔

(نوٹ) ۲۲/۱۹ میں ایک جگہ المرسلون معرفہ اور دو جگہ مرسلون نکرہ آیا باقی ہر جگہ المرسلون مذکور ہے۔

مُرْسِلَۃٌ: اسم فاعل واحد مؤنث مرسل واحد مذکر ارسال مصدر، بھیجنے والی مراد بلقیس۔ ۱۹/۱۸۔

مُرْسِلِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب مرسل واحد۔ بھیجنے والے، رسول بنانے والے ۲۰/۸ ۲۵/۱۴۔

اَلْمُرْسَلِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر منصوب مجرور مرسل واحد۔ بھیجے ہوئے ۲/۱۷ ۷/۱۰ ۸/۱۱ ۸/۱۷ ۱۴/۶ ۱۵/۲۰ ۱۸/۱۷ ۱۹/۶ ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ و ۱۴ ۲۰/۱۰ ۱۴ ۲۲/۱۸ ۱۹ ۲۳/۶ ۸ و ۹ مذکورہ تمام آیات میں پیغمبر مراد ہیں صرف ۲۲/۱۹ میں اختلاف ہے اکثر کے نزدیک حضرت عیسیٰ کے قاصد مراد ہیں اور بعض کے نزدیک اللہ کے نبی۔

مُرْسٰھَا: مُرسا مضاف ھا ضمیر مضاف الیہ، مصدر میمی ٹھیرانا۔ جمانا (سراج، راغب، آلوسی) اس کا مادہ ر س و ہے، رَسَا یرسو، باب نصر، رسو کا معنی ٹھیرنا، جگہ

Presented by Ziaraat.Com

پر جم جانا اس سے مصدر میمی مَرْسًا آتا ہے لیکن ثلاثی مزید میں باب افعال سے مصدر اِرْسَاءٌ اور مصدر میمی مُرْسًا آتا ہے، ٹھیرانا، جمانا، کشتی کا لنگر ڈالدینا۔

۹/۳ اور ۲۹/۴ میں ھا ضمیر قیامت کی طرف راجع ہے یعنی قیامت بپا کرنا کب ہوگا (خطیب، آلوسی، بیضاوی وغیرھم) حضرت ابن عباس نے فرمایا مُرْسَاہا کا معنی ہے مُنتہاھا (خطیب) ۱۳/۴ میں ھا ضمیر کشتی نوح کی طرف راجع ہے یعنی کشتی کا ٹھیرانا لنگر ڈالنا (تفصیل کے لئے دیکھو راسیات۔ رواسی۔ ارساہا)

مُرْشِدٌ | : اسم فاعل واحد مذکر، اِرْشَادٌ مصدر باب افعال رُشْدٌ مادہ، ثلاثی مجرد باب نَصَر اور سمع دونوں سے مستعمل ہے۔ رُشْدٌ کا معنی ہے صحیح راستہ پر چلنا، سیدھا کھڑا ہونا رَشْدَۃٌ اور رِشْدَۃٌ حلال زادہ، ارشاد راہِ راست بتانا، رہنمائی کرنا، مُرشِد سیدھا راستہ دکھانے والا (دیکھو رشید۔ رُشدا) ۱۵/۱۴۔

اَلْمِرْصَاد : ظرفِ مکان مفرد، مراصد جمع گھات لگانے کی جگہ یعنی جسطرح گھات لگاکر کسی مخفی مقام میں بیٹھنے والے سے، اُدھر سے گزرنیوالا دشمن بچ نہیں سکتا اور گھات لگانیوالے سے دشمن مخفی نہیں رہ سکتا، اسی طرح در پردہ اللہ بھی بندوں کے تمام اعمال سے باخبر ہے اس سے بچکر چھپکر کوئی شخص راہِ زندگی طے نہیں کرسکتا۔ گھات لگانیکے چار اجزا ہیں گھات لگانے کا مقام دشمن سے مخفی ہو، دشمن کی وہ گزرگاہ ہو وہاں بیٹھنے والے کو دشمن کے احوال کی اطلاع ہوجائے اور اس کی گرفت سے نہ بچ سکے، یہ ہی چاروں باتیں یہاں مراد ہیں، بندوں کو معلوم نہیں کہ اللہ کے علم کا کیا ذریعہ ہے اور وہ کس طرح ہمارے احوال کو دیکھ رہا ہے اور کہاں سے دیکھ رہا ہے، اور راہِ زندگی سب کو طے کرنی ہی ہے، سب ہی اس راستہ سے گزر رہے ہیں اللہ کو ان کے تمام احوال اور اقوال کا کامل علم ہے اور اس کی گرفت سے کوئی بچ نہیں سکتا۔

رَصَدٌ کا اصل معنی ہے گھات کرنے کے لئے تیار ہوجانا۔ باب نصر۔ رَصَدٌ صفت کا صیغہ بھی ہے، کبھی اس کا معنی فاعلی ہوتا ہے کبھی مفعولی ایک فرد ہو یا کثیر افراد ایک جماعت ہو یا کثیر جماعتیں سب پر اس کا اطلاق ہوتا ہے، رَصَدَ کے بعد مفعول بغیر لام کے نہیں آتا

رَصَدَہٗ کہا جاتا ہے ہاں اگر رصد کو متعدی بنانا ہو تو باب افعال سے اَرْصَدْتُہٗ لَہٗ کہا جائے گا، اول کا ترجمہ ہے اسکو تانکا اس کی گھات لگائی، دوسرے کا ترجمہ ہے میں نے اس کی گھات لگانے کے لئے کسی کو مقرر کر دیا کسی کو گھاتی بنا دیا۔ مَرْصَدٌ اور مرصاد ظرفِ مکان۔ پ ۳۰ ع ۱۴ (دیکھو ارصادًا)

مِرْصَادًا: مقامِ انتظار، گھات کی جگہ مرصادًا مبالغہ کا صیغہ ہے منتظر گھاتی۔ (ابو السعود، کمالین حاشیہ) پ ۳۰۔

مِرْصَدٍ: ظرفِ مکان، مفرد، گھات کی جگہ۔ گھات کا راستہ، مَرَاصِد جمع ہے۔

مَرْصُوْصٍ: اسم مفعول واحد مذکر، رَصَّ مادہ۔ مضبوط۔ سیسہ پلائی ہوئی۔

رَصٌّ دو چیزوں کو ملا کر جوڑ دینا، چپٹا دینا رَصَاصٌ رانگ سیسہ۔ اَرَصُّ جڑے ہوئے باہم پیوستہ دانت۔ تَرَاصُّ نماز کی صف میں نمازیوں کا باہم پیوستہ ہونا۔ مَرْصُوْصٌ مضبوط (جلالین) مضبوط ایسی گویا کہ اس میں سیسہ پلایا گیا ہے۔ (مفردات راغب) فراء کا بھی یہی قول ہے (روح) حضرت ابن عباس نے فرمایا اگر ایک پتھر پر دوسرا پتھر رکھ کر بیچ میں پتھروں کے ریزے مضبوط طور پر بھر دئے جائیں اور پھر اس کے اوپر اینٹوں سے تعمیر کی جائے تو مکہ والے اس کو مرصوص کہتے ہیں۔ (روح) پ ۲۸ ع ۹۔

مَرَضٌ: اسم مصدر اور مصدر، بیماری پریشانی بیمار ہونا۔ پریشان ہونا۔ باب سمع مریض بیمار، اسکی جمع مراضٌ، مَرضٰے اور مُرَاضٰی آتی ہے، مَرَضٌ دل کا روگی۔

مرض دو طرح کا ہوتا ہے جسمانی جس کی وجہ سے جسمانی ضعف اضمحلال پیدا ہو جاتا ہے رفتہ رفتہ منافع زندگی سے آدمی محروم ہوتا چلا جاتا ہے اور بالآخر موت آجاتی ہے۔

(۲) اخلاقی اور قلبی جیسے نفاق، شک بخل، بزدلی، عقیدہ کی خرابی، اخلاقی بیماریوں کی وجہ سے آدمی فضائل اور فضائلِ محمودہ کے حصول سے محروم ہو جاتا ہے حیاتِ آخرت کے منافع اسکو حاصل نہیں ہو سکتے، غلط عقائد اور ردی افکار کی طرف اسکا قلبی رخ ہو جاتا ہے آخر کار اسکو ابدی موت (یعنی عذاب الٰہی) سے ہمکنار ہونا پڑتا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

آیاتِ قرآنیہ میں بقول بیضاوی وغیرہ جسمانی روگ بھی مراد ہو سکتا ہے کیونکہ مسلمانوں کی دن دوگنی رات چوگنی ترقی دیکھکر منافقوں کو قلبی دکھ ہوتا تھا، سینہ میں جلن اور دماغ میں گرمی پیدا ہوتی تھی اور اخلاقی روگ بھی مراد ہو سکتا ہے حسد نفاق عداوت اور حبِ ریاست تو ان کی سرشت میں داخل تھی۔ ۱/۲ ۶/۱۲ ۱۰/۳ ۱۱/۵ ۱۵/۱۴ ۱۸/۱۲ ۲۱/۸ ۲۲/۵ ۲۶/۸ ۲۹/۱۵۔

مَرَضًا: اسم مصدر منصوب، بیماری روگ، شک، نفاق، حسد، عداوت۔ ۱/۲

مَرْضَاةَ: مصدر میمی و اسم مصدر، پسند کرنا۔ رضامند ہونا۔ پسندیدگی۔ خوشنودی۔ رضامندی۔ باب سمع۔ رِضًا مصدر، رِضْوَةٌ اسم مصدر، خوشنودی۔ رِضْوَانٌ خوب رضامندی۔ بڑی رضامندی (راغب) رَضِیٌّ صفت مشبہ۔ رَاضِیٌ اسم فاعل، مَرْضِیٌّ اور مَرْضُوٌّ اسم مفعول، اِرْضَاءٌ باب افعال، کسی کو راضی کرنا، خوش کرنے کیلئے کچھ دینا۔ تَرَاضِی باب تفاعل، باہم رضامند ہونا۔ ۲/۹ ۳/۴ ۵/۱۴ ۲۸/۱۹ (دیکھو رَضِیَ رَضِیْتُ، رِضْوَانٍ، تَرَاضَوْا)

مَرْضَاتِیْ: مَرْضَاةٌ مضاف، یاء متکلم مضاف الیہ، میری رضامندی، میری خوشنودی۔ ۲۸/۷۔

مَرِضْتُ: واحد متکلم ماضی معروف، باب سمع۔ میں بیمار ہوتا ہوں۔ حرفِ شرط کے بعد ماضی کا صیغہ آیا ہے اس لئے مضارع کا ترجمہ ہو گیا (دیکھو مَرَضٌ) ۱۹/۹۔

مُرْضِعَةٍ: اسم فاعل واحد مؤنث، اِرْضَاعٌ مصدر باب افعال، دودھ پلانے والی، رَضْعٌ دودھ پینا (ضرب و سمع) کنجوس ہونا (فتح و کرم) رَضِیعٌ شیر خوار رَاضِعٌ اور رَضِیْعٌ شیر خوار اور کنجوس رَاضِعٌ کی جمع رُضَّعٌ اور رُضَّاعٌ ہے (دیکھو المراضع تسترضعوا، الرضاعة)۔ ۱۷/۸۔

مَرْضٰی: جمع مریض واحد بیمار، روگی (دیکھو مَرَضٌ) ۵/۴ ۵/۱۲ ۶/۶ ۱۰/۱۸ ۲۹/۱۴۔

مَرْضِیًّا: اسم مفعول واحد مذکر منصوب، پسند کیا ہوا۔ خوش کیا ہوا (دیکھو المرضاة) ۱۶/۷۔

مَرْضِیَّةً: اسم مفعول واحد مؤنث منصوب پسندیدہ۔ ۳۰/۱۴۔

اَلْمَرْعٰی: ظرفِ مکان، چراگاہ۔ جانوروں

Presented by Ziaraat.Com

اور انسانوں کی خوراک یعنی گھاس، غلہ، پھل وغیرہ
اصل میں رُعْیٌ کا معنی ہے جاندار کی حفاظت
کرنی اس کو باقی رکھنا۔ حفاظت کی تین صورتیں
ہیں۔ (۱) خوراک کے ذریعہ سے (۲) دشمنوں
کو دفع کر کے یعنی دشمنوں سے نگرانی کرنی۔
(۳) مناسب انتظام کر کے اچھی سیاست کر کے
حقدار کو اس کا حق دے کر ہر چیز کا اس کے
مناسب لحاظ کر کے، انہی معانی کا لحاظ رکھتے
ہوئے۔ راعی چرواہے کو بھی کہتے ہیں اور حاکم
کو بھی اور ہر نگران کو بھی بلکہ اس شخص کو بھی جو خود
اپنا نگران ہو۔ راعی کی جمع رعاۃ رعیان اور رعاء
آتی ہے (دیکھو رعوا، رعایتہا) ۳۰/۱۳۔

مَرْعَاهَا: مرعیٰ مضاف ھا مضاف الیہ،
زمین میں پیدا ہونیوالی جانوروں اور انسانوں
کی خوراک (سیوطی) ۳۰/۴۔

اَلْمَرْفُوْدُ: اسم مفعول واحد مذکر، انعام
دیا گیا۔ مدد دیا گیا۔ دیا گیا۔ رِفْدٌ کا معنی ہے
عطیہ، بخشش، بڑا پیالہ۔ مدد۔ مِرْفَدٌ بڑا
پیالہ۔ رُفُوْدٌ کثرت سے دودھ دینے والی اونٹنی
جو دودھ سے مِرفد کو بھر دے۔ رَفَدْتُہٗ
میں نے اس کو انعام دیا۔ باب ضرب
تَرافُد باہم مدد کرنا۔ رفادہ حاجیوں کی امداد جو
اسلام سے پہلے قریش کیا کرتے تھے۔ تَرْفِیْدٌ
کسی کو سردار بنانا کسی کی تعظیم کرنا۔ اِرْتِفَادٌ عطیہ
یا مدد قبول کرنا۔ ۱۲/۹۔

اَلْمَرْفُوْعُ: اسم مفعول واحد مذکر، بلند کیا ہوا
اونچا کیا ہوا، بڑے مرتبہ والا۔ (راغب)
رَفْعٌ اور رفاعۃٌ مصدر، رِفْعَۃٌ بلندی
مرتبہ کا اونچا ہونا (دیکھو رفعنا، رفع، رفعت، رفعہ)
مَرْفُوْعُ السَّیْرِ قوی رفتار والا۔ ۲۷/۳۔

مَرْفُوْعَۃٍ: اسم مفعول واحد مؤنث مجرد
بلند مرتبہ (راغب) ۲۷/۱۴ ۳۰/۵۔

مَرْفُوْعَۃٌ: اسم مفعول واحد مؤنث مرفوع
اونچے یا عالی قدر۔ ۳۰/۱۳۔

مَرْقَدِنَا: مَرْقَدٌ ظرف مکان مضاف نَا
ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ، ہماری خوابگاہ (سے)
رُقَادٌ رُقُوْدٌ مصدر، میٹھی نیند سے کسی قدر سونا
باب نصر (دیکھو رقود) ۳/۳۔

مَرْقُوْمٌ: اسم مفعول واحد مذکر، لکھا ہوا۔
جلی خط سے لکھا ہوا۔ مہر لگی ہوئی تحریر، رَقْمٌ
سختی، بلا۔ رقیمہ عاقلہ پاک دامن عورت
تَرْقِیْمٌ لکھنا۔ تحریر کو خوبصورت بنانا۔ نقطے

Presented by Ziaraat.Com

لگانا، سطروں کو باہم ملانا اور گانٹھ کر لکھنا۔ اَرْضٌ مَرْقُوْمَةٌ وہ زمین جس پر تحریر کی طرح سبزہ کے آثار ہوں۔ (دیکھو الرقیم) ۳۰/۸۔

مَرْكُوْمٌ: اسم مفعول واحد مذکر، تہ بر تہ، جما ہوا، رَكْمٌ جما ہوا بادل، رُكَامٌ ریت کا ڈھیر اور جما ہوا بادل (باب نصر) اِرْتِكَامٌ (افتعال) نزدیک ہونا جم کر بیٹھنا تَرَاكُمٌ (تفاعل) تہ بر تہ ہونا۔ ۲۷/۴۔

مَرُّوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف، مرور مصدر، وہ گزرتے ہیں، وہ گزرے۔ اگر مَرَّ کا مصدر مَرَارَةٌ ہو تو تلخ ہونے کا معنی ہوتا ہے اگر مرور ہو تو گذرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ اَمَرَّانِ دو کڑوی چیزیں یعنی افلاس اور بڑھاپا۔ اِمْرَارٌ گذارنا۔ کڑوا کرنا۔ کڑوا ہونا (لازم و متعدی) ۱۹/۴ ۳۰/۸ (دیکھو مَرَّ، تَمُرُّ، تَمُرُّوْنَ)

اَلْمَرْوَةُ: اسم علم، مکہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام ہے (دیکھو الصفا) ۲/۱۳۔

مَرِيْئًا: صفت مشبہ، خوشگوار، مَرَارَةٌ مصدر، خوشگوار ہونا (کَرُمَ سَمِعَ فَتَحَ) اِمْرَاءٌ (افعال) کھانے کو خوشگوار بنانا۔ اِسْتِمْرَاءٌ (استفعال) کھانے کو خوشگوار پانا۔ ۴/۱۲۔

مُرِيْبٍ: اسم فاعل واحد مذکر، اِرَابَةٌ باب افعال، ریب مادہ متردد بنا دینے والا۔ تردد کرنیوالا۔ بے چین کر دینے والا۔ (دیکھو ریب ارتابو۔ ارتاب) ۱۲/۶ ۱۳/۱۴ ۲۲/۱۲ ۲۴/۲۰ ۲۵/۳ ۲۶/۱۶ (نوٹ) صرف ۲۶/۱۶ میں تردد کرنیوالے کا معنی ہے باقی ہر جگہ بے چین کر دینے والا۔ متردد بنا دینے والا ترجمہ کیا جائیگا۔

مِرْيَةٍ: اسم مصدر، تردد۔ یہ شک اور ریب سے خاص ہے، گویا جس شک سے تردد پیدا ہو جائے اس کو مِرْيَةٌ کہتے ہیں (راغب) اِمْتِرَاءٌ شک میں پڑنا۔ مُمَارَاةٌ اور مِرَاءٌ بمعنی ہے جس امر میں شک ہو اس میں جھگڑا کرنا۔ اصل ماخذ مَرْيٌ ہے مَرْيٌ کا معنی ہے دودھ اتارنے کے لئے جانور کے تھنوں کو سہلانا۔ ۱۲/۹ و ۲ ۱۷/۱۴ ۲۱/۱۶ ۲۵/۱ (دیکھو مِرَاءٌ۔ لاتمار)

مَرِيْجٍ: صفت مشبہ، مرج مادہ، الجھی ہوئی بات (دیکھو مَرَجَ اور مَارِجٍ) ۲۶/۲۵۔

مَرِيْدٍ: صفت مشبہ، سرکش، ہر خیر سے خالی (دیکھو مَرَدُوا اور مارد) ۱۷/۸۔

مَرِيْضٌ: صفت مشبہ مفرد مرفوع بیمار (دیکھو مَرَضٌ) ۱۸/۱۴ ۲۶/۱۰۔

مَرِيْضًا: صفت مشبہ مفرد منصوب بیمار

Presented by Ziaraat.Com

ردگی (دیکھو مَرَضٌ) ۲/۸، ۷/۱۰

مَرْیَمَ اور **مَرْیَمُ** اسم سریانی ہے سریانی زبان میں اس کا معنی ہے خدمت گزار (کشاف) حضرتِ مریم کی والدہ کا نام حَنَّہ اور والد کا نام عمران تھا آپ کا نبی ہونا مختلف فیہ ہے، اہلِ سنت کا عقیدہ ہے کہ کوئی عورت نبی نہیں ہوئی لیکن بچپن سے ہی آپ کے صاحبِ کرامت ولیہ ہونے میں شبہ نہیں بچپن میں ہی اللہ کی طرف سے جنت کے پھل آپ کو بھیجے جاتے تھے باوجود تاریخی اختلافات کے صحیح فیصلہ یہ ہے کہ آپ نے کبھی نکاح نہیں کیا اسی لئے مریم عذرا کے لقب سے مشہور تھیں (عذرا ردوشیزہ) آپ ہی کے بطن سے حضرتِ عیسٰی بغیر باپ کے پیدا ہوئے، کہا جاتا ہے کہ یوسف نجار سے آپ کی نسبت ہوگئی تھی، نکاح اور رخصت نہیں ہوئی

۱/۱۱ او ۱۲/۳ ر ۱۳ ۲ ر ۳ ر ۷ ر ۱۱ ر ۱۴ ر ۱۵/۶ ۱۱/۱۰ ۱۶/۵ ۱۸/۳

۲۱/۱۷ ۲۵/۱۲ ۲۷/۳۰ ۹ و ۱۰ ر ۲۰/۲۸ ۔

مِزَاجُہٗ: مزاج مصدر مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ، باہم ملانا، ملاکر یکذات کرنا۔ ملاوٹ، ملاوٹ کے بعد جو ایک جدید کیفیت پیدا ہوجاتی ہے اسکو بھی مزاج کہتے ہیں اس جگہ اول معنی مراد ہے، مِزْجٌ اور مَزِیْجٌ شہد اور تلخ بادام، مُمَازَجَۃٌ باہم ملانا، گوندھنا۔ ۳/۸۔

مِزَاجُہَا، مضاف اور مضاف الیہ اسکی ملاوٹ۔ ۲۹/۱۹۔

مُزْجَاۃٍ: اسم مفعول واحد مؤنث، مُزْجٰی واحد مذکر، از جاءٌ مصدر باب افعال حقیر قلیل بے قدر، تھوڑی، ایک شاعر کا قول ہے وَحَاجَۃٌ غَیْرُ مُزْجَاۃٍ عَنِ الْحَاجِ، حاجتمند کی بعض حاجتیں آسان اور حقیر نہیں کہ ان کو پورا کیا جاسکے، اِزْجَاءٌ ہنکانا، کام کا آسان ہونا (آسان ہونیکی وجہ سے) پورا ہوجانا۔ رَجُلٌ مُزْجًی ہنکایا ہوا یعنی حقیر بے قدر آدمی، تَزْجِیَۃٌ تیز ہنکانا تَزَجِّی کسی چیز پر اکتفار کرنا۔ ۱۲/۱۴۔

مُزَحْزِحِہٖ: مزحزح اسم فاعل واحد مذکر مجرور مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ، اس کو دور کرنیوالا۔ زَحْزَحَۃٌ مصدر بروزن زَلْزَلَۃٌ دور کرنا۔ زَحَّ زَحًّا (ثلاثی مجرد باب نصر) کا معنی بھی دور کرنا۔ تَزَحْزُحٌ (ثلاثی مزید، باب تفعل) دور ہونا۔ ۱/۱۱ (دیکھو زُحْزِحَ)

مُزْدَجَرٌ: مصدر میمی یا ظرفِ مکان، اِزْدِجَارٌ

مصدر باب افتعال زجر مادہ، باز گشت جھڑکی یا جھڑکنے اور روکنے کا مقام۔ یہ لفظ اصل میں مُزْتَجِرٌ تھا، تار کو دال سے بدلدیا اِزْدِجار لازم بھی ہے، رک جانا، باز رہنا اور متعدی بھی باز رکھنا۔ روک دینا۔ اِنْزِجَارٌ باب انفعال لازم ہے، رک جانا۔ ٹھیر جانا، زَجْرٌ (ثلاثی مجرد باب نصر) کسی کو روکنا، باز رکھنا۔ جھڑکنا (دیکھو زَجْرًا اور اَلنّٰزِعٰتِ وَالزّٰجِرٰتِ زجر) ۲۷/۸۔

مُزِّقْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی مجہول، تَمْزِیْقٌ مصدر باب تفعیل، تم ٹکڑے ٹکڑے کر دئے جاؤ گے۔ مَزْقٌ (ضرب) پھاڑنا ٹکڑے کرنا۔ پرندہ کا بیٹ کرنا۔ تَمْزِیْقٌ باب تفعیل پارہ پارہ کر دینا۔ مُمَازَقَۃٌ (مفاعلۃ) دوڑ میں (کپڑے پھڑواکر) آگے بڑھ جانا۔ تَمَزُّقٌ (تفعل) کپڑے پھٹ جانا۔ مِزَقٌ پھٹے ہوئے کپڑے چیتھڑے (قاموس و تاج) ۲۲/۷۔

مَزَّقْنٰکُمْ: جمع متکلم ماضی معروف، تَمْزِیْقٌ مصدر، باب تفعیل، ہم نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ ۲۲/۸۔

اَلْمُزَّمِّلُ: اسم فاعل واحد مذکر، کپڑے میں لپٹنے والا۔ اصل میں اَلْمُتَزَمِّلُ تھا، تار کو زاء میں ادغام کر دیا۔ (باب تفعل) سدی نے کہا سونے والے، گویا کپڑا اوڑھ کر لیٹنے سے مراد ہے سونا۔

ابتدائے وحی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مدثر اور مزمل فرما کر خطاب کیا لیکن اس کے بعد رسول اور نبی کہہ کر مخاطب کیا، راغب نے لکھا ہے کنایۃً مزمل سے مراد ہوتا ہے ضعیف کسی کام میں سستی کرنے والا سہل انکاری سے کام لینے والا، تَابَّطَ شَرًّا کی ماں کا قول ہے اَلَیْسَ بِزَمِیْلِ شُرُوْبٍ لِلْغَیْلِ کیا وہ سست نہیں ہے جو دردسر پیدا کرنیوالی، شراب پیتا رہتا ہے باب نصر اور ضرب سے لنگر کا کر چلنے اور ردیف بنانے کے معنی میں مستعمل ہے اسی مناسبت سے پیچھے چلنے کو بھی زَمْلٌ کہا جاتا ہے زَمِیْلٌ وہ شخص جو اونٹ پر کسی کے پیچھے سوار ہو جیسے ردیف گھوڑے کے پچھلے سوار کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ایسے ہی زمیل اونٹ کے پچھلے سوار کو کہا جاتا ہے۔ ۲۹/۱۳۔

اَلْمُزْنِ: اسم جمع بادل، مفید بادل، پانی سے بھرا ہوا بادل۔ اَلْمُزْنَۃ مفرد، بادل کا ٹکڑا۔

Presented by Ziaraat.Com

مَزَنٌ عادت طور طریقہ۔ مَزَنٌ اور مُزُوْنٌ (باب نصر) عادت اور ارادہ کے مطابق گزر جانا۔ چلا جانا۔ تَمَزُّنٌ (ابر کی طرح) سخی ہو جانا۔ اِبْنُ مُزْنَۃٍ بادل میں سے برآمد ہونے والا۔ پہلی تاریخ کا چاند۔ ۲۷/۱۵

مَزِیْدٍ: اسم مصدر۔ اسم مفعول۔ زیادتی۔ زیادہ کرنا۔ زیادہ ہونا۔ زیادہ۔ (باب ضرب) اِزْدِیَادٌ (باب افتعال) زیادہ ہونا۔ تَزَیُّدٌ (تفعل) زیادہ ہونا۔ بہ تکلف زیادہ کرنا۔ یہی تَزَایُدٌ (تفاعل) کا معنی ہے، (دیکھو زِیَادَۃٌ فَزَادَھُمْ وغیرہ) ۲۶/۱۷۔

مَسَّ: ماضی واحد مذکر غائب، دکھ پہنچایا، لگ گیا۔ چھو دیا۔ یہ لفظ صرف ۲۷/۱ میں مصدر یا اسم مصدر کے طور پر استعمال کیا گیا ہے باقی ہر جگہ صیغہ ماضی ہے ۴/۵ ۹/۲ ۱۱/۷ ۲۱/۲ ۲۴/۲ ۲۷/۱۰۔

مَسَّ (باب نصر) کا معنی ہے چھو دینا ہاتھ پہنچانا لاحق ہونا، لگ جانا۔ رگڑ لگ جانا۔ بھی مراد ہوتی ہے، قربت صنفی یعنی جماع، مؤخر الذکر معنی میں باب نَصَرَ سے بھی آتا ہے اور سمع سے بھی مَسِیْسٌ سے مراد بھی جماع ہوتا ہے مساس اور مُمَاسَّۃٌ چھو دینا۔ جماع کرنا۔ ممسوس دیوانہ، جن رسیدہ۔ تَمَاسٌّ جماع کرنا۔ جنون اور جماع وغیرہ سب مرادی معنی ہیں مادۂ مَسّ کا اصل معنی چھو دینا ہے خواہ ہاتھ سے ہو یا کسی اور حصۂ بدن سے۔ لَمْسٌ اس سے عام ہے لَمْسٌ کا معنی ہے ٹٹولنا، خواہ ہاتھ اس چیز کو لگ سکے یا نہ لگ سکے، ایک شاعر کا قول ہے وَاَلْمِسُہٗ فَلَا اَجِدُہٗ میں اس کو ٹٹولتا ڈھونڈتا ہوں اور نہیں پاتا (مفردات، قاموس، لسان، معالم، روح المعانی) (تلویح توضیح عینی)

اَلْمَسِّ: اسم مصدر، جن کی جھپٹ، ذرا چھو جانا۔ جنون۔ ۳/۶۔

مِسَاسَ: مصدر منصوب باب مفاعلہ یعنی نہ کوئی تجھے چھوئے نہ تو کسی کو چھوئے باہم چھونا ہی نہ ہو (دیکھو مَسَّ) ۱۶/۱۴

مَسَاجِدُ: ظرف مکان، جمع منتہی الجموع مسجد مفرد، مسجدیں، سجدہ کرنے کے مقامات، یہ بھی کہا گیا ہے کہ مساجد اسم آلہ ہے یعنی پیشانی، ناک دونوں ہاتھ، دونوں پاؤں دونوں زانو (راغب) اس جگہ مسجدیں مراد ہیں، سجدہ کا معنی ہے سر جھکانا انتہائی عاجزی کا اظہار کرنا۔ بعض اہل لغت

Presented by Ziaraat.Com

نے لکھا ہے کہ سجدہ کا لفظ اضداد میں سے ہے سیدھے کھڑے ہونے کو بھی کہتے ہیں (قاموس) لیکن سیدھا کھڑا ہونا خود اظہارِ عاجزی اور تعظیم کی ایک صورت ہے اس لئے سجدہ کو لغاتِ اضداد میں سے کہنا غلط ہے عربی کلام میں کوئی ایسی مثال نہیں کہ سجدہ یا اس کے مشتقات کو کسی ایسے مفہوم کے لئے استعمال کیا گیا ہو جو سجدہ کرنے والے کی عظمت کا حامل ہو، اصطلاحِ شریعت میں زمین پر پیشانی کو بہ نیتِ تعظیم رکھنا سجدہ کہلاتا ہے، پیشانی رکھنے کے بغیر اختیاری سجدہ شرعی نہیں ہوتا ہاں غیر اختیاری سجدہ جس کو امام راغب نے تسخیری سجدہ کہا ہے ہو سکتا ہے آسمان و زمین اور ساری کائنات اظہارِ عاجزی کرتی ہے، اللہ کی عظمت و الوہیت کا اقرار کرتی ہے، یہی اس کا سجدہ ہے۔ مختلف آیات میں کائنات کے سجدہ کو جو بیان کیا گیا ہے اس سے یہی مراد ہے، ایک شعر ہے۔

فَقُلْتُ لَہٗ اُسْجُدْ لِلَیْلٰی فَاسْجَدَا

میں نے اونٹ سے کہا لیلیٰ کو سجدہ کر اس نے سجدہ کیا یعنی گردن نیچے کو لٹکا دی سر جھکا دیا۔

حدیث و فقہ میں پیشانی کے ساتھ دونوں ہاتھ دونوں پاؤں اور دونوں زانو بھی زمین پر ٹیکنے ضروری ہیں ورنہ تکمیلِ سجدہ نہیں ہوتی۔ ۱۷/۱۳۔

سجادہ جا نماز، پیشانی میں سجدہ کا نشان، اِسْجَادٌ سر جھکا دینا۔ جھک جانا۔ (منتہی الارب)

مَسَاجِدَ: ظرفِ مکان، جمع منصوب، مسجد واحد، مسجدین ۱/۱۴ ب ۱۰/۹ ب ۲۹/۱۱۔

مَسَاجِدِ: ظرفِ مکان، جمع مجرور، مسجد واحد مقاماتِ سجدہ۔ مسجدین۔ ب ۲/۷۔

مُسَافِحَاتٍ: اسم فاعل جمع مؤنث، مُسَافِحَۃٌ واحد، مُسَافَحَۃٌ مصدر (باب مفاعلہ) زنا کرنے والیاں۔ سَفْحٌ (فتح) گرانا بہانا اِسْفَاحٌ (افعال) گھوڑے کو اسطرح دوڑانا کہ گردن اٹھے۔ مُسَافَحَۃٌ، سِفَاحٌ (مفاعلہ) تَسَافُحٌ (تفاعل) سب کے معنی زنا کرنا، تَسْفِیْحٌ (تفعیل) بیہودہ کام کرنا (قاموس و تاج) ۵/۱۔

مُسَافِحِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب مُسَافِحٌ واحد، مُسَافَحَۃٌ مصدر، باب مفاعلہ زنا کرنے والے۔ ۵/۱ ب ۶/۵۔

Presented by Ziaraat.Com

اَلْمَسَاقُ: المساق مصدر میمی باب نصر چلایا جانا۔ ہنکانا۔ سَوْقٌ اور سِیَاقَۃٌ بھی اسی باب سے اسی معنی کے لئے مصادر آئے ہیں سَیِّقَۃٌ وہ جانور جن کو ہنکایا جائے (راغب) خصوصاً وہ جانور جن کو دشمن لوٹ کر ہنکا کر لے گیا ہو (قاموس) سِیَاقٌ عہد و پیمان۔ سُوْقَۃٌ کمینے لوگ جن کو اونچے طبقہ والے بھیڑ بکریوں کیطرح ہنکا کر جدہر چاہتے ہیں لے جاتے ہیں سِیْقَ وہ ابر جس کو ہوا بغیر بارش کے اڑا کر لے جائے (مزید تنقیح کیلئے دیکھو الساق سائق سوقہ) ۲۹/۱۷

مَسَاکِنَ: ظرفِ مکان جمع مجرور، مَسْکَنٌ واحد، ٹھیرنے اور رہنے کے مقام، سُکُوْنٌ کا مفہوم ہے حرکت ختم کر کے ٹھیر جانا یہ مفہوم اس کے تمام مشتقات میں مشترک ہے، باب نصر سے فقیر ہونے، بوڑھا ہونے اور آرام لینے کا معنی ہوتا ہے کیونکہ ان سب معانی میں ٹھیراؤ ہوتا ہے خواہ ضعف کے سبب یا راحت کی وجہ سے، باب کرم سے مسکین ہونے کا معنی ملتا ہے، باب افعال میں پہنچکر اِسْکَانٌ کا معنی ہوگا، آرام دینا حرف کی حرکت دور کرنا گھر میں جگہ دینا، مسکین ہونا، مسکین بنا دینا باب تفعیل میں تسکین کا معنی ہے آرام دینا کسی کے دل کو اطمینان دینا دل کو ٹھیرانا۔ باب مُفَاعَلَۃ میں مُسَاکَنَۃ کا معنی ہے باہم مل کر ایک مکان میں رہنا۔ تَمَسْکُنٌ فقیر حقیر ہو جانا مسکین نما بن جانا۔ سِکِّیْنٌ چھری، جس سے ذبیحہ کی حرکت بند ہو جاتی ہے۔ مَسْکَنَۃٌ فقیری، حاجتمندی (مزید تنقیح کے لئے دیکھو سَکَنَ، تَسْکُنُوْا، اَسْکَنْتُ، اَسْکِنُوْا، سُکِنْتُمْ۔ اَسْکَنَ، سَکَنٌ، سَکِیْنَۃٌ وغیرہ) ۱۳/۱۹

مَسَاکِنَ: ظرفِ مکان جمع مَسْکَنٌ واحد ٹھیرنے اور رہنے کی جگہیں۔ ۲۸/۱۰ ۱۰/۱۵۔

مَسَاکِنُ: ظرفِ مکان جمع مَسْکَنٌ واحد رہنے کی جگہیں۔ ۹/۱۰۔

مَسَاکِنِکُمْ: مساکن ظرف مجرور مضاف کُمْ ضمیر مضاف الیہ، تمہارے مکان۔ ۱۷/۲

مَسَاکِنَکُمْ: مساکن ظرف منصوب مضاف کُمْ ضمیر مضاف الیہ، تمہارے مکان۔ ۱۹/۱۷۔

مَسَاکِنِہِمْ: مساکن ظرف مجرور مضاف ہِمْ ضمیر مضاف الیہ، ان کے مکان ۱۶/۱۶ ۲۰/۱۶ ۲۱/۱۶۔

مَسَاکِنَہُمْ: مساکن ظرف منصوب مضاف ہُمْ ضمیر مضاف الیہ، ان کے مکان۔ ۲۶/۳۔

Presented by Ziaraat.Com

مَسَاكِنِهِمْ: مساکن ظرف مرفوع مضاف، هُمْ ضمیر مضاف الیہ، ان کے مکان۔ ۲۰/۹

اَلْمَسَاكِيْنِ: جمع مجرور اَلْمِسْكِيْن واحد، مفلس نادار لوگ۔ ۱/۱ ۲/۱ ۵/۳ ۱۴/۱۱/۱۰۔

مَسَاكِيْنَ: جمع منصوب مسکین واحد مفلس نادار لوگ۔ ۲/۶ ۷/۳،۲ ۱۶/۱ ۱۸/۹۔

مَسَاكِيْنُ: جمع مرفوع مسکین واحد، مفلس نادار لوگ۔ ۴/۱۲۔

(مزید تنقیح کے لئے دیکھو مساکن)

اَلْمُسَبِّحُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع مُسَبِّحٌ مفرد، تسبیح مصدر باب تفعیل، سَبْحٌ مادہ، اللہ کی پاکی بیان کرنیوالے، اللہ کی پاکی ظاہر کرنیوالے۔ اللہ کا ذکر کرنے والے، بقول راغب سَبْحٌ کا معنی ہے پانی یا ہوا میں تیزی کے ساتھ گزر جانا۔ ستاروں اور گھوڑوں کی رفتار میں اس کا استعمال مجازی ہے کسی کام میں تیزی کے ساتھ مشغولیت کو بھی سَبْحٌ کہا گیا ہے۔ سَبَاحَةٌ اور سُبْحَانٌ بھی مصدر ہیں (باب فتح) سَبَّاحَةٌ اور مُسَبِّحَةٌ شہادت کی انگلی، سُبْحَةٌ دانوں کی تسبیح، سُبْحَاتٌ سجدہ کے مقامات۔

تسبیح فقط زبان سے پاکی بیان کرنے کو ہی نہیں کہتے بلکہ تسبیح قولی کیطرح تسبیح عملی اور تسبیح قلبی بھی ہوتی ہے (مفردات) ۲۳/۹ باقی تنقیح کے لئے دیکھو سَبِّحْ، تُسَبِّحُوْنَ، تَسْبِيْحَهُمْ، سَبَّحَ، سُبْحَانَ، اَلسَّابِحَاتِ)

اَلْمُسَبِّحِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور اَلْمُسَبِّحُ مفرد۔ تسبیح مصدر، اللہ کی پاکی ظاہر کرنے والے (دیکھو المسبحون) نماز پڑھنے والے (ابن عباس) عبادت کرنے والے (وہب بن منبہ) لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ کہنے والے (سعید بن جبیر) معالم التنزیل، امام راغب نے مفردات میں کہا ہے کہ عام ذکر مراد لینا اولیٰ ہے۔ ۲۳/۹۔

مَسْبُوْقِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مجرور مَسْبُوْقٌ واحد، سَبْقٌ مصدر، باب نصر و ضرب، پیچھے چھوڑے گئے یعنی جنکو پیچھے چھوڑ کر دوسرے آگے بڑھ جائیں، مراد عاجز۔

سَبَقٌ گھوڑ دوڑ میں بطور شرط جو چیز مقرر کی جائے مُسَابَقَةٌ سِبَاقٌ اور تَسَابُقٌ آگے بڑھنے میں بمقابلہ تَسْبِيْقٌ گھوڑ دوڑ کی شرط کو لینا یا دینا۔ اِسْتِبَاقٌ (باب افتعال) سِبَاقٌ

Presented by Ziaraat.Com

کا ہم معنی ہے، سَبْقٌ کا اصل معنی ہے آگے بڑھنا مجازی معنی ہے کسی کام کا پہلے سے قطعی طور پر ہو چکنا کسی بات میں فضیلت اور امتیاز حاصل کرنا، گرفت اور قبضہ سے باہر نکل جانا۔ ۲۷/۱۵ ب ۲۹/۸ (دیکھو سَبْقًا۔ اَلسَّابِقَاتِ۔ اِسْتَبَقَا۔ سَبَقُوْنَا۔ سَبَقَتْ۔ اَلسَّابِقُوْنَ۔ سَبَقُوْا)

اَلْمُسْتَاْخِرِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب المتأخر مفرد (باب استفعال) پچھلے، پیچھے آنے والے، بعد کو آنیوالے۔ تَاْخِیْرٌ پیچھے لانا۔ پیچھے کرنا۔ تَاَخُّرٌ پیچھے آنا۔ (دیکھو الآخرۃ، اُخِّرَ تَاَخَّرَ، اَخَّرَ) ۱۴/۲۔

مُسْتَاْنِسِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب، مستانِسٌ واحد، اِسْتِئْنَاسٌ مصدر، باب استفعال جی لگانیوالے۔ دلچسپی کے ساتھ بیٹھ رہنے والے۔ ۲۲/۴ (مزید تنقیح کے لئے دیکھو اَلْاِنْسَانُ، اَلْاِنْسُ۔ اَلْاِنْسُ۔ اناسی)

مُسْتَبْشِرَةً: اسم فاعل واحد مؤنث استبشارٌ مصدر باب افعال۔ شگفتہ۔ شادان۔ ایسی چیز پانیوالے جس سے شگفتگی اور خوشی پیدا ہو جائے ۳۰/۵ (مزید دیکھو بشرًا۔ بشرٌ۔ اَلْبَشَرُ۔ بَاشِرُوْا۔ تُبَاشِرُوْا۔ مُبَشِّرِيْنَ۔ بُشْرٰى۔ اَلْبَشِيْرُ۔ مُبَشِّرَاتٍ۔ اَبْشِرُوْا وغیرہ)

مُسْتَبْصِرِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب اِسْتِبْصَارٌ مصدر۔ باب استفعال۔ دیکھنے والے طلبگار بصیرت (راغب) ۲۰/۱۶۔

(مزید تنقیح کے لئے دیکھو اَلْبَصَرُ، اَلْاَبْصَارُ۔ اَلْبَصِيْرُ۔ بصائر۔ بصرت۔ بَصَرَةٌ۔ مُبْصِرَةً۔ بَصِيْرَةٌ وغیرہ)

اَلْمُسْتَبِيْنَ: اسم فاعل واحد مذکر، اِسْتِبَانَةٌ مصدر، باب استفعال۔ واضح کھلی ہوئی ہدایت والی ۲۳/۸ (دیکھو بَيِّنَةٌ۔ بَيِّنِ۔ تَبَيَّنَ۔ تبیّن بَيِّنَاتٌ۔ بَيِّنَةٌ۔ بَيَانٌ۔ مُبِيْنٌ۔ اَلْمُبِيْنُ)

مُسْتَخْفٍ: اسم فاعل واحد مذکر، اِسْتِخْفَاءٌ مصدر باب استفعال، چھپنے والا چھپنے کا خواستگار یہ لفظ اصل میں مستخفی تھا، خفی مادہ۔ خُفْيَةً مصدر، باب سمع، خِفَاءٌ اوٹ، پردہ اِخْفَاءٌ باب افعال چھپانا۔ خَفِيَ۔ يَخْفٰى باب ضرب اس نے ظاہر کر دیا۔ ۱۳/۸ (مزید دیکھو خُفْيَةً۔ تُخْفُوْا۔ اَخْفَيْتُمْ۔ خَافِيَةٌ)

مُسْتَخْلَفِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر منصوب اِسْتِخْلَافٌ مصدر باب استفعال خَلَفٌ مادہ۔ وارث۔ خلیفہ بنائے ہوئے۔ اِسْتِخْلَافٌ

Presented by Ziaraat.Com

وارث اور خلیفہ بنانا۔ جانشین اور نیابت خواہ اصل کی غیر موجودگی کے سبب سے ہو یا اس کے مرنے کی وجہ سے ہو یا اس کی کمزوری کی غرض سے یا صرف نائب کی عزت افزائی کے لحاظ سے۔ اس جگہ اول الذکر دونوں معنی مراد ہو سکتے ہیں، سلف کے مرنے یا کسی جگہ سے بالکل چلے جانے کے بعد اس جگہ کے مال کے وارث خلف ہوتے ہیں، تیسرا معنی بھی مراد لیا جا سکتا ہے کیونکہ اصل مالک جب صحیح تصرفات نہیں کر سکتا اور اہل ثابت نہیں ہوتا تو اس کا مال اللہ دوسروں کو دیدیتا ہے۔ ۲۷/۱۷

(مزید تنقیح دیکھو خَلْفَهُمْ۔ خَلْفَهٗ۔ خَلْفٌ۔ خَلَفَ۔ خِلْفَةٌ۔ خَلِيْفَةٌ۔ اِخْتَلَفَ۔ مُخْتَلِفِيْنَ۔ اِخْتِلَافٌ، اَخْلَفْنَا۔ خِلَافٍ۔ مُخَلَّفِيْنَ۔ مَخَالِف وغیرہ)

مُسْتَسْلِمُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع اِسْتِسْلَامٌ مصدر، باب استفعال۔ سِلْمٌ مادہ۔ فرماں بردار۔ سَلِمَ سَلَامَةً (سمع) آرام پایا۔ سالم رہا بے ضرر اور بے عیب ہوا محفوظ رہا۔ سَلَّمَ سَلْمًا (ضرب) کام سے فارغ ہوا، کام عمدہ اور ٹھیک ہو گیا سِلَامٌ (نصر) سانپ کا کاٹنا۔ سَلَامٌ بے عیب ہونا۔ سلام کرنا۔ محفوظ رہنا۔ اطاعت کرنا سِلْمٌ آشتی۔ صلح۔ مَسْلُوْمٌ، مار گزیدہ اِسْلَامٌ اطاعت کرنا۔ چھوڑنا کسی کے سپرد کرنا۔ صلح کرنا۔ مسلمان ہونا۔ اَسْلَمَ عَنْهُ اس سے اعراض کیا۔ اِسْتِسْلَامٌ فرمانبردار ہونا۔

(مزید تنقیح کے لئے پڑھو سَلِيْمٌ، مُسَلَّمَةٌ، سَلَّمَ۔ سَلَامٌ۔ اَلسَّلَامُ سَلِّمُوْا۔ اَلسِّلْمِ۔ سَالِمُوْنَ۔ اَسْلِمْ۔ اَسْلَمْتُ۔ اَلْاِسْلَامُ مُسْلِمُوْنَ)

مُسْتَضْعَفُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع۔ استضعاف مصدر باب استفعال ناتواں، کمزور سمجھے گئے۔ عاجز پائے جانیوالے لوگ۔ ضَعْفٌ، ضُعْفٌ، ضِعْفٌ۔ اَضْعَافٌ تَضْعِيْفٌ۔ مُضَاعَفَةٌ اور اِسْتِضْعَافٌ کے معانی کی توضیح کے لئے دیکھو ضَعْفًا اُسْتُضْعِفُوْا ضَعِيْفًا۔ اَسْتَضْعَفُوْنِيْ۔ ضِعْف ضِعْفَيْنِ، اَضْعَافًا۔ مُضَاعَفَةٌ۔ ۹/۱۷۔

مُسْتَضْعَفِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر

Presented by Ziaraat.Com

منصوب نکرہ، استضعاف سے، عاجز، ناتوان ۵/۱۱

اَلْمُسْتَضْعَفِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر منصوب معرفہ، استضعاف سے، بے بس ناتواں۔ ۷/۵، ۱۱/۱۶۔

مُسْتَطَرٌ: اسم مفعول واحد مذکر، اِسْتِطَارٌ مصدر، باب افتعال، سَطْرٌ مادہ، لکھا ہوا۔ سَطَرٌ (نصر) لکھنا، کاٹنا۔ زمین پر ڈالنا۔ سَطْرٌ اور سَطْرٌ ایک لائن کسی تحریر کی ہو یا درختوں کی یا آدمیوں کی اَسْطُر اور سُطُوْرٌ اور اَسْطَارٌ جمع۔ سَاطِر قصاب، سَاطُوْرٌ کاٹنے کا ہتھیار چھری وغیرہ، اَسَاطِيْرُ (برقولِ مبرّد اُسْطُوْرَةٌ کی جمع ہے) جھوٹے افسانے پریشان بیہودہ باتیں، تَسْطِيْرٌ سطر سطر کر کے لکھنا۔ اِسْتِطَارٌ لکھنا، تَسَيْطَرَةٌ اور سَيْطَرَةٌ کسی کام پر مقرر ہونا، ذمہ دار ہونا۔ ۲۷/۱۰

مُسْتَطِيْرًا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب اِسْتِطَارَةٌ مصدر، باب استفعال، طَيْرٌ مادہ۔ پھیلا ہوا۔ عام۔

طَيَرَانٌ کا اصل معنی ہے اڑنا، مجازًا اس سے مراد کبھی سرعتِ رفتار ہوتی ہے جیسے فَرَسٌ مُطَارٌ تیز رفتار گھوڑا کبھی منتشر ہونا اور پھیلنا جیسے غُبَارٌ مُسْتَطَارٌ پھیلا ہوا غبار، تَطَايَرُوْا انہوں نے جلدی کی اور منتشر ہو گئے، ایک شاعر کا قول ہے طَارُوْا اِلَيْهِ زَرَافَاتٍ وَوُحْدَانًا وہ جماعت در جماعت ہو کر اور اکیلے اکیلے جنگ کی طرف تیزی کے ساتھ دوڑے، فَجْرٌ مُسْتَطِيْرٌ پھیلی ہوئی صبح، تَطَيُّرٌ بدشگونی حاصل کرنا۔ طَائِرٌ پرندہ۔ نحوست۔ اعمالنامہ۔ ۲۹/۱۹

(مزید تنقیح کے لئے پڑھو طَائِرٌ، اَلطَّيْرُ، تَطَيَّرْنَا، طَائِرُكُمْ۔ طَائِرَةٌ)

اَلْمُسْتَعَانُ: اسم مفعول واحد مذکر اِسْتِعَانَةٌ مصدر، باب استفعال۔ وہ جس سے مدد مانگی جائے، اِعَانَةٌ مدد دینا۔ اِسْتِعَانَةٌ مدد مانگنا۔ تَعَاوُنٌ اور مُعَاوَنَةٌ باہم مدد کرنا عَوْنٌ اور مُعِيْنٌ مددگار، عَوَانٌ جوان یعنی بچپن اور بڑھاپے کے درمیان عمر والا، حَرْبٌ عَوَانٌ گھمسان کا رن۔ ۱۲/۱۲، ۱۷/۷۔

(دیکھو مزید تنقیح کے لئے اَعِيْنُوْنِيْ۔ تَعَاوَنُوْا اِسْتَعِيْنُوْا۔ عَوَانٌ)

اَلْمُسْتَغْفِرِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب اَلْمُسْتَغْفِرُ واحد، اِسْتِغْفَارٌ مصدر باب استفعال، گناہوں کی معافی مانگنے والے۔ ۳۰/۱۰

Presented by Ziaraat.Com

(دیکھو غُفْرَانَکَ، مَغْفِرَۃً، غَفَّارًا، اِسْتَغْفِرُوْا غَافِر، اَلْغَفُوْرُ۔ اِغْفِرْ)

مُسْتَقْبِلَ: اسم فاعل واحد مذکر منصوب مضاف۔ اِسْتِقْبَال مصدر باب استفعال قبل مادہ۔ سامنے آنیوالا۔ رخ کرنیوالا۔ استقبال کا معنی ہے سامنے آنا، سامنے سے لینا۔ ۲۶/۳۔

(مزید تشریح مشتقات ومصادر کے لئے دیکھو قُبُلٌ۔ قَبَلَ۔ اَقْبَلَ۔ اَقْبَلُوْا عَلَیْہِمْ۔ اَقْبَلَتْ، قَابِلِ۔ تَقَبَّلَ۔ تَقَبَّلَ۔ قُبُلًا۔ قَبَائِلَ، قَبِیْلًا۔ قِبَلَکَ۔ قِبْلَۃً)

اَلْمُسْتَقْدِمِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب، اَلْمُسْتَقْدِمُ واحد۔ اِسْتِقْدَام مصدر باب استفعال اگلے لوگ۔ پہلے زمانہ میں گزرے ہوئے لوگ۔ ۱۴/۲ (تشریح مفصل کیلئے پڑھو قَدَمَ۔ اَلْقَدِیْمُ۔ تُقَدِّمُوْا۔ قَدَّمَتْ، تُقَدِّمُوْا۔ قَدَّمْتُ)

مُسْتَقَرٌّ: ظرف مکان، مرفوع بر وزن اسم مفعول۔ استقرار۔ مصدر بمعنی قرار۔ باب استفعال، قرارگاہ۔ ٹھیرنے کی جگہ۔ ۴/ب ۷/۱۸،۱۴ ۹/۵ ۱/۱۲ ۲/۲۴ ۷/۲۹ (تشریح مفصل کیلئے دیکھو قَرَارًا۔ قَرْنَ۔ نُقِرُّ۔ اَقَرَرْتُمْ۔ تَقَرَّ۔ قُرَّۃُ۔ قَوَارِیْرَ)

مُسْتَقَرًّا: ظرف مکان منصوب، استقرار مصدر بمعنی قرار۔ باب استفعال۔ قرارگاہ ٹھیرنے کی جگہ مراد جنت۔ ۱۹/۴ ر ۱۔

مُسْتَقِرٌّ: اسم فاعل واحد مذکر مرفوع۔ اِسْتِقْرَار مصدر بمعنی قرار باب استفعال قرار پکڑنیوالا ٹھیرنے والا۔ ۲۷/ب ۸ ر ۹۔

مُسْتَقِرًّا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب استقرار مصدر بمعنی قرار، باب استفعال قرار پکڑنیوالا۔ ٹھیرنے والا۔ ۱۹/ب ۱۸۔

اَلْمُسْتَقِیْمَ: اسم فاعل واحد مذکر منصوب معرف باللام۔ سیدھا۔ صحیح۔ ۲۳/ب ۸ ۱/ب ۱ ۸/ب ۹ (تشریح کے لئے پڑھو قائم)

اَلْمُسْتَقِیْمِ: اسم فاعل واحد مذکر مجرور معرفہ۔ سیدھا۔ صحیح۔ ۱۹/۱۴

مُسْتَقِیْمٌ: اسم فاعل واحد مذکر مرفوع نکرہ، سیدھا۔ ۳/۱۳ ۱۶/۵ ۲۵/۱۱۔

مُسْتَقِیْمٍ: اسم فاعل واحد مذکر مجرور نکرہ۔ ۲/ب ۱ ر ۱ ۶/ب ۷ ۷/ب ۱۶ ر ۱۰ ۸/ب ۷ ۱۱/ب ۸ ۱۲/ب ۵ ۱۴/ب ۲۲ ر ۱۶ ۱۴ ر ۱۷/ب ۱۶ ۱۸/ب ۱۲ ر ۴ ۲۲/۱۸ ۲۳/۳ ۲۵/ب ۱۰ ر ۶ ۲۶/۴ ۲۹/۲۔

مُسْتَقِیْمًا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب

Presented by Ziaraat.Com

نکرہ۔ ۵/۶ ۶/۴ ۸/۶ ۲/۹ ۲۶/۱۱۔

مُسْتَكْبِرًا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب اِستکبار مصدر باب استفعال۔ کبر مادہ اپنے کو بڑا سمجھنے والا سرکشی کرنے والا۔

کَبِرَ، کُبِرَ، کِبَارَۃً (کرم) بڑا ہونا جسمانیت میں بڑا ہونا۔ کِبَرٌ اور مُکْبِرٌ (سمع) بڑی عمر والا ہونا۔ (نصر) کسی کے مقابلہ میں بڑا ہونا۔ کِبْرٌ بڑائی عظمت، کِبْرٌ اور کِبْرَۃٌ بزرگی بلند مرتبہ، بڑی چیز بڑا گناہ۔ کابر اور کَبِیر بزرگ کُبَّارٌ بہت بڑا۔ اِکْبَارٌ (افعال) بڑ سمجھنا، تکبیر اللہ اکبر کہنا۔ کسی کی بڑائی بیان کرنا۔ بڑا سمجھنا۔ بڑا کر دینا تَکَبُّرٌ اپنے کو بڑا ظاہر کرنا، غرور اور سرکشی کرنا۔ اِسْتِکْبَارٌ اپنے کو بڑا سمجھنا۔ سرکشی کرنا۔ ۲۱/۱۰ ۲۵/۱۷

(مزید تشریح کے لئے دیکھو کُبْرٌ۔ کُبَّارٌ۔ کَبِیرَۃٌ اَلْاَکْبَرُ۔ اَلْکِبْرُ۔ اَکَابِرُ۔ کِبْرَۃٌ۔ مُتَکَبِّرٌ۔ اِسْتَکْبِرُوْا۔ اِسْتَکْبَرْتُمْ)

مُسْتَكْبِرُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع مُتَکَبِّرٌ واحد، اِستِکْبَارٌ مصدر باب استفعال اپنے کو بڑا سمجھنے والے، مغرور۔ ۱۴/۹ ۲۸/۱۳۔

مُسْتَكْبِرِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب نکرہ، بتفصیلِ مذکور۔ ۱۸/۴۔

اَلْمُسْتَكْبِرِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب معرف باللام بتفصیل مذکور۔ ۱۴/۹۔

مُسْتَمِرٌّ: اسم فاعل واحد مذکر، اِسْتِمْرَارٌ مصدر باب استفعال۔ قدیمی، ہمیشہ کا، مضبوط، پکا۔ استمرار کا معنی ہے ایک روش پر ہمیشہ چلنا، مضبوط ہونا (دیکھو مَرَّ۔ مَرُّوْا وغیرہ)

مُسْتَمْسِكُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، مُسْتَمْسِکٌ واحد، اِسْتِمْسَاکٌ مصدر باب استفعال، چنگل سے پکڑنے والے، مراد دلیل اور سند پکڑنے والے۔

مادہ مَسَکٌ کے مفہوم میں رکنے یا روکنے کا معنی ضرور ہوتا ہے، مَسَکَۃٌ پانی ٹھیرنے اور رکنے کی جگہ۔ مُسِکٌ بخیل کنجوس مال کو روک رکھنے والا۔ مِسَاکٌ۔ مَسَاکٌ۔ مَسَاکَۃٌ کنجوسی، پانی رک جانے کی جگہ۔ مَسْکَۃٌ اتنی غذا جس سے زندگی رُک جائے۔ اِمْسَاکٌ رکنا، بند رکھنا۔ پنجہ میں پکڑنا۔ خاموش ہو جانا۔ تَمَسُّکٌ رُک جانا، چنگل میں پکڑنا۔ اِمْتِسَاک اور اِسْتِمْسَاک سند پکڑنا، پنجہ میں مضبوط پکڑنا۔ ۲۵/۸ (دیکھو اِسْتَمْسَکَ اِسْتَمْسِکْ۔ اِمْسَاکٌ۔ تُمْسِکُوْا)

مُسْتَمِعُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع

Presented by Ziaraat.Com

مُسْتَمِعٌ واحد، اِسْتِمَاعٌ مصدر باب افتعال سننے والے ۱۹/۶ (دیکھو اَسْمَعَ، سَمِعْنَا، سَمِعْتُمْ، اَلسَّمْعَ)

مُسْتَمِعِهِمْ: مُسْتَمِعٌ اسم فاعل واحد مذکر مضاف ھِمْ ضمیر مضاف الیہ، مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان حرف مِنْ محذوف ہے، ان میں کا سننے والا یعنی وہ جو سننے کا مدعی ہے۔ ۲۷/۴

مُسْتَنْفِرَةٌ: اسم فاعل واحد مؤنث، اِسْتِنْفَارٌ مصدر باب استفعال بدک کر بھاگنے والے۔ نَفَرٌ (باب نصر) لڑائی میں کسی پر غالب آنا۔ نَفَارٌ (باب ضرب) ڈر نا دور ہو جانا۔ نَفَرٌ۔ نَفَرٌ۔ نَفِيرٌ تین سے لیکر دس تک کا گروہ نُفْرَةٌ شاہی فرمان حکم حاکم نُفُورٌ بھاگنے والا نَافِرَةٌ اعزاء اقربار نَفَائِرُ چڑیاں۔

اِنْفَارٌ (باب افعال) زبردستی کسی پر حکم چلانا، بھگانا، نکالدینا۔ باب تفعیل سے بھی یہی معنی ہے۔ تَنَافُرٌ قوم کا مل کر کسی کام کے لئے نکلنا باہم حاکم کے سامنے پیش ہونا۔ اِسْتِنْفَارٌ (استفعال) بھاگنا بھگانا، بھاگ نکلنے کی خواہش کرنا ۲۹/۱۹ (مزید تشریح دیکھو نُفُورًا، نَفَرُوْا، اِنْفِرُوْا، تَنْفِرُوْا)

مُسْتَوْدَعٌ: ظرف مکان بروزن اسم مفعول، اِسْتِيْدَاعٌ مصدر باب استفعال امانت رکھنے کی جگہ۔ ۷/۱۸

اس سے پہلے لفظ مُسْتَقَرٌّ ہے دونوں لفظوں کی مراد میں اسلاف کا اختلاف ہے حضرت ابن مسعود نے فرمایا زمین اور قبر، حضرت ابن عباس نے فرمایا زمین اور پشت پدر، حسن بصری نے فرمایا آخرت اور دنیا (راغب)

وَدَعَةٌ اور تُدْعَةٌ آرام، تن آسانی، وَدْعٌ قبر کے گرداگرد احاطہ، وَدِيْعَةٌ امانت، وَدَائِعُ جمع، مِيْدَعٌ پرانا کپڑا، کھردرا کپڑا، وہ کپڑا جس کے ذریعہ سے کپڑوں کو گرد سے بچایا جاتا ہے غم انگیز باب وَدَعَ يَدَعُ وَدَاعًا (فتح) باہر نکالدینا، چھوڑ دینا۔ امام راغب نے لکھا ہے بعض علماء کا قول ہے کہ اس معنی میں باب فتح سے صرف امر اور مضارع مستعمل ہے، ماضی اور اسم فاعل نہیں آتا۔

وَدُوْعٌ وَدَاعَةٌ (کرم) زمین میں جانا۔

اِيْدَاعٌ (باب افعال) امانت رکھنا اپنے پاس

Presented by Ziaraat.Com

کسی کی یا دوسرے کے پاس اپنی، صاحبِ قاموس نے اس باب کو لغاتِ اضداد میں سے قرار دیا ہے مگر یہ نظری دھوکہ ہے کیونکہ اِیْدَاعٌ کا معنی ہے امانت رکھنا خواہ اپنے پاس یا دوسرے کے پاس دونوں صورتوں میں کوئی فرق نہیں، تَوْدِیْعٌ (باب تفعیل) رخصت کرنا، نکال دینا امام راغب نے لکھا ہے کہ تَوْدِیْعٌ وَدَعَۃٌ سے بنا ہے یعنی وَدَعَۃٌ (آرام وراحت کی دعا دینا اور یہ کہنا کہ اللہ تجھے آرام میں رکھے دکھ نہ دے مُوَادَعَۃٌ مصالحت، اِتِّدَاعٌ آرام پانا، تن آسان ہو جانا قرار پکڑنا، اِسْتِیْدَاعٌ (استفعال) بطورِ امانت کسی کے پاس کچھ رکھنا (قاموس و تاج وغیرہ)

مُسْتَوْدَعَہَا: ظرفِ مضاف منصوب ھَا ضمیر مضاف الیہ، امانت رکھنے کی جگہ بغوی نے معالم میں اس جگہ لکھا ہے کہ حضرتِ عبداللہ بن مسعود کے نزدیک مستقر سے مراد رحمِ مادر اور مستودع سے مراد مرنے کا مقام عطاء کا قول ہے، مستقر رحمِ مادر اور مستودع پشتِ پدر سعید بن جبیر، علی بن ابی طلحہ اور عکرمہ نے حضرتِ ابنِ عباس کا یہی قول نقل کیا ہے لیکن ابنِ مقسم نے کہا کہ ابنِ عباس کے نزدیک مستقر سے مراد شب و روز رہنے کی جگہ اور مستودع سے مراد قبر ہے بعض علماء کے نزدیک مستقر سے مراد جنت یا دوزخ اور مستودع سے مراد قبر ہے، بہرحال راغب کی مذکورہ تصریحات بغوی کی ان منقولات کے خلاف ہیں۔ ۱۲

مَسْتُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر، سَتْرٌ مصدر، باب نصر چھپایا ہوا۔ اس جگہ عموماً اہلِ تفسیر کے نزدیک مستور بمعنی ساتر ہے۔ اسم مفعول، اسم فاعل کے معنی میں مستعمل ہے یعنی چھپانے والا، اس توجیہ کی ضرورت ایک واقعۂ نزول کو ذکر کرنے کی بنا پر پڑی۔ جلالین، روح المعانی، خازن، معالم اور اکثر تفسیروں میں بیان کیا گیا ہے کہ جب حضور قرآن مجید تلاوت فرماتے تو کفارِ حضور کو شہید کرنے کا ارادہ کرتے تھے اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور ارشاد ہوا کہ ہم نے آپ کے اور کافروں کے درمیان ایک حجاب پیدا کر دیا جو آپ کو ان کی نظر سے چھپانے والا ہے وہ آپ پر حملہ نہ کر سکیں گے، یہ تو عجیب ہے کیونکہ تلاوت کے وقت کافروں کی نظر سے حضور کا مخفی ہونا نہ درایۃً

ثابت ہے نہ صحیح روایات سے اسکی تائید ہوتی ہے نہ آگے آنیوالی آیات سے اس مطلب کا کوئی جوڑ لگتا ہے اور ان کے کانوں میں گرانی پیدا کردی ہے یہ ظاہر ہے کہ کافروں کے دلوں پر کوئی محسوس مرئی پردہ پڑا ہوا نہ تھا نہ کانوں میں کوئی ثقل تھا بلکہ گمراہی اور کور باطنی کا غیر مبصر حجاب اور عناد وضد کا غیر مرئی ثقل تھا جس نے باوجود سمجھنے کے ان کو انجان اور باوجود سننے کے ناشنوا بنا رکھا تھا اسی حجاب کے متعلق اللہ نے فرمایا کہ یہ حجاب ظاہر بین نظروں سے مستور ہے واللہ اعلم وعلمہ اتم۔

سِتْرٌ پردہ سُتُوْرٌ جمع، سَتْرٌ ڈھال، سُتْرَةٌ آڑ، لباس سَتْرٌ مصدر باب نصر ڈھانپنا، چھپانا، سوال سے باز رکھنا، کسی کام میں خوف، شرم۔ اِسْتِتَارٌ پردہ میں چھپ جانا، پوشیدہ ہونا ۱۵/۵ (دیکھو سِتْرًا اور تَسْتَتِرُوْنَ)

مَسَّتْهُ: مَسَّتْ واحد مؤنث غائب ماضی معروف، هُ ضمیر مفعول، اس کو پہنچی، ۱۲/۲ ۲۵/۱ (دیکھو مَسّ)

مَسَّتْهُمْ: مَسَّتْ واحد مؤنث غائب ماضی معروف هُمْ مفعول، ان کو پہنچی، ان کو لاحق ہوئی۔ ۲۰/۱۰ ۱۱/۸ ۱۷/۵۔

مُسْتَهْزِئُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع اِسْتِهْزَاءٌ مصدر، هُزْءٌ مادہ، مذاق کرنیوالے، مذاق بنا کر انکار کرنے والے۔ ۱۵/۲

هُزُؤَةٌ جس کا مذاق اڑایا جائے۔ هُزْءَةٌ مذاق بنانیوالا۔ هُزْءٌ مذاق۔ هَزُوْءٌ هُزَاةٌ مصدر (فتح) حرکت دینا، ٹھٹھا کرنا۔ تَهْزِئَةٌ (تفعل) ٹھٹھا کرنا۔ اِهْزَاءٌ دوڑنا۔ اِسْتِهْزَاءٌ (باب استفعال) ٹھٹھا کرنا۔ انکار کرنا۔ اچانک قابو پالینا (تاج) دیکھو هُزُوًا اور تَسْتَهْزِئُوْنَ)

اَلْمُسْتَهْزِئِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب ٹھٹھا کرنیوالے۔ انکار کرنیوالے۔ ۱۴/۶۔

مُسْتَيْقِنِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور مُسْتَيْقِنٌ واحد، اِسْتِيْقَانٌ مصدر باب استفعال، یقین رکھنے والے یقین کا معنی ہے کسی بات کی قطعیت پر انسانی فہم کا قائم ہوجانا معرفت اور درایت سے علم کا درجہ اونچا ہے اس لئے یقین علم ہی کی صفت ہوتا ہے معرفت و درایت کی صفت نہیں ہوتا (راغب) اور چونکہ یقین علم حصولی کی صفت ہوتا ہے اس لئے ملائکہ یا انسان کے علم کی صفت تو ہوتا ہے اللہ کے علم کو موصوف بہ یقین نہیں کہا جاسکتا (بیضاوی)

Presented by Ziaraat.Com

کبھی یقین اس امر کو کہہ لیا جاتا ہے جس کا ہونا یقینی ہوتا ہے اسی لئے موت کو بھی یقین کہا گیا ہے تَیَقُّنٌ (باب تفعل) اِسْتِیْقَانٌ (استفعال) اور اِیْقَانٌ (باب افعال) ہم معنی ہیں، یقین کرنا یقین رکھنا یَقِنَ یَقِیْنًا (باب سمع) قطعی طور پر جان لینا بغیر شک وشبہ کے مان لینا، یَقْنَۃٌ مِیْقَانٌ اور مِیْقَانَۃٌ وہ چیز جس کا یقین کیا جاتا ہے۔ ب ۲۵/۳

مَسْجِد: ظرف مکان مفرد، مساجد جمع، سجدہ کرنے کی جگہ، مسلمانوں کا نماز گھر (مزید تفتیح کے لئے دیکھو مساجد) ۱/۲ ب ۲/۱۱ ب ۸/۱۰ ب ۶/۵ ب ۹/۱۸ ب ۱۰/۸ و ۹/۱۰ ب ۱۲/۲ ب ۱۵/۱ ب ۱۷/۱۰ ب ۲۶/۱۲ و ۱۷۔

مَسْجِدًا: ظرف مکان مفرد بتفصیل مذکورہ بالا۔ ب ۱۱/۲ ب ۱۵/۱۵۔

اَلْمَسْجُوْرِ: اسم مفعول واحد مذکر، بھرا ہوا لبریز (مجاہد وکلبی) بالکل خشک سوکھا ہوا (حسن بصری۔ قتادہ۔ ابوالعالیہ) شیریں اور شور مخلوط (ربیع بن انس) تنور کی طرح سخت گرم (محمد بن کعب قرظی، ضحاک) مقاتل کا قول ہے کہ ضحاک نے بتوسط نزال بن سبرہ حضرت علی کا قول نقل کیا ہے کہ البحر المسجور سے مراد وہ سمندر ہے جو عرش کے نیچے ہے قیامت کے قریب پہلا صور پھونکنے کے بعد جب سب جاندار مر جائینگے تو اللہ چالیس روز تک اس سمندر سے بارش کرے گا جس کی وجہ سے انسان قبروں سے سبزہ کی طرح اگیں گے اسی لئے اس سمندر کا نام بحر حیوان ہے۔

سَجْوٌ مصدر (نصر) گرم کرنا۔ تنور گرم کرنا۔ بھرنا۔ سَجَرٌ اور سُجْرَۃٌ سرخی آمیز سفیدی، اَسْجَرُ پاکیزہ حوض۔ پھول۔ سَجُوْرٌ تنور کا ایندھن، سَجِیْرٌ خالص دوست، سَجُوْرِیٌ ہلکا آدمی۔ بیوقوف تَسْجِیْرٌ جاری کرنا۔ خوب گرم کرنا۔ مُسَاجَرَۃٌ باہم گرما گرم دوستی کرنا۔ ب ۲۷/۳۔

اَلْمَسْجُوْنِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مجرور اَلْمَسْجُوْنُ واحد، قیدی۔ سَجْنٌ (نصر) قید کرنا باز رکھنا، منہم کرنا۔ سِجِّیْنٌ جیل (دیکھو السجن السجین) ب ۱۹/۶۔

مَسْحًا: مصدر (فتح) کاٹنا یعنی وہ گھوڑوں کی پنڈلیاں اور گردنیں کاٹنے لگے، یہ ترجمہ حضرت ابن عباس۔ حسن بصری۔ قتادہ اور مقاتل وغیرہ سے مروی ہے (بغوی فی المعالم) امام رازی نے تفسیر کبیر میں لکھا ہے کہ مسح سے ہاتھ پھیرنا مراد ہے یعنی وہ گھوڑوں کی پنڈلیوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنے لگے۔ مسح کے مفہوم میں

Presented by Ziaraat.Com

دو چیزیں داخل ہیں۔ کسی چیز پر ہاتھ پھیرنا۔ اگر کچھ اثر نشان اس چیز پر ہو تو اس کو زائل کر دینا۔

مؤخر الذکر معنی کا لحاظ کرتے ہوئے مسح کا معنی ہو گیا صاف کر دینا۔ درھم مسیح وہ درہم جس پر کچھ نقش نہ رہا ہو۔ اُمسح چکنی جگہ، مَسْحَاءُ ہموار کھلا میدان۔ مَسَحْتُہٗ بِالسَّیْفِ میں نے تلوار سے صفایا کر دیا یعنی کاٹ ڈالا۔ امام رازی نے اول جزء کا لحاظ کر کے ترجمہ کیا ہے اور عام اہلِ تفسیر نے دوسرے جزء کا لحاظ کیا ہے اور مَسَحْتُ بِالسَّیْفِ کو ماخذ قرار دیا ہے۔

مَسَحَ کا معنی زمین کو طے کرنا بھی ہے اور جھوٹی بات کہنا بھی ہے اور اچھی بات کہنا بھی ہے دجال زمین کو طے بھی کریگا اس کی ایک آنکھ بھی مٹی ہوئی ہوگی اور جھوٹا بھی ہوگا اس لئے اس کو مسیح کہا جاتا ہے۔ حضرت عیسٰی بھی سیاحت میں زندگی بسر کریں گے اور سچی بات کہنے والے بھی ہیں اس لئے ان کو مسیح کہا گیا یا یہ کہ آپ کے ہاتھ پھیرنے سے بیمار اچھا ہو جاتے تھے یا یہ کہ ماں کے پیٹ سے ہی تیل ملے ہوئے پیدا ہوئے تھے۔ بعض کا خیال ہے کہ عربی کا مسیح عبرانی زبان کا مشوح تھا۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ عیسٰی کی بھی ایک آنکھ مسوح تھی، مٹی ہوئی تھی یعنی باطل کی آنکھ اور دجال کی بھی ایک آنکھ سپاٹ ہو گی یعنی حق کی آنکھ اس لئے دونوں کو مسیح کہا جاتا ہے۔

مسیح کا معنی مجازی جماع بھی ہے اور ٹاٹ کو بھی مسیح کہتے ہیں۔ مَسَحَ کے مفعول پر کبھی باء آتا ہے دیکھو فامسحوا برؤسکم، کبھی نہیں آتا جیسے مَسَحْتُ یَدِیْ بِالْمِنْدِیْلِ، رومال سے میں نے اپنا ہاتھ پونچھا، صاف کیا۔ مَسَحَ الْبَعِیْرُ الْمَفَازَۃَ اونٹ نے بیابان طے کیا ۲۳/۱۲

(مزید تنقیح کے لئے دیکھو امسحوا، المسیح)

اَلْمُسَحَّرِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مجرد تسحیر مصدر، باب تفعیل جادو زدہ۔ سَحُوْرٌ مصدر (سمع) صبح ہونا۔ سَحَرٌ پھیپھڑہ۔ سُحْرَۃٌ صبح کاذب کا وقت سَحَرٌ ٹرکا۔ سِحْرٌ جادو افسوں، ہر وہ چیز جس کا ماخذ لطیف ہو بظاہر سمجھ میں نہ آتا ہو، جادو کرنا۔ دھوکہ دینا۔ مُحتاج اور بیمار کر دینا، دور ہونا (فتح) سَحُوْرٌ سحری کا کھانا۔ سَحِیْرٌ پیٹ کا روگی۔ مَسْحُوْرٌ جادو کیا ہوا۔ سڑا ہوا کھانا۔ دیرانی جگہ۔ اِسْحَارٌ (افعال) صبح کرنا۔ صبح کے وقت کہیں داخل ہونا۔ تَسْحِیْرٌ فریفتہ بنا دینا۔ زیادہ جادو کرنا۔

Presented by Ziaraat.Com

۱۹/۱۲ (دیکھو السحر، ساحر، سحروا، السحرۃ)

مَسْحُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر منصوب، سحر مصدر۔ باب فتح، وہ شخص جس پر جادو کیا گیا ہو، دھوکہ میں پڑا ہوا مست کٹا خبطی۔ ۱۵/۱۲ ۱۸/۱۵۔

مَسْحُوْرُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع۔ مسحور واحد، سحر مصدر، وہ لوگ جن پر جادو کر دیا گیا ہو، دھوکہ میں پڑے ہوئے۔ ۱۴/۱

مُسَخَّرٍ: اسم مفعول واحد مذکر، تسخیر مصدر باب تفعیل، فرمانبردار بنایا ہوا۔ سخر، سخرۃ، مسخر، بسخر مصدر، (باب سمع) ٹھٹھا کرنا۔ سخریۃ اور سخریۃ (باب نصر) کسی کو مجبور کرنا، ایسے کام کی تکلیف دینا جس کو اس کا دل نہ چاہتا ہو، کسی کو احمق بنانا۔ سخری اسم، وہ شخص جس کو مجبور کر کے کوئی کام کرایا جائے یا جسکو احمق بنایا جائے۔ سخرۃ جسکو فرمانبردار بنایا جائے، جس کا لوگ مذاق بنائیں۔ سخرۃ مذاق اڑانے والا۔ تسخیر، جبر کر کے بغیر مزدوری دیئے کام لینا۔ قوت کے ساتھ فرمانبردار بنانا۔ استسخار (استفعال) ٹھٹھا کرنا۔ اس کے مفعول پر کبھی با آتا ہے، کبھی من ۲/۴ (تفصیل کے لئے پڑھو سخر، تسخروا، سخریا)

مُسَخَّرَاتٍ: اسم مفعول جمع مؤنث، مسخرۃ واحد، تسخیر مصدر باب تفعیل، تابع اور فرمانبردار بنائے ہوئے، (دیکھو مسخر) ۸/۱۴ ۱۴/۱۷ و ۸

مَسَخْنَا: جمع متکلم ماضی معروف، مسخ مصدر، باب فتح، ہم نے صورت بگاڑ دی۔ مسخ مصدر اور اسم، عادت یا صورت بگاڑ دینا خصلت یا صورت کا بگاڑ۔ مسیخ وہ شخص جس کی صورت بگاڑ دی گئی ہو، بدخلق، بے نمک، بدصورت، بدسیرت، بے مزہ گوشت یا کھانا یا میوہ۔ ۲۳/۳۔

مَسَدٍ: اسم، درخت کھجور کی شاخوں کی چھال سے نکالے ہوئے ریشے۔ مسد (باب نصر) رسی بٹنا۔ تکلیف میں ڈالنا۔ امرأۃ ممسودۃ رسی کے بلوں کی طرح اینٹھی ہوئی عورت (راغب) ۳۰/۳۶۔

مُسْرِفٍ: اسم فاعل واحد مذکر، اسراف مصدر باب افعال۔ حد سے بڑھنے والا، مراد مشرک (معالم) اسراف کا معنی ہے کسی کام میں حد اعتدال سے آگے بڑھنا، بیجا یا بے اندازہ صرف کرنا۔ حرام چیز کھانا۔ ۲۴/۹ (دیکھو تسرفوا، اسرافا، اسرفوا)

اَلْمُسْرِفِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور و

منصوب، اِسْرَافٌ مصدر، حدِ اعتدال سے یا حدِ مقرر سے آگے بڑھنے والے یعنی بیہودہ صرف کرنے والے، بے جا صرف کرنیوالے، لواطت کرنے والے غرض حدِ حلال سے حرام کی طرف بڑھنے والے۔ ۱۱/۴۰ ۱۷/۱ ۱۹/۱۲ ۲۴/۱۰ ۲۵/۱۵ ۲۷/۱

مُسْرِفِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب نکرہ۔ مُسرف واحد بمعنی مذکور۔ ۱۵/۷

مُسْرِفُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع مُسْرِفٌ واحد، حد سے بڑھنے والے (دیکھو المسرفین اور مُسْرِفٌ)

مَسْرُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر، سُرُوْرٌ مصدر (باب نصر) خوش کیا ہوا۔ اترایا ہوا۔ (جلالین و معالم) سَرَارَةٌ (باب کرم) کسی چیز کا عمدہ خالص اور بہتر ہونا، پاکیزگی سَرٌّ (باب سمع) ناف کا مرلیض ہونا، خوش کرنا۔ اِسْرَارٌ (باب افعال) چھپانا اور ظاہر کرنا (اضداد سے ہے) سِرٌّ راز (اَسْرَارٌ جمع) مرد اور عورت کا عضوِ مخصوص، نکاح، نکاح کا اعلان، ہر چیز کا درمیانی حصہ۔ بہترین جگہ سُرَّةٌ ناف۔ اَسَرُّ بن بلائے آنیوالا، ہر کام میں دخل دینے والا۔ سُرُوْرٌ بڑا عقلمند، خالص دوست۔ مَسْرُوْرٌ اترایا ہوا۔ خوش کیا ہوا۔ نافہ بریدہ۔ سَرِیْرٌ تخت چارپائی۔ سُرُرٌ جمع (دیکھو اَلسُّرَّةُ، سِرًّا اَسِرُّوْا، سُرِّیَ۔ اَسَرَّ۔ سُرُوْرًا) ۳۰/۹ دو جگہ، اول جگہ معنی خوش خوش، دوسری جگہ اترایا ہوا۔

مَسْطُوْرٍ: اسم مفعول واحد مذکر مجرور لکھا ہوا (دیکھو مستطر) ۲۷/۳

مَسْطُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر منصوب لکھا ہوا۔ ۱۵/۶ ۲۱/۱۷۔

مَسْغَبَةٍ: اسم مصدر مجرور بھوک، سَغِبٌ سَغَابَةٌ۔ سُغُوْبٌ۔ مَسْغَبَةٌ (نصر و سمع) بھوکا ہونا، بھوک۔ سَغِبٌ بھوکا (قاموس) سَغَبٌ بھوک یا پیاس جس میں تھکان سی محسوس ہو (راغب) سَغْبَانٌ پیاسا۔ اِسْغَابٌ (افعال) بھوکا ہونا۔ مُسَغَّبٌ جائز۔ ۳۰/۱۵۔

مُسْفِرَةٌ: اسم فاعل واحد مؤنث اِسْفَارٌ مصدر، باب افعال، چمکدار۔ روشن۔ سَفْرٌ کا معنی ہے سر پوش یا پردہ ہٹا دینا جیسے سَفَرَ الْعِمَامَةَ عَنِ الرَّأْسِ سر سے عمامہ ہٹا دیا۔

Presented by Ziaraat.Com

سَفْرُ الْبَیْتِ گھر میں جھاڑو دینا، خاک صاف کر دینا۔ سَفَرَ اس نے سفر کیا۔ اپنے وطن سے ہٹ گیا۔ سَافِرٌ، مُسَافِرٌ، سُفْرَۃٌ سفری کھانا سِفْرٌ حقائق کو کھول دینے والی کتاب اَسْفَارٌ جمع، سَفِیْرٌ ایلچی جو مُرسِل کی حقیقت اور غرض مرسل الیہ پر کھول دیتا ہے۔ سَفَرَۃٌ اعمالنامے لکھنے والے فرشتے، سَفَرٌ آفتاب غروب ہونے کے بعد والی سفیدی، مِسْفَرَۃٌ جھاڑو جس سے کوڑا ہٹایا جاتا ہے۔ سَفَرٌ کے مشتقات باب ضرب و نصر سے آتے ہیں، تسفیر (تفعیل) سفر پر بھیجنا، اِنْسِفَارٌ ننگا ہونا۔ اِسْتِسْفَارٌ کسی چیز کو ظاہر کرنیکی خواہش کرنا۔ ۳۰/۵۔

مَسْفُوْحًا: اسم مفعول واحد مذکر۔ سَفْحٌ مصدر باب فتح بہایا ہوا یعنی بہتا ہوا۔ سَافِحٌ ریزے جو نیچے گر جاتے ہیں، سُفُوْحٌ نرم پتھر سَفَاحٌ بہت دینے والا، کلام پر قدرت کاملہ رکھنے والا (دیکھو مسافحین اور مسافحات) ۵/۵۔

مِسْكٌ: اسم، مشک ۳۰/۸۳ (دیکھو مستمسکون)

مَسَّكُمْ: مَسَّ فعل ماضی واحد مذکر، کُمْ ضمیر مفعول، تم کو پہنچ جاتا ۱۸/۱۰۵ تم کو پہنچتی ہے ۱۴/۱۳ ۱۵/۷ (دیکھو مَسَّ)

اَلْمَسْكَنَةُ: اسم مصدر، محتاجی، ذلت ۴/۲ (دیکھو مَسَاكِنَ)

مَسْكِنِهِمْ: مسکن مفرد مضاف ھم ضمیر مضاف الیہ۔ ان کے رہنے کی جگہ، مساکن جمع ۲۲/۸ (دیکھو مساکن)

مَسْكُوْبٍ: اسم مفعول واحد مذکر مجرور سَکْبٌ مصدر بہتا ہوا جاری، سَکْبٌ سُکُوْبٌ سُکَابٌ (نصر) پانی کا بہنا، برسنا، بڑی بڑی بوندوں کے ساتھ پیہم بارش ہونا، مؤذن کا اذان دینا۔ سَکْبٌ ہموار رفتار والا گھوڑا، دریائی کیڑا۔ اُسْکُوْبٌ جاری پانی پیہم موٹے قطروں کی بارش، اِنْسِکَابٌ پانی کا گرتا رہنا۔ ۲۷/۱۴۔

مَسْكُوْنَةٍ: اسم مفعول واحد مؤنث، آباد مکان جس میں کوئی رہتا بستا ہو، اصل میں مسکن یعنی سکونت کا مقام ہوتا ہے اسکو مَسْكُوْنَةٌ کہنا مجازًا ہے، غیر مَسْكُوْنَةٍ کا معنی ہوا غیر آباد جس میں کوئی نہ رہتا ہو (دیکھو مساکن) ۱۸/۱۰

مِسْكِيْنٌ: اسم مفرد مرفوع مکرہ، مساکین جمع، نادار، مفلس (دیکھو مَسَاكِنَ) ۲۹/۳

مِسْكِيْنٍ: اسم مفرد مجرور نکرہ مساکین جمع نادار، مفلس (دیکھو مَسَاكِنَ) ۲۹/۳

مِسْكِيْنًا: اسم مفرد منصوب نکرہ، مساکین جمع نادار (دیکھو مساکِنَ) ۲۸/۱ ۲۹/۱۹ ۳۰/۱۵۔

اَلْمِسْكِيْنَ: اسم مفرد منصوب معرف باللام المساکین جمع، نادار۔ ۲۱/۷ ۲۹/۱۶۔

اَلْمِسْكِيْنِ: اسم مفرد مجرور معرف باللام المساکین جمع۔ نادار۔ ۲۹/۵ ۱۴ و ۳۲/۳۰۔

مُسْلِمًا: اسم فاعل واحد مذکر، اسلام مصدر باب افعال، فرمانبردار مسلمان۔ ۳/۱۵ ۱۳/۵۔

اَلْمُسْلِمَاتِ: اسم فاعل جمع مؤنث معرف باللام المُسْلِمَۃ واحد، فرمانبردار مسلمان عورتیں۔ ۲۲/۲

مُسْلِمَاتٍ: اسم فاعل جمع مؤنث نکرہ۔ مُسْلِمَۃ واحد، فرمانبردار مسلمان عورتیں۔ ۲۸/۱۹۔

اَلْمُسْلِمُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع معرف اَلْمُسْلِمُ واحد، فرمانبردار مسلمان۔ ۲۹/۱۱۔

مُسْلِمُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع نکرہ۔ مُسْلِمٌ واحد، فرمانبردار مسلمان ۱/۱۶ ۱۳ و ۱۵ و ۱۶ و ۱۷/۳۔ ۴/۲ ۷/۵ ۱۷/۷ ۲۰/۲

مُسْلِمَۃً: اسم فاعل واحد مؤنث مُسْلِمات جمع، فرمانبردار مسلمان ۱/۱۵۔

مُسَلَّمَۃٌ: اسم مفعول واحد مؤنث، تسلیم مصدر، باب تفعیل ۱/۸ سالم بے داغ ۵/۱۰ سپرد کی گئی۔

مُسْلِمَيْنِ: اسم فاعل تثنیہ مذکر مُسْلِمٌ واحد، دونوں فرمانبردار مسلمان۔ ۱/۱۵۔

مُسْلِمِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر نکرہ، مُسْلِمٌ واحد، فرمانبردار مسلمان ۹/۴ ۱۱/۱۴ و ۱۴/۱۸ ۱۷/۷ ۱۹/۱۸ و ۱۷ ۳ ۲۰/۹ ۲۵/۱۳۔

اَلْمُسْلِمِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر معرفہ اَلْمُسْلِمُ واحد فرمانبردار مسلمان ۵/۷ ۱۱/۱۳ ۲۲/۲ ۲۳/۱۶ ۲۴/۱۹ ۲۷/۱ ۲۹/۴ (لفظ مُسْلِمًا سے اَلْمُسْلِمِيْن تک ہر ایک کی تفصیل کیلئے دیکھو مُستَسلمون)

مُسْتَمِعٍ: اسم فاعل واحد مذکر، اسماع مصدر باب افعال سنانے والا ۲۲/۱۵ (دیکھو مستمعون)

مُسْتَمَعٍ: اسم مفعول واحد مذکر، اِسْمَاعٌ مصدر سنایا گیا ۵/۴ (دیکھو مستمعون)

مُسَمًّى: اسم مفعول واحد مذکر، تَسْمِيَۃٌ مصدر باب تفعیل مقرر کردہ، اِسْمٌ نام، وَسْمٌ علامت نشان، اَسْمَاء، اسماوات جمع اَسامی اور آسَامٌ جمع الجمع، تَسْمِيَۃٌ (تفعیل) نام لینا، نام رکھنا۔ نام رکھنے سے چیز کی تعیین ہو جاتی ہے

اس لئے مُسمّٰی کا ترجمہ ہوا مقرر کردہ۔ اِسْتِمَارٌ (افتعال) پائے تابہ پہنچنا، کسی میں نیکی پانا۔ تَسَمّٰی (تفعل) نامزد ہو جانا، کسی کی طرف منسوب ہونا۔ اِسْمَاءٌ (افعال) نام رکھنا۔ بلند کرنا۔ تَسَامٰی (تفاعل) بزرگی میں مقابلہ کرنا (تاج و قاموس) ۲۳/۱۵ ۲۴/۱۲،۲ ۲۵/۳ ۲۶/۱ ۲۹/۹ (دیکھو اِسم۔ اَلْاِسْمَاءُ۔ سَمَّا۔ سَمَّیْتُمُوْا۔ سَمِیًّا۔ اَلسَّمَاءُ۔ سَمٰوٰت)

مَسَّنَا: مَسَّ ماضی واحد مذکر غائب، ا ضمیر جمع متکلم مفعول، ہم کو پہنچا۔ ۱۳/۳ ۲۶/۱۷ (دیکھو مس)

مُسَنَّدَةٌ: اسم مفعول واحد مؤنث، تَسْنِیْدٌ مصدر، باب تفعیل، دیوار کے سہارے سے لگائی ہوئی یعنی جس سے پشت کا سہارا لگایا جائے، اَسْنَادٌ جمع، سِنَادٌ قوی الجثہ دراز قامت۔ اِسْنَادٌ (افعال) کسی بات کی کسی طرف نسبت کرنا۔ سہارا دینا۔ تَسْنِیْدٌ لکڑی کو دیوار وغیرہ کے سہارے سے لگا دینا۔ تَسَانُدٌ (تفاعل) تعاون۔ اِسْتِنَادٌ کسی چیز سے پشت کا سہارا لینا۔ ۲۸/۱۳۔

مَسْنُوْنٍ: اسم مفعول واحد مذکر سَنٌّ مصدر باب نصر متغیر (بغوی) سڑا ہوا (سیوطی) تیز کرنا۔ ملنا۔ رگڑنا۔ تیز چلانا۔ متغیر کر دینا۔ ظاہر کرنا۔ دانت سے کاٹنا۔ سخت سزا دینا۔ راستہ پر چلنا۔ منہ پر پانی بہانا۔ سِنٌّ دانت۔ اَسْنَانٌ جمع اِسْنَانٌ لڑائی۔ سَنَّةٌ رکھنی، بندری، سُنَّةٌ چہرہ، رخسارہ۔ پیشانی، صورت، عادت طبیعت، طریقہ۔ سُنَنٌ کھلا راستہ۔ روش سِنَانٌ بھالا۔ ہر چیز کی تیزی۔ سُنُوْنٌ منجن مِسَنٌّ تیز کرنے کا آلہ یعنی سان۔ مَسْنُوْنٌ تیز اور چمکدار، چھری، ہر متغیر چیز (یعنی وہ چیز جس پر سالہا سال گذرنے سے تغیر اور تبدل آگیا ہو) تَسَنُّنٌ متغیر ہونا۔ طریقہ اختیار کرنا یعنی سنتِ رسول اللہ پر چلنا۔ ۱۴/۳ دیکھو سُنَّةَ اللّٰہ۔

مَسَّنِیَ: مَسَّ فعل ماضی واحد مذکر غائب، نِیْ مفعول، مجھکو پہنچ گیا۔ ۹/۱۳ ۱۴/۴ ۱۷/۶ ۲۳/۱۳ (دیکھو مس)

مُسْوَدًّا: اسم مفعول واحد مذکر، اِسْوِدَادٌ مصدر، باب افعلال، سیاہ (سواد سیاہی) غم کی وجہ سے رنگ بگڑا ہوا (جلالین) سَوَادٌ دور سے دکھائی دینے والی شبیہ۔ آنکھ کی سیاہی، بڑی جماعت۔ سَیِّدٌ جماعت کا سردار عورت کا شوہر اور چونکہ جماعت کے سردار کیلئے لازم ہے کہ اس کے خصائل حمیدہ ہوں اور فضائل کا حامل ہو اس لئے ہر بزرگ اور صاحب فضیلت

Presented by Ziaraat.Com

شخص کو سید کہا جاتا ہے، سید کی جمع سادۃ ہے ۱۴/۳ ۲۵/۸ (دیکھو سیدا۔ سیدھا۔ سادتنا۔ تسود)

مُسْوَدَّۃٌ: اسم فاعل واحد مؤنث، اِسْوِدَادٌ مصدر باب افعلال، سیاہ (دیکھو مُسْوَدًّا) ۲۴/۳۔

مُسَوَّمَۃً: اسم مفعول واحد مؤنث، تَسْوِیْمٌ مصدر، باب تفعیل، سُوْمَۃٌ سے، نشاندار، ممتاز سُوْمٌ کا معنی ہے کسی چیز کی طلب میں جانا۔ اس مفہوم کے دو جزء ہیں جانا اور طلب، کبھی صرف دوسرا جزء ملحوظ ہوتا ہے جیسے یَسُوْمُوْنَکُمْ سُوْءَ الْعَذَابِ وہ تم کو سخت تکلیفیں دینی چاہتے تھے یا وہ تمہارے لئے سخت تکلیفیں تلاش کرتے تھے، کسی چیز کا نرخ کرنے میں بھی مشتری سے بائع قیمت کی طلب کرتا ہے اس لئے سوم کا معنی نرخ کے ہو گئے۔ سُمْتُ الْاِبِلَ فِی الْمَرْعٰی میں نے چراگاہ میں چرنے کے لئے اونٹوں کو بھیجدیا اسی معنی میں باب افعال سے اَسَمْتُ اور باب تفعیل سے سَوَّمْتُ آتا ہے، آیت میں ہے شَجَرٌ فِیْہِ تُسِیْمُوْنَ درختوں میں تم اونٹوں کو چراتے ہو یا چرنے کے لئے بھیجتے ہو۔

سِیْمَۃٌ، سُوْمَۃٌ، سِیْمَا علامت، نشان سِیْمَاھُمْ ان کی نشانی، سِیْمِیَاءٌ کا بھی یہی معنی ہے، ایک شاعر کہتا ہے:

لَہٗ سِیْمِیَاءٌ لَا تَشُقُّ عَلَی الْبَصَرِ

اسکا نشان آنکھوں پر گراں نہیں گزرتا اور سَوَامٌ نرخ۔ سَوَامٌ، سَائِمٌ، سَائِمَۃٌ چرنے والے جانور۔ اِسَامَۃٌ (باب افعال) نرخ گراں کرنا۔ نرخ معلوم کرنا۔ چرانا۔ کسی پر ظلم ڈالنا۔ تَسْوِیْمٌ اپنے اوپر یا کسی پر نشان لگانا۔ مُسَاوَمَۃٌ باہم نرخ کرنا۔ اِسْتِیَامٌ قیمت معلوم کرنا۔ تَسَوُّمٌ نشان زد ہونا، اپنے اوپر نشان باندھنا۔ ۳/۱۰ ۱۲/۷ ۲۷/۱۔

مُسَوِّمِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب مُسَوِّمٌ واحد، تَسْوِیْمٌ مصدر سُوْمَۃٌ سے اپنے لئے نشان مقرر کرنیوالے یا اپنے گھوڑوں کا خصوصی نشان بنانیوالے۔ ۴/۴۔

مَسَّتْ: مَسَّ فعل ماضی ہٗ ضمیر مفعول، اس کو پہنچا (دیکھو مَسَّ) ۱۱/۷ ۱۵/۹ ۹/۲۵ ۲۹/۷۔

مَسَّھُمْ: مَسَّ فعل ماضی ھُمْ ضمیر مفعول ان کو پہنچا (دیکھو مَسَّ) ۹/۱۴

اَلْمَسِیْحُ: اسم فاعل واحد مذکر، اِسَارَۃٌ مصدر باب افعال، سور مادہ، بدی کرنیوالا۔

۲۴/۱۱ (دیکھو سُوْءٌ۔ اَلسُّوْءٰی۔ اَلسُّوْءَۃ۔ اَلسُّوَای۔ اَلسَّیِّئَۃ۔ اَسَاءُوْا۔ سَاءَ۔ سَاءَتْ۔ اَلسَّوْءٰی۔ سِیْئَتْ۔ سَوْاٰۃَ۔ سَوْاٰتُھُمَا)

اَلْمَسِیْحُ: اسم علم حضرت عیسٰی ابن مریم بنت عمران۔ مسیح کی اصل عبرانی زبان میں مَسِیحَا تھی جس کا معنی ہے مبارک (روح) راغب نے مشوحا بتائی ہے (المفردات) عیسٰی معرب ہے اصل میں الشیوع تھا یعنی سردار (خطیب فی السراج) ۳/۱۳ ۳ (۴ (۷ (۴) ۶ (مزید تحقیق کے لئے دیکھو مَسِیحًا)

اَلْمَسِیْحَ: بمعنی مذکور، ۶/۷ ۲ ۱۰/۱۱۔

مُسَیْطِرُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر سَیْطَرَۃٌ مصدر، ذمہ دار۔ حاکم غالب۔ جابر مسلط ۲۷/۴ (دیکھو مسیطر)

مَسْئُوْلًا: اسم مفعول واحد مذکر، سُؤَلٌ مادہ۔ باب فتح پوچھا گیا۔ باز پرس کیا گیا۔ سُئِلَ بِسُؤْلَۃٌ، سُوَالٌ۔ سَاءَلَۃٌ مَسْاَلَۃٌ۔ تَسْاَلٌ۔ سَاءَلَۃٌ سب مصدر ہیں کوئی چیز مانگنا، پوچھنا۔ اِسْاَلٌ (باب افعال) سوال پورا کرنا۔ حاجت روائی کرنی۔ تَسَاءُلٌ باہم سوال کرنا۔ ۱۵/۴ ۱۸/۱۷ ۲۱/۱۸ (دیکھو سَاَلَ سُئِلَتْ۔ سَائِلٌ۔ اِسْئَلُوْا۔ اَلسَّائِل۔)

مَسْئُوْلُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مسئول واحد، باز پرس کئے گئے، وہ لوگ جو باز پرس کے قابل ہیں۔ ۲۳/۶۔

مَشَّاءٍ: اسم مبالغہ۔ مَشْیٌ مصدر (باب ضرب) بہت زیادہ چلنے والا یعنی بڑا چغل خور جو اِدھر کی اُدھر اور اُدھر کی اِدھر چغلیاں خوب کھاتا پھرتا ہے (روح المعانی و معالم)

مَشْیٌ۔ تَمْشَاءٌ پیادہ چلنا۔ مِشْیَۃٌ اور مُشْیَۃٌ کوئی مخصوص رفتار۔ مَاشِی پیدل چلنے والا۔ حاکم۔ چغلخور۔ مشاۃ جمع۔ مَاشِیَۃٌ بھیڑ بکریاں۔ مواشی جمع، اِمْرَاَۃٌ مَاشِیَۃٌ کثیر الاولاد عورت۔ اِمْشَاءٌ ہنکانا چلانا تَمْشِیَۃٌ چلنا۔ چلانا (لازم و متعدی) مُمَاشَاۃٌ باہم مل کر چلنا۔ ۲۹/۳۔

مَشَارِبُ: جمع، مَشْرَبٌ واحد، مشرب مصدر میمی بھی ہے (پینا) اور ظرف مکان بھی (پینے کی جگہ) گھاٹ یا چشمہ یا تھن اور ظرف زمان بھی (پینے کا وقت)

بیضاوی نے لکھا ہے کہ مشارب سے مراد ہے مصدری معنی یا ظرف مکان، صاحب

جمل نے جلالین کے حاشیہ پر لکھا ہے کہ مشارب مشرب کی جمع ہے اور مشرب مصدر بھی ہے اور اسم مکان بھی اور اسم زمان بھی، مقصد یہ ہے کہ مشرب سے اوقات شرب بھی مراد ہو سکتے ہیں۔ بغوی نے معالم میں مشارب کی تفسیر کے ذیل میں لکھا ہے من ألبانہا یعنی مشرب سے مراد مشروب ہے پینے کی چیز یعنی دودھ شُرْبَۃٌ ایک بار پینا۔ ایکبار پینے کی مقدار میں کوئی چیز۔ شَرْبٌ پانی کا حصہ (راغب) یا پینے کی جگہ (قاموس) شُرْبٌ کوئی سیال چیز پینا۔ شُرْبَۃٌ چہرہ کی سرخی، سیراب ہونے کی بقدر پانی۔ شَرِبَۃٌ بہت پانی پینا سخت پیاس گرمی گرد، شَرِبَۃٌ بہت پانی پینے والا۔ شارِبٌ پینے والا، بالائی لب کے بال، حلق کی اندرونی رگیں، گورخر کی تعریف میں ہذلی کا قول ہے صَخِبُ الشَّوَارِبِ پانی پیتے ہیں اس کے حلق کی اندرونی رگوں سے آواز نکلتی ہے شَرِیبٌ وہ پانی جو پینے کے قابل نہ ہو مِشْرَبَۃٌ پانی کا پیالہ، گلاس، شَرِبَ (سمع) پیا۔ شَرْبٌ۔ تشرابٌ۔ مَشْرَبٌ مصدر شُرِبَ بہ اس پر جھوٹ لگایا گیا۔ شَرَبَ (نصر) اس نے جانا۔ معلوم کیا۔ اِشْرَابٌ (باب افعال) نزدیک کرنا۔ نزدیک ہونا۔ پلانا، پینا، پیاسا ہونا گلے میں رسی باندھنا (از اضداد) تَشْرِیبٌ کھلانا پلانا کسی کے مال میں تصرف کرنا۔ اِسْتِشْرَابٌ (استفعال) سخت ہو جانا۔ اِشْرِبَابٌ (افعیلال) گردن اٹھا کر دیکھنا۔ ۲۳/۴ (دیکھو شَرَابٌ۔ شَرِبَ۔ شَارِبُونَ۔ شُرْبٌ شَرِبَ مَشْرَبٌ، اُشْرِبُوا)

اَلْمَشَارِقِ: اسم ظرف جمع، اَلْمَشْرِقُ واحد ہر روز یا ہر فصل کے طلوع کے مقامات (راغب) بغوی نے صرف اول معنی لکھے ہیں۔

شَرْقٌ سورج، دھوپ، طلوع کا مقام شَرْقَۃٌ۔ مَشْرُقَۃٌ۔ مَشْرِقَۃٌ مِشْرَاقٌ مقام طلوع آفتاب بوقت طلوع۔ شَارِقٌ آفتاب بوقت طلوع شَرِیقٌ کا بھی یہی معنے ہے شَرْقِیٌّ شَرْقِیَّۃٌ شرقی جانب، مَشْرِقٌ مقام طلوع مِشْرِیقٌ مقام طلوع اور روشندان، شَرَقٌ مصدر (باب نصر) سورج نکلنا، کسی چیز کا پھٹنا شَرِقَ (باب سمع) پھٹ جانا۔ سرخ ہو جانا۔ کمزور ہو جانا۔ غمگین اور غضبناک ہو جانا (قاموس و تاج) امام راغب نے لکھا ہے کہ شَرِقَتِ الشَّمْسُ کا معنی ہے سورج زرد ہو گیا گویا باب نصر سے شَرْقٌ کا معنی ہے سورج کا زرد پڑ جانا

Presented by Ziaraat.Com

بھی ہے جیسے شام کو ہوتا ہے لیکن صاحبِ قاموس نے شَرَقٌ (باب سمع) کا معنی لکھا ہے سرخ ہوجانا کمزور ہوجانا اس لئے غروب کے قریب آفتاب کے لئے شَرِقَتْ کہنا چاہیے۔ اِشْرَاقٌ (افعال) روشن ہونا، بلند ہونا، کسی کو غمگین اور غضبناک کر دینا۔ تَشْرِیْقٌ (تفعیل) خوبصورت ہونا مشرق کی طرف منہ کرنا۔ گوشت بھوننا۔ مُشْرَقٌ عید کی نماز کی جگہ۔ اِشْتِرَاقٌ (افتعال) گوشت پکانا۔ گوشت کو دھوپ میں خشک کرنا۔ اِنْشِرَاقٌ (انفعال) پھٹ جانا۔ ۲۳/۵ ۲۹/۸۔

مَشَارِقَ: اسم ظرف مضاف، مشرق واحد، اس جگہ مشارق سے ملک مصر اور مغارب سے ملکِ شام مراد ہے (بغوی فی المعالم) (دیکھو اَشْرَقَتْ۔ شَرْقِیًّا) ۹/۶۔

اَلْمَشْاَمَةِ: اسم، بائیں جانب (جلالین) شُؤْمٌ بائیں طرف۔ شَامٌ کعبہ سے بائیں طرف کا ملک، شُؤْمٌ بدشگونی۔ شِیْمَةٌ طبیعت، شَامَ اور شَأَمَ (فتح) بدشگونی کی۔ شُؤْمٌ (کرم) بدشگون ہوا۔ اشام ملکِ شام میں داخل ہونا۔ تَشْئِیْمٌ (تفعیل) ملکِ شام کی طرف بھیجنا۔ تَشَاؤُمٌ شامی بننا، بدشگونی لینا۔ کسی کو اپنے بائیں طرف کر لینا۔ خود بائیں جانب ہوجانا۔ ۲۷/۱۴ ۳۰/۱۵۔

مُشْتَبِهًا: اسم فاعل واحد مذکر، اِشْتِبَاهٌ مصدر، باب افتعال ہم شکل، صورت اور رنگ میں ملتا۔ برقول قتادہ پھلوں کا ہم شکل ہونا مراد ہے اور غیر متشابہ سے انار اور زیتون کے پھلوں کا جدا جدا ہونا یا پھلوں کا ظاہری صورت میں ایک جیسا ہونا اور مزہ میں مختلف ہونا مراد ہے ۹۹/۱۸ (دیکھو متشابہًا۔ متشابہات۔ تَشَابُہٌ۔ تَشَابَہَتْ)

مُشْتَرِكُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، مشترک واحد۔ اِشْتِرَاکٌ مصدر (افتعال) شریک ہونیوالے۔ ساتھ ساتھ عذاب میں رہنے والے۔

شِرْکَتْ اور مُشَارَکَتْ کا معنی ہے ملکیت میں دو یا چند آدمیوں کا ساجھی ہونا۔ مختلف املاک کو مخلوط کر دینا یا یوں کہو کہ کسی ایک چیز کا دو یا زیادہ میں پایا جانا جیسے انسان اور گھوڑے میں جاندار ہونا مشترک ہے، گھوڑا گھوڑے کے ساتھ کمیت یا ابلق یا اشہب ہونے میں شریک ہے، دوزخی عذاب میں شریک ہیں، شرک کا بھی یہی معنی ہے، اللہ کا

شریک بنانے کا یہ مطلب ہے کہ ذات یا صفات الٰہیہ کا وجود کسی مخلوق میں مانا جائے، یہ شرکِ عظیم ہے یا اللہ کی موجودگی میں اس کی توحید ذاتی وصفاتی کا یقین رکھتے ہوئے بعض معاملات میں دوسروں کی رعایت رکھی جائے یہ ریا ہے اس کو بھی شرک کہا گیا ہے (راغب) شَرَکٌ جال، سڑک، درمیانی راستہ، شِرَاکٌ جوتہ کا تسمہ، شریک ساجھی اشراک اور شرکار جمع ہے۔

شرکت سے مختلف افعال باب سَمِعَ سے مستعمل ہیں۔ اِشْرَاکٌ (باب افعال) کسی کو شریک بنانا یا شریک پانا، جوتہ کا تسمہ بنانا۔ تَشْرِیکٌ (تفعیل) جوتہ کا تسمہ بنانا۔ اشتراک (افتعال) بمعنی مشارکت (تاج واقرب الموارد) ۲۳/۶ ۲۵/۱۰۔

اَلْمَشْحُوْنِ: اسم مفعول واحد مذکر باب فتح بھرا ہوا۔ شَحْنٌ (فتح۔ نصر۔ سمع) بھرنا باب سمع سے شَحْنٌ کا معنی دشمنی کرنا بھی ہے شَحْنَاءُ اور شَحْنَۃٌ دل میں بھری ہوئی عداوت کینہ۔ شَحْنَۃٌ اتنی گھاس جو ایک رات کے لئے جانور کا پیٹ بھر دے، شہر کا نگران جو شہر کی حفاظت کے لئے مقرر ہو، شَاحِنٌ وہ دشمن جس کے دل میں عداوت بھری ہو، اِشْحَانٌ بھرنا، دل بھر بھر کر آنا کہ آدمی رونے کے لئے بالکل تیار ہو، مُشَاحَنَۃٌ باہم دشمنی رکھنا۔ مُشَاحِنٌ دشمن، تارک جماعت (اقرب تاج) ۱۹/۱۰ ۲۳/۹ ۲۳/۹۔

مَشْرَبَهُمْ: مَشْرَبٌ اسم ظرف مفرد مضاف هُمْ ضمیر مضاف الیہ مَشَارِبُ جمع پینے کی جگہ، چشمہ۔

اَلْمَشْرِقُ: اسم ظرف مفرد، اَلْمَشَارِقُ جمع، جہت شرق ۱/۱۴ ۲/۱ } ۱/۷ ۹/۱۰ دیکھو مشارب) (دیکھو مشارق)

اَلْمَشْرِقِ: اسم ظرف مفرد، اَلْمَشَارِقُ جمع جہت شرق۔ ۲/۶ ۳/۳ ۱۹/۶ ۲۹/۱۳۔

اَلْمَشْرِقَيْنِ: تثنیہ اسم ظرف اَلْمَشْرِقُ واحد اَلْمَشَارِقُ جمع دو مشرق۔ ۲۵/۱۰ میں دو مشرقوں سے مشرق ومغرب مراد ہیں جیسے قمرین چاند اور سورج یعنی جتنا فاصلہ مشرق اور مغرب میں ہے (جلالین ومدارک) ۲۷/۱۱ میں مراد ہے سردی اور گرمی کے زمانہ کا مقام طلوع (راغب)

مُشْرِقِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب

Presented by Ziaraat.Com

مُشْرِقٌ واحد اِشْرَاقٌ مصدر باب افعال صبح کرنے کے روشنی ہوتے ہوتے ۱۴/۵ ۱۹/۸ (دیکھو المشارق)

مُشْرِكٌ : اسم فاعل واحد مذکر اِشْرَاکٌ مصدر شرک کرنیوالا ۲/۱۱ ۱۸/۷ (دیکھو مشرکون)

اَلْمُشْرِكَاتِ : اسم فاعل جمع مؤنث اَلْمُشْرِكَةُ واحد مصدر، شرک کرنے والیاں ۲/۱۱ ۱۰/۱۱ ۲۲/۶ ۲۶/۹۔

اَلْمُشْرِكُوْنَ : اسم فاعل جمع مذکر معرفہ اَلْمُشْرِكُ واحد، اشراک مصدر، شرک کرنیوالے۔ ۱۰/۱۱ ۲۸/۹۔

مُشْرِكُوْنَ : اسم فاعل جمع مذکر نکرہ مُشْرِكٌ واحد اشراک مصدر، شرک کرنیوالے۔ ۵/۱ ۱۴/۱۹۔

اَلْمُشْرِكِيْنَ : اسم فاعل جمع مذکر منصوب و مجرور، اَلْمُشْرِكُ واحد اشراک مصدر، ۱۳/۱۶ ۱/۱۱ ۲/۱۱ ۳/۱۵ ۴/۱ ۷/۸ ۹/۱۵ ۷/۱۹ ۸/۳ ۷/۸ ۹/۱۱ ۱۰/۸ ۱۱/۱۶ ۱۳/۶ ۱۴/۶ ۲۲/۱۷/۱۱ ۲۰/۱۲ ۲۱/۸ ۷/۲۲ ۱۴/۴ ۲۲/۱۵ ۲۴/۳ ۲۵/۹ ۲۶/۳۰ (دیکھو مشرکون)

اَلْمَشْعَرِ : اسم ظرف اور مصدر میمی علامت نشان مراد مزدلفہ (جلالین) یعنی مزدلفہ کی دونوں پہاڑیوں کے درمیان کا رقبہ جو مشعر تک پہنچتا ہے (لغوی) ۱/۹

شَعَرٌ اور شَعْرٌ بال، اَشْعَارٌ، شُعُوْرٌ، شِعَارٌ جمع، شَعُرٌ باریک بینی وقت نظر سے جاننا، جیسے لَيْتَ شِعْرِيْ کاش میرا علم ہوتا۔ عرفاً شعر اس موزوں باقافیہ کلام کو کہتے ہیں جس کو قصداً موزون کیا گیا ہو اور کوئی خاص خیال اس میں ظاہر کیا گیا ہو چونکہ ہر شعر کے لئے تخیل ضروری ہے اور بال کی کھال ہر شاعر کو اپنے شعر میں نکالنی پڑتی ہے اسلئے ایسے موزون مقفی کلام کو شعر کہا جاتا ہے اور اگر کوئی شخص شعر کہنے کا عادی ہو تو اسکو شاعر کہتے ہیں رسول اللہ کو قریش شاعر ہونے کی تہمت لگاتے تھے اس کی توضیح میں بعض علماء نے کہا ہے کہ ان کا مقصد رسول اللہ کو شعر گو قرار دینا نہ تھا قرآن تو بداہتہً شعر نہ تھا بلکہ شاعر چونکہ عموماً جھوٹا ہوتا ہے چنانچہ بعض لوگ دلائل کاذبہ کو دلائل شعریہ کہتے ہی ہیں اور مشہور مقولہ بھی ہے کہ بہترین شاعر وہ ہے جو سب سے زیادہ جھوٹے شعر کہے ایک دانشمند کا کہنا ہے کہ کوئی دیندار سچا آدمی چوٹی کا شاعر نہیں ہوا اس لئے رسول اللہ کو شاعر کہنے سے ان کا مقصود حضور کو کاذب قرار دینا تھا۔

Presented by Ziaraat.Com

اس فقیر کی نظر میں حضور پر شاعر ہونے کی تہمت لگانے کی ایک خاص وجہ اور بھی تھی، جاہل عربوں کا خیال تھا کہ تین آدمیوں کو معمولی انسانوں سے بڑھ کر کوئی غیبی طاقت حاصل ہوتی ہے، کاہن شاعر، ساحر ان کو کوئی جن القاء کرتا ہے یا ارواحِ غیبیہ، بہرحال ان کا تعلق عالمِ مادی سے اوپر کسی مخلوق سے ضرور ہوتا ہے، قوتِ قدسیہ ملکوتی روحانی طاقت اور علاقۂ نبوت سے تو وہ واقف ہی نہ تھے ان کی نظر کی عادۃً رسائی صرف کہانت شعر اور سحر تک ہو سکتی تھی اس لیے جب قرآن کو انہوں نے ناقابلِ معارضہ اسلوب کا حامل پایا تو مبہوت ہو کر رہ گئے اور کچھ کہتے بن نہ پڑی، اضطراراً حضور کو شاعر یا کاہن یا ساحر کہنے لگے۔

شَعْرَۃٌ زیرِ ناف کے بال اَشْعَر گھنے لمبے بالوں والا، اَشاعِر جمع، دَاھِیَۃٌ شَعْرَاءُ گھنے لمبے بالوں والی یعنی سخت ہیبتناک مصیبت شَعْرَاءُ کتے کی مکھی کو بھی کہتے ہیں جو اس کے بالوں سے چمٹی رہتی ہے، شِعَارٌ بالوں سے ملا ہوا اندرونی لباس، گھوڑے کی جھول، علامت نشان، شَعَائِرُ جمع۔ شِعَارَۃٌ مفرد، خصوصی مناسکِ حج نشاناتِ حج، مَشْعَر مفرد، مَشاعِر جمع نشان، قربان گاہ، حواس، شَعِیر جَو، جسکی نوکیں بال کی طرح ہوتی ہیں، دوست، ساتھی۔

شِعْر، شَعْر، شَعَر، شُعُور، شُعُورَۃٌ، شَعْرَۃٌ، شِعْرَیٰ سب مصادر ہیں، باب نصر اور کرم سے، سب کا معنی ہے جاننا حواس سے معلوم کرنا صرف نصر سے شعر کہنا اور شعر کہنے میں غالب آنا، صرف کرم سے اچھا شعر کہنا، باب سمع سے معنی ہے بدن پر بہت زیادہ بال ہونا۔

اِشْعَارٌ (افعال) اندر داخل کرنا، آگاہ کرنا نشان لگانا، مشہور کرنا کسی خصوصی علامت کے ساتھ آواز دینا، شعر کہنا، تَشَاعُرٌ اپنے کو شاعر سمجھنا، شعر فروخت کرنا۔ اپنے کو شاعر ظاہر کرنا۔ اِسْتِشْعَارٌ دل میں خوف محسوس کرنا (تاج و قاموس والمفردات)

مُشْفِقُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع، اِشْفَاقٌ مصدر، مُشْفِقٌ مفرد باب تفعیل ڈرنے والے، شَفَقٌ کا معنی ہے غروبِ آفتاب کے وقت روشنی کا تاریکی سے اختلاط اسی لیے جو محبت خوف کے ساتھ مخلوط ہو اس کو شفقت کہتے ہیں، باب افعال میں اِشْفَاقٌ کا معنی ہو

Presented by Ziaraat.Com

ایسی محبت کرنا جس میں ڈر بھی لگا ہو، اس معنی کے دو جز ہیں محبت اور خوف۔ اگر اس کے بعد مِنْ مذکور ہو تو خوف کا معنی ظاہر ہوتا ہے جیسے اَشْفَقَ مِنْہُ اس سے ڈرا۔ اگر عَلٰی یا فی مذکور ہو تو محبت کے معنی کا زیادہ ظہور ہوتا ہے۔

(راغب) ۲/۱۷ ۱۸/۴ ۲۵/۳ ۲۹/۷۔

مُشْفِقِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب ڈرنے والے۔ ۱۵/۱۸ ۲۷/۳۔

مَشْکُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر، شکر مصدر (باب نصر) ۱۵/۳ ۲۹/۱۹ (دیکھو شکرًا، شکر، شاکرین۔ اُشْکُرْ۔ الشکور)

مِشْکٰوۃٍ: اسم، وہ طاق جس میں چراغ رکھا جاتا ہے۔ ۱۵/۱۱۔

شَکْوَۃٌ بکری کے شیر خوار بچہ کی کھال سے بنایا ہوا چھوٹا مشکیزہ۔ شَکَوَاتٌ اور شِکَارٌ جمع شَکْوٰی، شِکَایَۃٌ، شَکَاۃٌ، شَکْوٌ، شَکَاوَۃٌ، شَکِیَّۃٌ غم و رنج کو بیان کرنا۔ گلہ کرنا۔ بیمار کر دینا دکھ دینا۔ (نصر و ضرب) شاکی گلہ کرنے والا۔ شَکِیٌّ دکھی، جس کی شکایت کی جائے۔ تھوڑی بیماری، شَکِیَّۃٌ اسم مصدر، شکایت۔ بیماری۔

اِشْکَارٌ (افعال) شکایت کرنا، شکایت دور کر دینا۔ کسی کو بیمار پانا۔ تَشْکِیَۃٌ شکوہ کرنا۔ کسی سے باز رہنا۔ اِشْتِکَارٌ شکایت کرنا، کسی کو متہم کرنا (تاج)

مَشَوْا: جمع مذکر غائب ماضی معروف مَشْیٌ مصدر، وہ چلے چلتے ہیں ۱/۲ (دیکھو مَشَّاءٍ)

مَشْہَدِ: مصدر میمی بمعنی شہود، (کرم و سمع) حاضر ہونا۔ موجود ہونا۔ ۱۶/۵۔

شَاہِدٌ گواہ، حاضر، قاضی، شُہَّدٌ اور شُہُوْدٌ اور اَشْہَادٌ جمع شَہِیْدٌ حاضر، گواہ، وہ شخص جو حاضر العلم ہو، وہ مقتول جو اللہ کے راستہ میں مارا جائے۔ شُہَدَاءُ جمع۔ مَشْہَدٌ حاضر ہونے کی جگہ۔ دعویٰ ثابت کرنے کا مقام، شہادت گاہ، مَشْہُوْدٌ جمعہ، قیامت۔ عرفہ کا دن، مَشْہُوْدَۃٌ نماز، مغرب کی نماز، فجر کی نماز۔ شُہُوْدٌ اور شَہَادَۃٌ (باب سمع و کرم) خبردار ہونا۔ حاضر ہونا۔ گواہی دینا۔ قسم کھانا۔ جاننا۔ سچی خبر۔ آگاہی۔

اِشْہَادٌ گواہ بنانا۔ حاضر کر دینا۔ اللہ کی راہ میں مارا جانا۔ اِسْتِشْہَادٌ گواہی طلب کرنا۔ شہید ہو جانا۔ تَشَہُّدٌ التحیات پڑھنا۔ نماز میں کلمۂ شہادت پڑھنا۔ مُشَاہَدَۃٌ معائنہ کرنا۔

Presented by Ziaraat.Com

مَشْهُوْدًا: اسم مفعول واحد مذکر منصوب، حاضر کیا گیا یعنی نماز فجر کی قرارت میں رات اور دن کے ملائکہ حاضر ہوتے ہیں (بغوی)

مَشْهُوْدٌ: اسم مفعول واحد مذکر مرفوع، حاضر کیا گیا یعنی سب لوگ قیامت کے دن اللہ کے روبرو حاضر کئے جائیں گے۔ ۹/۱۲

مَشْهُوْدٍ: اسم مفعول واحد مذکر مجرور، حاضر کیا گیا یعنی عرفہ کا دن جس میں سب لوگ حاضر ہوتے ہیں۔ ۳/۱۰ (تفصیل کے لئے مَشْهَدٍ)

مَشِيْدٍ: اسم مفعول واحد مذکر، شَيْدٌ مصدر باب ضرب مضبوط یا بلند (روح البیان و بیضاوی) ۱۷/۱۳، شَيْدٌ چنائی اور لسائی کا مصالحہ دیوار پر پلاستر چڑھانے کی چیز، شَيْدٌ (ضرب) لیپنا، پلاستر کرنا۔ اونچا کرنا۔ اونچا اٹھانا گم شدہ چیز کی شناخت کرانا۔ کسی کا مرتبہ اونچا کرنا۔ کسی کی تعریف کرنا، کسی کی طرف، کسی بات کی نسبت کرنا۔ تَشْيِيْدٌ (باب تفعیل) اونچا کرنا (تاج و قاموس)

مُشَيَّدَةٍ: اسم مفعول واحد مذکر تَشْيِيْدٌ مصدر باب تفعیل، اونچے بنائے ہوئے اونچے۔ ۵/۸

مَشِيْكَ: مَشْيٌ اسم مصدر مجرور مضاف لک ضمیر خطاب، مضاف الیہ، تیری چال (میں) تو اپنی چال میں۔ ۲۱/۱۱ (دیکھو مَشَارٍ)

مَصَابِيْحَ: اسم آلہ جمع، مصباحٌ مفرد، صُبْحٌ مادہ چراغ۔ قندیل۔ ۲۴/۱۶ ۲۹/۱

صُبْحٌ دن کے اول ترین حصہ کی سفیدی۔ صَبْحٌ اور صَبَاحٌ دن کے شروع میں افق پر سرخی نمودار ہونے کا وقت۔ صَبِيْحَةٌ صبح کا وقت، صَبِيْحَةٌ صبح کا وقت، صَبْحَةٌ سحر کی نیند، سیاہی مائل بسرخی، سفیدی مائل بسیاہی۔ سرخی مائل بسفیدی یا مائل بزردی۔ اَصْبَحَ چمکدار بالوں والا آدمی۔ صباحَةٌ خوبی۔ صَبَاحٌ قندیل کا شعلہ۔ صُبُوْحٌ اور صُبُوْحَةٌ صبح کے وقت کی شراب۔ صَبِيْحٌ اور صَبْحَانٌ خوبصورت آدمی مِصْبَحٌ اور مِصْبَاحٌ بڑا پیالہ۔ مِصْبَاحٌ کا معنی چراغ بھی ہے۔

صَبِحَ الرَّجُلُ صُبْحَةً (سمع) اس آدمی کے بال چمکدار ہو گئے۔ صَبِحَ الْحَدِيْدُ لوہا چمکدار ہو گیا صَبَحَ (فتح) صبح کا وقت ہو گیا۔ صبح کا وقت آگیا۔ صَبُحَ (کرم) روشن ہو گیا۔ اِصْبَاحٌ (افعال) صبح کے وقت داخل ہونا۔ صبح کر لینا۔ خبردار ہو جانا۔ انجام کار کو دیکھنا۔

Presented by Ziaraat.Com

مَصَانِعَ: جمع ظرف مکان مَصْنَعَةٌ واحد (بغوی) مَصْنَعٌ واحد (قاموس) مکانات (ابن عباس) اونچے محل (مجاہد) قلعے (کلبی) بارش کا پانی جمع کرنے کے تالاب (قتادہ) ۱۹/۱۱۔

صَنْعَةٌ کاریگری، ہنر۔ صُنْعٌ۔ صِنْعٌ کاریگری۔ صِنْعٌ دسترخوان بستر وغیرہ پر کیا ہوا کام۔ بارش کا پانی جمع کرنے کا تالاب، صَنَاعَةٌ کاریگری، صَانِعٌ اور صُنَّاعٌ اور صُنْعٌ کاریگر، صَنَاعٍ کاریگر عورت، صَنِيعَةٌ نیکی صَنِيعٌ نیکی۔ وہ کھانا جو راہِ خدا میں دیا جائے صَنَعَهٗ صُنْعًا (فتح) اس میں کاریگری کی اس کو بنایا۔ صَنَعَ إِلَيْهِ اس کے ساتھ بھلائی کی صَنَعَ بِهٖ اس کے ساتھ برائی کی۔

اِصْنَاعٌ (افعال) کسی کی مدد کرنا، ناواقف کو کام سکھانا۔ کام کو مضبوط کرنا۔

مُصَانَعَةٌ رشوت دینا۔ نرمی کرنا۔ کام میں آسانی کرنا۔ اِصْطِنَاعٌ نیکی کرنا، کسی کو منتخب کرنا۔ کسی کام کا حکم دینا تَصَنُّعٌ نیک روش رکھنا۔ کسی عادت میں بناوٹ کا مظاہرہ کرنا۔

مِصْبَاحٌ اور **اَلْمِصْبَاحُ**: اسم آلہ مفرد، مصابیح جمع، چراغ۔ قندیل۔ ۱۸/۱۱ (دیکھو مصابیح)

مُصْبِحِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب صبح کرنے والے۔ صبح کرتے کرتے صبح کے وقت میں داخل ہوتے ہوتے۔ ۱۴/۶ ۲۳/۸ ۲۹/۳ (دیکھو مصابیح)

مُصَدِّقٌ: اسم فاعل واحد مذکر، مرفوع تَصْدِيْقٌ مصدر باب تفعیل۔ سچا ماننے والا۔ سچا کہنے والا۔ ۱/۱۱ و ۱۲/۳ ۱۷ (دیکھو اَصْدَقُ، صَادِقٌ، صِدْقًا۔ صَدَقُوا۔ صدقت وغیرہ)

مُصَدِّقًا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب تصدیق مصدر۔ باب تفعیل، سچا ماننے والا۔ سچا کہنے والا۔ ۵/۱۱ و ۱۲/۱۰ ۹ و ۱۲ و ۱۳/۳ ۵/۴ ۶/۱۱ ۲۲/۱۶ ۲۶/۴ ۲۸/۹۔

اَلْمُصَدِّقِيْنَ: اسم فاعل واحد مذکر مجرور، اَلْمُصَدِّقُ، مفرد، سچا ماننے، سچا جاننے اور سچا کہنے والے۔ ۲۳/۶۔

اَلْمُصَّدِّقِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب، اَلْمُصَدِّقُ مفرد تَصَدُّقٌ مصدر (باب تفعل) خیرات دینے والے، یہ لفظ اصل میں اَلْمُتَصَدِّقِيْنَ تھا، تا کو دال سے بدا کر دال کو دال میں ادغام کر دیا۔ ۲۷/۱۸۔

Presented by Ziaraat.Com

اَلْمُصَدِّقٰتِ: اسم فاعل جمع مؤنث منصوب اَلْمُصَدِّقَۃُ مفرد، تَصَدُّقٌ مصدر (باب تفعل) اصل میں اَلْمُتَصَدِّقٰت تھا، تا کو دال میں ادغام کر دیا۔ خیرات دینے والیاں ۲۷/۱۸ (دیکھو باب الالف فصل الصاد باب الصاد فصل الالف وفصل الدال)

مِصْرًا: اسم نکرہ باتنوین، کوئی شہر (عام اہلِ تفسیر)، ملکِ مصر (ضحاک) بغوی نے کہا اگر خاص مصر مراد ہوتا تو بصورتِ نکرہ نہ ذکر کیا جاتا (معالم) راغب سے کہا چونکہ لفظ خفیف تھا (سہ حرفی ساکن الاوسط تھا) اس لئے خاص مصر مراد ہونے کے باوجود بصورتِ نکرہ ذکر کیا (المفردات) ۱/۷

ہر محدود شہر کو مصر کہتے ہیں (راغب) مصر کا معنی ہے حد، ایک شاعر کا شعر ہے

وَجَاعِلُ الشَّمْسِ مِصْرًا لَا خَفَاءَ بِہٖ
بَیْنَ النَّہَارِ وَبَیْنَ اللَّیْلِ قَدْ فَصَلَا

رات اور دن کے درمیان اللہ آفتاب کو کھلی ہوئی حدِ فاصل بنانے والا ہے، مِصَار آڑ، حد، مَاصِرٌ دو پانیوں کے درمیان آڑ کو کہتے ہیں، مَصِیْرٌ آنت۔ مَصُوْرٌ کم دودھ دینے والی اور دیر میں دودھ اتارنے والی بکری یا اونٹنی۔ مِصْرٌ مصدر (باب نصر) شہر بنانا کم دینا، عطیہ کو کم کر دینا، شہر کو آباد کر دینا۔ تَمَصُّرٌ (باب تفعل) شہر بن جانا، کم ہونا، پراگندہ ہونا۔ اِمْتِصَارٌ (افتعال) صورت بدل جانا۔ مسخ ہو جانا (تاج المصادر و قاموس)

مِصْرَ: عَلَم غیر منصرف غیر منون، خاص ملکِ مصر۔ ۱۱/۱۴ ۱۲/۱۳ ۱۳/۵ ۲۵/۱۱۔

مُصْرِخِکُمْ: مُصْرِخٌ اسم فاعل مذکر مجرور مضاف کُمْ ضمیر مضاف الیہ، تمہارا فریاد رس ۱۳/۱۶۔

مُصْرِخِیَّ: مصرخ اسم فاعل مذکر مضاف یاء ضمیر متکلم مضاف الیہ، میرا فریاد رس۔ ۱۳/۱۶

صَرْخٌ اور صَرْخَۃٌ آواز، چیخ، فریاد کرنا۔ صُرَاخٌ فریاد، چیخ۔ صَارِخَۃٌ مصدر بروزن فاعل فریاد کو پہنچنا۔ صَرِیْخٌ اور صَارِخٌ فریاد رس اور فریاد خواہ (از اضداد) اِصْرَاخٌ (باب افعال) فریاد رسی کرنا۔ مُصْرِخٌ اسم فاعل از اِصْرَاخٌ فریاد رس، اِصْطِرَاخٌ اور تَصَارُخٌ (افتعال اور تفاعل) باہم فریاد کرنا، چیخنا۔ تَصَرُّخٌ بناوٹی فریاد کرنا۔ اِسْتِصْرَاخٌ فریاد چاہنا۔

Presented by Ziaraat.Com

مَصْرِفًا: اسم ظرف، صَرْفٌ مصدر، باب ضرب لوٹنے کی جگہ بچنے کا راستہ۔ ۱۵/۱۶۔

صَرْفٌ مصدر (باب ضرب) کسی چیز کو ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف لوٹا دینا یا ایک چیز کو دوسری چیز سے بدل دینا (اور بصورت اسم) توبہ۔ نفل۔ وزن۔ کمائی۔ عمل۔ حیلہ۔ حوادث شدائد۔ زیادتی۔ بزرگی۔ مرتبہ کی افزونی۔ صَرْفَۃٌ زمانہ کی سختی۔ گردش۔ صِرْفٌ خالص، بے آمیزش ایک خالص سرخ رنگ جس سے چمڑا رنگا جاتا ہے، صَرِیْفٌ خالص چاندی، قلم اور چرخ وغیرہ کے چلنے کی آواز۔ صَرِیْغَۃٌ خود بخود سوکھی ہوئی شاخ۔ صَرَّافٌ اور صَیْرَفِیٌّ چاندی کو پرکھنے والا۔ صَیْرَفٌ بہانہ جو اور روپیہ کو پرکھنے والا۔ مَصْرُوْفٌ خالص شراب، اِصْرَافٌ (باب افعال) منہ کو ایک طرف سے دوسری طرف کو پھیر دینا۔ تَصْرِیْفٌ (باب تفعیل) قبضہ دے دینا۔ واضح کرنا۔ روپیہ جاری کرنا۔ ہوا کا پھرنا، ہوا کو پھیر دینا۔ اصطراف (باب افتعال) کسی چیز کو کمانے کے لئے گھومنا پھرنا۔ تَصَرُّفٌ (باب تفعل) قبضہ کرنا۔ لوٹنا اِنْصِرَافٌ (باب انفعال) لوٹ جانا۔ باز رہنا۔ اِسْتِصْرَافٌ (باب استفعال) پھرنے اور پھیر دینے کی خواہش کرنا۔ (قاموس، تاج العروس وتاج المصادر)

مَصْرُوْفًا: اسم مفعول واحد مذکر۔ صَرْفٌ مصدر لوٹایا گیا۔ ۱۲/۱ (دیکھو مَصْرِفًا)

اَلْمُصْطَفَیْنِ: اسم مفعول جمع مذکر، اَلْمُصْطَفٰی واحد اِصْطِفَاءٌ مصدر (باب افتعال) صَفْوٌ مادہ۔ برگزیدہ اور منتخب۔ ۲۳/۱۳

صَفْوٌ روشنی، خالص چیز، ہر منتخب چیز۔ صَفَاءٌ روشنی، خلوص، صفا مکہ کا ایک پہاڑ، یہ صَفَاۃٌ کی جمع بھی ہے، ٹھوس پتھر صَفِیٌّ خالص دوست ہر خالص اور منتخب چیز۔ مالِ غنیمت کا وہ مخصوص حصہ جو تقسیم سے پہلے بادشاہ اپنے لئے چھانٹ لے۔ صَفِیَّۃٌ بھی اسی کا ہم معنی ہے صَفْوَانٌ۔ صَفْوَاءُ۔ صَفْوَاۃٌ اور صَفْوَانَۃٌ چکنا صاف پتھر۔

صَفْوٌ مصدر (نصر) صاف ہونا۔ خالص ہونا۔ اِصْطِفَاءٌ (باب افعال) تمام کرنا۔ برگزیدہ اور منتخب کر لینا۔ خالص کر دینا۔ تَصْفِیَۃٌ روشن کرنا۔ مُصَافَاۃٌ (مفاعلۃ) خالص سچی دوستی کرنا (قاموس و راغب)

Presented by Ziaraat.Com

مُصْفَرًّا: اسم مفعول واحد مذکر، اِصْفِرَارٌ مصدر، باب افعلال، صفر مادہ۔ زرد پیلا پڑا ہوا۔ ۲۱/۸ ۲۳/۱۶ ۲۷/۱۹۔

صِفْرٌ صُفْرٌ زرد، پیتل، تانبا۔ ہر چیز کا خالی حصہ۔ اَصْفَارٌ جمع۔ صُفْرَۃٌ زردی، سیاہی (قاموس) سفیدی اور سیاہی کا درمیانی رنگ جو سیاہی سے زیادہ قریب ہو۔ صَفَرٌ یرقان، اسلامی سال کا دوسرا مہینہ، عقل، خوف۔ دل۔ نفس۔ بھوک۔ پیٹ کے کیڑے۔ ایک سانپ جو آدمی کے پیٹ میں لپٹ کر کاٹتا ہے۔ صِفْرٌ خالی۔ اَصْفَرُ زرد، سیاہ۔ خالی۔ صَفْرَاءُ۔ اصفر کا مؤنث ہے صَفِیْرٌ آواز۔ فریاد۔ مَصْفُوْرٌ بھوکا۔ بیمار۔ صَفْرًا مصدر (باب سمع) خالی ہونا۔ صَفِیْرٌ (باب ضرب) آواز نکالنا۔ تَصْفِیْرٌ (تفعیل) پیلا رنگنا۔ خالی کرنا۔ آواز نکالنا۔ شور کرنا۔ اِصْفِرَارٌ (افعلال) اور اِصْفِیْرَارٌ (افعیلال) زرد ہونا۔

مُصَفًّى: اسم مفعول واحد مذکر۔ تَصْفِیَۃٌ مصدر باب تفعیل۔ صَفْوٌ مادہ۔ صاف کیا ہوا۔ ۶/۶ (دیکھو المصطفین)

مَصْفُوْفَۃٌ: اسم مفعول واحد مؤنث مرفوع اور مجرور، صَفٌّ مصدر (نصر) برابر برابر قطار میں رکھے گئے۔ ۲۷/۳ ۳۰/۱۳ صَفٌّ مصدر قطار بنانا اور بقول ابو عبیدہ قطار بنانے والے۔ (المفردات) ضَعِیْفٌ ایک قطار میں رکھے ہوئے گوشت کے پارچے جو بھوننے یا دھوپ میں سکھانے کے لئے رکھے گئے ہوں۔

صَفْصَفٌ ہموار میدان۔ پہاڑ کا کنارہ صَفْصَفَۃٌ چڑیا کی چوں چوں۔ صُفْصُفٌ چڑیا۔ مُصَفٌّ صف بندی کی جگہ، مَصَافٌّ جمع۔

اَلْمُصْلِحِ: اسم فاعل واحد، اِصْلَاحٌ مصدر باب افعال، نیک درستی کرنیوالا، بگاڑ نہ کرنیوالا۔ ۲/۱۱ صَلَاحٌ، صَلِیْحٌ، مَصْلَحَۃٌ نیکی، درستی، صِلْحٌ صَالِحٌ نیک۔ درست عمل والا۔ بگاڑ نہ کرنیوالا۔ صُلْحٌ صلح صُلُوْحٌ (باب فتح) نیک ہونا۔ اِصْلَاحٌ درستی کرنا۔ نیکی کرنا۔ صَلَاحٌ اور مُصَالَحَۃٌ آپس میں صلح کرنا۔ باہم نیکی کرنا۔ اصطلاح باہم نیکی کرنا۔ کسی بات پر باہم متفق ہو جانا۔

مُصْلِحُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع، مصلح واحد درست اعمال کرنیوالے، نیک، بگاڑ نہ کرنے والے۔ ۱/۲ ب ۱۲/۱۰ (دیکھو المصلح)

Presented by Ziaraat.Com

اَلْمُصْلِحِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور بمعنی مذکور۔ ۹/۱۱ ۲۰/۵۔

مُصَلّٰى: ظرفِ مکان، صَلٰوۃ سے تَصْلِیَۃٌ مصدر، نماز پڑھنے کی جگہ۔ ۱/۱۵۔

اَلْمُصَلِّيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب و مجرور مُصَلِّیٌ واحد، نماز پڑھنے والے۔ ۲۹/۱۶،۷ ۳۰/۳۲۔

اَلْمُصَوِّرُ: اسم فاعل واحد مذکر۔ تَصْوِیْرٌ مصدر (باب تفعیل) صورت بنانیوالا۔ پیدا کرنے والا۔ ۲۸/۶۔

صُوْرَۃٌ ہیئت، شکل، صورت، دو طرح کی ہوتی ہے ۱ محسوس خارجی شکل جس کو ہر شخص آنکھوں سے دیکھتا ہے ۲ غیر محسوس ہیئت جس کو عوام نہیں دیکھتے صرف سمجھدار طبقہ بنورِ بصیرت دیکھتا ہے جیسے دانش۔ فکر، تخیل اور تمام دماغی موجودات اور معانی باطنہ لفظ مُصَوِّرٌ دونوں صورتوں کو شامل ہے، صُوْرَۃٌ کی جمع صُوَرٌ آتی ہے۔

صَیِّرْہُنَّ خوبصورت۔ صَارَۃٌ نافۂ مشک صِوَارٌ مفرد، صِیْرَانٌ جمع۔ گائے یا نیل گائے کی جماعت، گلّہ، صِوَارٌ خوشبو، تھوڑا مشک نافہ۔

صَارَ صَوْرًا (نصر) آواز دی۔ لوٹا۔ توڑا ٹکڑے کیا، متوجہ کیا۔ صَرِیَ صَوْرًا (سمع) ایک طرف کو جھکایا، مائل کیا، ٹکڑے کیا۔ الگ کیا۔ صَرٰی صَوْرًا (ضرب) ایک طرف کو جھکایا۔ ٹیڑھا کرنا۔ توڑنا۔ تَصْوِیْرٌ صورت بنانا۔ پیدا کرنا۔ تَصَاوِیْرُ لکڑی مٹی وغیرہ سے بنائی ہوئی صورتیں یعنی مورتیاں۔ تَصَوُّرٌ (تفعل) صورت شکل ہو جانا۔ اپنے دل میں کسی کی صورت لے لینا۔ گرنے کے قریب ہو جانا۔ اِنْصِیَارٌ (انفعال) ٹیڑھا ہو جانا۔ ٹوٹ جانا۔

مُصِيْبَةٌ: اسم فاعل واحد مؤنث مرفوع نکرہ اِصَابَۃٌ مصدر۔ باب افعال۔ غم تکلیف سختی۔ دکھ پہنچانیوالی ہر چیز۔ اصل میں مُصِیْبَۃٌ صفت کا صیغہ ہے۔ رَمْیَۃٌ مُصِیْبَۃٌ کہا جاتا ہے، ٹھیک نشانہ پر لگنے والی تیر اندازی لیکن کثرتِ استعمال کے سبب موصوف کا استعمال گویا ترک کر دیا گیا اور لفظِ مصیبۃ موصوف سے بے نیاز ہو گیا۔

صَوْبٌ بارش۔ بارش ہونا۔ ابر کا پانی برسانا اترنا۔ نشانہ پر تیر لگنا۔ صحیح ارادہ۔ صَابِی برسنے والا پانی۔ صَابَۃٌ مصیبت۔ کمزوری۔ بیوقوفی۔ جنون۔ صَیُّوْبٌ صَیِّبٌ بارش۔ صَائِبٌ درست ٹھیک

Presented by Ziaraat.Com

مَصُوْبَۃٌ اور مُصِیْبَۃٌ تکلیف پہنچی، اول کی جمع مَصَاوِبُ اور دوسرے کی جمع مصائبُ ہے مُصَابَۃٌ مصدر میمی غم زدہ کرنا۔ اصابۃ (باب افعال) ارادہ کرنا۔ ٹھیک ارادہ کرنا۔ اترنا۔ پالینا۔ کسی چیز پر پہنچ جانا۔ صحیح چیز کو پالینا نشانہ پر تیر بیٹھ جانا۔ حاجتمند ہونا۔ دکھی اور مصیبت زدہ کر دینا۔ تَصْوِیْبٌ کسی کو سچا سمجھنا (صواب کے چاروں اقسام اور مکمل تشریح کے لئے دیکھو اَصَابَ۔ اَصَابَتْ۔ اَصَبْتُمْ۔ تُصِیْبُکُمْ۔ صَیِّبٌ)

۲/۳ ۴/۸ ۵/۷،۶ ۱۰/۱۳ ۲۰/۸۔

مُصِیْبَۃٌ: اسم فاعل واحد مؤنث مجرور نکرہ، بہ تفصیل مذکور۔ ۲۵/۵ ۲۷/۱۹ ۲۸/۱۶۔

مُصِیْبَتُہٗ: اسم فاعل واحد مؤنث معرفہ مضاف بتفصیل مذکور۔ ۶/۴

مُصِیْبُہَا: اسم فاعل واحد مذکر مضاف ھا ضمیر مؤنث مضاف الیہ، اس کو پالینے والا۔ اس پہ پہنچ جانے والا۔ ۱۲/۷

اَلْمَصِیْرُ: اسم ظرف مکان و مصدر، صَیْرٌ مادہ لوٹنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ قرارگاہ۔

صَیْرٌ۔ صَیْرُوْرَۃٌ۔ مَصِیْرٌ مصدر، صَارَ ماضی باب ضرب۔ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف لوٹنا۔ حاضر ہونا۔ مائل ہونا۔ جمع ہونا۔ کاٹنا۔ اِصَارَۃٌ (باب افعال) لوٹانا۔ مائل کرنا۔ تَصْیِیْرٌ کا بھی یہی معنی ہے۔ ۱/۱۵ ۳/۸ر۱۱

۴/۸ ۶/۷ ۹/۱۶ ۱۰/۱۲ ۱۷/۱۶ ۲۷/۱۸ ۲۸/۲۰ر۱۵ ۲۹/۱

مذکورۂ بالا آیات میں اَلْمَصِیْرُ کا استعمال بطور ظرف مکان کیا گیا ہے جس کا معنی ہے ٹھکانا۔ جگہ۔

مندرجہ ذیل آیات میں بطور مصدر استعمال کیا گیا ہے یعنی لوٹنا۔ ۱۷/۱۳ ۱۸/۱۳ر۱۲ ۲۱/۱۱ ۲۲/۱۵ ۲۴/۶ ۲۵/۳ ۲۶/۱۷ ۲۸/۷۔

مَصِیْرُکُمْ: مصیر مصدر مضاف کُمْ ضمیر خطاب مضاف الیہ، تمہارا لوٹنا۔ ۱۳/۷

مَصِیْرًا: اسم ظرف منصوب نکرہ۔ لوٹنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ قرارگاہ۔ ۱۱ر۱۴/۵ ۱۸/۱۷ ۲۶/۹۔

مُصَیْطِرٍ: اسم فاعل واحد مذکر، یہ لفظ اصل میں مُسَیْطِرٍ تھا۔ سین کو صاد سے بدل دیا گیا۔ جیسے سراط کو صراط کہا جاتا ہے، سَیْطَرَۃٌ مصدر ہے جس کا معنی ہے کسی کام پر مقرر ہونا۔ ذمہ دار ہونا اس لئے مسیطر یا مصیطر کا ترجمہ ہوا ذمہ دار، مقرر، نگران ۳۰/۱۳ (دیکھو مُسَیْطِرٍ)

اَلْمَضَاجِعِ: اسم ظرف جمع۔ اَلْمَضْجَعُ واحد، بستر۔ خواب گاہیں۔ ۵/۳ ۲۱/۱۵۔

Presented by Ziaraat.Com

مَضَاجِعِهِنَّ: اسم ظرف مضاف، ھم مضاف الیہ، قتل گاہیں۔ ضَجْعٌ کا اصل معنی سونا ہی ہے لیکن سونے سے مراد کبھی موت بھی ہوتی ہے اس لئے مضاجع سے اسجگہ مراد ہے مرنے کے مقامات، قتل گاہیں۔ ۴/۳۴

مُضَارٍّ: اسم فاعل واحد مذکر حاضر۔ اصل میں مضارِرٌ تھا، باب مفاعلۃ، ضُرٌّ مادہ۔ نقصان پہنچانے والا یعنی تہائی مال سے زیادہ کی وصیت کرکے وارثوں کو نقصان نہ پہنچائے (بغوی) حسن بصری نے فرمایا کسی کے قرض کا غلط اقرار کرکے وارثوں کو ضرر نہ پہنچائے۔ ضُرٌّ اور ضَرَرٌ کی پوری تشریح کے لئے دیکھو ضرّ۔ بِضَارِّیْنَ بِضَارِّهِمْ۔ ضَرَّهٗ۔ ضَرَّارٌ۔ لَاتُضَارَّ۔ ضِرَارًا۔ اَضْطَرَّهٗ، تَضْطَرُّوْهُمْ۔ اُضْطُرَّ) ۴/۱۳

مُضَاعَفَةً: اسم مفعول واحد مؤنث، باب مفاعلۃ۔ یہ لفظ ضِعْفٌ سے بنایا گیا ہے اور اَضْعَافًا کی تاکید کے لئے ذکر کیا گیا ہے یعنی کئی گنا۔ بعض لوگوں نے اس کا ماخذ ضعف کو قرار دیا ہے۔ ضَعْفٌ کا معنی نقص، مطلب یہ کہ سود کو جو یہ لوگ چند در چند کرکے کھاتے ہیں حقیقت میں یہ چند در چند اللہ کے نزدیک نقص ہے افزونی اور بیشی نہیں، کمی ہے اس لئے تم سود کو چند در چند نہ کھاؤ کیونکہ یہ چند در چند نہیں بلکہ گھٹاؤ ہے۔

(ملخص مافی المفردات) ۴/۵

(مزید تنقیح کے لئے دیکھو مُسْتَضْعَفُوْنَ)

مَضَتْ: واحد مؤنث غائب مُضِیٌّ مصدر (ضرب) گزر گئی۔

مَضٰی مُضِیًّا اور مُضُوًّا (اول ضرب سے دوسرا نصر سے) گزر گیا، چلا گیا۔ مر گیا۔ کاٹا۔ اِمْضَاءٌ (باب افعال) جاری کرنا۔ جاری کرانا۔ کسی بات کو جائز رکھنا۔ ۹/۱۹

اَلْمُضْطَرَّ: اسم فاعل واحد مذکر، اضطرار مصدر۔ باب افتعال، ضرر مادہ، اصل میں یہ مُضْتَرِرٌ تھا، تاء افتعال کو طاء سے بدل دیا اور راء کو ادغام کر دیا۔ بے قرار، بے کس۔ بے بس۔ ۲۰/۱ (دیکھو اضْطَرَّهٗ اور تَضْطَرُّوْهُمْ اُضْطُرَّ)

اَلْمُضْعِفُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر اَلْمُضْعِفُ مفرد۔ اِضْعَافٌ مصدر، اس لفظ کا ماخذ ضِعْفٌ ہے چند در چند کرنیوالے۔ کئی گنا بڑھانیوالے۔ ۳۰/۲۱

(دیکھو اَضْعَافًا۔ مُضَاعَفَةً۔ ضِعْفٌ)

Presented by Ziaraat.Com

مُضْغَۃٍ: گوشت کا ٹکڑا۔ بوٹی مَضْغٌ مصدر (فتح ونصر) چبانا۔ مَضَاغٌ چبانے کی چیز اور چبانا۔ مضاغۃٌ چبائی ہوئی چیز۔ ماضِغَۃٌ احمق اِمْضَاغٌ (باب افعال) کسی چیز کا خوش مزہ ہونا چبانے کے قابل ہونا۔ ۱۷/۸۔

مُضْغَۃً: بہ تفصیل مذکور ۱۸/۱

مُضِلٌّ: اسم فاعل واحد مذکور۔ اضلال مصدر، باب افعال۔ گمراہ کرنیوالا۔ گمراہ چھوڑ دینے والا۔ اس جگہ اول معنی مراد ہے۔ ۲۰/۵۔ (دیکھو ضَلَّ۔ ضَلُّوا۔ اَضَلُّوا۔ ضَلٰلًا)

مُضِلِّ: گمراہ کرنیوالا بتفصیل مذکور۔ ۲۴/۱

مَضٰی: واحد مذکر غائب ماضی، گزر گیا۔ ۲۵/۷ (دیکھو مضت)

مُضِیًّا: مَضٰی یَمْضِیْ کا مصدر۔ گزر جانا۔ چلا جانا ۲۳/۳ (دیکھو مَضَتْ)

مُطَاعٍ: اسم مفعول واحد مذکر۔ اطاعۃٌ مصدر باب افعال۔ طَوْعٌ مادہ۔ اطاعت کیا گیا۔ وہ جسکی دوسرے تابعداری کریں مراد حضرت جبرئیل جو سید الملائکہ ہیں اور فرشتے انکی اطاعت کرتے ہیں ۳۱/۶ (دیکھو طَوْعًا۔ اَطِیْعُوْا۔ اطاعَ)

مَطَرُ: بارش۔ مینہ۔ ۱۹/۱۳ و ۱۹/۱۹

مَطْرِ: بارش۔ مینہ۔ ۱۹/۲

مَطَرٍ: بارش۔ مینہ۔ ۱۵/۱۲

مَطَرًا: بارش۔ مینہ۔ ۸/۱۷ و ۱۹/۱۳ و ۱۹/۱۹

مَطَرٌ (باب نصر) برسنا۔ برسانا۔ مُطُوْرٌ اور مَطْرٌ زمین میں چلا جانا۔ دوڑنا۔ تیز چلنا۔ پہنچانا۔ مَطَرٌ، مَطَرَۃٌ اور مَطِیْرَۃٌ عادت مَطَّارٌ تیز رَو۔ یَوْمٌ مَطِیْرٌ بارش کا دن۔ وَادٍ مَطِیْرٌ وہ وادی جس پر پانی برسا ہو۔ ماطِرٌ ممطَرٌ اور مُمْطِرَۃٌ برسنے والا پانی۔ برسانیوالا ابر۔ اِمْطَارٌ (افعال) برسانا۔ پیشانی پر پسینہ آنا۔ سر جھکا کر خاموش ہو جانا۔ بارش رسیدہ مقام پر پہنچ جانا۔ تَمَطُّرٌ (باب تفعل) پرندہ کا اوپر سے جلدی جلدی اترنا۔ مُتَمَاطِرٌ وہ بادل جو کبھی برسے کبھی ٹھیر جائے۔ اِسْتِمْطَارٌ بارش کی طلب۔

قرآن مجید میں مطر اور امطار کا استعمال عموماً دکھ پیدا کرنے والے اور عذاب دینے والی بارش کے لئے کیا گیا ہے خیر کی بارش کو غیث فرمایا ہے۔ کتاب البیان والتبیین میں جاحظ نے اور ادب اس کاتب میں ابن قتیبہ نے بھی اسی کی صراحت کی ہے کہ دکھ کے موقع پر مطر اور راحت کے موقع پر غیث کا استعمال کیا جاتا ہے

Presented by Ziaraat.Com

اَلْمُطَفِّفِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور تَطْفِيْفٌ مصدر، باب تفعیل، تول ناپ میں کم دینے والے۔ طَفِيْفٌ تھوڑی چیز۔ طَفَافَةٌ ناقابلِ اعتنا چیز۔ ۳۰/۸۳۔

مَطْلِعَ: ظرفِ مکان مفرد۔ طلوع ہونے کی جگہ۔ مطالِعُ جمع۔ طُلُوْعٌ اور مَطْلَعٌ مصدر (باب نصر) برآمد ہونا۔ چمک جانا۔ ابھر آنا۔ سورج کا ہو یا صبح کا یا کسی آدمی کا یا چیز کا دیکھو طلوع الشمس سورج نکلنا۔ مَطْلَعُ الْفَجْرِ فجر نکلنا۔ تَطَّلِعُ عَلٰی قوم: برآمد ہوتا ہے ایک قوم پر۔ طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا ہم پر ماہِ کامل چمکا اِمْرَأَةٌ طُلَعَةٌ قُبَعَةٌ وہ عورت جو کبھی سر کھولے کبھی سر ڈھانکے۔ طَلْعُ النَّخْلِ درخت خرما کا شگوفہ جو پھل بننے سے پہلے نمودار ہوتا ہے۔ طَلِيْعَةُ الْجَيْشِ فوج کا ہراول دستہ جو سب سے آگے برآمد ہوتا ہے۔ طَلَعْتُ عَنْهُ میں اس کے پاس سے نکل آیا۔ ۱۶/۳۔

مَطْلَعِ: مصدر میمی بمعنے طلوع ۳۰/۲۲ (دیکھو مَطْلِعَ)

مُطَّلِعُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر۔ مُطَّلِعٌ مفرد، اِطِّلَاعٌ مصدر، باب افتعال۔ طَلَعَ مادہ۔ اصل میں مُطْتَلِعُوْنَ تھا۔ تا، افتعال کو طا میں ادغام کر دیا۔ جھانک کر دیکھنے والے ۲۳/۶ (دیکھو اِطَّلَعَ اور اِطِّلَاع اور مَطْلِع)

اَلْمُطَلَّقَاتُ: جمع مؤنث مرفوع اسم مفعول۔ اَلْمُطَلَّقَةُ واحد۔ تَطْلِيْقٌ مصدر، باب تفعیل وہ عورتیں جن کو طلاق دیدی گئی ہو، ۲/۲۲۸ (دیکھو اَلطَّلَاقُ اور طَلَّقْتُمُوْهُنَّ)

اَلْمُطَلَّقَاتِ: اسم مفعول جمع مؤنث مجرور طلاق دی ہوئی عورتیں۔ ۲/۲۴۱۔

اَلْمَطْلُوْبُ: اسم مفعول واحد مذکر طَلَبٌ مصدر (باب نصر) وہ مقصود جس کی خواہش اور جستجو کی جائے اس جگہ مراد معبود۔ اِطْلَابٌ (باب افعال) ضداد میں سے ہے کسی کو حاجتمند بنانا اور حاجت پوری کرنا۔ دونوں معنی میں مستعمل ہے (راغب) ۲۲/۷۳۔

مُطْمَئِنٌّ: اسم فاعل واحد مذکر، اِطْمِئْنَانٌ مصدر (افعیلال) قطعی سکون پانیوالا (راغب) ۱۳/۲۸ طمانینت اور اطمینان وہ سکون اور ٹھہراؤ جو مشقت اور کوفت کے بعد حاصل ہو، ایمان کے بعد ایک مرتبہ سکون قلب کا آتا ہے جس کے

حصول کے بعد کوئی شبہ اور وسوسہ ہی پیدا نہیں ہوتا جس کو صوفیہ کی اصطلاح کے مطابق اگر عین الیقین کا درجہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔

کبھی اطمینان کا معنی ہوتا ہے اپنے ارادہ اور قصد کو کسی چیز پر ٹھیرا دینا۔ طلب کو ادھر ادھر یا آگے نہ بڑھانا نہ اس چیز سے ہٹنے کی خواہش کرنا جیسے اِطْمَأَنُّوْا بِہَا وہ صرف دنیاوی زندگی پر مگن ہو گئے، تطامن کا بھی یہی معنی ہے۔

اَلْمُطْمَئِنَّۃُ: اسم فاعل واحد مؤنث مرفوع معرفہ۔ سکون پانے والا۔ مجاہد نے کہا اللہ کے رب ہونے کا یقین رکھنے والا اور خشوع کیساتھ اللہ کے ساتھ اللہ کے اوامر و نواہی کی پابندی کرنے والا۔ حسن بصری نے کہا ایمان و یقین رکھنے والا۔ عطیہ نے کہا اللہ کے حکم پر راضی۔ کلبی نے کہا اللہ کے عذاب سے محفوظ۔ بعض نے کہا اللہ کی یاد سے سکون پانیوالا (معالم التنزیل) ۳۰/۱۴

مُطْمَئِنَّۃً: اسم فاعل واحد مؤنث منصوب نکرہ۔ مگن۔ چین سے۔ ۱۴/۲۱۔

مُطْمَئِنِّیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب۔ وطن بنا لینے والے۔ قیام کرنیوالے (بغوی) ۱۵/۱۱۔

اَلْمُطَّوِّعِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب اَلْمُطَّوِّعُ واحد، تَطَوُّعٌ مصدر (باب تفعل) اصل میں اَلْمُتَطَوِّعِیْنَ تھا، تا کو طا میں ادغام کر دیا تَطَوُّعٌ کا لغوی معنی ہے طاعت میں بناوٹ کرنا، عرفِ شرع میں ایسی طاعت کو کہتے ہیں جو فرض نہ ہو، بطورِ نفل اپنی طرف سے کی جائے (راغب) لیکن تَطَوُّعٌ اپنے اندر استطاعت کا مفہوم بھی رکھتا ہے اس لئے اَلْمُطَّوِّعِیْنَ کا ترجمہ ہوا خیرات کرنیوالے۔ اصحابِ استطاعت۔

مَطْوِیَّاتٌ: اسم مفعول جمع مؤنث، مَطْوِیَّۃٌ واحد، طَیٌّ مصدر، باب ضرب لپیٹے گئے۔ ۲۴/۴۔

طے کرنے کے دو معنی ہیں لپیٹنا جیسے کاغذ کو کپڑے کو جس کو تہ کرنا کہتے ہیں ۲۔ مسافت کو قطع کرنا۔ عمر کو گزارنا جیسے طَوَی اللّٰہُ عُمُرَہٗ اللہ نے اس کی عمر گزار دی، ختم کر دی۔ ایک شاعر کا مصرعہ ہے ع

طَوَتْکَ صُرُوْفُ دَھْرِکَ بَعْدَ نَشْرٍ

حوادثِ زمانہ نے پھیلانے کے بعد تجھے تہ کر دیا یعنی تیری عمر کو فنا کر دیا۔ ختم کر دیا۔ بقول راغب آیت میں دونوں معنی مراد ہو سکتے ہیں، کاغذ کی

طرح آسمانوں کا لپیٹ دیا جانا بھی اور فنا کر دینا، تباہ کر دینا بھی، قیامت کے دن آسمان بہرحال فنا کر دیئے جائیں گے۔ (المفردات)

مُطَهِّرٌ: اسم فاعل واحد مذکر، تَطْهِیْرٌ، مصدر باب تفعیل۔ پاکیزہ رکھنے والا۔ دور رکھنے والا۔ طہارت دو طرح کی ہوتی ہے جسمانی اور روحانی یا طہارتِ بدن اور طہارتِ نفس، دیکھو الفاظِ ذیل میں طہارتِ بدن مراد ہے، فَاطَّهَّرُوْا۔ حَتّٰی یَطْهُرْنَ۔ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ اور کلماتِ ذیل میں طہارتِ نفس، یُطَهِّرُکُمْ تَطْهِیْرًا طَهِّرْ۔ اَزْکٰی لَکُمْ وَاَطْهَرُ۔ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ مَرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ وَثِیَابَکَ فَطَهِّرْ اور مندرجہ ذیل الفاظ میں دونوں طرح کی طہارت مراد ہے۔ یُحِبُّوْنَ اَنْ یَّتَطَهَّرُوْا۔ اُنَاسٌ یَّتَطَهَّرُوْنَ۔ هُنَّ اَطْهَرُ لَکُمْ۔ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ طَهِّرَا بَیْتِیَ۔

طُهْرٌ۔ طَهَارَةٌ اور طُهُوْرٌ ثلاثی مجرد کے مصادر ہیں (باب نصر و کرم) چونکہ طہارت کے لئے کثافت سے دور ہو جانا لازم ہے خواہ کثافتِ جسمی ہو یا کثافتِ اخلاق یا کثافتِ عقائد اس لئے آیت میں دور رکھنے کا معنی ہے یعنی کثافتِ شرک و دائرۂ اخلاق سے پاک رکھنا اور تمام نجاستوں سے دور کر دینا۔ ۳/۱۴۔

اَلْمُطَهَّرُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع تَطْهِیْرٌ مصدر۔ باب تفعیل وہ جن کو پاک کر دیا گیا ہے۔ پاک کئے ہوئے۔ ۲۷/۱۶۔

مُطَهَّرَةٌ: اسم مفعول واحد مؤنث، تَطْهِیْرٌ مصدر، ہر طرح کی نسوانی جسمانی اور نفسانی کثافتوں سے پاک کی ہوئی۔ ۳/۱ ب ۳/۵ ب ۵ ر ۵ ر ۳۰/۲۳۔

اَلْمُطَّهِّرِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب تَطَهُّرٌ مصدر، باب تفعل، اصل میں اَلْمُتَطَهِّرِیْنَ تھا تاء کو طاء میں ادغام کر دیا گیا۔ پاک ہونیوالے پاکیزہ ہونیوالے۔ ۱۱/۲۔

مُظْلِمًا: اسم فاعل واحد مذکر اِظْلَامٌ مصدر باب افعال، تاریکی میں پڑا ہوا۔ تاریک ۱۱/۸ ظُلْمَةٌ اندھیرا۔ ظُلُمَاتٌ جمع۔ کبھی ظلمت سے مراد جہالت کفر شرک نفاق اور معصیت ہوتی ہے جیسے اُخْرِجْ قَوْمَکَ مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ، ظلم کا معنی ہے بیجا حرکت کرنا، بے موقع کسی چیز کو رکھنا۔ اللہ کا حق ادا نہ کرنا۔ آدمیوں کا یا جانوروں کا حق ادا نہ کرنا۔ اپنے نفس کو معصیت میں ڈالنا یہ سب ظلم کے اقسام ہیں آیاتِ قرآنیہ

Presented by Ziaraat.Com

ہیں مختلف مقامات پر مختلف اقسام کو بیان کیا گیا ہے، حد مقرر سے زیادتی کرنا بھی ظلم میں داخل ہے اور کمی کرنا بھی اسی لئے وَلَمْ تَظْلِمْ مِنْهُ شَيْئًا میں لَمْ تَنْقُصْ ترجمہ کیا گیا ہے کمی نہیں کی۔

ظَلِيمٌ: نر شتر مرغ کو کہتے ہیں کیونکہ عرب اس کو تخلیقاً مظلوم خیال کرتے تھے، ایک شاعر کہتا ہے ؎

فَصِرْتُ كَالْهِيقِ عَدَا يَبْتَغِي
قَرْنًا فَلَمْ يَرْجِعْ بِأُذُنَيْنِ

میں شتر مرغ کی طرح ہو گیا کہ گیا تھا سینگ ڈھونڈھنے اور کھو آیا دونوں کان بھی۔

مُظْلِمُونَ: اسم فاعل جمع مذکر، مُظْلِمٌ واحد۔ اِظْلَامٌ مصدر، ظلم مادہ، تاریکی میں پڑے ہوئے، تاریک۔ اظلام کا معنی ہے تاریکی میں ہو جانا تاریک ہو جانا۔ ۲۳/۲

مَظْلُومًا: اسم مفعول واحد مذکر، ظُلْمٌ مصدر باب ضرب ستم رسیدہ۔ ۱۵/۴ (دیکھو مُظْلِمٌ)

مَعَ: ۱/۵ ۲/۱۷،۳ ۳/۱۳ ۴/۱۱ ۵/۱۸،۶ ۷/۱۸،۱۴

۸/۱۲ ۹/۱۶،۸ ۱۰/۲،۵،۱۱،۱۳،۱۷،۱۸ ۱۱/۵،۴ ۱۲/۴ ۱۴/۶،۳

۱۴/۲۲ ۱۵/۱،۳،۴،۱۶ ۱۷/۶ ۱۸/۶ ۱۹/۱،۴،۱۵،۱۸ ۲۰/۱،۱۲،۱۳

۲۱/۳ ۲۶/۹،۱۶ ۲۷/۲ ۲۸/۲۰ ۲۹/۱۱،۱۶ ۳۰/۱۹

اسم ہے، دو طرح کا ہوتا ہے مضاف اور غیر مضاف یعنی مفرد۔ مَعَ مضاف ظرف ہے، کبھی اس پر حرف جار آتا ہے (سیبویہ) جیسے ذَهَبْتُ مِنْ مَعِهِمْ میں اس کے ساتھ سے چلا گیا۔ بنی غنم اور قبائل ربیعہ اس کے عین کو ساکن استعمال کرتے ہیں، مخاس کا قول ہے کہ ساکن العین یعنی مَعْ بالاتفاق حرف ہوگا مگر مخاس کا یہ قول غلط ہے ابن ہشام انصاری نے مغنی اللبیب میں صراحت کی ہے کہ مع کی اسمیت بہر حال باقی رہتی ہے خواہ ساکن العین ہو یا متحرک العین۔

مَعَ مضاف اجتماعیت پر دلالت کرتا ہے جیسے هُوَ مَعَكُمْ وہ تمہارے ساتھ ہے کبھی اجتماعیت ذوات نہیں ہوتی صرف اجتماعیت اوقات کا اظہار مقصود ہوتا ہے، حَتّٰى مَعَ الْعَصْرِ میں وقت عصر کے ساتھ تیرے پاس آیا۔ کبھی حال ہوتا ہے کبھی ظرف جیسے اِرْفَقُوا اَنْتُمْ وَحَرْبٌ وَاقْعُدُوا اَنْتُمْ مَعًا اے اولاد حرب ہوش میں آؤ ہم سب کی خواہشات ساتھ ساتھ ہیں۔

ابن مالک کے نزدیک مع مفرد الیاہی اجتماعیت پر دلالت کرتا ہے جیسے لفظ جمیعًا

یعنی ایک ہی وقت میں ساتھ ساتھ دونوں سے فعل کا صدور ظاہر ہوتا ہے ثعلب نے فرق کیا ہے جاء وا جمیعًا عام ہے ایک ہی وقت میں سب آئے ہوں یا الگ الگ وقت میں مگر آئے ہوں سب، لیکن جمیعًا کی جگہ معًا کہنے میں دونوں کا ایک ہی وقت میں آنا ضروری ہے معًا جسطرح دو کی اجتماعیت پر دلالت کرتا ہے اسی طرح جماعت کے لئے بھی آتا ہے۔

اِذَا جَنَّتِ الْاُوْلٰی تَجَعْنَ لَہَا مَعًا جب پہلی اظہار اشتیاق کرتی ہے تو سب ساتھ ساتھ چیچھانے لگتی ہے۔

خنساء شاعر کا مصرعہ ہے وَاَفْنٰی رِجَالِیْ فَبَادُوْا مَعًا، زمانہ نے میرے مردوں کو فنا کر دیا وہ سب کے سب ایک ہی وقت میں ہلاک ہو گئے۔

امام راغب نے صراحت کی ہے کہ اجتماعیت زمانہ کی طرح معًا کبھی اجتماعیتِ مکانی کو بتاتا ہے جیسے ھُمَا مَعًا فِی الدَّارِ وہ دونوں ساتھ ساتھ ایک مکان میں ہیں کبھی اجتماعِ معنوی پر دلالت کرتا ہے یعنی ایک بغیر دوسرے کے نہ موجود ہو سکے نہ تصور میں آسکے جیسے ھُمَا مَعًا فِی الْاُخُوَّۃِ بھائی ہونے میں دونوں ساتھ ساتھ ہیں ایک کے بھائی ہونے کا نہ تصور کیا جا سکتا ہے نہ اس کا تحقق ہو سکتا جب تک دوسرے کا تصور اور تحقق نہ ہو۔ کبھی مرتبہ میں اجتماعیت ظاہر کرتا ہے جیسے ھُمَا مَعًا فِی الشَّرَفِ وہ دونوں مرتبہ میں ساتھ ساتھ ہیں، کبھی مدد پر دلالت کرتا ہے اَللّٰہُ مَعَنَا اللہ کی مدد ہمارے ساتھ ہے اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصَّابِرِیْنَ اللہ کی مدد صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ میرے رب کی مدد میرے ساتھ ہے۔ یاد رکھو کہ نصرت کا معنی صرف مع مضاف سے پیدا ہوتا ہے۔

مُعَاجِزِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، مُعاجز واحد، مُعَاجَزَۃٌ مصدر باب مُفَاعَلَۃٌ ہرانے والے۔ عَجْزٌ مصدر پیچھے ہو جانا پیچھے رہ جانا، یہ اصل معنی ہے اس سے مراد ہوتا ہے کسی چیز کے حصول سے قاصر ہونا، بے بس ہونا۔ اِعْجَازٌ دوسرے کو عاجز بنا دینا، عاجز کر دینا مُعَاجَزَۃٌ مقابلہ کر کے اپنے حریف کو ہرا دینا، عاجز کر دینا۔ منکرینِ حشر کا خیال تھا کہ قیامت نہیں آئیگی نہ حشر ہوگا نہ نشر نہ عذاب نہ ثواب لیکن ہوگا یہ سب کچھ ان چیزوں کو لانے سے وہ اللہ کو روک نہیں سکتے اس کی قدرت سلب نہیں کر سکتے اس کو

Presented by Ziaraat.Com

عاجز نہیں بنا سکتے۔ ۱۷/۱۴ ۲۲/۱۱۷۔

مَعَادٍ: اسم، ظرفِ مکان، جائے عود، جائے بازگشت۔ لوٹ کر آنے کی جگہ۔ ۲۰/۱۲۔

عَوْدٌ مصدر (باب نصر) کسی جگہ یا کسی چیز یا قول یا عمل کو چھوڑ کر دوبارہ پھر اسی کی طرف لوٹنا مزید تشریح کے لئے دیکھو (عَادَ، عدتم، عُدْنَا عادوا وغیرہ)

مَعَاذَ: مصدر میمی و اسم، مضاف منصوب پناہ۔ عَوْذٌ اور مَعَاذٌ کسی کی پناہ پکڑنی اور کسی سے وابستہ ہو جانا (دیکھو اَعُوْذُ۔ اُعِیْذُ ھا)

عُوْذَةٌ وہ چیز جس کی پناہ پکڑی جائے اسی لئے بسم اللہ کو اور ہر منتر کو عُوْذَة کہا جاتا ہے۔

مَعَاذَ اللہ کا معنی ہے اللہ کی پناہ۔ یعنی یہ گناہ کا کام ہے ہم اس کے کرنے سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ ۱۲/۱۳ ۱۳/۲

مَعَاذِیْرَ: جمع مَعْذِرَةٌ واحد مصدر، عذر، معذرت۔ ۲۹/۱۷

عُذْر اور عُذُرٌ ایسی بات جس سے قصور پر گرفت نہ ہو۔ عذر تین طرح کا ہوتا ہے:

۱۔ ارتکابِ جرم سے انکار کر دینا ۲۔ ارتکابِ جرم کی کوئی ایسی وجہ بیان کرنا جس سے جرم کی سزا سے بچ جائے ۳۔ اقرارِ جرم کے بعد آئندہ جرم نہ کرنے کا وعدہ کرنا، تیسری شق کو توبہ کہا جاتا ہے۔

اِعْتِذَارٌ عذر پیش کرنا۔ اِعْذَار (باب افعال) جھوٹا عذر پیش کرنا یا واقعی معذور ہو جانا تَعْذِیْرٌ جھوٹا عذر پیش کرنا۔ عُذْرٌ اور مَعْذِرَةٌ مصدر باب ضرب، عذر قبول کرنا۔ کسی کو معذور قرار دینا۔ بعض اہلِ علم نے لکھا ہے کہ عذر کا ماخذ عَذِرَةٌ ہے عَذِرَةٌ کا معنی ہے نجاست۔ گوہ جرم اور گناہ بھی نجاست ہے ثلاثی مجرد سے عَذَرَ یَعْذُرُ مستعمل ہے۔ عَذَرَتِ الصَّبِیَّ میں نے بچہ کا استنجا کر دیا۔ عَذَرْتُ زَیْدًا میں نے زید کے عذر کو قبول کیا اور قصور کی نجاست سے اس کو پاک کر دیا اِعْتَذَرَتِ الْمِیَاهُ پانی منقطع ہو گیا۔ اعْتَذَرَتِ الْمَنَازِلُ مکان ویران ہو گئے۔ عَاذِرَةٌ استنجا خانہ والی عورت۔ عَذُوْرٌ بدخو آدمی۔

مَعَارِجَ: جمع معراج مفرد، اسم آلہ۔ زینہ سیڑھیاں۔ ۲۵/۹

اَلْمَعَارِجِ: جمع، اَلْمِعْرَاج مفرد، اسم آلہ درجات۔ ۲۹/۷

عُرُوْجٌ چڑھنا (ضرب) عَرَجَ عُرُوْجًا و عَرَجَانًا ٹیڑھا ہو کر چلنا جیسے زینہ پر چڑھنے والا

Presented by Ziaraat.Com

عَرِجَ (سمع) پیدائشی لنگڑا ہوا۔ عَرَجٌ بھی لنگڑاپن اونٹوں کا بڑا گلہ۔

مَعَاشًا: اسم اور مصدر، زندگی یعنی وقت زندگی۔ ۳۰/۱۔

عَیشٌ کسی حیوان یا انسان کی زندگی حیات کا لفظ عام، اللہ، ملائکہ، انسان، حیوان، سب کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ عیش اور معاش کا استعمال صرف حیوان اور انسان کے لئے ہوتا ہے۔ معیشت سامانِ زندگی۔ معائش جمع۔

مَعَایِشَ: جمع مَعِیشَۃٌ واحد، سامانِ زندگانی۔ ۸/۷ ۱۴/۲۔

اَلْمُعْتَبِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر اَلْمُعْتَبُ واحد۔ مقبول التوبہ۔ ۲۴/۱۷۔

عَتْبٌ اور مَعْتَبَۃٌ اسم اور مصدر، ناراضگی ناراض ہونا۔ عَتْبٌ اصل میں اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں اترنے والے کو کچھ دکھ اور چبھن ہو اسی لئے سیڑھی اور چوکھٹ کو عَتَبَۃٌ کہا جاتا ہے، اِعْتَابٌ ناراضگی کا اظہار کرنا۔ ناراضگی دور کرنا یعنی منانا اِسْتِعْتَابٌ (استفعال) راضی کرنا۔ عُتْبٰی ناراضگی کا سبب۔ بَیْنَھُمْ عُتُوْبَۃٌ ان کے آپس میں ایسی چیز ہے جس کی وجہ سے ایک دوسرے سے ناراض ہے۔

مُعْتَدٍ: اسم فاعل واحد مذکر اصل میں معتدی تھا، اِعْتِدَاءٌ مصدر (باب افتعال) حد سے آگے بڑھنے اِعْتِدَاءٌ حدودِ حق سے ہٹ جانا، تجاوز کرنا۔ عَدْوٌ کا مفہوم ہے ہٹ جانا۔ تجاوز کرنا۔ دل سے اگر ایک دوسرے کی طرف سے ہٹ جائے تو عَدَاوَۃ اور عَدْوٌ ہے اگر کوئی جگہ ناہموار نہ ہو تو اس کو مَکَانٌ ذُوْ عَدْوَاءَ کہتے ہیں عَدُوٌّ اور مُعَادِی دشمن، اسی مفہوم کے لحاظ سے عَدُوٌّ اور عِدَاءٌ دوڑ لگانے کو بھی کہتے ہیں تَعَدِّی دوسرے کی طرف تجاوز کرنا۔ ۲۶/۱۶ ۲۹/۳ ۳۰/۸۔

اَلْمُعْتَدُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع۔ اَلْمُعْتَدِی واحد حق سے تجاوز کرنیوالے۔ ۱۰/۸

اَلْمُعْتَدِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب و مجرور اَلْمُعْتَدِیْ واحد اِعْتِدَاءٌ مصدر حق سے ہٹنے والے حد سے تجاوز کرنے والے۔ ۲/۸ ۷/۲ ۱۴/۵ ۱۳/۱۱۔

اَلْمُعْتَرَّ: اسم فاعل واحد مذکر اصل میں اَلْمُعْتَرِرُ تھا۔ اِعْتِرَارٌ مصدر (افتعال) عَرٌّ مادہ مانگنے کے درپے بھیک مانگنے کے لئے

Presented by Ziaraat.Com

سامنے آنیوالا۔ سائل۔ عَرٌ اور عُرٌ خارش، کھجلی، مَعَرَّۃٌ مضرت۔ دکھ۔ ۱۷/۱۲

مُعْجِزَۃٌ: اسم فاعل واحد مذکر، اعجازٌ مصدر باب افعال عاجز بنانیوالا۔ ہرانیوالا ۲۶/۴

مُعْجِزِیْ: اسم فاعل جمع مذکر، اصل میں مُعْجِزِیْنَ تھا۔ اضافت کی وجہ سے نون ساقط کردیا گیا۔ مُعْجِزٌ واحد، ہرانے والے، عاجز بنادینے والے۔ ۱۰/۱۷

مُعْجِزِیْنَ: جمع مذکر اسم فاعل، ہرانیوالے عاجز بنادینے والے ۵/۳ ۱۱/۱۰ ۱۲/۳،۲ ۱۲/۱۲ ۱۸/۱۳ ۲۰/۱۴ ۲۴/۲ ۲۵/۲ (دیکھو معاجزین)

مُعْدُوْدٍ: اسم مفعول واحد مذکر، شمار کیا ہوا یعنی مقرر۔ ۱۲/۹

عَدَدٌ گنتی، شمار۔ عَدٌّ مصدر (نصر) شمار کرنے اور معدود ہونے سے کبھی کسی چیز کی قلت مراد ہوتی ہے جیسے اَیَّامًا مَّعْدُوْدَۃً گنتی کے چند دن۔ کبھی کثرت مراد ہوتی ہے جیسے اِنَّھُمْ لَذُوْ عَدَدٍ وہ بڑی تعداد والے ہیں، عُدَّۃٌ مال اور اسلحہ کی کثیر مقدار، عِدَّۃٌ شمار اور شمار کی ہوئی چیز، اِعْدَادٌ تیار کر رکھنا۔

مَعْدُوْدَاتٍ: اسم مفعول جمع مؤنث مَعْدُوْدَۃٌ واحد، گنے ہوئے یعنی چند گنتی کے دن۔ ۲/۹،۷ ۳/۱۱ اول جگہ ماہِ رمضان دوسری جگہ چار دن یا تین دن مع یوم النحر کے اور تیسری جگہ گوسالہ پرستی کے بقدر ایام مراد ہیں۔

مَعْدُوْدَۃً: اسم مفعول واحد مؤنث منصوب معدودات جمع گنتی کے چند دن یعنی جتنے دن ہم نے گوسالہ پرستی کی تھی۔ ۱/۹۔

مَعْدُوْدَۃٍ: اسم مفعول واحد مؤنث گنتی کے چند، تھوڑے۔ ۱۲/۱۱ ۱۲/۱۲

مُعَذِّبُوْھَا: اسم فاعل جمع مذکر مضاف، ھا ضمیر مؤنث غائب مضاف الیہ، اصل میں مُعَذِّبُوْنَھَا تھا اضافت کی وجہ سے نون ساقط ہوگیا۔ تَعْذِیْبٌ مصدر باب تفعیل، اس کو سخت دکھ دینے والے۔ ۱۵/۶

عَذْبٌ شیریں پانی۔ عذاب، سخت درد پہنچانا۔ تَعْذِیْبٌ باب تفعیل، بہت زیادہ دکھ دینا عَذَبَۃُ السَّوْط کوڑے کی لوک، گانٹھ۔ تعذیب کے معنی کی توجیہ اہل لغت نے مختلف طور پر کی ہے ۱۔ عَذْبٌ شیریں پانی کو کہتے ہیں، تعذیب کے معنی ہوئے زندگی کی شیرینی زائل کردینا، گویا عَذْبٌ سے باب تفعیل سَلْبٌ ماخذ کے لئے آیا یا یوں کہا جائے کہ عَذْبٌ صاف ستھرے

Presented by Ziaraat.Com

پانی کو کہتے ہیں اس لئے تعذیب کا معنی ہوا بکدر اور گدلا کر دینا یعنی زندگی کو خراب کر دینا۔

۲ عذب الرجل اس نے کھانا پینا اور سونا چھوڑا۔ عَاذِبٌ اور عَذُوبٌ وہ آدمی جس نے کھانا پینا اور سونا چھوڑ دیا یعنی منافع حیات سے محروم ہو گیا ہو اسی لئے عَاذِبٌ رنڈوے کو بھی کہتے ہیں جس کی بیوی نہ ہو اس بنا پر تعذیب کا معنی ہوا بھوک پیاس اور بے خوابی پر کسی کو تیار کر دینا یا بے خواب و خور بنا دینا۔

۳ عَذَبَۃٌ چونکہ کوڑے کی نوک کی گانٹھ کو کہتے ہیں اس لئے تعذیب کا معنی ہوا کوڑے کی نوک والی گانٹھ سے کسی کو مارنا یعنی سخت دکھ دینا۔ بعض اہل لغت نے کہا ہے کہ تعذیب کا معنی ہی مارنا ہے (راغب)

مُعَذِّبُهُمْ : اسم فاعل واحد مذکر منصوب مضاف، هُمْ ضمیر مضاف الیہ، ان کو سخت دکھ دینے والا۔ ۹/۱۸۔

مُعَذِّبُهُ : اسم فاعل واحد مذکر مرفوع مضاف، هُ ضمیر مضاف الیہ، ان کو سخت دکھ دینے والا۔ ۹/۱۱

مُعَذِّبِيْنَ : اسم فاعل جمع مذکر سخت عذاب دینے والے۔ ۱۵/۲۔

مُعَذَّبِيْنَ : اسم مفعول جمع مذکر نکرہ، عذاب دیئے گئے۔ عذاب یافتہ۔ ۱۹/۱۱ ۲۲/۱۰ ۲۳/۶۔

اَلْمُعَذَّبِيْنَ : اسم مفعول جمع مذکر معرف باللام بمعنی مذکور ۱۹/۱۵ (سب کے لئے دیکھو معذبوا)

مَعْذِرَتُهُمْ مَعْذِرَةٌ اسم مصدر مضاف هُمْ ضمیر مضاف الیہ، ان کا عذر۔ ۲۱/۹ ۲۴/۱۱۔

اَلْمُعَذِّرُوْنَ : اسم فاعل جمع مذکر تَعْذِيْرٌ مصدر باب تفعیل، جھوٹا عذر پیش کرنیوالے۔ ۹/۱۸

مَعْذِرَةً : مصدر اور اسم، عذر پیش کرنا اور عذر ۹/۱۱ (دیکھو تینوں الفاظ کی مزید تشریح کیلئے معاذیر)

مُعْرِضُوْنَ : اسم فاعل جمع مذکر مرفوع، رخ گردانی کرنیوالے منہ موڑنے والے اجتناب کرنیوالے اِعْرَاضٌ مصدر، باب افعال۔ رُخ گردانی کرنا۔ منہ پھیر لینا۔ اصل استعمال میں اگر اعراض کے بعد لام آئے تو سامنے آنے کا معنی ہوتا ہے جیسے اَعْرَضَ لِیْ وہ میرے سامنے آیا، میرے سامنے نمودار ہوا اور اگر اعراض کے بعد عن آئے تو رخ پھیرنے، منہ موڑنے اور اجتناب کرنے کا معنی ہوتا ہے جیسے اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِیْ اس نے میری یاد سے منہ موڑا، اجتناب، هُمْ عَنْ آيَاتِنَا مُعْرِضُوْنَ وہ

ہماری نشانیوں سے منہ پھیرنے والے ہیں کثرت استعمال کی وجہ سے بغیر ذکر عن کے بھی منہ پھیرنے کا معنی مراد ہوتا ہے گویا اعراض کا معنی ہی رخ گردانی اور اجتناب ہو گیا اعرض ۔ عرضۃ ، عارض کے استعمال کی تنقیح کے لئے دیکھو باب العین فصل الف و راء) ب۱ ب۳ ب۹ ب۱۰ ب۱۳ ب۱۷ / ۱ / ۲ / ۳ / ۴ / ۱۶ / ۱۷ / ۱۱ / ۱۰ / ۱۷ / ۱۶ / ۴ / ۴ / ۱۲ / ۱۴ / ۱ / ۴ / ۴ / ۱۴ / ۱ / ۱۲ / ۱۴ / ۱۷ / ۱۸ / ۲۳ / ۲۶ ۔

مُعْرِضِیْنَ : اسم فاعل جمع مذکر منصوب و مجرور، اِعْرَاضٌ مصدر باب افعال، رخ، منہ موڑنے والے، اجتناب کرنیوالے ۔ ب۷ / ۶ / ۱۴ ب۱۹ / ۵ ب۲۳ / ۲

ب۲۹ / ۱۲ (دیکھو معرضون)

مَعْرُوْشَاتٍ : اسم مفعول جمع مؤنث، مَعْرُوْشَۃٌ واحد، چھتریوں پر چڑھائی ہوئی بیلیں ابن عباس نے فرمایا عام بیلیں مراد ہیں خواہ چھتریوں پر چڑھائی گئی ہوں یا نہ چڑھائی گئی ہوں مگر اوپر پھیلائی جاتی ہوں جیسے انگور، خربوزہ، تربوز، کدو وغیر معروشات سے مراد ہے وہ پودا جسکی بیل نہ ہو جیسے کھجور وغیرہ کا درخت یا گیہوں جو وغیرہ ۔ ضحاک کا قول ہے، دونوں سے انگور کی بیلیں مراد ہیں معروشات وہ بیلیں جو اوپر چڑھائی گئی ہوں اور غیر معروشات وہ بیلیں جو اوپر نہ چڑھائی گئی ہوں (بغوی)

عَرْشٌ چھتر، ٹٹی ۔ عَرَشْتُ الْکَرْمَ میں نے انگور کی بیل کے لئے چھتری بنا دی (ضرب) تعریش کا بھی یہی معنی ہے، عَرِیْشٌ جھونپڑی ہر چھتری کے لئے اونچا ہونا لازم ہے اسی علو کے مفہوم کے لحاظ سے عرش بادشاہ کے تخت کو کہتے ہیں اور مجازاً اقتدار و سلطنت بھی مراد لے لیتے ہیں ۔ (المفردات) ب۸ / ۴

اَلْمَعْرُوْفِ : اسم مفعول واحد مذکر معرفہ مَعْرِفَۃٌ اور عِرْفَانٌ مصدر ۔ باب ضرب اچھا کام ۔ اچھی بات ۔ معرفت اور عرفان کسی چیز کو آثار علامات حالات اور مختلف عوارض سے پہچاننا ۔ علم معرفۃ سے عام ہے ۔ عَرَفْتُ اللّٰہَ کہا جاتا ہے عَلِمْتُ اللّٰہَ نہیں کہہ سکتے کیونکہ اللہ کو جاننا اور پہچاننا صرف علامات اور آثار کو دیکھ کر ہوتا ہے عَلِمَ اللّٰہَ کہا جاتا ہے عَرَفَ اللّٰہَ نہیں کہا جاتا کیونکہ اللہ کسی چیز کو اس کے احوال اور آثار سے نہیں جانتا بلکہ حقیقت اور ذات جانتا ہے گویا معرفت کا درجہ علم سے نیچا ہے، معرفت علم ناقص کو کہتے ہیں، معرفت کے بعد اقرار اور اعتراف لازم ہے، معرفت کی ضد انکار (نہ پہچاننا) ہے

Presented by Ziaraat.Com

اور علم کی ضد جہالت، معرفت کا اصل ماخذ لفظ عرفٌ ہے، عَرَفٌ کا معنی تیزی دھار، عَرَفْتُہٗ میں نے اسکی دھار پالی یعنی پہچان لیا یا عَرُفٌ کا معنی خوشبو، میں نے اسکی خوشبو پالی یعنی پہچان لیا۔ تَعْرِیفٌ (باب تفعیل) شناخت کرادینا، پہچنوانا آراستہ کرنا اور پاکیزہ بنا دینا۔

معروف ہر وہ عمل یا قول جسکی خوبی عقلاً یا شرعاً ثابت ہو یعنی اچھا بھلا کام یا بھلی بات، اسکی ضد مُنکَر ہے گویا معروف وہ چیز ہوئی جس کو ہر عقلمند یا شرع کا پابند پہچانتا اور اچھا جانتا ہے اور اس کا اقرار کرتا ہے اور منکر وہ چیز ہے جس کو کوئی عقلمند نیک آدمی نہیں پہچانتا ہے اور اس سے ایسی نفرت کرتا ہے جیسے کسی اجنبی سے۔ عُرْفٌ بھی کبھی معروف کے معنی میں آتا ہے۔

عَرَّافٌ پیش گوئی کا مدعی آئندہ واقعات کو جاننے کا دعویٰ کرنیوالا (جس طرح اسلام سے پہلے بعض لوگ ہوتے تھے) عَرِیفٌ لوگوں کو پہچاننے اور پہچنوانے والا۔ ایک شاعر کا قول ہے:

لَبَعَثُوا اِلَیَّ عَرِیفَھُمْ یَتَوَسَّمُ

انہوں نے پہچاننے کے لئے میرے پاس شناخت کرنیوالے کو بھیجا۔ کثرتِ استعمال کے بعد عَرِیف کا معنی ہوگیا مشہور سردار۔ ایک شاعر کہتا ہے ؎

کُلُّ قَوْمٍ وَاِنْ عَزُّوْا وَاِنْ کَثُرُوْا
عَرِیْفُھُمْ بِاَثَافِی الشَّرِّ مَرْجُوْمُ

ہر قوم خواہ کتنی ہی باعزت اور تعداد میں زیادہ ہو مگر اس کے سردار پر شر کے پتھر پھینک کر مارے ہی جاتے ہیں۔

عَرُفَ عَرَافَۃً (کَرُمَ) عراف ہوگیا

اعتراف (افتعال) اقرار۔ معرفت، گناہ کا اقرار۔ ۶/۱۲، ۱۴/۱۲، ۱۵/۲ چار جگہ، ۲/۳، ۱۲/۱۴، ۵/۱، ۹/۱۰، ۱۵/۲، ۱۱/۱۳، ۱۷/۱۱، ۲۱/۱۱۔

مَعْرُوْفٌ: اسم مفعول واحد مذکر نکرہ مرفوع اچھی بھلی۔ نرم بات۔ ۳/۴، ۲۶/۷۔

مَعْرُوْفٍ: اسم مفعول واحد مذکر نکرہ مجرور اچھا کام ۲/۳ دو جگہ، ۵/۱۴، ۲۸/۸، ۱۷ دو جگہ۔

مَعْرُوْفًا: اسم مفعول واحد مذکر نکرہ منصوب ۲/۱۴، ۲۲/۱ دستور کے موافق بھلی بات۔ ۴/۱۳ نرم اچھی بات ۲۱/۱۱ اچھا طریقہ ۲۱/۱۷ بھلائی اچھا سلوک۔

مَعْرُوْفَۃٌ: اسم مفعول واحد مؤنث پسندیدہ۔ ۱۸/۱۳۔

مَعَرَّۃٌ: اسم، مضرت۔ دکھ، ۲۶/۱۱ (دیکھو

اَلْمُعْتَرَّ)

اَلْمَعْزِ : اسم جنس، بکریاں۔ مَعْزِیٌّ کمبخت مکھی چوس۔ مَاعِزٌ اور مَاعِزَۃٌ بکریاں بے ڈھنگی پیدائش والا آدمی۔ سخت آدمی چالاک۔ مَاعِزَۃٌ کی جمع مَوَاعِزُ آتی ہے۔ مَعَّازٌ بکریوں والا۔ اُمْعُوزٌ پہاڑی بکریوں کا گلہ۔

مَعْزٌ مصدر (باب نصر) جدا کر دینا۔ (باب سمع) سخت ہو جانا۔ اِمْعَازٌ (افعال) بہت بکریوں کا مالک ہو جانا۔ اِسْتِمْعَازٌ کام میں کوشش کرنا۔ ۸/۴۔

مَعْزِلٍ : اسم، ظرفِ مکان۔ الگ جگہ ۱۲/۴ عَزْلٌ مصدر (باب ضرب) الگ کر دینا تَعْزُّل (تفعل) الگ کر دینا۔ اِعْتِزَالٌ (باب افتعال) الگ ہو جانا جیسے تَعَزَّلَتْہُ فَاعْتَزَلَ میں نے اس کو الگ کر دیا تو وہ الگ ہو گیا۔ اعتزال متعدی بھی ہے الگ کر دینا۔ جیسے فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ عورتوں کو الگ کر دو یعنی ان سے الگ رہو، اَعْزَل ہتھیاروں سے الگ غیر مسلح، وہ ابر جس میں بارش نہ ہو۔

مَعْزُوْلُوْنَ : اسم مفعول جمع مذکر عَزْلٌ مصدر الگ کئے ہوئے یعنی روکے گئے (الشعراء ۲۶/۲۱۲)

مِعْشَارَ : اسم، دسواں حصہ۔ ۲۲/۱۱ عَشَرَۃٌ اور عَشَّرَ دس۔ عَشَّرَ تُمْ میں نے ان کے مال کا دسواں حصہ وصول کیا۔ میں ان کا دسواں بن گیا یعنی پہلے وہ نو تھے، میرے شامل ہونے کے بعد دس ہو گئے، یہ معنی بھی ہیں کہ پہلے ان کے مال کے نو حصے تھے میں نے دسواں حصہ بنا دیا۔ مِعْشَارٌ اور عُشْرٌ دسواں حصہ۔

نَاقَۃٌ عَشَرَاءُ دس ماہہ حاملہ اونٹنی، عِشَارٌ جمع، جَاءُوْا عُشَارَیٰ وہ دس دس کی ٹولیاں بنا کر آئے عُشَارِیٌّ دس ہاتھ لمبا۔ عَشِیْرَۃٌ خاندان جس سے آدمی کا جتھا بنتا ہے چونکہ دس کی تعداد کو کامل مانا جاتا ہے اس لئے عشیرۃ سے مراد ہوا کامل خاندان۔ مُعَاشَرَۃٌ اچھا برتاؤ جیسے خاندان والوں میں ہونا چاہیئے عزیزوں کا ایسا سلوک۔ مَعْشَرٌ بڑا گروہ، پورا گروہ۔

مَعْشَرَ : اسم مفرد، بڑا گروہ۔ مُعَاشِر جمع ۸/۳/۲ ۲۷/۱۲ (دیکھو مِعْشَار)

اَلْمُعْصِرَاتِ : اسم فاعل جمع مؤنث اَلْمُعْصِرَۃُ واحد، اِعْصَارٌ مصدر، باب افعال نچوڑنے والیاں مراد وہ ہوائیں جو بادلوں کو دبا کر نچوڑتی ہیں (مجاہد، قتادہ۔ مقاتل و کلبی و روایت عوفی از ابن عباس)

Presented by Ziaraat.Com

یا وہ ہوائیں جو گرد اڑاتی ہیں جن کے اندر بگولے ہوتے ہیں (الزہری)، یا بادل (ابوالعالیہ، ربیع، ضحاک، روایت والبی از ابن عباس)

فراء کا کہنا ہے کہ مُعصِرات اس بادل کو کہتے ہیں جو پانی سے بھرا ہوتا ہے اور برسنے والا ہی ہوتا ہے۔ ابن کیسان کا قول ہے معصرات کا معنی ہے فریاد رسی کرنیوالے، زید بن اسلم، سعید بن جبیر اور حسن بصری کے نزدیک آسمان مراد ہیں ایک روایت میں مقاتل کا بھی یہی قول مروی ہے (بغوی) ۳۰/۱

عَصْرٌ مصدر (ضرب) نچوڑنا مَعْصُوْرٌ اور عَصِیْرٌ نچوڑا ہوا عرق عُصَارَۃٌ عرق نکل جانے کے بعد فضلہ۔ نچوڑنے سے مراد کبھی منفعت اندوزی ہوتی ہے۔

عَصْرٌ اور عَصَرٌ (اسم) پناہ گاہ، عَصْرٌ اور عِصْرٌ زمانہ عُصُور جمع، عَصْر دن کا پچھلا حصہ، نماز عصر، عَصْرَانِ صبح شام یا رات دن (راغب)

اَلْمَعْصِیَۃُ: مصدر میمی اور اسم، نافرمانی کرنا نافرمانی۔ عِصْیَانٌ بھی مصدر ہے (ضرب) عَصَا لاٹھی، عِصْیَانٌ کا ماخذ عصا ہی ہے جس کے پاس لاٹھی (قوت) ہوتی ہے وہ دوسرے کی نافرمانی کرتا ہی ہے گویا عِصْیَانٌ کا معنی ہوا لاٹھی کے بل پر کسی کی نافرمانی کرنی۔ توسیع استعمال کے بعد ہر نافرمانی کو عصیان کہا جانے لگا شَقَّ العصا اس نے لاٹھی کو پھاڑ دیا یعنی جماعت سے الگ ہو گیا، ایک لاٹھی کے دو کر دیئے۔

(راغب ولسان) ۲۸/۲

مُعَطَّلَۃٍ: اسم مفعول واحد مؤنث، تعطیل مصدر باب تفعیل، خالی چھوڑے ہوئے (کنوئیں) جن سے کوئی پانی بھرنیوالا ہی نہیں رہا۔

عُطُلٌ آرائش، زیور، کام وغیرہ سے خالی ہونا المرأۃ عُطُلٌ عورت بے زیور ہے، قوس عُطُلٌ بغیر تانت کی کمان تَعْطِیْلٌ زیور اور کام وغیرہ سے خالی کر دینا تَعَطُّلٌ خالی ہونا، بیکار ہونا۔ دار مُعَطَّلَۃٌ ویران گھر مُعَطِّلٌ وہ شخص جو اس عالم کے لئے خالق کی ضرورت نہیں سمجھتا یعنی دنیا کو خالق وصانع سے معطل جانتا ہے۔ ۱۷/۱۳۔

مُعَقِّبٌ: اسم فاعل واحد مذکر تَعْقِیْبٌ مصدر، باب تفعیل، عقب مادہ۔ رد کرنیوالا لوٹا دینے والا (معالم) تَعَقُّبٌ اور با۔ پرس کرنے والا۔ (المفردات) ۱۳/۱۲

عَقِبٌ اور عَقْبٌ ایڑی، مجازاً بیٹا۔ پوتا۔

Presented by Ziaraat.Com

نسل۔ عَقِبُ الشَّہرِ مہینے کا آخری حصہ۔ رَجَعَ عَلٰی عَقِبِہٖ فوراً پلٹ پڑا۔ لوٹ گیا۔

عَقْبٌ، عُقْبٰی، عاقبت نیک انجام ثواب، عُقوبت، عِقاب، معاقبت، برا انجام عذاب لیکن عاقبت کا استعمال اگر بصورتِ اضافت ہو تو کبھی عقوبت کے معنی میں بھی مستعمل ہو جاتا ہے۔ تَعْقِیْبٌ ایک کے بعد دوسرے کو لانا۔ عَقَّبَ الْفَرَسُ فِیْ عَدْوِہٖ گھوڑا سُبک دوڑا۔ پیچھے کو لوٹنا۔ اِعْتِقَابٌ (افتعال) ایک کا دوسرے کے بعد آنا جیسے اِعْتِقَابُ اللَّیْلِ وَالنَّہَارِ، عُقْبَۃٌ ایک گھوڑے پر دو آدمیوں کا باری باری سے سوار ہونا۔ عُقْبَۃُ الطَّائِرِ پرندہ کا اوپر چڑھنا نیچے اترنا۔ اعقاب (افعال) انجام کار، آخر میں کسی چیز کو لانا۔ فَاَعْقَبَہُمْ نِفَاقًا انجام کار ان کے اندر نفاق پیدا کر دیا، اَعْقَابُ الرَّجُل آدمی کی نسل، اہلِ لغت کے نزدیک لڑکی کی اولاد۔ اَعْقَاب میں داخل نہیں ہے ہاں اگر اپنی اولاد ہو تو حکماً نواسی نواسہ کو بھی نسل میں شامل سمجھا جائیگا۔ (المفردات)

مُعَقِّبَاتٌ: اسم فاعل مؤنث، جمع الجمع، مُعَقِّبَۃٌ جمع مُعَقِّبٌ واحد۔ تعقیبٌ مصدر باری باری سے روز و شب میں آنیوالے ملائکہ (بیضاوی و کبیر) ۱۳/۸

مَعَہٗ: اس کے ساتھ، مع مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ ۲/۱۰ ۴/۱۷ ۶/۱۰

۸/۱۵ ۹/۱۶ ۱۰/۹ ۱۱/۱۷ ۱۲/۲ ۱۳/۴ ۱۵/۵ ۱۵/۶ ۱۵/۸ ۱۳/۸

۱۵/۵ ۱۲/۵ ۱۸/۱۵ ۱۶/۱۰ ۱۹/۸ ۱۰/۲ ۲۲/۸ ۲۳/۷ ۱۱/۲ ۲۴/۸

۲۵/۱۱ ۲۶/۱۲ ۲۸/۷ ۲۰۔

مَعَہَا: اس کے ساتھ۔ مع مضاف، ھا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ۔ ۲۶/۱۶

مَعَہُمْ: ان سب کے ساتھ، مع مضاف ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ۔ ۱/۱۲ ۱۱/۱۲

۲/۱۰ ۵/۱۷ ۸/۵ ۱۷/۶ ۲۳/۱۳ ۲۷/۱۹ ۲۸/۲ ۲۸/۵

مَعَکَ: تیرے ساتھ۔ مع مضاف، ک ضمیر واحد مذکر حاضر مضاف الیہ۔ ۵/۱۲ ۹/۶ ۱۲/۱۰ ۱۲/۴ ۱۸/۲

۱۹/۱۹ ۲۰/۹ ۲۲/۳ ۲۹/۱۴۔

مَعَکُمَا: تم دونوں کے ساتھ، مع مضاف، کُمَا ضمیر تثنیہ مخاطب مضاف الیہ۔ ۱۶/۱۱

مَعَکُمْ: تم سب کے ساتھ، مع مضاف، کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ۔ ۱/۵ ۳/۷ ۵/۱۷ ۱۴/۲

۶/۱۲ ۷/۱۷ ۸/۱۶ ۹/۱۶ ۱۰/۱۳ ۱۱/۱۴ ۱۲/۸ ۱۳/۲ ۱۹/۶

۲۰/۱۳ ۲۲/۱۹ ۲۳/۱۳ ۲۶/۸ ۲۷/۱۸ ۲۸/۵۔

مَعِیَ: میرے ساتھ، مع مضاف، ی ضمیر

Presented by Ziaraat.Com

متکلم واحد مضاف الیہ۔ ۹/۳ ۱۰/۱۷ ۲۱،۲۲/۱۵ ۱۶/۱ ۱۷/۲ ۱۹/۱۰،۸ ۲۷/۷ ۲۹/۲۔

مَعَنَا: ہمارے ساتھ، مع مضاف نا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ۔ ۱۰/۱۲ ۱۲/۴،۱۲ ۱۳/۲ ۱۶/۱۱ ۱۹/۶۔

مَعْكُوفًا: اسم مفعول واحد مذکر عُکُوفٌ مصدر۔ بند، محبوس۔ ممنوع۔ اسی کے لئے اپنے کو وقف کر دینا۔ عُکُوفٌ کسی چیز پر بطور تعظیم جم کر بیٹھنا، اسی سے تو لگانا اور اسی کے لئے اپنے کو وقف کر دینا۔ یہ متعدی بھی ہے، اس وقت روک دینے اور بند کر دینے کا معنی ہوگا۔ اِعْتِکاف عرفِ شرع میں مسجد میں بطورِ عبادت چند روز کے لئے گوشہ نشین ہو جانے کو کہتے ہیں۔ ۲۶/۱۱۔

اَلْمُعَلَّقَةِ: اسم مفعول واحد مؤنث، تعلیق مصدر، لٹکائی گئی، ادھر میں، نہ اِدھر نہ اُدھر نہ سہاگن کہ میاں اس کا خبر گیراں اود پُرسانِ حال ہو، نہ رانڈ کہ شوہر مر جائے، نہ مطلقہ کہ نکاح سے آزاد ہو جائے۔ ۵/۱۶۔

عَلَقٌ پانی کا ایک نہایت باریک کیڑا جو جونک کی طرح خون پیتا ہے (صحاح، تاج، قاموس) عَلَقَةٌ لوتھڑا۔ جما ہوا خون تَعْلِیْقٌ لٹکانا۔ عُلِّقَ (مصدر) لٹکنا، کسی چیز کو لٹکایا جاتا ہے جیسے مشک کا قبضہ، فعل مجرد، باب سمع سے آتا ہے عَلِقَ دَمُ فُلَانٍ بِزَیْدٍ فلاں شخص کا قتل زید سے وابستہ ہو گیا یعنی زید اس کا قاتل ہے، عَلِقَ نفیس چیز جس سے لوگوں کے دلوں کو وابستگی ہوتی ہے، عَلُوقٌ موت، عَلِقَتِ الْمَرْاَةُ عورت حاملہ ہو گئی۔ (المفردات)

مُعَلَّمٌ: اسم مفعول واحد مذکر۔ تعلیم مصدر سکھایا ہوا، تعلیم دیا ہوا۔ ۲۵/۱۴

اِعْلَامٌ اطلاع دینا، آگاہ کرنا۔ تعلیم آہستہ آہستہ اس طرح بتانا کہ سیکھنے والے کے دماغ میں اس کا اثر پیدا ہو جائے بعض اہلِ علم کا قول ہے کہ تصورِ معانی کے لئے نفس کو بیدار کرنے کا نام تعلیم ہے اور بیدار ہونے کا نام تَعَلُّم۔

کبھی تعلیم بمعنی اعلام بھی آیا ہے جیسے اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِیْنِكُمْ (مفردات) عَلَمٌ کسی چیز کا نشان، کپڑے کے نقوش، پہاڑ مشہور آدمی مَعَالِم نشانات، عَلَّامٌ بیندھی۔ عَالَمٌ وہ چیز جس سے کسی شے کا علم ہو جائے، سارے جہان سے اللہ کی ہستی کا پتہ چلتا ہے اس لئے اس کو عالَم کہتے ہیں۔ (صحاح و لسان)

Presented by Ziaraat.Com

مَعْلُوْم: اسم مفعول واحد مذکر معرفہ و نکرہ، جانا ہوا۔ معین، مقرر۔ علم سے معلوم کا مشتق ہونا تو ظاہر ہی ہے لیکن ہو سکتا ہے عَلَم کو ماخذ قرار دیا جائے، عَلَم کا معنی نشان جو چیز نشان زد ہوتی ہے۔ اس کی تعیین ہو ہی جاتی ہے اس لئے معلوم کا ترجمہ مقرر ہو گیا۔ ۱/۲/۱۳/۱۴ ب ۷/۱۲/۱۹ ب ۶/۹/۱۴/۲۳ ب ۱۵/۲۷ ب ۱/۲۱/۲۹

مَعْلُوْمَاتٌ: اسم مفعول جمع مؤنث، مَعْلُوْمَةٌ واحد، جانے ہوئے، مقرر ۲ب ۹ یعنی شوال، ذیقعدہ اور نو دن ذی الحجہ کے مع دسویں رات کے، ابن عمر نے ذی الحجہ کے دس روز بتائے ہیں یعنی دس راتیں، چونکہ تیسرے مہینہ کے دس روز بھی حج کا ہی کا زمانہ ہے اس لئے جمع کا صیغہ ذکر کیا، ابن زبیر نے ذی الحجہ کے پورے مہینہ کو ایام حج میں شامل کیا ہے کیونکہ یوم عرفہ کے بعد بھی بعض متعلقات کی تکمیل کی جاتی ہے مثلاً رمی، ذبح، حلق، طواف زیارت، منا میں شب باشی وغیرہ۔

مَعْلُوْمَاتٍ: اسم مفعول جمع مؤنث، معلومۃ واحد، جانے ہوئے، مقرر۔ ب ۱۱/۱۷۔

اکثر مفسرین کے نزدیک ماہ مراد ہیں عطار کی روایت سے ابن عباس کا قول ہے کہ یوم عرفہ یوم النحر اور ایام تشریق مراد ہیں، مقاتل نے کہا صرف ایام تشریق مراد ہیں، زجاج نے حضرت علی کے قول کو اختیار کیا ہے۔

مُعَمَّرٍ: اسم مفعول واحد مذکر، تَعْمِیْرٌ مصدر عمر رسیدہ، بڑی عمر والا۔ ب ۱۴/۲۲۔

عِمَارَةٌ آبادی۔ آباد کرنا۔ آباد ہونا (نصر) عُمْرٌ اور عُمُرٌ آدمی کی مدتِ زندگی کیونکہ مدتِ زندگی میں انسان کی عمارتِ بدن قائم رہتی ہے، بدنی مکان تعلقِ روح کی وجہ سے آباد رہتا ہے۔ عَمْرٌ اور عُمُرٌ کا اگرچہ ایک معنی ہے لیکن قسم کے موقع پر عَمْرٌ بولا جاتا ہے۔

تَعْمِیْرٌ (تفعیل) کسی کو عمر دینا۔ عمر بڑھانا یا درازی عمر کی دعا دینا۔ اِعْتِمَارٌ اور عُمْرَةٌ ملاقات

عِمَارَةٌ آدمی کا مخصوص خاندان ایک شاعر کا قول ہے لِکُلِّ اُنَاسٍ مِنْ مَعَدٍ عِمَارَةٌ معد کے تمام لوگوں کا ایک مخصوص خاندان ہے۔

عَمَارٌ سرداری کی علامت جو سردارِ قوم کے سر پر ہوتی ہے مثلاً عمامہ، پھول، **مُعَمَّرٌ** آباد، مکان **عُمْرٰی** وہ ہبہ اور عطیہ جو تاحینِ حیات دیا جائے (قاموس، تاج، مفردات)

اَلْمَعْمُوْرِ: اسم مفعول واحد مذکر آباد، مراد

Presented by Ziaraat.Com

وہ مسجد جو ساتویں آسمان پر ہے اور ہر وقت فرشتوں سے آباد رہتی ہے روزانہ اس میں ستر ہزار فرشتے آتے ہیں جو واپس جانے کے بعد پھر لوٹ کر نہیں آتے اس کا نام صراخ بھی ہے جس طرح زمین پر کعبہ ہے، اسی طرح آسمان پر صراخ کا مرتبہ ہے (بغوی وخازن) ۲۷/۳۔

اَلْمُعَوِّقِیْنَ : اسم فاعل جمع مذکر منصوب، المعوق واحد، روکنے والے، منع کرنیوالے ۲۱/۱۸

بقول قتادہ اس سے وہ منافق مراد ہیں جنہوں نے کہا تھا کہ محمد کو تو بہرحال مرنا ہے اس مرتبہ اگر تم ابوسفیان کے ہاتھ لگ گئے تو وہ تم پر قطعاً رحم نہیں کریگا مناسب یہ ہے کہ محمد کا ساتھ چھوڑ دو اور اپنے (یہودی) بھائیوں سے آملو۔ عَوْقٌ (نصر) تَعْوِیْقٌ (تفعیل) اِعْتِیَاقٌ (افتعال) تینوں کا معنی خیر سے روکنا، عائقٌ اور مُعَوِّقٌ خیر اور بھلائی سے روکنے والا۔ رَجُلٌ عَوْقٌ وعَوَّقَۃٌ لوگوں کو بھلائی سے روکنے والا۔ یعوق ایک بت کا نام (جو حضرت نوح کی قوم کا معبود تھا) (مفردات وتاج)

مَعِیْشَتَہَا : اسم مصدر مضاف، ہا ضمیر واحد مؤنث مضاف الیہ، سامانِ زندگی ۲۰/۹۔

مَعِیْشَتَہُمْ : اسم مصدر مضاف ہم ضمیر جمع مذکر مضاف الیہ۔ ان کا سامانِ زندگی۔ ۲۵/۹۔

مَعِیْشَۃً : اسم مصدر منصوب نکرہ، سامانِ زندگی، ۱۶/۱۶ (دیکھو معاشا)

مَعِیْنٍ : صیغہ صفت بروزن فعیل بمعنے جاری ۱۸/۲۳ اور ۲۹/۲ میں شراب جو جنت کی نہروں میں جاری ہوگی، مَعْنٌ مصدر جاری ہونا، جاری کرنا۔ گھاس کا سیراب ہونا۔ ذلت کو قبول کرنا۔ منکر ہونا۔ ناشکری کرنا (فتح) مَعْنٌ اسم، لمبا، چھوٹا، تھوڑا۔ بہت۔ آسان۔ بے فائدہ چیز، چمڑا، پانی مَعُنَۃٌ تھوڑی چیز۔ مَعَانٌ ٹھیرنے کی جگہ۔ پڑاؤ۔ مَاعُوْنٌ۔ بھلائی۔ احسان۔ بارش۔ پانی۔ فائدہ کی ہر چیز۔ عاریت میں دی جانیوالی چیز۔ عاریت میں نہ دی جانیوالی چیز۔ بندگی۔ فرمانبرداری۔ زکوٰۃ مُعْنَانٌ پانی کی پٹاریں۔

اِمْعَانٌ (باب افعال) غور کرنا۔ لیجانا۔ انکار، اقرار۔ مال زیادہ ہونا۔ کم ہونا۔ گھوڑے کا تیز دوڑنا پانی کا جاری ہونا۔ زمین کا سیراب ہونا (قاموس وتاج)

بغوی اور بعض دوسرے علماء کے نزدیک معین میں میم زائد ہے عین کا معنی ہے ظہور، وہ جاری پانی جس کو سامنے ہونے کی وجہ سے ہر کوئی دیکھ لے

Presented by Ziaraat.Com

کہیں جھاڑیوں اور جنگلوں میں چھپا ہوا نہ ہو۔ معین کہلاتا ہے جنت کی شراب بھی بالکل ظاہر اور سامنے نہروں میں بہتی ہوگی اس لئے اس کو بھی معین کہا گیا چنانچہ ۱۸/۳ کی تفسیر میں بغوی نے لکھا ہے اَلْمَاءُ الْجَارِی الظَّاہِرُ الَّذِی تَرَاہُ الْعُیُوْنُ مفعول مِنْ عَانَہٗ یَعِیْنُہٗ اِذَا ادرکہ البصر۔

یعنی معین سے مراد ہے وہ جاری پانی جو ظاہر ہو اس کو آنکھیں دیکھ رہی ہوں معین کا وزن مفعول ہے (اصل میں مَعْیُوْنٌ تھا) عَانَہٗ یَعِیْنُہٗ سے مشتق ہے (باب ضرب) عَانَہٗ کا معنی ہے اسکو آنکھوں سے دیکھ لیا۔ نظر نے اس کو جان لیا ۲۹/۲ کی تشریح میں بغوی نے لکھا ہے ظاہر تراہ العیون وتنالہ الایدی والارجل یعنی بالکل سامنے جس کو آنکھیں دیکھ لیں ہاتھوں اور ڈولوں سے اسکو لیا جا سکے۔ ۲۳/۶ کی توضیح میں لکھا ہے خمور جاریۃ فی الانہار ظاہرۃ تراھا العیون، یعنی جنت کی نہروں میں بہنے والی شراب جو آنکھوں کے سامنے ہوگی۔ ۲۷/۱۴ میں خمور جاریۃ لکھا ہے بغوی کی تفسیر میں کچھ پراگندگی ہے اگر معین میں میم زائد ہے اور یہ لفظ عَانَہٗ یَعِیْنُہٗ سے ماخوذ ہے تو صرف ظہور اور رؤیت کا معنی ہونا چاہیئے جاری ہونے کا معنی کہاں سے پیدا ہوا، پھر ۱۸/۳ ۲۳/۶ اور ۲۷/۱۴ میں جاری ہونے کا مفہوم کس طرح حاصل ہوا اور اگر میم اصلی ہے اور معن سے مشتق ہے تو معین کا وزن فعیل ہوگا مفعول نہ ہوگا۔ اس لئے عام اہلِ تفسیر کا قول ہی صحیح ہے حضرت ابنِ عباس سے بروایت عطاء یہی منقول ہے۔

مَغَارَاتٍ: جمع مؤنث مَغَارًا اور مَغَارَۃٌ واحد، غار۔ ۵/۱۳ (دیکھو اَلْغَارِ)

اَلْمَغَارِبِ: جمع مجرد ظرف اَلْمَغْرِبُ واحد غروب ہونے کے مقامات۔ ۲۹/۸ (دیکھو غربت اور المشارق)

مَغَارِبَہَا: مغارب ظرف منصوب مضاف ھا ضمیر مضاف الیہ، اس کے ڈوبنے کے مقامات ۹/۶ (دیکھو غربت اور المشارق۔)

مُغَاضِبًا: اسم فاعل واحد مذکر مغاضبۃٌ مصدر (باب مفاعلہ) بمعنی غضوب، ناراض ہو کر غصہ میں ۱۷/۴ (دیکھو غَضِبَ اور غَضَبٌ)

مَغَانِمُ: جمع مَغْنَمٌ واحد غنیمتیں وہ چیزیں جو محنت حاصل کی جائیں، دشمن سے ہوں یا کسی اور سے۔ ۵/۱ (دیکھو غَنِمْتُمْ)

Presented by Ziaraat.Com

مَغَانِمَ: جمع مَغْنَمٌ واحد۔ غَنِیْمَتَیْنِ ۔ ۱۰/۱۱ ۲۶/۱۱
(دیکھو غنمتم و مَغانِم)

مُغْتَسَلٌ: ظرفِ مکان۔ چشمہ، نہانے کی جگہ۔ وہ چیز جس سے غسل کیا جائے یعنی پانی۔ ۲۳/۱۳
(دیکھو غسلین)

اَلْمَغْرِبِ: ظرفِ مکان وزمان، مفرد مغروب
اَلْمَغْرِبُ: ہونیکی جگہ، جہتِ مغرب، ۲/۶ ۳/۳
مَغْرِبَ: ۱۹/۱۶ ۲۹/۱۳ ۲/۱ ۱۶/۲ (دیکھو غربت اور المشارق)

اَلْمَغْرِبَیْنِ: ظرف مکان تثنیہ، اَلْمَغْرِبُ واحد۔ غروب ہونے کے دو مقام، ایک سردی کا ایک گرمی کا۔ ۲۷/۱۱۔

مُغْرَقُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع، غَرَقٌ مادہ۔ اِغْراقٌ مصدر (باب افعال) ڈبو دئے گئے۔ ۱۲/۴ ۱۸/۲ ۲۵/۱۴ (دیکھو الغرق اور غرقًا)

اَلْمُغْرَقِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مجرور، ڈبوئے گئے۔ ۱۲/۴

مَغْرَمٍ: اسم مصدر مجرور، تاوان۔ ۲۷/۴

مَغْرَمًا: اسم مصدر منصوب، تاوان۔ ۱۱/۱
(دیکھو غرامًا)

مُغْرَمُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر، اِغْرامٌ مصدر باب افعال، غرمٌ مادہ، تاوان زدہ۔ ۲۷/۱۵
(دیکھو غرامًا)

اَلْمَغْشِیِّ: (علیہ) اسم مفعول واحد مذکر اصل میں المغشوی بروزن المفعول تھا واؤ کو یاء بنا کر یاء کو یاء میں ادغام کر دیا جیسے المعنیّ (باب سمع) بیہوش، جس پر بیہوشی طاری ہو۔ ۲۶/۲

مَغْفِرَةً: اسم اور مصدر، معاف کر دینا معافی ۳/۴ ۴/۸ ۶/۶ ۹/۱۵ ۱۰/۶ ۱۲/۲ ۱۷/۱۴ ۱۸/۱۹ ۷/۱۳ ۲۲/۱۳ ۲۷/۱۹ ۲۹/۱ (دیکھو الغاشیۃ اور غشیھم)

مَغْفِرَةً: ۳/۵ ۵/۱۰ ۲۲/۲ ۲۶/۱۲۔

مَغْفِرَةٍ: ۴/۵ ۱۳/۷ ۲۲/۱۸ ۲۴/۱۹ ۲۷/۱۹۔

اَلْمَغْفِرَةَ: ۲/۵ ۱۱/۶ ۲۷/۶ ۲۹/۱۶ (دیکھو غافر، غفر)

مَغْلُوْبٌ: اسم مفعول واحد مذکر غَلَبَۃٌ مصدر کمزور، مقابلہ سے عاجز۔ ۲۷/۸ (دیکھو غالب)

مَغْلُوْلَةٌ: اسم مفعول واحد مؤنث مرفوع غَلٌّ مصدر، گردن سے بندھا ہوا، بند، بخیل۔ ۶/۱۳ (دیکھو غُلّت)

مَغْلُوْلَةً: اسم مفعول واحد مؤنث منصوب بالکل بندھا ہوا، کامل، بخیل۔ ۱۵/۳ (دیکھو غُلّت)

مُغْنُوْنَ: (عَنًّا) اسم فاعل جمع مذکر، اصل

Presented by Ziaraat.Com

میں مُغنیون دفع کرنے والے، دور کرنے والے
۲۴/۱۰ (دیکھو غنی اور غِنیًا)

مُغِیرًا: اسم فاعل واحد مذکر تغییر مصدر، باب تفعیل، بدلنے والا۔ ۲/۱۰ (دیکھو غیرًا اور غورًا)

اَلْمُغِیرٰتِ: اسم فاعل جمع مؤنث اَلْمُغِیرَۃُ واحد، اِغَارَۃٌ مصدر، لوٹنے والے، چھاپہ مارنے والے، مراد سواروں کے دستے جو صبح کو دشمن پر چھاپہ مارتے ہیں (اکثر مفسرین) یا قرظی نے کہا اس سے مراد اونٹوں کی وہ جماعتیں ہیں جو اپنے سواروں کو لے کر قربانی کے دن صبح سے منیٰ کو تیز تیز جاتی ہیں اور سنت یہی ہے کہ صبح سے پہلے روانگی نہ کی جائے، اغارۃ کا معنی تیز رفتار، عرب کا مشہور مقولہ تھا اشرق ثبیر کیما نغیر، کوہ ثبیر چمکنے لگا یعنی صبح ہو گئی تاکہ ہم تیزی کے ساتھ چل دیں (البغوی) ۳۰/۲۵

مَفَاتِحُ: صیغہ منتہی الجموع۔ کنجیاں، خزانے
۲۸/۳ (دیکھو فاتحین و فتح)

مَفَاتِحَہٗ: مفاتح مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ، اسکی کنجیاں یا خزانے۔ ۱۸/۱۴ ۲۰/۱۱، (دیکھو فاتحین)

مَفَازًا: اسم مصدر بمعنی فوز یا ظرف مکان، مقام فوز، یعنی کامیابی یا مقام کامیابی۔ ۳۰/۲

مَفَازَتِھِمْ: مَفَازَۃٌ مصدر مضاف ھم مضاف الیہ، ان کے کامیاب ہونے کے سبب سے۔ ۲۴/۳

مَفَازَۃٍ: مصدر باب نصر، کامیاب ہونا۔ (راغب) ۴/۴ (تینوں الفاظ کے لئے دیکھو فاز)

مُفَتَّحَۃً: اسم مفعول واحد مؤنث کھولے گئے کھلے ہوئے، ۲۳/۱۲ (دیکھو الفاتحین و فتح)

مُفْتَرٍ: اسم فاعل واحد مذکر، اِفْتِرَاءٌ مصدر باب افتعال، فری مادہ، اصل میں مفتری تھا اپنی طرف سے بنا کر لیوالا۔ فَرْیٌ کا معنی ہے درست کرنے کے لئے چمڑے کو تراشنا اور اِفْرَاءٌ کا معنی ہے بگاڑنے اور خراب کرنے کیلئے چمڑے کو تراشنا، اِفْرَاءٌ (افتعال) کا معنی ہے چمڑے کو تراشنا خواہ درست کرنے کے لئے ہو یا بگاڑنے کے لئے، موخر الذکر استعمال اکثری ہے قرآن مجید میں شرک، ظلم اور کذب کے لئے استعمال کیا گیا (راغب) ۱۴/۲۰

مُفْتَرُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، مفتری واحد افتراءٌ مصدر، اصل میں مُفْتَرِیُوْن تھا، جھوٹے بہتان باندھنے والے۔ ۱۲/۵ (دیکھو مفتر)

مُفْتَرًی: اسم مفعول، افتراءٌ مصدر، از خود ساختہ۔ ۲۲/۱۱ ۷/۱۰۔

Presented by Ziaraat.Com

مُفْتَرِيَاتٍ: اسم مفعول جمع مؤنث مُفْتَرَاةٌ واحد خود ساختہ۔ ۱۲/۲

اَلْمُفْتَرِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، افترا پرداز ۹/۴ (دیکھو مفتر)

اَلْمَفْتُوْنُ: اسم مفعول واحد۔ ضحاک نے کہا اس جگہ اسم مفعول بمعنی مصدری ہے یعنی تم میں سے کس کو جنون ہے جیسے مَا بِفُلَانٍ مَجْلُوْدٌ وَلَا مَعْقُوْلٌ فلاں شخص میں نہ جلادت (دلیری) ہے نہ عقل، عوفی نے ابن عباس کا بھی یہی قول نقل کیا ہے، مجاہد نے کہا مفتون سے مراد شیطان یعنی تم میں سے کس کے ساتھ شیطان ہے۔ بعض کا قول ہے کہ اس جگہ باء بمعنی فِی ہے یعنی تم سے کس فریق کے اندر مجنون ہے، تمہارے فریق کے اندر یا کافروں کے گروہ میں۔ قتادہ اور بعض دوسرے علماء کا قول ہے کہ اس جگہ باء زائدہ ہے، بے معنی، مطلب یہ ہے کہ تم میں کون دیوانہ ہے (معالم) ۲۹/۳ (دیکھو فاتنین)

اَلْمَفَرُّ: مصدر میمی، بھاگنا، فرار۔ ۲۹/۱۷ (دیکھو الفرار و فرارًا)

مُفْرَطُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر۔ افراط مصدر، آگے بھیجے ہوئے۔ آگے روانہ کئے جائیں گے۔ اِفْرَاطٌ آگے بڑھنے میں زیادتی کرنا (راغب) ۱۴/۱۴ (دیکھو فُرُطًا)

مَفْرُوْضًا: اسم مفعول۔ فرضٌ مصدر ۴/۱۲ مقرر کاٹ کر الگ کیا ہوا (دیکھو فَارِضٌ اور فرض)

اَلْمُفْسِدَ: اسم فاعل واحد مذکر، اِفْسَادٌ مصدر، بگاڑنے والا۔ تباہی پیدا کرنے والا ۱۲/۱۱ (دیکھو الفساد)

اَلْمُفْسِدُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع اَلْمُفْسِدُ واحد بگاڑ پیدا کرنے والے۔ تباہ کار ۱/۷ ۳/۱۴ ۶/۱۳ ۸/۱۸،۱۷ ۹/۷،۳ ۹ ۱۱/۱۴،۱۳ ۱۲/۸ ۱۹/۱۶،۱۴ ۲۰/۶ ۱۱،۱۵،۱۶ ۲۳/۱۲۔

مُفَصَّلًا: اسم مفعول واحد مذکر تفصیل، مصدر، تفصیل وار یعنی امر و نہی کو الگ الگ بیان کر دیا گیا ہے۔ بعض کا قول ہے کہ قرآن کا نزول تفصیلی ہے یعنی پانچ پانچ اور دس دس آیات نازل کی گئی ہیں (معالم) اس صورت میں مفصلًا الکتاب سے حال نہ ہوگا بلکہ موصوف محذوف کی صفت ہوگا یعنی اَنْزَلَ اِلَيْنَا كِتَابًا مُفَصَّلًا ۱/۸ (دیکھو فاصلین اور فصّل)

Presented by Ziaraat.Com

مُفَصَّلَاتٍ: اسم مفعول جمع مؤنث، تفصیل مصدر۔ جدا جدا، کھلی ہوئی ۹/۶ (دیکھو فاصلین اور فصّل)

مَفْعُولًا: اسم مفعول واحد مذکر، فعلٌ مصدر باب فتح کر دیا گیا۔ ہو کر رہنے والا۔ یقینی الوقوع پورا ہو کر رہے گا۔ یہ تراجم سب معنوی مناسبت کے لحاظ سے ہوں گے، مفعول کا لفظی ترجمہ ہے وہ شے جس کو کیا جائے یا کیا گیا ہو، ۵/۴ ۱۰/۱ ۱۵/۱۲ ۲۲/۱۰ ۲۹/۱۳ (دیکھو فاعلٌ)

اَلْمُفْلِحُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع اَلْمُفْلِحُ واحد، اِفْلَاحٌ مصدر باب افعال، فلاح پانیوالے۔ مراد پانے والے، کامیاب۔

فَلْحٌ پھاڑنا مشہور مقولہ ہے اَلْحَدِیْدُ بِالْحَدِیْدِ یُفْلَحُ لوہا، لوہے سے پھاڑا جاتا ہے فَلَّاحٌ کاشتکار جو زمین کو چیرتا ہے، فَلَاحٌ کامیابی دنیوی ہو یا اخروی، مُفْلِحٌ کامیاب (راغب) قرآن مجید میں مفلحون کا لفظ صرف انہی لوگوں کے لئے استعمال کیا گیا ہے جو آخرت میں فلاح پانیوالے اخروی کامیابی کے دروازے جن کیلئے کھولدئے جائیں گے، ہاں اَفْلَحَ کا لفظ ایک جگہ فرعون و موسیٰ کے قصہ میں دنیوی کامیابی کیلئے استعمال کیا گیا وہ بھی اللہ کا مقولہ نہیں ہے بلکہ دوسروں کا مقولہ اللہ نے نقل کیا ہے، فرمایا ہے قَدْ اَفْلَحَ الْیَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰی آج جو غالب آئیگا وہی کامیاب ہوگا ۱/۱ ۴/۴ ۸/۸ ۹/۹ ۱۰/۱۷ ۱۸/۲ ر ۱۳ ۲۱/۷ ر ۱۰ ۲۸/۳ ر ۴ ر ۱۶۔

اَلْمُفْلِحِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور اَلْمُفْلِحُ واحد، اِفْلَاحٌ مصدر، کامیاب مراد پانے والے۔ ۲۰/۱۰ (دیکھو المفلحون)

اَلْمَقَابِرَ: صیغہ منتہی الجموع ظرف مکان اَلْمَقْبَرَةُ اور اَلْمُقْبُرَةُ واحد، قبرستان۔ ۳۰/۲۷ (دیکھو القبور)

مَقَاعِدَ: صیغہ منتہی الجموع ظرف مکان، مَقْعَدٌ واحد بیٹھنے کی جگہ، گھات لگانے کے مقامات، ۴/۴ ۲۹/۱۱ (دیکھو مَقْعَدٍ اور قاعدًا)

مَقَالِیْدَ: جمع منتہی الجموع، مِقْلِیْدٌ اور مِقْلَادٌ واحد، کنجیاں یا خزانے یا وہ قدرت جو ساری کائنات کو محیط ہے (راغب) لغوی نے اول معنی اختیار کیا ہے۔ کلبی نے کہا بارش اور نبات کے خزانے مراد ہیں۔ قتادہ اور مقاتل کے نزدیک رزق و رحمت مراد ہے۔ ۲۴/۳ ۲۵/۳۔

قَلْدٌ بٹنا، قَلِیْدٌ اور مَقْلُوْدٌ بٹی ہوئی چیز قلادہ بٹا ہوا ڈورا یا زنجیر یا کنٹھا جو گلے میں

Presented by Ziaraat.Com

ڈالا جاتا ہے، توسیعِ استعمال کے بعد ہر اس چیز کو قلادہ کہا جانے لگا جو کسی چیز کو محیط ہو۔

تَقَلَّدَ سَیْفَہٗ اس نے اپنے گلے میں قلادہ کی طرح تلوار لٹکا لی۔ قَلَّدْتُہٗ سَیْفًا میں نے اس کی گردن میں تلوار باندھ دی یا تلوار سے اس کی گردن اڑا دی۔ قَلَّدْتُہٗ عَمَلًا میں نے کام اس کی گردن میں باندھ دیا یعنی اس کو کام کا ذمہ دار بنا دیا (المفردات و تاج)

مَقَامِعُ: جمع اسم آلہ، مِقْمَعٌ واحد، گرز قَمْعٌ، میں نے اس کو روکا۔ اِنْقَمَعَ (باب انفعال) وہ رک گیا۔ ۱۷/۱۹

مَقَامُ: ظرفِ مکان، قیام مصدر، کھڑا ہونے کی جگہ۔ ۴۷/۴

مَقَامِ: ظرفِ مکان، قیام مصدر، کھڑا ہونے کی جگہ۔ ۱/۱۵۔

مَقَامَ: ظرفِ مکان، جگہ۔ ۲۱/۱۸ مصدر میمی کھڑا ہونا۔ ۲۷/۱۳ ۲۰/۴۔

مَقَامٌ: ظرفِ مکان۔ مرتبہ، جگہ ۲۳/۹۔

مَقَامِ: ظرفِ مکان، جگہ ۱۹/۸ ۲۵/۱۶،۱۴۔

مَقَامًا: ظرفِ مکان۔ کھڑا ہونے کی جگہ یا جگہ۔ ۱۵/۹ ۱۶/۸۔

مُقَامًا: ظرفِ مکان، اِقَامَۃٌ مصدر، باب افعال۔ ۱۹/۴، رہنے کی جگہ۔

مَقَامِكَ: ظرف مضاف + ضمیر خطاب مضاف الیہ، تیری جگہ سے۔

مَقَامَۃِ: مصدر میمی، باب افعال، قیام دوامی۔ ۲۲/۱۲۔

مَقَامَهُمَا: ظرفِ مکان مضاف ھُمَا ضمیر تثنیہ غائب، مضاف الیہ۔ ان دونوں کے کھڑے ہونے کی جگہ میں۔ ۴۷/۴۔

مَقَامِي: مصدر میمی مضاف، یا متکلم مضاف الیہ (ثلاثی مجرد) ۱۱/۱۳ میرا رہنا ۱۳/۱۵ میرا کھڑا ہونا (دیکھو قام)

اَلْمَقْبُوحِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مجرور المقبوحُ واحد قبح مادہ، بدحال لوگ، قَبَاحَۃٌ مصدر لازم۔ (باب کرم) و قبحٌ متعدی (باب فتح) قُبْحٌ ایسی حالت اور شکل جس کو دیکھنے سے آنکھوں کو نفرت اور طبیعت کو کراہت ہو، قبیح عمل بھی ہوتا ہے اور شکل بھی اور حال بھی دوزخیوں کی شکل بھی قبیح ہوگی اور حال بھی بُرا ہوگا، اس جگہ مراد دوزخی ہیں۔

قَبَّحَہُ اللّٰہُ وَعَنِ الْخَیْرِ (مفعول ثانی پر عَنْ)

Presented by Ziaraat.Com

اللہ نے اس کو خیر سے دور کر دیا۔ ۲۰/۷

مَقْبُوْضَۃٌ : اسم مفعول واحد مؤنث، قَبْضٌ مصدر، باقبضہ، قبضہ میں لیا ہوا قبضہ کیا ہوا ۳/۱۷ (دیکھو قَبْضًا)

مَقْتٌ : مصدر مرفوع، باب نصر، مُقَاتَلَۃٌ بھی مصدر ہے کسی شخص کو کسی برائی کا مرتکب دیکھکر اس سے بغض رکھنا اور مبغوض قرار دیا جائے اِمْقَاتٌ (باب افعال) اور تَمْقِیْتٌ (باب تفعیل) کا بھی یہی معنی ہے۔ مَقْتٌ باپ کی بیوی سے نکاح کر لینے کو بھی کہتے ہیں۔

مَقِیْتٌ باپ کی بیوی سے نکاح کرنے والا یا نکاح مقت کی اولاد ۲۴/۷ (قاموس و مفردات)

مَقْتًا : مصدر منصوب ۴/۱۴ میں سبب بعض مراد ہے یعنی تمہاری یہ حرکت اللہ کی دشمنی اور شدتِ بغض کا سبب بنیگی۔ ۲/۱۷ ۲۴/۹ ۲۸/۹ بغض شدید۔

مُقْتَحِمٌ : اسم فاعل واحد مذکر، ہولناک مقام میں گھس پڑنے والا۔ ۲۳/۱۳ اِقْتِحَامٌ (باب افتعال) لازم، کسی خوفناک مقام یا چیز میں گھس پڑنا۔ قَحَمَ نَفْسَہٗ (باب فتح متعدی) اس نے اپنے آپ کو بغیر سوچے کسی کام میں ڈال دیا۔

وَحَمَ الْفَرَسُ فَارِسَہٗ (باب تفعیل) گھوڑا سوار کو لے کر خطرناک مقام میں گھس پڑا۔ مَقَاحِیْمُ ہولناک کاموں میں بے دھڑک داخل ہونیوالے ایک شاعر کہتا ہے ؎

مَقَاحِیْمُ فِی الْاَمْرِ الَّذِیْ یُتَجَنَّبُ

قابلِ اجتناب یعنی ہولناک امور میں وہ بے دھڑک گھس پڑتے ہیں (المفردات و تاج)

مُقْتَدِرٍ : اسم فاعل واحد مذکر مجرور، اِقْتِدَارٌ مصدر باب افتعال، ہر طرح کی قدرت والا، یا اقتدار، ۲۷/۱۰ و جگہ (دیکھو القادر)

مُقْتَدِرًا : اسم فاعل واحد مذکر منصوب اِقْتِدَارٌ مصدر، یا اقتدار۔ ہر طرح کی قدرت والا۔ ۱۵/۱۸ (دیکھو القادر)

مُقْتَدِرُوْنَ : اسم فاعل جمع مذکر مرفوع مُقْتَدِرٌ واحد، قابو یافتہ، ہر طرح قابو رکھنے والے ۲۵/۱۰ (دیکھو قادر)

مُقْتَدُوْنَ : اسم فاعل جمع مذکر مُقْتَدِی واحد، اِقْتِدَارٌ مصدر، باب افتعال، پیروی کرنیوالے پیچھے پیچھے چلنے والے، نقل کرنیوالے، ۲۵/۸ قدوۃ وہ شخص جس کی پیروی کی جائے، مقتدی امام جس کی پیروی کی جائے۔

Presented by Ziaraat.Com

اَلْمُقْتِرِ: اسم فاعل واحد مذکر، اِقْتَارٌ مصدر، باب افعال، فقیر، قتار اور قتر، لکڑی یا ترکاری تو میسر نہ آئے، صرف بھاپ مل جائے مراد نادار، کم مایہ۔ ۲/۱۵ (دیکھو قَتُوْرًا اور قَتْرَۃٌ)

مُقْتَرِفُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، اِقْتِرَافٌ کا اصل معنی ہے درخت کی کھال چھیلنا۔ زخم کا چھلکا کریدنا، مجازی معنی ہے کمانا۔ کمائی اچھی ہو یا بری لیکن بری کمائی کرنے میں اقتراف کا استعمال زیادہ ہے، مشہور مقولہ ہے اَلْاِعْتِرَافُ یُزِیْلُ الْاِقْتِرَافَ اقرار جرم۔ ارتکاب جرم کو دور کر دیتا ہے۔ قَرَفَ (باب ضرب) تہمت لگائی۔ خود گھڑ کر اصلی ہونا ظاہر کیا۔ مُقْتَرَفٌ نسل کا دو غلا، مُقَارَفَۃٌ ایسا کام کرنا جس سے کرنیوالے پر برائی آتی ہو (المفردات وبعض از نہایہ)

مُقْتَرِنِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور، اَلْمُقْتَرِنُ مصدر، باب افتعال۔ ساتھ ساتھ ۲۵/۱۱ (دیکھو قارون۔ قَرِیْنٍ۔ قَرَنٍ)

اَلْمُقْتَسِمِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور اَلْمُقْتَسِمُ واحد، اِقْتِسَامٌ مصدر، بانٹ لینے والے، مراد یہودی اور عیسائی (مروی از ابن عباس) یعنی اپنی کتابوں کے بعض حصوں کو ماننے والے اور بعض کو نہ ماننے والے یا وہ لوگ مراد ہیں جو مکہ کی مختلف گھاٹیوں اور راہوں میں بٹ کر بیٹھ گئے تھے تاکہ آنیوالوں کو اسلام سے روکیں اور رسول اللہ تک نہ پہنچنے دیں یا وہ لوگ مراد ہیں جنہوں نے رسول اللہ کی مخالفت پر مضبوط معاہدے کئے اور قسمیں کھائی تھیں (راغب) ۱۴/۹۱ (دیکھو قَاسَمَھُمَا اور قَسَمٌ)

مُقْتَصِدٌ: اسم فاعل واحد مذکر، اِقْتِصَادٌ مصدر قَصْدٌ مادہ باب افتعال، سیدھے راستہ پر قائم۔ ۲۱/۱۳ ۲۳/۱۶۔

مُقْتَصِدَۃٌ: اسم فاعل واحد مؤنث اِقْتِصَادٌ مصدر قَصْدٌ مادہ، باب افتعال، سیدھے راستہ پر قائم، ۶/۱۳ (دیکھو قَاصِدٌ اور قَصْدٌ)

مَقْتِکُمْ: مَقْتٌ مصدر مجرور مضاف، کُمْ مضاف الیہ۔ تمہاری اپنے سے بیزاری اور دشمنی ۲۴/۷ (دیکھو مَقْتٌ)

مِقْدَارٍ: اسم مفرد، مقادیر جمع، مقررہ اندازہ۔ ۱۳/۸۔

مِقْدَارُہٗ: مقدار مضاف ہٗ مضاف الیہ، اسکی مقدار، اس کا حسابی اندازہ۔ ۲۱/۱۴

Presented by Ziaraat.Com

۲۹/۷ (دیکھو قادر اور قدر)

اَلْمُقَدَّسِ: اسم مفعول واحد مذکر تقدیسٌ مصدر، قدسٌ مادہ باب تفعیل پاک جس کو پاک کر دیا گیا ہو ۱۶/۱۰ ۳۰/۳ (دیکھو اَلْقُدُسِ اور اَلْقُدُّوْسُ)

اَلْمُقَدَّسَةَ: اسم مفعول واحد مؤنث تقدیسٌ مصدر، پاک کی ہوئی یعنی طور اور حوالیٔ طور (مجاہد) ایلیا اور بیت المقدس (ضحاک) اریحا (عکرمہ) دمشق، فلسطین اور اردن کا کچھ حصہ (کلبی) پورا ملکِ شام (قتادہ) معالم۔ کعب احبار کے قول سے قتادہ کے قول کی تائید ہوتی ہے۔ کعب نے کہا میں نے اللہ کی کتاب میں پایا کہ شام تمام زمین میں اللہ کا خزانہ ہے اور ملکِ شام کے رہنے والے تمام بندوں میں سے اللہ کا محفوظ کنز ہے۔ ۶/۸ (دیکھو اَلْقُدُس اور القدوس)

مَقْدُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر قَدَرٌ مادہ ٹھیرایا جا چکا۔ مقرر کردہ۔ ۲۲/۲ (دیکھو قادر)

اَلْمُقَرَّبُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع اَلْمُقَرَّبُ واحد، تَقْرِیْبٌ مصدر، قریب کئے ہوئے، زیادہ عزت والے، ۶/۴ ۲۷/۱۴ ۳۰/۸ (دیکھو قُربات اور قُربۃ اور قُربان)

مَقْرَبَةٍ: مصدر میمی، قرابۃ، رشتہ داری ۳۰/۱۵ (دیکھو قُربۃ، قُرباتٍ، قربانٍ)

اَلْمُقَرَّبِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مجرور اَلْمُقَرَّبُ واحد، قریب کئے ہوئے، زیادہ عزت والے ۳/۱۳ ۹/۴ ۱۹/۷ ۲۷/۱۶ (دیکھو قربات، قربۃ وغیرہ)

مُقْرَنِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر منصوب مُقْرِنٌ واحد، اِقْرَانٌ مصدر، قابو میں لانیوالے بس میں کرنیوالے، ۲۵/۷ (دیکھو قارون، قرین، قرن)

مُقَرَّنِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر منصوب مُقَرَّنٌ واحد تَقْرِیْنٌ مصدر، باب تفعیل، جکڑے ہوئے کس کر باندھے گئے، ۱۳/۱۹ ۱۸/۱۷ ۲۳/۱۲ (دیکھو قارون۔ قرین۔ قرن)

اَلْمُقْسِطِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب اَلْمُقْسِطُ واحد، اِقْسَاطٌ مصدر، باب افعال، قسط مادہ۔ انصاف کرنیوالے ۶/۱۰ ۲۶/۱۳ ۲۸/۸ (دیکھو قاسطون)

اَلْمُقَسِّمٰتِ: اسم فاعل جمع مؤنث اَلْمُقَسِّمَةُ واحد، تقسیم مصدر، تقسیم کرنے والے، ملائکہ جو

اللہ کے حکم کے مطابق مخلوق کا حصہ تقسیم کرتے ہیں۔ ۲۶/۱۸ (دیکھو قاسمتہما)

مَقْسُوْمٌ: اسم مفعول واحد مذکر، بانٹا ہوا، بانٹ کر علیحدہ کیا ہوا۔ ۱۴/۳ (دیکھو قاسمہما)

مُقَصِّرِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب مُقَصِّرٌ واحد تَقْصِيْرٌ مصدر کترواننے والے، کم کرنے والے، ۲۶/۱۲ (دیکھو قاصرات)

مَقْصُوْرَاتٌ: اسم مفعول جمع مؤنث مَقْصُوْرَةٌ پردہ نشین، مسہریوں کے پردوں کے اندر چھپی ہوئی (لغوی فی المعالم) یا وہ حوریں، جنہوں نے اپنی نگاہ کو اپنے شوہروں پر روک رکھا ہوگا کسی دوسرے کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھیں گی، (مجاہد) مجاہد کے قول پر مقصورات بمعنی قاصرات ہوگا یعنی اسم مفعول بمعنی اسم فاعل۔ ۲۷/۱۳ (دیکھو قاصرات)

مَقْضِيًّا: اسم مفعول واحد مذکر قضاءٌ مصدر فیصل شدہ۔ مقرر۔ ۱۶/۸۵ (دیکھو قاض)

مَقْطُوْعٌ: اسم مفعول واحد مذکر قَطْعٌ مصدر (باب فتح) قطع کردہ۔ کاٹ دیگئی، وہ چیز جس کو کاٹ دیا جائے۔ ۱۴/۵ (دیکھو قاطعۃ)

مَقْطُوْعَةٍ: اسم مفعول واحد مؤنث قَطْعٌ مصدر، قطع کردہ جس کا سلسلۂ عطار کاٹ دیا گیا ہو، ختم کر دیا گیا ہو، لَا مَقْطُوْعَةٍ کا ترجمہ ہوا نہ ختم ہونیوالے ۲۷/۱۴ (دیکھو قاطِعَةً)

مَقْعَدِ: ظرفِ مکان مفرد، مَقَاعِدِ جمع، قَعْدَةٌ اور قُعُوْدٌ مصدر، باب نصر، جگہ، بیٹھنے کی جگہ ۱۷/۱۰ ب ۲۷ (دیکھو قاعدًا)

مُقْمَحُوْنَ: اسم مفعول مذکر مُقْمَحٌ واحد اِقْمَاحٌ مصدر، باب افعال، قَمْحٌ مادہ، گردن پھنسنے کی وجہ سے سر اوپر کو اٹھے ہوئے، مُقْمَحٌ وہ شخص جو سر اٹھالے اور آنکھیں بند کرلے، بَعِيْرٌ قَامِحٌ، وہ اونٹ جو پانی پینے کے بعد آنکھیں بند کر کے سر اٹھائے کھڑا ہوتا ہے اِقْمَاحٌ سر اٹھا لینا اور آنکھیں بند کر لینا۔

ازہری نے کہا چونکہ دوزخیوں کی گردنوں میں طوق پھنسے ہوئے ہونگے اور ٹھوڑیاں اوپر کو اٹھ جائینگی لامحالہ سر بھی اوپر کو اٹھ جائیں گے (معالم) راغب نے لکھا ہے قَمْحٌ کا معنی سر اٹھانا قَمَحَ الْبَعِيْرُ اونٹ نے اپنا سر اٹھایا۔ اگر سرکش اونٹ کا سر پیچھے سے کھینچ کر کس کر باندھ دیا جائے اور اس طرح اوپر کو اٹھ جائے تو اَقْمَحُ الْبَعِيْرِ کہا جاتا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

مقصود تشبیہی اور تمثیلی طور پر کہا گیا ہے (حقیقت مراد نہیں ہے) کافر سرکش تھے، قبولِ حق سے سرتابی کرتے تھے، راہِ خدا میں خرچ کرنے سے گردن نیوڑاتے تھے اس لئے ان کی حالت بغیر مقمح کی طرح ہوگئی (المفردات)

خلیل نے کہا اگر پختگی کے وقت سے لیکر ذخیرہ اندوزی تک گیہوں بالی کے اندر ہی رکھا جائے تو ایسے گیہوں کو قَمْحٌ کہتے ہیں اور اس سے بنائے ہوئے ستو کو قمیح۔ ۲۲/۱۸

اَلْمُقْنْطَرَةِ: اسم مفعول واحد مؤنث، ڈھیر کئے ہوئے، قَنْطَرَةٌ مصدر (باب فعللۃ رباعی مجرد) ۳/۱ (دیکھو قنطار اور القناطیر)

مُقْنِعِي: اسم فاعل جمع مذکر منصوب مضاف اصل میں مُقْنِعِيْنَ تھا اضافت کی وجہ سے نون گرادیا۔ اِقْنَاعٌ مصدر، باب افعال، قَنْعٌ مادہ۔ اٹھائے ہوئے۔ ۱۳/۱۹۔

اَلْمُقْوِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور، اَلْمُقْوِي واحد، اِقْوَارٌ مصدر، قَوَارٌ یا قُوَّةٌ ماخذ، اس لفظ کے ترجمہ میں اہلِ تفسیر کا اختلاف ہے، صاحبِ معالم التنزیل نے لکھا ہے کہ قَيٌّ اور قواءٌ ویران زمین کو کہتے ہیں جس میں کوئی رہنے والا نہ ہو اَقْوَتِ الدَّارِ مکان غیر آباد ہوگیا، رہنے والوں سے خالی ہوگیا اس لئے مقوین سے مراد ہیں مسافر، مسافر اور صحرانشین لوگوں کو آگ سے زیادہ فائدہ پہنچتا ہے، رات کو آگ جلاتے ہیں تو دیکھ کر درندے بھاگ جاتے ہیں، بھولے بھٹکے لوگوں کو راستہ مل جاتا ہے۔ (ہذا قول اکثر المفسرین)

مجاہد اور عکرمہ نے کہا مقوین سے مراد ہیں عام فائدہ حاصل کرنیوالے مسافر ہوں یا غیر مسافر ابنِ زید نے کہا بھوکے مراد ہیں، عرب کہتے ہیں، اَقْوَيْتُ منذ يومين (مثلاً) میں دو دن سے بھوکا ہوں، قطرب نے کہا مقوی اضداد میں سے ہے فقیر کو بھی کہتے ہیں اس لئے کہ وہ مال سے خالی ہوتا ہے اور غنی کو بھی کہتے ہیں اس لئے کہ وہ صاحبِ قوت ہوتا ہے اپنے ہر مقصود کو حاصل کرنے کی اس میں قوت ہوتی ہے اَقْوَى الرَّجُل اس کے مویشی قوی ہوگئے، مال بہت ہوگیا اور قوت دار ہوگیا، شاید قطرب کا مدعا یہ ہے کہ اگر مقوی کا ماخذ قوار کو قرار دیا جائے تو فقیر کہتے ہیں کیونکہ قوار خالی مکان اور بیابان کو کہتے ہیں، فقیر کا پیٹ بھی خالی اور جیب بھی خالی اور گھر بھی خالی اور قوت کو ماخذ قرار دیا جائے تو مقوی کا معنی ہوگا

Presented by Ziaraat.Com

صاحبِ قوت اور غنی صاحبِ قوت ہوتا ہے اس کو مالی قوت حاصل ہوتی ہے۔ ۲۷/۱۵

مُقِیْتًا: اسم فاعل واحد مذکر، اِقواتٌ مصدر قُوتٌ مادہ، قادر، نگراں، محافظ (روزی دینے والا) قوتٌ اتنی روزی جس سے زندگی رہ جائے اقوات جمع (دیکھو اقواتہا) قُوتٌ مصدر قَانَہٗ یَقُوْتُہٗ باب نصر اس کو اس کی روزی کھلائی، اَقَاتَہٗ یُقِیْتُہٗ (باب افعال) ایسی چیز اس کو دی جس سے اس کی زندگی موت سے بچ جائے، قُوْتٌ لَیْلَۃٍ قِیْتَۃُ لَیْلَۃٍ ایک رات کا کھانا۔ (المفردات) ۵/۸۔

مَقِیْلًا: اسم ظرف، خواب گاہ دوپہر یا مصدر (باب ضرب) قَیْلُوْلَۃٌ بھی مصدر ہے دوپہر میں آرام کرنا۔ لیٹنا۔ ۱۹/۱ (دیکھو قائلون)

مُقِیْمٌ: اسم فاعل واحد مذکر مرفوع۔ اِقَامَۃٌ مصدر اٹل۔ دوامی۔ ۶/۱۰ ۱۰/۱۵ و ۹ ۲۴/۱ (دیکھو قام)

مُقِیْمٍ: اسم فاعل واحد مذکر مجرور، اِقَامَۃٌ مصدر ۱۴/۵ مستقیم سیدھا ۲۵/۶ دوامی۔ لازوال۔

مُقِیْمَ: اسم فاعل واحد مذکر منصوب مضاف پابندی اور تعدیلِ ارکان کے ساتھ ادا کرنیوالا۔ ۱۳/۱۸۔

اَلْمُقِیْمِ: اسم فاعل جمع مذکر معرف باللام مضاف بامضافتِ لفظیہ، پابندی اور تعدیلِ ارکان کے ساتھ ادا کرنیوالے۔ ۱۷/۱۳

اَلْمُقِیْمِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب اَلْمُقِیْمُ واحد، اِقَامَۃٌ مصدر بمعنی مذکورہ بالا۔ ۶/۲ (دیکھو قام)

مُکَآءً: مصدر، منہ سے سیٹی اور انگلیوں سے چٹکی بجانا (قاموس) باب نصر، مَکْوٌ بھی مصدر ہے اور مَکَّی مُکًا (باب سمع) مضبوط پکڑنا۔ تَمَکَّی (باب تفعل) پسینہ سے تر ہو جانا۔ مَکْوٌ اسم، لومڑی اور خرگوش وغیرہ کا بھٹ۔ اَلْمَکَاءُ اور مُکَّارٌ جمع (قاموس و تاج) ۹/۱۸

مَکَانٍ: اسم ظرف مجرور، کَوْنٌ مصدر باب نصر مقام، جگہ، ۴/۱۴ جگہ، عوض، بدل۔ ۹/۲ ۱۱/۸ ۱۳/۱۵ ۱۴/۲۰ و ۲۱ ۱۸/۱۷ ۲۲/۱۲ جگہ ۲۶/۱۷ جگہ، مراد صخرہ بیت المقدس (مقاتل) لغوی کَوْنٌ (اسم) اور کائنۃ نئی پیدا شدہ چیز، اَکْوَانٌ کَوْنٌ کی جمع ہے۔

مَکَانٌ ظرف اَمَاکِنُ اور اَمْکِنَۃٌ جمع مَکَانَۃٌ بمعنی مکان اور قیام گاہ، مرتبہ، نیت، ارادہ، مَکِیْنٌ مکان میں رہنے والا مضبوط، بڑے مرتبہ والا۔ مَکِیْنَۃٌ نیت، ارادہ۔ کِنَانَۃٌ قبولیت تکوینی موجود ہونا، کسی نئی چیز کو

عدم سے وجود میں لانا۔ پیدا کرنا۔ کَوْنٌ ہونا۔ ہو جانا ملنا۔ اِکْتِیَانٌ (افتعال) ہونا۔ موجود ہو جانا۔ ضامن ہونا۔ اِسْتِکَانَۃٌ (استفعال) عاجزی کرنا۔ (دیکھو کَانَ)

مَکَانًا: اسم ظرف منصوب جگہ ۶/۱۳ ۵ ۱۶/۱۲ ۱۸/۱۷ ۱۹/۱ جگہ، مقام۔ ۱۳/۳ مرتبہ منزلت۔ ۱۶/۷ جنت یا آسمان یا علوِ مرتبہ۔

مَکَانَتِکُمْ: مکانۃ۔ مضاف کُمْ مضاف الیہ۔ بمعنی مکان جیسے مَقَامَۃ اور مقام مراد حالت یعنی تم اپنی حالت پر رہو جو کچھ کر رہے ہو کرتے رہو ۹/۳ ۸ ۱۲/۱۰ ۲۴/۱۔

مَکَانَتِہِمْ: مضاف اور مضاف الیہ، جگہ مراد ان کے گھر ۲۳/۳

مَکَانَکُمْ: مَکَان مضاف منصوب کُمْ مضاف الیہ یعنی تم اپنی جگہ قائم رہو (روح) ۱۱/۸

مَکَانَہٗ: مضاف و مضاف الیہ اس کی جگہ ۹/۷ ۲۰/۱۱ آیت ۱۳/۳ میں جگہ سے مراد بدل ہے (خازن)

مُکِبًّا: اسم فاعل واحد مذکر اِکْبَابٌ مصدر باب افعال۔ سرنگوں، اوندھا۔ ۲۹/۲

اِکْبَابٌ (باب افعال) لازم ہے اور کَبَّ (نصر) متعدی کَبَّہُ اللّٰہُ اللہ اس کو اوندھا گرا دے، زَیْدٌ اَکَبَّ زید سرنگوں گر پڑا (گویا اس جگہ باب افعال کا ہمزہ سلبِ ماخذ کے لئے ہے) (صاوی) لیکن صاحبِ قاموس نے اِکْبَابٌ کو لازم بھی لکھا اور متعدی بھی، اوندھے منہ گرنا۔ اور گرانا دونوں معنی ہیں لفظِ مذکورہ میں بطور لازم استعمال کیا ہے (دیکھو کُبَّتْ اور کُبْکِبُوْا)

مَکْتُوْبًا: اسم مفعول واحد مذکر کَتْبٌ اور کِتَابَۃٌ مصدر، باب نصر، لکھا ہوا ۹/۹ (دیکھو کَاتِبٌ اور کَتَبَ)

مُکْثٍ: مصدر (نصر و کرم) انتظار کرتے ہوئے توقف کرنا، ٹھیرنا ۱۵/۱۲ بقولِ راغب مُکْثٍ کے مفہوم میں انتظار داخل ہے (المفردات) گویا مُکْث کے مفہوم کے دو جزء ہیں ۱۔ ٹھیرنا توقف کرنا۔ ۲۔ انتظار، اس جگہ صرف اول معنی ملحوظ ہے یعنی قرآن کو ٹھیر ٹھیر کر پڑھنا تاکہ لوگ سمجھ سکیں۔

مُکُوْثٌ، مُکْثَانٌ اور مِکِّیْثٰی بھی مصادر ہیں، مَکْثٌ اور مُکْثٌ اسم مصدر، دیر۔

مُکَیْثٌ صیغہ صفت متوقف، بوجھل باوقار (دیکھو مَاکِثُوْن اور مَاکِثِیْنَ)

Presented by Ziaraat.Com

مَكَثَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف (نصر وکرم) مُکْثٌ مصدر، انتظار میں ٹھیرا۔ ۱۹/۱۷

اَلْمُكَذِّبُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع تکذیبٌ مصدر، جھٹلانے والے، جھوٹا قرار دینے والے۔ ۱۷/۱۵۔

اَلْمُكَذِّبِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور و منصوب معرفہ، تکذیب مصدر، جھوٹا کہنے والے۔ جھوٹ قرار دینے والے۔ ۴/۵ ۷/۸ ۱۴/۱۱

۲۵/۸ ۲۷/۳ ۲۹ ۳۰/۸
۳ر۱۳، ۲۱ سات جگہ ۲۲ تین جگہ۔

مُكَذِّبِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر نکرہ، جھٹلانے والے۔ ۲۹/۹ (دیکھو کاذبٌ)

مَكْذُوْبٌ: اسم مفعول بمعنی حاصل مصدر، جھوٹ، یعنی وعدہ ہے بغیر جھوٹ کے (دیکھو کاذبٌ)

مَكَرَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، مکرٌ مصدر باب نصر ۳/۱۲ ان کو سزا دینے کی باطنی تدبیر کی ۱۳/۱۲ ۱۴/۱۰ پوشیدہ فریب کیا (دیکھو الماکرین)

مَكْرًا: مصدر منصوب (نکرہ) دھوکہ دینا فریب کرنا۔ دھوکہ کی سزا دینا یا سزا دینے کی خفیہ تدبیر کرنا ۱۱/۸ میں دھوکہ کی سزا دینا یا سزا دینے کی خفیہ تدبیر کرنا مراد ہے ۱۹/۱۹ میں دوسری جگہ بھی، مکر کی سزا دینا یا سزا دینے کی تدبیر کرنا مراد ہے ۱۹/۱۹ میں پہلی جگہ فریب دینا مراد ہے ۲۹/۱۱ میں بھی یہی مراد ہے۔

مَکْرٌ (اسم) سرخ ہونا۔ تَمْکِیْرٌ (تفعیل) غلہ کی بھرتی کرنی، روک کر رکھ لینا تاکہ گراں بیچا جائے، اِمْتِکَارٌ (افتعال) گل سرخ میں رنگنا۔

مَكْرٌ: مصدر و اسم مرفوع نکرہ (نصر) ۹/۴ خفیہ تدبیر ۱۱/۸ حیلہ۔ چال۔

مَكْرِ: مصدر و اسم مجرور معرفہ ۱۲/۱۴ چال ۲۲/۱۷ چال۔

مَكْرَ: مصدر و اسم منصوب معرفہ ۹/۲ خفیہ تدبیر ۲۲/۱۷ چال۔

مَكْرُ: مصدر و اسم مرفوع معرفہ ۱۳/۱۲ خفیہ تدبیر ۱۰ر۱۴/۲۲ چال۔

مَكْرُهُمْ: مضاف مرفوع ھُمْ مضاف الیہ ان کا مکر۔ فریب۔ ۱۳/۱۱، ۱۹۔

مَكْرَهُمْ: مضاف منصوب ھُمْ مضاف الیہ ان کے مکر کو، ۱۳/۱۹ (مادۂ مکر کی تنقیح کے لئے دیکھو الماکرین)

مَكَرُوْا ثُمُوْدُ: جمع مذکر حاضر ماضی واؤ اشباعی ہٗ ضمیر غائب مفعول، تم سب نے یہ چال کی ہے یعنی موسیٰ سے تم سب نے سازش کر لی تھی، تمہاری شکست خود ساختہ فریب ہے۔ ۹/۴۔

Presented by Ziaraat.Com

مُکْرِمٍ: اسم فاعل واحد مذکر، اِکْرَامٌ مصدر عزت دینے والا ۱۷/۹ (دیکھو کِرام وکَرَمَتْ)

مُکْرَمُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع، اِکْرَامٌ مصدر، بزرگ، معزز ۱۷/۲ ۲۹/۷ (دیکھو کِرام وکَرَمَتْ)

مُکَرَّمَتٍ: اسم مفعول واحد مؤنث، تَکْرِیْمٌ مصدر (تفعیل) عزت والے، قابلِ ادب ۳۰/۵ (دیکھو کِرام وکَرَمَتْ)

مُکْرَمِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر منصوب نکرہ، اِکْرَامٌ مصدر (افعال) معزز ۲۳/۱

اَلْمُکْرَمِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر منصوب معرّف باللام، اِکْرَامٌ مصدر، عزت والے، معزز ۱۷/۱۹۔

مَکَّرْنَا: جمع متکلم ماضی مَکْرٌ مصدر باب نَصَرَ ہم نے مکر کی سزا دی۔ مکر کی سزا دینے کی تدبیر کی۔ ۱۹/۱۹۔

مَکَرُوْا: جمع مذکر غائب ماضی، مَکْرٌ مصدر باب نَصَرَ انہوں نے چال کی، خفیہ تدبیر کی، ۳۰/۱۳ ۱۳/۱۹ ۱۴/۱۲ ۱۹/۱۹ ۲۴/۱۰ ۲۹/۱۰۔

مَکْرُوْهًا: اسم مفعول، کرہ و کَرَاہَۃٌ مصدر، باب سمع۔ بہت ناپسند ۱۵/۴ (دیکھو کارِھُوْنَ۔ کَارِھِیْنَ۔ کُرْہٌ)

مَکْظُوْمٌ: اسم مفعول واحد مذکر کَظْمٌ مصدر باب ضرب، غم آگیں، غم کی وجہ سے دم گھٹا ہوا ۲۹/۴ (دیکھو الکاظمین)

مُکَلِّبِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب مُکَلِّبٌ واحد تکلیبٌ مصدر، شکار کی تعلیم دینے والے ٹریننگ دینے والے (خطیب وغیرہ) شکار پر چھوڑنے والے (جلالین) ۶/۵ (دیکھو الکلب)

مَکَّنَّا: جمع متکلم ماضی معروف، تَمْکِیْنٌ مصدر (تفعیل) ہم نے ان کو جما و عطا کیا۔ ہم نے ان کو با اقتدار بنایا ۷/۷ ۸/۱۲ ۱۳/۱۳ ۱/۱۳ ۲/۱۶ ۱۳/۱۷ ۳/۲۶۔

مَکِنَۃٌ: آشیانہ مکنات جمع، مَکُنَ مَکَانَۃً (کَرُمَ) حاکم کے پاس عزت پائی مرتبہ حاصل کیا اِمْکَانٌ باب افعال، با اقتدار ہونا، قابو پانا، کسی جگہ پر قدرت حاصل کرنا، تَمْکِیْنٌ (تفعیل) جما و عطا کرنا۔ توانا اور با اقتدار بنا دینا۔ تَمَکُّنٌ جگہ پکڑنے والا۔ اِسْتِمْکَانٌ کسی چیز پر قابو پانا۔ با اقتدار ہونا۔ (قاموس وصحاح)

مَکْنُوْنٌ: اسم مفعول واحد مذکر، کَنٌّ اور کُنُوْنٌ مصدر باب نَصَرَ چھپایا ہوا، صاف۔ محفوظ،

Presented by Ziaraat.Com

۲۷/۳ سیپ میں محفوظ صاف ۲۷/۱۴ ۲۷/۱۶ محفوظ۔

کَنَّ کُنُوْنٌ (باب نصر) اِکْنَانٌ (باب افعال) تَکْنِیْنٌ (باب تفعیل) چھپانا دھوپ کی تیزی سے بچانا۔ اِکْتِنَانٌ (باب افتعال) چھپانا۔ اِسْتِکْنَانٌ چھپ جانا۔ پردہ میں ہو جانا۔

کَنَّۃٌ بیٹے یا بھائی کی بیوی، کنائن جمع، کِنٌّ لباس، پردہ کِنَّۃٌ لباس، گھر، سفیدی کَنَّۃٌ دروازہ کا سائبان۔ کِنَانٌ لباس ہر چیز کا پردہ۔ کِنَانَۃٌ چمڑے کا تیردان، کَانُوْنٌ چولہا بھاڑ۔ بھٹی (تاج و منتہی الارب)

مَکَّنِّیْ: اصل میں مَکَّنَنِیْ تھا، مَکَّنَ واحد مذکر غائب ماضی، تَمْکِیْنٌ مصدر نِیْ ضمیر مفعول، نون کو نون میں ادغام کر دیا۔ اس نے مجھے جگہ دی یا اقتدار بنایا، اختیار دیا۔ ۱۶/۲۔

مَکَّۃَ: علم، حجاز کا مشہور شہر ہے (دیکھو بَکَّۃَ) اس جگہ بطنِ مکہ سے مراد حدیبیہ ہے۔

تَمَکَّکْتُ الْعَظْمَ میں نے ہڈی کو چوس کر اس کی مینگ نکال لی۔ اِمْتَکَّ الْفَصِیْلُ اونٹ کے بچہ نے تھن کا تمام دودھ چوس کر پی لیا۔ امام راغب کے نزدیک لفظِ مکہ کا اشتقاق انہی دونوں محاوروں سے ہے (یعنی جس طرح ہڈی کا مغز اس کا اصل جوہر ہوتا ہے اسی طرح مکہ کل زمین سے افضل اور سب کا اصل جوہر ہے، دائم، اور چونکہ باب نصر سے مَکٌّ کا معنی ہلاک کرنا ہے اور سر زمین مکہ میں ظالم ہلاک ہی ہو جاتے ہیں کوئی بچ نہیں سکتا اس لئے اس زمین کا نام مکہ ہو گیا۔ خلیل نے کہا مکہ وسط زمین ہے جیسے مینگ ہڈی کے وسط میں ہوتی ہے (المفردات)

مُکَاکٌ چوسا ہوا، مُکَاکَۃٌ چوسا ہوا اور ہڈی کی مینگ۔ مُکَّانٌ چوسنے والا بکری کے تھن سے چوس کر دودھ پینے والا ذلیل آدمی (قاموس)

اَلْمِکْیَالُ: اسم آلہ مفرد کَیْلٌ مصدر، غلہ کو ناپنے کا پیمانہ ۱۲/۸ (دیکھو کالُوا اور کَیْلٌ)

اَلْمَکِیْدُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر اَلْمَکِیْدُ واحد، کَیْدٌ مادہ، مغلوب اور ہلاک ہونے والے (عملی) مکر کی سزا میں گرفتار (ترجمہ از مولوی اشرفعلی تھانوی) دانوؤں میں پھنسنے والے ۲۷/۴ (دیکھو کَیْدٌ)

مَکِیْنٌ: صفت مشبہ مرفوع، کَوْنٌ مصدر (نصر) ۱۳/۱ عزت والا۔ مرتبہ والا۔

مَکِیْنٍ: صفت مشبہ مرفوع، کَوْنٌ مصدر

Presented by Ziaraat.Com

(نصر) ۱۸/۱ ۲۹/۲۱ مضبوط ۳۰/۶ عزت والا مرتبہ والا۔
(دیکھو مکان)

اَلْمَلَأُ : اسم جمع، معرف باللام مرفوع۔ اَلْمَلَأُ جمع سرداروں کی اور بڑے لوگوں کی جماعت ۸/۱۵ و ۱۶ و ۱۷ ۹/۴ و ۵ ۱۲/۳ و ۱۶ ۱۸/۲ و ۳ ۱۹/۱۷ و ۱۸ ۲۳/۱۰۔

اَلْمَلَاُ : اسم جمع معرف باللام مجرور ۲۳/۱۶ جماعت ۲۳/۵ و ۱۴

مَلَاِ : اسم جمع مضاف مجرور ۲۰/۷ سرداروں کی جماعت ۲۵/۱۱ ۱۸/۳ ۱۲/۹ ۱۱/۱۳ ۹/۱۲ سرداران قوم۔

مَلَاَۃَ : اسم جمع منصوب، مضاف سرداران قوم کی جماعت، جماعت شوریٰ۔ ۱۱/۱۴

مَلَاٌ : اسم جمع نکرہ مرفوع۔ ۱۲/۴ سرداروں کی جماعت۔

مَلَائِهِمْ : اسم جمع مجرور مضاف ان کے سرداروں کی جماعت۔ ۱۱/۱۴

مَلَأٌ کا ترجمہ ہے، بھر دینا۔ قوم کے سردار اور اہل الرائے اشخاص اپنی رائے کی خوبی اور ذاتی محاسن سے لوگوں کی خواہش کو بھر دیتے ہیں یا آنکھوں میں روشنی اور دلوں میں ہیبت بھر دیتے ہیں اسی لئے ان کو مَلَأٌ کہتے ہیں (مصباح) جو لوگ زینت محفل ہوں دلوں کو ہیبت و عظمت سے اور آنکھوں کو ظاہری حسن و جمال سے بھر دیں ان کو مَلَأٌ کہا جاتا ہے (ابوالسعود) امام راغب کی رائے بھی ابوالسعود کی تائید میں ہے، راغب نے بھی لکھا ہے کہ جو شخص دیکھنے والوں کی نظر میں معظم و مکرم ہو اور آنکھوں کو بھر دے اس کو مَلْأُ الْعُیُوْنِ کہتے ہیں۔ شَابٌّ بَالِیُ الْعَیْنِ اور اَلْمَلَأُ الْخُلُق دیدار و جوان جو خوبصورتی سے بھرپور ہو (المفردات)

مِلْأُ : اسم مرفوع مضاف بقدر پُری، ۳/۱۷۔
(دیکھو اَلْمَلْءُ)

مُلَاقٍ : اسم فاعل واحد مذکر، مُلَاقَاۃٌ مصدر باب مفاعلہ، اصل میں ملاقی تھا پہنچنے والا ۲۹/۵ (دیکھو لقاء)

مُلَاقُوْا : اسم فاعل جمع مذکر مرفوع مضاف اصل میں مُلَاقُوْنَ تھا اضافت کی وجہ سے نون گر گیا، پانیوالے، پہنچنے والے۔ ۱/۵ ۱۲ و ۲/۱۷ ۱۲/۳ (دیکھو لقاء)

مُلَاقِیْکُمْ : اسم فاعل واحد مذکر مضاف کُمْ ضمیر مضاف الیہ، تم کو پہنچنے والا۔ تم کو پالینے والا۔ ۲۸/۱۱ (دیکھو لقاء)

مُلَاقِیْہِ : اسم فاعل واحد مذکر مضاف ہٖ ضمیر مضاف الیہ، اس کے پاس پہنچنے والا۔ ۳۰/۹۔

Presented by Ziaraat.Com

(دیکھو لقار)

مَلٰئِکَۃٌ: ملائکۃ جمع مصناف، ملک مفرد یا اسم جنس، اس کے فرشتے ۱/۱۲ ۳/۸ ۵/۱۷ ۲۳/۳و۴

اَلْمَلٰئِکَۃُ: جمع، اَلْمَلَکُ مفرد یا اسم جنس، اس کے فرشتے ۱/۴ ۲/۳و۶و۹و۱۶ ۳/۱۰و۱۲و۱۳و۱۶و۱۷ ۴/۴ ۵/۱۱ ۶/۳و۴ ۷/۱۷ ۸/۱و۷و۹ ۹/۱۵و۱۶ ۱۰/۳ ۱۳/۸و۹ ۱۴/۳و۷و۱۰و۱۲ ۱۵/۴و۱۰و۱۱و۱۹ ۱۶/۱۶ ۱۷/۷و۱۷ ۱۸/۲ ۱۹/۱ ۲۲/۱۱و۱۳ ۲۳/۹و۱۴ ۲۴/۵و۱۶ ۲۴/۱۸ ۲۵/۲و۸و۱۱و۱۲ ۲۶/۷ ۲۷/۶ ۲۸/۱۹ ۲۹/۷و۱۵ ۳۰/۱۲و۲۲

مَلَکٌ اصل میں مالکٌ تھا، اصل ماخذ مالِکَۃٌ ہے یا اُلُوکَۃٌ (یعنی اگر میم کو اصلی مانا جائے تو ماخذ اول ہے اور میم کو زائد کہا جائے تو ماخذ دوسرا ہے) اول ہمزہ اور لام کی جگہ کو بدلکر مَالَکٌ کو مَلَأَکٌ بنایا گیا پھر ہمزہ کو تخفیفاً گرا کر مَلَکٌ کر دیا گیا۔ (بغوی)

بعض اہلِ تحقیق کا خیال ہے کہ جن فرشتوں کے متعلق انتظامِ کائنات کی خدمت ہے ان کو مَلَک کہا جاتا ہے جس طرح عام انسانی انتظار کرنیوالے آدمی کو مَلِک کہا جاتا ہے، مَلَک کو ہی قرآن مجید میں مدبرات کہا گیا ہے گویا ملائکہ تو فرشتوں کی عام جماعت کو کہتے ہیں اور مَلَک ملائکہ میں سے وہ ممتاز ہستیاں ہیں جنکے متعلق کوئی کائناتی خدمت ہے (المفردات) محققِ اعظم بیضاوی نے لکھا ہے کہ ملائکہ کا ماخذ یا اُلوکۃٌ ہے یا ملاکٌ ہے اُلوکۃٌ کا معنی ہے پیام رسانی اور ملاکٌ کا معنی دار و مدار چونکہ ملائکہ اللہ کا حکم کائنات کے ذرہ ذرہ کو پہنچاتے ہیں اور مخلوق و خالق کے درمیان وسائط ہیں اور ملائکہ پر ہی نظمِ کائنات کا مدار ہے مختلف خدمتیں فرشتوں ہی کے متعلق ہیں اس لئے انکو ملائکہ کہنا صحیح ہے (بیضاوی فی تفسیر واذ قلنا للملائکہ ۱۵/۱۶ ۲۹/۱۲ (دیکھو مالِک)

مُلْتَحَدًا: اسم ظرف بروزن اسم مفعول اِلْتِحَادٌ مصدر، باب افتعال، پناہ کی جگہ یا مصدر میمی (باب افتعال) پناہ۔

لَحْدٌ اور لُحُودٌ (اسم) زمین کے اندر بغلی گڑھا، اِلْحَادٌ اور لُحُودٌ جمع، لَحَادَۃٌ گوشت کا ٹکڑا، اعراب پڑھنے میں غلطی۔

لَحْدٌ مصدر باب فتح، بغلی قبر کھودنا لحد میں میت کو رکھنا۔ اگر اس کے بعد اِلٰی مذکور ہو تو معنی ہوگا کسی طرف جھکنا

Presented by Ziaraat.Com

مائل ہونا۔ مڑنا۔ کن انکھیوں سے دیکھنا۔ اِلْحَادٌ (بابِ افعال) قبر میں لحد بنانا۔ لحد میں میت کو داخل کرنا۔ پھر جانا۔ حق سے پھر جانا۔ لڑائی جھگڑا کرنا، بے دین ہو جانا۔ حد سے گزر جانا۔ حکم کا پاس نہ کرنا۔ اللہ کے ساتھ شریک بنانا۔ ظلم کرنا۔ گراں فروشی کے لئے غلہ اسٹاک کرنا۔ کسی پر عیب بندی اور دروغ تراشی کرنا۔ (قاموس و تاج)

اِلْحَادٌ (شرک) کی دو صورتیں ہیں ۱ اللہ کی ایسی صفات قرار دی جائیں جو شانِ الوہیت کے مناسب نہیں ۲ اللہ کی صفات کی ایسی تاویل کی جائے جو نازیبا ہو، دونوں کو قرآنی اصطلاح میں الحاد فی الاسماء کہا گیا ہے۔ (راغب فی المفردات)

مِلَّةٌ: امام راغب نے المفردات میں لکھا ہے کہ دین کی طرح ملۃ بھی اس دستورِ الٰہی کا نام ہے جو اللہ اپنے بندوں کے لئے جاری فرماتا ہے تاکہ اس پر چل کر انسان قربِ خداوندی حاصل کر سکے اور یہ دستور انبیاء کی وساطت سے بندوں تک پہنچتا ہے لیکن قرآنِ مجید میں لفظِ ملۃ کا اطلاق کئی جگہ باطل مذہب پر بھی ہوا ہے جو خود انسانوں کا تراشیدہ تھا دستورِ الٰہی پر مبنی نہ تھا دیکھو پ ۱۳ ع ۳ کی آیت ۳۷ میں حضرت یوسف نے جیلخانہ کے دونوں قیدیوں کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا اِنِّیْ تَرَکْتُ مِلَّۃَ قَوْمٍ لَّا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَھُمْ بِالْاٰخِرَۃِ ھُمْ کٰفِرُوْنَ جو لوگ اللہ کو نہیں مانتے اور آخرت کے منکر ہیں، میں ان کی ملت (یعنی ان کے مذہب اور خود ساختہ دستورِ زندگی) کو چھوڑے ہوئے ہوں۔ اسی طرح پ ۲۳ ع ۱ کی آیت ۷ میں اللہ نے قریش کا قول نقل فرمایا ہے قریش نے کہا مَا سَمِعْنَا بِھٰذَا فِی الْمِلَّۃِ الْاٰخِرَۃِ (ہم نے پچھلے مذہب میں یا اور مذہب میں یہ بات نہیں سنی) علامہ بغوی نے معالم التنزیل میں اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے کہ حضرت ابن عباس، کلبی اور مقاتل کے نزدیک اس جگہ ملتِ آخرۃ سے نصرانیت مراد ہے اس لئے کہ نصرانیت توحید سے خالی ہو چکی تھی (اور تثلیث پر مبنی تھی) مجاہد اور قتادہ کا قول ہے کہ مذہبِ قریش مراد ہے، بہر حال مذہبِ قریش مراد ہو یا تثلیثی نصرانیت دونوں دستورِ الٰہی پر مبنی نہیں۔

شاید راغب کی مراد یہ ہو کہ ملۃ اصل میں

Presented by Ziaraat.Com

تو اس دستورِ الٰہی کا ہی نام ہے جو انبیاء کی معرفت بھیجا جاتا ہے لیکن اگر انسانی دماغ کبھی اس میں خرد برد کر لیں اور بگاڑ دیں تب بھی بطورِ مجاز اس پر لفظِ ملت کا اطلاق ہو جاتا ہے کیونکہ خرد برد کرنے والوں کے دعوٰی میں تو شکستہ بریدہ دین یا دستور بھی اللہ کا بھیجا ہوا دین ہوتا ہے، واللہ اعلم۔

امام راغب نے دین اور ملّۃ کا فرق ظاہر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ لفظِ ملت کی اضافت صرف انبیاء کی طرف ہوتی ہے کسی غیر نبی کی طرف نہیں ہوتی اور نہ اللہ کیطرف ہوتی ہے اسی لئے مِلَّۃُ اللّٰہِ یا مِلَّۃُ زَیْدٍ یا مِلَّتِیْ نہیں کہا جاتا ہاں دین کا استعمال عام ہے دِیْنُ اللّٰہِ دِیْنُ الْاَنْبِیَاءِ اور دِیْنُ زَیْدٍ ہر ایک صحیح ہے۔ لفظِ ملت کی انبیاء کے ساتھ تخصیص بھی امام کے اسی نظریہ پر مبنی ہے کہ ملت صرف دستورِ الٰہی کا نام ہے جو انبیاء کی معرفت بھیجا جاتا ہے نہ غیر انبیاء کی طرف اضافت خود ۱۲/۱۵ کی آیت ۳۷ میں موجود ہے، امام راغب نے لفظِ ملت کا استعمالی ماخذ اُمْلُلْتُ الْکِتَابَ کو قرار دیا ہے اگر کوئی تحریر آپ کسی سے لکھوائیں تو آپ کہیں گے اَمْلُلْتُ الْکِتَابَ تو گویا اللہ کی جاری کردہ یا تحریر کردہ چیز مِلَّۃ ہوئی اور دین کا معنی ہے طاعت، ایک اضافی چیز ہے اطاعت کرنیوالا بھی ہونا چاہیئے اور جس کی اطاعت کی جائے اس کا ہونا بھی ضروری ہے اسلئے دین کی اضافت مطیع اور مطاع دونوں کی طرف ہوتی ہے

مَلَّۃٌ گرم راکھ، گرم ریت، مَلِیْلَۃٌ بخار کی گرمی (قاموس) یا وہ حرارت جو انسان محسوس کرتا ہے (المفردات)

مَلَالٌ بخار کا پسینہ، عادت، کمر کا درد، بیماری یا غم سے بے چین ہو جانا، روٹی یا گوشت راکھ پر گرم کرنا (نصر و سمع) مَلَّۃٌ۔ مَلَلٌ، مَلَالٌ، مَلَالَۃٌ (باب سمع) کسی چیز سے اکتا جانا۔ بے آرام کرنا۔ مَلْمَلَۃٌ جلدی کرنا۔ اِمْلَالٌ (باب افعال) اکتا دینا سفر دراز ہونا مضمون بولکر لکھوانا۔ تَمَلُّلٌ (باب تفعل) کسی مذہب کو اختیار کرنا۔ بخار میں پسینہ آنا۔ بیماری یا غم سے بے چین ہو جانا۔ اِمْتِلَالٌ (افتعال) کوئی مذہب اختیار کرنا۔ جلدی جانا۔ اِسْتِمْلَالٌ (باب استعمال) اکتا جانا۔ تَمَلْمُلٌ (تفعلل) بے چین اور مضطرب ہو جانا۔

۱/۱۶ مکسور مضاف ۴/۱ منصوب ۵/۱۵ منصوب
۸/۷ منصوب ۱۲/۱۵ ۲ منصوب ۱۴/۲۲ منصوب ۱۷/۱۷

منصوب ہر جگہ دینِ الٰہی مراد ہے ۱۲/۱۵ منصوب ۱ میں مذہبِ شرک مراد ہے ۲۳/۱۰ مجرور معرف باللام برقولِ ابنِ عباس کلبی و مقاتل تثلیثی نصرانیت اور برقول مجاہد و قتادہ مذہبِ قریش مراد ہے (بغوی)

مِلَّتِكُمْ: مضاف مجرور کُمْ مضاف الیہ، تمہارے مذہب میں یعنی مذہبِ شرک میں۔ ۹/۱۔

مِلَّتِنَا: مضاف مجرور نا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ، ہمارے مذہب میں یعنی مذہبِ شرک میں۔ ۹/۱ ۱۳/۱۵۔

مِلَّتِهِمْ: مضاف منصوب ھُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ۔ ان کا مذہب یعنی مذہب شرک۔ ۱/۱۴۔

مِلَّتِهِمْ: مضاف مجرور، ھِمْ ضمیر مضاف الیہ، ان کے مذہب میں، یعنی مذہبِ شرک میں ۱۵/۱۵ (۹/۱ سے ۱۵/۱۵ تک پانچوں جگہ مِلَّۃ سے ملّۃ شرک مراد ہے)

مَلْجَأَ: ۱۱/۳ اسم ظرف مکان، پناہ کی جگہ لَجَأٌ مصدر، پناہ پکڑنا (فتح و سمع) لُجَأٌ بھی مصدر ہے۔

مَلْجَأً: ۱۱/۳ اسم ظرفِ مکان، پناہ کی جگہ

اِلْجَاءٌ (باب افعال) کسی کو کسی کام پر مجبور کرنا۔ کوئی کام خدا کے سپرد کر دینا۔ تَلْجِئَۃٌ (باب تفعیل) کسی کو کسی کام پر مجبور کرنا۔ کوئی چیز جھوٹ بول کر فروخت کرنا۔ التجاءٌ

مِلْحٌ: اسم مفرد۔ نمکین۔ ۱۹/۳ ۲۲/۱۴۔

مِلْحٌ، نمک، نمکین، چربی۔ فربہ۔ بے وفا مَلْحَۃٌ دریا کی گہرائی۔ مِلَحٌ شیر خوارگی۔ دانائی۔ نمکینی۔ فربہی، خوبی، حرمت، قسم، عہد، حق واجب، مَلْحَۃٌ حرمت۔ قسم۔ ذمہ۔ مَلِیحٌ نمکین خوبصورت۔ مِلَاحٌ اور اَمْلَاحٌ جمع۔

مُلْحَۃٌ خوف، ہیبت۔ برکت۔ مزہ دار بات، نمکین۔ سفیدی سیاہی آمیز یعنی گندمی۔

مَلَّاحٌ کشتی کو چلانے والی ہوا۔ لباس، توبرہ مَلَّاحَۃٌ کشتی بانی۔ مُلَّاحٌ اور مُلَّاحٌ نمکین، خوبصورت۔ مَالِحٌ کھاری پانی۔ اَمْلَحُ گندمی، مَلَّاحٌ نمک فروش۔ نمک والا کشتی بان درستی کا خواستگار۔ اصلاح کا ذمہ دار۔ مُمْلَحَۃٌ نمک اور شورہ کی کان۔ مِمْلَحَۃٌ نمکدان، مَلَحٌ (فتح) غیبت کرنا۔ بچہ کو دودھ دینا۔ ہانڈی میں نمک ڈالنا۔ جانور کو نمک کھلانا (کرم و فتح و نصر) پانی کو نمکین کر دینا اور صرف کرم سے نمکین

Presented by Ziaraat.Com

اور خوبصورت ہوجانا۔ اِمْلَاحٌ (افعال) کھاری پانی میں اترنا۔ میٹھے پانی کا کھاری ہوجانا۔ کھاری پانی پلانا۔ ہانڈی میں زیادہ نمک ڈالنا۔ کھانے کو نمکین بنا دینا۔ تَمْلِیحٌ (تفعیل) موٹا ہونا۔ ہانڈی میں نمک زیادہ کر دینا۔ کوئی مزہ دار اچھا شعر کہنا۔ مُمَالَحَۃٌ (مفاعلۃ) شرکت میں دودھ پینا۔ شرکت میں سفر کرنا۔ باہم بھروسہ کرنا۔ مِلَاحٌ (مفاعلۃ) بادِ جنوبی کے بعد بادِ شمالی چلنا۔ تَمَلُّحٌ فربہ ہونا۔ اِمْتِلَاحٌ (افتعال) سچ میں جھوٹ ملا دینا۔ اِسْتِمْلَاحٌ (استفعال) نمکین پانا۔ نمکین سمجھنا (قاموس وصحاح وتاج)

اَلْمَلْعُوْنَۃَ: اسم مفعول واحد مؤنث لَعْنٌ مادہ۔ باب فتح۔ بُرا۔ لعنت کیا ہوا۔ ۱۵/۶ (دیکھو لَعَنَ ولَعْنًا ولعنتی)

مَلْعُوْنِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر منصوب لعنت کئے ہوئے۔ پھٹکاری۔ راندۂ درگاہ ۲۲/۵ (دیکھو لَعَنَ ولَعْنًا)

مُلْقُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع۔ اِلْقَاءٌ مصدر، باب افعال۔ اصل میں مُلْقِیُوْنَ تھا۔ ڈالنے والے۔ پیش کرنیوالے۔ ۱۱/۱۳ ۱۹/۷ (دیکھو لِقَاءٌ اور لِقَائُہٗ اور لقوا)

اَلْمُلْقِیَاتِ: اسم فاعل جمع مؤنث اَلْمُلْقِیَۃُ واحد، اِلْقَاءٌ مصدر، پیش کرنیوالے، پہنچانیوالے یعنی اللہ کی وحی انبیاء کو پہنچانیوالے ملائکہ، بقول ابنِ کثیر اسجگہ بالاجماع فرشتوں کی جماعت مراد ہے ۲۹/۲۱ (دیکھو لقاء ولقائہ ولقوا)

اَلْمُلْقِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب، اَلْمُلْقِیْ واحد، القاء مصدر، پیش کرنیوالے، پھینکنے والے ڈالنے والے۔ ۹/۴ (دیکھو لقاء ولقائہ ولقوا)

مَلَکٌ: اسم جنس نکرہ مرفوع، فرشتہ، ۷/۱۱، ۲/۳، ۱۲/۴، ۱۸/۱۶۔

مَلَکٍ: اسم جنس نکرہ مجرور، فرشتہ۔ ۲۱/۱۴

مَلَکُ: اسم جنس معرفہ مضاف مرفوع فرشتہ۔ ۲۱/۱۴

اَلْمَلَکُ: اسم جنس معرف باللام مرفوع، فرشتے، فرشتوں کی جماعت، ۲۹/۵ ۳۰/۱۴ (ملک کی تنقیح کے لئے دیکھو الملائکۃ)

اَلْمَلِکُ: صیغہ صفت مرفوع معرفہ، مُلْکٌ مادہ بادشاہ، با اقتدار، ۱۲/۱۶ ۱۷/۱ ۱۳/۱۶ ۱۵/۱۸ ۶/۲ ۲۸/۶۔

اَلْمَلِکِ: صیغہ صفت مجرور معرف باللام، ملکٌ مادہ، بادشاہ، با اقتدار۔ ۱۳/۲۸ ۳/۱۱۔

مَلِکِ: صیغہ صفت مجرور معرفہ مضاف ملکٌ مادہ، بادشاہ۔ حاکمِ اعلیٰ۔ ۳۰/۳۹

Presented by Ziaraat.Com

مَلِكًا: صیغہ صفت منصوب نکرہ، مُلک مادہ بادشاہ، حاکمِ اعلیٰ۔ ۲/۱۶

مَلِكٌ: صیغہ صفت مرفوع نکرہ، کوئی بادشاہ ۱۶/۱ ۱۲/۱۷ ۱۳/۳،۱ میں مصر کا بادشاہ مراد ہے جو حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں تھا ۱۶/۱ میں کوئی حکمراں یا بادشاہ مراد ہے جس کے ظلم سے محفوظ رکھنے کیلئے حضرت خضر نے کشتی کا تختہ توڑ دیا تھا ۲/۱۶ میں کوئی حاکمِ اعلیٰ، باقی آیات میں بادشاہِ حقیقی یعنی اللہ مراد ہے) (دیکھو مالک اور مالکون)

مَلَكًا: اسم جنس منصوب نکرہ، فرشتہ۔ ۷/۱۵ (دیکھو الملائکۃ)

اَلْمُلْكُ: اسم اور مصدر مرفوع معرف باللام ۲/۱۶ ۷/۱۵ ۱۷/۱۴ ۱۹/۱ ۲۲/۱۴ ۲۳/۱۵ ۲۴/۹،۷ ۲۸/۱۵ ۲۹/۱۔

مُلْكُ: اسم اور مصدر مرفوع، مضاف ۴/۱۰ ۶/۷،۱۰ ۷/۶ ۹/۱۰ ۱۱/۳ ۱۲/۱۶،۱۰ ۱۸/۱۱،۱۰ ۲۳/۱۱ ۲۴/۳ ۲۵/۱۳،۱۱،۶ ۲۵/۲ ۲۶/۱۰ ۲۷/۱۷ ۳۰/۱۰۔

اَلْمُلْكَ: اسم اور مصدر منصوب معرف باللام۔ ۲/۱۷ ۳/۱۱،۳۔

اَلْمُلْكِ: اسم مصدر، مجرور معرف باللام ۱/۱۲ ۲/۶ ۳/۱۱ ۵/۵ ۱۳/۵ ۱۵/۱۲۔

مُلْكًا: اسم منصوب نکرہ ۵/۵ ۲۳/۱۲ ۲۹/۱۹۔

مُلْكٌ: اسم نکرہ مجرور۔ ۱۶/۱۶۔

مُلْكَهٗ: اسم معرفہ منصوب مضاف، ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ۔ ۲/۱۶۔

مُلْكِهٖ: اسم معرفہ مجرور مضاف، ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ۔ ۲/۱۶۔

ملک کا معنی ہر جگہ غلبہ، اقتدارِ اعلیٰ اور بادشاہت ہے، صرف ۴/۱۰ اور ۷/۶ میں بارش، رزق اور غلّہ کے خزانے مراد ہیں اور ۱۵/۱۲ میں الوہیت اور ۱/۱۲ میں عہدِ سلطنت۔ (دیکھو مالک اور مالکون)

اَلْمَلَكَيْنِ: اسم معرفہ تثنیہ مجرور الملک و واحد دو فرشتے ۱/۱۲ حضرت ابن عباس اور حسن بصری نے اَلْمَلِكَيْنِ روایت کیا ہے یعنی دو بادشاہ۔ یہ دونوں جادوگر تھے، حسن بصری نے کہا دو عجمی ساحر تھے کیونکہ فرشتے سحر سے واقف نہیں ہوتے۔ (معالم) (دیکھو الملائکۃ)

مَلَكَيْنِ: تثنیہ منصوب، مَلَكٌ واحد، دو فرشتے، ۸/۹ (دیکھو الملائکۃ)

اَلْمُلُوْكَ: جمع منصوب معرفہ، مَلِكٌ واحد بادشاہ یعنی فاتح بادشاہ۔ ۱۹/۱۸۔

Presented by Ziaraat.Com

مُلُوکًا: جمع منصوب نکرہ، مَلِکٌ واحد بادشاہ ۶/۸ (دیکھو مالک و مالکون)

مَلَکَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی معروف مِلکٌ مادہ مالک ہوں، ملک میں ہوں (دیکھو مالک و مالکون) ۴/۱۲ ۵/۳ ۱۴/۱۶ (۱۰/۱۴) ۱۸/۷ ۲۱/۷ ۲۲/۴ ۲۹/۷۔

مَلَکْتُمْ: جمع مذکر حاضر ماضی معروف مِلکٌ مادہ۔ تم مالک ہو ۱۸/۴ (دیکھو مالک اور مالکون)

مَلَکْنَا: مَلَکَ اسم مضاف ناضمیر جمع متکلم مضاف الیہ، ہمارے اختیار میں، ہماری قدرت میں ۱۶/۱۳ (دیکھو مالک اور مالکون)

مَلَکُوْتُ: مصدر مرفوع مضاف، مَلَکَ فعل، مبالغہ کے لئے تا بڑھائی گئی ہے جیسے رَحَمُوْت اور رَھَبُوْت اقتدارِ کامل، غلبۂ تامہ، حکومت حقیقیہ بقول راغب ملکوت اللہ کی ملک کے لئے مخصوص ہے۔ ۱۸/۵ ۲۳/۴۔

مَلَکُوْتِ: مصدر مجرور، اقتدار کامل، غلبۂ تامہ، حکومتِ حقیقیہ۔ ۷/۱۵۔

مَلُوْمٍ: اسم مفعول واحد مذکر مجرور لَوْمٌ مادہ، ملامت زدہ۔ ملامت کیا ہوا۔ ۲۷/۲۔

مَلُوْمًا: اسم مفعول واحد مذکر منصوب لَوْمٌ مادہ ملامت زدہ۔ ۱۵/۲۳/۴

مَلُوْمِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مجرور، لَوْمٌ واحد لَوْمٌ مادہ، ملامت کئے گئے، ملامت زدہ ۱۸/۱ ۲۹/۷ (لَوْمٌ کے معنی کی تنقیح کے لئے دیکھو لَوْمًا لَوْمَۃَ لَائِمٍ)

مَلِیًّا: اسم منصوب، زمانۂ دراز (معالم و مدارک) ۱۶/۶۔

مَلَا جنگل، بیابان۔ مَلَوَانِ تثنیہ رات دن۔ مَلًا واحد۔ مَلَاۃٌ سراب والا میدان مَلِیٌّ زمانہ دراز، لمبا وقت، مَلَاوَۃٌ اور مَلُوَۃٌ زمانہ۔ لمبا وقت۔ مَلْوٌ مصدر، مَلَا ماضی (نصر) بہت زیادہ سیر کرنا۔ اِمْلَاءٌ (باب افعال) فائدہ دینا، مہلت دینا، زمانہ دراز گزار دینا۔ رسّی ڈھیلی چھوڑ دینا۔ لکھنا۔ مضمون بولکر دوسرے سے لکھوانا۔ تَمْلِیَۃٌ (تفعیل) فائدہ دینا۔ تَمَلّٰی (تفعل) فائدہ پانا۔ اِسْتِمْلَاءٌ (استفعال) املا پوچھنا۔

مُلِئَتْ: واحد مؤنث غائب ماضی مجہول، بھر دیا گیا ہے۔ ۲۹/۱۱ (دیکھو مالئون)

مُلِئَتْ: واحد مذکر حاضر ماضی مجہول بمعنی مضارع تو بھر جائیگا، بھر دیا جائیگا۔ ۱۵/۱۵ (دیکھو مالئون)

مَلِیْکٍ: صیغہ صفت برائے مبالغہ مِلکٌ

مادہ، بڑا بادشاہ۔ ۲۷/۱ (دیکھو مالک اور مالکون)

مُلِیْمٌ: اسم فاعل واحد مذکر اِلَامَۃٌ مصدر ملامت یا لوم کا مستحق (جلالین) ایسا کام کرنیوالا جس پر ملامت کیجائے (معالم) ۲۳/۹ ۲۷/۱ (دیکھو لوماً لَوْمَۃَ لَائِمٍ)

مِمَّ: مرکب ہے، اصل میں مِنْ مَا تھا، مِنْ حرفِ جر، مَا کلمۂ استفہام، کس چیز سے۔ ۳۰/۱۱۔

مِمَّا: مرکب ہے اصل میں مِنْ مَا تھا، مِنْ حرفِ جر مَا اسمِ موصول یا زائدہ یا مصدریہ یا استفہامیہ ۱/۲ ۱ و ۳ و ۴ ر ۷ ر ۹ ۵ ر ۹ و ۱۳ ر ۱۶ و ۱۷ ۳/۲ ۲ ر ۴ ر ۵ ۱ و ۸ ر ۱۲ و ۱۳ ۱ ر ۲ ر ۳ ۴/۶ ۴ ر ۹ ر ۷ ۱ ر ۲ ر ۳ ۵/۶ ۷/۱۵ ۱ و ۳ ر ۴ ر ۱۳ ۸/۱۵ ۵ ر ۶ ۹/۱۰ ۸ و ۱۱ و ۱۵ ۱۱/۱۲ ۳ ر ۵ ۶ ر ۸ ر ۹ و ۱۴ ر ۱۵ و ۱۶ ۱۲/۱۳ ۸ ر ۹ و ۱۴ ر ۱۵ و ۱۷ ۱۳/۱۴ ۱۳ ر ۱۵ و ۱۷ و ۲۱ ۱۴/۲۲ ۴ ر ۵ ر ۱۸ و ۲۱ ۱۵/۱۸ ۲ ر ۱۲ ر ۱۳ ۱۷/۱۸ ۱ ر ۳ ر ۹ و ۱۰ ۱۹/۱۸ ۳ ر ۱۳ ر ۱۸ ۲۰/۲۴ ۴ ر ۷ ر ۱۴ و ۱۵ ۲۱/۲۴ ۳ ر ۶ ر ۱۶ ۲۲/۲۴ ۲ ر ۴ ر ۱۵ ۲۳/۲۴ ۹ و ۱۵ ۲۴/۲۵ ۴ ر ۸ ر ۹ ۲۶/۲ ۳ ر ۴ ر ۱۷ ۲۷/۲ ۴ ر ۷ ر ۱۴ و ۱۷ ۲۸/۲ ۸ و ۱۰ ر ۲۲ ۲۹/۲ -

اَلْمَمَاتِ: اسم و مصدر، موت اور مرنا ۱۵/۸

موت منعِ حیات یا عدمِ حیات کا نام ہے حیات کی جتنی انواع ہیں اتنی ہی موت کی۔

۱ قوتِ نامیہ نہ ہونا یا نمو مفقود ہونا جیسے یُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِہَا اور بَلْدَۃً مَیْتًا۔

۲ بے حس ہو جانا جیسے اِذَا مَا مِتُّ۔

۳ علمی موت یعنی جہالت جیسے اَوَ مَنْ کَانَ مَیْتًا یا لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی ۴ زندگی کو بے لطف بنا دینے والا غم جیسے وَ یَاْتِیْہِ الْمَوْتُ مِنْ کُلِّ مَکَانٍ وَّ مَا ہُوَ بِمَیِّتٍ ۵ نیند، محاورہ ہے اَلنَّوْمُ مَوْتٌ خَفِیْفٌ وَ الْمَوْتُ نَوْمٌ ثَقِیْلٌ نیند ہلکی موت ہے اور موت بھاری نیند۔

مَائِتٌ وہ شخص جو رفتہ رفتہ گھل رہا ہو ایک شاعر کا قول ہے: یَمُوْتُ بُجُزْءًا فَجُزْءًا اور مَیِّتٌ وہ شخص جس کی روح کا تعلق بدن سے منقطع ہو گیا (یا عقل مردہ ہو گئی ہو) قاضی علی بن عبدالعزیز نے کہا عربی میں مَائِتٌ کا یہ معنی نہیں ہے، مَیْتٌ مَیِّتٌ کا مخفف ہے لِبَلْدَۃٍ مَیِّتٍ بھی آیا ہے اور بَلْدَۃً مَیْتًا بھی، مَیْتَۃٌ مردار جانور، مَوْتَانٌ غیر آباد زمین جس میں سبزی موجود نہ ہو مَوَاتٌ کا بھی یہی معنی ہے۔ مَوْتَانٌ عام موت کے لئے بھی مستعمل ہے جیسے وَقَعَ فِی الْاِبِلِ مَوْتَانٌ کَثِیْرٌ اونٹوں میں بکثرت مری پھیل گئی نَاقَۃٌ مُمِیْتَۃٌ اور مُمِیْتٌ وہ اونٹنی جس کا بچہ مر گیا ہو، مُمِیْتٌ اِمَاتَۃٌ (باب افعال) کا اسم فاعل بھی ہے، مُسْتَمِیْتٌ وہ بہادر جو موت

کی تلاش میں رہتا ہے ایک شاعر کہتا ہے فَاَعْطَیْتَ الْجَعَالَۃَ مُسْتَمِیْتًا تو نے بہادر کو انعام یا مزدوری دی۔ مُوْتَۃٌ ایک طرح کا جنون، مرگی، بیہوشی یعنی عقل و علم کی موت۔ رَجُلٌ مَوْتَانُ الْقَلْبِ مردہ دل مرد۔ اِمْرَاَۃٌ مَوْتَانَۃُ الْقَلْبِ مردہ دل عورت، مُتَمَادِیَۃٌ دکھاوے کی عبادت کرنے والا۔ مَوْتٌ مصدر، مرنا۔ مَاتَ ماضی (نصر، سمع، ضرب)

مَمَاتُهُمْ : مضاف و مضاف الیہ، انکی موت، ان کا مرنا۔ ۲۵/۱۸۔

مَمَاتِیْ : مضاف و مضاف الیہ، میری موت میرا مرنا۔ ۸/۶۔

اَلْمُمْتَرِیْنَ : اسم فاعل جمع مذکر مجرور، اَلْمُمْتَرِیْ واحد، اِمْتِرَاءٌ مصدر باب افتعال، شک میں پڑنیوالے، تردد کرنیوالے ۲/۱ ۳/۱۴ ۱۱/۱۵ (دیکھو مِرْیَۃٌ اور مِرَاءٌ)

مُمِدُّ : اسم فاعل واحد مذکر، اِمْدَادٌ مصدر باب افعال۔ مدد دینے والا۔ ۹/۱۵ (دیکھو مَدَّ مَدًّا اَمَدَّ اِمْدَادًا)

مُمَدَّدَۃٍ : اسم مفعول واحد مؤنث تَمْدِیْدٌ مصدر باب تفعیل، لانبے لانبے کئے گئے (لانبے ترجمہ مولانا تھانوی ۳۰/۲۹ (دیکھو مَدَّ وَمَدًّا وَمَدَّدًا)

مَمْدُوْدٍ : اسم مفعول واحد مذکر مجرور، مَدٌّ مصدر، باب نصر، دراز کیا گیا، لانبا (ترجمہ مولانا اشرفعلی) ہمیشہ رہنے والا (جلالین) یعنی دھوپ کی وجہ سے کبھی زائل نہ ہونے والا (معالم) ۲۷/۱۴ (دیکھو مَدَّ مَدًّا مَدَدًا)

مَمْدُوْدًا : اسم مفعول واحد مذکر منصوب مَدٌّ مصدر باب نصر، بڑھایا گیا۔ کثیر (جلالین و ترجمہ مولانا اشرفعلی) بعض کا قول ہے کہ ممدود ترقی پذیر اور بڑھنے والے بال کو کہتے ہیں جیسے کھیتی باڑی مویشی اور مالِ تجارت (معالم) ۲۹/۱۵

مُمَرَّدٌ : اسم مفعول واحد مذکر تَمْرِیْدٌ مصدر مرد، مادہ، چکنا، صاف، ہموار۔ ۱۹/۱۸ کسی محل کی دیواروں اور زمین کا چکنا ہونا اسکے حسن کو دوبالا کرتا ہے، ایک شاعر کہتا ہے ؎

فِیْ مَجْدَلٍ شَیَّدَ بُنْیَانَہٗ یَزِلُّ عَنْہُ ظُفُرُ الطَّائِرِ

ایک مضبوط محل میں جس کی دیواروں پر ایسا پلاستر کر دیا گیا ہے کہ پرندہ کے پنجے اسپر پھسلتے ہیں (دیکھو مَارِد)

مُمَزَّقٍ : مصدر میمی بروزن اسم مفعول، باب تفعیل، ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ۲۲/۸۷۔

Presented by Ziaraat.Com

مَزْقٌ اور مَزْقَۃٌ (ضرب) پھاڑ ڈالنا ٹکڑے ٹکڑے کر دینا (ضرب ونصر) کسی کو بُرا سمجھنا۔ عیب لگانا، طعن کرنا۔ تَمْزِیْقٌ (تفعیل) خوب پارہ پارہ کر دینا۔ تَمَزُّقٌ (تفعل) پارہ پارہ ہو جانا۔

مُمْسِکٌ: اسم فاعل واحد مذکر منصوب بنفی جنس۔ اِمْسَاکٌ مصدر باب افعال، روکنے والا، بند کرنیوالا یعنی کوئی روکنے اور بند کرنیوالا نہیں۔ ۲۲/۱۳ (دیکھو مُتَمَسِّکُوْنَ)

مُمْسِکَاتٌ: اسم فاعل جمع مؤنث، مُمْسِکَۃٌ واحد اِمْسَاکٌ مصدر (افعال) روکنے والیاں یعنی وہ فرضی دیویاں جنکی پرستش مشرک کرتے تھے ۴۳/۳۸ (دیکھو مُتَمَسِّکُوْنَ)

مُمْطِرٌ: اسم فاعل واحد مذکر، اِمْطَارٌ مصدر باب افعال، مطر مادہ، بارش کرنیوالا۔ مینہ برسانے والا۔ ۲۶/۳ (دیکھو مطرًا)

مَمْلُوْکًا: اسم مفعول واحد مذکر، مِلک مادہ باب ضرب، ملک میں لایا ہوا، وہ جو کسی کی ملکیت میں ہو یعنی غلام (معالم) ۱۴/۱۶ عبد مملوک سے مراد ہر جگہ ہر کافر ہے (بغوی) یا بقول عطار بروایت ابن جریج ابوجہل مراد ہے (دیکھو مالک و ملکون)

مِمَّنْ: مرکب مِنْ حرف جر اور مَنْ اسم موصول سے۔ ۱۴/۱۶ ۲/۱ ۳/۱۱ ۷/۱۱ ۵/۱۵ ۶/۷ ۷/۱۷ ۴/۹ ۸/۱۱ ۷/۱۲ ۹/۱۲ ۱۱/۲ ۷/۱۲ ۱۰/۴ ۱۲/۷ ۱۴/۱ ۱۵/۲۰ ۱۶/۷ ۱۰/۳ ۲۰/۸ ۳/۱۵ ۲۱/۳ ۸/۳ ۲۲/۱۵ ۲۳/۱۵ ۱۹/۱ ۲۴/۱۹ ۲۵/۱ ۲۶/۱ ۲۸/۹۔

مَمْنُوْعَۃٍ: اسم مفعول واحد مؤنث، مَنْعٌ مادہ، باب فتح۔ روکا گیا یعنی اہل جنت کو اس سے کوئی روکنے والا نہ ہوگا ۲۷/۱۴ (دیکھو مانعتہم)

مَمْنُوْنٍ: اسم مفعول واحد مذکر، مَنٌّ مادہ، باب نصر، کم کیا ہوا، قطع کیا ہوا یعنی ان کا اجر کم نہ کیا جائیگا، نہ منقطع اور ختم ہوگا (عام مفسرین) یا بیشمار (راغب، قائل مجہول) یا بغیر عمل (ضحاک رواہ البغوی) شاید بیشمار کا معنی اس لئے لیا گیا کہ ممنون کو منّت یا مَنٌّ مصدر سے مشتق نہیں قرار دیا گیا بلکہ اس کا ماخذ مَنٌّ (اسم) کو قرار دیا گیا اور منّ کا معنی ہے وزن کشی کا باٹ تو ممنون کا ترجمہ ہوا موزون اور غیر ممنون غیر موزون ہو گیا اور بے وزن دینے کا مطلب ہے بیشمار دینا اسلئے غیر ممنون کا ترجمہ ہو گیا بیشمار۔

مِنَّۃٌ کا معنی ہے بھاری احسان، اسکی دو صورتیں

Presented by Ziaraat.Com

ہوتی ہیں عملی اور قولی۔

۱۔ منۃ عملی کا معنی ہے کسی کو بڑی نعمت دینا، نعمت کسی پر لاد دینا جیسے لَقَدْ مَنَّ اللّٰہُ۔ فَمَنَّ اللّٰہُ عَلَیْکُمْ۔ وَلَقَدْ مَنَنَّا۔ منۃ عملی کا استحقاق حقیقت میں اللہ کے سوا کسی کو نہیں ۲۔ منۃ قولی کا معنی ہے احسان جتانا۔ احسان رکھنا۔ احسان کر کے جتانا انسانی معاشرت میں برا شمار کیا جاتا ہے اور ہے بھی بُرا۔ مشہور مقولہ ہے اَلْمِنَّۃُ تَہْدِمُ الصَّنِیْعَۃَ احسان جتانا احسان کو ڈھا دیتا ہے، ہاں کفرانِ نعمت اور ناشکری کے وقت جائز ہے مشہور مثل ہے اِذَا کُفِرَتِ النِّعْمَۃُ حَسُنَتِ الْمِنَّۃُ جب نعمت کی ناشکری کی جائے تو احسان جتانا اچھا ہے۔

مَنٌّ مصدر (باب نصر) کسی کے ساتھ بھلائی کرنا۔ کبھی مَنٌّ کا معنی ہوتا ہے احسان بلا عوض جیسے فَاِمَّا مَنًّا یا بلا عوض آزاد کر دو۔ اسی معنی کا لحاظ کرتے ہوئے غالباً ضحاک نے غیر ممنون کا ترجمہ بغیر عمل کیا ہے۔ مَنٌّ کا معنی کم کرنا اور قطع کرنا بھی ہے۔ غیر ممنون کے مشہور ترجمہ میں یہی معنی ماخوذ ہے۔ مَمْنُوْنٌ زمانہ اور موت جو تعداد کو کم اور زندگی کو قطع کر دیتی ہے ایسی مالدار عورت کو بھی مَمْنُوْن کہا جاتا ہے جو شوہر پر اپنے مال کا احسان رکھے، مَنَّانٌ بڑی نعمت دینے والا مَنَّۃٌ توانائی، طاقت۔

مَنٌّ (اسم) شبنمی گوند جو وادی تیہ میں درختوں کے پتوں پر روز رات کو جم جاتا تھا۔ ترنجبین، مَنِیْنٌ گرد و غبار۔

مُمَانَنَۃٌ (مفاعلہ) کسی کی حاجت پوری کرنے میں تردد کرنا۔ تَمَنَّنٌ (تفعل) سست اور عاجز ہو جانا۔ اِمْتِنَانٌ (افتعال) نعمت دینا۔ $\frac{24}{15}$ $\frac{29}{3}$ $\frac{30}{20و9}$۔

مِنْ: حرفِ جر ہے، مختلف معانی کے لئے مستعمل ہے۔

۱۔ ابتدائیہ یہ معنی سے، اس معنی کے لئے مِنْ کا استعمال بکثرت ہے جیسے اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمَانَ اور مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ (اخفش، مبرد، ابن درستویہ، عام علماءِ کوفہ)

۲۔ تبعیضیہ، جیسے مِنْہُمْ مَنْ کَلَّمَ اللّٰہُ اور حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ۔

۳۔ بیانِ جنس کے لئے، یہ اکثر مَا یا مَہْمَا کے بعد آتا ہے جیسے مَا یَفْتَحِ اللّٰہُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَۃٍ اور مَا نَنْسَخْ مِنْ آیَۃٍ اور مَہْمَا تَاْتِنَا بِہٖ مِنْ

Presented by Ziaraat.Com

آیۃ۔ کبھی بغیر مَا اور مَہْمَا کے بھی آتا ہے جیسے یَحْتَلِمُوْنَ فِیْہَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَہَبٍ اور یَلْبَسُوْنَ ثِیَابًا خُضْرًا۔ مِنْ سُنْدُسٍ اور فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ اور وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْہُمْ اور اَلَّذِیْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰہِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ مَا اَصَابَہُمُ الْقَرْحُ اور لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوْا مِنْہُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِیْمٌ۔ بعض لوگوں کے نزدیک پہلی دونوں آیتوں میں مِنْ تَبْعِیْضِیَّہ ہے اور تیسری آیت میں ابتدائیہ۔ بعض علماء نے آخری تینوں آیات میں مِنْ کو تبعیضیہ کہا ہے لیکن صاحب مغنی اللبیب نے کہا ہے کہ بیانیہ ہے تبعیضیہ کہنا غلط ہے۔

۴ تعلیلیہ یعنی حکم کی علت اور سبب بیان کرنے کے لئے جیسے مِمَّا خَطِیْٓئَاتِہِمْ اُغْرِقُوْا۔

۵ بدلیہ بمعنی بجائے جیسے اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَۃِ یعنی بَدَلَ الْاٰخِرَۃِ اور لَجَعَلْنَا مِنْکُمْ مَلٰٓئِکَۃً فِی الْاَرْضِ یعنی بَدَلَکُمْ۔

۶ تجاوز کے لئے عَنْ کا مرادف، جیسے فَوَیْلٌ لِلْقَاسِیَۃِ قُلُوْبُہُمْ مِنْ ذِکْرِ اللّٰہِ، یعنی اللہ کی یاد کو چھوڑ کر جن کے دل سخت پڑ گئے ہیں ان کے لئے وَیْل ہے اور یَا وَیْلَنَا قَدْ کُنَّا فِیْ غَفْلَۃٍ مِنْ ہٰذَا یعنی ہائے اس کو چھوڑ کر ہم غفلت میں تھے۔

۷ بار کا مرادف جیسے یَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِیٍّ وہ دیکھیں گے چوری کی نگاہ سے (یونس)

۸ فِی کا مرادف جیسے اَرُوْنِیْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ مجھے دکھاؤ انہوں نے زمین میں کیا، پیدا کیا اور اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوۃِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَۃِ۔ جب جمعہ کے دن نماز کے لئے اذان دی جائے۔

۹ عِنْدَ کا مرادف جیسے لَنْ تُغْنِیَ عَنْہُمْ اَمْوَالُہُمْ وَلَآ اَوْلَادُہُمْ مِنَ اللّٰہِ شَیْئًا۔ یہ قول ابو عبیدہ کا ہے، عام علماء کے نزدیک اسجگہ مِنْ بدلیہ ہے۔

۱۰ عَلٰی کا مرادف جیسے وَنَصَرْنٰہُ مِنَ الْقَوْمِ یعنی عَلَی الْقَوْمِ۔

۱۱ ایک چیز کو دوسری چیز سے جدا کرنے کے لئے، یہ مِنْ دو متضاد چیزوں میں سے اول پر نہیں، دوسرے پر آتا ہے جیسے وَاللّٰہُ یَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ اور حَتّٰی یَمِیْزَ الْخَبِیْثَ مِنَ الطَّیِّبِ، یہ قول ابن مالک کا ہے ابن ہاشم کا قول ہے کہ بظاہر ان دونوں آیات میں مِنْ ابتداء

Presented by Ziaraat.Com

کے لئے ہے یا تجاوز کے لئے۔

۱۲ زائد، عموم کا معنی پیدا کرنے کے لئے یا تاکید عموم کے لئے جیسے مَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا اور مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفَاوُتٍ اور فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ اور مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ اور مَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اور مَا فَرَّطْنَا فِی الْكِتَابِ مِنْ شَیْءٍ اور وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِ الْمُرْسَلِیْنَ اور یَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ اور وَیُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَیِّاٰتِكُمْ ایک شاعر کہتا ہے ؎

وَمَهْمَا تَكُنْ عِنْدَ امْرِءٍ مِنْ خَلِیْقَةٍ
وَاِنْ خَالَهَا تَخْفٰی عَلَی النَّاسِ تُعْلَمِ

آدمی کی جو طبعی عادت ہوتی ہے وہ معلوم ہی ہو جاتی ہے اگرچہ وہ خیال کرتا ہو کہ اس کی عادت لوگوں سے مخفی رہیگی۔

۱۳ رُبَّمَا کا مرادف، یہ قول صرف بیرانی اور ابنِ خروف اور ابنِ طاہر کا ہے قرآنِ مجید میں اسکی کوئی مثال نہیں۔

۱۴ غایت کے لئے جیسے رَاَیْتُهٗ مِنْ ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ میں نے اس کو اس جگہ تک دیکھا۔ اس مثال میں مِنْ بمعنی اِلٰی ہے، یہ سیبویہ کا قول ہے، ابنِ مالک کے نزدیک تجاوز کے لئے اور ابنِ ہاشم صاحبِ مغنی اللبیب کے نزدیک ابتداء کے لئے ہے۔ قرآن میں اس کی کوئی مثال نہیں۔

چند غور طلب آیات کی تنقیح

كُلَّمَا اَرَادُوْٓا اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ میں اول مِنْ ابتدائیہ اور دوسرا تعلیلیہ ہے ارادوا کے متعلق۔

مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْ بَقْلِهَا میں دونوں جگہ ابتدائیہ ہے یا دوم بیانیہ۔

اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِیْنَ مِنْ دُوْنِ النِّسَآءِ میں ابتدائیہ یا بدلیہ۔

مَا یَوَدُّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ الخ میں اول بیانیہ دوسرا فائدہ تیسرا ابتدائیہ ہے

لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ میں اول ابتدائیہ اور دوسرا بیانیہ ہے۔

یَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ یُّكَذِّبُ میں بھی اول ابتدائیہ اور دوسرا بیانیہ ہے۔

نُوْدِیَ مِنْ شَاطِیِٔ الْوَادِ الْاَیْمَنِ فِی الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ دونوں جگہ ابتدائیہ

Presented by Ziaraat.Com

ہے اور ثانی اول سے بدل ہے۔

(یاد رکھو کہ مِنْ کا نون ساکن ہوتا ہے لیکن جب بعد والے لفظ سے ملایا جاتا ہے تو سکون فتحہ سے بدل جاتا ہے) ۱ر۲ر۳ر۴ر۶ر۷ر

۱ ۲
۸ر۹ر۱۰ر۱۱ر۱۲ر۱۳ر۱۴ر۱۵ر۱۶ ۱ر۲ر۳ر۴ر۵ر

۲
۶ر۷ر۸ر۹ر۱۰ر۱۱ر۱۲ر۱۳ر۱۴ر۱۵ر۱۶ر۱۷

۳ ۴
رکوع ۱ سے رکوع ۷ تک ہر رکوع میں رکوع ۱ سے

۴ ۵
رکوع ۱۵ تک ہر رکوع میں رکوع ۱ سے رکوع

۵ ۶
۱۸ تک صرف رکوع ۹ مستثنیٰ ہے رکوع اول سے

۶ ۷
پندرہویں تک ہر جگہ اسے ۱۹ تک ہر رکوع میں

۸ ۹
اسے ۱۸ تک ہر رکوع میں اسے ۱۸ تک صرف رکوع ۷ مستثنیٰ

۱۰ ۱۱ ۱۲
اسے ۱۸ تک اسے ۱۷ تک اسے ۱۰ تک

۱۳ ۱۴ ۱۵
اسے ۱۹ تک اسے ۲۲ تک اسے ۲۲ ہر رکوع میں

۱۵ ۱۶ ۱۷
صرف ۱۵ر۱۸ مستثنیٰ اسے ۱۷ تک اسے ۱۷ تک باستثناء ۱۲

۱۸ ۱۹ ۲۰ ۲۱
اسے ۸ تک اسے ۱۹ تک اسے ۱۶ تک اسے ۳ تک

۲۲ ۲۳ ۲۴ ۲۵
اسے ۱۹ تک اسے ۱۷ تک اسے ۲۰ تک اسے ۶ تک

۲۶ ۲۷ ۲۸ ۲۹
اسے ۸ تک الغایۃ ۲۰ الغایۃ ۲۰ الغایۃ ۲۱ باستثناء

۲۹ ۳۰
۱۳ر۱۵ر۱۷ اسے ۳۹ تک باستثناء ۳ر۴ر۶ر۷ر

۳۰
۹ر۱۲ر۱۴ر۱۶ر۱۸ر۱۹ر۲۰ر۲۴ر۲۵ر۲۶ر۲۷ر۲۸ر

۳۰
۲۹ر۳۲ر۳۳ر۳۴ر۳۵ر۳۷۔

مَنْ : اسم ہے مختلف طور پر مستعمل ہے۔

۱ شرطیہ، مَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا یُّجْزَ بِہٖ اگر کوئی برائی کریگا اس کو اسکی سزا ملے گی۔

۲ استفہامیہ یعنی سوالیہ مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ہم کو ہماری خوابگاہ سے کس نے اٹھادیا۔ فَمَنْ رَّبُّکُمَا تو تم دونوں کا رب کون ہے۔

۳ انکاریہ مَنْ یَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰہُ۔ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ اللہ کی اجازت کے بغیر کون ہے جو اسکے پاس سفارش کر سکے حقیقت میں یہ استفہام بمعنی انکار ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں مَنْ ذَا مرکب ہے مَا ذَا کیطرح یعنی ایک مرکب لفظ ہے، ثعلب نے امالی میں اور ابو البقاء نے اعراب میں انکار کیا ہے۔

۴ موصولہ جیسے اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ یَسْجُدُ لَہٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کیا تم کو نہیں معلوم کہ آسمان و زمین میں جو کوئی ہے وہ اللہ کو سجدہ کرتا ہے۔

۵ موصوفہ، مِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ اٰمَنَّا کچھ لوگ ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے۔ زمخشری نے کہا اگر النّاس پر الف لام عہدی کہا جائے تو مَنْ موصولہ ہے اور جنسی کہا جائے تو مَنْ موصوفہ ہے۔ بعض لوگوں کے نزدیک بہرحال

Presented by Ziaraat.Com

موصوفہ ہے، ایک شاعر کہتا ہے ؎

رُبَّ مَنْ اَنْضَجْتُ غَیْظًا قَلْبَہٗ
قَدْ تَمَنّٰی لِیَ الْمَوْتَ لَمْ یُطَعْ

ایسے بہت آدمی جن کے دل کو میں نے غصہ کی آگ سے پکا دیا انہوں نے میری موت کی تمنا کی مگر انکی خواہش پوری نہ ہوئی، حضرت حسّان کا شعر ہے ؎

فَکَفٰی بِنَا فَضْلًا عَلٰی مَنْ غَیْرُنَا
حُبُّ النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ اِیَّانَا

اللہ کے نبی محمد کا ہم سے محبت کرنا دوسروں پر ہماری برتری کے لئے کافی ہے

فرزدق کا قول ہے ؎

اِنِّیْ وَاِیَّاکَ اِذَا حَلَّتْ بِاَرْحُلِنَا
کَمَنْ بَوَادِیْہِ بَعْدَ الْمَحْلِ مَمْطُوْرُ

جب محبوبہ ہمارے پڑاؤ پر فروکش ہو جائے تو میری اور تیری مثال اس شخص جیسی ہے جس پر اس کے وادی کے اندر خشک سالی کے بعد بارش ہو گئی ہو۔

۱

دوسرے رکوع سے ۱۶ تک ہر رکوع میں ہے باستثنار ۳ ر

۱ — ۲
۵ ر ۶ ر ۷ و ۱۰ ر ۱۱ — الغایۃ ۱۷ باستثنار ۲ ر ۱۲ و ۱۵

۳ — ۴
اسے ۱۷ تک باستثنار ۳ ر ۹ ر ۱۵ — اسے ۱۳ تک باستثنار ۲ ر ۳

۵ — ۶
اسے ۱۹ تک باستثنار ۱۲ — اسے ۱۴ تک باستثنار ۲ ر ۳ ر ۶ ر ۸

۷
ملے سے ۱۹ تک باستثنار ۱ ر ۶ ر ۷ ر ۱۳ و ۱۵ ر ۱۸

۸
اسے ۱۸ تک باستثنار ۵ ر ۱۰ ر ۱۲ و ۱۳ ر ۱۴ ر ۱۵ ر ۱۶

۹ — ۱۰
۵ ر ۶ ر ۹ ر ۱۱ ر ۱۲ ر ۱۳ ر ۱۶ — ۱ ر ۳ ر ۴ ر ۶ ر ۸ ر ۹ ر ۱۰ و ۱۳ ر

۱۰ — ۱۱
۱۴ ر ۱۵ ر ۱۶ — پہلے سے لغایۃ ۱۶ باستثنار ۶ ر ۱۱

۱۲ — ۱۳
اسے ۱۳ تک باستثنار ۱ ر ۵ ر ۷ ر ۱۱ ر ۱۲ — الغایۃ ۱۸ باستثنار ۲ ر ۵ ر

۱۳ — ۱۴
۷ ر ۱۲ ر ۱۶ ر ۱۷ — الغایۃ ۲۲ باستثنار ۵ ر ۶ ر ۷ ر ۹ ر ۱۰ و

۱۴ — ۱۵
۱۲ ر ۱۳ ر ۱۴ ر ۱۷ ر ۱۸ — الغایۃ ۲۰ باستثنار ۱۳ ر ۱۵ ر ۱۷ و

۱۵ — ۱۶ — ۱۷
۸ ر ۹ — الغایۃ ۱۷ باستثنار ۱ و ۴ ر ۶ — الغایۃ ۱۵ باستثنار

۱۷ — ۱۸
۳ ر ۱۲ و ۱۴ — الغایۃ ۱۷ باستثنار ۱۳ ر ۷ ر ۸ و ۱۴ ر ۶

۱۹
الغایۃ ۱۹ باستثنار ۱ ر ۵ ر ۷ ر ۱۱ و ۱۲ ر ۱۳ ر ۱۴ و ۱۷

۲۰ — ۲۱
الغایۃ ۱۶ باستثنار ۴ ر ۵ ر ۱۵ — الغایۃ ۲۰ باستثنار

۲۱ — ۲۲
۵ ر ۹ ر ۱۳ ر ۱۴ ر ۱۶ ر ۱۷ — الغایۃ ۱۹ باستثنار ۴ ر ۵ ر ۷ و

۲۲ — ۲۳
۱۲ و ۱۳ و ۱۷ — الغایۃ ۱۷ باستثنار ۱ ر ۶ ر ۷ و ۸ ر ۱۰ ر ۱۱ ر ۱۲

۲۴
الغایۃ ۲۰ باستثنار ۳ ر ۵ ر ۷ ر ۱۱ و ۱۴ ر ۱۵ ر ۱۷ ر ۱۸

۲۵
الغایۃ ۱۹ باستثنار ۱۲ و ۱۳ و ۱۴ ر ۱۶ و ۱۷

۲۶
الغایۃ ۱۸ باستثنار ۲ ر ۳ ر ۴ ر ۵ ر ۷ ر ۱۲ ر ۱۳ ر ۱۵ ر ۱۶

۲۷
الغایۃ ۲۰ باستثنار ۲ ر ۳ و ۴ ر ۵ ر ۷ ر ۱۰ ر ۱۱ و ۱۴ ر ۱۵ ر ۱۶

۲۸ — ۲۹
الغایۃ ۱۹ باستثنار ۲ و ۵ ر ۶ ر ۱۲ — الغایۃ ۲۰ باستثنار

۲۹ — ۳۰
۶ ر ۸ ر ۹ ر ۱۴ ر ۱۸ ر ۱۹ — الغایۃ ۲۶ باستثنار ۱ ر ۷ ر ۸ ر ۱۰ و

۳۰
۱۱ و ۱۴ ر ۱۵ ر ۱۸ ر ۱۹ ر ۲۰ و ۲۱ ر ۲۲ ر ۲۳ ر ۲۵ ہر پارہ

Presented by Ziaraat.Com

کے آخری رکوع کا جو نمبر ہم نے درج کیا ہے اگر اس پارہ میں اس نمبر کے بعد کوئی مزید رکوع ہے تو اس کو مَنْ کے استعمال سے خالی سمجھا جائے جیسے پ ۳۰ میں رکوع ۲۶ کے بعد جتنے رکوع ہیں وہ خالی ہیں۔

(مَنْ کا نون ہمیشہ ساکن رہتا ہے لیکن اگر بعد والے لفظ سے ملا دیا گیا ہو سکون کسر سے بدل جاتا ہے) مَنْ کا استعمال ہمیشہ اہلِ نطق کے واسطے ہوتا ہے اگر غیر ناطق کو اہلِ نطق کے ساتھ شامل کر دیا گیا تو سب کے واسطے مَنْ مستعمل ہو سکتا ہے تنہا غیر ناطق کے لئے نہیں استعمال کیا جاتا، مَنْ افراد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے (کتب النحو والبلاغۃ)

اَلْمَنُّ: اسم، شبنمی گوند جو وادیٔ تیہ میں بھٹکنے والے اسرائیلیوں کے کھانے کے لئے اللہ روزانہ درختوں کے پتوں پر جما دیتا تھا۔ پ ۱ ع ۹ / ۱۶ (دیکھو مَنُّوْن)

مَنَّ: واحد مذکر غائب ماضی معروف، مَنٌّ مصدر باب نصر، بڑا احسان کیا۔ پ ۵ ع ۸ / ۱۰ / ۱۲ پ ۱۳ ع ۲۰ / ۱۱ / ۲۷ / ۳۔

مَنًّا: مصدر باب نصر پ ۳ ع ۴ احسان جتانا۔

احسان رکھنا پ ۲۶ ع ۵ بلا عوض بے قیدیوں کو آزاد کر دینا (دیکھو ممنون)

مِنَّا: مِنْ حرفِ جار، نا ضمیر جمع متکلم مجرور، ہم سے، ہماری طرف سے۔ پ ۱ ع ۱۵ / پ ۲ ع ۴ / پ ۶ ع ۱۳ / پ ۸ ع ۱۶ / پ ۹ ع ۴ / ۹ / پ ۱۲ ع ۲ / ۴ / ۵ / ۶ / ۸ / ۱۲ / پ ۱۳ ع ۲ / پ ۱۴ ع ۱۶ / پ ۱۶ ع ۵ / پ ۱۷ ع ۴ / ۷ / پ ۱۸ ع ۴ / پ ۲۲ ع ۸ / ۱۹ / پ ۲۳ ع ۲ / ۹ / ۱۳ / پ ۲۴ ع ۲ / ۱۹۔

مَنَاۃَ: اسم غیر مشتق پ ۲۷ ع ۵ مقام قُدَید میں قبیلہ خزاعہ کا ایک بت تھا جو عورت کی شکل پر تھا (قتادہ) قبیلہ خزاعہ اور ہذیل کا ایک بت تھا جسکو مکہ والے پوجتے تھے (ضحاک) ایک مندر یا کوٹھری مقام مشلل میں تھی جسکی پوجا بنی کعب کرتے تھے (ابنِ زید) حضرت عائشہ نے فرمایا (اسلام سے پہلے) انصار مناۃ کے لئے احرام باندھتے تھے جو قدید کے مقابل تھا بعض کا قول ہے لات عزّٰی اور مناۃ تینوں بت کعبہ کے اندر رکھے ہوئے تھے (بغوی)

اَلْمُنَادِ: اسم فاعل واحد مذکر، ندائٌ اور مُنَادَاۃٌ مصدر باب مفاعلہ، اصل میں اَلْمُنَادِیْ تھا، یاء کو بحالتِ رفع ساقط کر دیا گیا پکارنے والا۔ بلانے والا۔ پ ۲۶ ع ۱۷۔

نَدْءٌ مصدر ندائٌ اور مُنَادَاۃٌ مصدر باب

Presented by Ziaraat.Com

مفاعلۃ اصل میں اَلْمُنَادی تھا یاء کو بحالتِ رفع ساقط کر دیا گیا، پکارنیوالا، بلانیوالا۔ ۲۶/۱۷

نَدْوٌ مصدر نَدَا ماضی یَنْدُوْ مضارع (باب نصر) مجلس میں جمع ہونا۔ نَدِیٌّ مصدر نَدِیَ ماضی یَنْدَیٰ مضارع (باب نصر) تر ہونا گیلا ہونا۔ نَدًی (اسم) نمی۔ تری، نرم مٹی۔ نَدِیٌّ اور نَدْوَۃٌ مجلس، اَنْدَادٌ اور اَنْدِیَۃٌ جمع، نَدِیٌّ صفتِ مشبہ نمناک، سخی آدمی، نَدًی الصَّوْتِ تر زبان، بلند آواز۔ نَادِیَۃٌ حادثہ نَوَادِیْ جمع، مُنَادَاۃٌ (مفاعلۃ) بلانا، پکارنا۔ مجلس میں باہم جمع ہونا۔ نِدَاءٌ پکارنا، بے معنی ہو یا بامعنی۔ نِدَاءُ الصَّلٰوۃِ اذان۔ تَنَادِی (تفاعل) باہم جمع ہونا۔ ملکر بیٹھنا، ایکدوسرے کو بلانا منتدیٰ مجلس، اِنْتِدَاءٌ (افتعال) مجلس میں جمع ہونا، حاضر ہونا۔ (تاج وصحاح)

مُنَادِیًا: اسم فاعل منصوب، مُنَادَاۃٌ مصدر (باب مفاعلہ) پکارنیوالے اور بلانیوالے کو یعنی بلانیوالے اور پکارنیوالے کی دعوت اور پکار کو ۴/۱۱ (دیکھو المنادِ)

مَنَازِلَ: اسم ظرف جمع منتہی الجموع، مَنْزِلٌ واحد، نُزُوْلٌ مصدر، باب ضرب اترنے کے مقامات یعنی چاند کی منزلیں۔ ۳۶/۱۰ ۔ ۲۳/۲

نَزْلَۃٌ ایکبار اترنا۔ زکام۔ نُزُلٌ مجتمع آدمی آدمی، نُزُلٌ منزل، طعام مہمانی۔ زیادتی۔ برکت خوبی۔ پاکیزگی۔ کھیتی کی افزائش۔ نُزُلٌ منزل قرارگاہ۔ طعام مہمانی۔ بابرکت کھانا۔ سخاوت، کھیتی کی بڑھوتری، عمدگی۔ اترنیوالا گروہ۔ نَزَلٌ بارش۔ پاکیزگی۔ برکت۔ زیادتی۔ نَزِلٌ فرودگاہ پڑاؤ۔ نَزِلَۃٌ سخت اور صاف زمین جہاں سے تھوڑی بارش سے بھی پانی کی رو چل جائے۔ نَزِیْلٌ بابرکت کھانا۔ آنیوالا مہمان۔ نِزَالَۃٌ سفر۔ نُزَالَۃٌ ٹپکنے والا پانی۔ نَازِلَۃٌ سخت مصیبت، مَنْزِلَۃٌ اترنیکی جگہ۔ مرتبہ عزت۔ نُزُوْلٌ اور مَنْزِلٌ (مصدر باب ضرب) اترنا منیٰ میں اترنا۔ سفر کرنا۔ نَزَلٌ (مصدر باب سمع) کھیتی کا بڑھنا۔ زمین کا سخت اور صاف ہونا۔ مُنْزَلٌ مصدر میمی (باب افعال) اتارنا اور اسم مفعول (باب افعال) اتارا ہوا۔ اِنْزَالٌ اتارنا نیچے کو بھیجنا۔ تَنْزِیْلٌ (تفعیل) رفتہ رفتہ، تھوڑا تھوڑا اتارنا۔ تَنَزُّلٌ (تفعل) اترنا۔ اگر شر، کذب اور شیاطین وغیرہ کے اترنیکو ظاہر کرنا ہوگا تو صرف لفظ تنزل استعمال کیا جائیگا اور خیر، صدق، ملائکہ، قرآن وغیرہ کے

Presented by Ziaraat.Com

نزول کے لئے لفظِ نزول اور تنزل دونوں مستعمل ہیں لیکن اللہ کے لئے نزل مستعمل ہے نہ تنزل (راغب) مُنَازَلَۃٌ اور نِزَالٌ (مفاعلۃ) دو آدمیوں یا دو گروہوں کا لڑنے کے لئے میدان یا دنگل میں اترنا۔ اِسْتِنْزَالٌ (استفعال) اترنا۔ اتارنا۔ اپنے مرتبہ سے نیچے گرنا۔ اترنے کی خواہش کرنا۔ (قاموس و تاج)

مَنَاسِکَنَا: اسم ظرف جمع مضاف نَسِکٌ واحد، نا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ، ہمارے حج اور عبادت کے طریقے۔ ۱/۱۵۔

نُسُکٌ عبادت، پرستش۔ نُسُکٌ مانوس جگہ۔ نُسُکٌ اور نُسْکٌ قربانی۔ نَسِیکٌ سونا، چاندی۔ نَسِیکَۃٌ قربانی۔ نَاسِکٌ عابد۔ دین کے راستے پر چلنے والا۔ نُسَّاکٌ جمع نَاسِکٌ قربانی کی جگہ۔ دین کا راستہ۔ عبادت کا طریقہ، حج کا طریقہ۔ مَنَاسِک جمع۔ تَنَسُّکٌ (مصدر) عبادت کرنا۔

مَنَاسِکَکُمْ: مناسک جمع مضاف کُمْ ضمیر جمع مخاطب مضاف الیہ۔ تمہاری عبادت کے طریقے۔ ۲/۹ (قاموس)

نُسُکٌ مصدر عبادت اور عبادت کرنا اب کَرُمَ و نَصَرَ۔ (تاج)

مَنَاصٍ: مصدر میمی مجرور باب نَصَرَ بھاگنا۔ پناہ لینا۔ ۲۳/۱۰ مَنَاصٌ اسم ظرف بھی ہے پناہ گاہ۔ جائے فرار۔ (قاموس) نَاصٌ سر اٹھا کر بھاگنے والا۔ نَوْصٌ خرگوش، نُوُوصٌ توانائی جنبش۔ نَوْصٌ اور نِیَاصَۃٌ مصدر (باب نَصَرَ) ہلنا۔ ایک طرف ہو جانا۔ اٹھنا۔ پناہ لینا۔ پیچھے ہٹ جانا۔ بھاگنا۔

اِنَاصَۃٌ (افعال) ارادہ کرنا۔ مُنَاوَصَۃٌ (مفاعلۃ) میدان میں دو حریفوں کی باہم کشتی۔

مَنَّاعٍ: صیغہ مبالغہ۔ مَنْعٌ مصدر۔ باب فتح ۲۶/۱۶ نیکی سے روکنے والا ۲۹/۳ مال روک کر رکھنے والا۔ بخیل۔ (دیکھو مَانِعِیْنَ)

مَنَافِعُ: اسم جمع منتہی الجموع مرفوع، مَنْفَعَۃٌ واحد، فائدے ۲/۱۱ ۱۴/۷ ۱۸/۱ ۲۳/۴ ۲۴/۱۴ ۲۷/۱۹۔

مَنْفَعَۃٌ، نَفِیْعَۃٌ، نَفَاعٌ فائدہ نَفْعٌ فائدہ دینا۔ فائدہ ہونا۔ فائدہ (باب فتح) نَفُوْعٌ اور نَفَّاعٌ اسم مبالغہ بہت فائدہ بخش۔ نَفِیْعَۃٌ لاٹھی اِنْتِفَاعٌ (افعال) لاٹھیوں کی تجارت کرنا۔ اِنْتِفَاعٌ (افتعال) فائدہ حاصل کرنا (تاج و صحاح)

مَنَافِعَ: اسم جمع منصوب، منفعۃ و عد

فائدے یعنی فائدہ کی چیزیں فائدہ کے کام۔ ۱۷/۱۱۔

اَلْمُنَافِقَاتُ: اسم فاعل جمع مؤنث، اَلْمُنَافِقَةُ واحد، دو رُخی کرنیوالیاں یعنی زبان و عمل سے بظاہر مسلمان اور دل سے اسلام کے خلاف عقیدہ رکھنے والیاں۔ ۱۵/۱۰ ۲۷/۱۸۔

نَافِقَاءٌ اور نُفَقَةٌ گوہ کا بھٹ جس کے کم از کم دو منہ ہوتے ہیں ایک دہانے سے گوہ داخل ہوتی ہے اور شکاری اس سوراخ کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو دوسرے سوراخ سے باہر نکلجاتی ہے (تبریزی) نفاق اور منافقت اصطلاحِ قرآنی میں اسی دو رُخی کا نام ہے، بظاہر زبان سے آدمی مؤمن ہونیکا اقرار کرتا ہے اور دکھاوٹ کی نمازیں بھی پڑھتا ہے لیکن دل میں کافر رہتا ہے اسلام کے خلاف عقیدہ رکھتا ہے ایسے آدمی کو عرفِ شریعت میں منافق کہا جاتا ہے لیکن اگر عقیدۂ مومنانہ ہو اور عمل کافرانہ تو دو رخی کی یہ بھی ایک شکل ہوتی ہے ایک دروازہ سے آدمی اسلام کے دائرہ میں داخل ہوتا ہے دوسرے راستہ سے خارج ہوتا ہوا نظر آتا ہے لیکن قرآنی اصطلاح میں ایسے آدمی کو منافق نہیں کہا جاتا بلکہ فاسق اور عاصی کہا جاتا ہے۔ (شرح عقائد نسفی)

نَفَقٌ کوچۂ نافذہ یعنی آر پار ہونے والا کوچہ جس کے دونوں دہانے کھلے ہوئے ہیں اسی لئے اس سرنگ کو بھی نَفَقٌ کہتے ہیں جس کے دونوں منہ کھلے ہوں۔ (المفردات)

نَفِقَ الشَّيْءُ وہ چیز چلی گئی، جاتی رہی، کسی چیز کے چلے جانیکی مختلف صورتیں ہیں۔ ۱ ختم ہو جانا کچھ باقی نہ رہنا جیسے نَفِقَتِ الدَّرَاهِمُ روپیہ سب خرچ ہو گیا، سب چلا گیا، کچھ باقی نہیں رہا۔ اس کا مصدر نَفَقٌ اور باب سَمِعَ ہے ۲ مر جانا جیسے نَفِقَتِ الدَّابَّةُ گھوڑا مر گیا۔ اس کا مصدر نُفُوقٌ اور باب نَصَرَ ہے ۳ چیزوں کا خوب لین دین ہونا، خوب مال بکنا۔ بازار کا پُر رونق ہو جانا جس میں اشیاء کا خوب تبادلہ ہو رہا ہو جیسے نَفَقَ الْقَوْمُ اس قوم کا بازار خوب پر رونق ہو گیا، دکان چل گئی۔ اس کا مصدر نَفَاقٌ اور باب نَصَرَ ہے (المفردات)

نَفَقَةٌ خرچ، خرچ کی جانیوالی چیز۔ اِنْفَاقٌ (باب افعال) خرچ کرنا۔ فقیر ہو جانا۔ سب مال ختم ہو جانا۔ (دیکھو اِنْفَاقٌ)

اَلْمُنَافِقَاتِ: جمع مؤنث اسم فاعل مُنَافَقَةٌ اور نِفَاقٌ مصدر (باب مفاعلۃ) منافق

عورتیں۔ ۱۰/۱۵ ۲۲/۶ ۲۶/۹۔

اَلْمُنَافِقُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع معرف باللام۔ اَلْمُنَافِقُ واحد نفاق کرنے والے مرد۔ ۱۰/۳ و ۱۴/۱۵ ۲۱/۱۸ ۲۲/۵ ۲۷/۱۸ ۲۸/۱۳۔

مُنَافِقُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع نکرہ۔ منافق واحد۔ نفاق کرنیوالے ۱۱/۲۔

اَلْمُنَافِقِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب و مجرور، اَلْمُنَافِقُ واحد، نفاق کرنیوالے۔ ۵/۶ و ۹/۱۷ ۵/۱۸ ۱۰/۱۵ و ۱۶ ۲۰/۱۳ ۲۱/۱۷ و ۱۹ ۲۶/۹ ۲۸/۱۳ و ۲۰۔

مَنَاكِبِهَا: جمع منتہی الجموع مضاف، ہا ضمیر واحد مؤنث مضاف الیہ۔ مَنْكِبٌ واحد اس کے اطراف و جوانب۔ ۲۹/۲ مَنْكِبٌ کا اصل معنی ہے جانب، طرف اسی لئے آدمی کے مونڈھے کو بھی منکب کہا جاتا ہے (معالم التنزیل) نَكْبٌ اور نُكُوْبٌ (نصر و سمع) پھر جانا۔ مڑ جانا۔ نُكُوْبٌ (سمع) لنگڑا ہو جانا۔ نُكُوْبٌ (فتح) قبول کرنا۔ اختیار کرنا۔ نِكَايَةٌ، نُكْبَةٌ، نَكْبٌ (فتح) قوم کا سردار اور معتمد ہو جانا۔ پانی کے برتن اور تیردان کو الٹ دینا۔ رنج اور سختی پہنچانا۔ نُكْبَةٌ رنج، سختی مصیبت۔ نَكَبَاتٌ جمع اَنْكَبُ بے کمال آدمی ظالم۔ تھکا ہوا اونٹ۔ مَنْكِبٌ بازو۔ مونڈھا۔ قوم کا سردار، مددگار۔ اونچی زمین۔ تَنْكِيْبٌ (تفعیل) پھر جانا۔ پھیر دینا، راستہ سے ہٹ جانا، ہٹا دینا۔ تَنَكُّبٌ (تفعل) کنارہ کو ہٹ جانا۔ اِنْتِكَابٌ (افتعال) رنج اور سختی میں پڑ جانا۔ (المفردات و تاج و اقرب الموارد)

اَلْمَنَامِ: اسم، خواب ۲۳/۷۔ نَوْمٌ، نِيَامٌ، مَنَامٌ نَوَامٌ (اسم) خواب۔ نیند۔ نِيْمٌ لباس، خواب نِيْمَةٌ سونیکی ہیئت۔ نَوُوْمٌ سونے والا۔ نَائِمٌ سویا ہوا۔ نُوْمٌ اور نُوْمَةٌ بہت سونیوالا۔ نَوْمَةٌ اور نُوَيْمٌ گمنام۔ بے اعتبار، نادان۔ کند ذہن نِيَامٌ، نُوَّمٌ، نِيَامٌ چاروں نَائِمٌ کی جمع کے صیغے ہیں۔ مَنَامٌ (ظرف) خوابگاہ۔ مَنَامَةٌ خواب گاہ لباسِ خواب۔ بستر۔ دکان۔

نَوْمٌ (مصدر باب نصر) سونا۔ کسی چیز کا سونا ہو جانا۔ ہوا کا ٹھہر جانا۔ آگ کا بجھ جانا۔ دریا کا رُک جانا۔ بازار کا مندا ہو جانا۔ کپڑے کا پرانا ہو جانا۔ آرام لینا۔ قرار پکڑنا۔ اللہ کے سامنے عاجزی کرنا۔ نَوْمٌ اور نِيَامٌ (مصدر باب سمع) سو جانا۔ اِنَامَةٌ (باب افعال) سلا دینا۔ توڑ دینا۔ شکست دینا۔ مار ڈالنا۔ تَنْوِيْمٌ (تفعیل) سلا دینا۔ تَنَوُّمٌ (تفعل) نیند لے لینا۔ تَنَاوُمٌ

Presented by Ziaraat.Com

سوتا بخانا۔ مُنْتَشِرًا: نشیبی زمین جہاں پانی کھڑا ہو جائے۔

مَنَامِكَ: منام اسم مضاف مجرور لئے خطاب مضاف الیہ۔ تیری خواب، تیری نیند۔ ۱۰/۱ (دیکھو المنام)

مَنَامُكُمْ: مضاف مجرور، مضاف الیہ۔ اسکی نیند کے وقت، سوتے ہیں۔ ۲۴/۳۰ (دیکھو المنام)

مُنْبَثًّا: اسم فاعل واحد مذکر، اصل میں مُنْبَثِثٌ تھا یا اسم مفعول، اصل میں مُنْبَثِثٌ تھا، پراگندہ، منتشر، پھیلا ہوا۔ اڑتا ہوا۔ ۲۷/۱۴ (دیکھو بث، بثی، المبثوث)

مُنْتَشِرٌ: اسم فاعل واحد مذکر، اِنْتِشَارٌ مصدر باب افتعال، نَشْرٌ مادہ، پراگندہ۔ پھیلا ہوا۔ ۲۷/۸

مُنْتَصِرٌ: اسم فاعل واحد مذکر مرفوع اِنْتِصَارٌ مصدر، باب افتعال لفظی ترجمہ بدلہ لینے والا۔ مراد مضبوط، طاقتور۔ ۲۷/۱۰۔

مُنْتَصِرًا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب، اِنْتِصَارٌ مصدر، بدلہ لینے والا۔ غالب۔ ۱۵/۱۷۔

مُنْتَصِرِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب نکرہ۔ مُنْتَصِرٌ واحد، اِنْتِصَارٌ مصدر، بدلہ لینے والے۔ ۲۷/۱

اَلْمُنْتَصِرِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور معرفہ اَلْمُنْتَصِرُ واحد بدلہ لینے والے، بدلہ پانیوالے۔ ۲۰/۱۱ (دیکھو الانصار اور انصروا)

مُنْتَظِرُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع انتظارٌ مصدر، نظر مادہ، باب افتعال، انتظار کرنیوالے۔ انجام کو تکنے والے۔ ۱۲/۱۰ ۲۱/۱۶ (دیکھو اِنْتَظِرْ۔ اِنْتَظِرُوْا۔ اُنْظُرْ)

اَلْمُنْتَظِرِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور، انتظار کرنیوالے، امید رکھنے والے، انجام کو تکنے والے ۸/۷ ۱۲/۱۰ ۲۱/۱۶ (دیکھو حوالہ مذکورہ)

مُنْتَقِمُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، اِنْتِقَامٌ مصدر، باب افتعال، بدلہ میں سزا دینے والے ۲۱/۱۵ ۱۰ ر ۲۵/۱۴۔

لِقْمٌ: سزا۔ عذاب نَقِمٌ جمع، نِقْمٌ اور نَقَمٌ (اسم) درمیانی راہ۔ نَاقِمٌ: سزا دینے والا غصہ کرنیوالا۔ ناپسند کرنیوالا۔ نَقْمٌ (مصدر) باب ضرب و سمع سزا دینا۔ غصہ کرنا۔ ناپسند کرنا۔ جلدی کھانا۔ اِنْتِقَامٌ غصہ کرنا۔ سزا دینا۔ (قاموس مفردات)

مُنْتَهُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، اِنْتِهَاءٌ مصدر، باب افتعال۔ اصل میں مُنْتَهِيُوْنَ تھا، باز رہنے والے۔ رُک جانیوالے۔ ۷/۲

نَہْیٌ روکنا (فتح) قولاً ہو یا عملاً پھر عملاً روکنا اپنے کو یا دوسرے کو، نہار النہار دن چڑھے، نُہُوْرٌ نِہَایَۃٌ (کرم) بہت عقلمند ہوگیا۔ نِہْیٌ تالاب یا حوض جس میں پانی رکا ہوا ہو۔ نُہْیَۃٌ عقل برائی سے روکنے والی (دیکھو اِنْتَہَوْا اور اِنْتَہُوْا)

اَلْمُنْتَہٰی : اسم، ظرفِ مکان، آخری حد۔ ۲۷/۵ مصدر میمی، آخر پہنچنا ۲۷/۵۔

مُنْتَہَاھَا : منتہیٰ اسم، ظرفِ زمان، مضاف ھَا مضاف الیہ، اس کا آخری وقت یا ظرفِ مکان۔ اسکی آخری حد۔ ۳۰/۴۔

علامہ بغوی نے کہا یعنی اس کے علم کی آخری حد۔ (معالم)

مَنْثُوْرًا : اسم مفعول واحد۔ نَثْرٌ مصدر (نصر وضرب) بکھیرا ہوا، غیر منظوم، ۱۹/۱ ۲۹/۱۹ نَثْرٌ پراگندہ، نَثَارٌ اور نَثَارَۃٌ جھڑن۔ وہ چیز جو دسترخوان وغیرہ سے جھڑ کر نیچے گر جاتی ہے مِنْثَرٌ بہت باتونی آدمی۔ نَثْرٌ مصدر (نصر) بہت باتیں کرنا۔ کثیر الاولاد ہونا، ناک جھاڑنا۔ مِنْثَرٌ سست آدمی، تَنَثُّرٌ (تفعل) پراگندہ ہونا (تاج وصحاح)

مُنَجُّوْ : اسم فاعل جمع مذکر، مُنَجِّی واحد، تَنْجِیَۃٌ مصدر (تفعیل) اصل میں مُنَجِّیُوْنَ تھا، نون کو اضافت کی وجہ سے اور یا کو ثقل کی وجہ سے ساقط کر دیا بچانیوالے۔ ۱۴/۴ ۲۰/۱۶۔ (دیکھو انجاکم۔ انجانا۔ اَنْجَیْتَنَا)

اَلْمُنْخَنِقَۃُ : اسم فاعل واحد مؤنث، اِنْخِنَاقٌ مصدر باب انفعال، گلا گھونٹ کر مارا ہوا۔ ۶/۵ خَنْقٌ مصدر مجرد (نصر) گلا گھونٹنا۔ اِنْخِنَاقٌ (انفعال) اور اِخْتِنَاقٌ (افتعال) گلا گھونٹا جانا خَنَاقٌ وہ گلٹی یا ورم جو حلق میں پیدا ہو کر سانس کو گھونٹ دیتا ہے۔

مُنْذِرٌ : اسم فاعل واحد مذکر نکرہ۔ اِنْذَارٌ مصدر (افعال) ڈرانیوالا۔ ہر پیغمبر عذابِ الٰہی سے سرکشوں اور نافرمانوں کو ڈراتا ہے اسلئے ہر پیغمبر کو منذر کہا جاتا ہے اور چونکہ ہر پیغمبر کے ڈرانے کا اصل مقصد ہدایت کرنا ہوتا ہے اس لئے بعض ترجمہ کرنیوالوں نے منذر کا ترجمہ ہادی بھی کیا ہے۔ ۱۳/۷ ۲۳/۱۴ ۱۰/۱۵ ۲۶/۱۵۔

نَذْرٌ منت۔ نُذُرٌ (اسم مفرد) زخم کی دیت نَذَارَۃٌ نُذْرٰی اور نُذُرٌ (بصورتِ اسم مصدر) خوف۔ نَذِیْرٌ صفت مشبہ، نُذُرٌ جمع، ڈرانیوالا۔

Presented by Ziaraat.Com

(اگر بمعنی فاعل ہو) ڈرایا گیا (اگر بمعنی مفعول ہو) ڈرنا (اگر بمعنی مصدر ہو) نَذِیرٌ یعنی ڈرانے والا آدمی ہی کے ساتھ مخصوص نہیں ہے کوئی آدمی ہو یا غیبی حادثہ یا کوئی ناگہانی مصیبت، ہر ایک قرآنی استعمال میں نذیر ہے، نَذِیرَۃٌ منت کی چیز چڑھاوا وہ بچہ جسکو اس کے والدین کسی عبادت خانہ کے لئے وقف کردیں۔

نَذْرٌ (مصدر باب نصر) ڈرانا منت ماننا آخری معنی میں۔ ضَرَبَ سے بھی آیا ہے۔ نَذْرٌ (باب سمع) جاننے کے بعد پرہیز کرنا۔ اِنْذَارٌ آگاہ کرنا، ڈرانا۔ اِنْتِذَارٌ (افعال) منت ماننا۔

مُنْذِرُ: اسم فاعل واحد مذکر مضاف۔ ڈرنے والا۔ ۳۰/۴۔

مُنْذِرُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع مُنْذِرٌ واحد، ڈرانیوالے یعنی پیغمبر۔ ۱۹/۱۵۔

مُنْذِرِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب۔ مُنْذِرٌ واحد، ڈرانیوالے یعنی پیغمبر ۲/۱۰ ۶/۳ ۷/۱۱ ۱۵/۲۰ ۲۳/۶ ۲۵/۱۴ ۲۶/۴۔

اَلْمُنْذِرِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر معرفہ مجرور۔ اَلْمُنْذِرُ واحد، ڈرانیوالے یعنی پیغمبر ۱۹/۱۵ ۲۰/۳۔

اَلْمُنْذَرِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مجرور، ڈرائے گئے، وہ لوگ جنکو سرکشی اور نافرمانی کی سزا سے ڈرایا گیا۔ ۱۱/۱۳ ۱۹/۱۳ ۲۳/۶۔

مُنَزَّلٌ: اسم مفعول واحد مذکر، تَنْزِیْلٌ مصدر (تفعیل) اتارا گیا۔ بھیجا گیا ۸/۱ (دیکھو مَنَازِلَ)

مُنْزَلًا: مصدر مجہول، اتارا جانا یا ظرف مکان اترنے کی جگہ بصورت ظرفیت یا کشتی مراد ہوگی یا کشتی سے اترنے کے بعد زمین۔ ۱۸/۲

مُنْزِلُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع نکرہ۔ اِنْزَالٌ مصدر باب افعال، اتارنیوالے۔ ۲۰/۱۶

اَلْمُنْزِلُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع معرفہ اِنْزَالٌ مصدر، باب افعال، اتارنیوالے یعنی برسانے والے۔ ۲۷/۱۵۔

مُنْزِلُهَا: اسم فاعل واحد مذکر مضاف ھا ضمیر مضاف الیہ، تَنْزِیْلٌ مصدر، اس کو اتارنے والا۔ یعنی اتاروں گا (اسم فاعل بمعنی مستقبل) ۷/۵۔

اَلْمُنْزِلِیْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور معرفہ اِنْزَالٌ مصدر، اتارنیوالے یعنی مہمان کو ٹھیرانیوالے۔ چونکہ عموماً دور کا مسافر سواری میں آتا ہے اور میزبان اگر اسکو اتارتا ہے اسلئے مُنْزِلٌ (اتارنیوالا) میزبان ہوگیا۔ ۱۳/۲ ۱۸/۲۔

مُنْزَلِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر منصوب،

Presented by Ziaraat.Com

باب افعال، اتارے گئے، اوپر سے بھیجے گئے، ۴/۴ (مُنَزَّل سے مُنْزِلِیْن تک کی تنقیح کیلئے دیکھو مَنَازِل)

مِنْسَاتَہٗ: مِنْسَاۃٌ اسمِ آلہ، مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ۔ اس کی لاٹھی کو۔ ۲۲/۸

نَسِیٌّ (اسم) بیہوش کر دینے والی شراب، پانی ملا ہوا دودھ، نَسِیٌّ خوش گفتار۔ عورتوں کا دلدادہ۔ نُسَاءٌ تاخیر نَسِیٌّ تاخیر، ادھار بیچنا ماہِ صفر جس میں کسی سال اہلِ جاہلیت بجائے محرم کے قتل و قتال کو حرام قرار دے کر محرم میں جنگ و جدال کو جائز بنا لیتے تھے نَسِیْئَۃٌ تاخیر، ادھار، نَسَاءٌ درازیٔ عمر، نَاسِئٌ فربہ مِنْسَاءٌ اور مِنْسَاۃٌ ہنکانے کا آلہ یعنی لاٹھی ڈنڈا۔ نَسْیٌ (مصدر باب فتح) آواز دینا۔ ہنکانا۔ نگہبانی کرنا۔ ادھار بیچنا۔ مہلت دینا۔ مؤخر کر دینا۔ پیچھے ڈال دینا۔ اِنْسَاءٌ مصدر باب افعال، مہلت دینا، ادھار بیچنا۔ مؤخر کر دینا پیچھے ڈال دینا۔ تَنْسِئَۃٌ (باب تفعیل) ہنکانا۔ اِنْتِسَاءٌ (افتعال) دور چلا جانا۔ دور ہو جانا۔ پیچھے رہ جانا۔ (تاج العروس و تاج المصادر)

مَنْسَكًا: بفتح سین مصدر میمی قربانی کرنا اور بکسرِ میم قربانی کی جگہ اور شریعت ۱۷/۱۳ میں قربانی کرنا یا قربانی کی جگہ مراد ہے اور ۱۷/۱۹ میں شریعت یا عبادت کا طریقہ (دیکھو مَنَاسِکُنَا)

مَنْسِیًّا: اسم مفعول واحد مذکر نَسْیٌ نِسْیَانٌ نَسَاوَۃٌ نُسُوَّۃٌ مصدر ہیں (باب سمع) بھولی بسری فراموش کردہ، لوگوں کی یاد سے بھی غائب (معالم)

نَسْیٌ فراموش کردہ یا بھول جانے کے قابل، نَسِیٌّ بہت بھولنے والا اور بھولا بسرا، ناقابلِ شمار۔ نَاسِیٌ بھولنے والا۔ نِسْیَانٌ جس پر بھول غالب ہو۔ اِنْسَاءٌ کسی کی یاد سے کسی بات کو فراموش کرا دینا۔ نِسْوَۃٌ نِسَاءٌ نِسْوَانٌ نِسْوَنٌ عورتیں ان چاروں کا واحد اِمْرَأَۃٌ ہے (تاج)

اَلْمُنْشَاتُ: اسم مفعول جمع مؤنث اَلْمُنْشَأَۃُ واحد اِنْشَاءٌ مصدر باب افعال، سطحِ سمندر سے اونچی کی ہوئی کشتیاں یا وہ کشتیاں جن کے بادبان اونچے ہوتے ہیں یا پیدا کی ہوئی کشتیاں ۲۷/۱۱ نَشْءٌ اونچا ابر۔ سب سے پہلے نمودار ہونیوالا ابر کا ٹکڑا۔ نَشْأَۃٌ اور نَشَاءَۃٌ پیدائش نَشِیْئَۃٌ اور نَاشِئَۃٌ سونے کے بعد اٹھنا، نَاشِئٌ وہ بچہ جو بچپن کی حد سے گزر چکا ہو۔

نَشْءٌ۔ نَشْأَۃٌ۔ نُشُوْءٌ، نُشُوْرٌ مصدر ہیں (باب فتح و کرم) پیدا ہونا۔ زندہ ہونا جوان

Presented by Ziaraat.Com

ہونا، اِنْشَارٌ (افعال) پیدا کرنا۔ پرورش کرنا۔ اوپر کو ابھارنا۔ (قاموس و مجد)

مُنْشَرَةً: اسم مفعول واحد مؤنث۔ تَنْشِیْرٌ مصدر (باب تفعیل) کھلی ہوئی، پھیلی ہوئی۔ ۲۹/۱۶۔

مُنْشَرِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر منصوب، مُنْشَرٌ واحد، اِنْشَارٌ مصدر (باب افعال) اٹھائے گئے، زندہ کئے گئے یعنی دوبارہ زندہ کر کے قبروں سے اٹھائے گئے۔ (جلالین) ۲۵/۱۵۔

مَنْشُوْرٍ: اسم مفعول واحد مذکر مجرور، نَشْرٌ مصدر (باب نصر) کھلا ہوا یعنی قرآن یا توریت (کبیر) ۲۷/۳۔

مَنْشُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر منصوب نَشْرٌ سے۔ کھلا ہوا (ترجمہ مولانا اشرفعلی) ۱۵/۲ (چاروں الفاظ کے دیکھو اَنْشَرَ اور انشرنا)

اَلْمُنْشِئُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، اَلْمُنْشِئُ واحد، اِنْشَاءٌ مصدر، پیدا کرنیوالے۔ ۲۷/۱۵ (دیکھو اَلْمُنْشَآت)

مَنْصُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر۔ نَصْرٌ مصدر (باب نصر) مدد کیا گیا۔ ۱۵/۴ (دیکھو الانصار اور انصر)

اَلْمَنْصُوْرُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع مدد کئے گئے یعنی غالب ۲۳/۹ (دیکھو الانصار اور انصر)

مَنْضُوْدٍ: اسم مفعول واحد مذکر تہ بر تہ، (ترجمہ تھانوی) ۱۳/۵۶ ۲۸/۱۴۔

نَضْدٌ مصدر، طے کیا ہوا سامان، منتخب سامان، آبائی بزرگی، بزرگ۔ اَنْضَادٌ جمع۔

نَضْدٌ مصدر (باب ضرب) تہ بر تہ کرنا۔ نَضِیْدٌ تہ بر تہ، نَضِیْدَةٌ تکیہ، نُضُوْدٌ موٹی اونٹنی، منضود بمعنی نضید۔

مَنْطِقَ: اسم، باب ضرب۔ بات بولی، آوازوں کی سمجھ (جلالین) ۱۹/۱۷۔

نُطْقٌ۔ نُطُوْقٌ۔ مَنْطِقٌ مصدر (ضرب) بولنا۔ مَنْطِقٌ (اسم) باب۔ بولی۔ اِنْطَاقٌ (افعال) گویا بنا دینا۔ بات میں دخل دینا۔ مُنَاطَقَةٌ (مفاعلة) باہم گفتگو۔ اِسْتِنْطَاقٌ (استفعال) گویا کر دینا۔ باہم بات کرنا۔ بات کرنیکی خواہش کرنا۔

مُنْظَرُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مرفوع۔ مُنْظَرٌ واحد، اِنْظَارٌ مصدر باب افعال، مہلت دئے ہوئے ۱۹/۱۵ (دیکھو انظر)

Presented by Ziaraat.Com

اَلْمُنْظَرِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مجرور معرفہ اَلْمُنْظَرُ واحد، مہلت دیئے ہوئے۔ مہلت یافتہ ۷/۹ ۱۴/۳ ۲۳/۱۴ (دیکھو انصر)

مُنْظَرِيْنَ: اسم مفعول جمع مذکر منصوب نکرہ مُنْظَرٌ واحد، مہلت یافتہ۔ مہلت دیئے گئے ۱۴/۱ ۲۵/۱۴ (دیکھو اَنْظِرْنِیْ)

مَنَعَ: واحد مذکر غائب ماضی معروف مَنْعٌ مصدر (فتح) اس نے روکا۔ ۱/۱۴ ۱۵/۲۰/۱۱ (دیکھو مانعتہم)

مُنِعَ: واحد مذکر غائب ماضی مجہول مَنْعٌ مصدر (فتح) اس نے روکا۔ ۱۳/۲ (دیکھو مانعتہم)

مَنَعَكَ: مَنَعَ فعل ماضی واحد غائب کَ مفعول تجھ کو (کس نے) روکا۔ ۸/۹ ۱۶/۱۴ ۲۳/۱۴ (دیکھو مانعتہم)

مَنَعَنَا: منع فعل ماضی واحد غائب نَا مفعول ہم کو روکا۔ ۱۵/۶ (دیکھو مانعتہم)

مَنَعَهُمْ: مَنَعَ فعل ماضی واحد غائب ھُمْ مفعول ان کو روکا۔ ۲/۱۳ (دیکھو مانعتہم)

مُنْفَطِرٌ: اسم فاعل واحد مذکر۔ اِنْفِطَارٌ مصدر، باب انفعال۔ پھٹ جانیوالا یعنی پھٹ جائیگا (اسم فاعل بمعنی مستقبل) ۲۹/۱۳ (دیکھو فاطر)

اَلْمُنْفِقِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، اَلْمُنْفِقُ واحد اِنْفَاقٌ مصدر، راہِ خدا میں خرچ کرنیوالے ۳/۱ (دیکھو المنافقات)

مُنْفَكِّيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب، مُنْفَكٌّ واحد، اِنْفِكَاكٌ مصدر، باب الفعال، باز رہنے والے۔ جدا ہونیوالے۔ چھوٹنے والے۔ ۳۰/۲۳ (دیکھو فکّ)

اَلْمَنْفُوْشِ: اسم مفعول واحد مذکر نَفْشٌ مادہ، دُھنا ہوا۔ ۳۰/۲۷۔

نَفْشٌ اون۔ ارزانی۔ نَفِيْشٌ پراگندہ سامان۔ نُفُوْشٌ مصدر باب نصر۔ ارزاں ہوجانا نَفْشٌ (مصدر باب ضرب و سمع و نصر) اون یا روئی کو دھنکنا۔ انگلیوں سے کسی چیز کو بکھیر دینا۔ رات کو جانوروں کو چرنے کے لئے چھوڑ دینا۔ آخری معنی کے لئے۔ باب افعال، اور اول دونوں معنی کے لئے باب تفعیل آتا ہے۔ مُنَفَّشُ الْمِنْخَرِيْنِ چوڑے نتھنوں والا آدمی تَنَفُّشٌ (تفعل) اور اِنْتِفَاشٌ (افتعال) کسی چیز کا دھنک جانا۔

مُنْقَعِرٌ: اسم فاعل واحد مذکر، اِنْقِعَارٌ

Presented by Ziaraat.Com

مصدر، باب انفعال، قَعْرٌ مادہ، جڑ سے اکھڑا ہوا۔ ۲۷/۸۔

قَعْرٌ کسی چیز کا انتہائی گہراؤ۔ قَصْعَۃٌ قَعِیْرَۃٌ گہرا پیالہ۔ تَقْعِیْرٌ فی الکلام، کلیہ کی طرح منہ بنا کر بات کرنا۔ بات کرتے وقت ایسا منہ بنا لینا جیسے آبخورہ۔

اِنْقَعَرَتِ الشَّجَرَۃُ زمین کی پوری گہرائی میں درخت کی جڑیں گھس گئیں یا زمین کی گہرائی میں گھسی ہوئی جڑیں اکھڑ گئیں، آیت میں (بقول راغب) مراد یہ ہے کہ جیسے زمین کی گہرائی میں گھسنے والے درخت کی جڑیں اکھڑ جاتی ہیں اور اس جگہ کسی قسم کا نشان بھی نہیں رہتا، اسی طرح ان کافروں کی حالت ہو گئی (المفردات)

مُنْقَلَبٍ: اسم ظرف مجرور، انقلاب مصدر لوٹنے کی جگہ، انجام، نتیجہ۔ ۱۹/۱۵۔

مُنْقَلَبًا: مصدر میمی بمعنی انقلاب، لوٹنا یا اسم ظرف، لوٹنے کی جگہ، انجام ۱۵/۱۷۔

مُنْقَلِبُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع۔ مُنْقَلِبٌ واحد، انقلاب مصدر قَلْبٌ مادہ لوٹنے والے۔ ۹/۴ ۱۹/۷ ۲۵/۷ (دیکھو قلب اور قَلَبُوا)

مَنْقُوْصٍ: اسم مفعول واحد مذکر نَقْصٌ مصدر باب نصر۔ کم کیا ہوا۔ غیر منقوص کا معنی پورا پورا۔ ۱۲/۹۔

نَقْصٌ، نُقْصَانٌ، تَنَقُّصٌ مصدر باب نصر، کم ہونا، کم کرنا (لازم و متعدی) نَقِیْضٌ میٹھا پانی۔ پاکیزہ، خوشبودار چیز نَقِیْصَۃٌ کسخن چینی۔ عیب جوئی۔ بُری عادت۔ نَقَاصَۃٌ مصدر (باب کرم) پانی کا میٹھا ہونا مُنْقَصَۃٌ اور نُقْصَانٌ (بصورت اسم) کمی۔ اِنْقَاصٌ اور تنقیص کم کرنا تَنَقُّصٌ (تفعل) عیب جوئی کرنا بُرا کہنا۔ انتقاص (انفعال) کم کرنا۔ کم ہونا (لازم و متعدی) (تاج المصادر)

اَلْمُنْكَرِ: اسم مفعول واحد مذکر، اِنْكَارٌ مصدر، وہ قول و فعل جسکو عقلِ سلیم برا جانتی ہو اور اگر حسن و قبح کو عقلِ سلیم نہ سمجھ سکے تو شریعت نے اسکو بُرا قرار دیا ہو مُنکَر ہے۔ (راغب)

راغب کی یہ تعریف کسی قدر پیچیدار ہے۔ اشاعرہ کے نزدیک منکر وہ قول و فعل ہے جسکو شریعت نے ممنوع قرار دیا ہو، ۴/۳ ۲/۹ ۱۰/۱۵ ۱۱/۳ ۱۴/۱۹ ۱۷/۱۳ ۱۸/۹ ۲۱/۱۱۔

Presented by Ziaraat.Com

اَلْمُنْكَرِ: حسبِ تفصیلِ مذکور۔ ۱۷/۱۶ ناخوشی یعنی ناخوشی اور نفرت کے آثار ۲۰/۱۵ ناپسندیدہ کام۔

مُنْكَرٍ: اسم مفعول نکرہ مجرور، بُرے کام۔ بری بات۔ ۶/۱۵۔

مُّنْكَرًا: اسم مفعول نکرہ منصوب، بری بات۔ ۲۸/۱

مُنْكِرُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، مُنْكِرٌ واحد، انکارٌ مصدر ۱۳/۲ نہ پہچاننے والے، ناواقف۔ ۱۷/۴۲ اور ۱۸/۴۲ نہ ماننے والے، انکار کرنیوالے۔

مُنْكَرُوْنَ: اسم مفعول جمع مذکر، مُنْكَرٌ واحد، ناآشنا، شناخت میں نہ آئے ہوئے۔ ۱۴/۵۱، ۲۶/۱۹۔

مُنْكِرَةٌ: اسم فاعل واحد مؤنث، اِنکارٌ مصدر، نہ ماننے والے۔ ۱۴/۹۔

نُكْرٌ۔ نُكَارَةٌ۔ نُكْرَانٌ (اسم مصدر) دانائی۔ نَكِرَةٌ اور نَكِرَةٌ عدم شناخت، انجان۔ نُكْرٌ عقلمند نُكْرٌ بڑا کام، مشکل کام۔ نُكْرَانٌ عقلمند عورت۔ بُری چیز، نُكْرَانٌ روشن طریقہ۔ نَكِيْرٌ دگرگوں ہوجانا۔ حالت کا پلٹ جانا۔ انکار، مُنْكَرٌ بری بات، بُرا کام، عقلمند آدمی شگفتگی۔ مُنْكَرٌ اور نکیر قبر میں سوال کرنے والے فرشتے۔

نَكِرَ، نَكُرَ، نَكُرَ، نَكُوْرٌ، نَكِيْرٌ، مصدر باب سمع، نہ پہچاننا۔ نَكَارَةٌ (مصدر باب کرم) کام کا سخت اور مشکل ہوجانا۔ اِنکارٌ نہ ماننا دل سے یا زبان سے، نہ پہچاننا دماغ سے، حالت اور ہیئت کا بدل جانا (کہ شناخت میں نہ آسکے) تَنْكِيْرٌ (تفعیل) دگرگوں کر دینا، ناشناسا بنا دینا مُنَاكَرَةٌ (مفاعلۃ) باہم لڑنا۔ باہم دانائی میں مقابلہ کرنا۔ تَنَكُّرٌ (تفعل) دگرگوں ہوجانا۔ حالت بگڑ جانا۔ تَنَاكُرٌ نادان بننا۔ اِسْتِنْكَارٌ نہ پہچاننا۔ اَن جان بات کو معلوم کرنا (قاموس۔ المفردات۔ تاج۔ نہایہ۔ مختلف تفاسیر)

مِنْكَ: مِنْ حرفِ جر، كَ ضمیر خطاب مجرور تجھ سے، ۵/۵ ۱۵/۱۷ ۱۶/۵ ۲۱/۱۷ ۲۳/۱۴ ۲۸/۵۔

مِنْكُمْ: مِنْ حرفِ جر كُمْ ضمیر جمع مذکر مخاطب مجرور، تم سے، تم میں سے۔ ۸/۱۰

۲	۲	۴	۴	۵
۲ د ۷ ر ۸ د ۱۱ ر ۱۴ ر ۱۵	۲ د ۴ ر ۵ ر ۷ ر ۱۱ ر ۱۴	۱ ر ۲ ر ۱۴		
۵	۶	۷	۸	
۵ ر ۷	۶ ر ۷ ر ۱۱ ر ۱۲	۳ ر ۴ ر ۵ ر ۱۲	۳ د ۹ ر ۱۱ ر ۱۵	
۹	۱۰			
۱۶ ر ۱۸	۱ ر ۲ ر ۵ ر ۶ ر ۸ ر ۹ ر ۱۳ ر ۱۴ ر ۱۵			
۱۲	۱۳	۱۴	۱۶	
۴ ر ۷ ر ۸	۲ ر ۴ ر ۵ ر ۱۳ ر ۱۵	۸ ر ۱۳		

Presented by Ziaraat.Com

۱۷/۱۲ ۸ ر ۹ ر ۱۰ ر ۱۳ ر ۱۴ ر ۱۵ ر ۱۷ ۱۸ ۱۹/۶ ۲۱/۱۸

۲۲/۴ ۲۳/۳ ۲۴/۱۲ ر ۵ ۲۶/۸ ۲۷/۱۶ ر ۱۷ ر ۱۸ ۱ ر ۲ ر ۳ ۲۸

۴ ر ۷ ر ۱۵ ر ۱۷ ۲۸ ۲۹/۱۴ ر ۱۶ ر ۱۹ ۵ ر ۶ ۳۰/۶

مِنْكُنَّ : مِنْ حرفِ جر، كُنَّ ضمیر جمع مؤنث مخاطب تم سے۔ تم میں سے

۲۱/۲ ۲۲/۱ ۲۵/۱۹ ۔

مَنَنَّا : جمع متکلم ماضی معروف، مَنٌّ مصدر، باب نصر۔ ہم نے بڑا احسان کیا، ہم نے بڑی نعمت دی۔ ۶/۱۱ ۲۳/۸ (دیکھو مَمْنُوْنٍ)

مَنُوْعًا : صیغۂ مبالغہ۔ مَنْعٌ مصدر۔ باب فتح۔ بہت روکنے والا یعنی بڑا کنجوس، ۲۹/۷ (دیکھو مانعتھم)

اَلْمَنُوْنِ : اسم، زمانہ، موت، ریب المنون کا معنی ہوا حوادثِ زمانہ (جلالین) یا حادثۂ موت، (صاوی) ۲۷/۴ (دیکھو ممنونٍ)

مِنْهُ : مِنْ حرفِ جر، هُ ضمیر واحد مذکر غائب مجرور۔ اس سے۔ اس کی طرف سے اس میں سے۔ ۱/۹ ۲/۱۶ ر ۱۷ ۳/۷ ر ۹ ر ۱۳ ر

۳/۱۷ ۴/۱۲ ر ۱۴ ۵/۱۰ ۶/۳ ر ۴ ر ۶ ۷/۱۸ ۸/۹ ر ۹

۹/۱۰ ر ۱۶ ۱۰/۹ ۱۱/۱۲ ر ۱۷ ۱۲/۲ ر ۴ ر ۶ ر ۱۰ ر ۱۵

۱۳/۴ ۱۴/۸ ر ۱۵ ر ۱۶ ۱۵/۱۴ ر ۱۵ ر ۱۷ ر ۲۱ ۱۶/۱ ر ۲ ر ۹

۱۷/۱۴ ۱۸/۳ ۱۹/۱۱ ۲۰/۷ ۲۱/۱۶ ر ۱۷ ۲۲/۱۵ ر ۱۷ ۲۳/۲ ر ۴ ر ۱۴ ر ۱۵

۲۴/۲۰ ۲۵/۱۲ ر ۳ ۲۶/۱۶ ۲۷/۲ ۲۸/۱۱ ر ۳ ۲۹/۶ ر ۱۳ ر ۱۴ ر ۱۸

۳۰/۲ ۔

مِنْهَا : مِنْ حرفِ جر، هَا ضمیر واحد مؤنث غائب مجرور۔ اس سے۔ اس میں سے۔

۱/۳ ر ۴ ر ۶ ر ۹ ر ۱۳ ر ۱۵ ۴/۱۲ ر ۱۶ ر ۲ ۵/۳ ۶/۸ ر ۱۰

۷/۱۴ ر ۵ ۸/۹ ر ۱۱ ۹/۱۰ ر ۱۲ ر ۱۴ ۱۰/۱۳ ر ۱۱ ۱۲/۹

۱۳/۱ ۱۴/۳ ر ۷ ۱۵/۸ ر ۱۷ ۱۶/۱۲ ر ۱۶ ۱۷/۹ ر ۱۱ ر ۱۲

۱۸/۶ ر ۱۰ ر ۱۶ ر ۱۷ ۱۹/۱۶ ۲۰/۳ ر ۵ ر ۷ ر ۱۲ ر ۱۶ ۲۱/۱۵

۲۲/۶ ر ۷ ر ۸ ۲۳/۴ ر ۶ ر ۱۴ ر ۱۵ ۲۴/۱۴ ۲۵/۶ ر ۱۱ ر ۱۳ ر ۲۰

۲۷/۱۵ ر ۱۷ ۲۸/۱۳ ۲۹/۳ ر ۹ ر ۱۱ ۳۰/۴ ۔

مِنْهُمَا : مِنْ حرفِ جر، هُمَا ضمیر تثنیہ غائب مجرور۔ ان دونوں سے۔ ۱/۲ ۲/۱۴ ۴/۱۲ ر ۱۳

۱۲/۱۵ ر ۱۶ ۱۸/۷ ۲۰/۸ ۲۷/۱۱ ۔

مِنْهُمْ : مِنْ حرفِ جر، هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مجرور، ان سے۔ ۱/۹ ر ۱۲ ر ۱۵ ر ۱۶ ۲/۱ ر ۲ ر

۲/۶ ر ۹ ر ۱۶ ر ۱۷ ۳/۱۰ ر ۱۱ ر ۱۳ ر ۱۶ ر ۱۷ ۴/۳ ر ۸ ر ۹ ر ۱۲

۵/۵ ر ۶ ر ۸ ر ۹ ر ۱۲ ر ۱۳ ر ۱۴ ۶/۱ ر ۲ ر ۷ ر ۹ ر ۱۰ ر ۱۲ ر ۱۳ ر ۱۴ ر ۱۵

۷/۵ ر ۷ ر ۹ ۸/۹ ر ۱۷ ۹/۶ ر ۱۰ ر ۱۱ ر ۱۲ ۱۰/۳ ر ۶ ر ۱۳ ر

۱۱/۱۴ ر ۱۶ ر ۱۷ ر ۱۸ ۱۲/۳ ر ۴ ر ۵ ر ۶ ر ۹ ر ۱۰ ۱۳/۹ ر ۱۰ ر ۱۲ ر

Presented by Ziaraat.Com

۱۴/۳ ۱۶/۵ ۱۱/۱۱ ۲۱/۱۴ ۱۵/۷ ۱۸/۱۵ ۱۶/۹ ۱۷/۲ ۱۷/۳

۱۸/۲ ۶/۸ ۱۲/۱۵ ۱۵/۴ ۲۰/۷ ۱۶/۱ ۴/۱۳ ۷/۱۶ ۱۷/۱۸ ۲۱/۴

۲۷/۱۵ ۱۷/۲۸ ۱۳/۲۹ ۱۱/۹ ۱۳/۳۰ ۴/۳۰۔

مِنْهُنَّ : مِن حرفِ جر ھُنَّ ضمیر جمع مؤنث غائب مجرور۔ اُن سے۔ ۳/۳۰ ۵/۱ ۱۲/۴ ۲۲/۳ ۲۶/۱۴۔

مِنْهَاجًا : اسم آلہ مفرد۔ کھلا ہوا راستہ ۶/۱۱ مَنْہَجٌ، مَنْہَجٌ، مِنْہَاجٌ تینوں ہم معنی ہیں۔ روشن۔ کشادہ راستہ۔ مَنْہَجٌ مصدر باب فتح، راستہ کا کشادہ اور صاف ہونا اور اس پر چلنا۔ کپڑے کا پرانا ہونا۔ کپڑے کو پرانا کرنا۔ اس معنی میں سَمِعَ اور کَرُمَ سے بھی مستعمل ہے۔

اِنْہَاجٌ کشادہ راستہ ہونا اور راستہ کشادہ کرنا (لازم و متعدی) (تاج)

مُنْهَمِرٍ : اسم فاعل واحد مذکر۔ اِنْہِمَارٌ مصدر باب انفعال خوب برسنے والا۔ ۲۷/۸۔

ھَمْرَۃٌ ایک بار بارش ہونا، شدتِ غصہ میں ہلاک ہو جانا۔ ھَامِرٌ خوب بارش۔ ھَمَّارٌ خوب بارش۔ بیہودہ بکواس کرنیوالا آدمی۔ یَہْمُوْرٌ، مِہْمَرٌ، مِہْمَارٌ بکواسی آدمی۔ ھَمِرٌ بہت ریت۔ ھَمْرٌ (نصر و ضرب) گرنا۔ گرانا رنج دینا۔ ھَمْرٌ (صرف ضرب سے) توڑنا۔ ویران کرنا۔ اِنْہِمَارٌ (انفعال) شکستہ اور ویران ہونا۔ گرنا۔ پانی اور آنسوؤں کا گرنا۔ بہنا۔ لکڑی مارنے سے درختوں کی پتیاں گرنا۔ (قاموس و اقرب الموارد)

مِنِّيْ : مِن حرفِ جر، ی ساکن ضمیر واحد متکلم مجرور۔ مجھ سے، میری طرف سے۔ میری۔ ۱/۴ ۲/۱۷ ۳/۱۲ ۱۳/۱۸ ۴/۱۱ ۱۶/۱۶ ۲۰/۷ ۲۱/۱۵۔

مَنِيٍّ : صیغۂ صفت بروزن فعیل یعنی وہ چیز جس سے انسانی ساخت کا قوام اور اندازہ بنایا جاتا ہے جس کو جوہرِ انسانی کہہ سکتے ہیں۔ ۲۹/۱۸

مَنِیَّۃٌ مَنی کا ہم معنی ہے۔ مَنٰی موت۔ اندازہ، ارادہ۔ مِنًی بمعنی مَنِیّ، مَنِیَّۃٌ موت، مدت مَنَایَا جمع مَنِیَّۃٌ آرزو۔ مُنًی جمع، اُمْنِیَّۃٌ آرزو۔ اَمَانِی جمع، مُنَاوَاۃٌ بدلہ۔ سزا۔

مَنْیٌ مصدر (ضرب) اندازہ کرنا۔ آزمانا۔ اِمْنَاءٌ (افعال) منی ڈالنا۔ تَمْنِیَۃٌ (تفعیل) دل میں آرزو پیدا کرنا۔ آرزومند کرنا۔ بدلہ دینا۔ مُکَانَاۃٌ (مفاعلۃ) بدلہ دینا۔ انتظار کرنا۔ مدارات کرنا۔ سواری پہ باری باری سے سوار ہونا۔ تَمَنِّیْ (تفعل) آرزو کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ نئی بات پیدا کرنا۔ تحریر کو پڑھنا۔

Presented by Ziaraat.Com

(مجمع البحار و تاج و مفردات و معجم القرآن)

مُنِیْبٌ: اسم فاعل واحد مذکر مرفوع، اِنَابَۃٌ مصدر باب افعال۔ نَوْبٌ مادہ اللہ کی طرف رجوع کرنیوالا خلوص کے ساتھ توبہ کرنے والا۔ ہر طرف سے مڑ کر اللہ کی طرف لوٹنے والا ۱۲/۷۔

نَوْبٌ مصدر (باب نَصَرَ) کسی چیز کا بار بار لوٹنا۔ نَوْبَۃٌ کا بھی یہی معنی ہے، نَائِبَۃٌ کا بھی یہی معنی ہے۔ نَائِبَۃٌ حادثہ مصیبت جو بار بار لوٹتی ہے، اِنَابَۃٌ (افعال) خلوص عمل کے ساتھ اللہ سے توبہ کرنا۔ اِنْتِیَابٌ (افتعال) باری باری سے آنا۔ (المفردات) (دیکھو اَنَابَ و اُنِیْبُ)

مُنِیْبٍ: اسم فاعل واحد مذکر مجرور، اللہ کی طرف خلوص سے رجوع کرنیوالا۔ ۲۲/۷ ۲۶/۱۷ ۲۳/۱۵۔

مُنِیْبًا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب بمعنی مذکور ۲۳/۱۵

مُنِیْبِیْنَ: اسم فاعل واحد مذکر منصوب، مُنِیْبٌ واحد، اللہ کی طرف رجوع کرنیوالا۔ ۲۱/۷۔

مُنِیْرٍ: اسم فاعل واحد مذکر مجرور، اِنَارَۃٌ مصدر باب افعال، نُوْرٌ مادہ۔ باب افعال کا ابتدائی ہمزہ کبھی متعدی بنانے کے لیے آتا ہے اور کبھی صاحب ماخذ ہونے کو ظاہر کرتا ہے اسلیے اِنَارَۃٌ کا معنی روشن کرنا بھی ہے اور روشنی والا یعنی روشن ہو جانا بھی۔ اس بنا پر مُنِیْر کا ترجمہ ہوا خود روشن اور دوسروں کو روشن کرنیوالا ۲۲/۳۱ ۲۱/۱۲ ۲۲/۱۵ ۱۷/۸۔

نُوْرٌ وہ بے کیف چمک ہے جو خود ظاہر اور دوسری چیز کو ظاہر کر دیتی ہے (کبیر)

نور کبھی بصیرت سے دکھتا ہے جیسے عقل کا نور، علم کا نور، قرآن کا نور، روح کا نور، کبھی بصر سے دکھتا ہے جیسے آگ، بجلی، تاروں اور سورج، چاند کا نور، (مفردات) انتہائی نور کو ضوء اور ضیاء کہتے ہیں۔ (بیضاوی)

نُوْرٌ کلی، شگوفہ، اَنْوَارٌ جمع۔ نَارٌ آگ، نِیْرَانٌ نِیْرَۃٌ اَنْوَرَۃٌ نِیَارٌ جمع۔ اَنْوَرُ خوبصورت روشن، مَنَارَۃٌ (اسم مصدر) روشنی (اسم ظرف عقلی و حسی) اذان۔ کہنے کا مقام۔ جہاں سے عقلی اور روحانی نور نکلتا اور پھیلتا ہے، چراغ دان، جہاں سے چراغ کی روشنی پھیلتی ہے۔ مَنَارٌ (اسم مصدر) روشنی (اسم ظرف) راستہ کا نشان۔ نُوْرٌ مصدر باب نصر، روشن کرنا اِنَارَۃٌ (افعال) روشن ہونا، روشن کرنا (لازم و متعدی) درخت پر پھول آنا۔ خوبصورت ہونا۔ ظاہر کرنا۔ اِنْوَارٌ بھی باب افعال کا مصدر ہے

Presented by Ziaraat.Com

تَنْوِیْرٌ (تفعیل) روشن ہونا۔ روشن کرنا۔ صبح کی روشنی ہو جانا، درخت میں پھول آجانا۔ تَنَوُّرٌ (تفعل) روشن ہو جانا۔ اِنْتِبَارٌ (افتعال) بدن پر لوندہ (چونہ وغیرہ) ملنا۔ اِسْتِنَارَۃٌ (استفعال) روشن ہونا روشنی ڈھونڈھنا۔

مُنِیْرًا : اسم فاعل واحد مذکر منصوب۔ خود روشن، دوسروں کو روشن کرنیوالا یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی۔ ۲۲/۳۳۔

مَوَاخِرَ : صیغہ صفت جمع، مَاخِرَۃٌ واحد مَخْرٌ اور مَخُوْرٌ مصدر، باب فتح۔ پانی کو چیرنے والی کشتیاں۔ ۱۴/۸ ۲۲/۱۴۔

مُخْتَرَۃٌ ہر برگزیدہ منتخب چیز، مَخِیْرٌ پانی ملی ہوئی شراب، مَاخُوْرٌ شراب کی بھٹی، شراب کی بھٹی پر بیٹھنے والے، مَوَاخِر اور مَوَاخِیر جمع۔ مَاخِرٌ پانی کو پھاڑنے والی کشتی۔ آواز دینے والی کشتی، ایک جھونکے میں آگے بڑھنے والی کشتی۔ مَوَاخِر جمع، مَخُوْرٌ دراز قامت دراز گردن آدمی۔

مَخِیْرٌ اور مَخُوْرٌ مصدر، باب فتح کشتی کا چلنا۔ پانی کو پھاڑنا۔ چلنے میں آواز پیدا ہونا۔ پانی کو ہاتھوں سے چیرنا۔ زمین کو نرم بنانے کے لئے پانی کو اوپر چھوڑ دینا۔

اِمْتِیَارٌ (افتعال) ہر اچھی چیز کو چھانٹ لینا

تَمَخُّرٌ (تفعل) ہوا کی طرف پشت کر کے کھڑا ہونا۔

اَلْمَوَازِیْنَ : اسم آلہ یا اسم مفعول، جمع، اَلْمِیْزَانُ یا اَلْمَوْزُوْنُ واحد، ترازوئیں یا وزن کئے جانیوالے اعمال۔ ترازو ایک ہوگی موازین جمع کا صیغہ کیوں ذکر کیا؟ اسکی توجیہ یہ ہے کہ موزونات مختلف ہوں گے ہر شخص کے اعمال الگ الگ تولے جائیں گے تو گویا ہر ایک شخص کے اعمال کی ترازو بھی الگ ہو گئی، یا وزن میں تعدد ہوگا، لاتعداد آدمی ہوں گے اس لئے وزن کی بھی شمار نہیں، جتنے آدمی اتنی ہی مرتبہ وزن کشی، میزان کو بصورت تعدد لانے سے وزن کے تعدد کی طرف اشارہ ہے (بیضاوی) ۱۷/۴۔

وَزْنٌ کسی چیز کی مقدار کی پہچان، عوام کے نزدیک کسی چیز کو ترازو سے تولنے کو وزن کرنا کہتے ہیں (راغب) حقیقت میں وزن کا معنی تولنا ہی ہے، تولنے سے چیز کی صحیح مقدار معلوم ہو جاتی ہے جو وزن کی اصل غرض ہے اس لئے

Presented by Ziaraat.Com

وزن کے معنی جانچنے اور مقدار کو پہچاننے کے ہونگے موزوں چیز وہی ہوتی ہے جس کی کوئی جسمانیت ہو، لیکن کبھی غیر جسمانی چیزوں کے لئے بھی وزن کا استعمال کیا جاتا ہے جیسے اقیموا الوزن بالقسط اپنے تمام افعال، اعمال اور معاملات کی صحیح وزن کشی کرو، انصاف پیش نظر رکھو، کمی بیشی نہ کرو۔ (آیت کی یہ تشریح راغب نے کی ہے)

موزون کبھی ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو اندازہ کے موافق ہو، کم زیادہ نہ ہو، خواہ وزن سے اس کا تعلق نہ ہو جیسے وانبتنا فیہا من کل شیٔ موزون ہم نے زمین میں ہر چیز آئیڈیل پیدا کی یعنی اندازہ شدہ متناسب الاجزاء متناسب الکیفیۃ۔

وزن کے دوسرے مفعول پر کبھی لام نہیں آتا جیسے وزنوھم، کبھی آتا ہے جیسے وزنت لفلان میزان النہار ٹھیک دوپہر۔

موازینہ: موازین جمع مضاف۔ ہ ضمیر مضاف الیہ۔ اسکی ترازوئیں یعنی نیکیوں کے پلڑے۔ ۸/۶ ۱۸/۲۶ ۳۰۔

مواضعہ: اسم ظرف جمع۔ موضع واحد وضع مصدر باب فتح، رکھنے کے مقامات

۵/۴ ۷/۱۰۶۔

وضع اتار کر نیچے رکھ دینا جیسے وضعت الحمل اس نے بوجھ اتار کر نیچے رکھ دیا۔ بچہ جننا جیسے وضعتہا میں نے اس کو جنا۔ ایجاد کرنا، پیدا کرنا بچھانا۔ وضعہا للانام اللہ نے زمین کو پیدا کیا بچھایا۔ قائم کرنا، بنانا جیسے ان اول بیت وضع للناس سب سے پہلا مکان جو لوگوں کے لئے بنایا گیا۔ قائم کیا گیا۔ سامنے لاکر رکھنا، ظاہر کرنا۔ وضع الکتاب اعمالنامے ظاہر کئے جائیں گے سامنے لائے جائیں گے ان سب معانی میں مفہوم مشترک رکھنا ہے وضعت الدابۃ فی سیرھا گھوڑے نے اپنی رفتار میں تیزی کی یعنی جلد جلد قدم رکھے، دابۃ حسنۃ الموضوع خوش رفتار گھوڑا۔ ایضاع (باب افعال) تیز رفتار پر آمادہ کرنا۔ تیز دوڑانا۔ وضع الرجل فی تجارتہ اس کو تجارت میں نقصان ہو گیا۔ وضیع کمین، ذلیل، حقیر، رکھی ہوئی امانت، وضیعۃ کم کی ہوئی قیمت۔ سرکاری ٹیکس۔ خواندہ لڑکا۔ وضائع جمع، واضعۃ بدکار عورت، موضعۃ مہربانی۔ محبت۔ وضع، موضع، موضع سب مصدر ہیں، باب فتح۔ وضع کے

بعد اگر عین ہو تو مراد ہوتی ہے مرتبہ سے نیچے گرا دینا۔ کم کر دینا۔ امانت رکھنا۔ خطا معاف کر دینا اور مٹا دینا۔

ضَعَۃٌ مصدر باب کرم، کمینہ، نالائق اور ذلیل ہو جانا۔ مُواضَعَۃٌ (مفاعلۃ) باہم معاہدہ۔ باہم خرید و فروخت۔ باہم کسی چیز پر موافقت۔ تَواضُعٌ (تفاعل) عاجز بن جانا۔ اپنے کو کمزور درجہ والا ظاہر کرنا۔ اِتِّضاعٌ (افتعال) کمینہ اور ذلیل ہونا۔ (المفردات، تاج، صحاح)

مَوَاطِنَ: جمع، مَوْطِنٌ واحد، مواقع، مقاماتِ جنگ۔ ۱۰/۱

وَطَنٌ، وُطْنٌ (جمع اوطانٌ) مَوْطِنٌ (جمع مَوَاطِنُ) لوگوں کے رہنے کی اصل جگہ۔ مواقعِ جنگ، وَطْنٌ مصدر باب ضرب، جگہ پکڑنا۔ مقیم ہو جانا۔ اِیْطَانٌ (افعال) تَوْطِینٌ (تفعیل) اِسْتِیْطَانٌ (استفعال) رہنے کی جگہ اختیار کر لینا۔ تَوَطُّنٌ (تفعل) جگہ پکڑ لینا۔ کسی چیز پر دل بستہ ہونا۔

مَوَاقِعَ: جمع مضاف مَوْقِعٌ واحد، منزلیں، فرودگاہیں، مراد ستاروں کے غروب ہونے کے منازل۔ ۲۷/۱۶۔

وُقُوعٌ نیچے کو گرنا کسی چیز کا ہو، ثابت ہونا۔ واجب اور لازم ہو جانا (فتح) قرآنِ مجید میں وَقَعَ اور اس کے مشتقات کا استعمال عموماً عذاب، مصیبت اور شدائد کے موقع پر ہوا ہے جیسے وَقَعَ عَلَیْہِمُ الْقَوْلُ۔ وَقَعَتِ الْوَاقِعَۃُ، لَیْسَ لِوَقْعَتِہَا کَاذِبَۃٌ، لِعَذَابٍ وَاقِعٍ۔

لیکن دو ایک جگہ ثواب کے موقع پر بھی ذکر کیا ہے جیسے فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُہٗ عَلَی اللّٰہِ (المفردات) وَقْعٌ (سمع) سخت زمین یا پتھر سے گھوڑوں کے سموں کا گھسنا اور تکلیف پانا وَقْعٌ (اسم) آسیب، کسی چیز پر دوسری چیز کا گرنا، اونچی جگہ، وہ ابر جس سے بارش کی امید ہو۔ وَقْعَۃٌ آسیب، لڑائی کی ہیبم مصیبت، وَقِیْعَۃٌ لڑائی کی مصیبت، چھوٹا کنواں۔ وَاقِعَۃٌ حادثہ، مصیبت، قیامت مَوْقِعٌ گرنے کی جگہ، مَوَاقِعُ جمع اِیْقَاعٌ (افعال) کسی کو امرِ ناگوار میں ڈالنا۔ تَوْقِیْعٌ (تفعیل) خط پر نشان کرنا۔ نشان۔ کسی بات کا گمان کرنا۔ مُوَاقَعَۃٌ (مفاعلۃ) لڑائی میں پڑ جانا جماع۔ کرنا، تَوَقُّعٌ اور اِسْتِیْقَاعٌ کسی چیز کے واقع

Presented by Ziaraat.Com

ہونے کی امید کرنا۔ (قاموس۔ صحاح)

مُوَاقِعُوْا : اسم فاعل جمع مذکر اصل میں مُوَاقِعُوْنَ تھا، اضافت کی وجہ سے نون ساقط ہوگیا۔ مُوَاقَعَۃٌ (مفاعلۃ) مصدر، گرنے والے۔ ۱۵/۱۹۔

مَوَاقِیْتُ : جمع مِیْقَاتٌ واحد، اسم آلہ، وقت کی شناخت کے ذرائع۔ ۲/۸۔

وقت زمانہ کی وہ موہوم امتداد جو کسی کام کے لئے فرض کی جاتی ہے، وَقْتٌ مصدر باب ضرب، وقت مقرر کرنا۔ تَوْقِیْتٌ (تفعیل) وقت ظاہر کرنا۔ مُوَاقَتَۃٌ وقت مقرر کرنا۔ مِیْقَاتٌ اور مَوْقِتٌ کسی کام کو شروع کرنیکی جگہ جیسے میقاتِ حج، میقاتِ احرام وہ وقت جو کسی کام کے لئے مقرر کیا جاتا ہے کسی کام کا وعدہ جس کے لئے وقتِ مقرر کیا جاتا ہے۔ (المفردات)

مَوَالِیَ : جمع مَوْلٰی، واحد، ۲۵/۲ وہ عصبات جو ذوی الفروض سے بچے ہوئے مال کے وارث ہوتے ہیں اور اگر میت کے ذوی الفروض نہ ہوں تو کل مال کے وارث ہوتے ہیں (بغوی)

بعض مفسروں کا خیال ہے کہ مِمَّا تَرَکَ میں بمعنی مَنْ ہے اور مَنْ تَرَکَ سے مراد ہے میت اور موالی کی تفسیر ہے والدان اور اَقْرَبُوْنَ، اس تفسیر پر والدین اور تمام رشتہ دار وارث موالی ہوں گے۔

اَلْمَوَالِیَ : جمع المولیٰ واحد، چچا کے بیٹے، (بغوی) عصبات (مجاہد) کلالہ (الوصالح) عام وارث (کلبی) ۱۶/۴۔

مَوَالِیْکُمْ : جمع مضاف کُمْ مضاف الیہ تمہارے (دینی) دوست۔ ۲۱/۱۷

وَلَاءٌ اور تَوَالِی دو چیزوں میں ایسی کیفیت اتصالیہ کہ اجنبیت حائل نہ ہے مجازاً مراد قرب ہوتا ہے کیسا ہی ہو مکانی یا نسبی یا دینی یا دوستی کے لحاظ سے یا اعتقاد کے لحاظ سے یا امداد کے اعتبار سے یا مالکیت اور مملوکیت کے اعتبار سے۔

وِلَایَۃٌ امداد، وَلَایَۃٌ حکومت کی ذمہ داری کسی کام کا ذمہ دار ہونا۔ وَلِیٌّ اور مَوْلًی دونوں ہم معنی ہیں، ہر ایک کے معنی میں قرب و اتصال کا مفہوم ماخوذ ہے اسی لئے دونوں لفظوں کا اطلاق اللہ پر بھی ہوتا ہے اور بندوں پر بھی اہلِ ایمان اور فرمانبرداروں کا اللہ وَلِی

Presented by Ziaraat.Com

اور مولیٰ ہے نیک بندے اور اہل ایمان اللہ کے بھی اولیاء ہیں اور آپس میں بھی ہر ایک دوسرے کا ولی اور مولیٰ۔ مؤمن اور غیر مؤمن میں چونکہ رشتۂ اتصال اور تولّی نہیں ہے اس لئے کوئی دوسرے کا ولی ہے نہ متولی۔ باہمی خصوصی تعلق کی وجہ سے ہی مولیٰ آزاد کرنیوالے آقا کو بھی کہتے ہیں اور آزاد شدہ غلام کو بھی معاہد کو بھی چچا کے بیٹے کو بھی بلکہ ہر قرابتی رشتہ دار کو بھی اور ہمسایہ اور دوست کو بھی۔

(مادہ وَلِیَ کی مزید تنقیح کے لئے دیکھو اولیاء اور اولیٰ)

مَوْبِقًا: ظرف مکان، دُبُوقٌ مصدر (سمع، حسب، ضرب) ہلاکت کی جگہ مراد جہنم کا خاص درجہ۔ ۱۵/۹۔

مَوْبِقٌ جیلخانہ۔ ہلاکت کا مقام۔ دُبُوقٌ اور مَوْبِقٌ مصدر، ہلاک ہونا۔ اِیْبَاقٌ (افعال) قید کرنا۔ روک رکھنا۔ ہلاک کرنا۔ اِسْتِیْبَاقٌ (استفعال) ہلاک ہونا۔ ہلاک ہونے کی خواہش کرنا۔

اَلْمَوْتُ: مصدر اور اسم مرفوع معرفہ مرنا۔ موت۔ (نصر۔ سمع، ضرب) ۱/۵ ۲/۶ ۴/۱۴ ۵/۱۱،۸ ۷/۴ ۱۳/۱۵ ۱۸/۶ ۲۸/۱۴۔

اَلْمَوْتَ: مصدر و اسم منصوب، معرفہ، مرنا۔ موت۔ ۱/۱۱ ۴/۸،۵ ۲۲/۸ ۲۴/۲ ۲۵/۱۶ ۲۷/۱۵ ۲۸/۱۱ ۲۹/۱۔

اَلْمَوْتِ: مصدر و اسم مجرور معرفہ۔ مرنا موت۔ ۱/۲ ۲/۱۶ ۴/۱۰ ۷/۱۷،۴ ۹/۱۵ ۱۳/۱ ۱۷/۳ ۲۱/۱۸،۱۴،۲ ۲۶/۱۶،۷

مَوْتًا: مصدر، منصوب نکرہ۔ مرنا ۱۸/۱۶

نوٹ: ۲/۶ ۷/۴ ۱۳/۱۵ میں موت سے مراد اسباب موت ہیں۔ ۱۸/۱۶ میں موت سے مراد اماتۃ یعنی موت دینا ہے ۲۱/۱۸ میں موت سے مراد سکرات موت ہے۔ باقی آیات میں موت کا مصدری یا اسمی معنی ہی مراد ہے۔

مَوْتَتُنَا: مصدر مضاف، نا ضمیر جمع متکلم مجرور۔ ہماری موت۔ ۲۳/۶ ۲۵/۱۵۔

(تفصیل کے لئے دیکھو ممات اور مَمَات)

مَوْتِکُمْ: مصدر مجرور مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری موت۔ ۱/۶۔

مُوْتُوْا: امر جمع مذکر حاضر، مَوْتٌ مصدر (نصر) مرجاؤ۔ ۲/۱۶ وقت موت تک اسی حالت

Presented by Ziaraat.Com

پر قائم رہو۔ ۴/۳

اَلْمَوْتَۃَ: اسم بمعنی موت۔ ۲۵/۱۶۔

مَوْتِہٖ: اسم مضاف مجرور، ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ۔ اسکی موت۔ ۶/۲ ۲۲/۸۔

مَوْتِہَا: اسم مضاف مجرور ہَا ضمیر واحد مؤنث غائب مضاف الیہ، اسکی موت، ۲/۴ ۳/۳ ۱۴/۱۴ ۲۱/۲ ۵/۶/۸ ۲۲/۱۴ ۲۴/۲ ۲۵/۱۷ ۲۷/۱۸ آیت ۳/۳ اور ۲۴/۲ میں مرنا مراد ہے باقی ہر جگہ زمین کا خشک ہو جانا۔ ناقابل روئیدگی ہو جانا۔

اَلْمُوْتٰی: اسم فاعل جمع مذکر۔ اَلْمُوْتِیٰ واحد، اِیْتَاءٌ مصدر (افعال) دینے والے۔ ادا کرنیوالے۔ ۶/۲ (دیکھو اَتٰی اور اَتَتْ)

اَلْمَوْتٰی: جمع اَلْمَیِّتُ واحد مردے۔ ۱/۹ ۳/۱۳ ۳ ۵/۵ ۱/۱۴ ۸/۱۰ ۱۳/۸ ۱۷/۲ ۲۰/۸ ۲۱/۱۸ ۲۲/۱۹ ۲۴/۲ ۲۵/۴ ۲۶/۱۸ ۲۹ مردہ دل کافر۔ ۷/۲۔

اَلْمُؤْتَفِکٰتُ: اسم فاعل جمع مؤنث مرفوع و مجرور۔ اَلْمُؤْتَفِکَۃُ واحد، اِیْتِفَاکٌ مصدر (افتعال) اِفْکٌ مادہ۔ الٹی ہوئی۔ منقلب، مراد حضرت لوط کی قوم کی بستیاں جو بحیرۂ مردار کے ساحل پر آباد تھیں اور جن کی تخت گاہ یا سب سے بڑا شہر سندوم یا سدوم تھا، حضرت لوط کا حکم نہ ماننے اور ظلم و لواطت سے باز نہ آنے کی وجہ سے اللہ نے انکی زمین کا تختہ الٹ دیا اور اوپر سے کنکریلے پتھروں کی بارش کی۔ ۱۰/۱۵ ۲۹/۵۔

اَلْمُؤْتَفِکَۃَ: اسم فاعل واحد مؤنث منصوب المؤتفکات جمع، الٹی ہوئی (بستیاں) مراد قوم لوط کی بستیاں۔ ۲۷/۷۔

مَوْثِقًا: مصدر منصوب، وُثُوْقٌ بھی مصدر ہے (حسب) پختہ پیمان مضبوط عہد۔ ۱۲/۴ ۱۳/۴۔

مَوْثِقَہُمْ: مصدر منصوب مضاف ھُمْ ضمیر مذکر غائب مضاف الیہ انکا مضبوط عہد۔ ۱۳/۲

وَثِیْقٌ مضبوط، وُثَاقٌ جمع، وَثِیْقَۃٌ عہد نامہ وہ دستاویز یا کوئی چیز جس سے کام میں مضبوطی ہو وَثَاقٌ اور وِثَاقٌ اور وِثَاقٌ بند، مَوْثِقٌ اور مِیْثَاقٌ عہد و پیمان مضبوطی، مَوْثِقٌ کی جمع، مَوَاثِقُ اور مَیَاثِقُ مِیْثَاقٌ کی جمع مَوَاثِیْقُ اور مَیَاثِیْقُ۔

وَثَاقَۃٌ مصدر (کرم) کسی کام کو مضبوط کرنا۔ ثِقَۃٌ اور مَوْثِقٌ مصدر (حسب) مضبوط رکھنا۔ کسی پر بھروسہ کرنا۔ اِیْثَاقٌ (افعال) مضبوط باندھنا۔ تَوْثِیْقٌ (تفعیل) مضبوط کرنا۔ عہد لینا۔

Presented by Ziaraat.Com

اِسْتِیْثَاقٌ (استفعال) عہد لینا،

مَوْجٌ: اسم مفرد نکرہ، اَمْوَاجٌ جمع، پانی کی پٹار لہر۔ ۱۸/۱۱ ۲۱/۱۳۔

مَوْجٌ مصدر (نصر) ہلنا۔ لہر دینا۔ تلاطم پانی میں لہریں اٹھنا۔ حق اور سچی بات سے مڑنا۔ لوگوں کو پریشان کرنا۔

مَوْجٍ: اسم مفرد نکرہ۔ لہر۔ ۱۲/۴۔

اَلْمَوْجُ: اسم مفرد معرفہ۔ لہر ۱۱/۸ ۱۲/۴۔

مُؤَجَّلًا: اسم مفعول واحد مذکر تَاْجِیْلٌ مصدر (تفعیل) اَجَل مادہ۔ مقرر الوقت۔ وہ جس کا وقت معین ہو۔ ۴/۶۔

تَاْجِیْلٌ وقت دینا۔ مہلت دینا۔ وقت مقرر کرنا۔ دیر کرنا۔ (دیکھو اَجَلٍ)

مَوَدَّةً: مصدر منصوب نکرہ (سمع) دوستی محبت۔ دلی رغبت۔ ۶/۱۵ ۲۱/۶ ۲۸/۸۔

مَوَدَّةٌ: مصدر مرفوع نکرہ، دوستی، دوست رکھنا۔ ۵/۷۔

اَلْمَوَدَّةَ: مصدر منصوب معرفہ۔ دوستی، دوست رکھنا۔ ۲۵/۴

اَلْمَوَدَّةِ: مصدر مجرور معرفہ، دوستی دوست رکھنا۔ ۲۸/۷۔

مَوَدَّةَ: مصدر منصوب مضاف، دوستی محبت۔ ۲۰/۱۵

وَدٌّ وَدِیْدٌ وَدُوْدٌ دوست، بہت محبت کرنیوالا۔ وَدٌّ کی جمع اَوِدَّاءُ، اَوْدَادٌ، اَوِدَّ ہے۔

وَدٌّ اور وُدٌّ حضرت نوح کی قوم کے ایک بت کا نام۔ مَوَدَّةٌ کتاب۔

وُدٌّ، وَدَادٌ، وَدَادَةٌ، مَوَدَّةٌ، مَوَدَّةٌ، مَوْدِدَةٌ مصادر ہیں (سمع) دوست رکھنا۔ فتح سے بھی بہت کم بطورِ شاذ آیا ہے، وَدٌّ۔ وَدَادٌ، وَدَادَةٌ آرزو کرنا۔ تَوَدُّدٌ (تفعل) دوستی بنا ہنا۔ دوست رکھنا۔ تَوَادٌّ (تفاعل) باہم دوستی رکھنا۔

مُؤَذِّنٌ: اسم فاعل واحد مذکر۔ تَاْذِیْنٌ مصدر (تفعیل) پکارنے والا منادی اعلانچی۔ ۸/۱۲ ۱۳/۳۔

اِذْنٌ اجازت۔ علم، دانست۔ اُذُنٌ اور اُذْنٌ کان۔ نَاشِرُ الْاُذُنَیْنِ کان کھولے ہوئے یعنی لالچی اور امیدوار۔ لَبِسْتُ اُذُنِیْ لَہٗ میں نے اس کے لئے دونوں کان چھپا لئے یعنی روگردانی کی۔ غافل بن گیا۔ اُذُنَةٌ وہ شخص کہ ہر سنی ہوئی بات کا یقین کر لے۔ طَعَامٌ لَا اُذُنَةٌ لَہٗ ایسا کھانا جس کی رغبت نہ ہو۔ اَذِیْنٌ کان اور علم۔ اَذَانٌ

Presented by Ziaraat.Com

اعلان اطلاع، تَاذِیْنٌ کا اسم مصدر بھی ہے یعنی نماز کی ندا۔ اَذِنٌ دربان ضامن ذمہ دار۔ اُذُنٌ اور اُذَانٌ بڑے کان والا۔ مُؤَذِّنٌ ضامن ذمہ دار۔ وہ جگہ جہاں ہر طرف سے اذان کی آواز سنی جائے۔ مِئْذَنَۃٌ اذان۔ اذان دینے کی جگہ، گرجا۔

اِذْنٌ۔ اَذَنٌ۔ اَذَانٌ۔ اَذَانَۃٌ مصادر ہیں (سمع) اگر اس کے بعد بار ہو تو معنی ہوگا جاننا اگر لام ہو تو معنی ہوگا امیدوار ہونا۔ اَذِنَ لَہٗ اِذْنًا وَاَذِیْنًا اس کو اجازت دی۔ اَذِنَ اِلَیْہِ اَذَنًا اور اَذِنَ لَہٗ اَذْنًا تعجب سے اس کو سنا۔ اَذَنَہٗ (نصر) اس کے کان پر مارا۔ اَذَنَ الْعُشْبُ گھاس خشک ہونے لگی۔ اِیْذَانٌ (افعال) اعلان کرنا۔ اذان کہنا۔ اگر اس کے بعد ایک مفعول ہو جیسے اَذَنَہٗ تو تعجب میں ڈالنے، روکنے اور کان پر مارنے کا معنی ہوگا، اگر دو مفعول ہوں خواہ دوسرے مفعول پر بار ہو یا نہ ہو جیسے اَذَنَہُ الْاَمْرَ اور بِالْاَمْرِ تو کسی بات کی کسی کو اطلاع دینے کا معنی ہوگا تَاْذِیْنٌ (تفعیل) اذان کہنا۔ اعلان کرنا۔ اجازت دینا۔ گوشمالی کرنا۔ اِسْتِیْذَانٌ (استفعال) اجازت چاہنا۔ تَاَذَّنَ (تفعل) قسم کو یاد کرنا۔ اعلان کرنا۔ اطلاع دینا۔

مَوْرًا : مصدر (نصر) ہلنا، موجی حرکت کرنا ۲۷/۳

مَوْرٌ (اسم) موج۔ ہموار راستہ جس پر بکثرت آمد و رفت ہو، خون جاری ہونا۔ موجیں مارنا۔ ہلنا۔ پراگندہ ہونا۔ غبار اٹھنا۔ اِمَارَۃٌ (افعال) زمین پر خون بہانا۔ ہوا کا غبار اڑانا۔ اِمْتِیَارٌ (افتعال) تلوار سونتنا۔ تَمَوُّرٌ (تفعل) آمد و رفت۔ آنا جانا۔ (قاموس و تاج)

اَلْمَوْرُوْدُ : اسم مفعول واحد مذکر وُرُوْدٌ مصدر (ضرب) اترنے کی جگہ (بمعنی ظرف مکان) ۱۲/۹

وَرْدٌ گلاب کا پھول، ہر پھول، بہادر، شیر، زعفران۔ وِرْدٌ بخار، بخار کی باری۔ وظیفہ، مقررہ حصہ، پانی کا مقررہ حصہ۔ پانی پر اترنے والے لوگ، فوج کا ایک دستہ۔ وَرْدَۃٌ ہلاکت۔ مَوْرِدٌ اور مَوْرِدَۃٌ راستہ۔ گھاٹ۔

وُرُوْدٌ اور وِرْدٌ مصدر (ضرب) آنا، پانی پر آنا۔ وَرَادَۃٌ اور وُرُوْدَۃٌ مصدر (کرم) گھوڑے کا گلگوں ہونا۔ اِیْرَادٌ (افعال) گھاٹ پر لانا۔ حاضر کرنا۔ تَوْرِیْدٌ (تفعیل) درخت میں پھول آنا۔ رخسار کو گلابی کرنا۔ تَوَرُّدٌ (تفعل)

Presented by Ziaraat.Com

گھاٹ ڈھونڈھنا۔ پانی پر آنا۔ اِسْتِیْرَادٌ (استفعال) پانی پر آنا۔ گھاٹ پر لانا۔ (تاج و مفردات و راغب)۔

اَلْمُوْرِیَاتِ: اسم فاعل جمع مؤنث، اَلْمُوْرِیَۃُ واحد۔ اِیْرَارٌ مصدر (افعال) آگ روشن کرنیوالے۔ ۳/۱۰۰ ۔

مراد وہ گھوڑے جو پتھریلی زمین پر چلتے ہیں تو ان کے سموں کی رگڑ سے آگ کی چنگاریاں نکلتی ہیں (عکرمہ، عطاء، ضحاک، مقاتل، کلبی) بھڑک کر میدانِ کارزار کی طرف جانیوالے گھوڑے جن کے سواروں کے دلوں میں عداوت کی آگ بھڑکتی ہے (قتادہ) سواروں کا وہ دستہ جو دن بھر جہاد کرنیکے بعد شام کو واپس آکر کھانا پکانے کے لئے آگ جلاتا ہے (حضرت ابن عباس بروایت سعید بن جبیر) جنگی داؤں کرنیوالے سپاہی (مجاہد، زید بن اسلم) قولِ اول کو ترجیح عام اہلِ تراجم اور مفسرین نے دی ہے۔

رِیَۃٌ پھیرا۔ وہ چیز جس سے آگ جلائی جاتی ہے۔ وَرِیٌ مخلوق۔ وَرِیٌّ آگ جلانے کی چیز۔ آگ دینے والا۔ وَرَائٌ اوٹ۔ آگے پیچھے وَرْیٌ مصدر (ضرب) آگ جل جانا۔ رِیَۃٌ اور وُرِیٌّ بھی مصدر ہیں، وَرِیٌ مصدر (حسب و سمع) جمع ہونا۔ بھر جانا (لکڑی وغیرہ کو رگڑ کر آگ نکالنے کی کوشش کرنا۔ اِیْرَارٌ لکڑی پتھر وغیرہ کو رگڑ کر آگ نکالنا۔ تَوْرِیَۃٌ (تفعیل) بمعنی اِیْرَارٌ اور پردہ کے اندر کوئی بات کہنا یعنی اصل بات کو چھپا کر دوسری بات ظاہر کرنا، اس طور پر کہ جھوٹ بھی نہ ہو اور اصل بات ظاہر بھی نہ ہونے پائے، مُوَارَاۃٌ (مفاعلہ) کسی چیز کو چھپانا۔ (تاج و مفردات و قاموس و لسان)

مَوْزُوْنٍ: اسم مفعول واحد مذکر وَزْنٌ اور زِنَۃٌ مصدر (ضرب) اندازہ کی ہوئی۔ جانچی ہوئی، ۱۴/۲ وزن تولنا۔ جانچنا۔ اندازہ کرنا۔ اِتِّزَانٌ (افتعال) وزن کرنا۔ جانچنا۔

اَلْمُوْسِعِ: اسم فاعل واحد مذکر، اِیْسَاعٌ مصدر (افعال) مالدار، وسعت والا۔ ۲/۱۵

مُوْسِعُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر، اِیْسَاعٌ مصدر (افعال) مقدور والے، قدرت والے۔ ۲۷/۲

وَسْعٌ وِسْعٌ وُسْعٌ سَعَۃٌ کشائش، مالداری طاقت، دست رسی۔ وَسَاعٌ سبکدست، کشادہ دست۔ بزرگی۔ کشادہ کام۔ وَاسِعٌ کشادہ، فراخ وسعت والا۔ بہت دینے والے۔ ہر چیز کی سمائی رکھنے والا۔

Presented by Ziaraat.Com

سَعَۃٌ مصدر (فتح) سمانا۔ گنجائش رکھنا طاقت رکھنا۔ فراخی کرنا۔ وَسَاعَۃٌ اور سَعَۃٌ مصدر (کرم) صاحبِ مقدور ہونا۔ بزرگ ہونا۔ اِیْسَاعٌ (افعال) مالدار ہونا طاقتور ہونا۔ مالدار بنا دینا، کسی پر نعمت فراخ کرنا۔ تَوْسِیْعٌ (تفعیل) فراخ کرنا۔ فراخدست کرنا۔ تَوَسُّعٌ (تفعل) کشادگی۔ مجلس میں کشادہ ہو کر بیٹھنا اِتِّسَاعٌ (افتعال) کشادہ ہونا۔

مُوْسٰی: عَلَم معرفہ، بنی اسرائیل کے مشہور پیغمبر جنکی والدہ کا نام یوحانث تھا اور باپ کا نام عمران، کہا جاتا ہے کہ عبرانی زبان میں مُو پانی کو کہتے ہیں اور شٰی کا معنی درخت، عربی میں شین کو سین سے بدل دیا حضرتِ موسٰی کو پیدائش کے بعد لکڑی کے صندوق میں بند کر کے پانی میں ڈال دیا گیا تھا اس لئے موسٰی نام ہو گیا۔ (قاموس)

حضرتِ موسٰی علیہ السلام جلیل القدر رسول تھے قرآنِ مجید میں اتنا کثیر تذکرہ کسی اور پیغمبر کا نہیں آیا جتنا حضرتِ موسٰی کا آیا ہے فرعون شاہِ مصر کی گود میں پرورش پائی، جوان ہوئے تو ایک قبطی آپ کے ہاتھ سے بلا ارادہ مارا گیا۔ آپ ملکِ شام کی طرف چلے گئے، وہاں حضرتِ شعیب کی صاحبزادی سے نکاح ہوا سالہا سال حضرتِ شعیب کی بکریاں چرائیں مدت کے بعد واپس ہوئے تو صحرا ءِ سینا میں کوہِ طور پر آگ بھڑکتی دیکھی قریب پہنچے تو نبوت سے سرفراز کر دیئے گئے۔ آپ کی درخواست پر آپ کے بھائی ہارون کو بھی پیغمبر بنایا گیا۔ دونوں بھائی فرعون کے پاس پہنچے اور اللہ کا پیغام پہنچایا فرعون نے سرکشی کی، جادوگروں کو جمع کیا، مقابلہ ہوا، جادوگروں کا شکست ہوئی وہ مسلمان ہو گئے فرعون کی دشمنی بڑھ گئی۔ آپ بنی اسرائیل کو ساتھ لیکر راتوں رات مصر سے نکل کھڑے ہوئے فرعون نے پیچھا کیا اور مع لشکر کے دریا میں گھس پڑا، آخر غرق ہو گیا۔ موسٰی امن چین سے نکل کر چل دیئے، مزید تفصیل کے لئے تاریخ کا مطالعہ کرو۔

س ۱ ۷:۶	س ۲ ۱۶ ۳ ر ۱۶	س ۳ ۱۷ ۲ ر ۳ ر ۸	س ۶ ۱۶ ر ۱۷	س ۷ ۶		
س ۹ ۳ ر ۴ ر ۵ ر ۶ ر ۷ ر ۸ ر ۹ ر ۱۰	س ۱۱ ۱۳ ر ۱۴	س ۱۲ ۲ ر ۹ ر ۱۰	س ۱۳ ۱۳ ر ۱۴			
س ۱۵ ۱ ر ۱۲ ر ۲۱	س ۱۶ ۷ ر ۱۰ ر ۱۱ ر ۱۲ ر ۱۳ ر ۱۴	س ۱۷ ۱۳ ر ۴	س ۱۸ ۳	س ۱۹ ۲ ر ۶ ر ۷ ر		
س ۱۹ ۸ ر ۱۹	س ۲۰ ۴ ر ۵ ر ۷ ر ۸ ر ۱۱ ر ۱۶	س ۲۱ ۱۶ ر ۱۷	س ۲۲ ۶	س ۲۳ ۸	س ۲۴ ۸ ر ۹	
س ۲۴ ۱۱ ر ۲۰	س ۲۵ ۳ ر ۱۱	س ۲۶ ۲ ر ۴	س ۲۷ ۱ ر ۷	س ۲۸ ۹	س ۳۰ ۳ ر ۱۲	

مُوْصٍ: اسم فاعل واحد مذکر، اِیْصَاءٌ مصدر باب افعال۔ اصل میں مُوْصِیٌ تھا، وصیت

Presented by Ziaraat.Com

کرنے والا۔ ۲/۶۔

کسی کے عمل کرنے کے لئے کوئی نصیحت آمیز ہدایت وصیت کہلاتی ہے (المفردات)

اَرْضٌ واصِیَۃٌ وہ زمین جس میں ہمیشہ سبزی رہی۔ اِیْصَاءٌ اور تَوْصِیَۃٌ دونوں کا معنی ہے وصیت کرنا۔ تَوَاصِی باہم ایک کا دوسرے کو وصیت کرنا۔

مُوْصَدَۃٌ: اسم مفعول واحد مؤنث اِیْصَادٌ مصدر باب افعال، بند کی ہوئی۔ ۳۰/۱۵ ۲۹/۱۵

وَصَدٌ بننا، وَصِیْدٌ اور وَصِیْدَۃٌ چوکھٹ صحن، وہ حظیرہ جو جانوروں کے لئے پتھروں کا بنا لیا جاتا ہے، لکڑیوں سے بنایا ہوا باڑہ اصحابِ کہف کا غار، بند کیا ہوا، یہ آخری معنی اس وقت ہوگا جب وصید کو صفتِ مشبہ کہا جائے۔

وَصَّادٌ بننے والا۔ وَصْدٌ مصدر ب ضرب، پائیدار ہونا۔ برقرار ہونا۔ اِیْصَادٌ مصدر (افعال) باڑہ بنانا۔ دروازہ بند کرنا قفل لگانا۔ تَوْصِیْدٌ (تفعیل) ڈرانا۔

مَوْضُوْعَۃٌ: اسم مفعول واحد مؤنث وَضْعٌ مصدر باب فتح۔ رکھی ہوئی ۳۰/۱۳ یعنی جنت کے چشموں پر پینے کے پیالے رکھے ہوئے ہونگے۔

(مدارک و معالم) (دیکھو مَوَاضِعِہٖ)

مَوْضُوْنَۃٍ: اسم مفعول واحد مؤنث، وَضْنٌ مصدر باب ضرب، سونے کی پتروں اور تاروں سے بنے ہوئے جڑاؤ (محلی) زرہ کی کڑیوں کی طرح بنے ہوئے (البغوی) سونے کے تاروں سے گھنی بناوٹ والے جواہرات سے جڑے ہوئے (عام اہلِ تفسیر) قطار در قطار رکھے ہوئے (ضحاک) ۲۷/۱۴

اصل میں وَضْنٌ زرہ کی بناوٹ کو کہتے ہیں، مجازاً ہر مضبوط بناوٹ کو وَضْنٌ کہہ لیا جاتا ہے (راغب) مِیْضَنَۃٌ کھجور کی پتیوں کی چٹائی۔ مَوَاضِنِیْنَ جمع، تَوْضِیْنٌ ذلیل کرنا۔ اِتِّضَانٌ نزدیک کرنا (قاموس)

مَوْطِأً: اسم ظرف، وَطْأٌ مصدر باب سَمِعَ پاؤں رکھنے کی جگہ۔ ۱۱/۴۔

وَطْأَۃٌ قدم کی جگہ، تنگی، سخت گرفت، وَطَاءَۃٌ پامال راستہ، مسافر لوگ، وطی مرکب ہوا روندا ہوا۔ وِطَاءٌ بچھونا۔ مَوْطَأٌ اور مَوْطِیٌ پاؤں کی جگہ وَطْأٌ مصدر وَطِیَ ماضی باب سَمِعَ روندنا۔ نزدیک آنا۔ کھڑا ہونا۔ جماع کرنا۔ وَطَّأَ باب فتح آمادہ کرنا۔ نرم اور آسان کرنا۔ وَطَاءَۃٌ باب کرم راستہ پامال اور

Presented by Ziaraat.Com

کٹا ہوا ہونا۔ اِیْطَارٌ (افعال) غلبہ کرنا۔ پامال کرنا، بغیر جانے اور بغیر ظاہر کئے کسی کو کسی کام کا حکم دینا۔ تَوْطِئَۃٌ روندنا۔ پامال کرنا۔ نرم اور آسان بنانا۔ مُوَاطَاۃٌ اور تَوَاطُؤٌ موافقت۔ تَوَطُّؤٌ پامال کرنا۔ اِتِّطَارٌ آمادہ ہونا۔ نرم اور آسان ہونا۔ مطیع ہو جانا۔ دوستی کی آخری حد کو پہنچ جانا۔

مَوْعِدُہٗ : اسم ظرف مکان مرفوع وَعْدٌ مصدر باب ضرب، اسکے وعدہ کی جگہ یعنی ٹھکانا۔ ۱۲/۲۔

مَوْعِدُھُمْ : اسم ظرف مکان مرفوع، ان کے وعدہ کی جگہ ۱۴/۳ اسم ظرف زمان، انکا وقت وعدہ ۲۷/۱۰

مَوْعِدَھُمْ : اسم ظرف زمان منصوب مضاف ھُمْ مضاف الیہ، ان کے وعدہ کا وقت۔ ۱۲/۷۔

مَوْعِدُکُمْ : اسم ظرف زمان مضاف کُمْ مضاف الیہ، تمہارے وعدہ کا وقت۔ ۱۶/۱۲۔

مَوْعِدَکَ : اسم مصدر منصوب مضاف، کَ ضمیر خطاب، مضاف الیہ۔ تیرا وعدہ۔ ۱۶/۱۳۔

مَوْعِدِیْ : اسم مصدر منصوب مضاف یٔ ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ۔ میرا وعدہ۔ ۱۶/۱۳۔

مَوْعِدٌ : اسم ظرف زمان نکرہ، مرفوع۔ وقت وعدہ۔ ۱۵/۲۰۔

مَوْعِدًا : اسم ظرف زمان نکرہ منصوب وقت وعدہ۔ ۱۵/۲۰ ۱۵/۱۸ ۱۶/۱۲، ۱۴۔

مَوْعِدَۃً : اسم مصدر نکرہ مجرور وعدہ ۱۱/۳ وَعْدٌ مَوْعِدٌ مِیْعَادٌ وَعِیْدٌ اسم مصدر دکھ اور سکھ، راحت اور تکلیف کا وعدہ۔ وعید صرف عذاب و شر کے موقع پر مستعمل ہے اسی لئے اس کا ترجمہ ہے دھمکی اور وَعْدٌ کا لفظ عام ہے ثواب و عذاب دونوں کے لئے مستعمل ہے وعید سے باب افعال میں اِیْعَاد بنایا گیا ہے یعنی دھمکی دینا مَوْعِدٌ اور مِیْعَادٌ مصدر بھی ہیں (باب ضرب) اور اسم ظرف بھی یعنی وعدہ کا وقت اور جگہ مُوَاعَدَۃٌ ایسی زمین جسکی سبزی کی امید ہو۔

مَوْعِظَۃٌ : اسم مصدر نکرہ نصیحت، ۳/۶ ۴/۵ ۱۱/۱۱ ۱۲/۱۰۔

مَوْعِظَۃً : اسم مصدر نکرہ۔ نصیحت ۱۰/۸ ۶/۱۱ ۹/۷ ۱۰/۱۰۔

اَلْمَوْعِظَۃِ : اسم معرفہ، طریقہ نصیحت ۱۴/۱۶ ۲۲/۱۲ وَعْظٌ (مصدر باب ضرب) ایسی نصیحت کرنا جس میں ڈرانا شامل ہو (راغب) بھلائی کی اس طرح نصیحت کرنا کہ دلوں میں رقت پیدا ہو جائے (خلیل) مَوْعِظَۃٌ اور

مِعظَۃٌ اسم مصدر ہیں، نصیحت۔ (المفردات) مصدر بھی ہیں نصیحت کرنا (قاموس) اِتِّعَاظٌ (افتعال) نصیحت قبول کرنا۔

اَلْمَوْعُوْدِ : اسم مفعول واحد مذکر، وَعْدٌ مصدر، وعدہ کیا ہوا (دن) یعنی روزِ قیامت ۳۰/۱۰ (دیکھو موعدۃٍ)

مُوَفُّوْا : اسم فاعل جمع مذکر، تَوْفِیَۃٌ مصدر باب تفعیل، اصل میں مُوَفِّیُوْنَ تھا، پورا پورا دینے والے۔ ۱۳/۴

اَلْمُوْفُوْنَ : اسم فاعل جمع مذکر، اِیْفَاءٌ مصدر باب افعال، پورا کرنیوالے، پورا دینے والے، اس جگہ اول معنی مراد ہے۔ ۲/۶

وَافِی پورا۔ وَفَاءٌ مصدر باب ضرب اِیْفَاءٌ مصدر باب افعال مجرد اور مزید دونوں متعدی ہیں، پورا کرنا اور پورا دینا اول معنی کے لئے مفعول پر بار آتا ہے اور عموماً وعدہ پورا کرنے کے لئے مستعمل ہے جیسے وَفَیْتُ بِعَھْدِہٖ، اَوْفُوْا بِعَھْدِیْ اُوْفِ بِعَھْدِکُمْ دوسرے معنی میں مستعمل ہو تو مفعول پر بار نہیں آتا جیسے اَوْفَیْتُ الْکَیْلَ تَوْفِیَۃٌ مصدر، باب تفعیل، پورا پورا دینا۔ تَوَفِّیْ (تفعل) پورا لینا، قبضہ کرلینا کبھی مراد روح قبض کرلینا ہوتا ہے اِسْتِیْفَاءٌ (باب استفعال) پورا پورا وصول کرلینا۔ (المفردات)

مَوْفُوْرًا : اسم مفعول واحد مذکر وَفْرٌ مادہ پورا پورا۔ پورا کیا ہوا۔ ۱۵/۷

وَفْرٌ (اسم) کثرت، مال کی زیادتی، سامان

فِرَۃٌ زیادتی، کثرت، وَفْرَۃٌ کانوں تک آجانیوالے بال، وفار جمع۔

وَفَارَۃٌ وَفْرٌ وَفُوْرَۃٌ فِرَۃٌ سب مصدر ہیں (باب کرم وضرب) بہت ہونا۔ زیادہ ہونا پورا ہونا۔ وَفْرٌ اور فِرَۃٌ (باب ضرب) پورا کرنا۔ زیادہ کرنا۔ گالی نہ دینا کسی کا دیا ہوا خوشی سے واپس کرنا۔

تَوْفِیْرٌ (تفعیل) زیادہ کرنا۔ پورا کرنا کسی کے حق کو پورا دینا۔ کپڑے کو بہت کاٹنا۔

تَوَفُّرٌ (تفعل) حفاظت کرنا۔ تَوَافُرٌ (تفاعل) اِتِّفَارٌ (افتعال) پورا ہونا۔

اَلْمُوْقَدَۃُ : اسم مفعول واحد مؤنث اِیْقَادٌ مصدر باب افعال بھڑکائی ہوئی۔ ۳۰/۲۹

وَقْدٌ وَقُوْدٌ مصدر باب ضرب آگ بھڑکنا وَقُوْدٌ ایندھن، شعلہ۔ اِیْقَادٌ (افعال) بھڑکانا

Presented by Ziaraat.Com

آگ جلانا۔ اِسْتِیْقَادٌ (استفعال) بھڑکانا۔ بھڑکانے کے لئے تیار ہو جانا۔ اِتِّقَادٌ (افتعال) بھڑک جانا، مجازاً سخت غضبناک ہو جانا۔ جگمگ ہونا۔ وَقْدَۃُ الصَّیْفِ سخت گرمی۔

مُوْقِنُوْنَ : اسم فاعل جمع مذکر مرفوع۔ مُوْقِنٌ واحد، اِیْقَانٌ مصدر باب افعال یقین کرنے والے، مومن یعنی ہم کو یقین آگیا (اسم فاعل بمعنی ماضی وحال) ۲۱/۱۵۔

(دیکھو مُسْتَیْقِنِیْنَ اور اِسْتَیْقَنَتْہَا)

اَلْمُوْقِنِیْنَ : اسم فاعل جمع مذکر معرفہ مجرور اَلْمُوْقِنٌ واحد اِیْقَانٌ مصدر ۷/۱۵ عین الیقین کے مرتبہ پر فائز ہونیوالے۔ ۲۶/۱۸ اہلِ ایمان، اہلِ توحید۔

مُوْقِنِیْنَ : اسم فاعل جمع مذکر نکرہ منصوب ایمان لانیوالے، یقین کرنیوالے۔ ۱۹/۶ ۔ ۲۵/۱۴

مَوْقُوْنًا : اسم مفعول واحد مذکر، وَقْتٌ مصدر باب ضرب۔ وقت مقرر کیا ہوا۔ معین الوقت ۵/۱۲ (دیکھو مواقیت)

اَلْمَوْقُوْذَۃُ : اسم مفعول واحد مؤنث، وَقْذٌ مصدر باب ضرب، چوٹ کھا کر مرا ہوا۔ ۶/۵

وَقْذٌ (اسم) سخت چوٹ، وَقِیْذٌ صفت مشبہ بمعنی اسم مفعول، پھینکا ہوا۔ گر کر مرا ہوا۔ بہت دُبلا۔ قریب الہلاکۃ بیمار، بوجھل۔ آہستہ چلنے والا۔ قائد۔ پیچھے رہے سنگریزے۔

مُوْقِذٌ بدن کی ابھری ہوئی نوکیں مثلاً ٹخنہ، کہنی، زانو، مونڈھا۔

وَقْذٌ (باب ضرب) زمین پر دے مارنا پھینک دینا۔ مار دینا۔ چوٹ سے مار ڈالنا سست کر دینا۔ غالب ہو جانا۔ کسی پر نیند کو غالب کر دینا۔ کسی کو بیمار چھوڑ دینا۔ اِیْقَاذٌ (افعال) کسی کو بیمار چھوڑ دینا۔

(قاموس و تاج و مدارک)

مَوْقُوْفُوْنَ : اسم مفعول جمع مذکر، وُقُوْفٌ مصدر، باب ضرب۔ کھڑے کئے گئے، ٹھیرائے گئے۔ ۲۳/۱۰

وَقْفٌ مصدر باب ضرب واقف کرنا۔ وُقُوْفٌ مصدر باب ضرب کھڑا کرنا۔ ٹھیرائے رکھنا۔ وَقْفٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ بھی اسی سے ماخوذ ہے کوئی چیز اپنی ملکیت سے نکال کر اللہ کی ملک میں داخل کر دی جائے اور اسکے منافع خصوصی یا عمومی ضرورت مندوں کے لئے چھوڑ دئے جائیں تو ایسی چیز کو موقوف اور وقف

Presented by Ziaraat.Com

کہتے ہیں، مُوَافَقَۃٌ باہم ہر ایک کا دوسرے پر اپنے کام کو موقوف رکھنا۔ وَقْفٌ (اسم) ہاتھی دانت کے کنگن۔ حِمَارٌ مُوَقِّفٌ وہ گدھا جس کی نلیوں پر ہاتھی دانت کے کنگن جیسی سفیدی ہو۔

مَوْقِفٌ اسم ظرف، ٹھیرنے اور رُک جانیکی جگہ۔ وَقِیْفَۃٌ وہ نیل گائے یا ہرن وغیرہ جو شکاری سے ڈر کر متحیر ہو کر کھڑی ہو جائے۔ (المفردات)

اَلْمُؤَلَّفَۃِ : اسم مفعول واحد مؤنث، تَالِیْفٌ مصدر باب تفعیل، ملائے گئے۔ جوڑے گئے۔ ۱۰/۱۴ (دیکھو اَلَّفَ اور اَلَفَتْ اور ایلافِ)

مَوْلُوْدٌ : اسم مفعول مفرد مذکر، وِلَادَۃٌ مصدر باب ضرب۔ جنا ہوا۔ ۲/۱۴ ۲۱/۱۳۔

وَلَدٌ بمعنی مولود، واحد ہو یا کثیر، بڑا ہو یا چھوٹا، کتنی ہی عمر کا ہو اس کو وَلَدٌ اور مولود کہا جاتا ہے۔ امام ابو الحسن نے کہا وَلد کا اطلاق صرف بیٹے اور بیٹی پر آتا ہے باقی اہل و عیال کو وُلْدٌ اور وِلْدٌ کہا جاتا ہے بعض اہلِ لغت کا قول ہے کہ وُلْدٌ اور وَلَدٌ کی جمع ہے جیسے اَسَدٌ کی جمع اُسُدٌ۔ راغب کے نزدیک وُلْدٌ کا واحد ہونا بھی جائز ہے۔

وَلِیْدٌ بچہ وِلْدَانٌ جمع، وَلِیْدَۃٌ عرفِ عام میں باندی کو کہا جاتا ہے، لِدَۃٌ ہم جولی، ہمعمر، اصل میں وِلْدَۃٌ تھا۔ تَوَلُّدٌ پیٹ سے پیدا ہونا، کسی سبب اور دلیل سے نتیجہ نکلنا۔ (المفردات)

مَوْلًی : اسم مفرد، مَوَالِی جمع۔ ۲۵/۱۵ دوست ۲۶/۵ کارساز، حمایتی۔

اَلْمَوْلٰی : اسم مفرد، اَلْمَوَالِی جمع ۹/۱۹ ۱۷/۱۷ کارساز، حمایتی ۱۷/۹ دوست۔

مَوْلٰىكُمْ : مولیٰ مضاف کُمْ ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ ۴/۷ ۹/۱۹ ۱۷/۱۷ ۲۸/۱۹ مددگار، کارساز ۲۷/۱۸ ساتھی، لائق یعنی جہنم تمہارا ساتھی ہے اور تمہارے لائق ہے۔ (بغوی و مملی)

مَوْلٰىنَا : مولیٰ مضاف نَا ضمیر جمع متکلم مضاف الیہ، ہمارا کارساز، مددگار۔ ۳/۸ ۱۰/۱۳۔

مَوْلَاهُ : اس کا کارساز، مددگار ۱۴/۱۶ ۲۸/۱۹۔

مَوْلَاهُمْ : مولیٰ مضاف هُمْ ضمیر جمع مذکر غائب مضاف الیہ، ان کا کارساز، آقا ۷/۱۴ ۱۱/۸۔

Presented by Ziaraat.Com

مُوَلِّيهَا: مُوَلِّی اسم فاعل مضاف ھا ضمیر واحد مؤنث مضاف الیہ، تولیۃ اسکی طرف منہ پھیرنے والا۔ منہ کرنیوالا۔ ب ۲/۲ (مولیٰ اور مُوَلِّی کی تنقیح کے لئے دیکھو موالیکم)

مُؤْمِنٌ: اسم فاعل واحد مذکر مرفوع، نکرہ ایمان مصدر، باب افعال۔ ایمان رکھنے والا۔ صاحبِ ایمان۔ ب ۲/۱۱ ۵/۱۰ ۱۴/۱۵ ۱۵/۲ ۱۶/۵ ۱۷/۷ ۲۴/۹ ۲۸/۱۵۔

مُؤْمِنٍ: اسم فاعل واحد مذکر مجرور نکرہ ایمان رکھنے والا، صاحبِ ایمان ب ۵/۱۰ ۱۰/۸ ۲۲/۲ یقین اور تصدیق کرنے والا۔ ب ۱۲/۱۲۔

اَلْمُؤْمِنُ: اسم فاعل واحد مذکر مرفوع معرفہ ایمانٌ مصدر، امن دینے والا۔

مُؤْمِنًا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب ایمانٌ مصدر۔ ایمان رکھنے والا۔ ایمان لانیوالا ب ۵/۱۰ ۱۶/۱۲ ۲۱/۱۵ ۲۹/۱۰۔

اَلْمُؤْمِنَاتِ: اسم فاعل جمع مؤنث معرفہ منصوب ومجرور، اَلْمُؤْمِنَۃُ واحد ایماندار عورتیں۔ ب ۵/۱ ۶/۱۵ ۱۰/۵ ۱۸/۹ ۱۰/۱ س ۲/۳ ۱۶/۴ ۲۶/۶ ۲۷/۱۸ ۲۹/۱۰ ۳۰/۱۰۔

اَلْمُؤْمِنَاتُ: اسم فاعل جمع مؤنث مرفوع معرفہ ایماندار عورتیں۔ ب ۱۵/۱۰ ۱۸/۷ ۲۸/۸ ۲۸/۱۵ س ۲۶/۱۱۔

مُؤْمِنَاتٌ: اسم فاعل جمع مؤنث مرفوع نکرہ، ایماندار عورتیں۔ س ۲۶/۱۱۔

اَلْمُؤْمِنُونَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع معرفہ ایماندار مرد ایمان رکھنے والے مرد ۳/۱۱ ۸/۳ ۴/۳ ۸/۴ ۶/۲ ۶/۹ ۱۵/۱۰ ۱۰/۱۳ ۱۵/۱۱ ۲/۱۳ ۱۴/۱۳ ۱۸/۱۰ ۱۵/۱۸ ۸/۴ ۱۹/۲۱ ۱۰/۱۳ ۱۴/۲۶ ۱۶/۲۸ ۲/۲۸ ۱۵/۲۹۔

مُؤْمِنُونَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع نکرہ۔ ایمان رکھنے والے مرد ب ۲/۷ ۱۷/۸ ۱۰/۲۲ ۱۴/۱۵ ۱۱/۲۶ ۸/۲۸

مُؤْمِنَةٌ: اسم فاعل واحد مؤنث مرفوع ایماندار عورت ب ۱۱/۲۔

مُؤْمِنَةً: اسم فاعل واحد مؤنث منصوب ایماندار عورت۔ ب ۱۱/۲۔

مُؤْمِنَةٍ: اسم فاعل واحد مؤنث مجرور ایماندار عورت۔ ب ۱۰/۵ ۱/۲۲۔

مُؤْمِنَيْنِ: اسم فاعل تثنیہ مذکر، مُؤْمِنٌ واحد، دونوں ایمان رکھنے والے۔ ۱/۱۶

اَلْمُؤْمِنِينَ: اسم فاعل جمع مذکر منصوب ومجرور معرفہ، ایماندار مرد۔ ۲/۱ ۱۲/۲ ۱۱/۳ ۱۵/۳ ۴/۴ ۷/۸ ۸/۱۰ ۱۲/۱۴ ۱۷/۱۴ ۱۸/۲ ۱۲/۶ ۹/۷ ۸/۷ ۱۶/۷ ۴/۹ ۵/۸ ۱۰/۸ ۱۴/۱۰ ۱۶/۸ ۵/۱۰ ۲/۱۲ ۳/۱۲ ۵/۱۴ ۱۴/۱۱۔

Presented by Ziaraat.Com

۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸
۱۵ر۱۶ ۱۰ ۱۸ ۵ر۶ ۱ر۹ر۱۳ ۶ ۷

۱۸ ۱۹ ۲۰
۱۰ر۱۲ر۱۳ ۷ر۹ر۱۰ر۱۵ر۱۶ر۱۷ ۲ر۴ر۸ر۱۶

۲۱ ۲۲ ۲۳ ۲۶
۷ر۸ر۱۹ ۲ر۳ر۴ر۵ر۶ ۸ ۷ر۸ ۶ر۹ر۱۱ر۱۳

۲۷ ۲۸ ۲۹ ۳۰
۱ر۲ر۱۸ ۴ر۱۰ر۱۳ر۱۹ ۱۰ ۱۰

مُؤْمِنِيْنَ : اسم فاعل جمع مذکر منصوب و مجرور نکرہ۔ ایماندار مرد ۱ ۲ ۳
۲ر۱۱ ۱۶ ۱۳ر۶

۴ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱
۵ر۹ ۱۳ر۹ ۵ ۱ر۶ر۱۸ ۱۵ ۸ر۱۴ر۱۳ر۱۵

۱۲ ۱۳ ۱۸ ۱۹
۵ر۸ر۹ر۱۰ر۱۱ر۱۲ر۱۳ر۱۴ر۱۵
۸ر۵ ۵ ۸ر۳ ۱۷

۲۲ ۲۳ ۲۷
۱۰ ۶ ۱۷

اَمْنٌ چین، سکون نفس خوف نہ ہونا۔ اَمَانٌ چین کی حالت اور وہ چیز جو بطور امانت رکھی جائے۔ آمِنٌ محفوظ اور امن والا یعنی جہاں امن ہو۔ اَمِنَ اور اَمِنَۃٌ بھی بمعنی اٰمِنٌ آیا ہے، مَأْمَنٌ امن کی جگہ۔

اِیْمَانٌ (متعدی بنفسہ) کسی کو امن دینا مُؤْمِنٌ امن دینے والا، اسی لئے اللہ کا صفتی نام مؤمن ہے۔ اِیْمَانٌ (جو متعدی بنفسہ نہ ہو) امن والا ہونا۔ (تشریح کے لئے آئندہ سطریں)

ایمان شرعی کا معنی ہے شرع محمدی کی تصدیق کرنا اور چونکہ اس تصدیق کی تکمیل اقرار زبان اور عمل اعضاء سے ہوتی ہے اسلئے زبانی اقرار اور دیگر اعمال کو بھی ایمان کہا گیا ہے مثلاً نماز کو ایمان کہا، راستہ سے تکلیف دہ چیز کے ہٹانے کو۔

ایمان کا لغوی معنی ہے تصدیق کرنا خواہ تصدیق صحیح ہو یا غلط اگر تصدیق اعتراف کے معنی کو متضمن ہو تو ایمان کے بعد بار کا آنا ضرور ہے اور بے خوف ہونے کے معنی کو شامل ہو تو اس کے بعد مِنْ آنا لازم ہے اور امن دینے کا معنی مقصود ہو تو کسی حرفِ جر کی ضرورت نہیں، لفظِ ایمان خود متعدی ہوگا، رَجُلٌ اَیِّمٌ وامان، امانتدار آدمی۔ اَمَنَۃٌ اور اُمْنَۃٌ ہر شخص پر اعتماد کر لینے والا آدمی۔ اَمُوْنٌ وہ اونٹنی جو ٹھوکر کھانے سے محفوظ ہو۔ (المفردات و بیضاوی)

اَلْمَوْءٗدَۃُ : اسم مفعول واحد مؤنث، وَأْدٌ مصدر، باب ضرب، زندہ دفن کی ہوئی ۳۰/۶

اسلام سے پہلے عرب کے بعض قبائل مفلسی اور عار کی وجہ سے پیدا ہوتے ہی لڑکیوں کو زندہ گڑھے میں دفن کر دیا کرتے تھے کسی کو داماد بنانا باعثِ عار جانتے تھے لڑکی کمائی نہیں کر سکتی اس لئے اسکو کھلانا دشوار تھا۔ حضرت ابن عباس سے بروایت عکرمہ مروی ہے کہ گڑھا کھود کر حاملہ عورت

Presented by Ziaraat.Com

اس کے کنارہ پر بیٹھ جاتی تھی اگر لڑکا ہوا تو خیر اور لڑکی ہوئی تو فوراً گڑھے میں پھینک کر اوپر سے مٹی پاٹ دیتی تھی۔ (معالم)

وَأْدٌ سخت آواز، اونٹ کا بلبلانا تَوْرَدَةٌ تَوْءَدَةٌ آہستگی۔ وَئِيدَةٌ اور مَوْءُودَةٌ زندہ دفن کی ہوئی بچی۔ مَوائد مصائب، وَأْدٌ (باب ضرب) زندہ دفن کرنا۔ تَوَءُّدٌ (تفعل) آہستہ چلنا۔ ڈھانکنا۔ لیجانا۔

مُوْهِنٌ: اسم فاعل واحد مذکر مضاف وَهْنٌ مادہ کمزور کرنیوالا۔ ۹/۶ (دیکھو اَهْوَنَ)

مَوْئِلاً: اسم ظرف وَأَلٌ مادہ۔ لوٹنے کی جگہ یعنی جائے پناہ۔ ۱۵/۲۔

وَأَلٌ (اسم) جائے پناہ۔ اَوَّلُ پہلا۔ اُوْلٰى پہلی۔ مَوْئِلٌ (اسم مصدر) رہائی (اسم ظرف) جائے پناہ۔ مُوَاءَلَةٌ پناہ۔

وَأَلَ اور وُؤُولٌ مصدر وَأَلٌ ماضی۔ باب ضرب، پناہ لینا۔ رہائی ڈھونڈھنا۔ دوڑنا۔

مُهَاجِرٌ: اسم فاعل واحد مذکر۔ مُهَاجَرَةٌ مصدر (مفاعلۃ) ھجر مادہ، چھوڑ کر جانیوالا یعنی قوم کو چھوڑ کر اللہ کی رضامندی کی طلب میں جانیوالا (راغب و مدارک) ۲۰/۱۵۔

هَجْرٌ اور هِجْرَانٌ چھوڑنا۔ چھوڑ دینا خواہ دل سے ہو یا زبان سے یا عملی طور پر۔

مُهَاجَرَةٌ ترک تعلق کر لینا۔ مُهَاجِرٌ کسی سے تعلقات منقطع کر لینے والا مُهَاجِرٌ اصطلاحاً وہ شخص ہے جس نے بافذن رسول اللہ اپنا وطن چھوڑ کر مدینہ میں سکونت اختیار کر لی تھی فتح مکہ کے بعد ہجرت کا حکم موقوف کر دیا گیا اب ہجرت کا معنی صرف یہ ہے کہ اگر ارکانِ دین اور ضروریاتِ شرعیہ کو ادا کرنے سے آدمی مجبور ہو تو سہولت اور امن کی جگہ چلا جائے مدینہ کو ہجرت کرنے کا حکم باقی نہیں رہا ہجرت سے حقیقی مراد یہ ہے کہ ناجائز خواہشات ہوا و ہوس برائے اخلاق اور گناہوں کو آدمی چھوڑ دے۔

هُجْرٌ بیہودہ کلام۔ هَجَرَ الْمَرِيضُ بیمار نے بیہوشی میں بکواس کی، بڑبڑایا (باب نصر) اَهْجَرَ زَيْدٌ زید نے قصداً بیہودہ بات کہی، بکواس کی (باب افعال) هَاجِرَاتُ الْكَلَامِ کلام کی بیہودگیاں بُرے جملے، هِجِّيرٌ بری عادت کو ترک کرنے والا هَجِيرٌ اور هَاجِرَةٌ ٹھیک دوپہر جس میں عموماً گرم ممالک میں کاروبار ترک کر دیا جاتا ہے هِجَارٌ اونٹ کو باندھنے کی رسی۔ فَحْلٌ مَهْجُورٌ ہجار سے بندھا ہوا اونٹ، هِجَارٌ

Presented by Ziaraat.Com

القَوس کمان کی تانت۔

مُهَاجِرًا: اسم فاعل واحد مذکر منصوب، مُهَاجَرَةٌ مصدر، ہجرت کرنیوالا۔ وطن چھوڑ کر مدینہ کو جانیوالا۔ ۵/۱۱۔

مُهَاجِرَاتٍ: اسم فاعل جمع مؤنث، مُهَاجِرَةٌ واحد، مُهَاجَرَةٌ مصدر (باب مفاعلۃ) ہجرت کرنیوالیاں یعنی وہ عورتیں جو صلح حدیبیہ کے بعد ہجرت کرکے آئی تھیں۔ ۲۸/۸ (معالم وخازن)

اَلْمُهَاجِرِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور اَلْمُهَاجِرُ واحد، ہجرت کرنیوالے ۱۱/۳، ۲ ۱۸/۹ ۲۱/۷ ۲۸/۴۔

تمام آیات میں مہاجرین سے وہ صحابہ کرام مراد ہیں جو اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے اپنا گھر بار چھوڑ کر ہجرت کرکے مدینہ کو چلے گئے تھے۔

اَلْمِهَادُ: اسم، بچھونا۔ مراد ٹھکانا۔ قرارگاہ۔ ۲/۹ ۳/۱۰ ۴/۱۱ ۵/۱۲ ۱۳/۸ ۲۳/۱۳۔

مَهْدٌ گہوارہ پالنا۔ زمین۔ مُهُوْدٌ جمع، مُهْدَةٌ اونچی یا نیچی یا ہموار زمین۔ مِهَادٌ گہوارہ۔ زمین۔ بستر۔ مَهَّدَ (مصدر، باب نصر) بچھانا۔ اختیار کرنا۔ کام کرنا۔

تَمْهِيْدٌ (تفعیل) بچھانا۔ کام کو ہموار کرنا۔ عذر سننا۔ عذر قبول کرنا۔ تَمَهَّدَ (تفعل) تمادر ہونا۔

مُهَانًا: اسم مفعول واحد مذکر، اِهَانَةٌ مصدر باب افعال هُوْنٌ مادہ۔ ذلیل کیا ہوا۔ ۱۹/۴

هَوْنٌ نرمی۔ آسانی۔ کمزوری۔ هَيِّنٌ نرم۔ سہل الاخلاق ضعیف۔ هُوْنٌ ذلت۔ حقارت هَوَّنَ (مصدر باب نصر) آسان ہونا۔ اِهَانَةٌ (مصدر باب افعال) ذلیل کرنا۔ مُهِيْنٌ ذلیل کرنے والا۔ مِهْيَنٌ ذلیل حقیر۔ تَوْهِيْنٌ (تفعیل) کمزور کرنا۔ اَهْوَنُ بہت کمزور، هَاوُدَنَ کمزور۔

اَلْمُهْتَدِ: اسم فاعل واحد مذکر معرفہ ابتداءً مصدر، باب افتعال، هَدْيٌ مادہ۔ ہدایت یافتہ۔ ہدایت پانے والا۔ اصل میں اَلْمُهْتَدِيْ تھا۔ یاء کو ساقط کر دیا گیا یا طالب ہدایت (راغب) ۱۰/۱۴ ۱۵/۱۴

مُهْتَدِيْ: اسم فاعل واحد مذکر نکرہ حسب تفصیل مذکور۔ ۲۷/۲۰۔

اَلْمُهْتَدِيْ: اسم فاعل واحد مذکر معرفہ

Presented by Ziaraat.Com

ہدایت یاب۔ ۹/۱۲۔

اَلْمُهْتَدُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع معرفہ۔ اِهْتِدَاءٌ مصدر باب افتعال، ہدایت پانیوالے۔ ۲/۳۔

مُهْتَدُوْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع نکرہ۔ اِهْتِدَاءٌ مصدر۔ باب افتعال، ہدایت پانے والے۔ ہدایت یافتہ۔ ۱/۸ ۵/۱۵ ۵/۱۱ ۲۲/۹ ۲۵/۸ و ۱۰ و ۱۱

اَلْمُهْتَدِيْنَ: اسم فاعل جمع مذکر مجرور و منصوب نکرہ۔ مُهْتَدِيْ واحد۔ ہدایت پانیوالے۔ ۱/۲ ۵/۳ ۱۱/۱۰

ہِدَایَۃٌ مہربانی کے ساتھ رہنمائی ایسی چیز کی طرف جو رہنما کی نظر میں اچھی ہو۔ ہدایت کا یہ حقیقی معنی ہے مجازًا ہر چیز کا راستہ بتلانے کو کہتے ہیں خواہ وہ چیز تکلیف دہ اور عذاب آفریں ہو۔ ھَدْیٌ کعبہ کو بھیجا ہوا قربانی کا جانور، ھَدِیَّۃٌ بروزن فَعِیْلَۃٌ بمعنے مفعول، تحفہ بھیجی ہوئی سوغات، ھَدْیَۃٌ طریقہ کو بھی کہتے ہیں بمعنی ھَدْیٌ، ھَدَایَا جمع، ھدیہ بھیجنے کے لئے اِہْدَاءٌ (باب افعال) مخصوص ہے مجرد سے ہدیہ بھیجنے کے لئے کوئی مشتق مستعمل نہیں۔

ھَوَادِی الْوُحُوْش جنگلی جانوروں کا پیشرو دستہ جو گلہ کا رہنما ہوتا ہے۔ مِہْدَاءٌ جو ہدیہ بھیجنے کا عادی ہو، بکثرت تحفے بھیجتا ہو، ایک شاعر کہتا ہے وَاِنَّکَ مِہْدَاءُ الْخَنَا نَطِفُ الْخَشَا تو گالیوں کے تحفے بکثرت بھیجتا ہے تیرا سینہ کچھ نہ کچھ ٹپکاتا ہی رہتا ہے۔

ھُدًی اور ھِدَایَۃٌ مصدر باب ضرب ہدایت کرنا۔ ھُدًی حاصل مصدر اور مصدر اِھْدَاءٌ (افعال) ہدیہ بھیجنا۔ متادی (تفاعل) باہم ایک کا دوسرے کو سوغات دینا۔ مُھَادَاۃٌ (مفاعلۃ) دو آدمیوں کے بیچ میں ہو کر دونوں کے سہارے سے چلنا۔ اِھْتِدَاءٌ (افتعال) راستہ پانا دینی ہو یا دنیوی طلب ہدایت کرنا۔ ہدایت پر قائم رہنے کی طلب کرنا۔ (المفردات)

ھُدًی اور ہدایت اگرچہ ہم معنی ہیں لیکن قرآنِ مجید میں لفظِ ھُدًی کی نسبت اللہ اور کلام اللہ ہی کی طرف کی گئی ہے کسی انسان کی طرف نہیں کی گئی، ہاں ہادی انسان کو کہا گیا ہے۔

ساری کائنات کو اللہ کی ہدایت کا معنی ہے

Presented by Ziaraat.Com

فطری راستہ بتانا جو بقاء زندگی کے لئے ضروری ہیں مثلاً کھانا، پینا، سونا، جاگنا، حرکت کرنا۔ سکون پانا۔ ہضم کرنا۔ نمو کرنا۔ جمع ہونا۔ الگ ہونا۔ رنگ، کیفیت، خاصیت اور مقدار کو بدلتے رہنا۔ غرض ہر شئ کا اپنا نوعی اور شخصی فریضہ ادا کرنا۔ اللہ کی تخلیقی رہنمائی کے زیرِ اثر ہے۔

انسان کو ہدایت کرنے کے اللہ کی طرف سے چھ طریقے ہیں یا یوں کہا جائے کہ چھ ترتیبی درجات ہیں ہدایت کے زیریں مرتبہ پر پہنچے بغیر اوپر کے درجہ پر کوئی فائز نہیں ہو سکتا۔

۱ عقل و دانش ادراکی حواس اور معارف ضروریہ کی عطاء، ان چیزوں کی تخلیق ہدایتِ انسانی کا پہلا درجہ ہے۔

۲ آیاتِ آفاقیہ اور براہینِ نفسانیہ جو ہر وقت خاموش پیامِ ہدایت لا رہی ہیں اور روشن دانش والے کے لئے انکی ہدایت بڑی ہدایت ہے۔

۳ پیغمبروں کا بھیجنا اور کتابوں کو نازل کرنا اور خیر و شر میں امتیاز کرنے کے لئے پیہم پیام بھیجنا۔

۴ ہدایت یافتہ ہونے کی توفیق دینا سیدھے راستہ پر چلانا۔

۵ مراتبِ معارف کی ترقی عرفان کے پہلے درجہ پر پہنچا کر دوسرے درجہ کا راستہ کھول دینا اور دوسرے درجہ سے تیسرا مرتبہ اور تیسرے سے چوتھا، اسی طرح ترقی کرتے کرتے آخری درجہ یہ ہوتا ہے کہ آدمی اللہ کا نور اللہ ہی کے نور سے دیکھتا ہے۔

۶ جنت کا راستہ دکھانا اور آخرت میں نجات دے کر اپنا قرب عطاء کرنا۔

پہلے تینوں طریقے تو تمام انسانوں کے لئے عام ہیں چوتھے نمبر پر آدمی ہدایت کا پھل پانے لگتا ہے اور اہلِ ھدیٰ کے دائرہ میں داخل ہو جاتا ہے۔

کتاب اللہ یا پیغمبر یا آیاتِ آفاقیہ و انفسیہ کا ہادی ہونا محض رہنمائی کا معنی رکھتا ہے اور اللہ کا ہادی ہونا رہنمائی کے معنی میں بھی ہے اور فائز المرام بنانے کے معنی میں بھی۔

جس ہدایت کا سبب پیغمبر یا کتاب سے کیا گیا ہے اس سے مراد ہدایت یاب بنانے کی نفی ہے کسی کے اختیار میں ہدایت یاب بنانا

Presented by Ziaraat.Com

نہیں ہے اور جن آیات میں اللہ نے کافروں ظالموں اور سرکشوں کو خود ہدایت نہ کرنے کی صراحت کی ہے تو اس سے مراد ہے ہدایت یاب نہ بنانا یا بقولِ راغب اس طرح کہا جائے کہ ہدایت کا مفہوم اضافی ہے جس طرح تعلیم کے لئے معلم تعلیم نہ دے یا متعلم انتہائی کند ذہن غبی اور ناکارہ ہو اور تعلیم کے اثر کو قبول نہ کرے تو تعلیم کا کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوتا اور تعلیم معلم کے باوجود کہا جا سکتا ہے کہ گویا اس کو تعلیم ملی ہی نہیں اسی طرح اگر ہدایت پانے کا کوئی طلب گار ہی نہ ہو بتائے ہوئے راستہ سے روگرداں ہی رہے تو گویا یہ کہنا صحیح ہوگا کہ اللہ نے اسکو ہدایت ہی نہیں کی اسکو راستہ بتایا ہی نہیں اول توجیہ پر اللہ سے نفی ہدایت حقیقی ہے یعنی واقعی اللہ نے ہدایت یاب نہیں بنایا اور دوسری توجیہ پر سلبِ ہدایت مجازی ہوگا یعنی واقع میں تو اللہ نے راستہ دکھایا اور ہدایت کی مگر بدقسمتوں نے اللہ کی ہدایت سے فائدہ نہیں اٹھایا گویا اللہ نے ہدایت ہی نہیں کی۔

مَهْجُوْرًا : اسم مفعول واحد مذکر ھَجْرٌ سے یعنی متروک، نہ قرآن پر ایمان لائے، نہ اس کے حکم پر عمل کیا یا ھُجْرٌ سے بمعنی بکواس یعنی لوگوں نے قرآن کو بکواس قرار دیا کسی نے سحر کہا کسی نے شعر آخری تشریح مجاہد اور نخعی کی ہے۔ ۱۹/۱ (دیکھو ھَاجِرٌ)

اَلْمَهْدِ : اسم، گہوارہ، گہوارہ میں ہونے کا مطلب ہے شیر خوارگی کا زمانہ، یا ماں کی گود میں، ۳/۱۳ ۷/۵ ۱۶/۵ (دیکھو مَهَادًا)

مَهْدًا : فرش، بچھونا ۱۶/۱۱ ۲۵/۷ (دیکھو مَهَادًا)

مَهَّدْتَ : واحد متکلم ماضی معروف تَمْهِيْدٌ مصدر باب تفعیل، میں نے بچھایا۔ میں نے پھیلایا۔ ۲۹/۱۵ (دیکھو مَهَادًا)

مَهْزُوْمٌ : اسم مفعول واحد مذکر، ھَزْمٌ مصدر، باب ضرب شکست خوردہ یعنی مقہور، ہلاک۔ ۲۳/۱

ھَزْمٌ اور ھَزْمَةٌ (اسم) نشیبی جگہ۔ گڑھا۔ ھَزِيْمٌ کمان کی آواز، ھَزُوْمٌ فرمانبردار گھوڑا۔ ھَزِيْمٌ بے تہا۔ نہ رکنے والی بارش۔ ھَزِيْمَةٌ شکست، ھَازِمَةٌ مصیبت۔ ھَيْزَمٌ سخت جنگل کا شیر۔ ھَزَمَ عَلَيْهِ (باب نصر) اسم پر مہربانی کی۔ ھَزْمٌ (ضرب) مارنا۔ توڑنا۔ شکست دینا۔ ھَزِيْمَةٌ بھی مصدر ہے۔ تَهَزُّمٌ

Presented by Ziaraat.Com

(تفعل) لامحی ٹوٹ جانا۔ بادل گر جانا۔ اِنْہِزَامٌ (انفعال) ٹوٹ جانا۔ شکست کھانا۔ (المفردات و قاموس)

مُهْطِعِينَ : اسم فاعل جمع مذکر منصوب مُهْطِعٌ واحد۔ اِهْطَاعٌ مصدر، باب افعال سر جھکائے تیزی سے دوڑنیوالے ۱۳/۱۹ ۲۷/۸ ۲۹/۸ هَطِيعٌ کشادہ راستہ۔ مُهْطِعٌ عاجزی اور ذلت کی وجہ سے نظر نہ اٹھانیوالا۔ بلانیوالے کی طرف خاموش چلا جانیوالا۔ هَطْعٌ اور هُطُوعٌ (مصدر باب فتح) دوڑتا ہوا آنا۔ کسی چیز پر نظر جمائے رکھنا۔ اِدھر اُدھر نگاہ نہ اٹھانا۔ اِهْطَاعٌ (افعال) سر جھکائے تیز دوڑنا۔ گردن لمبی کرنا۔

اَلْمُهْلِ : اسم، ۱۵/۱۶ ۲۵/۱۶ تیل کی تلچھٹ۔ ۲۹/۷ چاندی کا پانی۔ (عملی) بعض مفسرین نے اس جگہ بھی تلچھٹ ترجمہ کیا ہے۔ مُهْلٌ ہر معدنی چیز کو کہتے ہیں جیسے تانبا، لوہا، سونا، چاندی، پگھلے ہوئے لوہے کے پانی کو بھی کہتے ہیں۔ روغنِ زیتون۔ روغنِ زیتون کی تلچھٹ۔ زہر۔ زرد لہو پیپ۔ مردہ سے بہنے والا زرد پانی۔ مُهْلٌ وقفہ، آرام، آہستگی، زمانہ۔ مردہ سے بہنے والا زرد پانی۔ مُهْلَةٌ آرام۔ آہستگی۔ زمانہ۔ مردہ کا زرد پانی پیپ۔ مُهَلٌ اسلاف۔ مَاهِلٌ تیز چلنے والا۔ آگے بڑھنے والا۔

مَهْلٌ (مصدر باب نصر) آہستگی کرنا۔ بھلائی میں سبقت کرنا۔ اِمْهَالٌ (افعال) مہلت دینا۔ تاخیر کرنا۔ نرمی اور آہستگی کرنا۔ عذر کرنا۔ تَمْهِيلٌ (تفعیل) مہلت دینا۔ (تفعل) دیر کرنا۔ بھلائی میں آگے ہونا۔ اِسْتِمْهَال (استفعال) مہلت مانگنا۔ اَلْمَهَلُ سیدھا کھڑا ہونا۔ آرام لینا۔

مُهْلِكَ : اسم فاعل واحد مذکر اِهْلَاكٌ مصدر باب افعال، ہلاک کرنیوالا ۸/۳ ۹/۱۹ ۲۰/۹ هَلَكٌ مصدر (ضرب) ہلاک ہونا۔ اِهْلَاكٌ اور مُهْلَكٌ ہلاک کرنا۔ تَهْلُكَةٌ سبب ہلاکت، مُهْلَكٌ (اسم) ہلاک ہونیوالا۔ مُهْلِكٌ بدکار عورت ایسی نازک خرام لچکدار چال سے چلنے والی گویا زمین پر گری پڑتی ہے۔ ہلاکت پانچ معانی کے لئے قرآن میں مستعمل ہے۔

۱۔ ایک چیز کسی کے پاس سے جاتی رہنا اور دوسرے کے پاس ہونا جیسے ہَلَكَ عَنِّيْ سُلْطَانِيَ میری حکومت جاتی رہی میرا اقتدار زائل ہوگیا۔

۲۔ بگاڑ۔ اجاڑ جیسے هَلَكَ الطعام کھانا

Presented by Ziaraat.Com

بگڑ گیا۔ یُہْلِکُ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ وہ کھیتی اور مویشی کو اجاڑتا ہے، تباہ کرتا ہے ۲ موت جیسے اِنِ امْرُؤٌ ہَلَکَ اگر کوئی آدمی مر جائے۔ عموماً بری قابلِ مذمت موت کے لئے قرآن نے لفظِ ہلاکت استعمال کیا ہے صرف دو جگہ معمولی مر جانے کو بھی ہلاکت کہا ہے ایک اسی مذکورہ آیت میں اور دوسری جگہ آیت حَتّٰی اِذَا ھَلَکَ قُلْتُمْ الخ ہیں ۳ بالکل معدوم ہو جانا، فنا ہو جانا جیسے کُلُّ شَیْءٍ ہَالِکٌ ہر چیز فانی ہے ۵ عذاب مہاجنی دشمنوں کے خوف میں مبتلا کرنا عام بربادی تباہی یہ ہی سب سے بڑی ہلاکت ہے رسول اللہ نے ارشاد فرمایا لَا شَرَّ کَشَرٍّ بَعْدَہُ النَّارُ اس شر کی برابر کوئی شر نہیں جس کے بعد دوزخ میں جانا پڑے۔

مُہْلِکُوْا: اسم فاعل جمع مذکر مرفوع مضاف اِہْلَاکٌ مصدر، ہلاک کرنے والے۔ اصل میں مُہْلِکُوْنَ تھا اضافت کی وجہ سے نون کو ساقط کر دیا گیا۔ ۱۵/۶ ۲۰/۱۶

مُہْلِکُہُمْ: اسم فاعل واحد مذکر مضاف ھُمْ ضمیر مضاف الیہ، ان کو ہلاک کرنیوالا۔ ۹/۱۱

مُہْلِکِہِمْ: مصدر میمی مضاف ھِمْ ضمیر جمع مضاف الیہ، ان کا ہلاک ہونا ۱۵/۲۰۔

مُہْلِکِیْ: اسم فاعل واحد مذکر مضاف ی ضمیر واحد متکلم مضاف الیہ، مجھے ہلاک کرنیوالا۔ ۲۰/۹

اَلْمُہْلَکِیْنَ: اسم مفعول جمع مذکر مجرور اِہْلَاکٌ مصدر، ہلاک کئے ہوئے ۱۵/۳

مَہِّلْ: واحد مذکر امر حاضر تَمْہِیْلٌ مصدر باب تفعیل، مہلت دے۔ ۲۹/۱۳ ۳۰/۱۱۔

مَہْمَا: اسم ہے (اکثر علماءِ لغت) سہیلی نے کہا مہما حرف بھی ہوتا ہے۔

بعض لوگ کہتے مہما مرکب ہے مَہ اور ماشرطیہ سے یا ماشرطیہ اور ما زائدہ سے لیکن ابنِ ہشام صاحبِ مغنی اللبیب نے کہا کہ مہما کا بسیط ہونا حق ہے۔

مہما زمان اور شرط پر دلالت کرتا ہے اسلئے فعل شرط کا ظرف ہوتا ہے (ابنِ مالک) گویا مَتٰی کے معنی میں ہوتا ہے، حاتم کہتا ہے ایک شاعر کا شعر ہے ؎

وَاِنَّکَ مَہْمَا تُعْطِ بَطْنَکَ سُؤْلَہٗ
وَفَرْجَکَ نَالَا مُنْتَہَی الذَّمِّ اَجْمَعَا

جب تو اپنے پیٹ کو اسکی خواہش اور شرمگاہ کو اسکی خواہش دیدیگا تو دونوں پوری پوری

Presented by Ziaraat.Com

آخری برائی پالیں گے۔ اس شعر میں مہما کا معنی مٹی ہے۔

زمخشری نے اس کا سخت انکار کیا ہے مہما کبھی استفہام کے لئے بھی آتا ہے (ذکرہ جماعۃ منہم ابن مالک) قرآنِ مجید میں مستعمل نہیں۔

۹۔ زمخشری نے اس آیت کی تشریح میں لکھا ہے کہ بہٖ کی مذکر ضمیر لفظ کی رعایت سے اور بہا کی مؤنث ضمیر معنی کے لحاظ سے لائی گئی ہے (کشاف)

مَهِيلًا : اسم مفعول واحد مذکر، هَيْلٌ مصدر باب ضرب، ریگ رواں۔ ریگ سیال اصل میں مَهْيُولٌ تھا۔ ۲۹/۱۳۔

هَيْلٌ اور هَيَالٌ جھڑ کر گرنیوالی مٹی اور ریت۔ هَيُولیٰ رو ئی، عالم کا تخلیقی مادہ مَهِيلٌ، ریگ رواں هَيْلٌ مصدر (ضرب) بغیر تول ناپ کے آٹے کو ڈھیر میں ڈالنا۔ إِهَالَةٌ (افعال) مٹی یا ریت کو پاٹنا۔ تَهَيُّلٌ (تفعل) ریت جھڑنا بصورت سیلاب جاری ہونا۔

اَلْمُهَيْمِنُ : اسم فاعل واحد مذکر مرفوع هَيْمَنَةٌ مصدر۔ نگراں۔ مشاہد۔ اللہ کا اسم صفتی ہے۔ ۲۸/۶۔

مُهَيْمِنًا : اسم فاعل واحد مذکر منصوب نگراں۔ مشاہد ۶/۱۱

مَهِيْنٌ : اسم مفعول مرفوع، اصل میں مَهْيُونٌ تھا هُوْنٌ مصدر باب نصر، بے عزت۔ ۲۵/۱۱۔

مَهِيْنٍ : اسم مفعول مجرور اصل میں مَهْيُونٌ تھا۔ هُوْنٌ مصدر، باب نصر ۲۱/۱۴ ۲۹/۲۱ حقیر ۲۹/۳ ذلیل (دیکھو مُهَانًا)

مُهِيْنٌ : اسم فاعل واحد مذکر مرفوع، إِهَانَةٌ مصدر باب افعال۔ ذلیل کرنیوالا ۱/۱۱ ۹/۴۰ ۱۳/۴ ۱۷/۱۴ ۲۱/۱۰ ۲۲/۸ ۲۵/۱۵ و ۱۷ ۲۸/۱ و ۳۔

مُهِيْنًا : اسم فاعل واحد مذکر منصوب، إِهَانَةٌ مصدر، ذلیل کرنیوالا۔ ۵/۱۲ و ۲۳ ۶/۱ ۲۲/۴ (دیکھو مُنَاتًا)

اَلْمَيِّتِ : اسم صفت معرفہ منصوب و مجرور، موتٌ مادہ، باب نصر، بے جان ۳/۱۱ ۷/۱۸ ۱۱/۹ ۲۱/۵۔

مَيِّتٍ : اسم صفت مجرور نکرہ ۸/۱۴ ۲۲/۴ خشک زمین ۱۳/۱۵ مرنے والا، مردہ۔

مَيْتًا : اسم صفت منصوب نکرہ ۱۹/۳ ۲۵/۷

۲۶/۱۵ خشک زمین۔ ۲۶/۱۴ مردہ، بے حس ۸/۲ مردہ عقل۔ مردہ روح یعنی کافر۔

مَیِّتٌ: اسم صفت مرفوع نکرہ ۲۳/۱۷ مرنیوالا (عام مفسرین) بعض لوگوں کا قول ہے کہ اس جگہ میت سے وہ مراد نہیں جسکی روح اور بدن کا تعلق منقطع ہوجاتا ہے بلکہ تدریجی تحلیل جسمانی اور ہر وقت کا بدنی گھلاؤ اور عمر کا گھٹاؤ مراد ہے یعنی تحلیل جسمانی آپ کی بھی ہر وقت ہوتی رہے گی آپ بھی اس سے مستثنیٰ نہیں ہیں، ایک شاعر کہتا ہے ع یَمُوْتُ جُزْءًا فَجُزْءًا آدمی ایک ایک جزء ہوکر مرتا ہے یعنی ہر وقت تدریجی موت آتی رہتی ہے (المفردات) یہ قول سیاق قرآنی کے خلاف ہے۔

اَلْمَیْتَۃُ: ۲/۵ ۱۴/۲۱ مردار جسکو شریعت نے کھانے کے قابل نہیں دیا۔

اَلْمَیْتَۃُ: ۶/۵ مردار، ۲۳/۲ خشک زمین۔

مَیْتَۃً: ۸/۳ مردہ ۸/۵ مردار۔

مَیِّتِیْنَ: اسم صفت جمع مذکر مجرور مَیِّتٌ واحد ۲۳/۶ مرنے والے (المیت سے مَیِّتِیْنَ تک تنقیح کے لئے دیکھو لمات)

مِیْثَاقَ: اسم منصوب مضاف عہد پیمان۔ ب ۱/۱۰ ب ۳/۱۷ ب ۴/۱۰ ۶/۱۴ (دیکھو موثقتہم) (مذکورۂ بالا پانچوں آیات میں مفعول کی طرف اضافت ہے یعنی لیا ہوا پختہ عہد)

مِیْثَاقُ: اسم مضاف معرفہ مرفوع ۹/۱۱ مفعول کی طرف اضافت ہے یعنی کتاب کے متعلق لیا ہوا عہد۔

مِیْثَاقٌ: اسم نکرہ مرفوع ۹/۱۰ ب ۱۰/۶ معاہدہ

مِیْثَاقًا: اسم نکرہ منصوب عہد ۴/۱۴ ۶/۲ ۲۱/۱۷

اَلْمِیْثَاقَ: اسم منصوب معرف باللام ۱۳/۹ عہد

مِیْثَاقَکُمْ: اسم منصوب مضاف کُمْ ضمیر جمع مضاف الیہ (قائم مقام مفعول) تمہارا عہد یعنی تم سے عہد ۸/۱۰ ب ۱/۱۱ ۲۷/۱۷۔

مِیْثَاقَہٗ: اسم منصوب مضاف ہٗ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ (قائم مقام فاعل) اس کا عہد یعنی اس کا لیا ہوا عہد۔ ۶/۶۔

مِیْثَاقِہٖ: اسم مصدر مجرور مضاف ہٖ ضمیر واحد مذکر غائب مضاف الیہ (قائم مقام مفعول) اسکی مضبوطی اور پختگی یعنی اس کو مضبوط کرنے اور پختہ کرنے کے (بعد) ب ۱/۳ ۱۳/۹۔

مِیْثَاقَہُمْ: اسم منصوب مضاف ھُمْ ضمیر مضاف الیہ (قائم مقام فاعل) ان کے

عہد کو یعنی الٰہی طرف سے کئے ہوئے وعدہ کو ۲/۱۷ ۲/۲۱ (میثاق کی تنقیح کے لئے دیکھو مؤتمم)

مِیْرَاثُ : مصدر مرفوع مضاف، باب ضرب، ملکیت (یعنی حقیقی) ۴/۹ ۲/۱۷۔

وراثت اور ارث اور تراث مصدر ہیں باب ضرب، اور اثٌ اور ارثٌ کا اصل معنی ہے بغیر بیع و شراء اور ہبہ وغیرہ کے کسی کی طرف سے کسی مالی ملکیت کا دوسرے کی جانب منتقل ہونا۔ اسی مناسبت سے میت کے متروکہ مال کو جو میت کے بعد اس کے اقرباء کے پاس منتقل ہو کر آتا ہے میراث کہا جاتا ہے لیکن معنی کے علاوہ دو معنی اور بھی ہیں جن کے لئے وراثت کے مختلف صیغے استعمال کئے گئے ہیں۔

۱۔ بلا عوض اور بغیر مشقت کسی چیز کا مالک ہو جانا جس طرح مومنین صالحین جنت کے وارث ہونگے۔ اس صورت میں ایک کی ملکیت دوسرے کی طرف منتقل نہیں ہوتی بلکہ ابتداءً بلا انتقالِ ملکیت حاصل ہوتی ہے۔

۲۔ علم یا کتاب کا وارث ہونا، اس صورت میں مال کی ملکیت نہیں ہوتی، نہ منقولہ نہ ابتدائی بلکہ ایک کا علم اس کے بعد دوسرے کو منتقل ہے یعنی جو علم یا دستور اسلاف کا تھا اخلاف اس کے حامل ہو جاتے ہیں جیسے اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَاءِ علماء انبیاء کے علم کے حامل ہوتے ہیں۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی سے فرمایا تھا اَنْتَ اَخِیْ وَوَارِثِیْ تم میرے بھائی اور میرے علم کے حامل ہو۔

اَوْرَثْنَا الْکِتَابَ ہم نے کتاب کا حامل (آنیوالی قوموں کو) بنایا۔

اللہ کے وارث ہونے کا معنی ہے مالکِ حقیقی ہونا۔ اللہ سارے عالم کا وارث ہے یعنی مالک حقیقی ہے اور قیامت کے دن اللہ کے وارث ہونے کا مطلب ہے ہر چیز کا ظاہری باطنی صوری اور حقیقی اختیار اللہ کو ہونا اور کسی دوسرے کا کسی طرح مالک نہ ہونا کیونکہ ہر چیز کی ظاہری ملکیت بھی اللہ ہی کی طرف لوٹے گی۔

وَرِثَ عنہ اور وَرِثَہٗ دونوں طرح مستعمل ہے، اِیْرَاثٌ (افعال) تَوْرِیْثٌ وارث بنانا۔ کسی کو ورثہ میں شریک بنانا۔ تَوَارُثٌ (تفاعل) باہم وراثت کی طلب۔

اَلْمِیْزَانُ : اسم مصدر اور اسم آلہ، تول

ترازو، مجازی معنی عدل، انصاف، قانون عدل، ۸/۱۱/۶ تولی۔ وزن کشی ۱۲/۸ وزن کشی یا ترازو ۲۵/۳ ۲۷/۱۹/۱۱ قواعدِ عدل یا تولنا۔

اَلْمِیْزَانِ: مصدر یا اسم، وزن کرنا یا وزن کشی ۲۷/۱۱ (دیکھو الموازین)

اَلْمَیْسِرِ: اسم و مصدر، جُوا اور جُوا کھیلنا یُسرٌ سے جُوا کھیلنے میں آسانی سے مال ہاتھ آجاتا ہے۔ ۲/۱۱ ۷/۲۔

مَیْسَرَةٍ: اسم، آسانی یعنی فراخ حالی اور دولتمندی۔ ۳/۶۔

مَیْسُوْرًا: اسم مفعول واحد مذکر، یُسرٌ سے آسان۔ نرم۔ ۱۵/۳۔

یُسرٌ آسانی، سہولت، عُسرٌ کی ضد یُسرٌ (مصدر باب ضرب) آسان ہونا۔ مَیْسَرَةٌ اور یَسَارٌ فراخی، دولتمندی، یُسریٰ فراخی، سہولت، سہل۔ یَسِیْرٌ آسان۔ مَھْوڑا مَیْسُوْرٌ آسان اور نرم۔ یَسَارٌ یا بقول بعض اہل لغت، یِسَارٌ بایاں ہاتھ، یمین کی ضد۔

تَیَسُّرٌ (تفعل) اور اِسْتِیْسَارٌ (استفعال) آسان ہونا۔ تَیْسِیْرٌ (تفعیل) آسانی کردینا یا سہل بنا دینا۔ (المفردات و قاموس)

اَلْمِیْعَادَ: اسم مصدر منصوب، وعدہ ۳/۹ ۴/۱۱ ۱۳/۱۰ ۲۳/۱۶۔

مِیْعَادُ: ظرفِ زمان مضاف ۲۲/۹ وقتِ وعدہ۔

اَلْمِیْعَادِ: ظرف مجرور ۱۰/۱ وقت وعدہ (دیکھو مَوْعِدَةٍ)

مِیْقَاتُ: ظرفِ زمان مرفوع مضاف۔ مقرر وقت۔ ۹/۴

مِیْقَاتِ: ظرفِ زمان مجرور مضاف، مقرر وقت۔ ۱۹/۷ ۲۷/۱۵۔

مِیْقَاتًا: ظرفِ زمان منصوب نکرہ، مقرر وقت ۳/۱

مِیْقَاتِنَا: ظرف مجرور مضاف نا ضمیر متکلم مضاف الیہ، ہمارے مقرر وقت (پر) ۹/۹/۷۔

مِیْقَاتُھُمْ: ظرف مرفوع مضاف ھُمْ ضمیر مضاف الیہ، ان کا مقرر وقت، ۲۵/۱۵ (دیکھو

مِیْکَالَ: مشہور فرشتہ کا نام اصلاً یہ لفظ عبرانی ہے، میکائل اور میکائیل بھی مستعمل ہے ۱/۱۲۔

اَلْمَیْلِ: اسم اور مصدر مجرور، باب ضرب جھکاؤ اور جھکنا۔ جھک پڑنا۔ ۵/۱۶۔

مَیْلًا: مصدر منصوب نکرہ۔ مڑ جانا۔

Presented by Ziaraat.Com

حق سے ہٹ جانا۔ ۵/۲۔

مَیلۃٌ: مصدر منصوب، یکبارگی جھک پڑنا یعنی حملہ کرنا۔ ۵/۱۲

اصلاً مَیلٌ جَور کا ہم معنی ہے یعنی حدِ اعتدال اور راستی سے ادھر ادھر مڑ جانا، جھک جانا۔ جسم میں اگر تخلیقی کجی اور جھکاؤ ہو تو اسکو مَیلٌ کہتے ہیں اور عارضی یا بناوٹی جھکاؤ اور لچک ہو تو مَیل کہا جائے گا۔

میل کے بعد اگر عَلیٰ ہو تو حملہ کر دینے کا معنی ہوتا ہے جیسے مَالَ عَلَیہِ اس پر حملہ کر دیا اور عَن ہو تو اعراض کا مفہوم ہوتا ہے جیسے مَالَ عَنہُ اسکی طرف سے مڑ گیا، اعراض کیا اور اِلیٰ ہو تو رغبت کرنا مراد ہوتا ہے جیسے مَالَ اِلَیہِ اسکی طرف رغبت کی بہر حال جھکاؤ کا مفہوم تمام استعمالوں میں مشترک ہے، مال کو بھی مال اسی لئے کہتے ہیں کہ ہر وقت اس میں میلان اور جھکاؤ رہتا ہے کبھی کسی کی طرف سے کبھی کسی کی طرف کو ایک سے اعراض، دوسرے کی طرف رخ، ایک جگہ استقرار نہیں ہوتا (المفردات مع بعض زیادۃ)

مَیلٌ: سرمہ کی سلائی، راستہ کے کنارے مقدار مسافت بتانے والا نشان، حدِ نگاہ تک زمین کی مسافت۔

مَیلَۃٌ: وقت، زمانہ، **مَائِلَاتٌ**: لچکدار چال سے چلنے والی عورتیں، بدکار عورتیں۔ **اَمْیَلُ**: پیدائشی بانکا۔ **مَیلٌ، مُمَیِّلٌ، تَمَیُّلٌ، مَیَلَانٌ، مَیْلُوْلَۃٌ**: سب مصادر ہیں (باب ضرب) پھر جانا۔ پھیر دینا۔ جھکنا۔ جھکانا۔ **مَیَّلٌ** (مصدر باب سمع) پیدائشی ٹیڑھا ہونا۔

مُمَیِّلَاتٌ: لچکدار چال سے چلنے والی دلکش عورتیں۔ **اِمَالَۃٌ** (افعال) جھکانا۔ پھیر دینا۔ موڑ دینا۔ **تَمْیِیلٌ**: جھکانا۔ پھیرنا۔ شکایت کرنا۔ **تَمَایُلٌ** (تفاعل) لچکدار چال سے چلنا۔ **اِسْتِمَالَۃٌ** (استفعال) مائل ہونا نیکی سے کسی کو اپنی طرف مائل کر دینا۔

(قاموس و تاج)

اَلْمَیْمَنَۃِ: **مَیْمَنَۃٌ**: سیدھا ہاتھ، دائیں سمت۔ اصحاب المیمنہ سے مراد دائیں سمت والے یعنی اہلِ سعادت (راغب)

۲۷/۱۴ ۳۰/۱۵

عرب الٹے ہاتھ کو شُؤمیٰ یعنی منحوس

Presented by Ziaraat.Com

قرار دیتے تھے اور سیدھے ہاتھ کو مبارک اس لئے دائیں سمت والوں سے مراد ہوئے اہلِ سعادت بعض لوگوں کا قول ہے کہ میدانِ قیامت میں دوزخ بائیں جانب واقع ہوگی اور جنت سیدھی طرف، اس لئے اصحاب المشأمۃ سے مراد دوزخی اور اصحاب المیمنہ سے مراد جنتی ہیں۔

ابن عباس نے فرمایا نسلِ آدم کو جب اللہ نے انکی پشت سے نکالا تو کچھ لوگ حضرتِ آدم کی دائیں طرف اور کچھ بائیں طرف نمودار ہوئے سیدھی طرف والے جنتی اور الٹی طرف والے دوزخی قرار دیئے گئے، اصحابِ میمنہ و مشأمہ سے وہی لوگ مراد ہیں۔

ضحاک نے کہا جن کے سیدھے ہاتھوں میں اعمال نامے دیئے جائیں گے وہ اصحاب المیمنہ ہیں اور جن کے الٹے ہاتھوں میں اعمالنامے دیئے جائیں گے وہ اصحاب المشأمہ ہیں۔ (بغوی)

اصحاب المیمنہ اور اصحاب المشأمہ کہنے کی توجیہ میں اگرچہ اختلاف ہے لیکن تمام مختلف اقوال کا حاصل ایک ہی ہے کہ اصحاب المیمنہ اہلِ سعادت اور اصحاب المشأمۃ اہلِ شقاوت ہوں گے اس لئے امام راغب کی تشریح سب کو حاوی ہے۔

یمین کا اصل معنی سیدھا ہاتھ ہے اس کے بعد سیدھے رُخ کو یمین کہنے لگے پھر ہر خیر و سعادت یمین سے مراد لی جانے لگی پھر وسیلۂ سعادت پر اس کا اطلاق ہونے لگا۔ حدیث میں آیا ہے اَلْحَجَرُ الْاَسْوَدُ یَمِیْنُ اللّٰہِ سنگِ اسود اللہ کے قرب حاصل کرنے کا ذریعہ اور حصولِ سعادت کا وسیلہ ہے۔

اور چونکہ معاہدہ عموماً سیدھے ہاتھ پر سیدھا ہاتھ مار کر کیا جاتا ہے اور قول و قرار کا یہی طریقہ بکثرت اقوامِ عالم میں جاری ہے اس لئے یمین کا معنی قسم عہد اور حلف ہو گیا اور مَوَالِی الْیَمِین معاہد کو کہنے لگے اور عام طور پر خرید و فروخت سیدھے ہاتھ سے ہوتی ہے اس لئے باندی غلام کے مالک ہونے کو مِلْکُ الْیَمِین کہا جانے لگا یا یوں کہا جائے کہ جس طرح رَقَبہ (گردن) اور ناصیہ (پیشانی) سے کنایۃً پوری شخصیت مراد ہوتی ہے اور ملکِ رقبہ یا مالک ناصیہ ہونے سے مراد مکمل ملکیت اور کامل اقتدار ہوتا ہے اسی طرح دائیں ہاتھ سے

بھی مراد پوری شخصیت ہوتی ہے اور دائیں ہاتھ کے مالک ہونے سے مراد غلام یا باندی کا مالک ہونا۔

یَمِیْنٌ سے ہی یُمْنٌ (برکت و سعادت) ماخوذ ہے اور یُمْنٌ سے مَیْمُوْنٌ بنا ہے۔ (مبارک)

تَیَمَّنَ (تفعل) برکت ڈھونڈنا۔ برکت کی طلب۔

تم المجلد الخامس من لغات القرآن بحمد اللہ سبحانہ وتعالیٰ

www.ziaraat.com Sabeele-Sukina

Presented by Ziaraat.Com